قال رسول الله ﷺ: مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

(صحيح البخاري ١٦/١ رقم: ٧١، صحيح مسلم ٣٣٣/١ رقم: ١٠٣٧)

کتاب النوازل

منتخب فتاویٰ

مولانا مفتی محمد سلمان منصورپوری

نائب مفتی واستاذ حدیث جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مرادآباد

ترتیب وتحقیق

مفتی محمد ابراہیم قاسمی غازی آبادی

دارالاشاعت

اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان

Marfat.com

Marfat.com

قال رسول اللہ ﷺ: مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

(صحيح البخاري ١٦/١ رقم: ٧١، صحيح مسلم ٣٣٣/١ رقم: ١٠٣٧)

كتاب النوازل

جلد رابع عشر

احکام مدارس و مقابر، صید و ذبائح وغیرہ

منتخب فتاویٰ: مولانا مفتی محمد سلمان منصورپوری

نائب مفتی واستاذ حدیث جامعہ قاسمیہ مدرسہ شاہی مرادآباد

ترتیب وتحقیق: مفتی محمد ابراہیم قاسمی غازی آبادی

دار الاشاعت

اردو بازار ○ ایم اے جناح روڈ ○ کراچی پاکستان

Marfat.com

الحمدللہ پاکستان میں حضرت مرتب مدظلہم کی اجازت سے طبع شدہ

تنبیہ: یہ کتاب مرتب کی اجازت کے بغیر ہرگز شائع نہ کی جائے۔

297.35
س 89 ک
143965
۱۴۳۹۰۵ جلد۱۴

باہتمام : خلیل اشرف عثمانی

طباعت : جون ۲۰۱۶ء

صفحات : 696 جلد (14)

ملنے کے پتے ....

ادارۃ المعارف جامعہ دارالعلوم کراچی

مکتبہ معارف القرآن جامعہ دارالعلوم کراچی

بیت القرآن اردو بازار کراچی

بیت القلم اردو بازار کراچی

ادارۂ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی و (مال روڈ) لاہور واردو بازار کراچی

مکتبہ سید احمد شہیدؒ اردو بازار لاہور

مکتبہ اسلامیہ امین پور بازار۔ فیصل آباد

کتب خانہ رشیدیہ۔ مدینہ مارکیٹ راجہ بازار راولپنڈی

انگلینڈ میں ملنے کے پتے

AZHAR ACADEMY LTD.
54-68 LITTLE ILFORD LANE
MANOR PARK, LONDON E12 5QA

ISLAMIC BOOKS CENTRE
119-121, HALLI WELL ROAD
BOLTON BL 3NE, U.K.

امریکہ میں ملنے کے پتے

MADRASAH ISLAMIAH BOOK STORE
6665 BINTLIFF, HOUSTON,
TX-77074, U.S.A.

DARUL-ULOOM AL-MADANIA
182 SOBIESKI STREET,
BUFFALO, NY 14212, U.S.A

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مسائل کی پوچھ تاچھ

قَالَ اللّٰہُ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی:

فَسْئَلُوْآ أَهْلَ الذِّكْرِ إِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ○

[الأنبیآء: ۷]

ترجمہ: پس پوچھ لو جانکار لوگوں سے اگر تم نہ جانتے ہو۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ:

إِنَّمَا شِفَاءُ الْعِيِّ السُّوَالُ.

(سنن أبي داؤد ۱/ ٤٩ رقم: ۳۳٦، سنن ابن ماجة ۱/ ٤۳ قم: ٥۷۲)

ترجمہ: عاجز (ناواقف) شخص کے لئے اطمینانِ قلب کا ذریعہ (معتبر اور جانکار لوگوں سے مسئلہ کے بارے میں) سوال کر لینا ہے۔

Marfat.com

اجمالی فہرست

اَحکام مدارس

- ☐ مدرسہ کا اہتمام اور شوریٰ ---------- ۳۶-۵۵
- ☐ مدرسہ کے قوانین وضوابط ---------- ۵۶-۸۴
- ☐ مدرسہ کا تعلیمی نظام ---------- ۸۵-۹۶
- ☐ اَیڈڈ مدارس کے شرعی اَحکام ---------- ۹۷-۱۰۹
- ☐ مدرسین کی تنخواہ اور تعطیلات کے ضابطے ---------- ۱۱۰-۱۳۹
- ☐ سفراء اور چندہ کے اَحکام ---------- ۱۴۰-۱۸۷
- ☐ مدرسہ کی آمدنی اور مصارف ---------- ۱۸۸-۲۱۰
- ☐ مدرسہ میں حرام، مشتبہ اور سرکاری مال سے اِمداد کرنا ---------- ۲۱۱-۲۲۳
- ☐ مدرسہ ومسجد کے مصارف کو باہم استعمال کرنا ---------- ۲۲۴-۲۳۹
- ☐ مدرسۃ البنات اور اُس کے شرعی اَحکام ---------- ۲۴۰-۲۸۶

اَحکام المقابر

- ☐ قبرستان کے آداب ---------- ۲۸۸-۳۱۱
- ☐ قبرستان کو مسجد، مدرسہ یا عیدگاہ میں تبدیل کرنا ---------- ۳۱۲-۳۲۸
- ☐ قبرستان کو دیگر مصارف میں اِستعمال کرنا ---------- ۳۲۹-۳۵۴
- ☐ قبرستان کی آمدنی کے مصارف ---------- ۳۵۵-۳۷۰
- ☐ متفرقات ---------- ۳۷۱-۳۸۲

Marfat.com

کتاب الصید والذبائح

□ شکار کرنے کے شرعی اَحکام ---------- ۳۸۴-۳۹۸
□ ماکول اللحم جانور ---------- ۳۹۹-۴۲۳
□ حلال جانوروں کے حرام اَجزاء ---------- ۴۲۴-۴۳۳
□ غیر ماکول اللحم جانور ---------- ۴۳۴-۴۴۵
□ موذی جانور مارنا ---------- ۴۴۶-۴۵۱
□ ذبح کے مسائل ---------- ۴۵۲-۴۷۹
□ غیر اللہ کی نسبت پر جانور ذبح کرنا ---------- ۴۸۰-۴۸۶

کتاب الاضحیۃ

□ قربانی سے متعلق مسائل ---------- ۴۸۸-۵۱۱
□ نفلی قربانی ---------- ۵۱۲-۵۲۴
□ قربانی کے حصے ---------- ۵۲۵-۵۴۲
□ قربانی کا وقت ---------- ۵۴۳-۵۵۷
□ قربانی کے اَیام ---------- ۵۵۸-۵۸۷
□ تکبیرِ تشریق ---------- ۵۸۸-۵۹۸
□ چرمِ قربانی اور پیسہ کے مصارف ---------- ۵۹۹-۶۲۹
□ قربانی کے گوشت کے مصارف ---------- ۶۳۰-۶۴۰
□ قربانی کے جانور ---------- ۶۴۱-۶۶۴
□ قربانی کے جانوروں کے عیوب ---------- ۶۶۵-۶۶۸
□ قربانی کے جانور میں نذر و نیاز کا حکم ---------- ۶۶۹-۶۷۱
□ عقیقہ کے مسائل ---------- ۶۷۲-

Marfat.com

تفصیلی فہرست

اَحکام المدارس

مدرسہ کا اہتمام اور شوریٰ ٣٦

○ مدرسہ کے مہتمم کی کیا کیا ذمہ داریاں ہیں؟ ---------- ٣٦

○ مدرسہ کے مہتمم اور اَساتذہ کا باہم اعتماد، نرمی اور اَمانت داری سے چلنا ضروری ہے؟ --- ٣٧

○ مدرسہ کے اہتمام وانتظام میں پابند شرع کو مقدم کرنا؟ ---------- ٣٨

○ مدرسہ کا نظم چلانے والے عالم دین کے لئے حساب صاف رکھنا ضروری ہے ------- ٤٠

○ خیانت کرنے والے ناظم کے ساتھ عوام کیا سلوک کرے؟ ---------- ٤١

○ صحیح حساب نہ دینے والے منتظم کو مدرسہ سے نکالنا؟ ---------- ٤٢

○ رسیدیں غصب کرنے والے کو مدرسہ کا ذمہ دار بنانا کیسا ہے؟ ---------- ٤٢

○ دوسرے کو واقف کی رضامندی کے بغیر مدرسہ کا مشرف بنا دیا؟ ---------- ٤٣

○ شوریٰ کی شرعی حیثیت ---------- ٤٤

○ کیا اَراکینِ شوریٰ صدر وسکریٹری کو معزول کر سکتے ہیں؟ ---------- ٤٥

○ مہتمم مدرسہ کا کمیٹی اور شوریٰ کے بغیر مدرسین کی تنخواہ بڑھا ؟ ---------- ٤٧

○ مہتمم اور کمیٹی کے مشورہ کے بغیر مدرسین کا اَز خود تنخواہ بڑھانا؟ ---------- ٤٧

○ ممبرانِ شوریٰ کی عدمِ موجودگی میں مہتمم یا کسی ایک رکن کا تجویز پاس کرنا؟ ---------- ٤٨

○ اہلِ مدرسہ کا مدرس سے ہر ماہ سہ روزہ جماعت میں جانے کی شرط لگانا؟ ---------- ٤٩

Marfat.com

○ کیا مہتمم مدرس کو عام راستہ پر ڈانٹ سکتا ہے؟ ---------- ۵۰
○ مہتمم کا تعلیم میں کوتاہی کو دیکھ کر مدرس کا اخراج کرنا؟ ---------- ۵۰
○ مدرسہ کے مہتمم کا مدرسہ کے مکان میں بغیر کرایہ کے رہنا؟ ---------- ۵۱
○ مہتمم کیلئے مدرسہ میں دفن ہونے کی وصیت کرنا کیسا ہے؟ ---------- ۵۲
○ مدرسہ کے صحن میں مہتمم مدرسہ کی تدفین؟ ---------- ۵۴

مدرسہ کے قوانین وضوابط ۵۶

○ تنخواہ دار مدرس وملازم کا مدرسہ کا کھانا کھانا؟ ---------- ۵۶
○ مدرسہ کے اساتذہ کا بلا قیمت مدرسہ کا کھانا کھانا؟ ---------- ۵۷
○ مدرسین کے لئے مخصوص کھانا بنانا؟ ---------- ۵۸
○ مدرسہ کا کھانا مہتمم کے گھر اور گھر کا کھانا مدرسہ کے تنور پر پکانا؟ ---------- ۵۹
○ نابینا اُستاذ کا طلبہ سے خدمت لینا؟ ---------- ۶۰
○ طالبِ علم سے سالانہ پیشگی فیس مکمل وصول کرنا؟ ---------- ۶۱
○ طلبہ سے اَیامِ تعطیل کی فیس لینا؟ ---------- ۶۲
○ طلبہ سے کھانے کی فیس جمع کر کے دسترخوان پر کھانے کا پابند بنانا؟ ---------- ۶۳
○ غیر حاضری کرنے پر طلبہ کا کھانا بند کرنا؟ ---------- ۶۴
○ طلبہ سے غیر حاضری پر جرمانہ (فائن) لینا؟ ---------- ۶۵
○ اِسٹوڈینٹ کی عدمِ موجودگی میں ٹیچر کا حاضری لگانا؟ ---------- ۶۵
○ کتب خانہ کی کتاب گم ہونے پر ڈبل قیمت وصول کرنا؟ ---------- ۶۶
○ دوسرے مدرسہ میں داخلہ لینے کی وجہ سے طلبہ کا اِخراج کرانا؟ ---------- ۶۸
○ مدرس کی پٹائی سے بیمار ہونے والے طالبِ علم کا علاج کس کے ذمہ ہے؟ ---------- ۶۸
○ طلبہ پر پیسہ خرچ کرنے کے عوض طلبہ کے گیس چولہے کو اپنا بتانا؟ ---------- ۷۰

Marfat.com

○ مدرسہ میں جمعرات کی شام سے جمعہ کی شام تک نگرانی کیلئے اَساتذہ کی باری لگانا؟ ---- ۷۱

○ مدرس کا نظامِ مدرسہ کے خلاف عمل کرنا؟ ---------- ۷۲

○ مدارس میں مغرب کے بعد سورۂ واقعہ کی تلاوت کے بعد اجتماعی دعاء کا اہتمام ------- ۷۳

○ قومی ترنگا جھنڈا لہرانا؟ ---------- ۷۴

○ ۲۶ر جنوری یا ۱۵ر اگست کو مدرسہ میں ترنگا جھنڈا لہرانا؟ ---------- ۷۵

○ یوم آزادی کے جلسہ میں چندہ کر کے شیرینی تقسیم کرنا؟ ---------- ۷۵

○ ۲۶ر جنوری اور ۱۵ر اگست کو مدارسِ اسلامیہ میں چھٹی کرنا کیسا ہے؟ ---------- ۷۶

○ ۱۵ر اگست پر جھنڈا لہرنا اور راشٹریہ گیت گانا کیسا ہے؟ ---------- ۷۶

○ مدرسہ کے سالانہ جلسہ کی شرائط؟ ---------- ۷۷

○ اہلِ مدارس کا فجر تک یا رات دیر تک جلسہ کرنا؟ ---------- ۸۰

○ رات کے جلسوں میں عورتوں کا شرکت کرنا؟ ---------- ۸۱

○ دینی جلسوں میں مرد و عورتوں کا مخلوط ہو کر شرکت کرنا؟ ---------- ۸۲

مدرسہ کا تعلیمی نظام

۸۵

○ دینی مدارس اور دنیوی اِداروں کے اَغراض و مقاصد ---------- ۸۵

○ مدرسہ اور مکتب میں فرق؟ ---------- ۸۷

○ اِسلامی مدرسہ کو اِنگلش اسکول سے بدلنا؟ ---------- ۸۸

○ مدرسہ میں دنیوی علوم پڑھانا؟ ---------- ۹۰

○ ایک عمارت میں صبح کو مدرسہ اور شام کو اسکول چلانا؟ ---------- ۹۱

○ عوامی چندہ پر چلنے والے دینی اِدارہ کو جونیئر ہائی اسکول میں تبدیل کرنا؟ ---------- ۹۱

○ اہلِ حدیث اور غیر مقلدین کو قرأت پڑھانا اور سند دینا؟ ---------- ۹۳

○ غیر مسلم طلبہ کو مدرسہ میں اُردو پڑھانا؟ ---------- ۹۴

Marfat.com

اَیڈڈ مدارس کے شرعی اَحکام ۹۶

○ مدارسِ اسلامیہ کو سرکاری اِمداد لینا؟ ---------- ۹۶
○ پرائمری مدرسہ کو الٰہ آباد بورڈ سے اَیڈ ڈکرانا؟ ---------- ۹۷
○ محض کاغذی خانہ پوری کر کے سرکاری اِمدادی مدارس کا اِمداد وصول کرنا؟ ---------- ۹۸
○ حکومت سے منسلک دینی درس گاہوں میں تعلیم دینا؟ ---------- ۹۹
○ اَیڈڈ مدارس میں ملازمت کرنا؟ ---------- ۱۰۰
○ اَیڈڈ مدرسہ میں سرکاری قانون کے خلاف جھوٹ بول کر کسی کا تقرر کرنا؟ ---------- ۱۰۲
○ اَیڈڈ مدارس کا رشوت لے کر اُستاذ کا تقرر کرنا؟ ---------- ۱۰۴
○ فرضی خانہ پوری کر کے سرکاری تنخواہ حاصل کرنا؟ ---------- ۱۰۵
○ اَیڈڈ مدرسہ کا اَساتذہ کی تنخواہ میں اپنی طرف سے کمی کرنا؟ ---------- ۱۰۶
○ مدرسہ بورڈ کے پہلو سے اُبھرتے ہوئے کچھ سوالات ---------- ۱۰۸
○ سرکار کی طرف سے مدارسِ دینیہ کے طلبہ کو ملنے والے وظائف کا حکم؟ ---------- ۱۱۳
○ طلبہ کی تعداد زیادہ بتا کر سرکار سے زیادہ رقم لینا؟ ---------- ۱۱۳
○ مستحق طلبہ کے نام پر آنے والے سرکاری وظیفہ کو دوسرے مدرسہ کے طلبہ میں تقسیم کرنا؟ -- ۱۱۴
○ طلبہ کے وظیفہ سے مدرسہ کی تعمیر کرنا؟ ---------- ۱۱۵

مدرسین کی تنخواہ اور تعطیلات کے ضابطے ۱۱۷

○ اہلِ مدارس مالیات کا حساب شمسی تاریخ سے رکھیں یا قمری تاریخ سے؟ ---------- ۱۱۷
○ اَیامِ تعطیل کی تنخواہ کا شرعی ضابطہ؟ ---------- ۱۱۸
○ علی گڈھ یونیورسٹی میں ائمہ، مؤذنین اور ملازمین کے لئے تعطیلات کے ضابطے؟ ---- ۱۲۰
○ تعطیلِ کلاں کی تنخواہ کے لئے چندہ کرنے کی شرط لگانا؟ ---------- ۱۲۲
○ رخصتِ کلاں سے ماقبل اور مابعد بیمار ہونے پر رخصتِ کلاں کو سلب کرنا؟ ---------- ۱۲۳

Marfat.com

○ اَیامِ تعطیل میں حاضر رہ کر بعد میں اس حقِ رخصت کو استعمال کرنا؟ ---------- ۱۲۴

○ مدرسہ میں رخصت وضع کرنے کا حق ---------- ۱۲۵

○ مدرس کا بیماری کے اَیام کی تنخواہ لینا؟ ---------- ۱۲۶

○ مدرسہ سے ایامِ حج کی تنخواہ لینا؟ ---------- ۱۲۶

○ حج بدل کو جانے والے مدرس کی تنخواہ مدرسہ پر ہے یا بھیجنے والے پر؟ ---------- ۱۲۷

○ اہلِ مدرسہ کا استاذ کو تصحیح کے لئے بھیجنا اور اُن ایام کی تنخواہ کا حکم ---------- ۱۲۸

○ اُستاذ کا اپنی جگہ دوسرے کو عارضی مدرس بنا کر رخصت پر جانا؟ ---------- ۱۲۹

○ جمعہ کے دن کی تنخواہ کاٹنا؟ ---------- ۱۳۰

○ مہتمم کا مدرسہ سے تنخواہ لینا؟ ---------- ۱۳۰

○ ناظم مدرسہ کا صرف رمضان میں چندہ کر کے تنخواہ لینا؟ ---------- ۱۳۱

○ مدرسہ میں صرف ایک گھنٹہ پڑھا کر پورے مہینہ کی تنخواہ لینا؟ ---------- ۱۳۲

○ تنخواہ دار مفتی کا عاملہ کی مقررہ فیس سے زائد لینا؟ ---------- ۱۳۳

○ مدرسہ سے تنخواہ لے کر مسجد میں پڑھانا؟ ---------- ۱۳۴

○ رمضان میں مستعفی ہونے والے کو مہتمم کا شعبان کی تنخواہ سے محروم کرنا؟ ---------- ۱۳۵

○ پرائمری اسکول میں سرکاری فنڈ کے لئے مدرسین کی تنخواہ کاٹنا؟ ---------- ۱۳۶

○ مدرس کی تنخواہ سے فنڈ کے نام پر رقم وضع کر کے ضرورت پر اُس کے حوالے کرنا؟ ---------- ۱۳۷

○ مدرس کی تنخواہ سے خوراک کی رقم وضع کرنا اور ایصالِ ثواب وصدقہ کا کھانا کھانا؟ ---------- ۱۳۸

○ زکوٰۃ کے مستحق طلبہ سے تملیک کرا کر زکوٰۃ کی رقم تنخواہ میں دینا؟ ---------- ۱۳۹

○ چندہ کی رقم کو تملیک کر کے بطور تنخواہ استعمال کرنا؟ ---------- ۱۴۰

○ کیا مدرسہ سے پنشن دی جاسکتی ہے؟ ---------- ۱۴۲

○ سابق مہتمم اور اُس کے خاندانی افراد کے لئے مدرسہ سے وظیفہ طے کرنا؟ ---------- ۱۴۳

Marfat.com

○ مدرسہ کے اَوقات میں گھر جا کر چاشت کی نماز پڑھنا؟ ---------- ۱۴۴
○ تبلیغی جماعت یا حج پر جانے کیلئے رخصت کے دنوں کی تنخواہ لینا؟ ---------- ۱۴۶

سفراء اور چندہ کے اَحکام ۱۴۷

○ حضور ﷺ اور صحابہ کرام اور اسلاف کے چندہ کا طریقہ ---------- ۱۴۷
○ دینی ضرورت کیلئے چندہ کرنا اور فاسقوں سے میل جول کرنا؟ ---------- ۱۴۸
○ چندہ دہندگان کے ناموں کو مائک پر نشر کرنا اور محلّہ وار جلسے کرنا؟ ---------- ۱۴۹
○ چندہ کے لئے مدرسہ اور طلبہ کا فوٹو تصدیق نامہ پر لگانا؟ ---------- ۱۵۰
○ مدرسہ کا چندہ طلب کرنے کیلئے طلبہ کی تعداد بڑھا چڑھا کر لکھنا؟ ---------- ۱۵۱
○ جھوٹی حاضری لگا کر پورے مہینہ کا وظیفہ لینا؟ ---------- ۱۵۲
○ دوگنا چندہ حاصل کرنے کے لئے جھوٹ بولنا؟ ---------- ۱۵۲
○ مدرسہ کے غلط اَحوال بتا کر زکوٰۃ کا چندہ وصول کرنا؟ ---------- ۱۵۴
○ چوری کے مال سے چندہ لینا؟ ---------- ۱۵۵
○ سودخوروں سے چندہ لے کر اُن کے لئے دعا کرنا؟ ---------- ۱۵۶
○ فرضی نام سے رسید بک چھاپ کر چندہ کرنا؟ ---------- ۱۵۷
○ جعلی رسید بنوا کر مدرسہ کے نام سے چندہ کر کے اپنے استعمال میں لانا؟ ---------- ۱۵۸
○ چھوٹے مدرسہ والوں کا جبراً چندہ وصول کرنا اور پیشگی چرمِ قربانی کی رسید کاٹنا؟ ---------- ۱۵۹
○ فی خریدار کمیشن بڑھانے پر سفیر مقرر کرنا؟ ---------- ۱۶۱
○ کمیشن پر چندہ کرنا؟ ---------- ۱۶۳
○ کل وقتی اور جزوقتی سفراء کا مدرسہ سے کمیشن لینا اور اُن کا حق الخدمت متعین کرنا؟ ---------- ۱۶۵
○ تنخواہ دار ملازم کو فی صد کے اعتبار سے الاؤنس دینا؟ ---------- ۱۶۷
○ مدرسہ کے باتنخواہ ملازم کو بطورِ انعام کمیشن دینا؟ ---------- ۱۶۸

Marfat.com

○ باتنخواہ ملازمین کا دس بیس فی صد کمیشن لینا؟ ---------- ۱۷۱

○ اَنجمنوں کے لئے چندہ کرنے والے طلبہ کا فیصدی لینا؟ ---------- ۱۷۱

○ باتنخواہ ملازمین کی حوصلہ افزائی کیلئے مالیہ فراہمی پر اِنعام دینا؟ ---------- ۱۷۲

○ بلا معاوضہ مدرسے کی فراہمی کا کام کرنے والے کو اہلِ مدرسہ کا کچھ انعام دینا؟ ------ ۱۷۴

○ سالانہ رقوم کی مقدار چند مہینہ میں پوری کرنے پر بقیہ مہینوں کی تنخواہ کا حکم؟ ---------- ۱۷۵

○ سفیر کا صرف مخصوص اَیام میں چندہ کر کے پورے سال کی تنخواہ لینا؟ ---------- ۱۷۶

○ خارجی اَوقات میں چندہ کرنے کی اُجرت؟ ---------- ۱۷۷

○ دورانِ ملازمت دوسرے مدرسہ کا چندہ کرنا؟ ---------- ۱۷۸

○ سفراء کا مدرسہ کے چندہ میں سے پیسہ بچا کر اپنے پاس رکھنا؟ ---------- ۱۷۸

○ مدرسہ کا چندہ کر کے آئندہ ادا کرنے کی نیت سے اپنے استعمال میں لانا؟ ---------- ۱۸۰

○ محصلین کا کئی ماہ کی رُکی ہوئی تنخواہ چندہ میں سے وصول کرنا؟ ---------- ۱۸۲

○ چندہ کی رقومات سے اساتذۂ کرام کے مکانات بنانا؟ ---------- ۱۸۳

○ بندھے نوٹ لا کر دینے کے وعدہ پر چندہ دہندہ کا سفیر سے کھلے پیسے لے کر فرار ہو جانا؟ -- ۱۸۴

○ سفیر کا چندہ وصول کر کے دوسرے مدرسہ یا محلّہ کے غرباء پر خرچ کرنا؟ ---------- ۱۸۵

○ اَمین نے اَمانت کا پیسہ دوسرے مدرسہ کی ضروریات میں صرف کر دیا؟ ---------- ۱۸۶

○ سفیر پر جعل اور خیانت کا الزام لگا کر رسید بک اور پیسہ چھیننا؟ ---------- ۱۸۷

○ اَلیکشن میں اُمیدوار سے مسجد یا مدرسہ کے لئے چندہ لینا؟ ---------- ۱۸۸

○ چندہ کا پیسہ چوری ہو گیا؟ ---------- ۱۸۹

○ چندہ کی رقم سفیر سے ضائع ہو گئی ---------- ۱۹۰

○ جیب سے مدرسے کی رقم چوری ہو گئی ---------- ۱۹۲

○ مدرسہ کا موبائل سفیر سے غائب ہونے پر ضمان واجب ہوگا؟ ---------- ۱۹۳

Marfat.com

مدرسہ کی آمدنی اور مصارف ۱۹۵

○ مدرسہ کی رقومات کو کس طرح خرچ کیا جائے؟ ---------- ۱۹۵
○ مدرسہ کے نام پر وصول کیا ہوا چندہ کس جگہ خرچ کیا جائے؟ ---------- ۱۹۶
○ طلبہ کے نام پر آئی ہوئی رقم کو دوسرے مصرف میں استعمال کرنا؟ ---------- ۱۹۶
○ غیر مصرف میں خرچ کیا ہوا پیسہ مدرسہ کو واپس دلانا کارِ ثواب ہے ---------- ۱۹۷
○ مسجد و مدرسہ کی کسی چیز سے ذاتی فائدہ اٹھانا؟ ---------- ۱۹۸
○ مدرسہ کا پیسہ مدرس کے ذاتی مقدمہ میں خرچ کرنا؟ ---------- ۱۹۹
○ حکومت سے ملی ہوئی رقم کو عمارت اور تنخواہ میں صرف کرنا؟ ---------- ۲۰۰
○ مدرسہ کی آمدنی سے نیچے مارکیٹ اور اوپر مدرسہ قائم کرنا؟ ---------- ۲۰۱
○ چندہ کا پیسہ ناحق کارروائی کو رکوانے میں خرچ کرنا؟ ---------- ۲۰۲
○ مدرسہ کی رقم کو قرضِ حسنہ کہہ کر خرچ کرنا؟ ---------- ۲۰۳
○ مدرسہ کا پیسہ بینک کے کھاتے میں جمع کرنا؟ ---------- ۲۰۴
○ غیر داخل یا خارجی بچوں کے نام پر حکومت سے چاول لینا؟ ---------- ۲۰۵
○ صاحبِ ثروت لوگوں کا مدرسہ والوں سے رقم دینے کا وعدہ کر کے ٹال مٹول کرنا؟ ---- ۲۰۶
○ محاسب کا تحویل سے زائد رقومات کو چندہ کی رسید بنا کر مدرسہ میں جمع کرنا؟ ---------- ۲۰۷
○ مدرسہ کے سرمایہ میں خیانت کرنا اور ناجائز قبضہ جمانا؟ ---------- ۲۰۸
○ اَربابِ مدارس کا صدقہ کا گوشت کم داموں میں فروخت کرنا؟ ---------- ۲۱۵
○ فدیہ کی رقم طلبہ کے درمیان تقسیم کرنے میں اگر مقدار میں کمی بیشی ہو جائے تو کیا حکم ہے؟--- ۲۱۶

مدرسہ میں مشتبہ آمدنی کا مال لگانا ۲۱۸

○ مدرسہ کی جائیداد بینک کو کرایہ پر دے کر آمدنی مدرسہ میں لگانا؟ ---------- ۲۱۸
○ سرکاری پل کے سامان سے ٹھیکے دار کا مدرسہ بنانا؟ ---------- ۲۱۹

Marfat.com

○ مشترکہ تالاب کی نیلامی کی رقم شرکاء کی مرضی کے بغیر مدرسہ میں دینا؟ ---------- ۲۲۰

○ سرکاری اِسکول کے مطبخ سے بچا ہوا کھانا استعمال کرنا؟ ---------- ۲۲۲

○ غیر مسلم کا مدرسہ میں دان کرنا؟ ---------- ۲۲۲

مدرسہ و مسجد کے مصارف کو باہم استعمال کرنا ۲۲۴

○ مدرسہ کا روپیہ مسجد میں لگنے کیلئے معطین کی اِجازت شرط ہے؟ ---------- ۲۲۴

○ مدرسہ کی رقم مسجد میں لگانا؟ ---------- ۲۲۵

○ مسجد کی رقم مدرسہ کی ضرورت میں خرچ کرنا؟ ---------- ۲۲۶

○ مسجد کی رقم مدرسہ میں یا مدرسہ کی مسجد میں بطور قرض دینا؟ ---------- ۲۲۶

○ مسجد کی جگہ مدرسہ اور مدرسہ کی جگہ میں مسجد بنانا؟ ---------- ۲۲۷

○ ایک مدرسہ کی ضرورت سے زائد پیسہ دوسرے مدرسہ کو دینا؟ ---------- ۲۲۸

○ ایک مدرسہ کی اینٹ دوسرے میں لگانا؟ ---------- ۲۲۹

○ مدرسہ کے موٹر کا پانی محلّہ کی مسجد میں صرف کرنا ---------- ۲۳۰

○ مدرسہ کے جنریٹر کا کنکشن محلّہ کی مسجد میں دینا ---------- ۲۳۰

○ مدرسہ کا ۵/ ہزار کا درخت ۱۰۰/ روپئے میں فروخت کر کے آمدنی مسجد میں استعمال کرنا؟ -- ۲۳۱

○ مسجد کی ضرورت کے پیشِ نظر مدرسہ کے لئے خرید کردہ حصہ مسجد میں شامل کرنا؟ ----- ۲۳۲

○ مشترکہ جائیداد میں مدرسہ قائم ہوجانے کے بعد ایک شریک کا اُس میں مسجد بنانا؟ --- ۲۳۳

○ نیچے مدرسہ اور اوپر مسجد بنانا؟ ---------- ۲۳۵

○ مدرسہ کا درخت اور زمین مسجد میں استعمال کرنا؟ ---------- ۲۳۶

○ چک بندی میں نئے مدرسہ کے نام پر چھوڑی گئی زمین کو تقسیم کرنا؟ ---------- ۲۳۶

○ مسجد مدرسہ کی ایک کمیٹی اور اُس کا طریقۂ کار؟ ---------- ۲۳۷

Marfat.com

مدرسۃ البنات اور اُس کے شرعی اَحکام ۲۴۰

○ مدرسۃ البنات کی شرائط اور دورِ نبوی میں اُس کا ثبوت؟ ---------- ۲۴۰
○ مدرسۃ البنات کا قائم کرنا کیسا ہے؟ ---------- ۲۴۱
○ مدرسۃ البنات اور نسواں کالج کا حکم؟ ---------- ۲۴۲
○ موجودہ زمانے میں مدارس البنات کا کیا حکم ہے؟ ---------- ۲۴۴
○ اِقامتی جامعات اور اُن کا شرعی حکم ---------- ۲۴۶
○ موجودہ دور میں مدرسۃ البنات میں طریقۂ تدریس کیسا ہو؟ ---------- ۲۴۹
○ مدرسۃ البنات میں دورہ تک کی تعلیم کا نظم ضروری نہیں ہے ---------- ۲۵۰
○ لڑکوں کے مدرسہ میں مستورات کو معلّمہ بنانا؟ ---------- ۲۵۱
○ کیا عورتیں لیڈی ڈاکٹر یا معلّمہ بن سکتی ہیں؟ ---------- ۲۵۴
○ مستورات کو فرائض وواجبات کے ساتھ مستحبات کی تعلیم دینا؟ ---------- ۲۵۵
○ کیا عالمہ بننے کے لئے حنفی مسائل سیکھنا کافی ہے؟ ---------- ۲۵۷
○ طالبات کو پردے کے ساتھ پڑھانا، اور دورانِ درس اساتذہ سے سوال وجواب کرنا؟ --- ۲۵۷
○ شرعی پردہ کے ساتھ نامحرم کو دینی تعلیم دینا؟ ---------- ۲۵۹
○ اِسکول کے اَساتذہ کا معلّمات کو دیکھنا اور بات چیت کرنا؟ ---------- ۲۶۰
○ بچیوں کی تعلیم کے لئے مرد استاذ کا نظم؟ ---------- ۲۶۱
○ جوان عورت کا معلم کے سامنے چہرہ کھول کر قرآن پڑھنا؟ ---------- ۲۶۲
○ بالغہ لڑکی کو مرد کا ٹیوشن پڑھانا؟ ---------- ۲۶۳
○ عورت کا نامحرم مرد سے قرآنِ کریم حفظ کرنا؟ ---------- ۲۶۴
○ لڑکیوں کی تعلیم کے لئے عصری اِدارے؟ ---------- ۲۶۵
○ اِسکول کالج کی تعلیم کا حکم ---------- ۲۶۶

Marfat.com

○ کسی دینی مدرسہ کو مخلوط تعلیم کے لئے استعمال کرنا؟ ---------- ۲۶۷

○ کالج اور یونیورسٹیوں میں لڑکے اور لڑکیوں کو مخلوط تعلیم دلانا؟ ---------- ۲۶۸

○ لڑکیوں کا عصری تعلیم کے باہر نکلنا؟ ---------- ۲۷۰

○ بالغ لڑکیوں کا بغیر پردہ کے انگریزی تعلیم حاصل کرنا؟ ---------- ۲۷۹

○ لڑکیوں کا ہائی اسکول کے بعد پردہ میں رہ کر مزید تعلیم حاصل کرنا؟ ---------- ۲۸۰

○ غیر مسلم عورت کو قرآن سکھانا؟ ---------- ۲۸۱

○ لڑکیوں کو دُنیاوی تعلیم کے لئے اِسکول بھیجنا؟ ---------- ۲۸۲

○ غیر مرد کا شادی شدہ جوان لڑکیوں کو بے پردہ پڑھانا؟ ---------- ۲۸۳

○ مخلوط تعلیم والے اسکول کے سکریٹری عہدے سے مستعفی ہونا ---------- ۲۸۴

○ لڑکیوں کے غیر ضروری اِدارہ کو بند کرنا؟ ---------- ۲۸۵

اَحکام المقابر

قبرستان کے آداب

۲۸۸

○ قبرستان میں لہو ولعب اور بے جا تصرف کرنا؟ ---------- ۲۸۸

○ قبرستان میں ننگے بدن گھومنا اور ورزش کرنا؟ ---------- ۲۸۹

○ قبرستان میں جوتے پہن کر جانا؟ ---------- ۲۹۰

○ قبرستان میں جوتے پہن کر چلنے پر "أَنَّهُ يَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ" سے استدلال؟ ---- ۲۹۲

○ قبرستان میں گذرگاہ بنانا؟ ---------- ۲۹۲

○ مملوکہ قبرستان کا کچھ حصہ راستہ بنانے کے لئے دینا؟ ---------- ۲۹۳

○ قبر کھودتے وقت ہاتھ سینکنے کیلئے قبرستان میں آگ جلانا؟ ---------- ۲۹۴

○ قبر کھودنے پر قبرستان میں کھانا کھانا؟ ---------- ۲۹۵

○ قبرستان میں قرآن کھول کر پڑھنا؟ ---------- ۲۹۶

Marfat.com

○ قبرستان میں کاشت کرنا اور قبر کی گھاس کاٹنا؟ ---------- ۲۹۷
○ قبرستان کے درخت اور تر گھاس کاٹنے کی ممانعت کی علت؟ ---------- ۲۹۸
○ عامۃ المسلمین کے قبرستان میں اپنے درخت لگانا؟ ---------- ۳۰۰
○ کتے کو قبر کھودنے سے بچانے کے لئے قبر کی حفاظت کرنا؟ ---------- ۳۰۲
○ گندگی اور جانوروں سے حفاظت کے لئے قبروں کے اِردگرد چھوٹی چہار دیواری بنانا؟ -- ۳۰۲
○ قبرستان کی چہار دیواری کیلئے زکوٰۃ کی رقم استعمال کرنا؟ ---------- ۳۰۴
○ M.L.A فنڈ سے قبرستان کی تعمیر؟ ---------- ۳۰۵
○ نابالغ یتیم کی زمین چھین کر مردے دفن کرنا؟ ---------- ۳۰۶
○ برادری کے صدر پر قبرستان کی چہار دیواری کی مخالفت کا الزام لگانا؟ ---------- ۳۰۶
○ بیری کے باغ میں مالک کی اجازت کے بغیر زبردستی مردے دفن کرنا؟ ---------- ۳۰۹
○ مسجد کے صحن میں آنے والی قدیم قبروں کو مسجد میں شامل کرنا؟ ---------- ۳۱۰

قبرستان کو مسجد، مدرسہ یا عیدگاہ میں تبدیل کرنا ۳۱۲

○ قبرستان میں پنج گانہ نماز ادا کرنے کے لئے مسجدِ شرعی بنانا؟ ---------- ۳۱۲
○ مملوکہ قبرستان کا حصہ مالک کی اجازت سے مسجد میں شامل کرنا؟ ---------- ۳۱۳
○ بجی قبرستان پر لینٹر ڈال کر مسجد بنانا؟ ---------- ۳۱۴
○ جس قبرستان کو مسجد کے نام وقف کر دیا گیا ہو اُس کو مسجد میں شامل کرنا؟ ---------- ۳۱۵
○ متروک الدفن قبرستان کے کونے میں مسجد بنانا؟ ---------- ۳۱۶
○ ۱۰۰ سال سے زائد متروک الدفن زمین پر مدرسہ یا مسجد بنانا؟ ---------- ۳۱۷
○ جس جگہ سے قبروں کے نشانات ہی ختم ہو گئے ہوں وہاں مسجد بنانا؟ ---------- ۳۱۸
○ پرانی قبروں پر لینٹر ڈال کر مسجد میں شامل کرنا؟ ---------- ۳۱۹
○ قبرستان میں ستون لگا کر مسجد کی توسیع میں شامل کرنا؟ ---------- ۳۲۰

Marfat.com

○ بلا قیمت ومعاوضہ کے قبرستان کی زمین مسجد میں شامل کرنا؟ ----------۳۲۱

○ قبرستان کی زمین میں غیر مسلم لیڈر کے سرکاری فنڈ سے بنائے ہوئے مکان کو مسجد بنانا؟ --۳۲۲

○ کیا موقوفہ قدیم قبرستان میں مسجد مدرسہ کی طرح رہائش گاہ بنا سکتے ہیں؟ ----------۳۲۳

○ پرانے قبرستان میں مدرسہ اِسلامیہ بنانا؟ ----------۳۲۴

○ قبرستان کے لئے وقف زمین پر اِسکول یا مدرسہ بنانا؟ ----------۳۲۵

○ ۲۰۰ سال پرانے قبرستان کو وقف بورڈ کا اِسکول کی تعمیر کیلئے دینا؟ ----------۳۲۶

○ قبرستان میں نیچے دوکان بنا کر اُوپر مدرسہ چلانا؟ ----------۳۲۷

○ قبرستان میں ستون کھڑا کر کے مدرسہ میں توسیع کرنا؟ ----------۳۲۸

قبرستان کو دیگر مصارف میں اِستعمال کرنا ۳۲۹

○ دادا پر دادا کی قبروں کو جوڑ کر مکان بنانا؟ ----------۳۲۹

○ قبرستان میں باغ لگانا؟ ----------۳۲۹

○ قبرستان میں سرکاری درخت لگوانا؟ ----------۳۳۰

○ طلبہ کا قبرستان کے درختوں کے پھل کھانا؟ ----------۳۳۱

○ قبرستان میں سرکاری روڈ بنانا؟ ----------۳۳۲

○ موقوفہ قبرستان پر پل بنا کر اسے روڈ میں شامل کرنا ----------۳۳۲

○ قبرستان کی اَراضی پر تعمیر کرنا؟ ----------۳۳۳

○ مسجد تک پہنچنے کیلئے قبرستان کی خالی زمین پر پختہ راستہ بنانا؟ ----------۳۳۵

○ مسلمانوں کی جان ومال کے تحفظ کے پیشِ نظر قبرستان سے راستہ کی جگہ دینا؟ -------۳۳۶

○ قبرستان میں مذہبی یا سیاسی جلسہ کرنا؟ ----------۳۳۸

○ قبرستان کی آراضی میں شادی کے پروگرام کرنا؟ ----------۳۳۸

○ موقوفہ قبرستان کے اِحاطہ میں پنڈال بنا کر کھانا کھلانا؟ ----------۳۳۹

Marfat.com

○ قبرستان کی نگرانی کیلئے اُس میں ڈیٹنگ پینٹنگ کی دوکان لگانا؟ ---------- ۳۴۰
○ عام قبرستان پر کسی خاندان کا اِجارہ داری کرکے اپنا حق جتلانا؟ ---------- ۳۴۲
○ کھیتوں کی سینچائی کیلئے قبرستان سے گذار کر پختہ نالی بنانا؟ ---------- ۳۴۳
○ مملوکہ زمین میں ایک قطعہ قبرستان کے لئے چھوڑ کر بقیہ زمین استعمال میں لانا؟ ---- ۳۴۴
○ موقوفہ قبرستان کو بیچنا جائز نہیں؟ ---------- ۳۴۵
○ موقوفہ قبرستان میں بھراؤ کرکے عیدگاہ بنانا؟ ---------- ۳۴۷
○ پرانے قبرستان کو برابر کرکے عیدگاہ بنانا؟ ---------- ۳۴۷
○ خاندان والوں کی اِجازت سے موقوفہ قبرستان کو عیدگاہ میں شامل کرنا؟ ---------- ۳۴۸
○ عیدگاہ کے میدان میں کھدائی سے قبریں نمودار ہوئیں؟ ---------- ۳۴۹
○ ۳۰ رسال پرانی قبر کو عیدگاہ کے فرش میں شامل کرنا؟ ---------- ۳۵۱
○ قبرستان پر پلر ڈال کر عیدگاہ میں شامل کرنا؟ ---------- ۳۵۱
○ سرکاری کاغذات میں جو جگہ قبرستان کے نام درج ہے اُس پر عیدگاہ بنانا؟ ---------- ۳۵۲
○ قبرستان میں نماز جنازہ کے لئے چبوترہ بنانا؟ ---------- ۳۵۳

قبرستان کی آمدنی کے مصارف ۳۵۵

○ قبرستان کی آمد کہاں خرچ کریں؟ ---------- ۳۵۵
○ مدرسہ اور قبرستان کی آمدنی ایک مدرسہ میں خرچ کرنا؟ ---------- ۳۵۶
○ قبرستان اور عیدگاہ کی متحدہ کمیٹی کا ایک مد کا پیسہ دوسری مد میں بطور قرض استعمال کرنا؟ --- ۳۵۷
○ مسجد، مکتب اور قبرستان کمیٹی متحد ہو، تو قبرستان کا روپیہ مسجد و مکتب میں لگانا کیسا ہے؟ -- ۳۵۸
○ ذاتی قبرستان کے لئے چھوڑی ہوئی زمین کے درخت کاٹ کر اپنے استعمال میں لانا؟ -- ۳۵۹
○ قبرستان کے درخت کاٹ کر آمدنی قبرستان میں صرف کرنا؟ ---------- ۳۶۰
○ قبرستان کے درختوں کا پیسہ مسجد میں لگانا؟ ---------- ۳۶۱

Marfat.com

○ قبرستان کے اُوپر بنے کمروں کا کرایہ مسجد میں لگانا؟ ---------- ۳۶۱

○ موقوفہ قبرستان میں دوکان بنا کر آمدنی مدرسہ میں صرف کرنا؟ ---------- ۳۶۲

○ قبرستان کی آمدنی مدرسہ مسجد اور عیدگاہ کی ضروریات میں صرف کرنا؟ ---------- ۳۶۳

○ قبرستان یا مدرسہ کی جمع شدہ رقم الیکشن وغیرہ میں خرچ کرنا؟ ---------- ۳۶۴

○ قبرستان کی گھاس اور درختوں کی آمدنی کا استعمال؟ ---------- ۳۶۵

○ قبرستان کی آمدنی سے میت کی چارپائی اور نہلانے کا تختہ خریدنا؟ ---------- ۳۶۷

○ قبرستان کی آمدنی سے غریب میتوں کی تجہیز و تکفین کرنا؟ ---------- ۳۶۸

○ قبرستان کے درختوں کی قیمت سے گاؤں میں نئی مسجد تعمیر کرنا؟ ---------- ۳۶۹

متفرقات

۳۷۱

○ قبرستان میں مردوں کی تدفین کی اُجرت لینا؟ ---------- ۳۷۱

○ محلّہ کے قبرستان میں دوسرے محلّہ کے مردوں کو دفن کرنے پر معاوضہ لینا؟ ---------- ۳۷۱

○ موقوفہ قبرستان میں تدفین کیلئے ڈونیشن کی شرط لگا کر رقم لینا؟ ---------- ۳۷۳

○ مدرسہ کی مملوکہ زمین میں سے قبر بنانے کے لئے جگہ خریدنا؟ ---------- ۳۷۴

○ دوسرے کی زمین بلا اِجازت قبرستان میں شامل کرنا؟ ---------- ۳۷۵

○ گاؤں کی زمین پر ناجائز قبضہ کر کے اُس میں قبرستان بنانا؟ ---------- ۳۷۵

○ قبرستان کی قدیم آراضی پر سرکاری نشان دہی کروا کر تدفین شروع کرنا؟ ---------- ۳۷۶

○ مسجد کی زمین کو قبرستان کی بتلا کر سرکار سے لیا ہوا پیسہ مسجد میں لگانا؟ ---------- ۳۷۷

○ پرانے قبرستان کو عیدگاہ میں تبدیل کرنا؟ ---------- ۳۷۸

○ مزار کے اُوپر چھت کے ایک کنارے پر مدرسہ کیلئے غسل خانہ بنانا؟ ---------- ۳۷۸

○ کیا ماں اپنے بچے اور ماں باپ کی قبر پر جا سکتی ہے؟ ---------- ۳۷۹

○ مشترکہ پنچایتی سامان پر کسی ایک ممبر کا قبضہ کر کے غیر مصرف میں خرچ کرنا؟ ---------- ۳۸۰

○ قبرستان کے ہرے یا سوکھے درخت کاٹنا؟ ---------- ۳۸۱

Marfat.com

کتاب الصید والذبائح

شکار کرنے کے شرعی اَحکام ۳۸۴

○ بسم اللہ پڑھ کر بندوق یا تیر چلایا اور ذبح سے قبل جانور مر گیا؟ ---------- ۳۸۴
○ اِیر گن سے زخمی جانور ذبح کے بغیر حلال نہ ہوگا ---------- ۳۸۵
○ بسم اللہ پڑھ کر تیر چلایا اور لگتے ہی جانور مر گیا؟ ---------- ۳۸۶
○ تیر چلانے کے بعد جانور کو تلاش نہیں کیا بعد میں وہ جانور کہیں مرا ہوا ملا؟ ---------- ۳۸۷
○ تیر چلانے کے بعد بلا توقف جانور کو تلاش کیا؟ ---------- ۳۸۸
○ مرا ہوا شکاری جانور غیر مسلم کو دینا؟ ---------- ۳۸۹
○ جن جانوروں یا پرندوں پر حکومت کی پابندی ہے اُن کا شکار کرنا؟ ---------- ۳۸۹
○ شکار کے لئے کتا پالنا؟ ---------- ۳۹۰
○ سیلاب میں مملوکہ تالاب سے باہر نکلنے والی مچھلی کا شکار کرنا؟ ---------- ۳۹۱
○ سڑک کے گڑھوں اور ٹاؤن کے نالہ میں چلی جانے والی پلی ہوئی مچھلی کا شکار کرنا؟ ---- ۳۹۲
○ برف باری اور جھیلوں میں ٹھنڈک کی وجہ سے مرنے والی مچھلیوں کا حکم؟ ---------- ۳۹۳
○ تالاب کی حدود سے باہر مچھلی مارنا؟ ---------- ۳۹۵
○ تالاب میں پالی ہوئی مچھلیوں کے علاوہ مچھلی مارنا؟ ---------- ۳۹۶
○ زندہ کیچوے اور کیڑے کانٹے میں لگا کر مچھلی کا شکار کرنا ---------- ۳۹۶
○ کیچوے سے مچھلی کا شکار کرنا؟ ---------- ۳۹۷
○ حرام چیز سے مچھلی پکڑنا؟ ---------- ۳۹۸

ماکول اللحم جانور ۳۹۹

○ قرآن میں گوشت کی حلت کا حکم؟ ---------- ۳۹۹

Marfat.com

○ نیل گائے کا حکم؟ ---------- ۳۹۹

○ ''مہوکا'' کھانا کیسا ہے؟ ---------- ۴۰۰

○ حلال جانور کی بٹ اور اوجھڑی کا حکم ---------- ۴۰۱

○ طحال کھانا؟ ---------- ۴۰۲

○ کوّے کی کونسی قسم حلال ہے؟ ---------- ۴۰۲

○ کالا بغلہ کھانا جائز ہے یا سفید؟ ---------- ۴۰۶

○ دریا کے کنارے پر رہنے والے بگلہ کا شکار کرنا؟ ---------- ۴۰۶

○ پھتوری نامی پرندے کا حکم؟ ---------- ۴۰۷

○ سوکھی مچھلی کھانا؟ ---------- ۴۰۸

○ بازار میں فروخت ہونے والی مری ہوئی مچھلی کا حکم؟ ---------- ۴۰۹

○ دریائی جھینگا حلال ہے؟ ---------- ۴۱۰

○ یکے بعد دیگرے کئی مرغی ذبح کر کے گرم پانی میں ڈالنا؟ ---------- ۴۱۳

○ اگر مرغی میں نجاست یا دمِ مسفوح لگا ہو تو پانی میں ڈالنا کیسا ہے؟ ---------- ۴۱۴

○ ذبح کے بعد گندگی نکالنے سے پہلے مرغوں کو گرم پانی میں ڈالنا؟ ---------- ۴۱۵

○ مرغ ذبح کر کے گرم پانی میں ڈالنا اور اُس کی کھال کا حکم؟ ---------- ۴۱۷

○ ولایتی گائے کے دودھ اور گوشت کا حکم؟ ---------- ۴۱۹

○ اَمریکن گائے کا دودھ اور گوشت کھانا؟ ---------- ۴۲۰

○ انجکشن سے گائے گابھن کرانا اور اُس کا دودھ پینا؟ ---------- ۴۲۱

○ انجکشن سے جانور کو حاملہ کرنا؟ ---------- ۴۲۲

○ جو گائے خنزیر کے نطفہ سے بچہ دے اُس کے دودھ کا حکم؟ ---------- ۴۲۳

○ جرسی گائے کے دودھ اور گوشت کا حکم؟ ---------- ۴۲۳

۱۴۲۹۰۵

Marfat.com

حلال جانوروں کے حرام اَجزاء ۴۲۴

○ حرام مغز جائز ہے یا ناجائز؟ ---------- ۴۲۴
○ جانور کے حرام اجزاء اور حرام مغز کی تفصیل ---------- ۴۲۴
○ حلال جانور کے کون سے اَعضاء کھانا منع ہے؟ ---------- ۴۲۷
○ حلال جانور کے کون کون سے اجزاء حرام ہیں؟ ---------- ۴۲۸
○ حلال جانور کے مکروہ اَعضاء ---------- ۴۳۱
○ بیل اور مرغ کی حرام اور مکروہ چیزیں کیا ہیں؟ ---------- ۴۳۲
○ مرغی کے کون کون سے اَعضاء حرام ہیں؟ ---------- ۴۳۲

غیر ماکول اللحم جانور ۴۳۴

○ زہر نکال کر سانپ کو کھانا؟ ---------- ۴۳۴
○ لاعلمی میں خنزیر کا گوشت کھالیا؟ ---------- ۴۳۴
○ کچھوے کا حکم؟ ---------- ۴۳۵
○ کیکڑے کی خرید وفروخت کرنا؟ ---------- ۴۳۷
○ دمِ مسفوح اور مردہ جانور کے گوشت سے غذا دی جانے والی گائے، مرغی کا حکم؟ ---------- ۴۳۷
○ مغربی ممالک سے آنے والے جانوروں کی مخلوط غذا کا حکم؟ ---------- ۴۳۹
○ جلالہ کسے کہتے ہیں اور اُس کا حکم کیا ہے؟ ---------- ۴۴۰
○ آزاد پھرنے والی مرغیوں کا حکم ---------- ۴۴۱
○ شراب، خنزیر، کتوں کے فضلات اور حرام غذاؤں سے پرورش کردہ مچھلیوں کا حکم؟ ---- ۴۴۲
○ حرام اَجزاء سے تیار شدہ غذا کھانے والے چوزوں کا حکم؟ ---------- ۴۴۳
○ حرام اَجزاء سے تیار شدہ غذا کا چوزوں کو کھلانا؟ ---------- ۴۴۴

Marfat.com

موذی جانور مارنا ۴۴۶

○ گرگٹ مارنا جائز ہے؟ ---------- ۴۴۶
○ نقصان پہنچانے والے کتوں کو مارنا؟ ---------- ۴۴۷
○ موذی کتوں کو زہر دے کر مارنا؟ ---------- ۴۴۸
○ بلی اور مرغیاں پکڑنے والی بلی اور کتے کو مارنا؟ ---------- ۴۴۹
○ بیڈمنٹن مشین سے مچھروں کو مارنا؟ ---------- ۴۴۹

ذبح کے مسائل ۴۵۲

○ قربانی کا جانور ذبح کرتے وقت کس طرح لٹایا جائے ---------- ۴۵۲
○ ذبح کرنے کیلئے جانور کس رخ لٹائیں اور سر کس جانب ہو؟ ---------- ۴۵۳
○ الحمدللہ، سبحان اللہ پڑھ کر جانور ذبح کرنے کا حکم؟ ---------- ۴۵۴
○ ٹیپ ریکارڈ سے دعا سن کر ذبح کرنا؟ ---------- ۴۵۵
○ بسم اللہ پڑھ کر چھری چلائی اور نہ چلنے پر بغیر بسم اللہ کے دوسری چھری سے ذبح کر دیا؟ - ۴۵۶
○ بسم اللہ پڑھ کر تین رگیں کاٹ کر چھری قصاب کو دینا؟ ---------- ۴۵۷
○ دونس کٹنے کے بعد اگر جانور کھڑا ہو جائے تو کیا وہی شخص اُسے بغیر تسمیہ کے ذبح کر سکتا ہے؟ -- ۴۵۸
○ مجلسِ واحد میں متعدد بار چھر چلانے پر ایک بسم اللہ کافی ہے ---------- ۴۵۹
○ ایک مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر سو مرغ ذبح کرنا ---------- ۴۶۰
○ اُونٹ کے ذبح کا طریقہ ---------- ۴۶۱
○ جانور کو کھڑے ہونے کی حالت میں ذبح کرنے کا حکم ---------- ۴۶۲
○ بے قابو جانور کو زنجیر سے باندھ کر ذبح کرنا؟ ---------- ۴۶۳
○ بے قابو جانور کو کرنٹ لگا کر ذبح کرنا؟ ---------- ۴۶۴
○ کیا جانور کے کسی بھی عضو کو کاٹ کر خون بہایا جا سکتا ہے؟ ---------- ۴۶۵

Marfat.com

○ ذبح کرنے کے بعد جلد ٹھنڈا کرنے کے لئے ریڑھ کی نس میں چاقو گھونپنا؟ ---------۴۶۶
○ ذبح کرتے ہی ٹھنڈا ہونے سے پہلے جانور کی کھال اُتارنا؟ ----------۴۶۷
○ ذبح کرنے کے بعد فوراً کھال اُتارنا مکروہ ہے ----------۴۶۹
○ مرغ ذبح کرتے وقت گردن بالکل الگ کردینا؟ ----------۴۶۹
○ اہلِ کتاب کا ذبیحہ؟ ----------۴۷۰
○ مقطوع اللحیہ، بدعتی اور بریلوی کا ذبیحہ ----------۴۷۱
○ جس کو اَول کلمہ یاد نہ ہو اُس کا ذبیحہ ----------۴۷۲
○ عورت کا ذبیحہ؟ ----------۴۷۲
○ مسلمان عورت کا ذبیحہ؟ ----------۴۷۳
○ عورت اور لڑکی کا ذبیحہ؟ ----------۴۷۴
○ گونگے بچے کا ذبیحہ ----------۴۷۵
○ قربانی کا جانور امام صاحب یا مولانا صاحب سے ذبح کرانے کو ضروری سمجھنا؟ -----۴۷۶
○ قربانی کا خون دفن کرنا کیسا ہے؟ ----------۴۷۷
○ مہمان نوازی کے لئے بسم اللہ پڑھ کر ذبح کرنا؟ ----------۴۷۸
○ ہندوستان سے دوسرے ممالک جانے والے ذبیحہ گوشت کا حکم؟ ----------۴۷۹

غیر اللہ کی نسبت پر جانور ذبح کرنا ۴۸۰

○ غیر اللہ کا تقرب حاصل کرنے کی نیت سے جانور ذبح کرنا؟ ----------۴۸۰
○ صدقہ کے نام پر بکرا ذبح کر کے کھانا؟ ----------۴۸۱
○ جان بخشی کے بدلہ میں ذبح کیا ہوا بکرا کھانا؟ ----------۴۸۱
○ روح نکلنے میں آسانی ہونے کے عقیدہ سے بکرا ذبح کرنا؟ ----------۴۸۳
○ نزع کی حالت میں موت کی سختی سے بچانے کیلئے بکرا ذبح کرنا؟ ----------۴۸۴
○ کسی مہمان کی آمد پر جانور ذبح کرنا؟ ----------۴۸۵

Marfat.com

کتاب الاضحیۃ

قربانی سے متعلق مسائل

۴۸۸

○ عشرۂ ذی الحجہ کی فضیلت ---------- ۴۸۸

○ قربانی کے لئے صاحبِ نصاب ہونا شرط ہے ---------- ۴۸۹

○ قربانی گھر کے ہر صاحبِ نصاب پر الگ الگ واجب ہے ---------- ۴۹۰

○ من وجد سعۃً فلم یضح میں ''سعۃً'' سے کتنی حیثیت کا مالک مراد ہے؟ ---------- ۴۹۱

○ اگر کسی خاص قصبہ میں قربانی کی اِجازت نہ ملے تو کیا پورا ملک دارالحرب کہلائے گا؟ -- ۴۹۲

○ باپ بیٹوں کے مشترکہ کاروبار میں قربانی کا حکم ---------- ۴۹۳

○ چار بھائیوں کے مشترکہ کاروبار میں قربانی کس پر واجب ہوگی؟ ---------- ۴۹۴

○ ایک دوکان میں چار بھائی شریک ہوں تو قربانی کس طرح واجب ہوگی؟ ---------- ۴۹۵

○ مسافر پر وطنِ اقامت میں قربانی کا حکم؟ ---------- ۴۹۶

○ قربانی کا جانور گم ہوگیا؟ ---------- ۴۹۷

○ ایامِ قربانی گزر جانے کے بعد قربانی کے جانور کا کیا کریں؟ ---------- ۴۹۸

○ قربانی کا جانور گم ہوگیا تو مال دار اور غریب کا کیا حکم ہے؟ ---------- ۴۹۹

○ کیا فقیر پر محض قربانی کی نیت سے جانور خریدتے ہی قربانی واجب ہو جائے گی؟ ---- ۵۰۲

○ غریب شخص کا قربانی کا جانور دو دن پہلے گم ہوگیا؟ ---------- ۵۰۴

○ تنگ دست کا جانور قربانی کے ایام سے پہلے غائب ہوگیا؟ ---------- ۵۰۵

○ مال دار شخص کا قربانی کا جانور عین وقت پر گم ہوگیا ---------- ۵۰۵

○ ۸/ذی الحجہ کو قربانی کا جانور مرجانے کی وجہ سے وکیل نے دوسرا جانور خرید کر قربانی کردی؟ --- ۵۰۷

○ قربانی کا وکیل قربانی سے بچے ہوئے پیسوں کا کیا کرے؟ ---------- ۵۰۸

Marfat.com

○ قربانی نہ کر کے قربانی کا پیسہ غریب کو دینا؟ ---------- ۵۰۸
○ مدرسہ والوں کو قربانی کے پیسے دینا؟ ---------- ۵۰۹
○ حجاجِ کرام کا بینک کے ذریعہ حج کی قربانی کرانا؟ ---------- ۵۱۰
○ نماز چھوڑنے والے کی قربانی؟ ---------- ۵۱۰

نفلی قربانی

۵۱۲
○ اپنی واجبی قربانی کرنے کے بعد دوسروں کی طرف سے تطوعاً قربانی کرنا؟ ---------- ۵۱۲
○ کیا میت کی طرف سے نفل قربانی کرنے سے واجب قربانی ساقط ہو جاتی ہے؟ ---------- ۵۱۴
○ اپنی قربانی کے بجائے مرحومین کی طرف سے قربانی کرنا؟ ---------- ۵۱۵
○ کیا پہلے والدین کی طرف سے قربانی کرانا ضروری ہے؟ ---------- ۵۱۶
○ اَولاد کی قربانی والدین پر موقوف نہیں ---------- ۵۱۸
○ باپ کا بیٹے کی جانب سے قربانی کرنا؟ ---------- ۵۱۹
○ اپنی واجب قربانی اور والدین کی طرف سے نفل قربانی ۱۰ر ذی الحجہ کو مکہ میں کرانا؟ ---------- ۵۲۰
○ قربانی کا جانور دوسرے کے نام سے ذبح کرنا؟ ---------- ۵۲۱
○ جو شخص قربانی کی گنجائش نہ رکھے اُس کا بال منڈوانا؟ ---------- ۵۲۲
○ غیر حاجیوں کا قربانی کے بعد حلق یا قصر کرانا اور ناخن کاٹنا؟ ---------- ۵۲۳

قربانی کے حصے

۵۲۵
○ ہر حصہ دار کو مکمل قربانی کا ثواب؟ ---------- ۵۲۵
○ جانور میں حضور ﷺ کے نام پر لئے گئے حصہ کا مصرف کیا ہے؟ ---------- ۵۲۵
○ ۶ر آدمیوں کا بڑے جانور میں اپنے اپنے حصہ کے بعد ساتواں حصہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کرنا؟ ---------- ۵۲۶

Marfat.com

○ قربانی میں حضور اکرم ﷺ کے نام پر لیا ہوا حصہ کس کی طرف سے شمار ہوگا؟ ---------۵۲۹

○ قربانی کے جانور میں ساتواں حصہ والدمرحوم کی طرف سے کرنا؟ ----------۵۳۰

○ سات شرکاء میں سے کسی ایک کا اپنے حصہ کے نصف میں آٹھویں کو شریک کرنا؟ ----۵۳۰

○ قربانی کے جانور میں ایک حصہ میں دو کا شریک ہونا؟ ----------۵۳۲

○ قربانی کا جانور ذبح کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ آٹھ حصہ دار تھے؟ ----------۵۳۳

○ گائے فروخت کر کے خریداروں کے ساتھ قربانی کے حصہ میں شریک ہونا؟ --------۵۳۴

○ قربانی کا جانور خرید کر بعد میں دوسرے لوگوں کو اُس میں شریک کرنا؟ ----------۵۳۵

○ حصہ دار اور جانوروں کی تعیین کے بغیر غیر ملکی باشندوں کی طرف سے اہلِ مدارس کا قربانی کرنا؟ ----۵۳۷

○ قربانی کے جانور میں دعوتِ ختنہ کا حصہ لینا؟ ----------۵۳۸

○ قربانی کے جانور میں ایک شریک کا حرام مال سے شرکت کرنا؟ ----------۵۳۹

○ قربانی کے وقت نام کی تعیین نہیں کی؟ ----------۵۴۰

○ کئی لوگوں کا مل کر پیغمبر علیہ السلام کی طرف سے قربانی کرنا؟ ----------۵۴۱

قربانی کا وقت

۵۴۳

○ عیدالاضحیٰ کی نماز سے پہلے قربانی کرنا؟ ----------۵۴۳

○ شہر والوں کا نماز عید سے قبل قربانی کرنا؟ ----------۵۴۴

○ گاؤں والوں کا شہر میں جا کر نماز سے پہلے قربانی کرنا؟ ----------۵۴۴

○ دیہات میں صبح صادق کے بعد قربانی کا ثبوت؟ ----------۵۴۶

○ بڑی بستی والوں کا چھوٹی بستی میں اپنا جانور لے جا کر نماز عید سے پہلے ذبح کرنا؟ ----۵۴۷

○ عیدگاہ سے پہلے مسجد میں نماز عیدالاضحیٰ پڑھ کر قربانی کرنا؟ ----------۵۴۹

○ ۱۰ ذی الحجہ کی رات میں قربانی کرنا؟ ----------۵۴۹

○ سعودی عرب میں رہنے والے کا ۱۳ ذی الحجہ کو مرادآباد فون کر کے قربانی کرانا ------۵۵۱

Marfat.com

○ ۱۳رذی الحجہ کوسعودی سے فون کر کے ہندوستان میں قربانی کرانا؟ ---------- ۵۵۳
○ اَیامِ اُضحیہ کے بعد قربانی کا خط ملا تو کیا کیا جائے؟ ---------- ۵۵۳
○ اگر عذر کی وجہ سے نماز عیدالاضحیٰ مؤخر ہو جائے تو قربانی کا کیا حکم ہے؟ ---------- ۵۵۴
○ UK کا رہنے والا آدمی اگر ہندوستان میں قربانی کرائے تو کس دن کا اعتبار ہوگا؟ ---- ۵۵۵

قربانی کے اَیام

۵۵۸
○ قربانی کے کتنے دن ہیں؟ ---------- ۵۵۸
○ قربانی کے اَیام تین دن ہیں یا چار دن؟ ---------- ۵۶۱
○ اَیامِ قربانی تین دن کیوں ہیں؟ ---------- ۵۶۲
○ اَیامِ اُضحیہ سے متعلق مسائل پر ایک غیر مقلد کا اشتہار ---------- ۵۶۳
○ کتابچہ ''قربانی کا مسئلہ'' اور چار دن قربانی کا فتویٰ؟ ---------- ۵۶۹

تکبیرِ تشریق

۵۸۸
○ تکبیرِ تشریق کا پس منظر کیا ہے؟ ---------- ۵۸۸
○ تکبیرِ تشریق کی واجبی مقدار، اور عورتوں پر تکبیرِ تشریق کا حکم؟ ---------- ۵۸۹
○ اَیامِ تشریق کی تکبیر کتنی مرتبہ پڑھنی چاہئے؟ ---------- ۵۹۲
○ ایک سے زائد مرتبہ تکبیرِ تشریق کہنا؟ ---------- ۵۹۳
○ یومِ عرفہ کی فجر سے تکبیرِ تشریق کیوں پڑھی جاتی ہے؟ ---------- ۵۹۴
○ نماز عیدالاضحیٰ کے بعد تکبیرِ تشریق زور سے پڑھنا؟ ---------- ۵۹۵
○ جمعہ کی نماز کے بعد تکبیر تشریق پڑھنا؟ ---------- ۵۹۶
○ کیا مسبوق پر جہراً تکبیرِ تشریق پڑھنا واجب ہے؟ ---------- ۵۹۶
○ اگر دعا مانگتے وقت تکبیرِ تشریق یاد آئے تو کیا کریں؟ ---------- ۵۹۷

Marfat.com

چرمِ قربانی اور اُس کی قیمت کے مصارف ۵۹۹

- قربانی کی کھال کا مصرف؟ ---------- ۵۹۹
- قربانی کی کھال کی قیمت کے مصارف؟ ---------- ۶۰۱
- قربانی کی کھال اور اُس کی قیمت کے مصارف؟ ---------- ۶۰۲
- قربانی کے پیسوں کا مصرف؟ ---------- ۶۰۵
- قربانی کی کھالوں کی رقم مستحقین پر خرچ کرنا؟ ---------- ۵۰۵
- چرمِ قربانی کے مصارف اور اہلِ مدرسہ کا چرمِ قربانی کی وصولی کا طریقہ؟ ---------- ۵۰۶
- قربانی کی کھال فروخت کر کے بغیر تملیک خرچ کرنا؟ ---------- ۶۱۰
- چھوٹے مکتب میں چرمِ قربانی کی کھال دینا؟ ---------- ۶۱۴
- مکتب کی تعمیر میں چرمِ قربانی لگانا؟ ---------- ۶۱۶
- جس مدرسہ میں بیرونی طلبہ کا قیام وطعام نہ ہو اُس میں چرمِ قربانی دینا؟ ---------- ۶۱۷
- چرمِ قربانی یا فطرہ کے پیسوں کو مسجد میں لگانا ---------- ۶۱۹
- قربانی کی کھال کا پیسہ مسجد میں لگانا؟ ---------- ۶۱۹
- چرمِ قربانی کو مساجد اور رفاہی کاموں میں لگانا؟ ---------- ۶۲۰
- چرمِ قربانی کی رقم سے مکتب کی تپائیاں وغیرہ بنانا؟ ---------- ۶۲۱
- قربانی کی کھال دوست کو ہدیہ دینا؟ ---------- ۶۲۲
- چرمِ قربانی کی رقم سے کرایہ پر اُٹھانے کا سامان خریدنا؟ ---------- ۶۲۳
- چرمِ قربانی کا روپیہ قبرستان کی چہار دیواری میں لگانا؟ ---------- ۶۲۴
- قربانی کی کھال کی قیمت سے قبرستان کے لئے زمین خریدنا؟ ---------- ۶۲۵
- قربانی کی کھالیں چوری ہوگئیں تو ضمان کس پر؟ ---------- ۶۲۶
- قربانی کی کھالوں کے لئے پیشگی رسید کاٹنا؟ ---------- ۶۲۷
- چرم قربانی وصول کرنے سے پہلے نیلام کرنا؟ ---------- ۶۲۸

Marfat.com

قربانی کے گوشت کے مصارف ۶۳۰

○ حضور کے نام پر کی گئی قربانی کے گوشت کا حکم؟ ---------- ۶۳۰
○ نذر کی قربانی، میت کی طرف سے کی گئی قربانی اور بقر عید کی قربانی کے گوشت کے مصارف؟ -- ۶۳۰
○ قربانی کے گوشت میں سے فقراء کا حصہ نکالنا؟ ---------- ۶۳۴
○ قربانی کا گوشت فرمائش پر دینا؟ ---------- ۶۳۴
○ کیا غریب آدمی اپنی قربانی کے جانور کا گوشت کھا سکتا ہے؟ ---------- ۶۳۵
○ قربانی کا گوشت غیر مسلم کو دینا؟ ---------- ۶۳۶
○ غیر مسلم دوست کو قربانی کا گوشت دینا؟ ---------- ۶۳۷
○ قصاب کی اُجرت قربانی کے گوشت سے ادا کرنا؟ ---------- ۶۳۸
○ سات حصہ داروں میں سے کسی ایک کا بوٹی بنانے کی اُجرت لینا؟ ---------- ۶۳۹
○ لڑکی کی شادی میں قربانی کا گوشت کھلانا؟ ---------- ۶۳۰

قربانی کے جانور ۶۴۱

○ قربانی کے جانوروں میں سے کونسا جانور اَفضل ہے؟ ---------- ۶۴۱
○ بھینس کی قربانی؟ ---------- ۶۴۲
○ کیا بھینس کی قربانی کرنا جائز ہے؟ ---------- ۶۴۳
○ بھینس اور گائے کتنی عمر کے ہونے چاہئیں؟ ---------- ۶۴۴
○ جانور کی عمر کے بارے میں غیر مسلم کے قول کا اعتبار؟ ---------- ۶۴۵
○ جس گائے بھینس کے دو سال میں بھی دانت نہ نکلے ہوں اُس کی قربانی کرنا؟ ---------- ۶۴۵
○ پوشیدہ طریقے سے اُونٹ گائے کی قربانی کرنا؟ ---------- ۶۴۷
○ ہرن یا نیل گائے کی قربانی کرنا؟ ---------- ۶۴۸

Marfat.com

○ قانوناً ممنوع ہونے کے باوجود گائے کی قربانی کرنا؟ ---------- ۶۴۹

○ پولیس سے مل کر چوری سے گائے کی قربانی کرنا؟ ---------- ۶۴۹

○ سرکار اور غیر مسلموں سے چھپ کر گائے کی قربانی کرنا؟ ---------- ۶۵۰

○ گائے بیل کے ذبح کرنے پر غیر مسلموں کا پابندی لگانا؟ ---------- ۶۵۰

○ ایک سال سے کم کا بکرا جو دیکھنے میں ایک سال کا معلوم ہو؟ ---------- ۶۵۰

○ ایک سال کا بکرا جس کے دانت نہ نکلے ہوں؟ ---------- ۶۵۲

○ بکرے کی قربانی میں صرف ایک سال کا ہونا ضروری ہے یا دانت نکلنا بھی ضروری ہے؟ -- ۶۵۲

○ ایک سال سے کم کا بکرا اگر ایک سال جیسا معلوم ہو؟ ---------- ۶۵۳

○ خصی بکرے کی قربانی کرنا؟ ---------- ۶۵۴

○ خصی بکرے کی قربانی؟ ---------- ۶۵۵

○ خصی ہونا جانور میں عیب نہیں ---------- ۶۵۶

○ قربانی کے بکروں کو اَولاد کی طرح پالنا؟ ---------- ۶۵۷

○ کتیا کا دودھ پینے والی بکری کا حکم ---------- ۶۵۷

○ دس ذی الحجہ کو پیدا ہونے والے بکرے کی قربانی آئندہ دس گیارہ ذی الحجہ کو کرنا؟ ---- ۶۵۸

○ مرغی، چڑیا اور بطخ کی قربانی کا حکم؟ ---------- ۶۵۹

○ اَدھیا سے حاصل شدہ بکری کی قربانی ---------- ۶۶۰

○ تجارت کے جانور میں منافع لے کر قربانی کرنا؟ ---------- ۶۶۰

○ قربانی کی نیت سے پالے ہوئے جانور کو فروخت کر کے دوسرا جانور خریدنا؟ -------- ۶۶۱

قربانی کے جانوروں کے عیوب ۶۶۳

○ لنگڑے جانور کی قربانی؟ ---------- ۶۶۳

○ لنگڑے بکرے کی قربانی؟ ---------- ۶۶۳

Marfat.com

○ کھر بڑھے ہوئے بکرے کی قربانی؟ ---------- ۶۶۵
○ جس جانور کا تھن سوکھ جائے اُس کی قربانی؟ ---------- ۶۶۶
○ بے سینگ جانور کی قربانی کرنا؟ ---------- ۶۶۶
○ آنکھوں میں گول سفیدی والے جانور کی قربانی؟ ---------- ۶۶۷
○ چرخ والے جانور کی قربانی کا حکم؟ ---------- ۶۶۸

قربانی کے جانوروں میں نذر و نیاز کا حکم ۶۶۹

○ قربانی کے جانور میں نذر کا حصہ کرنا ---------- ۶۶۹
○ نذر کے جانور کی قربانی میں کسی دوسرے کو شریک کرنا ---------- ۶۷۰
○ نیاز کے بکرے کی قیمت سے قربانی کرنا؟ ---------- ۶۷۱

عقیقہ کے مسائل ۶۷۲

○ بچہ کے کان میں اَذان و اِقامت کی شرعی حیثیت ---------- ۶۷۲
○ نومولود بچے کے کانوں میں اَذان وتکبیر کا ثبوت؟ ---------- ۶۷۳
○ نومولود کے کان میں کئی مرتبہ اَذان کہنا؟ ---------- ۶۷۳
○ ختنہ اور عقیقہ کرنا کیسا ہے؟ ---------- ۶۷۴
○ عقیقہ کو ضروری سمجھنا اور بے جا خوشی منانا؟ ---------- ۶۷۵
○ عقیقہ کس دن کرنا چاہئے؟ ---------- ۶۷۵
○ بچہ کا عقیقہ کس دن کرنا چاہئے؟ ---------- ۶۷۷
○ پیدائش کے ایک سال بعد عقیقہ کرنا؟ ---------- ۶۷۸
○ سال دو سال بعد بچہ کا عقیقہ کرنا اور بچہ کے بال منڈانا؟ ---------- ۶۸۰
○ بڑے جانور میں عقیقہ کا حصہ لینا؟ ---------- ۶۸۱

Marfat.com

○ ایسے جانور میں عقیقہ کا حصہ لینا جس میں تمام شرکاء کی نیت قربت کی ہو؟ ---------- ۶۸۲

○ قربانی کے علاوہ بڑے جانور میں عقیقہ کے سات حصے کرنا؟ ---------- ۶۸۳

○ عقیقہ کے لئے بڑے جانور میں حصے لینا؟ ---------- ۶۸۴

○ گوشت بیچنے کیلئے ذبح کئے ہوئے جانور میں عقیقہ کا حصہ لینا؟ ---------- ۶۸۶

○ کیا شخص واحد گائے میں قربانی اور عقیقہ دونوں کا حصہ لے سکتا ہے؟ ---------- ۶۸۷

○ عقیقہ میں کتنے بکرے بکری ذبح کرنے چاہئیں؟ ---------- ۶۸۸

○ عقیقہ کے لئے بکرا ہونا ضروری نہیں؟ ---------- ۶۸۹

○ قربانی کی طرح عقیقہ کے گوشت میں بھی تین حصے کرنا؟ ---------- ۶۸۹

○ شادی کی دعوت میں عقیقہ کرنا؟ ---------- ۶۹۰

○ عقیقہ کے وقت بال کٹانا مستحب ہے ---------- ۶۹۲

○ عقیقہ میں بچی کا سر منڈانا؟ ---------- ۶۹۲

○ دادا کے عقیقہ کرنے کے بعد باپ کا دوبارہ عقیقہ کرنا ---------- ۶۹۳

○ نانا کا نواسی کا عقیقہ کرنا؟ ---------- ۶۹۴

○ ممبئی میں پیدا ہونے والے بچے کا مرادآباد میں عقیقہ کرنا؟ ---------- ۶۹۵

○ عقیقہ کے لئے قرض لینا؟ ---------- ۶۹۶

❑❖❑

Marfat.com

اَحکام المدارس

Marfat.com

مدرسہ کا اہتمام اور شوریٰ

مدرسہ کے مہتمم کی کیا کیا ذمہ داریاں ہیں؟

سوال (۴۸۹):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کے مہتمم کی ذمہ داری کیا ہے؟ اور مدرسہ کے کام میں مصروف رہنے کا وقت متعین ہے یا نہیں؟ بعض مہتمم کو دیکھا ہے کہ مدرسہ میں کسی بھی وقت تھوڑی دیر کے لئے آتے ہیں پھر چلے جاتے ہیں، پھر اپنے کام گھر میں مصروف رہتے ہیں، تعلیم اور مدرسہ میں کوئی توجہ نہیں ہے، کیا ایسا شخص اہتمام کے عہدہ پر فائز ہوسکتا ہے یا نہیں؟ نیز مہتمم کو حاضری رجسٹر میں ملازم ہونے کی حیثیت سے دستخط کرنا اور آمد ورفت کا وقت لکھنا ضروری ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہتمم مجلسِ شوریٰ کا پابند ہوتا ہے؛ لہٰذا حاضری اور کام کاج اور سفر وحضر وغیرہ کے سلسلہ میں شوریٰ کی طرف سے مہتمم کے متعلق جو بھی ضابطہ بنایا جائے اُس کی پابندی مہتمم پر ضروری ہے، خواہ وہ ضابطہ تمام اَساتذہ کے مطابق ہو یا اُس سے کم وبیش ہو۔

عن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده رضي اللّٰه عنه أن رسو ل اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال:..... والمسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالاً أو أحل حرامًا. (سنن الترمذي، أبواب الأحكام / باب ما ذكر عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم في الصلح بين الناس ۱/۱ ۲۵، المعجم الكبير للطبراني ۱۷/ ۲۲ رقم: ۳۰ دار إحياء التراث العربي بيروت)

عن رافع بن خديج رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: المسلمون عند شروطهم فيما أحل. (المعجم الكبير للطبراني ۴/ ۲۷۵ رقم:

Marfat.com

٤٤٠٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۹/۶/۱۴۳۰ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کے مہتمم اور اَساتذہ کا باہم اعتماد، نرمی اور اَمانت داری سے چلنا ضروری ہے؟

سوال (۴۹۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے مدرسہ میں تمام اساتذۂ کرام کو کچھ نہ کچھ چندہ لانا ضروری قرار دیا جاتا ہے، اور استاذ اپنی اپنی حیثیت کے مطابق کچھ نہ کچھ لے کر آتے ہیں اور اس کے علاوہ مقام میں رہ کر دھان، چندہ، چرم قربانی اور لکڑیاں وغیرہ کے چندہ میں ہر استاذ تعلیم میں نقصان کئے بغیر بھرپور محنت کرتے ہیں، جب اساتذہ ہر مہینے پورے ہونے پر یا ضرورت پڑنے پر تنخواہ دینے کے لئے کہتے ہیں، تو مہتمم صاحب کہتے ہیں کہ روپئے نہیں ہیں، تم کہاں سے کما کے لائے، تو اساتذہ اُن سے عرض کرتے ہیں کہ اب تک کا حساب دکھا دیجئے، تو مہتمم صاحب کہتے ہیں اساتذہ کو حساب دکھانا ضروری نہیں ہے، حالاں کہ جو بھی کام ہے اکثر اساتذہ ہی انجام دیتے ہیں، اور تمام اساتذہ کی نظر میں مہتمم کا ایک بدفعل یہ بھی ہے کہ مدرسہ کا بینک اکاؤنٹ رہتے ہوئے اپنے ہم زلف آدمی کے بینک اکاؤنٹ میں روپئے بھجواتے ہیں، اور بھیجنے والا کو کہتے ہیں کہ اس کی خبر اساتذہ کو مت دو، تو سوال یہ ہے کہ کیا ایسے شخص کو اہتمام کے عہدہ پر فائز رکھنا درست ہے؟ کبھی کبھی مہتمم صاحب کو کوئی استاذ غلطی پر تنبیہ کرتے ہیں، تو کہتے ہیں کہ مدرسہ کو تالا لگا دوں گا، تو اُن کا یہ کہنا کہاں تک صحیح ہے؟

باسمہٖ سبحانہٗ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہتمم اور اساتذہ وملازمین میں باہم اعتماد کی بحالی ادارہ کی بقا کے لئے لازم ہے، اساتذہ کو چاہئے کہ وہ مفوضہ خدمات میں دریغ نہ کریں اور مہتمم صاحب کی جائز اُمور میں اطاعت کریں، اور مہتمم کو چاہئے کہ وہ اساتذہ کی قدر کرے، اور ان کی

Marfat.com

ضروریات کا خیال کرے، اگر ضروریات کا خیال نہیں رکھا جائے گا تو اساتذہ یکسوئی کے ساتھ تعلیمی اُمور انجام نہیں دے پائیں گے، اور مدرسہ کا نظام بگڑ جائے گا، مہتمم کو یہ بھی چاہئے کہ مدرسہ کا حساب وکتاب صاف شفاف رکھے، بہتر تو یہی ہے کہ مدرسہ کے اِکاؤنٹ کے علاوہ کسی دوسرے کے اِکاؤنٹ میں مدرسہ کی رقم نہیں رہنی چاہئے؛ لیکن اگر کسی ضرورت سے دوسرے کے اِکاؤنٹ میں رقم ڈالی گئی ہے، تو مدرسہ سے متعلق لوگوں پر اُس کی وجہ ظاہر کردینی چاہئے؛ تاکہ بدگمانیاں پیدا نہ ہوں، اور باہم ناگواریوں کے درمیان یہ کہنا کہ مدرسہ کو تالا لگادوں گا، بڑی جسارت کی بات ہے، باوقار عہدہ پر فائز شخص کے لئے ایسے جملوں کا استعمال مناسب نہیں ہے۔

عن أبي أمامة رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: إن اللّٰه عزوجل يحب الرفق، ويرضاه، ويعين عليه مالا يعين على العُنف. (المعجم الكبير للطبراني ٨/ ٩٥ رقم: ٧٤٧٧، الترغيب والترهيب مكمل رقم: ٤٠٧٣ بيت الأفكار الدولية)

عن عائشة رضي اللّٰه عنها قالت: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: ..... إن اللّٰه يحب الرفق في الأمر كله. (صحيح البخاري، كتاب الأدب / باب الرفق في الأمر كله ص: ١٥٢٧ رقم: ٦٠٢٤ دار الفكر بيروت، صحيح مسلم، كتاب السلام / باب النهي عن ابتداء أهل الكتاب بالسلام ص: ١٣٥٧ رقم: ٦٥٢١ بيت الأفكار الدولية، لمعجم الأوسط للطبراني ٤/ ٣٢٣ رقم: ٣٥٥٩، الترغيب والترهيب مكمل / كتاب الأدب وغيره رقم: ٤٠٦٩ بيت الأفكار الدولية) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۹/۶/۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کے اہتمام وانتظام میں پابند شرع کو مقدم کرنا؟

سوال (۴۹۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید کی ایک قطعہ آراضی پر ایک مدرسہ حفظ وناظرہ قرآنِ کریم ودینیات کی تعلیم کا کئی سال سے چل رہا ہے، جس کا مہتمم ومنتظم زید ہی کا ایک لڑکا ہے، اور زید ہی کے دولڑکے حفظ وناظرہ قرآنِ

Marfat.com

کریم کی تعلیم کی خدمت انجام دے رہے ہیں۔اَب چند دن قبل زید نے اُسی پہلے لڑکے کو مہتمم ومنتظم تاحیات مقرر کردیا، اور یہ بھی شرط طے ہوئی کہ شریعت کی پوری پابندی کے ساتھ رہیں گے، اگران کی جگہ کوئی دوسرا مہتمم چنا جائے گا تو اُس میں اِس لڑکے کا مشورہ بھی شامل ہوگا، اِس کے بعد اللہ تعالیٰ کی رضا کی نیت سے صدقۂ جاریہ کے طور پر سرکاری اِسٹامپ لکھوا کر وقف نامہ کے طریقہ پر رجسٹری کرادیا۔اس سے متعلق مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب مطلوب ہیں، شرعاً جو بات جائز اور درست ہو، تحریر فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

(۱) اپنے چار لڑکوں میں سے صرف ایک ہی لڑکے کو شریعت کی پابندی کی شرط کے ساتھ منتظم ومہتمم بنانا درست وجائز ہے یا نہیں؟

(۲) اس لڑکے کے علاوہ کوئی اور دوسرا مہتمم بنایا جائے تو اس لڑکے کے لئے مشورہ میں شریک ہونے کی شرط لگانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں چار لڑکوں میں سے صرف ایک لڑکے کو شریعت کی پابندی کی شرط کے ساتھ منتظم ومہتمم بنانے میں کوئی حرج نہیں ہے، جب کہ اُس کے اندر اِس کی اہلیت ہو۔اِسی طرح دوسرے کو مہتمم بنائے جانے کی صورت میں اس لڑکے کے لئے مشورہ میں شریک ہونے کی شرط لگانا بھی جائز ہے۔

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه قال: بينما النبي صلى اللّٰه عليه وسلم يحدث إذ جاء أعرابي، فقال: متى الساعة؟ قال: "إذا ضُيّعت الأمانة فانتظر الساعة". قال: كيف إضاعتها؟ قال: "إذا وُسِّد الأمر إلى غير أهله فانتظر الساعة". (مشكاة المصابيح، كتاب الفتن / باب أشراط الساعة، الفصل الأول ٤٦٩)

قال في الإسعاف: ولا يولي إلا أمين قادر بنفسه أو بنائبه. (رد المحتار، كتاب الوقف / مطلب في شروط المتولي ٤/٣٨٠ كراچی، ٦/٥٧٨ زكريا، البحر الرائق / كتاب الوقف

Marfat.com

۳۷۸/۵ زکریا، وکذا في الفتاویٰ الهندية، کتاب الوقف / الباب الخامس في ولاية الوقف و تصرف القيم في الأوقاف ۴۰۸/۲ زکریا)

عن ابن عباس رضي اللّٰه عنهما قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: من استعمل رجُلاً من عصابةٍ، وفي تلک العِصابة من هو أرضىٰ للّٰه منه فقد خان اللّٰه وخان رسوله وخان المؤمنين. (المستدرك للحاكم / كتاب الأحكام ۱۰۴/۴ رقم: ۷۰۲۳ دار الكتب العلمية بيروت)

مستفاد: ولو جعل الولاية لأفضل أولاده، وكانوا في الفضل سواء، تكون لأكبرهم سنًا. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الخامس في ولاية الوقف وتصرف القيم الخ ۴۱۱/۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۲/۲/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کا نظم چلانے والے عالم دین کے لئے حساب صاف رکھنا ضروری ہے

سوال (۴۹۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کسی عالم دین کو مکمل طور پر کوئی آراضی مدرسہ کے لئے مہیا کر کے ذمہ داری دی جائے کہ مدرسہ کا نظم چلانے لگیں تو اس کا حساب وکتاب بھی رکھنا کیا لازم ہے؟ اگر مولانا حساب نہ رکھیں اور حساب مانگنے پر وہ ناراض ہوں اور گروپ سازیاں کریں تو کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: عالم صاحب کو حساب مانگنے پر ناراضگی ظاہر نہیں کرنی چاہئے، اور بلا کسی جھجک کے حساب دینا چاہئے؛ بلکہ اُن کے لئے لازم ہے کہ حساب دکھلا کر ذمہ داران اور عام مسلمانوں کو مطمئن کردیں، اور بدگمانیوں کو دور کر کے اپنی پوزیشن صاف

Marfat.com

کرلیں۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۲/۲۱ میرٹھ)

"اتقوا مواضع التهم": ذكره فى الإحياء. وقال العراقي في تخريج أحاديثه: لم أجد له أصلاً، لكنه بمعنى قول عمر: "من سلك مسالك الظن، اتهم". رواه الخرائطي في مكارم الأخلاق: "من أقام نفسه مقام التهم، فلا يلومنّ من أساء الظن به". وروى الخطيب في المتفق والمفترق عن سعيد بن المسيب قال: وضع عمر بن الخطاب ثماني عشرة كلمةً ..... ومن عرض نفسه للتهمة، فلا يلومنّ من أساء به الظن. (كشف الخفاء، الهمزة مع التاء المثناة ۱/۴۵ رقم لحديث: ۸۸ دار إحياء لتراث العربي بيروت)

لا تلزم المحاسبة في كل عام، ويكتفي القاضي منه بالإجمال لو معروفًا بالأمانة، ولو متهمًا، يجبره على التعيين شيئًا فشيئًا، ولا يحبسه بل يهدده، ولو اتّهمه يحلفه. (الدر المختار / كتاب الوقف ۴/۴۴۸ كراچی، ۶/۶۶۹ زكريا، وكذا في البحر الرائق / كتاب الوقف ۵/۴۰۷ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۰/۲/۱۴۲۴ھ
الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

خیانت کرنے والے ناظم کے ساتھ عوام کیا سلوک کرے؟

سوال (۴۹۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: عوام الناس کی عام میٹنگ سے ۲/مرتبہ مہلت دی گئی، وقت معہود پر سکریٹری نے مدرسہ کی رقم جمع نہیں کی، اَب از روئے شرع عوام الناس کو اُس کے ساتھ کیا سلوک وبرتاؤ کرنا چاہئے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو ناظم خیانت کا مرتکب ہو، اُسے اِس ذمہ داری سے معزول کردینا چاہئے۔

عن الخصاف: أن له عزله أو إدخال غيره معه ومقتضاه إثم القاضي

Marfat.com

بتركه، والإثم بتولية الخائن ولا شك فيه. (شامي، كتاب الوقف / مطلب يأثم بتولية الخائن ٦/٥٧٨ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمانِ منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۶/۱۱/۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

صحیح

صحیح حساب نہ دینے والے منتظم کو مدرسہ سے نکالنا؟

سوال (۴۹۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید مدرسہ میں صحیح حساب نہیں دیتا ہے، اور مدرسہ کے ذمہ داران اُس کو ہٹانا چاہتے ہیں، اور یہ شخص مدرسہ سے ہٹنا نہیں چاہتا، شرعاً اُس کا کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ قوم کی اَمانت ہے، اُس کا حساب زید کو دینا چاہئے؛ البتہ اگر بلا کسی وجہ شرعی کے لوگ اُس سے ناراض ہوں، تو اُس پر مدرسہ چھوڑنا لازم نہیں ہے۔

عن أبي أمامة رضي اللّٰہ عنه قال: قال رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم: يطبع المؤمن على الخلال كلها، إلا الخيانة والكذب. (مشكاة المصابيح / باب حفظ اللسان والغيبة والشتم، الفصل الثالث ٢/٤١٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۳/۲/۶ھ

رسیدیں غصب کرنے والے کو مدرسہ کا ذمہ دار بنانا کیسا ہے؟

سوال (۴۹۵):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جس مدرس یا سفیر نے مدرسہ کی رسیدیں غصب کر دی ہوں، پھر اُس کو مدرسہ میں رکھنا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: خائن شخص کو مدرسہ کی ذمہ داری دینے سے مہتمم گنہگار ہوگا۔

Marfat.com

ولا يولى إلا أمين قادر بنفسه أو بنائبه؛ لأن الولاية مقيدة بشرط النظر، وليس من النظر تولية الخائن؛ لأنه يخل بالمقصود. (شامي، كتاب الوقف / مطلب في شروط المتولي ٥٧٨/٦ زكريا، ٣٨٠/٣ كراچى، البحر الرائق ٣٧٨/٥ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبه: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرله ۱۴۱۶/۱۱/۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

دوسرے کو واقف کی رضامندی کے بغیر مدرسہ کا مشرف بنادیا؟

سوال (۴۹۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص نے مدرسہ کی زمین وقف کی، پھر جب مدرسہ چل پڑا تو اُس نے ایک کمیٹی بنادی اور خود تاحیات رکن ہونے کی شرط لگائی، تو کیا اَب کمیٹی کے دیگر اَرکان کو اس بات کا حق حاصل ہے کہ وہ اس واقف کی رضامندی کے بغیر دوسرے لوگوں کو مشرف اور نگراں بنائیں، حالاں کہ واقف نے زمین بطور وقف دی اور مدرسہ کا کافی حصہ بنایا تھا اور بنیاد ڈالی تھی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اُوپر سوال سے واضح ہے کہ واقف نے صرف اپنی رکنیت کی شرط لگائی تھی؛ لیکن یہ شرط مذکور نہیں ہے کہ وہ خود ہمیشہ کے لئے نگراں رہے گا یا بغیر اس کی رضامندی کے کسی کو نگراں نہیں بنایا جائے گا، پس اگر واقعہ ایسا ہی ہے تو ذمہ دارانِ مدرسہ کا دیگر لوگوں کو مدرسہ کا رکن یا ذمہ دار بنانے میں واقف کی رضامندی حاصل کرنا ضروری نہیں؛ البتہ واقف کو بحیثیتِ رکن صرف مشورہ دینے کا حق حاصل ہے، اپنے مشورہ کو منوانے کا حق نہیں ہے۔

(مستفاد: فتاویٰ دار العلوم دیوبند ۲۰۱/۱۳)

عن ابن عباس رضي الله عنهما قال: لما نزلت هذه الآيةُ: ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ الآية، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أما إن الله ورسوله غنيان عنهما ولكن جعلها الله رحمةً لأمتي، فمن شاور منهم لم يعدم رُشدًا ومن ترك

Marfat.com

المشورةَ منهم لم يعدم عناءً. (رواه البيهقي في شعب الإيمان / باب في الحكم بين الناس ٧٦/٦، الأحاديث المنتخبة في الصفات الست ص: ٣٧٦ رقم: ١٣٩٣)

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم المخالفة ٤٣٣/٤-٤٣٤ كراچی، ٦٤٩/٦ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ٣٠٥/١ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ١٢٦/١ المكتبة الميمنية مصر)

ثم ذكر عن التاتارخانيه ما حاصله أن أهل المسجد لو اتفقوا على نصب رجل متوليًا لمصالح المسجد فعند المتقدمين يصح. (شامي / مطلب: الأفضل في زماننا نصب المتولي بلا إعلام القاضي وكذا وصي اليتيم ٦٣٤/٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۷/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

شوریٰ کی شرعی حیثیت

سوال (۴۹۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کی شوریٰ امرہم شوریٰ کے تحت مدرسوں میں بنائی جاتی ہے، شوریٰ مدرسہ کے فیصلے اساتذہ وملازمین کا تقرر وتعزل کرتی ہے، حسبِ شوریٰ کے فیصلے قابلِ عمل ہے یا نہیں؟ ﴿وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِى الْاَمْرِ مِنْكُمْ﴾ حکم خداوندی کے تحت کیا ناظم اور مہتمم مدرسہ اولی الامر ہیں، اُس کی اِطاعت ملازمین ومدرسین پر فرض ہے؟ شوریٰ کی اطاعت ضروری ہے یا مہتمم اور ناظم اور امیر کی؟ شوریٰ برخاست کی جاسکتی ہے تو کون کرسکتا ہے؟ امیر کو شوریٰ برخاست کرسکتی ہے یا شوریٰ کو امیر؟ امیر کا مرتبہ بڑھا ہوا ہے یا شوریٰ کا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو مدارس شورائی نظام پر قائم ہیں، اور اُن کے باقاعدہ

Marfat.com

دستور اور اُصول وضوابط مقرر ہیں، اُن میں شوریٰ کو ہیئتِ حاکمہ کی حیثیت حاصل ہوتی ہے، اور مہتمم اور دیگر اساتذہ وملازمین سب شوریٰ کے ملازم ہوتے ہیں، اور وہ سب عرفی اعتبار سے شوریٰ کی حاکمیت تسلیم کرتے ہیں؛ لہٰذا ایسے مضبوط شورائی مدارس میں شوریٰ کا حکم ماننا آئینی اور دستوری اعتبار سے لازم ہے، اور شوریٰ کے حکم کی روگردانی کسی کے لئے جائز نہیں ہے۔ (مستفاد تحریر حضرت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی وتاریخ شاہی نمبر ندائے شاہی ۷)

عن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده رضي اللّٰه عنه أن رسو ل اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: الصلح جائز بين المسلمين إلا صلحًا حرّم حلالاً أوأحلّ حرامًا، والمسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالاً أو أحل حرامًا.

(سنن الترمذي، أبواب الأحكام / باب ما ذكر عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم في الصلح بين الناس ۱/۲۵۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۱۱/۱۴۳۳ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کیا اَراکینِ شوریٰ صدر وسکریٹری کو معزول کر سکتے ہیں؟

سوال (۴۹۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید وبکر کسی مجلسِ شوریٰ/ کمیٹی کے صدر وسکریٹری ہیں، جس کے اَرکان کی قطعی اکثریت نے نااہلی بے ایمانی وبدعنوانی کی وجہ سے عدمِ اعتماد کی بنیاد پر اُن لوگوں کو ان کے عہدے سے ہٹادیا، ایسی صورت میں زید وبکر کو شرعاً زبردستی اپنے عہدوں پر برقرار رہنے کا حق ہے؟ اگر زید وبکر اس سلسلہ میں زور وزبردستی کرتے ہیں اور اِس سے ملت کا نقصان ہوتا ہے، تو شرعاً اُن سے مؤاخذہ کی کیا صورت ہوگی؟ اور ایسے لوگ کیا کہے جائیں گے؟ کسی الزام کے بغیر بھی اگر ممبران مجلس شوریٰ/ کمیٹی کی قطعی اکثریت کسی شخص کو اس کے عہدے سے ہٹاتی ہے یا تبدیلیاں کرتی ہے، تو شخص مذکور کا اس سلسلہ میں کیا رویہ ہونا چاہئے؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اِس معاملہ میں مذکورہ اِدارہ کے دستور کے مطابق عمل کیا جائے گا، اگر دستور میں اراکینِ شوریٰ کو صدر وسکریٹری کو معزول کرنے کا اختیار ہو تو اُن کے معزول کرنے سے یہ دونوں عہدہ دار اپنے عہدہ سے برطرف ہو جائیں گے، اور زبردستی انہیں عہدے پر بنے رہنے کا حق نہ ہوگا، اور اگر دستور اِس کے برخلاف ہو تو اس کے مطابق عمل کیا جائے گا، اور سبھی ادارے کے ملازمین کو چاہئے کہ وہ من مانی کے بجائے ادارے کے دستور کی پابندی کریں، اور ملت میں انتشار کا سبب نہ بنیں۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ﴾ [آل عمران، جزء آیت: ۱۵۹]

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ﴾ [الشوریٰ، جزء آیت: ۳۸]

لا خلافة إلا عن مشورة. (مستفاد: معارف القرآن ۲۲۴/۲)

عن حذيفة رضي اللّٰہ عنه قال: سمعت رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم يقول: من فارق الجماعة واستذلَّ الإمارةَ، لقي اللّٰہ ولا وجه له عندهُ. (المسند للإمام أحمد بن حنبل ۲۸۷/۵ دار الفكر بيروت، مجمع الزوائد / باب لزوم الجماعة ۲۲۲/۵ دار الكتاب العربي، الأحاديث المنتخبة في الصفات الست ص: ۳۸۰ رقم: ۱۴۱۲)

قال رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم: أيها الناس عليكم بالجماعة وإياكم والفرقة ثلاث مرات. (المسند للإمام أحمد بن حنبل ۳۷۰/۵، مجمع الزوائد / باب: لزوم الجماعة وطاعة الأئمة ۲۱۷/۵)

عن عبد اللّٰہ بن مسعود رضي اللّٰہ عنه أنه قال: يا أيها الناس! عليكم بالطاعة والجماعة؛ فإنها حبل اللّٰہ الذي أمر به، وإن ما تكرهون في الجماعة خير مما تحبون في الفرقة. (مجمع الزوائد / باب لزوم الجماعة وطاعة الأئمة ۲۲۲/۵)

عن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده رضي اللّٰہ عنه أن رسول اللّٰہ

Marfat.com

صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال:..... والمسلمون علی شروطهم إلا شرطا حرم حلالاً أو أحل حرامًا. (سنن الترمذي، أبواب الأحكام / باب ما ذكر عن النبي صلى الله عليه وسلم في الصلح بين الناس ۱/۲۵۱، المعجم الكبير للطبراني ۱۷/۲۲ رقم: ۳۰) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۳/۱۱/۱۴۳۲ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مہتمم مدرسہ کا کمیٹی اور شوریٰ کے بغیر مدرسین کی تنخواہ بڑھانا؟

سوال (۴۹۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا مہتمم مدرسہ کو بغیر کمیٹی کے مشورہ کے ملازمین کی تنخواہ بڑھانے کا جواز ہے یا نہیں؟
باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مہتمم کو اگر کمیٹی نے اختیار دے رکھا ہے تو مہتمم کو اِضافہ تنخواہ کا فیصلہ کرنے کی شرعاً اجازت ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۲/۲۰۷، ۱۴/۱۲۸ قدیم زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۰/۲/۱۴۲۲ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مہتمم اور کمیٹی کے مشورہ کے بغیر مدرسین کا اَز خود تنخواہ بڑھانا؟

سوال (۵۰۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کی ایک باضابطہ بااختیار تقریباً بیس اَرکان پر مشتمل ایک کمیٹی ہے، کیا مدرسہ کے اَساتذۂ کرام کو خود اپنی تنخواہ بڑھانے کا جواز ہے، اگر بغیر مہتمم مدرسہ اور بغیر کمیٹی کے مشورہ کے تنخواہ بڑھالی ہے اور وہ اُنہوں نے خود مدرسہ کے فنڈ سے ادا کرلی ہے، تو یہ بڑھائی ہوئی تنخواہ لوٹانا ضروری ہے یا نہیں؟
باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: کمیٹی کے سرگرم اور بااختیار ہونے کی حالت میں

Marfat.com

اگر چہ اساتذہ کو خود اپنی تنخواہ بڑھانے کی اِجازت نہیں ہے؛ لیکن اگر کمیٹی کے ارکان کسی استاذ یا مہتمم کو مکمل اختیار دے دیں، اور وہ اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے تنخواہ بڑھائیں اور اُن کے اِس عمل پر کمیٹی کے اَرکان نکیر نہ کریں؛ بلکہ خاموش رہیں یا توثیق کریں، تو یہ اضافہ کرنا شرعاً جائز ہوگا۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۲/۲۰۷، ۱۴/۱۲۸)

ثم ما هو أقرب إلى العمارة، وأعم للمصلحة كالإمام للمسجد والمدرس للمدرسة، يصرف إليهم إلى قدر كفايتهم. (شامي، كتاب الوقف / مطلب يبدأ العمارة بما هو أقرب إليها ٤/٣٦٧ كراچی، ٦/٥٦٠ زكريا، البحر الرائق / كتاب الوقف ٥/٢١٣ كوئٹه، ٥/٣٥٦ زكريا، منحة الخالق على البحر الرائق ٥/٢١٣ كوئٹه)

وسائر التصرفات لمن يتولىٰ. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الوقف / مطلب لا يستبدل العامر إلا في أربع ٦/٥٨٩ زكريا)

والنائب مثل الأصيل. (شامي / مطلب فيما إذا شرط المعلوم لمُباشرة الإمامة لا يستحق المستنيب ٦/٦٣٢ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۰/۲/۱۴۲۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ممبرانِ شوریٰ کی عدمِ موجودگی میں مہتمم یا کسی ایک رکن کا تجویز پاس کرنا؟

سوال (۵۰۱): -کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مہتمم مدرسہ اور ایک رکن شوریٰ نے ایک تجویز منظور کی، کیا اِن دو کی منظور کردہ تجویز قابلِ عمل ہے یا نہیں؟ جب کہ ارکانِ شوریٰ کی تعداد تقریباً بیس ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر مذکورہ تجویز بعد میں دیگر اراکینِ شوریٰ منظور کریں

Marfat.com

تو وہ قابلِ عمل ہے۔(مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۲/۲۰۷، ۱۴/۱۲۸)

قال تعالیٰ: ﴿وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ﴾ [الشوریٰ، جزء آیت: ۳۸] فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۰/۲/۱۴۲۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اہلِ مدرسہ کا مدرس سے ہر ماہ سہ روزہ جماعت میں جانے کی شرط لگانا؟

سوال (۵۰۲):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بندہ ایک مدرسہ میں درجہ حفظ کا مدرس ہے، بندہ کو تین ہزار روپئے تنخواہ ملتی ہے، اہلِ کمیٹی نے یہ شرط لگائی ہے کہ آپ کو ہر تین مہینے میں تین روز کے لئے تبلیغی جماعت میں ضرور جانا ہوگا، جس کا خرچ سو روپئے ہے، تو کیا یہ شرط اہلِ کمیٹی کی جائز ہے؟ جب کہ بندہ مدرسہ کی مسجد میں اِمامت بھی کرتا ہے، اللہ کے فضل سے نماز بھی فوت نہیں ہوتی، حضرت والا سے گذارش ہے کہ مفصل جواب تحریر فرمادیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر آپ نے ملازمت قبول کرتے وقت کمیٹی کی مذکورہ شرط قبول کرلی تھی، تو اس کی پابندی کرنا لازم ہے، اور اگر تقرر کے وقت یہ شرط نہیں لگائی تھی تو اَب آپ کی رضامندی کے بغیر کمیٹی والوں کی طرف سے یہ شرط آپ پر لاگو نہیں کی جاسکتی، خلاصہ یہ کہ اِس معاملہ کا مدار آپ کے راضی ہونے یا نہ ہونے پر ہے۔

عن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده رضي اللّٰه عنه أن رسو ل اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال:..... والمسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالاً أو أحل حرامًا. (سنن الترمذي، أبواب الأحكام / باب ما ذكر عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم في الصلح بين الناس ۱/۲۵۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۹/۳/۱۴۲۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

کیا مہتمم مدرس کو عام راستہ پر ڈانٹ سکتا ہے؟

سوال (۵۰۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا مدرسہ کا مہتمم جیسا کہ عام دیہاتوں میں ہوتا ہے، یا پڑھے لکھے مہتمم مدرسہ کے کسی مدرس (حافظ ہو یا عالم) کو عام راستہ پر مدرسہ کے ایسے کام کے لئے جس سے مدرسہ کا کوئی فائدہ نہ ہو، یا ایسے کام کے لئے جس سے مدرسہ کا فائدہ ہو، عام راستہ پر عام نوکروں کی طرح سے ڈانٹ ڈپٹ، کر سکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہتمم چاہے اَن پڑھ ہو یا پڑھے لکھے ہوں، اُن کے لئے کسی بھی مدرس کو عام راستہ پر ڈانٹ ڈپٹ کرنے کی اِجازت نہیں ہے؛ اس لئے کہ اس سے مدرس کی تحقیر لازم آتی ہے جو کہ ممنوع ہے؛ البتہ اگر مدرس قانون کی خلاف ورزی کرے تو تنہائی میں اسے تنبیہ کی جاسکتی ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۲۴۲/۱۷)

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ﴾ [الأعراف، جزء آیت: ۱۹۹]

قال تعالیٰ: ﴿وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا﴾ [المزمل: ۱۰]

عن أبي هريرة رضي اللّٰہ عنه قال: قال رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم: كل المسلم على المسلم حرام ماله وعرضه ودمه. (سنن أبي داؤد)

حسب امرئٍ من الشر أي يكفي امرأ من الشر في دينه أن يحقر أخاه المسلم أي يعده حقيراً ذليلاً. (بذل لمجهود / باب الرجل يذب عن عرض أخيه ۲۹۲/۱۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۴/۱۴۱۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مہتمم کا تعلیم میں کوتاہی کو دیکھ کر مدرس کا اخراج کرنا؟

سوال (۵۰۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: مُہتمم مدرسہ کو تعلیم میں کوتاہی ہوتے ہوئے مدرس کو برطرف کرنے کا اور اُس کی جگہ اُس سے بہتر مدرس رکھنے کا حق حاصل ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ مدرسہ میں اگر باضابطہ شوریٰ یا کمیٹی موجود ہے، اور اُس نے مدرسین وملازمین کے لئے عزل ونصب کا ضابطہ بنا رکھا ہے، تو اُسی ضابطہ کے مطابق عمل کیا جائے گا، اگر ضابطہ میں مہتمم کو عزل ونصب کا حق دیا گیا ہے، تو اُسے برطرفی کا اختیار ہوگا ورنہ نہیں، اور اگر مدرسہ میں کوئی کمیٹی وغیرہ نہیں ہے؛ بلکہ خود مہتمم ہی با اختیار ہے تو اس کو بہر حال کسی بھی ملازم کو رکھنے یا برطرف کرنے کا اختیار حاصل ہے۔

عن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده رضي اللّٰه عنه أ· رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال:..... والمسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالاً أو أحل حرامًا. (سنن الترمذي، أبواب الأحكام / باب ما ذكر عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم في الصلح بين الناس ۱/۲۵۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۲/۱۰/۱۴۲۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کے مہتمم کا مدرسہ کے مکان میں بغیر کرایہ کے رہنا؟

سوال (۵۰۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مکتب ہے جس میں صرف مقامی غیر امدادی طلبہ تعلیم حاصل کرتے ہیں، مکتب کی نصف عمارت میں مکتب کے مہتمم کا قیام ہے، جو بغیر کرایہ کے مدرسہ کی عمارت میں رہتے ہیں، اور دوکان کرتے ہیں، کوئی کرایہ مدرسہ کو نہیں دیتے، اور مدرسہ سے معقول تنخواہ لیتے ہیں، صرف مکتب کا اہتمام اور ایک گھنٹہ انگریزی وغیرہ کا پڑھاتے ہیں، کیا ایسے مہتمم کو مدرسہ کی عمارت میں بغیر کرایہ رہنے اور اس طرح معقول تنخواہ لینے کی اجازت ہے؟ مدرسہ میں طلبہ کی بڑھتی ہوئی تعداد کے پیشِ نظر مدرسہ کو

Marfat.com

عمارت کی شدید ضرورت بھی ہے، کیا مدرسہ کی ضرورت کو پس پشت ڈال کر کرایہ دے کر یا بغیر کرایہ مدرسہ کی عمارت میں رہنے کا جواز ہے؛ لیکن یہ بات واضح رہے کہ مدرسہ کی کافی آمدنی مہتمم صاحب موصوف ہی کے وسیلے سے ہے، اگر مہتمم صاحب سبک دوش ہوجائیں، تو ظاہر ہے کہ اسباب میں مدرسہ کی آمدنی کم ہوجائے گی، کیا اس مصلحت کے پیشِ نظر ایسے مہتمم کے لئے عمارت مدرسہ میں قیام اور تنخواہ لینے کی اجازت ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ کے ضابطہ کے مطابق اہلِ شوریٰ کی اجازت سے مدرسہ کے مہتمم کے لئے مدرسہ کی عمارت میں بقدرِ ضرورت بلا کرایہ قیام کرنے کی گنجائش ہے، اور مکتب کی ضرورت کو پس پشت ڈال کر ان کا نصف عمارت میں بلا کرایہ قیام کرنا بالکل ناجائز ہے، مہتمم صاحب کو چاہئے کہ وہ طلبہ کی بڑھتی ہوئی تعداد کو دیکھ کر ان کا خیال رکھیں اور مدرسہ میں طلبہ کے لئے عمارت کا بندوبست کریں، جس سے کہ طلبہ اپنی تعلیم میں یکسوئی کے ساتھ مشغول رہیں، طلبہ اور مدرسہ کی مصلحت ہمیشہ ہمیش پیشِ نظر رہنی چاہئے۔

للحاكم الدين أن يصرف من فاضل وقف المصالح والعمارة إلى الإمام والمؤذن باستصواب أهل الصلاح من أهل المحلة إن كان الوقف متحدًا؛ لأن غرضه إحياء وقفه، وذلك يحصل بما قلنا. (شامي، كتاب الوقف / مطلب في نقل أنقاض المسجد ٤/ ٣٦٠ كراچی، ٦/ ٥٥١ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۱۰/۳/۱۴۱۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مہتمم کیلئے مدرسہ میں دفن ہونے کی وصیت کرنا کیسا ہے؟

سوال (۵۰۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص ایک مدرسہ کے مہتمم کئی سال تک رہے اور وہ بوڑھے ہو چکے ہیں، اَب وہ یہ

Marfat.com

وصیت کرنا چاہتے ہیں کہ میرے مرنے کے بعد میری قبر مدرسہ ہی میں بنے اور مجھے مدرسہ میں دفن کیا جائے، تو کیا یہ درست ہے؟

کیا کسی مدرسہ کے مہتمم کو ایسی وصیت کرنا اور مدرسہ کی زمین میں دفن ہونا جائز ہے؟ اگر بعد والوں نے اس پر عمل کیا اور مدرسہ میں دفن کر دیا تو گناہ ہوگا یا نہیں؟ اگر گناہ و ناجائز ہے تو قصوروار کون ہے؟ موصی یا تدفین کرنے والے رشتہ دار؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہتمم کے لئے اِس طرح کی وصیت کرنا صحیح نہیں ہے، اور نہ اس وصیت پر عمل کرنا جائز ہے، چوں کہ اِس میں مدرسہ کے حق کا ابطال لازم آتا ہے، اِس وصیت پر عمل کرنے کی شکل میں وصیت کرنے والا اور دفن کرنے والے سب گنہگار ہوں گے؛ اِس لئے کہ اس میں مدرسہ کے لئے وقف شدہ زمین کو ناحق استعمال کرنا ہے۔ (فتاویٰ دار العلوم دیوبند ۴۰۸/۵)

على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة والعرف يصلح مخصصًا ٦٦٥/٦ زكريا، ٤٤٥/٤ كراچی)

رجل أوصىٰ بأن يدفن في داره، قال أبو القاسم: هٰذه الوصية باطلة. (خانية على الهندية / فصل فيما يكون وصية وفيما لا يكون ٤٩٤/٣)

أوصى بأن يصلى عليه فلان فهي باطلة، وجه البطلان أن إبطال حق الولي في الصلاة. (شامي / كتاب الوصايا ٦٩٠/٦ دار الفكر بيروت، ٣٦١/١٠ زكريا)

ولو أوصى بأن يصلي عليه فلان فقد ذكر في العيون أن الوصية باطلة، وفي الفتاوىٰ العتابية وهو الأصح، وفي نوادر ابن رستم أنها جائزة، ويؤمر بأن يصلى عليه والفتوىٰ على ما ذكر في العيون. (الفتاوىٰ التاتارخانية ٥١/٢٠ رقم: ٣٢٤٥٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۴/۱۴۱۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مدرسہ کے صحن میں مہتمم مدرسہ کی تدفین؟

سوال (۵۰۷):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک بستی میں علم دین کی اِشاعت اور اُس سے متعلق اُمور کو انجام دینے کے لئے کچھ ذمہ دار لوگوں نے عام مسلمانوں کے مالی تعاون اور چندہ سے ایک ادارہ بنانا طے کیا، جس کی تکمیل کے لئے بطور اَمین ومہتمم زید کو منتخب کیا، پھر اِس اِدارہ کے وجود وبقاء وترقی کے لئے زکوٰۃ، خیرات، صدقات اور چرمِ قربانی وغیرہ مدات کی رقم زید کے حوالہ کرتے رہے، زید کی کاوش کو دیکھتے ہوئے اِدارہ کے فنڈ سے ماہانہ تنخواہ بھی ملتی رہی، اِس طرح عوام کے مالی تعاون سے آراضی خرید کر اس پر عمارت بنائی گئی، اِس کے بعد کام کی ترقی اور اِنتظامی اُمور پر قابو پانے کے لئے سات یا آٹھ افراد پر مشتمل ایک رجسٹرڈ کمیٹی بنائی گئی اور با قاعدہ مدرسہ کے آمد وخرچ کی سالانہ رپورٹ روئیداد کی شکل میں شائع ہوتی رہی۔

چناں چہ ۱۹۹۴ء کی روئیداد میں مہتمم نے لکھا کہ یہ اِدارہ میرے استاذ وشیخ نے ۱۳۷۶ھ میں قائم کیا تھا، اِس کے کچھ وقت بعد مشاہیر علماء ہند نے اِدارہ کا معائنہ کرتے وقت اپنے تأثرات میں لکھا کہ اِس اِدارہ کے قیام کے سلسلہ کی تاسیس (بنیاد) مہتمم کے استاذ نے فرمائی، مہتمم نے اِدارہ کی مزید دیکھ بھال کے لئے اِس قومی اِدارہ کے زائد از ضرورت کمروں میں اپنی واہل خانہ کی رہائش اختیار کرلی، یہاں تک کہ بتدریج ممبرانِ ادارہ انتقال کر گئے، کچھ عرصہ کے بعد مہتمم کا بھی انتقال ہوگیا، اور اُن کے متعلقین نے یہ کہہ کر کہ مہتمم کی وصیت ہے اُن کو علاقہ کے ذاتی ومشترکہ قبرستان کو چھوڑ کر اِس ملی اِدارہ کے درمیان صحن میں بوقتِ شب دفن کر دیا اور یہ بھی اعلان کر دیا کہ مہتمم کی وصیت کے مطابق اُن کی اَہلیہ کو بھی انتقال کے بعد اِدارے کے صحن میں دفن کیا جائے گا۔

حضرت والا اِس عمل سے بستی کے مسلمانوں کی اکثریت میں بے چینی اور تشویش ہے کہ اُن کے پیش کردہ ثبوت سے کہیں مستقبل میں ہزاروں متولیانِ مساجد ومنتظمینِ مدارس کو عوامی جائیدادوں میں اپنی ومتعلقین کی قبریں بنانے کا سلسلہ وار موقع نہ مل جائے، چناں چہ اس ادارہ کے معاونین

Marfat.com

نے بلا تاخیر رجسٹری آفس میں سرکاری بیع نامہ کا معائنہ کیا، تو اُس میں لکھا تھا کہ یہ گیارہ سو گز آراضی اِدارہ کو فروخت کی گئی جس کا مہتمم وبانی ''زید'' ہے۔

اِن حالات میں ضرورت پیش آئی کہ آپ سے معلوم کیا جائے کہ زید کی وصیت اور اُس کے متعلقین کا اِس پر عمل کرنے کے بارے میں شریعتِ اسلامیہ کا کیا حکم ہے؟ اگر یہ عمل ناجائز ہو تو اِس مہلک رسم کے خاتمہ کے لئے زید کے جسد خاکی کو ملی اِدارے کی آراضی میں ہی مدفون رکھا جائے یا احتیاط کے ساتھ قبرستان میں منتقل کیا جائے؟ اور آئندہ مہتمم کی زوجہ کو انتقال کے بعد اِدارہ کے صحن میں بلا کسی کراہت کے دفن کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ زمین مدرسہ کے نام پر وقف کی گئی ہے؛ لہٰذا اُس میں مہتمم کی تدفین منشاء واقف کے خلاف ہونے کی وجہ سے جائز نہیں ہے؛ لیکن حسبِ تحریر سوال چوں کہ وہاں تدفین ہو چکی ہے، تو اَب قبر منتقل کرنے میں چوں کہ فتنہ کا بڑا خطرہ ہے، اِس لئے اُسے علی حالہ چھوڑ دیا جائے اور ایسا انتظام کیا جائے کہ آئندہ کوئی اور تدفین نہ ہو سکے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۵-۳۰/۳۲۲ ڈابھیل)

اور مذکورہ مہتمم صاحب کی اہلیہ کو مدرسہ کے اِحاطہ میں دفن کرنا جائز نہیں ہے، اور اس سلسلہ میں کسی کی وصیت کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم لمخالفة ٤/٤٣٣-٤٣٤ كراچی، ٦/٦٤٩ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفرائد: ١/٣٠٥ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوى الحامدية ١/١٢٦ المكتبة الميمنية مصر) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۳/۱۱/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مدرسہ کے قوانین وضوابط

تنخواہ دار مدرس وملازم کا مدرسہ کا کھانا کھانا؟

سوال (۵۰۸):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہم مدرسین مدرسہ ایک مدرسہ میں تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں، اور ہمارے مدرسہ کے ذمہ داران نے ہمیں یہ کہہ کر ہمارا تقرر کیا ہے کہ قیام وطعام کی سہولت کے ساتھ ساتھ آپ کو ۳۵۰۰ روپئے تنخواہ ملے گی۔ اَب سوال یہ ہے کہ چاول، دال، آٹا، تیل اور مسالہ وغیرہ کی شکل میں لوگ زکوٰۃ ادا کرتے ہیں، کیا ہم وہ اشیاء استعمال کر سکتے ہیں؟ ہمارے لئے اس کا کھانا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ اگر جائز ہے تو قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں؟ اگر ناجائز ہے تو کیا اس کے جواز کی کوئی شکل وصورت ہے، جس حیلہ کو اپنا کر شرعاً درست کیا جاسکے؟ اسی طرح ہمارے مدرسہ میں صدقہ کا بکرا یا دیگر اشیاء مثلاً کوئی لڑکا بیمار ہے تو اس کی جانب سے اس کی صحت یابی کے لئے بکرا وغیرہ دیا جاتا ہے، کیا اس بکرے کا گوشت ہم اساتذہ استعمال کر سکتے ہیں؟
باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ۔

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زکوٰۃ کے مال میں سے تنخواہ دار ملازم کو کھانا جائز نہیں ہے، ایسے ملازمین کے لئے مدرسہ کے امدادی فنڈ سے الگ سے کھانے کا نظم کرنا چاہئے اگر صورت نہ ہو تو مجبوری میں دو طریقے اپنائے جاسکتے ہیں:

الف:- ایک طریقہ یہ ہے کہ باقاعدہ تملیکِ شرعی کے بعد ہی مدرسہ کا کھانا تیار کرایا جائے؛ تاکہ مکمل کھانا امدادی مد سے ہوجائے۔

ب:- دوسری شکل یہ ہے کہ ہر ملازم کی طرف سے من جانب مدرسہ ہر مہینے امدادی فنڈ

Marfat.com

سے خورا کی رقم مطبخ میں جمع کی جائے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ وَمَنْ كَانَ فَقِيرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوفِ﴾ [النساء، جزء آیت: ٦]

ولا يعطى أجر الجزار منها؛ لأنه كبيع. (الدر المختار ٤٧٥/٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۸/۱/۱۴۲۴ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کے اساتذہ کا بلا قیمت مدرسہ کا کھانا کھانا؟

سوال (۵۰۹):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کے اَساتذہ بلا قیمت مدرسہ سے کھانا لے سکتے ہیں یا نہیں؟ جب کہ تقرر ہوتے وقت طعام کی کوئی وضاحت نہیں ہوئی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زکوٰۃ کی رقم سے بنایا گیا کھانا اساتذۂ مدرسہ کے لئے بطور اجرت کھانا درست نہیں ہے؛ البتہ قیمت جمع کر کے کھا سکتے ہیں، خواہ خود جمع کریں یا مدرسہ اُن کی طرف سے امدادی فنڈ میں سے جمع کرے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ وَمَنْ كَانَ فَقِيرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوفِ﴾ [النساء، جزء آیت: ٦]

ولا يعطى أجر الجزار منها؛ لأنه كبيع. (الدر المختار ٤٧٥/٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱/۱۲/۱۴۲۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مدرسین کے لئے مخصوص کھانا بنانا؟

سوال (۵۱۰):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ:(۱)مدرسہ میں اُستاذوں کے واسطے مخصوص سبزی ترکاری بنانا جائز ہے یا نہیں؟

(۲) زید ایک مدرسہ میں اس شرط پر مدرس ہے کہ مدرسہ والے اس کو ۸۰۰/روپیہ ماہانہ تنخواہ دیں گے اور کھانا ناشتہ وغیرہ بھی دیں گے، کیا اب زید اپنے کھانے کے لئے یا ناشتہ وغیرہ مزید بنانے کے لئے مدرسہ کی چینی اور دیگر اشیاء مثلاً چاول، چنے وغیرہ لے کر استعمال کرسکتا ہے یا نہیں؟

(۳) اگر زید کا کوئی مہمان آجائے تو اس ناشتہ اور کھانے سے مہمان کو کھلا سکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اَساتذہ کے لئے الگ سے کھانا پکانا درست ہے، مگر یہ زکوٰۃ وصدقات کی رقم سے نہ ہونا چاہئے؛ بلکہ اس میں صرف اِمدادی رقوم ہی صرف کرنی چاہئیں۔

عن عائشة رضي اللّٰه عنها أنها قالت: أمرنا رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أن ننزل الناس منازلهم. (صحيح مسلم ٤/١ المقدمة)

عن ميمون بن أبي شبيب أن عائشة رضي اللّٰه عنها مرّ بها سائل، فأعطته كِسرةً، ومرّ بها رجل عليه ثياب وهيأة، فأقعدته فأكل، فقيل لها في ذٰلك، فقالت: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: أنزلوا الناس منازلهم. (سنن أبي داؤد، كتاب الأدب / باب في تنزيل الناس منازلهم ص: ٩٠٧ رقم: ٤٨٤٢ دار الفكر بيروت)

قال العلامة المناوي رحمه اللّٰه تعالىٰ: "أنزلوا الناس منازلهم": أي احفظوا حرمة كل أحد على قدره، وعاملوه بما يلائم حاله في دين وعلم وشرف، فلا سوّوا بين الخادم والمخدوم، والرئيس والمرؤوس؛ فإنه يورث عداوةً وحقدًا في النفوس ..... وقد عدّ الأسكري هٰذا الحديث من الأمثال والحِكَم، وقال: هٰذا مما ادّب به المصطفى صلى اللّٰه عليه وسلم أمته من إيفاء

Marfat.com

الناس حقوقَهم من تعظيم العلماء والأولياء وإكرام ذي الشيبة وإجلال الكبير وما أشبه. (فيض القدير شرح الجامع الصغير ٢٣٢٢/٥ رقم: ٢٧٣٥ مكتبة نزار مصطفى الباز رياض)

يصفّ الرجال: ظاهره يعم العبد ثم الصبيان، ثم الخناثىٰ ثم النساء. (الدر المختار) قوله: ظاهره يعم العبد: أشار به إلى أن البلوغ مقدم على الحرية، لقوله صلى اللّٰه عليه وسلم: لِيَلِنِي منكم أولوا الأحلام والنهي: أى البالغون. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الصلاة / باب الإمامة ٥٦٨/١-٥٧١ كراچى، ٣٠٩/٢-٣١٤ زكريا)

(۲) مسئولہ صورت میں جب کہ اُجرت میں روپئے کے علاوہ کھانا اور ناشتہ دینا بھی طے ہوا ہے، تو زید اہل مدرسہ کی اجازت سے اپنے کھانے وناشتہ کے لئے مدرسہ کا اِمدادی غلہ وغیرہ لے سکتا ہے۔

ثم الأجرة تستحق بأحد معان ثلاثة: إما بشرط التعجيل أو بالتعجيل أو باستيفاء المعقود عليه، فإذا وجد أحد هٰذه الأشياء الثلاثة فإنه يملكها. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الثاني في بيان أنه متى تجب الأجرة وما يتعلق به من الملك وغيره ٤١٣/٤)

(۳) اپنے حصہ کا جو کھانا وغیرہ اُسے ملا ہے، اس میں سے اپنے مہمان کو بھی کھلا سکتا ہے، مہمان کیلئے الگ سے بلا قیمت زیادہ لینا درست نہ ہوگا۔ (کذا تستفاد من العبارة السابقة) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۳/۲/۱۴۱۳ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کا کھانا مہتمم کے گھر اور گھر کا کھانا مدرسہ کے تنور پر پکانا؟

سوال (۵۱۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کے مہتمم کی مقررہ تنخواہ نہیں ہے، مقیم طلبہ کا کھانا وغیرہ اُس کی بیوی پکاتی ہے، اور کبھی تنور پر روٹی اور گھر پر سالن بنتا ہے، ایسی صورت میں کبھی مہتمم کے گھر کی روٹیاں تنور پر پک جاتی ہیں، اور سالن طلبہ کے سالن میں شامل کر کے پکالیا جاتا ہے، کیا مہتمم کو اتنا فائدہ حاصل کرنے کی گنجائش ہے؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مالی معاملات مجمل نہیں رہنے چاہئیں؛ بلکہ پوری دیانت کے ساتھ صاف صاف معاملات طے کرنے چاہئیں؛ لہٰذا جب مہتمم کے گھر کی روٹیاں مدرسہ کے تنور پر پکوائی جائیں، تو مہتمم کو چاہئے کہ اس کا مناسب معاوضہ مدرسہ میں جمع کرائے، اور جب مدرسہ کا سالن مہتمم کے گھر پکایا جائے تو اس کا مناسب عوض مدرسہ سے وصول کرلے، اور حتی الامکان گھر کا سالن مدرسہ کے سالن سے الگ پکایا جائے، اگر اس میں سخت دشواری ہو تو صحیح حساب لگا کر ساتھ میں بھی پکانے کی گنجائش ہے، مگر مہتمم کو بہر حال اس میں احتیاط کرنی لازم ہے؛ تاکہ وہ متہم نہ ہوسکے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَلَا تَأْكُلُوْا اَمْوَالَهُمْ اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا﴾ [النساء، جزء آیت: ٢] فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۸/۱/۱۴۲۴ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

نابینا اُستاذ کا طلبہ سے خدمت لینا؟

سوال (۵۱۲): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مدرسہ ہے جس میں بیرونی طلبہ رہتے ہیں، اور اس بستی کے ایک نابینا صاحب اکثر اس میں آتے جاتے رہتے ہیں، اور قیام بھی کرتے ہیں، نابینا صاحب اُن طلبہ کا حتی الامکان خیال رکھتے ہیں، مثلاً کھانے پینے کا خیال اور سیکھنے سکھانے کی بھی خدمت انجام دیتے ہیں، مثلاً سورتیں سکھانا اور دعائیں سکھانا، اگر یہ نابینا صاحب اُن طلبہ سے کوئی خدمت مثلاً اگر بال بنوانا ہے یا کوئی سامان خریدنا ہے، تو کیا ان طلبہ میں سے کسی کو اپنے ہمراہ لے جاسکتے ہیں؟ باوجود اس کے کہ نابینا صاحب کے خود بھی لڑکے ہیں، اور نابینا صاحب مدرسہ کے کوئی رکن بھی نہیں ہیں، تو اگر نابینا صاحب کا کام طلبہ بخوشی کردیتے ہیں، تو کیا اُن کا یہ کام لینا درست ہے یا نہیں؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: طلبہ اگر بخوشی اُن نابینا استاذ صاحب کی خدمت کرتے ہیں اور اس سے مدرسہ کے قوانین وغیرہ کی بھی کوئی خلاف ورزی نہیں ہوتی، تو اِس میں کوئی حرج نہیں؛ بلکہ یہ عمل موجبِ اجر وثواب ہے۔

عن أبي ذر رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: تبسمک في وجه أخيک صدقةٌ، وأمرک بالمعروف ونهيک عن المنکر صدقةٌ، وإماطة الأذىٰ والشوک والعظم عن الطريق لک صدقةٌ، وإفراغک من دلوک في دلو أخيک لک صدقةٌ، وزاد وعظهم وبصرک للرجل الردي البصر لک صدقةٌ. (رواه الترمذي وحسنه، وابن حبان في صحيحه، الترغيب والترهيب مكمل ص: ٥٧٢ رقم: ٤٠٩٤ بيت الأفكار الدوليه) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳/۲/۱۴۱۸ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

طالبِ علم سے سالانہ پیشگی فیس مکمل وصول کرنا؟

سوال (۵۱۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مدرسہ ہے جس میں طالبِ علم کے لئے داخلہ کے لئے یہ شرط ہے کہ ہر شروع سال میں ایک سال تک کی مکمل تعلیمی فیس جمع کرنی پڑے گی، اس کے بعد اگر طالبِ علم درمیان سال میں کبھی بھی مدرسہ چھوڑ کر کہیں جاتا ہے، تو بقیہ دنوں کی تعلیمی فیس واپس نہیں کی جائے گی، اِس شرط کی وضاحت داخلہ لینے والے سے شروع ہی میں کردی جاتی ہے، تو ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ تعلیمی فیس میں اُجرت وقت کی بنیاد پر نہیں لی جاتی ہے؛ بلکہ نفسِ تعلیم پر لی جاتی ہے؛ لہٰذا تعلیم چند دنوں کی ہو یا پورے سال

Marfat.com

کی ہو، اس کی فیس یکساں مقرر کرنے کی گنجائش ہے۔ بریں بناء اسے ماہانہ فیس کا نام نہ دیا جائے؛ بلکہ سالانہ فیس کا عنوان دیا جائے۔

وتستحق (الأجر) بإحدى معاني ثلاثة: إما بشرط التعجيل أو بالتعجيل من غير شرط. (الهداية / باب الأجر متى يستحق ٣/٢٩٤)

لا يستوجب الأجر قبل الفراغ إلا أن يشترط التعجيل؛ لما مرّ أن الشرط فيه لازم. (الهداية / باب الأجر متى يستحق ٣/٢٩٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری ۲۳/۷/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

طلبہ سے اَیامِ تعطیل کی فیس لینا؟

سوال (۵۱۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر کسی مدرسہ اور اِسکول وغیرہ میں عموماً دس مہینہ پڑھائی ہوتی ہے؛ لیکن ان کے ذمہ داران بچوں سے پورے بارہ مہینہ کی فیس لیتے ہیں، حالاں کہ چھٹی کے موقع پر اَساتذہ کو تنخواہ نہیں دی جاتی ہے۔ کیا شریعتِ اسلامیہ میں دو ماہ کی فیس جو زیادہ لی جاتی ہے، جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مدرسہ اور اِسکول کا ضابطہ یہ ہو کہ ایامِ تعطیل کی فیس بھی جمع کرنی پڑے گی؛ تاکہ طالبِ علم کی نسبت اور داخلہ اسکول میں برقرار رہے، تو ایسے اسکول میں ایامِ تعطیل کی فیس کا لین دین جائز ہے اور اگر کسی طالب علم یا اُس کے اَولیاء کو اِن ایام کی فیس دینے پر اتفاق نہ ہو، تو اپنے بچوں کو اس اسکول سے دوسری جگہ منتقل کر سکتے ہیں۔

عن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: الصلح جائز بين المسلمين إلا صلحًا حرّم حلالاً أو أحلّ حرامًا، والمسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالاً أو أحل حرامًا.

Marfat.com

(سنن الترمذي، أبواب الأحكام / باب ما ذكر عن لنبي صلى الله عليه وسلم في الصلح بين الناس ١/ ٢٥١)

أراد الحكم في المعلوم على نفس المباشرة، فإن وجدت استحق المعلوم وإلا فلا، هٰذا هو الفقه. قلت: ولا ينافي هٰذا ما مر من المسامحة بأسبوع ونحوه؛ لأن القليل مغتفر كما سومح بالبطالة المعتادة. (شامي، كتاب الوقف / مطلب فيما إذا قبض المعلوم وغاب قبل تمام السنة ٦/ ٦٣٠ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری ۱۴/۵/۱۴۳۵ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

طلبہ سے کھانے کی فیس جمع کر کے دسترخوان پر کھانے کا پابند بنانا؟

سوال (۵۱۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مدرسہ ہے جس میں دورۂ حدیث شریف تک کی تعلیم ہے، اس میں بالغ ونابالغ طلبہ زیر تعلیم ہیں، یہ طلبہ جب مدرسہ میں داخل ہوتے ہیں، تو اُن سے خورا کی فیس کہہ کر کھانے کی فیس متعینہ مثلاً تین سو روپئے ماہانہ وصول کی جاتی ہے، اگر طالبِ علم کی حیثیت کمزور ہوتی ہے اور وہ خورا کی فیس مکمل نہیں ادا کرسکتا ہے اور وہ مستحق زکوٰۃ ہے، تو اس کو مد زکوٰۃ سے رقم تملیکاً دے کر بقیہ خوار کی فیس وصول کی جاتی ہے، اور بچوں کو خورا کی فیس کے عوض کھانا مطبخ میں بیٹھا کر کھلایا جاتا ہے، کسی بچے کو کھانا مطبخ سے باہر لے جانے کی بالکل اِجازت نہیں ہے، ایک روٹی بھی باہر نہیں لے جاسکتا۔ اَب سوال یہ ہے کہ خورا کی فیس کے عوض مذکورہ طریقے سے کھلانے میں شرعاً کوئی حرج ہے یا نہیں؟

نیز ہر جمعہ کو تقریباً ایک تہائی بچے ایک دن یا زیادہ کھانا نہیں کھاتے، بعض بچے بیماری وغیرہ کی وجہ سے کم وبیش ایام کھانا نہیں کھاتے، اِس کے باوجود خورا کی فیس میں کوئی کمی نہیں ہوتی، تو شرعاً اس کا کیا حکم ہے؟ اُمید ہے کہ تشفی بخش جواب سے نوازیں گے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مسئولہ صورت میں لازم ہے کہ جن بچوں کو مطبخ میں

Marfat.com

کھانا کھلایا جاتا ہے، اُن کو تملیکاً کھانا ملنا چاہئے، نہ کہ اِباحۃً، اور اُن کو حق ہونا چاہئے کہ اپنے حصہ کا کھانا اگر بچ جائے تو اپنے ساتھ کمرے میں لاکر کھا سکتے ہیں؛ البتہ انتظامی ضرورت ہو تو ترغیب سے کام لیا جائے، اور رہ گیا جمعہ یا چھٹی کے دن کھانا نہ کھانا، یا دو ایک وقت کی بیماری کی وجہ سے کھانا نہ لینا، تو اُس میں فیس کی مقدار میں کمی کرنے کی ضرورت نہیں ہے؛ اِس لئے کہ اِن اوقات میں استحقاق موجود ہے؛ البتہ اگر بیماری یا رخصت طویل ہو تو یقیناً فیس میں کمی کرنی چاہئے۔

مستفاد: البيع في اللغة مطلق المبادلة، وفي الشرع: مبادلة المال المتقوم تمليكًا وتملكًا. (قواعد الفقه ٢١٢) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲/۸/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

غیر حاضری کرنے پر طلبہ کا کھانا بند کرنا؟

سوال (۵۱۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید ایک دینی مدرسہ کا مہتمم اور دارالاقامہ کا نگراں ہے، مذکورہ دینی مدرسہ میں دارالاقامہ (ہوسٹل) بھی ہے، جس میں بیرونی طلباء کھانا کھاتے ہیں، وہ زید سے چھٹی لے کر ہر پندرہ دن یا ایک ماہ میں گھر جاتے ہیں، ایک دو دن کی چھٹی پر پھر وہ کسی مجبوری یا اپنی مکاریوں کے سبب وقت پر پہنچنے میں ایک دو دن کی تاخیر کردیتے ہیں، تو مدرسہ کے مہتمم یا دارالاقامہ کے نگراں اس کا ایک دو وقت یا ایک دن دو دن کا کھانا بند کردیتے ہیں، اور دارالاقامہ سے اس کو کھانا نہیں دیا جاتا۔ ایسی صورت میں اگر طالب علم کے پاس پیسے ہوتے ہیں تو وہ ہوٹل وغیرہ میں کھانا کھالیتا ہے، اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ طالب علم کے پاس پیسے نہیں ہوتے اور وہ کئی وقت بھوکا رہتا ہے، اِس صورت میں مدرسہ کا مہتمم جواب دہ ہے یا نہیں؟ اور زید کا یہ عمل از روئے شرع کیسا ہے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں مفصل جواب عنایت فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بے اُصولی کرنے والے طلبہ کی تادیب کے لئے مدرسہ

Marfat.com

کی طرف سے کھانا بند کرنے کی سزا شرعاً درست ہے، اور اِس وقفہ میں مذکورہ طالب علم کہیں بھی کھائے یا نہ کھائے اس کا مدرسہ ذمہ دار نہیں۔ (مستفاد: امداد الفتاویٰ ۲/۵۴۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۰/۴/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

طلبہ سے غیر حاضری پر جرمانہ (فائن) لینا؟

سوال (۵۱۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں دستور ہے کہ اگر کوئی طالب علم یا طالبہ بغیر اطلاع یا بغیر عذر کے مدرسہ سے غیر حاضر ہو جائے، تو یومیہ کے حساب سے ۵۰/روپئے جرمانہ (فائن) لیا جاتا ہے، یہ فائن کی وصول شدہ رقم کی آمدنی بھی تنخواہوں میں شامل کر کے مدرسین کو دی جاتی ہے، تو کیا شرعاً یہ طریقہ درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سزا کے طور پر بچوں سے مالی جرمانہ لینے کی اِجازت نہیں ہے، یہ رقم اُنہیں واپس لوٹا دی جائے، اور اسے ملازمین کی تنخواہوں میں شامل کرنا درست نہیں ہے۔

والحاصل أن المذهب عدم التعزير بأخذ المال. (شامي / باب التعزير، مطلب في التعزير بأخذ المال ٤/٦١-٦٢ کراچی، ٦/١٠٦ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱/۷/۱۴۱۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اِسٹوڈینٹ کی عدمِ موجودگی میں ٹیچر کا حاضری لگانا؟

سوال (۵۱۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید کی اسکول میں استاذ کی حیثیت سے ملازمت لگی، اُس کو حکومت کی طرف سے دو سال ٹریننگ کرنی پڑتی ہے، اس میں اسکول کے ذمہ داروں کو ۷۰/فیصد حاضری دکھانی پڑتی ہے، لڑکے

Marfat.com

اسکول میں ٹریننگ کرنے بہت کم جاتے ہیں، زید کا بھی مہینے میں 3/45 کا اوسط آجاتا ہے، اسکول کے ٹیچر لڑکوں سے اکثر ماہانہ روپئے یا سامان پینٹ شرٹ، اور اس کے علاوہ دنیاوی سامان ہدیۃً یا رشوۃً دیتے رہتے ہیں، اُن کی عدمِ موجودگی میں دیگر حضرات (ٹیچرس) اُن کی حاضری لگا دیتے ہیں، کچھ لڑکوں کے تعلقات کی وجہ سے حاضری لگا دیتے ہیں، کچھ لڑکوں کی اس لئے کہ حاضری لگانی پڑتی ہے کہ ٹیچر سے اوپر سے پوچھتا چھ نہ ہو جائے، بہرحال اسکول میں زید موجود نہیں پھر بھی حاضری لگ جاتی ہے، کیا یہ جائز ہے یا ناجائز؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: غیر حاضری کے باوجود حاضری لگانے کی کارروائی خواہ استاذ کی طرف سے ہو، یا لڑکوں کی طرف سے قطعاً جھوٹ اور دھوکہ ہے، شریعت میں اس کی اجازت نہیں۔

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم .....، ثم قال: من غش فليس منا. (سنن لترمذي / باب ما جاء في كراهية لغش في البيوع ١/ ٢٤٥، سنن أبي داؤد ٢/ ٤٨٩، صحيح مسلم ١/ ٠ ٩٧، الترهيب والترغيب مكمل ٠ ٤ رقم: ٠ ٢٧٤ بيت الأفكار الدولية)

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: ألا لا تظلموا! ألا لا يحل مال امرء إلا بطيب نفس منه. (مشكاة المصابيح / باب الغصب والعارية، الفصل الثاني ٢٥٥، مرقاة المفاتيح / باب الغصب والعارية، الفصل الثاني ٦/ ١١٨ المكتبة الأشرفية ديوبند، المسند للإمام أحمد بن حنبل ٥/ ٧٢، شعب الإيمان للبيهقي ٤/ ٣٨٧ رقم: ٥٤٩٢ دار الكتب العلمية بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۴/۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کتب خانہ کی کتاب گم ہونے پر ڈبل قیمت وصول کرنا؟

سوال (۵۱۹): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: لائبریری کی کتاب مطالعہ کے لئے لے کر گم کر دینے والے سے بدلہ میں بجائے کتاب کے جس کا ہونا یا ذرائع حصول کا دشوار کن ہونا وغیرہ، اس لئے روپئے کی شکل میں کتاب کی قیمت دوگنی تین گنی لے لی جاتی ہے، جس سے پھر کسی موقع پر ذمہ داران حضرات اس جیسی کتاب خرید کر داخل کتب خانہ کر دیتے ہیں، اور وہ زائد رقم کتب خانہ کے فنڈ میں جمع رہتی ہے، قیمت سے زیادہ لینا اس واسطے ہوتا ہے تا کہ مطالعہ کنندہ آئندہ سے کتاب کی پوری نگہداشت کرے اور دوسروں کے لئے عبرت کا سبق ہو۔

سو اِس طرح کتاب کے بجائے روپئے اور اسے قیمت کتاب سے بڑھا چڑھا کر لینا درست ہے یا نہیں؟ اگر درست نہیں ہے تو اس کے تبادل جائز طریقہ کار کیا ہونا چاہئے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر کتاب ایسی ہے جو عام طور پر مل جاتی ہے، تو اُس کی مقررہ قیمت ہی لی جائے زیادہ وصول نہ کی جائے، زیادہ سے زیادہ ڈاک سے منگوانے کا خرچ لے لیا جائے، اور اگر کتاب نایاب ہے یا کمیاب ہے، اور دشواری سے ملتی ہے تو اہلِ علم کتاب کی حیثیت اور اِفادیت وغیرہ کے اعتبار سے اور اُس کے حصول کی مشقت کا خیال کرتے ہوئے جتنی قیمت بھی لگائیں، اُس کی ضمان کی شرط لگانے کو صاحب ''الجوہرۃ النیرۃ'' نے جائز قرار دیا ہے، اور یہی موجودہ زمانہ کے لئے مناسب ہے۔ (الجوہرۃ النیرۃ ۲/۳۴)

البتہ ہر کتاب کی دوگنی تین گنی قیمت لگانا جائز نہیں ہے؛ کیوں کہ یہ مالی ضمان کی صورت ہے، جو حنفیہ کے نزدیک ممنوع ہے۔

قال في الفتح: وعن أبي يوسف يجوز التعزير للسلطان – إلى قوله – وعندهما وباقي الأئمة لا يجوز. (شامي / مطلب في التعزير بأخذ المال ٦١/٤ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۵/۸/۴ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

دوسرے مدرسہ میں داخلہ لینے کی وجہ سے طلبہ کا اِخراج کرانا؟

سوال (۵۲۰):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک دینی اِدارہ ہے جس میں سالِ ششم تک تعلیم ہوتی ہے، کچھ طلبہ اپنی تعلیم سالِ ششم تک مکمل کئے بغیر دوسرے اِس سے بڑے اِدارے میں چلے گئے ،اور تقریباً پانچ ماہ دوسرے مدرسہ میں رہ کر محنت کے ساتھ پڑھتے رہے اور کسی قسم کی کوئی شکایت کا موقع نہیں دیا، اور امتحان میں بھی کامیابی حاصل کی، تو اَب پہلے مدرسہ سے درمیان سال میں اخراج کرا کر تعلیم سے بے بہرہ رکھیں اور محض اس وجہ سے کہ اُن طلبہ نے سابق اِدارہ میں اپنی تعلیم مکمل کیوں نہیں کی؟ شرعی حکم تحریر فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایک مدرسہ میں ہی تعلیم کی تکمیل شرعاً ضروری نہیں ہے، صورتِ مسئولہ میں جو طلبہ ایک مدرسہ سے دوسرے مدرسہ میں داخل ہوئے، وہ کسی شرعی جرم کے مرتکب نہیں ہوئے؛ لہٰذا پہلے اہلِ مدرسہ کا دوسرے مدارس سے اُن کے اخراج کی کوشش کرنا شرعاً اور اخلاقاً مذموم ہے، اور طلبہ علومِ دینیہ سے خیر خواہی کے منافی ہے جب کہ ہمیں اُن سے بہتر سلوک کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشادِ گرامی ہے:

فإذا أتوكم فاستوصوا بهم خيرًا. (مشكاة المصابيح ١/٣٤)

نیز دوسرے مدرسہ والوں کو بھی چاہئے کہ وہ بلا وجہ معقول کے اُن طلبہ کو تعلیم سے محروم نہ کریں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۹/۲/۱۴۱۴ھ
الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرس کی پٹائی سے بیمار ہونے والے طالبِ علم کا علاج کس کے ذمہ ہے؟

سوال (۵۲۱):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: زید حافظِ قرآن ہے، اور ایک دینی مدرسہ میں طلبۂ حفظ کی تدریس کے لئے مقرر ہے، اُن کی تعلیم وتربیت سے اربابِ مدرسہ مطمئن ہیں؛ البتہ اربابِ مدرسہ نے حالاتِ حاضرہ کے پیشِ نظر زدوکوب پر پابندی لگادی ہے، کیا اس طرح زجروتوبیخ زدوکوب پر بالکلیہ پابندی لگادینا درست ہے؟ اگر زید پھر بھی کسی بچے کی غیر حاضری یا سبق یاد نہ کرنے پر یا پارہ نہ سنانے پر اس کی مسواک وغیرہ سے معمولی پٹائی کرتا ہے، تو کیا شرعاً درست ہے؟ اگر کسی طرح کی غلطی پر زید نے کھڑے ہوکر کسی بیرونی بچے کو ہاتھ پکڑ کر بھری درس گاہ میں مسواک سے مارنا شروع کیا کہ اچانک بچہ فرش پر سر کے بل گر گیا اور بے ہوش ہوگیا، زید استاذ نے ڈاکٹر صاحب سے علاج شروع کرادیا، بعد میں اربابِ مدرسہ نے کسی اور بڑے ڈاکٹر صاحب کا علاج کرایا، اَب علاج میں جو رقم خرچ ہوئی اُس کو من جانب مدرسہ ادا کیا جائے یا زید کی تنخواہ سے وضع کریں، اگر زید چھ سات ہزار روپئے کی کثیر رقم دینے کو تیار نہ ہو، تو کیا اس سے زبردستی وصول کی جاسکتی ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مصلحت کی بنا پر مدرسہ کی طرف سے زجروتوبیخ پر پابندی لگانا شرعاً درست ہے، اور اس پابندی کے باوجود مدرس کی طرف سے تادیبِ ضربی کی وجہ سے بچہ کے علاج پر جو رقم خرچ ہوئی، وہ مدرس ہی سے لی جائے گی، مدرس اگر یک مشت ادا نہ کرے تو اُس کی تنخواہ سے بھی ادا کی جاسکتی ہے۔

(هي فرض عين على كل مكلف .....) وإن وجب ضرب ابن عشر عليها بيد لا بخشبة بحديث: "مروا أولادكم بالصلاة وهم أبناء سبع، واضربوهم عليها وهم أبناء عشر الخ (الدر المختار) قال الشامي في قوله: بيدٍ: أي ولا يجاوز الثلاث، وكذلك المعلم ليس له أن يجاوزها، قال عليه السلام لمرداس المعلم: إياك أن تضرب فوق الثلاث، فإنك إذا ضربت فوق الثلاث اقتص اللّٰه منك الخ. وظاهره أنه لا يضرب بالعصا في غير الصلاة أيضًا. قوله: لا بخشبة: أي عصا. ومقتضى قوله بيد: أن يراد بالخشبة ما هو الأعم منها ومن

Marfat.com

السوط، أفاده ط. (قوله: لحديث الخ) استدلالٌ على الضرب المطلق، وأما كونه لا بخشبة، فلأن الضرب بها ورد في جناية المكلف الخ. (الدر المختار مع الشامي / كتاب الصلاة ١/١ ٣٥-٣٥٢ كراچی)

أما المعلم فله ضربه؛ لأن المأمور يضربه نيابةً عن الأب لمصلحته، والمعلم يضربه بحكم الملك بتمليك أبيه لمصلحة التعليم ..... والنقل في كتاب الصلاة يضرب الصغير باليد لا بالخشبة، ولا يزيد على ثلاث ضرباتٍ.

(شامي، كتاب الحظر والإباحة / فصل في البيع ٦/ ٤٣٠ كراچی)

قال العلامة الطحطاوي رحمه الله تعالىٰ: يجوز للمعلم أن يضربه بإذن أبيه نحو ثلاث ضربات ضربًا وسطًا سليمًا ..... لا بخشبة، فلأن الضرب بها ورد في جناية صادرة عن المكلف ولا جناية عن الصغير. (حاشية الطحطاوي على الدر المختار / كتاب الصلاة ١/ ١٧٠ دار المعرفة بيروت)

لو ضرب المعلم الصبَّي ضربا فاحشا قيد به؛ لأنه ليس له أن يضربها في التأديب ضربا فاحشاً وهو الذي يكسر العظم أو يخرق الجلد أو يسوده قال في البحر: وصرحوا بأنه إذا ضربها بغير حق وجب عليه التعزير، أي وإن لم يكن فاحشًا ويضمنه لو مات، وكذا المعلم إذا أدب الصبي فمات منه يضمن عندنا.

(شلمي / مطلب في تعزيز المتهم ٦/ ١٣١ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٦/٤/١٤٢٧ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

طلبہ پر پیسہ خرچ کرنے کے عوض طلبہ کے گیس چولہے کو اپنا بتانا؟

سوال (٥٢٢):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کی کمیٹی نے گیس چولہا بچوں کے کھانا پکانے کے لئے دیا؛ لیکن ایک شخص نے چولہا

Marfat.com

کمیٹی کے مانگنے پر کہا کہ اتنی رقم تو میں بچوں پر صرف کر چکا ہوں، چولہا میرا ہے اور صرفہ کا کمیٹی کو کوئی علم نہ تھا، ایسے شخص کے بارے میں شرعی حکم تحریر فرمائیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں وہ شخص کمیٹی سے اپنا حساب صاف کرلے، مگر بلا کسی حق کے چولہے پر قبضہ کرنے کا اختیار نہیں ہے؛ اِس لئے کہ وہ اَمین ہے۔

لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه و لا و لايته. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الغصب / مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير ۲۹۱/۹ زكريه) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۶/۵/۱۴۱۴ھ

مدرسہ میں جمعرات کی شام سے جمعہ کی شام تک نگرانی کے لئے اَساتذہ کی باری لگانا؟

سوال (۵۲۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مدرسہ کے مہتمم/ناظم نے مدرسہ کی نگرانی کے لئے یہ ضابطہ بنایا کہ جمعرات کی شام سے جمعہ کی شام تک مدرسہ کے جملہ اُمور کی نگرانی کے لئے تمام اساتذہ کی چند افراد پر مشتمل جماعتیں بنادیں، اور پھر اُن جماعتوں کی جمعہ کے دن نگرانی کے لئے باریاں قائم کردیں، اور یہ ہدایت دے دی گئی کہ ہر استاذ اپنے نمبر پر قیام کرے یا اپنے نمبر پر عوض دار مقرر کرے، اگر ایسا نہیں کرے گا تو اُس کی یومِ جمعہ کی تنخواہ وضع کرلی جائے گی، تو شریعت کی روشنی میں اس ضابطہ کا حکم اور اس طرح سے تنخواہ وضع کرنے کا حکم کیا ہے؟ واضح رہے کہ یوم جمعہ میں مدرسہ میں اپنے نمبر پر قیام کرنے والے کو اس روز کا علیحدہ سے کچھ معاوضہ بھی نہیں ملتا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مہتمم یا ناظم کا مذکورہ ضابطہ بنانا درست ہے، جن لوگوں

Marfat.com

کواس ضابطہ کاعلم ہوا، اوروہ اس پر خاموش رہے،تو گویا اُنہوں نے اُسے قبول کرلیا؛ لہٰذا اِس بنیاد پراگروہ اپنی باری پر غیر حاضر رہے،تو حسبِ ضابطہ ان کی یومِ جمعہ کی تنخواہ وضع کی جاسکتی ہے۔

عن أنس بن مالك رضي الله عنه: المسلمون على شروطهم ما وافق الحق من ذٰلك. (سنن الدار قطني ٣/٢٤)

وفي القنية: إذا كان الواقف قدر للمدرس لكل يوم مبلغًا فلم يدرس يوم الجمعة أو الثلاثاء لا يحل له أن يأخذ. (شامي، كتاب الوقف / مطلب في استحقاق القاضي والمدرس الوظيفة في يوم البَطالة ٦/٦٨٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۲/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرس کا نظامِ مدرسہ کے خلاف عمل کرنا؟

سوال (۵۲۴):-کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرعِ متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں ایک عالم صاحب مدرسہ میں مدرس عربی ہیں، مدرسہ سے متعین کئے ہوئے وقت میں نہ پڑھاکر اپنی سہولت کے مطابق جب چاہے پڑھاتے ہیں، اور بغیر مطالعہ کئے سرسری طور پر صرف ترجمہ کرکے چلے جاتے ہیں، جس کی بنا پر سب طلبہ پریشان رہتے ہیں۔تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ اُن کا یہ طریقہ شرعاً درست ہے یا نہیں؟ نیز اُن کی تنخواہ کے استحقاق کے بارے میں کیا حکم ہے؟ جب کہ تنخواہ صرف متعین اَوقات اور صحیح پڑھانے کی ملتی ہے، یہ بات اُن عالم صاحب کو بتلادی گئی؛ لیکن وہ کہتے ہیں کہ میرا کام کتاب کا ختم کرنا ہے، چاہے میں جس وقت ختم کروں، اور ذمہ دارانِ مدرسہ کہتے ہیں کہ متعین وقت میں پڑھاکر ختم کرنا ضروری ہے، اُن میں سے کس کی بات درست ہے؟ نیز اَراکینِ مدرسہ اُنہیں اِس بات پر جبر کرنے کا اختیار رکھ سکتے ہیں یا نہیں؟ اِس بارے میں مدارس کے کیا قواعد ہیں؟ تفصیل سے روشنی ڈالیں،تو عین نوازش ہوگی۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مدرسہ کے مدرس کو متعینہ وقت میں اطمینان بخش طریقہ

Marfat.com

پر پڑھانا اور حسبِ ضابطہ کتاب کو نصاب تک پہنچانا لازم ہے، اس میں کسی بھی کوتاہی پر ذمہ دارانِ مدرسہ کو باز پرس کرنے کا مکمل حق ہے، اور اگر وہ مدرسہ کے متعینہ اَوقات پر حاضری نہ دیں تو حسبِ ضابطہ اُن کی تنخواہ وضع کی جاسکتی ہے۔

عن عبد الله ابن عمر رضي الله عنه قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم: كلكم راع، وكلكم مسئول، فالإمام راعٍ وهو مسؤول، والرجل راعٍ على أهله وهو مسؤولٌ، والمرأة راعية على بيت زوجها وهي مسؤولة، والعبد راعٍ على مال سيده وهو مسؤولٌ، ألا فكلكم راعٍ وكلكم مسؤولٌ. (صحيح البخاري، كتاب النكاح / باب الوصاة بالنساء ص: ۱۳۳۲ رقم: ۵۱۸۸ دار الفكر بيروت، صحيح مسلم، كتاب الإمارة / باب فضيلة الإمام العادل وعقوبة الجائر ص: ۱۱۸۵ رقم: ۱۸۲۹ بيت الأفكار الدولية)

عن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده رضي الله عنه أن رسو ل الله صلى الله عليه وسلم قال:..... والمسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالاً أو أحل حرامًا. (سنن الترمذي، أبواب الأحكام / باب ما ذكر عن النبي ﷺ في الصلح بين الناس ۲۵۱/۱)

وليس للخاص أن يعمل لغيره، ولو عمل نقص من أجرته بقدر ما عمل.

(الدر المختار مع الشامي / كتاب الإجارة ۹۶/۹ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۶/۶/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

مدارس میں مغرب کے بعد سورۂ واقعہ کی تلاوت کے بعد اجتماعی دعاء کا اہتمام

سوال (۵۲۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بعض مدارس کا معمول ہے کہ بعد نماز مغرب سورۂ واقعہ تلاوت کی جاتی ہے، اُس کے بعد اجتماعی دعا ہوتی ہے، طلبہ قرآنِ کریم دیکھ کر تلاوت کرتے ہیں، اگر کوئی مدرس یا دوسرے احباب

Marfat.com

اس وقت نوافل میں سورۂ واقعہ پڑھ کر دعا میں شریک ہوجائیں، تو ان کے لئے تلاوت کرنے والوں کے ثواب کے برابر ثواب ہوگا یا کمی بیشی؟ سورۂ واقعہ دیکھ کر پڑھنے میں زیادہ ثواب ہوگا یا نفل نماز میں پڑھنے سے؟ طلبہ کے لئے تو معمول بنایا گیا ہے کہ وہ دیکھ کر پڑھیں گے، سوال صرف مدرس یا دوسرے آنے والے غیر طلبہ کے لئے ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: طلبہ وغیرہ کو عادی بنانے کے لئے مدرسہ میں سورۂ واقعہ پڑھنے کا معمول بنانا درست ہے؛ لیکن اُسے ضروری نہ سمجھا جائے، اور نماز میں قرآنِ کریم پڑھنا غیر نماز میں پڑھنے سے زیادہ اَفضل ہے۔ جیسا کہ حدیث میں وارد ہے:

عن عائشة رضي اللّٰه عنها أن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: قراءة القرآن في الصلاة أفضل من قراءة القرآن في غير الصلاة. (مشکاۃ المصابیح ۱۸۸/۱)

اِس سے معلوم ہوا کہ صورتِ مسئولہ میں جو لوگ نوافل میں سورۂ واقعہ پڑھتے ہیں، اُن کو زیادہ ثواب ملے گا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۰/۶/۱۴۱۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قومی ترنگا جھنڈا لہرانا؟

سوال (۵۲۶): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قومی ترنگا جھنڈا لگانا اور لہرانا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: محض علامتی طور پر مدرسہ میں جھنڈا لہرانے میں حرج نہیں ہے؛ البتہ اُس کو اِس طرح تقدس واحترام کا درجہ دینا کہ اُس کی عبادت کا شبہ ہونے لگے یہ جائز نہیں۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۹/د ۳۸، جدید فقہی مسائل ۱/۴۶۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۶/۵/۱۴۲۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

۲۶ر جنوری یا ۱۵ر اگست کو مدرسہ میں ترنگا جھنڈا لہرانا؟

سوال (۵۲۷):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مکتب جو مسجد سے متصل ہے، صرف ایک سڑک درمیان میں ہے، مکتب دینی مدرسہ ہے جس میں مقامی وبیرونی طلبہ پڑھتے ہیں، حفظ وناظرہ کی تعلیم ہوتی ہے، اس کے ساتھ ہی ہندی انگریزی حساب وغیرہ پرائمری سیکشن درجہ ۵ر تک کی تعلیم ہوتی ہے، اور اسی پرائمری کی نسبت سے مدرسہ میں یومِ آزادی اور یومِ جمہوریہ کے موقع پر ترنگا جھنڈا لہرایا جاتا ہے، اور ساتھ ہی بچوں کا پروگرام بھی ہوتا ہے، تو ایسے دینی مدرسہ میں آج کل کے حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ۱۵ر اگست و۲۶ر جنوری کے موقع پر ترنگا جھنڈا لہرا کر بچوں کا پروگرام کر سکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ۲۶ر جنوری یا ۱۵ر اگست کو جو جھنڈا لہرایا جاتا ہے، وہ کوئی مذہبی عمل نہیں ہے؛ بلکہ قوم ووطن سے تعلق کی ایک علامت ہے؛ لہٰذا اگر کسی مدرسہ یا اسکول میں حب الوطنی کے اظہار کے لئے ترنگا جھنڈا لہرایا جائے، تو شرعاً اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(مستفاد: کفایت المفتی ۲۹۱/۹)

الأصل في الأشياء الإباحة. (الأشباہ/ ۱۱۵) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۲۸/۴/۱۴۲۳ھ

یوم آزادی کے جلسہ میں چندہ کر کے شیرینی تقسیم کرنا؟

سوال (۵۲۸):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ۱۵ر اگست یوم آزادیٔ ہند کے موقع پر مدرسہ اسلامیہ میں نعت خوانی، قرآن خوانی اور تقریر کرانا اور عوام وخواص کو دعوت دینا اور شیرینی وغیرہ تقسیم کرنا کیسا ہے؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کسی دینی اور دنیوی مصلحت کے پیش نظر یوم آزادی کا جلسہ کرنے میں کوئی حرج نہیں، بشرطیکہ خلافِ شرع اُمور کا ارتکاب نہ کیا جائے، اور شیرینی وغیرہ کی تقسیم کو لازم نہ سمجھا جائے اور نہ لوگوں سے جبراً چندہ لیا جائے اور نہ ہی زکوٰۃ کی رقم استعمال کی جائے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۱۸۱، احسن الفتاویٰ ۱/۳۷۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲/۶/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

۲۶/جنوری اور ۱۵/اگست کو مدارسِ اسلامیہ میں چھٹی کرنا کیسا ہے؟

سوال (۵۲۹): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ۱۵/اگست اور ۲۶/جنوری کو مدارسِ اسلامیہ میں چھٹی کرنا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ۱۵/اگست اور ۲۶/جنوری کو قومی یادگار کے طور پر مدارس میں چھٹی کرنے میں کوئی حرج نہیں، اس لئے کہ یہ عمل مذہبی طور پر نہیں کیا جاتا؛ بلکہ اس کا تعلق قومی مصالح سے ہے، اس طرح کی مصلحتوں پر عمل کرنا شرعاً منع نہیں ہے۔ (مستفاد کفایت المفتی ۹/۴۱۶-۴۱۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۸/۱۴۲۸ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

۱۵/اگست پر جھنڈا لہرانا اور راشٹریہ گیت گانا کیسا ہے؟

سوال (۵۳۰): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ۱۵/اگست یا ۲۶/جنوری کے موقع پر مدارس والوں کا جھنڈا لے کر گھومنا اور راشٹریہ گیت پڑھنا کیسا ہے؟ قانونی مجبوری وعدم مجبوری دونوں صورتوں کا حکم واضح فرمائیں؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ۱۵/اگست اور ۲۶/جنوری کے موقع پر جلسہ جلوس کوئی امر شرعی نہیں؛ بلکہ ایک دنیوی امر ہے، شرعی حدود کی رعایت رکھتے ہوئے اور شرکیہ کلمات سے بچتے ہوئے اِس طرح کے پروگرام منانے کی گنجائش ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۲/۴۲۸) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۰/۵/۱۴۱۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کے سالانہ جلسہ کی شرائط؟

سوال (۵۳۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ:
ذمہ دارانِ مدرسہ چند روز قبل کسی خاص یا عام بزرگ کی فرصت کے مطابق تاریخ مقرر کر لیتے ہیں۔

(۲) جلسے کے انعقاد کا مقصد خاص اپنی اور اپنے مسلمان بھائیوں کی اِصلاح اور مدرسہ کی طرف متوجہ کر کے مسلم بچوں کو دینی تعلیم وتربیت پر لانا ہے۔

(۳) علاقہ کے مسلمانوں کو مطلع ومدعو کرنے کے لئے اشتہار اور دعوت نامے طباعت کرا کر چسپاں اور تقسیم کئے جاتے ہیں۔

(۴) اشتہار میں القاب وآداب کے ساتھ مدعوین اکابر علماء وصلحاء کے اسماء گرامی لکھے جاتے ہیں۔

(۵) جلسے کے پنڈال واسٹیج، جنریٹر اور مائک وغیرہ کے لئے نیز علاوہ طعام کے جملہ مصارف میں مدرسہ کی امدادی رقم استعمال کی جاتی ہے۔

(۶) خصوصی وعمومی طعام کے لئے چند مخصوص حضرات سے چندہ کیا جاتا ہے۔

(۷) عورتوں کی شرکت کے لئے پردہ کا انتظام کیا جاتا ہے، جو اکثر ناکافی رہتا ہے، حتی کہ بے پردگی بھی ہو جاتی ہے۔

(۸) جلسہ میں خطاب کے لئے کم سے کم علماء کو مدعو کیا جاتا ہے؛ بلکہ تفصیلی تقریر کسی ایک عالم کی ہی ہوتی ہے؛ تاکہ رات کے بارہ یا ایک بجے تک اختتام ہو جائے اور فرائض میں خلل واقع نہ ہو۔

Marfat.com

(۹) جلسہ میں صرف ایسے مقررین حضرات کو مدعو کیا جاتا ہے جو مخلص ہوں، اِسی لئے اکثر حضرات اپنے اخراجات سے تشریف لاکر نوازتے ہیں، یا پھر صرف زادِراہ کے صرفہ پر اکتفاء کیا جاتا ہے۔

(۱۰) جلسہ کی ابتداء بعد نماز مغرب ہوتی ہے اور عشاء تک صرف مدرسہ کے طلبہ وطالبات سے تلاوتِ کلام اللہ شریف، اصلاحی نظمیں ونعتیں، مکالمے، اسلامی عقائد وغیرہ سنوائی جاتی ہیں، اور چند طلبہ وطالبات کا نظام بعد نماز عشاء اسٹیج پر علماء وصلحاء کی موجودگی میں ہوتا ہے۔

(۱۱) مدرسہ سے فارغین حفاظِ کرام خواہ پختہ ہوں یا خام کے آخری اسباق سنوا کر بزرگوں کے مبارک ہاتھوں سے دستار بندی کرائی جاتی ہے۔

(۱۲) مدرسہ سے متعلق پھیلی ہوئی غلط فہمیوں کے ازالہ اور ضروریاتِ مدرسہ کا اظہار کرنے، نیز مختصر کارگذاری سنانے کے لئے ناظم مدرسہ کو منتخب کیا جاتا ہے۔

(۱۳) مدرسہ کے تعاون کے لئے اسٹیج سے کافی فاصلہ پر ذمہ دارانِ مدرسہ کی ایک نشست گاہ بنائی جاتی ہے؛ تاکہ جو صاحبِ خیر اپنی وسعت وخوشی سے بغیر کسی لحاظ وشرم کے تعاون کرنا چاہے، بسہولت کردے۔

(۱۴) عورتوں کے مجمع میں دس یا بارہ سال تک کے بچوں کو بھیج کر چندہ وصول کیا جاتا ہے۔

(۱۵) دعا سے قبل اسٹیج پر کپڑا بچھا کر سامعین حضرات کو متوجہ کیا جاتا ہے کہ وہ حسبِ توفیق مدرسہ کا تعاون فرمائیں، کسی کا نام مائک پر نہیں بولا جاتا۔

(۱۶) بعدہ دعا ہوجاتی ہے اور شریکِ جلسہ حضرات بزرگوں سے مصافحہ ملا کر واپس ہوجاتے ہیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال میں جس نوعیت کے جلسہ کا ذکر کیا گیا ہے، اِس طرح کے جلسہ منعقد کرنے میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے، کارِ خیر کے لئے چندہ کی اپیل کرنا اور لوگوں کو اِس جانب ترغیب دینا شرعاً منع نہیں ہے؛ بلکہ اِس کا ثبوت بعض اہم مواقع پر دورِ نبوت

Marfat.com

میں بھی ملتا ہے؛ تاہم جو باتیں لکھی گئی ہیں، اُن میں اِس بات کا لحاظ ضروری ہے ہے کہ خواتین کے لئے پردہ کا حسبِ ضرورت معقول انتظام کیا جائے، اور جو بچیاں مراہق اور قریب البلوغ ہوں، اُن کا پروگرام اسٹیج پر نہ کرایا جائے۔

عن ابن مسعود رضي اللّٰه عنه قال: كان النبي صلى اللّٰه عليه وسلم يتخولنا بالموعظة في الأيام كراهةَ السامة علينا. (صحيح البخاري، كتاب العلم / باب ما كان النبي ﷺ يتخولهم بالموعظة والعلم كي لا ينفروا ص: ۳۸ رقم: ٦٨ دار الفكر بيروت، صحيح مسلم، كتاب صفة القيامة / باب الاقتصاد في الموعظة ص: ١٦٥٠ رقم: ٢٨٢١ بيت الأفكار الدولية)

قال ابن مسعود رضي اللّٰه عنه: ..... وإني أتخوّلكم بالموعظة كما كان النبي صلى اللّٰه عليه وسلم يتخولُنا بها مخافة السامة علينا. (صحيح البخاري، كتاب العلم / باب من جعل لأهل العلم أيامًا معلومةً ص: ۳۹ رقم: ۷۰ دار الفكر بيروت)

عن أبي موسىٰ الأشعري عن أبيه رضي اللّٰه عنه قال: كان رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: إذا جاءه السائل أو طُلبت إليه حاجةٌ، قال: اشفعوا توجروا، ويقضي اللّٰه على لسان نبيه صلى اللّٰه عليه وسلم ما شاء. (صحيح البخاري، كتاب الزكاة / باب التحريض على الصدقة والشفاعة فيها ص: ٣٤١ رقم: ١٤٣٢ دار الفكر بيروت)

عن عبد الرحمن بن خباب السلمي رضي اللّٰه عنه قال: خطب رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم فحث على جيش العسرة، فقال عثمان بن عفان رضي اللّٰه عنه: علي مائة بعير بأحلاسها وأقتابها. (المسند للإمام أحمد بن حنبل ٧٥/٤)

وحض رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم المسلمين على الجهاد، ورغبهم فيه، وأمرهم بالصدقة، فحملوا صدقات كثيرة. (أورده الكاندهلوي في حياة الصحابة ٤٤٢/١، معزوا إلى ابن عساكر ١١٠/١)

فقد أعطوها حكم البالغة من حين بلوغ حد الشهوة، واختلفوا في تقدير حد الشهوة ..... المعتبر أن تصلح للجماع بأن تكون عبلة ضخمة، وهٰذا هو

Marfat.com

المناسب اعتباره هنا. (شامي ٨١/٢ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۴/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اہلِ مدارس کا فجر تک یا رات دیر تک جلسہ کرنا؟

سوال (۵۳۲): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اہلِ مدارس کا فجر تک جلسوں کا کیا حکم ہے؟ رات کو کتنے بجے تک جلسہ کرنا موزوں ومناسب ہے؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بہتر ہے کہ جلسہ مغرب کے بعد شروع کر کے عشاء کچھ تاخیر سے پڑھ کر ختم کر دیا جائے تا کہ سامعین پر بوجھ بھی نہ ہو، اور وہ بیدار رہ کر علماء کی باتیں سنیں، اور اس پر عمل کا جذبہ لے کر جائیں، اور آج کل جو رات بھر جلسوں کا بعض علاقوں میں رواج ہو گیا ہے وہ جلسے محض رسم بن کر رہ گئے ہیں؛ کیوں کہ اُن میں شریک ہونے والے لوگ یا تو رات کا زیادہ حصہ اِدھر اُدھر ٹہلنے اور مٹر گشتی میں گذار دیتے ہیں، اور جو لوگ جلسہ گاہ میں بیٹھے رہتے ہیں وہ بھی وقت گذرنے کے ساتھ اُکتا جاتے ہیں اور تھک ہار کر نیند کی آغوش میں چلے جاتے ہیں، اور ایسے جلسوں میں یہ دیکھا گیا ہے کہ ایک طرف مقرر صاحب کی بے تکان شعلہ بیانی ہوتی ہے، اور دوسری طرف جلسہ گاہ کا پنڈال یا تو خالی ہو چکا ہوتا ہے اور یا سونے والوں کی کثرت سے مسافروں کی سرائے کا منظر پیش کرتا ہے، اِس طرح کے جلسوں میں مقصد کی باتیں کم آتی ہیں، وقت گذاری زیادہ ہوتی ہے، جلسہ کے ذمہ داران صبح صادق کے انتظار میں غزلوں اور نظموں سے وقت پورا کرتے ہیں اور مقرر صاحب بھی اِدھر اُدھر کی باتیں ملا کر اپنی بات کو بلاوجہ طول دیتے ہیں۔ واضح ہو کہ جلسوں میں رات کا جاگنا اصل نہیں؛ بلکہ اِصلاح اصل ہے، اور اِن طویل جلسوں سے عام طور پر اصلاح کا مقصود حاصل نہیں ہوتا، اور رات بھر کی چیخ وپکار سے اَطراف کی مسلم یا غیر مسلم آبادی کو جس کلفت سے گذرنا پڑتا ہے وہ بجائے خود اَذیت ناک ہے، جس کی اِسلامی شریعت میں اجازت نہیں، اِس لئے بہر حال دینی جلسے جلدی شروع ہو کر جلدی ہی ختم ہونے چاہئیں۔

Marfat.com

عن أبى برزة رضي اللّٰه عنه قال: كان رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ينهى عن النوم قبلها والحديث بعدها. (سنن أبي داؤد ٦٦٦/٢، سنن الترمذي ٤٦/١)

كره قوم منهم السمر بعد صلاة العشاء، ورخص بعضهم إذا كان في معنى العلم، ومالا بد منه من الحوائج. (سنن الترمذي ٤٢/١)

قوله "والحديث بعدها" أي بعد صلاة العشاء؛ لأنه يؤدي إلى تفويت قيام الليل؛ بل وصلاة الصبح أيضًا. (بذل المجهود ٢٦٨/١٣ دار البشائر الإسلامية) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۹/۴/۷/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

رات کے جلسوں میں عورتوں کا شرکت کرنا؟

سوال (۵۳۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اِن دنوں بہار میں جلسہ پوری رات ہوتا ہے، ۱۵-۲۰ رکلو میٹر دور کی خواتین بسوں سے پیدل اور مختلف سواریوں سے جلسہ گاہ آتی ہیں، اور اکثر عورتیں وہ ہوتی ہیں جن کا کوئی محرم ساتھ نہیں ہوتا، منتظمین کی جانب سے مردوں کی نشست کا الگ نظم ہوتا ہے اور عورتوں کی نشست کا الگ پردہ کے ساتھ نظم ہوتا ہے، مگر عملاً یہ ہوتا ہے کہ جلسہ کے موقع سے مختلف اشیاء کی جو دوکانیں لگائی جاتی ہیں، مستورات اُن دوکانوں میں بے محابا پردہ کے بغیر خرید وفروخت کرتی رہتی ہیں، اور یہ سلسلہ اختتام جلسہ تک جاری رہتا ہے، اِس دوران مردوں سے اختلاط بھی ہوتا رہتا ہے، تو کیا اِس طرح کے دینی جلسوں میں عورتوں کی شرکت جائز ہے؟ اور اُن کے سرپرستوں کے لئے ایسے جلسوں میں شریک ہونے کی اِجازت دینا درست ہے؟ یا سرپرست پر لازم ہے کہ عورتوں کو جلسوں میں شریک ہونے سے روک دے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: گاؤں دیہات میں رات کے جلسوں میں دور دراز سے آکر عورتوں کا محرم کے بغیر شرکت کرنا اور جلسہ گاہ کی دکانوں پر مردوں کے ساتھ مخلوط ہوکر خرید

Marfat.com

وفروخت کرنا جائز نہیں ہے، ایسے جلسوں میں عورتوں کو ہرگز شریک نہیں ہونا چاہئے، اور ذمہ دارانِ جلسہ رات کے وقت عورتوں کے لئے انتظام نہ کریں، اور اگر ضروری ہو تو دن کے وقت میں عورتوں کے لئے الگ نشست رکھیں، جس میں خواتین اپنے اپنے محارم اور شوہروں کے ساتھ آکر شرکت کریں، اور پردہ کے ساتھ واپس چلی جائیں تاکہ کوئی فتنہ نہ ہو۔

عن عبد اللّٰه رضي اللّٰه عنه عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: المرأة عورة فإذا خرجت استشرفها الشيطان. (سنن الترمذي آخر أبواب النكاح ۲۲۲/۱)

روي عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم أنه قال: لا تسافر امرأة مسيرة يوم وليلة إلا مع ذي محرم، والعمل على هٰذا عند أهل العلم يكرهون للمرأة أن تسافر إلا مع ذي محرم. (سنن الترمذي، أبواب الرضاع / باب ما جاء في كراهية أن تسافر المرأة وحدها ۲۲۰/۱)

قوله "استشرفها الشيطان" أي زينها في نظر الرجال والمعنى: أن المرأة يستقبح بروزها وظهورها فإذا خرجت أمعن النظر إليها ليغويها بغيرها، ويغوي غيرها، بها ليوقعها، أو أحدهما في الفتنة. (تحفة الأحوذي ۲۸۳/٤ المكتبة الأشرفية ديوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۹/۷/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

دینی جلسوں میں مرد وعورتوں کا مخلوط ہوکر شرکت کرنا؟

سوال (۵۳۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اسٹیج پر بیچ میں کچھ فاصلہ چھوڑ کر ایک طرف کچھ مرد بیٹھے ہیں، اور دوسری طرف کچھ خواتین بیٹھی ہیں، اُن میں سے کسی کے چہرہ پر نقاب ہے، اور کسی کے چہرہ پر ڈھانٹا لگا ہے، دونوں کی آنکھیں کھلی ہیں؟

اسٹیج سے مردوں نے بھی خطاب کیا، اور خواتین نے بھی اسی پردے کے ساتھ خطاب کیا،

Marfat.com

جس پردے کے ساتھ وہ بیٹھی ہوئی تھیں؟

خطابات کے بعد بعض مردوں نے اور بعض خواتین نے بھی سوالات کئے، کسی سوال کا جواب کسی مرد نے دیا اور کسی سوال کا جواب کسی خاتون نے دیا؟

جلسہ گاہ میں آنے جانے کے لئے مرد وخواتین کے راستے الگ الگ ہیں؟

محترم مفتیان کرام سے شرعی جواب کی درخواست ہے آیا یہ مندرجہ بالا شکل میں مکمل جلسہ شرعی ہے یا مکمل جلسہ کے کچھ اجزاء غیر شرعی نہیں اور وہ کون کون سے اجزاء ہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت میں پردے کے حکم کا مقصد یہ ہے کہ اجنبی مردوں اور عورتوں کے درمیان کوئی فتنہ رونما نہ ہو، لہٰذا اجنبی مردوں اور عورتوں کا کوئی بھی ایسا اختلاط جس میں فتنہ کا امکان ہو اُس کی شرعاً اجازت نہ ہوگی، سوال میں جلسہ کے اندر مردوں اور عورتوں کا ایک دوسرے سے آنکھیں ملا کر باتیں کرنا، خطابات سننا، اور سوال وجواب کرنا، اور بے پردہ ایک دوسرے کی آوازیں سننا بلاشبہ فتنہ انگیزی کا باعث ہیں؛ کیوں کہ ہر ایک دوسرے سے براہِ راست مخاطب ہو رہا ہے، اِس لئے اس طرح کا دینی جلسہ شرعاً درست نہیں ہے، اگر مستورات کو دین کی بات پہنچانا ہی مقصود ہو، تو اُن کی نشست گاہ مردوں سے بالکل الگ ہونی چاہئے، نہ تو اُن پر مردوں کی نظر پڑ سکے اور نہ وہ مردوں کو دیکھ سکیں، اور اُن کے آنے جانے کے راستوں پر بھی پوری احتیاط برتی جائے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَاسْئَلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ﴾ [الأحزاب، جزء آیت: ۵۳]

قال القرطبي: ويدخل في ذلك جميع النساء بالمعنى، وبما تضمنته أصول الشريعة من أن المرأة كلها عورة، بدنها وصوتها، كما تقدم فلا يجوز كشف ذلك إلا لحاجة كالشهادة عليها. (تفسير القرطبي ١٤/ ١٢٠)

المرأة عورة؛ فإذا خرجت استشرفها الشيطان، العينان زناهما النظر،

Marfat.com

والأذنان زناهما الاستماع، واللسان زناه النطق. (فتاوىٰ رحيميه ١٢٩/٣، مستفاد كفايت المفتى ٣٣/٢-٣٦ تيسرا باب زنانان)

وفي الشرنبلالية معزيًا للجوهرة: ولا يكلم الأجنبية إلا عجوزًا، وفي الذخيرة: وإذا عطس فشمتته المرأة: فإن عجوزا رد عليها وإلا رد في نفسه، وتقدم في شروط الصلاة: إن صوت المرأة عورة على الراجح. (الدر المختار مع الشامي ٣٠/٩ ٥ زكريا)

وتمنع المرأة الشابة من كشف الوجه بين الرجال، لا لأنه عورة؛ بل لخوف الفتنة، قال الشافعي: قال عليه الصلاة والسلام: التسبيح للرجال، والتصفيق للنساء، فلا يحسن أن يسمعها الرجل، وفي الكافي: ولا تلبي جهرًا؛ لأن صوتها عورةٌ. (شامي مع الدر المختار ٧٨/٢-٧٩ زكريا)

عن عبد الله رضي الله عنه قال: سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول: إن أشد الناس عذابًا عند الله يوم القيامة المصورون. (صحيح البخاري، كتاب اللباس / باب عذاب المصورين يوم القيامة ٨٨٠/٢ رقم: ٥٩٥٠ دار الفكر بيروت، صحيح مسلم، كتاب اللباس والزينة / باب تحريم تصوير صورة الحيوان الخ رقم: ٢١٠٩ بيت الأفكار الدولية، المصنف لابن أبي شيبة ٢٠٠/٥ رقم: ٢٥٢٠٩، المسند للإمام أحمد بن حنبل ٤٨٦/٣ رقم: ٣٥٥٩)

دینی جلسہ میں ویڈیو کا استعمال بلاضرورت ہونے کی وجہ سے ممنوع ہے؛ البتہ اگر کوئی سیاسی جلسہ ہو جس سے کوئی ملی مفاد وابستہ ہو اور بظاہر فتنہ کا اندیشہ نہ ہو تو ضرورت کے تحت اُسے گوارہ کیا جاسکتا ہے، جیسا کہ پاسپورٹ وغیرہ کے لئے تصویر کی اجازت دی گئی ہے۔

الضرورات تبيح المحظورات. (الأشباه والنظائر ٢١٥/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ٣٠/١١/١٤٣٣ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مدرسہ کا تعلیمی نظام

دینی مدارس اور دنیوی اِداروں کے اَغراض ومقاصد؟

سوال (۵۳۵):-کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: گذشتہ ۳۱/۷/۲۰۰۰ء تری پورہ دینک شمنا دنامی اخبار بشال گھڑ کے نام داری نعمت علی نے مدرسہ قومیہ کے متعلق جو اعتراضاً پروپیگنڈہ اور تجزیہ زیر قلم لایا ہے، وہ آنحضرت کی خدمت میں ارسال کیا جارہا ہے، اُمید ہے کہ ہر اعتراض سوالات کے مفصل اور مدلل جوابات عنایت فرمائیں گے؛ تاکہ ہم صورت رسالہ شائع کریں، اور تقاضہ حال شاہد ہے کہ ایسے رسائل مدارسِ قومیہ کے لئے بہت ہی مفید ثابت ہوں گے۔ ذیل میں نعمت علی کے اعتراضات بیان کرتے ہیں:

مدارسِ قومیہ کی خصوصیت ہے کہ تعلیمی نصاب سے بنگلہ، انگریزی اور حساب سائنس وغیرہ خارج از نصاب ضروری ہے۔

تعلیمی معیار، اُردو، عربی یا فارسی ہوگا، علاقائی زبان کا کوئی دخل نہ ہوگا۔

تعلیمی نصاب من مانا اور غیر معیاری ہے، جس کی کوئی اصل نہیں ہے، یعنی بنیاد پرستوں کی منی کے موافق۔

مدارس قومیہ میں امتحان کی کوئی قیمت نہیں ہے، جو جیسا چاہے کرے۔

جماعت اور درس وتدریس کا کوئی مقررہ وقت نہیں ہے۔

مدارسِ قومیہ سے کوئی طالب علم فاضل اعلیٰ یا تو لیاقت علیا حاصل کرنے کا انتظام نہیں ہے۔

اِس جیسے مدرسہ میں داخلہ لے کر کچھ دن بعد لمبا کرتہ اور لمبی داڑھی والا ہوجانے سے ہی ت بڑا ملاّ بن جاتا ہے، اور سب سے بڑی ڈگری مل جاتی ہے۔

Marfat.com

ایسے مدرسہ کی حقیقتِ حال یہ ہے کہ فراغت کے بعد بھی بزبانِ بنگلہ یا انگریزی سے اپنا نام بھی نہیں لکھ پاتے ہیں۔

اِس جیسے مدارس کی سند قوم یا سرکار کے پاس سفید کاغذ کی قیمت بھی نہیں رکھتی ہے۔

ایسا سند یافتہ شخص سرکاری اور ہر قسم کی ملازمت یا تعاون سے محروم رہتا ہے اور ساری زندگی افسوس کرتا رہتا ہے۔

مدارسِ قومیہ کے ملا اور مربیوں نے فتویٰ بازی کی تھی کہ انگریزی زبان کی تعلیم حرام ہے، جس کے نتیجہ میں آج مسلمان اپنے ذاتی حقوق سے بھی محروم ہیں۔

ہندو پاک کے اول وزیر تعلیم مولانا ابوالکلام آزاد سرکاری مدرسہ کے متعلم تھے، مدارسِ قومیہ کی کون ایسی ہستی دیکھی جاسکتی ہے۔

اَب لوگ چالاک ہوگئے ہیں، ایسے قومی ملا اور مولویوں کے پیچھے گھومنا نہیں چاہتے ہیں، یعنی شکار نہیں ہوں گے۔

غرضے کہ نعمت علی نے سرکاری مکتب اور سرکاری مدارس کی تعریف کرتے ہوئے مذکورہ اعتراضات واتہامات مدارسِ قومیہ پر عائد کئے ہیں۔

واضح رہے کہ تری پورہ میں مرکزی سرکار سے مرڑا فائزیشن نامی اسکیم سے انگریزی سند یافتہ ماسٹر کو انگریزی تعلیم سے پلٹ دیا گیا ہے، ساتھ ساتھ مختلف خرافات وفسادات بھی برپا ہورہے ہیں، اِنہی باتوں کے احتجاج کے جواب میں نعمت علی کا مذکورہ بیان پیش خدمت ہے۔ مدلل ومفصل جواب کے ہم منتظر ہیں، یہ اسکیم تقریباً دوسو مکتب میں چالو کی گئی ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آزاد دینی مدارسِ قومیہ کا اصل مقصد ڈگری حاصل کرنا یا دنیوی مفادات کا حصول نہیں ہے؛ بلکہ دین کی بقا اور شریعت کا تحفظ ان مدارس کا اصل مقصد ہے، اور الحمدللہ یہ مدارس اپنے اس مقصد میں کامیاب ہیں، اِس کے برخلاف سرکاری مدارس اور اسکولوں کا نصب العین محض دنیا کا حصول ہے، وہاں پڑھنے والوں کا دین وایمان باقی رہے یا نہ

Marfat.com

رہے، اس سے سرکار کو کچھ مطلب نہیں، اَب دونوں طبقے کے حضرات مقاصد پر غور کر کے فیصلہ کر سکتے ہیں کہ کس طرح کے مدارس کی کس قدر ضرورت ہے۔ حضرات علماء نے کبھی بھی جدید تعلیم کی مخالفت نہیں کی؛ البتہ اُنہوں نے یہ ضرور کہا کہ جدید علوم مسلمان رہ کر حاصل کئے جانے چاہئیں۔ علماء کو قوم کی پسماندگی کا سبب قرار دینا محض عناد اور جہالت ہے؛ لہٰذا مسلمانوں کو چاہئے کہ وہ دنیوی لالچ میں نہ آئیں اور آزاد دینی مدارس کے تحفظ اور تعاون میں کوئی دریغ نہ کریں۔

(مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۳۸/۱۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۱/۶/۲۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ اور مکتب میں فرق؟

سوال (۵۳۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے محلّہ میں کوئی دینی اِدارہ قائم نہیں ہے اس وجہ سے چھوٹے چھوٹے بچے و بچیاں دور دوسرے مدرسہ میں جاتے ہیں اور بازار راستہ میں پڑتا ہے، بایں وجہ اہلِ محلّہ نے ایک مکان جو مسجد کے لئے وقف ہے، اس کو کرایہ پر لے کر دینی اِدارہ قائم کر کے چلانے کا عزم مصمم کیا ہے، اور فی الحال تعلیمی سلسلہ کو مسجد کے اندر شروع کرا دیا ہے، جس میں ۸۰/ بچے بچیاں زیر تعلیم ہیں، نیز مقامی بچوں کے علاوہ گذشتہ ایام میں ۴-۵/ بچے بیرونی بھی تھے؛ لیکن چوں کہ ابھی مدرسہ کی کوئی عمارت نہ ہونے کی وجہ سے وہ چلے گئے، فی الحال بیرونی طالب علم کوئی نہیں ہے، اَب آپ سے سوال یہ ہیں کہ:

(۱) مدرسہ ومکتب میں لغوی وشرعی کیا کچھ فرق ہے؟

(۲) مسجد کا جو مکان ہے کیا اس جگہ کو کرایہ پر لے کر مدرسہ بنانا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱) مکتب کا تعلق کسی ایک محلّہ یا زیادہ سے زیادہ کسی ایک بستی سے ہوتا ہے، اور مدرسہ جس میں تفسیر وحدیث ودیگر علومِ عالیہ کی تعلیم ہوتی ہے، اُس کا تعلق پوری قوم سے ہوتا ہے، اِسی وجہ سے شریعت کی نظر میں مدرسہ کی اَہمیت مکتب سے زیادہ ہے؛

Marfat.com

لہٰذا مدرسہ کی بقاء کے لئے حیلۂ تملیک کی گنجائش نکل سکتی ہے، مکتب کی بقاء کے لئے اُس کی عام اِجازت نہ ہوگی، اہلِ محلّہ اور اہلِ بستی کی ذمہ داری ہے کہ وہ عام عطایا سے اُس کی کفالت کریں۔

(۲) اجرِ مثل پر مسجد کے مکان کو مکتب کے لئے کرایہ پر لینا درست ہے۔

ويؤجر بأجر المثل فلا يجوز بالأقل. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الوقف / فصل يراعي شرط الواقف في إجارته ٤/٤٠٢ كراچی، ٦/٦٠٨ زكريا)

وإذا استأجر أرض وقف ..... بأجرة معلومةٍ هي أجر المثل ..... جازت الإجارة ..... وإذا آجر القيم الدار بأقل من أجر المثل قدر ما لا يتغابن الناس فيه، حتى لم تجر الإجارة فلو سكنه المستأجر كان عليه أجر المثل بالغًا ما بلغ على ما اختاره المتأخرون من المشائخ. (الفتاوىٰ التاتارخانية ٨/٦٩-٧٠ رقم: ١١٢٣٥-١١٢٤١ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۱/۳/۶ھ

اِسلامی مدرسہ کو اِنگلش اسکول سے بدلنا؟

سوال (۵۳۷):- کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرعِ متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اَب سے تقریباً ۸۰ سال پہلے محلّہ گھیر پچھیاں اَمروہہ سے بالکل ملی ہوئی زمین کے متعلق مسجد بنوانے والی ایک مسماۃ کے وارث نے مسجد سے متعلق سرکاری مقدمہ میں یہ شہادتی بیان دیا کہ مسجد گھیر پچھیاں امروہہ کے بالکل متصل شمال وجنوب ومشرق کی جانب والی زمین مسجد کی ہے، جنوبی مغربی حصہ نماز جنازہ کے لئے اور جنوبی مشرقی حصہ دینی مکتب کے لئے، شمالی حصہ جو اس زمانہ میں ایک باغ تھا، مسجد کے تیل بتی کے خرچ کے لئے وقف کیا گیا تھا، چناں چہ حسبِ منشاء واقف جنوبی مشرقی حصہ میں ایک دینی مکتب قرآنِ پاک کی تعلیم کے لئے قائم کیا گیا، اِس کا نام حضرت مولانا مفتی نسیم احمد فریدی امروہویؒ سے معلوم کرکے "مدرسہ ضیاء القرآن متعلقہ مسجد محلّہ گھیر پچھیاں

Marfat.com

امروہہ'' رکھا گیا، اور اس کے چندہ کے لئے اِسی نام کی رسید بک چھپوا کر امروہہ دہلی بمبئی وغیرہ سے چندہ کیا گیا، تعمیر مکمل ہونے پر اس کی پیشانی پر ''مدرسہ ضیاء القرآن متعلقہ مسجد محلّہ گھیر پچھیاں امروہہ'' سیمنٹ سے لکھوا دیا گیا، اور برسوں تک اس میں قرآن کی تعلیم ہوتی رہی، مگر ایک صاحب دہلی سے آئے اور چند لوگوں سے مل کر یہ بات کی کہ کچھ دنوں کے لئے عارضی طور پر صرف صبح کے وقت میں ''الفلاح انگلش پبلک اسکول'' کھول دیا جائے، اور دو سو روپئے ماہانہ کرایہ دیا جائے، مگر مدرسہ ضیاء القرآن کی قرآنی تعلیم کو اس جگہ بالکل بند کر دیا گیا اور ''الفلاح انگلش پبلک اسکول'' کچھ دنوں کے بجائے اَب چند سالوں تک اسی جگہ موجود ہے، حالاں کہ وعدہ یہاں سے ہٹانے کا کیا گیا تھا۔

اَب دریافت یہ کرنا ہے کہ ''مدرسہ ضیاء القرآن متعلقہ مسجد گھیر پچھیاں'' ہٹا کر واقف وچندہ دہندگان کی نیت ومرضی کے خلاف اس جگہ پر اور اسی عمارت میں ''الفلاح اِنگلش پبلک اسکول'' قائم کرنا وقبضہ جمائے رکھنا شریعت کی رو سے کسی مسلمان کے لئے جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: چوں کہ مذکورہ موقوفہ زمین وقف کرنے سے واقف کا منشا دینی مکتب کا قیام اور اُس کا اجراء تھا؛ لہٰذا حتی الامکان اِس منشاء کا لحاظ رکھنا ضروری اور لازم ہے، اِس جگہ پر مدرسہ اور مکتب ہی چلایا جائے، وہاں انگلش اسکول جاری رکھنا اور قبضہ جمائے رکھنا ہرگز درست نہیں ہے۔ اور اگر مسلم بچوں کو غیر مسلم اسکولوں کے ماحول سے بچانے کے لئے مسلم اسکول کے قیام کی ضرورت ہو تو اُس کے لئے الگ جگہ پر انتظام کیا جائے، مکتب کی جگہ اس کام میں استعمال نہیں ہوسکتی۔ (احسن الفتاویٰ ۶/۲۲۳)

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم المخالفة ٤/٤٣٣-٤٣٤ كراچی، ٦/٦٤٩ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ١/٣٠٥ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ١/١٢٦ المكتبة الميمنية مصر)

Marfat.com

فإن شرائط الوقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع، وهو مالک فله أن يجعل ماله حيث شاء ما لم يكن معصية. (الرد المحتار / مطلب: شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع ٣٤٣/٤ دار الفكر بيروت، ٥٢٧/٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۳/۳/۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ میں دنیوی علوم پڑھانا؟

سوال (۵۳۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایسے مدارسِ اسلامیہ جن کو اُن کے بانیین نے خالص قرآن وسنت کی تعلیمات کے لئے قائم کیا ہے اور اُن کے اغراض ومقاصد بھی مسلمانوں کی رہنمائی کرنا ہے، کیا ایسے مدارس میں مدرسہ کے بانیین کی اغراض ومقاصد کے خلاف بعد میں مدرسہ کے ذمہ دار بننے والے حضرات کے لئے یہ جائز ہوگا کہ وہ اُن مدارس میں دنیوی تعلیم (ہندی، انگلش، سائنس، جغرافیہ وغیرہ) یا صنعت وحرفت (اسلامی کڑھائی، بڑھئی، نقاشی، کمپیوٹر) کے شعبہ جات قائم کریں؟ واضح ہو کہ ان مدارس کو تعمیر کرتے وقت چندہ قرآن وسنت کی تعلیم کے لئے لیا گیا اور چندہ دہندگان نے بھی اسی نیت سے دیا ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر دینی تعلیم کے علاوہ دیگر شعبے محض ضمنی طور پر قائم ہیں اور اصل مقصد اور کامل توجہ قرآن وسنت کی تعلیم پر ہے، تو یہ بات چندہ دہندگان کی منشاء کے خلاف نہیں؛ البتہ اگر اس ادارے میں اسکولی تعلیم ہی کو اہمیت دی جانے لگے اور دینیات کو ثانوی درجہ میں رکھ دیا جائے، گویا مدرسہ کو اسکول بنا دیا جائے، تو یہ جائز نہ ہوگا۔

شرط الواقف كنص الشارع، فيجب اتباعه. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: ما خالف شرط الواقف فهو مخالف للنص والحكم به حكمٌ بلا دليل ٤٩٥/٤ كراچی، ٧٣٥/٦ زكريه، كفايت المفتی ٩٩/٧) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۶/۱/۱۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

ایک عمارت میں صبح کو مدرسہ اور شام کو اسکول چلانا؟

سوال (۵۳۹):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے دیہاتوں میں عموماً جو مکاتب چلتے ہیں، جن میں دینی تعلیم دی جاتی ہے، اُنہیں مکاتب میں (پرائیویٹ اسکول) یعنی ایک وقت مدرسہ کی دینی تعلیم اور دوسرے وقت میں اسکول کی تعلیم دینا جائز ہے یا نہیں؟ اسکول الگ کرنے کی صورت میں تعمیری خرچ بڑھ جاتا ہے جو اہل بستی کے لئے ناقابل برداشت ہوتا ہے، نیز مدرسہ کے ٹرسٹی اسکول والے ٹرسٹی سے ایک وقت کا کرایہ لے سکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مکاتب میں ایک وقت دینی تعلیم اور دوسرے وقت اسکول کی تعلیم دینا جائز ہے، اور مدرسہ کے ٹرسٹی ایک وقت کا کرایہ بھی لے سکتے ہیں۔

أما المال الموقوف على المسجد الجامع إن لم تكن للمسجد حاجة للحال، فللقاضي أن يصرف في ذلك، لكن على وجه القرض، فيكون ديناً في مال الفيءِ. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الحادي عشر، الفصل الثاني ٢/٤٦٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۱۵/۴/۱۴۲۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

عوامی چندہ پر چلنے والے دینی اِدارہ کو جونیئر ہائی اسکول میں تبدیل کرنا؟

سوال (۵۴۰):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے شہر کے لوگوں نے دینی مدرسہ کے نام سے چندہ جمع کیا اور امداد، زکوٰۃ، صدقات، فطرہ اور چرم قربانی وغیرہ کے ذریعہ سے مدرسہ کی عمارت بنائی، اور تعلیم شروع کردی گئی، حفظ

Marfat.com

وناظرہ اور پنجم درجہ تک پرائمری مدرسہ جاری ہوگیا، کچھ دن بعد اراکین مدرسہ نے عالم کو بھی رکھا، یکے بعد دیگرے تقریباً دس بارہ عالموں نے پڑھایا، مگر کوئی عالم سال ڈیڑھ سال سے زیادہ نہیں رہا، اس ادارہ کو ۵۶/سال ہوچکے، اور اب کسی عالم کو نہیں رکھا جاتا ہے، پرائمری اسکول کو جونیئر ہائی اسکول بنادیا، اور اِس ادارہ میں چار عورتیں بھی پڑھا رہی ہیں، جب کہ اراکین مدرسہ سے کہا جارہا ہے کہ لڑکیوں کو یہاں پڑھانے کا موقع نہ دو، مردوں کے درمیان غیر محرم عورتوں کا آنا جانا اور پڑھانا شرعاً درست نہیں ہے، اور عالم کو کیوں نہیں رکھا جاتا ہے؛ تاکہ دینی تعلیم کو بڑھایا جاسکے؟ مدرسہ قائم ہوئے ۵۶/سال ہوچکے ہیں، یہاں پر درسِ نظامی کے پڑھانے کا کوئی معقول انتظام نہیں ہے؛ کیوں کہ کوئی عالم کو جمایا ہی نہیں جاتا، اِس لئے مدرسہ میں دینی تعلیم کا معیار ہی نہیں ہے، آج تک اِس مدرسہ میں پڑھ کر ایک لڑکا بھی عالم نہیں بنا، اور مدرسہ کو ہائی اسکول بنانے کے لئے تیار ہیں؛ لہٰذا کیا ایسے دینی مدرسہ میں لڑکیوں کو پڑھانے کے واسطے معلّمہ بنانا، چھ سات حافظ قاری اور ماسٹروں کے درمیان میں عورتیں پڑھانے والی بھی ہوں، تو کیا یہ شرعاً درست ہے؟ اور کیا ایسے مدرسہ کو جہاں دینی تعلیم کے پڑھانے کا معقول انتظام نہ ہو، چندہ میں زکوٰۃ فطرہ کی رقم دینا جائز ہے یا نہیں؟ کیوں کہ بغیر تملیک کے استعمال ہوتی ہے، اور جو یہاں لڑکیاں عورتیں پڑھاتی ہیں، اُن کا پڑھانا چھ سات آدمیوں کے درمیان جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو اِدارہ عوامی چندہ سے دینی تعلیم کی غرض سے قائم کیا گیا ہے، اُس میں دینی تعلیم ختم کرکے پوری طرح اسکول کی دنیاوی تعلیم جاری کرنا اور مدرسہ کو جونیئر ہائی اسکول بنادینا کسی کے لئے جائز نہیں ہے، اور اجنبی مردوں اور عورتوں کا اختلاط شریعت میں بہر حال منع ہے؛ اِس لئے مرد اساتذہ کے ساتھ بے پردہ معلمات کا پڑھانا بھی جائز نہیں ہے؛ البتہ اگر معلمات پردہ کے ساتھ الگ حصہ میں صرف بچیوں کو دینی تعلیم دیتی ہوں، تو اس کی گنجائش ہے۔

الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل وقد أمره بالدفع إلى فلان فلا يملك الدفع إلى غيره. (شامي ۱۸۹/۳ زكريا)

Marfat.com

لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الغصب / مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير ٢٩١/٩ زكريا)

وفي الأشباه: الخلوة بالأجنبية حرام. (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة / باب الاستبراء ٥٢٩/٩ زكريا، ٣٦٨/٦ كراچی)

فإن خاف الشهوة أو شك امتنع نظره إلى وجهها، فحل النظر مقيد بعدم الشهوة وإلا فحرام، وهٰذا في زمانهم، وأما في زماننا فمنع من الشابة لا لأنه عورة؛ بل لخوف الفتنة. (الدر المختار مع الشامي ٥٣٢/٩ زكريا)

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به. (الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم المخالفة ٤٣٣/٤-٤٣٤ كراچی، ٦٤٩/٦ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ٣٠٥/١ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ١٢٦/١ المكتبة الميمنية مصر)

على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة والعرف يصلح مخصصًا ٦٦٥/٦ زكريا، ٤٤٥/٤ كراچی)

إن تعلمت من امرأة كان أحب. (الفتاوىٰ التاتارخانية ١١٥/٢ رقم: ١٨٩٤ زكريا)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ٢٦/٥/١٤٣٢ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اہلِ حدیث اور غیر مقلدین کو قرأت پڑھانا اور سند دینا؟

سوال (٥٤١):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں تبلیغی واصلاحی مشن کے طور پر مسجدوں میں بعد نماز مغرب قرأت وتجوید کا ایک سلسلہ چل رہا ہے، جس کا تعلق عقائد علماء دیوبند کے حامل ایک مدرسہ سے ہے، مدرسہ میں قرأت پڑھنے والوں کا باقاعدہ امتحان ہوتا ہے، سند اور دستار بندی بھی ہوتی ہے، مسجد میں محلّہ کے ہر عمر کے

Marfat.com

لوگ بعد نماز مغرب قرأت پڑھتے ہیں، اِس تبلیغی واصلاحی مشن میں اہلِ حدیث، غیر مقلد اور بریلوی حضرات بھی شریک ہوکر قرأت پڑھتے ہیں، تو اُن کو قرأت وتجوید پڑھانا کیسا ہے؟ نیز عقائد علماء دیوبند کے حامل مدارس کا ان کو سند دینا شرعی نقطہ نظر سے کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اہلِ حدیث اور بریلوی حضرات کو قرأت وتجوید پڑھانے اور اس کی سند دینے میں کوئی حرج نہیں ہے، ہوسکتا ہے یہی اُن کی ہدایت کا ذریعہ بن جائے۔ (مستفاد: فتاویٰ رحیمیہ ۲/۳۷۹، فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۲۱)

عن عثمان بن عفان رضي اللّٰه تعالىٰ عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: خيركم من تعلم القرآن وعلمه. (سنن الترمذي، أبواب فضائل القرآن / باب ما جاء في فضل القرآن ۲/۱۱۸، مشكاة المصابيح ۱/۱۸۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۹/۵/۳۰ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

غیر مسلم طلبہ کو مدرسہ میں اُردو پڑھانا؟

سوال (۵۴۲): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: گاہے گاہے غیر مسلم طلبہ شوقیہ یا ضرورۃً منصفی وغیرہ کے امتحانات وغیرہ کی غرض سے مدرسہ میں اُردو پڑھنے آتے ہیں، کیا غیر مسلم طلبہ کو مدرسہ میں تعلیم دینا درست اور جائز ہے؟ مفتی محمود صاحب نے قرآن وفقہ کی تعلیم کو قرآن کو ہاتھ لگائے بغیر جائز لکھا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ان طلبہ کو مدرسہ میں تعلیم دینے کی گنجائش ہے، ہوسکتا ہے یہی اُن کی ہدایت کا ذریعہ بن جائے۔

قال أبو حنيفة: أعلم النصارني الفقه والقرآن لعله يهتد. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الكراهية / الباب الخامس في آداب المسجد والقبلة والمصحف الخ ۵/۳۲۳)

Marfat.com

البتہ زکوٰۃ کا روپیہ اُن پر خرچ کرنا درست نہ ہوگا؛ اِس لئے کہ غیر مسلم زکوٰۃ کا مصرف نہیں ہے، اور نفلی امداد کی جاسکتی ہے۔

عن إبراهيم بن مهاجر قال: سألت إبراهيم عن الصدقة على غير أهل الإسلام، فقال: أما الزكاة فلا، وأما إن شاء رجل أن يتصدق فلا بأس. (المصنف لابن أبي شيبة / ما قالوا في الصدقة يعطي منها أهل الذمة ٥١٦/٦ رقم: ١٠٤١٠)

عن إبراهيم قال: لا تعطهم من الزكاة وأعطهم من التطوع. (المصنف لابن أبي شيبة / ما قالوا في الصدقة يعطي منها أهل الذمة ٥١٧/٦ رقم: ١٠٤١١)

عن جابر بن زيد قال: لا تعط اليهودي والنصراني من الزكاة، ولا بأس أن تتصدق عليهم. (المصنف لابن أبي شيبة / ما قالوا في الصدقة يعطي منها أهل الذمة ٥١٧/٦ رقم: ١٠٤١٣) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۲/۱۴۱۶ھ
الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

اَیڈڈ مدارس کے شرعی اَحکام

مدارسِ اِسلامیہ کو سرکاری اِمداد لینا؟

سوال (۵۴۳):-کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حکومت کی جانب سے مدارس کے طلبہ کو فی کس ۱۲/روپئے ماہانہ اور ۱۴۴/روپئے سال کے حساب سے بطور وظیفہ طلبہ کی تعداد کے مطابق مکمل رقم یک مشت اربابِ انتظام کو دی گئی ہے، حکومت کی جانب سے تاکید کی گئی ہے کہ یہ رقم طلبہ کا وظیفہ ہے، صرف اُنہی کو دی جائے۔ اِس وضاحت کی روشنی میں سوال یہ ہے کہ مدارسِ اسلامیہ کے لئے اِس سرکاری امداد کا حاصل کرنا کیسا ہے؟ جب کہ اُن مدارس کا خرچ عام طور سے مسلمانوں کی زکوٰۃ وخیرات سے پورا ہوتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حکومت اگر خوشی سے اِمداد دے اور اُس کے حصول میں کوئی ناجائز ذریعہ نہ اپنائے تو رقم لینا شرعاً منع نہیں؛ لیکن دینی مدارس کی مصالح کے خلاف ہے؛ اس لئے کہ تجربہ سے یہ معلوم ہوا ہے کہ سرکاری امداد لینے والے مدارس عموماً تعلیمی تنزلی کا شکار رہتے ہیں، نیز بسا اَوقات حکومت کی دخل اندازی کا بھی اندیشہ رہتا ہے، اِس لئے سرکاری امداد سے مدارسِ اسلامیہ کو اجتناب کرنا ہی اولیٰ ہے۔

ومصرف الجزية والخراج ومال التغلبي وهديتهم للإمام مصالحنا كسد ثغور وبناء قنطرة وجسر وكفاية العلماء والمتعلمين وبه يدخل طلبة العلم. (تنوير الأبصار مع الدر المختار، كتاب الجهاد / باب العشر والخراج والجزية، مطلب في مصارف بيت المال ٦/٣٤٨-٣٤٩ زكريا، ٤/٢١٧ كراچی، البحر الرائق، كتاب السير / فصل في الجزية ٥/١١٧ كوئٹه،

Marfat.com

تبیین الحقائق، کتاب السیر / فصل في الجزیة ۳/۳۸۳ المکتبة الإمدادیة ملتان) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۸/۹/۱۴۱۷ھ

پرائمری مدرسہ کوالہٰ آباد بورڈ سے اَیڈڈ کرانا؟

سوال (۵۴۴):-کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کسی ایسے مدرسہ کو کہ جس میں پرائمری درجہ پنجم، درجہ حفظ اور عربی درجات میں عربی سوم تک کی تعلیم ہوتی ہو، اَیڈڈ کرانا کیسا ہے؟ اس مدرسہ کی الہٰ آباد بورڈ سے منظوری حاصل کرکے منشی، عالم، فاضل، وغیرہ کے خارجی فارم پر کرا کر امتحان دلانا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ کو اَیڈڈ کرانے کی اگر چہ گنجائش ہے؛ لیکن اَیڈڈ کرانے کے بعد جو عام طور پر تعلیمی انحطاط اور بددیانتی کا ظہور ہوتا ہے، اُس سے بچنا نہایت ضروری ہے، کم وسائل اور آمدنی کے ساتھ دین کی اِشاعت وحفاظت زیادہ کارِ ثواب ہے، اِس کے مقابلہ میں زیادہ آمدنی کی لالچ اور طمع میں مدرسہ کے اصل مقصدِ قیام کو پس پشت ڈال دینا نہایت مضر ہے، جیسا کہ عام طور پر اَیڈڈ مدارس میں ہو رہا ہے، اس لئے حالات وضروریات کو سامنے رکھ کر اور ذاتی مفادات سے اوپر اٹھ کر اور دین کی خیر خواہی کو پیشِ نظر رکھ کر ہی اِس بارے میں کوئی اقدام کرنا چاہئے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۱۴۱)

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: بدأ الإسلام غريبًا، وسيعود غريبًا، فطوبىٰ للغرباء الذين يصلحون ما أفسد الناس.

(سنن الترمذي رقم: ۲۶۳۸، سنن ابن ماجة رقم: ۳۹۸۶، صحيح مسلم رقم: ۱۴۵ بيت الأفكار الدولية)

(غريبًا) أي لقلة أهله، وأصل الغريب البعيد عن الوطن (وسيعود غريبًا) بقلة من يقوم به ويعين عليه. وإن كان أهله كثيرًا. (طوبىٰ) فعلى من الطيب.

Marfat.com

وتفسر بالجنة وبشجرة عظيمة فيها. (للغرباء) القائمين بأمره. وفي هٰذا تنبيه على أن نصرة الإسلام والقيام بأمره يصير محتاجًا إلى التغرب عن الأوطان، والصبر على مشاق الغربة، كما كان في أول الأمر. (سنن ابن ماجة، كتاب الفتن / باب بدأ الإسلام غريبًا تحت رقم: ٣٩٨٦ حاشية، دار الفكر بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۲۱/۳/۲۴ھ

محض کاغذی خانہ پوری کرکے سرکاری اِمدادی مدارس کا اِمداد وصول کرنا؟

سوال (۵۴۵):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: آج کل ہندوستان کے بعض مدارسِ اسلامیہ سرکار سے امداد لے رہے ہیں، سرکار کے مقرر کردہ ضابطہ کے خلاف صرف کاغذی خانہ پوری کرکے جو بڑی حد تک جھوٹ اور حقیقت کے برخلاف پر مبنی ہوتی ہے، امداد لے لیتے ہیں جو علماء کی غذا بن رہی ہے، بعض ملازم علماء نے جواز کی یہ صورت پیش کی ہے کہ ہم تو پڑھاتے ہیں، براہِ کرم کیا اِن علماء کے لئے یہ تنخواہ لینا جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سرکاری اِمدادی مدارس میں مقررہ ضابطوں کے خلاف محض جعلی خانہ پری کرکے تنخواہوں کا انتظام کرنا قطعاً جائز نہیں ہے، اِس دھوکہ دہی کے اصل ذمہ دار تو مذکورہ مدارس کے غیر محتاط منتظمین ہیں؛ لیکن ملازمین بھی اپنی ذمہ داری سے اس وقت تک بچ نہیں سکتے، جب تک کہ وہ منتظمین کو اس بددیانتی سے روکنے کی کوشش نہ کریں، منتظمین پر لازم ہے کہ وہ کسی طرح کے فریب کے بغیر ضابطہ کے مطابق واقعۃً جس ملازم کا جو حق بنتا ہے وہ بلا کم وکاست اُس تک پہنچائیں، اور جو شخص ضابطہ میں مستحق نہ ہو اُسے سرکاری امداد کی رقم میں سے کوئی حصہ نہ دیں۔

عن عبد اللّٰہ بن عمرو رضي اللّٰہ عنه أن النبي صلى اللّٰہ عليه وسلم قال:

Marfat.com

أربع من كن فيه كان منافقًا خالصًا، ومن كانت فيه خصلةٌ منهن كانت فيه خصلةٌ من النفاق حتى يدعها: إذا ائتمن خان، وإذا حدّث كذب، وإذا عاهد غادر، وإذا خاصم فجر. (صحيح البخاري، كتاب الإيمان / باب علامة المنافق ١/ ١٠ رقم: ٣٤ دار الفكر بيروت، صحيح مسلم، كتاب الإيمان / باب بيان خصال المنافق رقم: ٥٨ بيت الأفكار الدولية، سنن أبي داؤد / كتاب السنة رقم: ٤٦٨٨ دار الفكر بيروت، سنن الترمذي رقم: ٢٦٣٢)

والغَدَر محرم بشتى صورة سواء أكان مع فرد أم جماعة، وسواء أكان مع مسلم أم ذمي أم معاهد. (الموسوعة الفقهية ٣١/ ١٤٣ كويت)

ذهب الفقهاء إلىٰ تحريم الغدر؛ لأنه من علامات النفاق ومن كبائر الذنوب، ولا سيما إذا كان الغادر من أصحاب الولايات العامة؛ لأن ضرر غدره يتعدي إلى خلق كثيرٍ. (الموسوعة الفقهية ٣١/ ١٤٣ كويت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱/۶/۱۴۲۳ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

حکومت سے منسلک دینی درس گاہوں میں تعلیم دینا؟

سوال (۵۴۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: موجودہ حکومت میں کسی ایسی جگہ پر ملازمت کرنا جس میں کوئی ناجائز کام کرنے کی ذمہ داری نہ دی جاتی ہو، درست ہے یا نہیں؟ ایسی تعلیم گاہیں جن میں اُردو دینیات، ناظرہ وحفظ قرآنِ پاک، تجوید نصابِ علمیت نیز ابتدائی ہندی انگلش، وسائنس وغیرہ کی تعلیم دی جاتی ہو، اُس میں سرکار سے تنخواہ لے کر ملازمت کرنا کیسا ہے؟ مزید مکرر عرض ہے کہ اس میں حکومت کی طرف سے کوئی بھی ناجائز کام کرنے کا قانون نہیں ہے۔ ۲۶/ جنوری، ۱۵/ اگست، ۲/ اکتوبر کی تعطیلات ضرور ہوتی ہیں، باقی تعطیل نامہ خود اپنا تیار کرنے کی اجازت ہے، یہ مدرسین مدرسہ کی انتظامیہ کے ماتحت ہوتے ہیں، مہتمم مدرسہ کے دفتر سے مدرسین کا بینک میں کھاتہ کھلتا ہے، اُن کے کھاتے میں سرکاری

Marfat.com

تنخواہیں آتی ہیں، اُن کا سرکاری گریڈ ہوتا ہے، اُسی کے مطابق انتظامیہ مہتمم کی طرف سے تنخواہیں بن کر جاتی ہیں، مدرسین کی تعداد مقرر ہے، اس سے زیادہ اگر مدرسین کی ضرورت ہو اور مدرس رکھے جائیں تو انتظامیہ ذمہ دار ہے، زیادہ سے زیادہ ۱۸/افراد کا عمل ملتا ہے؛ لیکن ۱۹۹۱-۱۹۹۰ء میں جن مدارس میں جتنے مدرسین تھے اُن سے زائد کی منظوری مشکل ترین کام ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دینی تعلیم وغیرہ پر سرکاری ملازمت فی نفسہٖ جائز ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۵/۵۵۳ ڈابھیل) لیکن مدرسین وذمہ داران کو دیانۃً اپنی ذمہ داریاں ادا کرنا لازم ہے، عام طور پر سرکاری مدارس میں اس کے متعلق سخت کوتاہیاں پائی جاتی ہیں۔

مصرف الجزية والخراج ومال التغلبي وهديتهم .....، مصالحنا كسدّ ثغور وبناء قنطرة وجسر وكفاية العلماء (الدر المختار) وكذا النفقة على المساجد كما في زكاة الخانية، فيدخل فيه الصرف على إقامة شعائرها من وظائف الإمامة والأذان ونحوهما. (شامي، كتاب الجهاد / مطلب في مصارف بيت المال ٤/٢١٧ كراچی، البحر الرائق، كتاب السير / فصل في الجزية ٥/١١٧ كوئٹه، تبيين الحقائق، كتاب السير / باب العشر والخراج والجزية ٣/٣٨٣ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۳/۱۰/۱۴۱۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اَیڈڈ مدارس میں ملازمت کرنا؟

سوال (۵۴۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اَیڈڈ مدارس میں گورنمنٹ دخل اندازی کرتی ہے، ہر دو تین ماہ میں پولیو ڈراپ پلانے کے لئے علماء ومدرسین کی ڈیوٹی غیر مسلم بے پردہ عورتوں کے ساتھ لگائی جاتی ہے، جن کا دیکھنا، بات چیت کرنا، اُن کے ساتھ ساتھ چلنا بھی حرام ہے، نیز اس اختلاط کا اثر مسلم معاشرہ پر بہت خراب

Marfat.com

پڑرہا ہےاورعلماء کی وقعت کم ہوتی جارہی ہے،الیکشن کے موقع پراَیڈڈ مدارس کے تمام مدرسین علماء وغیرہ کی بھی ڈیوٹی لگائی جاتی ہے،اس میں تعلیم وتدریس کا زبردست نقصان ہوتا ہے،اگر یہ لوگ جانے سے انکارکرتے ہیں،تو اِن کے خلاف کارروائی کی جاتی ہے،کیا شریعتِ مطہرہ کی روشنی میں ایسی ملازمت کرنا درست ہے یانہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اَیڈڈمدارس میں ملازمت فی نفسہٖ جائز ہے؛لیکن ملازم کے لئے کسی خلافِ شرع کام کاارتکاب کسی حال میں درست نہیں،اوراگرانتظامیہ کی طرف سے خلافِ شرع کام پرجبرکیاجائےتوایسی ملازمت چھوڑدینی چاہئے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾ [المائدة، جزءآیت: ۲]

عن الحسن بن علي رضي اللّٰه عنه قال: حفظت من رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: دع ما يريبک إلى ما لا يريبک، فإن الصدق طمأنينةٌ، وإن الكذب ريبةٌ. (المسند للإمام أحمد بن حنبل ۱/ ۲۰۰، سنن الترمذي رقم: ۲۵۱۸، سنن النسائي: ۵۷۱۱)

عن عطية السعدي رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: لا يبلغُ العبد أن يكون من المتقين حتّٰى يدع ما لا بأس به حذَرًا لما به بأسٌ. (سنن الترمذي رقم: ۲٤٥۱، سنن ابن ماجة، كتاب الزهد / باب الورع والتقوىٰ رقم: ٤۲۱٥ دار الفكر بيروت)

عن عبد اللّٰه رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: طلب كسب الحلال فريضةٌ بعد الفريضة. (شعب الإيمان للبيهقي رقم: ۸٤۸۲، لمعات التنقيح في شرح مشكاة المصابيح ٥/ ۲۰۵-۲۰۹ دار النوادر)

مصرف الجزية والخراج ومال التغلبي وهديتهم للإمام، مصالحنا كسدّ ثغور وبناء قنطرة وجسر وكفاية العلماء الخ، قوله: وكفاية العلماء: هم أصحاب التفسير والحديث والظاهر أن المراد بهم من يعلم العلوم الشرعية فيشمل

Marfat.com

الصرف والنحو وغیرھما. (شامي، کتاب الجهاد / مطلب في مصارف بیت المال ۲۱۷/٤ کراچی، البحر الرائق، کتاب السیر / فصل في الجزیة ۱۱۷/٥ کوئٹه، تبیین الحقائق، کتاب السیر / فصل في الجزیة ۳۸۳/۳ إمدادیة ملتان) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۶/۵/۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اَیڈڈ مدرسہ میں سرکاری قانون کے خلاف جھوٹ بول کر کسی کا تقرر کرنا؟

سوال (۵۴۸):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: (۱) زید ایک اَیڈڈ مدرسہ کا ناظم ہے، اور سرکاری قانون کے خلاف جھوٹی بیان حلفی تحریری داخل کر کے اپنے بہنوئی کو مدرس بنوایا ہے، سرکاری قانون ہے کہ ناظم اپنے بہنوئی یا داماد کو مدرس یا ملازم نہیں رکھ سکتا، آج اُس کا بہنوئی سرکاری تنخواہ لے رہا ہے، زید کا یہ عمل کیسا ہے؟

(۲) زید نے درجاتِ عالیہ کی کتابوں کو پڑھانے کے لئے ایک سرکاری مدرس رکھا ہے، جو اُن کتابوں کے پڑھانے کا بالکل اہل نہیں ہے، یہ بات زید کو خود بھی تسلیم ہے، ایک بار اس نے پانچویں جماعت کی کتاب دے کر واپس بھی لے لی ہے، پھر آج تک اس جماعت کی کتاب نہیں دی ہے، یہ کام یا تو ذاتی کسی فائدہ کے لئے کیا ہے، یا کسی دباؤ میں آ کر، تو کیا یہ مدرسہ کے ساتھ خیانت نہیں ہے؟

(۳) زید کی کوشش اب صرف یہ ہے کہ کسی طرح اس کے زیادہ سے زیادہ رشتہ دار مدرس اور ملازم ہو جائیں، جب کہ اِس وقت دو داماد، ایک بہنوئی اور ایک بھتیجہ مدرس ہیں، اور اکثر نا اہل ہی ہیں، کیا یہ دیانت کے خلاف نہیں ہے؟

(۴) زید نے مدرسہ سے لگ کر ایک بلڈنگ مدرسہ کے نام پر مدرسہ کی رسید پر چندہ کر کے خریدی، قوم نے مدرسہ سمجھ کر چندہ دیا، جب کہ چندہ کی دو تہائی رقم زکوٰۃ کی ہے، اَب اس عمارت میں بچیوں کی عصری تعلیم کا انتظام ہے، ابھی اس کے اسکول کو سرکاری منظوری نہیں ملی ہے، اِس لئے بچیوں کو دوسرے اسکولوں سے فارم بھروا کر امتحان دلواتا ہے، اس اسکول کی معلمات کی تنخواہ بھی مدرسہ ہی کے

Marfat.com

فنڈ سے ادا کی جاتی ہے، کیا یہ شریعت میں جائز ہے، اگر زید کے یہ کام غلط اور خلافِ شریعت ہیں، تو کیا زید مدرسہ کا ناظم رہ سکتا ہے، اگر وہ خود سے نہیں ہٹتا، تو مدرسہ کی کمیٹی کی ذمہ داری ہے؟

نوٹ:- زید نے مذکورہ بالا اسکول کے ساتھ ایک معلّمہ رکھ کر بچیوں کو حفظ کرانے کا بھی نظم کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کسی بھی اِدارے میں منتظم کے لئے قوانین کی خلاف ورزی اور خیانت جائز نہیں ہے، جو کام بھی ہو ضابطہ اور قانون کے تحت صاف ستھرے انداز میں ہونا چاہئے، اور جو منتظم اپنی ذمہ داری دیانت کے ساتھ ادا نہ کر سکے، وہ اس عہدے کے لائق نہیں ہے۔

حديث عمر: ثم يليه ذو الرأي من أهلها. وفي رواية: من أهله، وقد تقدم مرارًا. وفي رواية عمر بن شبة عن يزيد بن هارون عن ابن عون: وأوصى بها عمر إلى حفصة أم المؤمنين، ثم إلى الأكابر من آل عمر، وفي رواية أيوب عن نافع عند أحمد ذوو الرأي من آل عمر. قاله الحافظ في الفتح ٥/ ٣٠٠. (المسند للإمام أحمد ٢/ ١٢٥ بحواله: إعلاء السنن ١٣/ ٢١٤ رقم: ٤٥٥٢ دار الكتب العلمية بيروت)

عن ابن عمر رضي الله عنهما قال: كان يولي أقوامًا كثيرًا ولذي القربى صدقة عمر، فإذا رأى منهم خيرًا أقرهم؛ وإن كان غير ذلك عزلهم. رواه الخصاف في الأوقاف له. (إعلاء السنن، كتاب ولاية الوقف / باب لا يولي إلا أمين عادل ذو رأي ١٣/ ٢١٥ رقم: ٤٥٥٣ دار الكتب العلمية بيروت)

وينزع وجوبًا لو الواقف غير مأمون أو عاجزًا أو ظهر به فسق، وإن شرط عدم نزعه. (تنوير الأبصار مع الدر المختار على هامش رد المحتار، كتاب الوقف / مطلب فيما يعزل به الناظر ٦/ ٥٧٨ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۷/ ربیع ۱۴۲۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

اَیڈڈ مدارس کا رشوت لے کر اُستاذ کا تقرر کرنا؟

سوال (۵۴۹):-کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہندوستان میں مدارسِ اسلامیہ اسلام کی چھاؤنی ہیں، جہاں سے علماء، محدثین، فقہاء، حفاظ، قراء، مصنفین اور دعاۃ پیدا ہوتے ہیں، جو پورے ملک میں علم کی مشعلیں روشن کئے ہوئے ہیں، اَسلاف کرام اور علماء عظام کی روشن فکر اور عملی وعلمی جد وجہد کا ثمرہ اور نتیجہ ہے کہ آج ملک میں مسلمان اپنے پورے تشخص اور امتیاز کے ساتھ زندہ اور پائندہ ہیں، اِدھر چند سالوں سے بعض مدارسِ اسلامیہ اور مکاتبِ دینیہ میں غیر معمولی خرابیاں پیدا ہوتی جارہی ہیں، جس کی بنا پر کچھ سوالات اُبھر رہے ہیں؛ چوں کہ دینی مدارس میں یہ خرابیاں پائی جارہی ہیں؛ لیکن مصلحۃً لوگ اُس کو بیان کرنے سے کتراتے ہیں، مگر آگے چل کر یہ خرابیاں ایک بڑے فتنہ کا سبب بن سکتی ہیں، اِس لئے شرعی اعتبار سے جواز اور عدمِ جواز کا فیصلہ کرنا علماء اور فقہاء کا کام ہے۔

موجودہ ہندوستان میں مدارس دو طرح کے ہیں:

(۱) اَیڈڈ مدارس (جو سرکار سے امداد لیتے ہیں)

(۲) غیر اَیڈڈ مدارس (جو سرکار سے امداد نہیں لیتے ہیں)

اَیڈڈ مدارس بھی دو قسم کے ہیں:

(۱) ایک وہ جو ایمان داری اور دیانت داری اور سچائی سے کام کرتے ہیں، کاغذات کی صحیح خانہ پری کرتے ہیں، مدرسہ میں جتنے مدرس اور ملازم ہوتے ہیں، اتنے ہی کی تنخواہ لیتے ہیں، کاغذات صحیح ہونے کی وجہ سے ان کو رشوت میں مدرسہ کی رقم بھی نہیں دینی پڑتی، مدرسین کا بھی صلاحیت کے مطابق انتخاب کرتے ہیں۔

(۲) پہلے کے برعکس بعض مدارس جھوٹ اور فراڈ کرتے ہیں، فرضی اور جعلی رجسٹر رکھتے ہیں، پچاس ملازمین کی جگہ ۸۰-۹۰ ملازمین دکھلا کر تنخواہ وصول کرتے ہیں۔ اور جعلی کاغذات کی وجہ سے جب کوئی انسپکٹر صاحب چیک کرنے کے لئے آتے ہیں، تو اُن کو لمبی رشوت بھی دیتے ہیں،

Marfat.com

اور مدرسین کے انتخاب میں بھی دو چیزیں ملحوظ رہتی ہیں: ایک اقرباء پروری، دوسرے رشوت، ناظم یا اراکین کا قریبی ہو یا متمنی رشوت دینے والا ہو، اسی کا انتخاب عمل میں آتا ہے، اور کہتے ہیں کہ چوں کہ انسپکٹر کو رشوت دینی پڑتی ہے، اِس لئے ہم لوگ نئی تقرری پر مدرسین سے رشوت لیتے ہیں۔

(۱) کیا اِن مدارس کو رشوت لینا اور دینا جائز ہے، جب کہ حدیث شریف میں ہے: "الراشي والمرتشي كلاهما في النار" رشوت لینے والا اور دینے والا دونوں جہنم رسید ہیں؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ مدارس کا مذکورہ اُمور کے لئے رشوت کا لین دین کرنا ہرگز جائز نہیں۔

عن عبد اللّٰہ بن عمرو رضي اللّٰہ عنه قال: لعن رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم الراشي والمرتشي. (سنن أبي داؤد، كتاب القضاء / باب في كراهية الرشوة ص: ٦٧٢ رقم: ٣٥٨٠ دار الفكر بيروت، سنن الترمذي، أبواب الأحكام / باب ما جاء في الراشي والمرتشي في الحكم رقم: ١٣٣٧، تلخيص الحبير، كتاب القضاء / باب أدب القضاء ٢ رقم: ٢٠٩٣) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۵/۵/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

فرضی خانہ پوری کر کے سرکاری تنخواہ حاصل کرنا؟

سوال (۵۵۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ میں دو ہندی پڑھانے والوں کی تنخواہ سرکاری طور پر لی جارہی ہے، یہ سہولت حکومت اس وقت دیتی ہے جب کہ طلبہ کی تعداد جوان کو مطلوب ہے اُس مدرسہ میں موجود ہو، جب کہ اس وقت یہ تعداد نہیں ہے، صرف کاغذی خانہ پوری کر کے سرکاری لوگوں کو دے دی جاتی ہے؛ چوں کہ مدرسہ والوں سے اُن کا کمیشن طے رہتا ہے، جب وہ تنخواہ دیتے ہیں تو اپنا طے ہوا معاملہ وضع کر کے اُن کو رقم دیتے ہیں، نیز کبھی کبھی مدرسہ آتے ہیں تو مدرسہ والے چند سو روپے بطور رشوت دے کر

Marfat.com

اور تواضع کر کے واپس کر دیتے ہیں، ذمہ دار مدرسہ اُس کو اپنے ذاتی استعمال میں لے آتے ہیں، اس طرح جھوٹ فریب سے سرکاری رقم لینا شرعاً کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جھوٹ فریب اور رشوت دے کر سرکاری تنخواہ لینا اور فرضی خانہ پوری کرا دینا قطعاً درست نہیں ہے، یہ حکومت کے ساتھ خیانت اور دھوکہ دہی ہے، جو کسی طرح جائز نہیں۔

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم مرَّ على صبرةٍ من طعام، ..... ثم قال: من غش فليس منا. (سنن الترمذي / باب ما جاء في كراهية الغش في البيوع ۱/۲۴۵، سنن أبي داؤد ۲/۴۸۹، صحيح مسلم ۱/۹۷۰، الترهيب والترغيب مكمل ۴۰۰ رقم: ۲۷۴۰ بيت الأفكار الدولية)

ولا يجوز لأحد من المسلمين أخذ مال أحد بغير سبب شرعي. (شامي، كتاب الحدود / باب التعزير، مطلب: في التعزير بأخذ المال ۶/۱۰۶ زكريا، الفتاوىٰ الهندية، كتاب الغصب / الباب السابع في حد القذف، فصل في التعزير ۲/۱۶۷ زكريا، البحر الرائق، كتاب الحدود / باب حد القذف، فصل في التعزير ۲/۶۸ زكريا، النهر الفائق، كتاب الحدود / باب حد القذف ۳/۱۶۵ إمداديه ملتان)

الأجرة إنما تكون في مقابلة العمل. (شامي، كتاب النكاح / باب المهر، مطلب أنفق على معتدة الغير ۴/۳۰۷ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۲/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اَیڈڈ مدرسہ کا اَساتذہ کی تنخواہ میں اپنی طرف سے کمی کرنا؟

سوال (۵۵۱): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص ایک مذہبی اسکول کے نام پر ہر ماہ حکومت سے خرچ (ایڈ) لے کر اسکول چلاتا ہے، لیکن اسکول میں موجود طلبہ اور ٹیچرس کم ہیں اور انہیں حکومت کی نظر میں زیادہ دکھایا گیا ہے، اور

Marfat.com

اِسی حساب سے اُسے حکومت سے رقم ملتی ہے؛ بلکہ بعض ٹیچرس اور طلبہ تو دوسرے مدرسہ میں پڑھتے پڑھاتے ہیں اور وہاں پر وہ ٹیچرس باتنخواہ ملازم ہیں، اس ٹیچر کے نام پر بھی حکومت سے وہ ہر ماہ تنخواہ وصول کرتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا حکومت سے اس طرح فراڈ کر کے رقم لینا اور اس کو اسکول اور خاص کر اپنے ذاتی خرچ میں لانا شریعت کی نظر میں جائز ہے؟ اگر جائز نہیں تو علماء دین کو اس کے ساتھ کیا برتاؤ کرنا چاہئے؟ اس سے دوستی کرنا کیا مذہب فی الدین نہیں ہے؟ ایسے شخص کو کسی کمیٹی کا رکن بنانا جائز ہے یا نہیں؟ اور ایسے ہی وہ ٹیچر جو دوسرے مدرسہ میں کام کرتا ہے؛ لیکن نام یہاں بھی درج ہے اور تنخواہ لینے آتا ہے، تو کیا شرعاً یہ ٹیچر بھی مجرم ہے؟

جب یہ بات دوسرے لوگوں کو معلوم ہوئی تو اُنہوں نے ٹیچر کو اِس کام سے روکنے کے لئے جب مدرسہ کے نائب مہتمم سے کہا کہ آپ کے مدرسہ کے مدرس فلاں مدرسہ سے فرضی تنخواہ لیتے ہیں، اُن کو اِس کام سے روکیں یا اُنہیں اپنے مدرسہ سے نکال دیں، تو نائب مہتمم نے میری عرضی کو پھینک دیا اور کچھ سننے کے لئے تیار نہیں ہوئے، تو کیا نائب مہتمم بھی مجرم قرار دئے جائیں گے؟ اور اللہ کے یہاں اُن کی گرفت ہوگی؟ اور ان تینوں لوگوں کی حمایت کرنے والوں کی عنداللہ گرفت ہوگی یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حکومت جو تنخواہ دیتی ہے وہ عمل کا معاوضہ ہے اور یہ شرعاً اِجارہ کا معاملہ ہے، اِس لئے جو حکومت کے مدرسہ کے ملازم ہیں وہ اپنی تنخواہ لینے کے مستحق ہیں، مہتمم کو اُس میں کٹوتی کا اختیار نہیں ہے، اور تنخواہ کم دینا اور رجسٹر پر پوری تنخواہ کے دستخط کرانا قطعاً دھوکہ اور خداع ہے، اِس کی کسی حال میں اِجازت نہیں ہے۔ اِسی طرح جو لوگ تدریس کے بغیر تنخواہ حکومت سے لیتے ہیں، اُن کے لئے بھی یہ تنخواہ ہرگز حلال نہیں ہے، وہ عنداللہ سخت مجرم ہیں اور اُن کے اس فعل پر راضی رہنے والے اور اُن کا دفاع کرنے والے بھی عنداللہ اپنا دامن نہیں بچا سکتے۔

عن ابن مسعود رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: من غشنا فليس منا، والمكرُ، والخداعُ في النار. (لمعجم الكبير والصغير للطبراني ۲۶۱/۲،

Marfat.com

صحيح ابن حبان رقم: ٥٥٣٣، سنن أبي داؤد ٢/٤٨٩، الترغيب والترهيب مكمل، كتاب البيوع وغيرها / الترهيب من الغش والترغيب في النصيحة في البيع وغيره ص: ٤٠٠ رقم: ٢٧٤٢ بيت الأفكار الدولية)

عن قيس بن أبي غرزة رضي الله عنه قال: ..... فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من غش المسلمين فليس منهم. (رواه الطبراني في الكبير، كذا في الترغيب والترهيب مكمل، كتاب البيوع وغيرها / الترهيب من الغش والترغيب في النصيحة في البيع وغيره ص: ٤٠٠ رقم: ٢٧٤٣ بيت الأفكار الدولية)

ثم الأجرة تستحق بأحد معان ثلاثة: إما بشرط التعجيل أو بالتعجيل أو باستيفاء المعقود عليه، فإذا وجد أحد هذه الأشياء الثلاثة فإنه يملكها، كذا في شرح الطحاوي. (الفتاوىٰ الهندية ٤/٤١٣) فقط والله تعالىٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۲/۱۴۱۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ بورڈ کے پہلو سے اُبھرتے ہوئے کچھ سوالات

سوال (۵۵۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: (۱) کیا مدرسہ بورڈ مدارس کی آزادی کو سلب کرنے کی سازش ہے؟

(۲) کیا آج حکومت مدارس کو امریکی ایجنڈے پر عمل کرانا چاہتی ہے؟

(۳) ہماری حکومت کو مدارس کی اِس قدر فکر لاحق کیوں ہوگئی ہے؟

(۴) صرف مسلمان کے دینی مراکز کو حکومت اپنے ذمہ لینا چاہتی ہے، اور دوسرے مذاہب کے مراکز کو نظر انداز کر رہی ہے، ایسا کیوں؟

(۵) مدرسہ میں صرف ۴ رفیصد مسلم بچے زیر تعلیم ہوتے ہیں، جو کبھی سرکار کا بوجھ نہیں بنتے، اور نہ بننا چاہتے ہیں، پھر بھی حکومت ۹۶ رفیصد کی فکر چھوڑ کر انہیں ۴ رفیصد کی فکر کیوں کرتی ہے، آخر کیا راز ہے؟

Marfat.com

(۶) کیا ہندوستان میں دین کے تحفظ اور اُردو زبان کو باقی رکھنے کے لئے مدارس کا بورڈ سے ملحق ہونا ضروری ہے؟

(۷) کیا مدرسہ بورڈ میں قرآن وحدیث وفقہ کی کتابیں نکال کر زمانہ کے تقاضوں کے مطابق کتابیں پڑھائی جائیں گی؟

(۸) بعض حضرات فرماتے ہیں کہ سرکاری ملازمت میں تبدیل ہوجانے کے بعد مدارسِ عربیہ میں کسی تقدیس وپاکیزگی اور تقویٰ وطہارت کے باقی رہنے کا سوال ہی باقی نہیں رہ جاتا، کیا یہ سچ ہے؟ اگر یہ سچ ہے تو ایسا کیوں؟

(۹) کیا ہندوستان کی حکومت ذرائع آمدنی میں حلال وحرام کی کوئی تمیز نہیں رکھتی؟ اگر نہیں تو پھر اس سے تنخواہ لینا کیسا ہے؟

(۱۰) مدرسہ بورڈ سے ملحق حضرات کی اِمامت کے بارے میں قرآن وحدیث کی روشنی میں علماء حق کیا فرماتے ہیں؟

(۱۱) مدرسہ بورڈ میں زکوٰۃ، فطرہ، چرمِ قربانی، صدقہ وغیرہ دیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

(۱۲) کیا حکومتِ ہند کی اِس میں کوئی پالیسی ہے کہ ہمارے غیر مسلم بھائیوں نے بھی مدرسہ قائم کرنا شروع کردیا ہے، آخر اس میں کیا راز ہے؟

واضح ہو کہ مدرسہ بورڈ سے ملحق ہونے کے بعد درج ذیل اُمور انجام دینے پڑتے ہیں:

(۱) بورڈ کے لئے سب سے رجسٹریشن کرانا پڑتا ہے، جس میں کچھ نہ کچھ رشوت دی جاتی ہے، اور جھوٹ لکھا اور بولا جاتا ہے۔

(۲) مدرسہ کو بورڈ سے ملحق کرنے کے لئے چند شرائط ہوتی ہیں، جیسے بچوں کا کم از کم ۳۰۰/ سے ۵۰۰/ تک ہونا، اور کم سے کم پانچ کمروں کا ہونا، بچوں کے کھیل کود کے لئے میدان کا ہونا، جس میں اکثر مدارس والوں کو جھوٹ لکھنے اور رشوت دینے کی بھی ضرورت پڑتی ہے۔

(۳) مدرسہ بورڈ جب ملحق ہوجاتا ہے تو ہمیشہ سرکار کی طرف سے کوئی نہ کوئی چیک کرنے

Marfat.com

والے آتے ہیں، مدرسہ سرکار کے ضابطے کے مطابق ہونے پر بھی اہلِ مدرسہ کو کئی کئی ہزار روپے آنے والے افسروں کو رشوت دینی پڑتی ہے۔

(۴) مدرسہ کے ہر درجہ میں بچوں کی حاضری ہوتی ہے، اور حاضری رجسٹر چیک بھی ہوتا ہے، جس میں اکثر ان بچوں کا نام بھی ہوتا ہے، جو نہ مدرسہ میں پڑھتے ہیں اور نہ ہی مدرسہ میں موجود ہوتے ہیں، اور نہ بورڈ کا امتحان دیتے ہیں؛ بلکہ ان بچوں کو اپنے داخلہ کی خبر بھی نہیں رہتی، کیا یہ از روئے شریعت مشروع ہے؟

(۵) مدرسہ بورڈ کے بچوں کو سرکار کی طرف سے وظیفہ ملتا ہے، جس کو مدرسہ کے ذمہ دار بچوں کے درمیان تقسیم کرتے ہیں، مگر سرکار کی طرف سے جتنی رقم آتی ہے اس میں سے تھوڑی ہی رقم تقسیم ہوتی ہے، پھر کوئی نہ کوئی کام دِکھا کر مدرسہ والے رکھ لیتے ہیں، اور جتنی رقم سرکار کی طرف سے آئی ہوئی ہے، ہر طالبِ علم سے اتنی ہی رقم کا دستخط کرایا جاتا ہے، کیا یہ ذمہ دارانِ مدرسہ کے لئے جائز ہے؟

(۶) مدرسہ میں سبھی طالبِ علم کے کھانے کے لئے چاول وغیرہ آتا ہے، جو سبھی طالبِ علم کو نہیں ملتا، بعض کو ملتا ہے، اور بعض کو نہیں ملتا، اور بہت سے ایسے مدارس ہیں جہاں طلبہ کے طعام کا کوئی نظم ہی نہیں ہوتا، اور سارا غلہ ذمہ دار حضرات رکھ لیتے ہیں۔

(۷) مدرسہ بورڈ میں وہی شخص ملازم ہوسکتا ہے، جس نے منشی، معلم، عالم اور فاضل کا امتحان دیا ہو، اِس کے لئے امتحان سے پہلے نہ کوئی پڑھائی ہوتی ہے، اور نہ ہی کوئی مدرس ان کتابوں کو کبھی پڑھاتا ہے؛ بلکہ یہ کہہ لیجئے کہ نہ ہی اِس کے لئے کوئی درس گاہ ہوتی ہے، اور نہ کلاس، بس چھوٹے چھوٹے بورڈ پر منشی، معلم، عالم وغیرہ لکھ کر دروازہ پر لٹکا دیا جاتا ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ سب سرکاری درس گاہیں ہیں، اور بعض جگہوں پر حفظ کی درس گاہ کے دروازے پر یہ بورڈ لگا ہوا مل جاتا ہے، اور امتحان دینے والا خواہ حفظ قرآن، یا انگریزی، یا اور کسی زبان کا پڑھنے والا ہو، مسلم ہو یا غیر مسلم اس سے کچھ مطلب نہیں، بڑی آسانی سے امتحان دیتا ہے؛ کیوں کہ امتحان گاہ میں چیٹ لکھ کر سوالوں کو حل کرایا جاتا ہے، یا پھر گائیڈ کے ذریعہ مدد کی جاتی ہے۔

Marfat.com

(۸) امتحان کے موقع سے افسر امتحان گاہ میں حاضر ہوتا ہے، حاضر ہونے سے پہلے ہی نگراں بچوں کو خبر کر دیتے ہیں، بچے اپنی اپنی گائیڈ، یا چیٹ کو امتحان گاہ سے باہر کسی جگہ، یا پھر بیت الخلاء وغیرہ میں، مناسب وغیر مناسب کی تمیز کئے بغیر کہیں بھی ڈال دیتے ہیں، جب کہ چیٹ یا گائیڈ میں قرآن کی آیات اور اَحادیث بھی لکھی ہوئی ہوتی ہیں، کیا بورڈ کے امتحان کے لئے یہ سب جائز ہے؟

(۹) بورڈ کا امتحان دینے والوں کو اکثر آٹھ یا دس کلاس پاس ہونے کی مارسیٹ فارم پر لگانی ہوتی ہے، جس میں اکثر مارسیٹ فرضی ہوتی ہیں، جو سرکاری جرم ہے۔

(۱۰) ہندوستان میں مسلمانوں کی زبان بول کر اُردو ٹیچر سرکاری محکموں میں رکھے جاتے ہیں، کیا آپ نے غور کیا ہے کہ کتنے مسلمان رکھے جاتے ہیں، اکثر ہمارے ہندو بھائی ملتے ہیں، اَب تو مدرسہ بورڈ کے بابو (منشی) ہمارے ہندو بھائی ہی ہوتے ہیں، کیا مدرسہ اُنہی حضرات سے چلے گا؟

(۱۱) کیا اُردو اِسلام کی زبان ہے؟ کیا اُردو زبان کی حفاظت ہم پر فرض ہے؟

(۱۲) مدرسہ بورڈ میں جہاں پر قرآن وحدیث کی تعلیم دی جاتی ہے، جہاں صرف مسلمان ہی کے بچے زیر تعلیم ہوتے ہیں، وہاں پر ہندو مذاہب کی عبادت (تہوار) کی بھی چھٹیاں منائی جاتی ہیں، جب کہ مسلم تہوار کی چھٹی کم ہوتی ہے، سرکار بورڈ کی اس ناانصافی پر کوئی توجہ نہیں ہے۔

(۱۳) جب کسی مدرسہ کو ایڈ حاصل ہوجاتا ہے، تو وہ جن اَساتذہ کو اپنے مدرسہ میں مدرس رکھتے ہیں، اُن سے ذمہ دارانِ مدرسہ لاکھ، دو لاکھ روپئے رشوت لیتے ہیں، کیا ذمہ دارانِ مدرسہ کے لئے ایسا کرنا جائز ہے؟ اور مدرسہ کو ضرورت ہو یا نہ ہو، مدرسین سے زکوٰۃ وفطرہ کا چندہ کرایا جاتا ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جہاں تک مسئلہ شرعی کا تعلق ہے، تو حکم یہ ہے کہ اگر حکومت کسی مدرسہ کا کسی بھی طرح مالی تعاون کرے، تو فی نفسہٖ حکومت سے امداد لینا، اور اس کو حکومت کے قانون کے مطابق دیانت داری کے ساتھ مصارف میں صرف کرنا جائز ہے؛ لیکن مدرسہ کے نظام میں کسی بھی سطح پر کوئی بھی ایسا عمل کرنا جو شرعاً حرام ہو، مثلاً رشوتوں کا لین دین، یا

Marfat.com

حسابات میں الٹ پھیر، یا تنخواہوں میں بد دیانتی، یا طلبہ کے لئے آمدہ رقومات کا غلط استعمال، ایسی سب صورتیں قطعاً حرام ہیں، اور بالخصوص دین سے نسبت رکھنے والے حضرات کے لئے یہ باتیں مزید شرم کا باعث ہیں۔ بریں بناء اگر سرکاری امداد سے مدرسہ چلایا جائے، تو شرعی حدود کا خیال ضرور رکھا جائے، اور اگر شرعی حدود کا خیال نہ رکھا جاسکے تو پھر سرکاری امداد نہ لینا ہی عافیت کا راستہ ہے۔ امید ہے کہ اس وضاحت سے آپ کو اپنے تمام سوالات کا جواب مل جائے گا۔

عن أنس بن مالك رضي الله عنه قال: قلما خطبنا رسول الله صلى الله عليه وسلم إلا قال: لا إيمان لمن لا أمانة له ولا دين لمن لا عهد له. (مشكاة المصابيح، كتاب الإيمان / الفصل الثاني ۱/۱۵، رواه البيهقي في شعب الإيمان ۸/۷۸ رقم: ٤٣٥٤، مسند أحمد ۳/۱۵٤، لترغيب والترهيب مكمل ص: ٦٢٩ رقم: ٤٥٤٦ بيت الأفكار الدولية، المعجم لكبير رقم: ۱۰۵۵۲)

عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم مرَّ على صبرةٍ من طعام فأدخل يده فيها فنالت أصابعه بللاً فقال: يا صاحب الطعام ما هٰذا؟ قال: أصابته السماء يا رسول الله! قال: أفلا جعلته فوق الطعام حتى يراه الناس، ثم قال: من غش فليس منا. (سنن لترمذي / باب ما جاء في كراهية لغش في البيوع ۱/۲٤۵، سنن أبي داؤد / باب في النهي عن الغش ۲/٤۸۹، صحيح مسلم ۱/۷۰، الترهيب والترغيب مكمل ٤۰۰ رقم: ۲۷٤۰ بيت الأفكار الدولية)

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ألا لا تظلموا! ألا لا يحل مال امرء إلا بطيب نفس منه. (مشكاة المصابيح / باب الغصب والعارية، الفصل الثاني ۲۵۵، مرقاة المفاتيح / باب الغصب والعارية، الفصل الثاني ٦/۱۱۸ المكتبة الأشرفية ديوبند، المسند للإمام أحمد بن حنبل ۵/۷۲، شعب الإيمان للبيهقي ٤/۳۸۷ رقم: ٥٤٩٢ دار الكتب العلمية بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳۰/۴/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

سرکار کی طرف سے مدارسِ دینیہ کے طلبہ کو ملنے والے وظائف کا حکم؟

سوال (۵۵۳):-کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: گذشتہ دنوں حکومت کی طرف سے مدارسِ دینیہ مکتب وغیرہ جو گاؤں میں ہیں، اُن کو یعنی اس میں پڑھنے والے طلبہ اور طالبات کو وظائف دیے گئے تھے، تو اُن وظائف وغیرہ کا لینا کیسا ہے؟
باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حکومت کی طرف سے مدارسِ دینیہ کے طلبہ وطالبات کو جو رقم بطور امداد دی جارہی ہے اُس کے لینے کی گنجائش ہے، بشرطیکہ یہ رقم اصل مستحق طلبہ تک پہنچادی جائے، اور سرکار کی طرف سے کسی فتنہ کا آئندہ اندیشہ نہ ہو۔ (مستفاد: فتاویٰ رحیمیہ ۶/۳۱۶)

ومصرف الجزية والخراج ومال التغلبي وهديتهم للإمام، مصالحنا كسدّ ثغور وبناء قنطرة وجسر، وكفاية العلماء الخ، قوله كفاية العلماء: هم أصحاب التفسير والحديث والظاهر أن المراد بهم من يعلم العلوم الشرعية فيشمل الصرف والنحو وغيرهما. (شامي، كتاب الجهاد / مطلب في مصارف بيت المال ٤/٢١٧ كراچی، البحر الرائق، كتاب السير / فصل في الجزية ٥/١١٧ كوئٹه، تبيين الحقائق، كتاب السير / فصل في الجزية ٣/٣٨٣ المكتبة الإمدادية ملتان) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۰/۲/۲۵ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

طلبہ کی تعداد زیادہ بتا کر سرکار سے زیادہ رقم لینا؟

سوال (۵۵۴):-کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: سرکار کی طرف سے ملنے والی رقم کو زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے کے لئے طلبہ کی تعداد کو بہت بڑھا چڑھا کر بتلانا، مثلاً کسی مدرسہ میں صرف ۷۰۰/طلبہ ہوں، اور وہ اُن کی تعداد ۱۳۳۰/بتلا کر اُسی حساب سے رقم وصول کریں، تو کیا جھوٹ اور دھوکہ دہی اس مالِ غنیمت کو حاصل

Marfat.com

کرنے کے لئے جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یہ جھوٹ اور فریب بالکل جائز نہیں، اور استحقاق سے زائد رقم سرکاری خزانہ میں لوٹانی لازم ہے۔

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم .....، ثم قال: من غش فليس منا. (سنن لترمذي / باب ما جاء في كراهية لغش في البيوع ۱/۲٤٥، سنن أبي داؤد ۲/٤۸۹، صحيح مسلم ۱/۹۷۰، الترهيب والترغيب مكمل ٤۰۰ رقم: ۲۷٤۰ بيت الأفكار الدولية)

ويردونها على أربابها إن عرفوهم وإلا تصدقوا بها؛ لأن سبيل الكسب الخبيث التصدق إذا تعذر الرد على صاحبه. (شامي، كتاب الحظر والإباحة / باب الاستبراء، فصل في البيع ٦/۳۸٥ كراچی، ۹/٥٥۳ زكريا)

لأن الغش حرامٌ. (شامي ٦/۲۳۰ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۸/۹/۱۴۱۷ھ

مستحق طلبہ کے نام پر آنے والے سرکاری وظیفہ کو دوسرے مدرسہ کے طلبہ میں تقسیم کرنا؟

سوال (۵۵۵): -کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: منظوری اور بورڈ کے امتحان کے نتیجہ میں طلبہ کی کاپی کتاب کے اخراجات کے لئے جو وظیفہ الٰہ آباد سے لاکھوں روپئے تک آتا ہے، وہ انہی طلبہ کے نام آتا ہے کہ جنہوں نے فارم پر کرکے امتحان دئے ہیں، مگر اہلِ مدرسہ وہ وظیفہ ان طلبہ کو دینے کے بجائے، اپنے مدرسہ کے اُن طلبہ کو جو کہ باقاعدہ پرائمری درجہ حفظ وعربی وغیرہ میں داخل ہیں، تقسیم کردیتے ہیں۔

Marfat.com

تو کیا یہ ایک مستحق کا حق مار کر غیر مستحق کو حق دار بنانا ہے؟ آپ شرعی حکم جواز اور عدم جواز کا بیان فرمادیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: وظیفہ کی رقم جن طلبہ کے نام آتی ہے، وہی اُس کے مستحق ہیں، اگر وہ موجود نہیں ہیں تو اُن کے حصہ کو مابقیہ رقم سرکار کو واپس کردینا لازم اور ضروری ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۱۴۱ ڈابھیل)

لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الغصب / مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير ۹/۲۹۱ زكريا)

فإن شرائط الوقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع، وهو مالك فله أن يجعل ماله حيث شاء ما لم يكن معصية. (الرد المحتار / مطلب: شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع ٤/٣٤٣ دار الفكر بيروت، ٦/٥٢٧ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۲۱/۳/۲۴ھ

طلبہ کے وظیفہ سے مدرسہ کی تعمیر کرنا؟

سوال (۵۵۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: وظیفہ ایک سال تو مذکورہ طلبہ کو دیا جاتا ہے، اور دوسرے سال مدرسہ اپنے خرچ مثلاً تعمیر وغیرہ میں استعمال کرتا ہے، طلبہ کو نہیں دیتا۔

تو دریافت یہ کرنا ہے کہ اس سے مدرسہ کی تعمیر کرنا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سرکار کی طرف سے جن طلبہ کے نام وظیفہ آتا ہے، اُنہیں نہ دے کر مدرسہ کی تعمیرات ودیگر اُمور میں صرف کرنا درست نہیں ہے؛ لیکن اگر وہ طلبہ جن

Marfat.com

کے نام وظیفہ آیا ہے، بالغ ہوں وہ رقم لے کر بخوشی بلا کسی دباؤ کے اہل مدرسہ کو واپس کردیں، تو اس رقم کو مدرسہ کی تعمیرات ودیگر ضروریات میں صرف کیا جاسکتا ہے۔

المالک هو المتصرف في الأعيان المملوكة كيف شاء. (يضاوي ۷/۱ سورة الفاتحة)

لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الغصب / مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير ۲۹۱/۹ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان، منصورپوری غفرلہ

۱۴۴۱/۳/۲۴ھ

Marfat.com

مدرسین کی تنخواہ اور تعطیلات کے ضابطے

اہلِ مدارس مالیات کا حساب شمسی تاریخ سے رکھیں یا قمری تاریخ سے؟

سوال (۵۵۷): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے
ں کہ: ایک دینی مکتب فی الحال ہی قائم ہوا ہے، ذمہ دار مکتب چاہتے ہیں کہ حساب وکتاب اور
درس کی تنخواہ کی ادائیگی اور متعلقہ مسجد کی اِمامت کا وظیفہ شمسی تاریخ سے انجام دیں؛ کیوں کہ شمسی
اریخ کا استعمال زیادہ رہنے کی وجہ سے ایک عادت پڑی ہے اور سہولت بھی ہے، اور مدرس یا امام
چاہتے ہیں کہ قمری تاریخ کا حساب وکتاب رہے؛ کیوں کہ اول تو دینی ادارہ ہے اور معاملہ جس کی
شاعت کا ہم لوگوں پر ہے۔ دوم یہ کہ شمسی اور قمری میں دس یوم کا فرق سالانہ پڑتا ہے، جو شاید حقوق
عباد ہی میں شمار ہوگا۔ براہِ کرم قرآن وحدیث کی روشنی میں مدلل تشریح فرمائیں کہ دینی ادارہ اور
عاملہ ہی نہیں؛ بلکہ دنیاوی معاملات میں بھی کاروبار، لین دین کس حساب سے جائز اور بہتر ہوگا؟
رکس حساب کو اَولیت اور فوقیت دی جائے؟
مہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قرآنِ کریم، اَحادیثِ مبارکہ اور شرعی اَحکام پر نظر
النے سے معلوم ہوتا ہے کہ اِسلامی عبادات میں چاند کی تاریخوں کو معیار بنایا گیا ہے۔ چناں چہ حج
رروزہ میں قمری مہینہ کا ہی اعتبار ہے، زکوٰۃ میں بھی حولانِ حول قمری معتبر ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْاَہِلَّۃِ، قُلْ ہِیَ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ﴾
بقرۃ، جزء آیت: ۱۸۹]

وحولها أي الزكاة قمري لا شمسي. (الدر المختار ۲/۲۹٤ کراچی، ۳/۲۲۳ زکریا)

Marfat.com

سئل الحسن بن علي رضي اللّٰه عنه عن الحول في الزكاة أقمري أم شمسي؟

فقال: قمري. (الفتاوىٰ التاتارخانية ۱۳٤/۳ رقم: ۳۹۳۷ زكريا، البحر الرائق ۲۰۳/۲ كوئٹه، ۳۵٦/۲ زكريا، طحطاوي على الدر المختار ۳۸۹/۱، الفتاوىٰ الهندية ۱۷۵/۱، شامي ۱۷۵/۳ زكريا)

نیز قمری تاریخ فی زمانہ مسلمانوں کا شعار سمجھی جاتی ہے، اس لئے مسلمانوں کو اپنے معاملات میں قمری تاریخ کو ہی رائج کرنا چاہئے اور شمسی تاریخ رائج کرنے سے حتی الامکان احتراز کرنا چاہئے؛ تاہم کسی مصلحت سے دنیوی معاملات اور کاروبار میں شمسی تاریخوں کا اعتبار کرلیا جائے تو یہ بھی ناجائز نہیں ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۱/۲/۳ھ

اَیامِ تعطیل کی تنخواہ کا شرعی ضابطہ؟

سوال (۵۵۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک اِدارہ کے مدرس نے رمضان المبارک کی تعطیل میں مدرسہ کے لئے چندہ فراہمی کا کام ارباب کے کہنے پر انجام دیا، ادارہ رجسٹرڈ ہے، اور قواعد وضوابط کی روشنی میں جملہ اُمور انجام دے جاتے ہیں، مذکورہ مدرس نے مدرسہ کے ضابطہ کے تحت جس کی عبارت یہ ہے:

''تعطیلات (ج) رخصت استحقاقی۔ وہ تمام ملازمین جنہوں نے تعطیلِ کلاں سے فائدہ اٹھایا ہو اُن کو یہ حق ہوگا کہ وہ تعلیمی سال کے دوران یکم محرم سے ۳۰ رجب تک ایک ماہ کی رخصت مع تنخواہ لے سکتے ہیں، اگر کوئی ملازم اپنی رخصت استحقاقی نہ لینی چاہے تو اس کے عوض ایک ماہ کی تنخواہ لے سکتا ہے؟ یہ رخصت جمع بھی ہوسکتی ہے؛ لیکن ۶۰ ریوم سے زیادہ کی رخصت جمع نہ ہوسکے گی''

مدرس نے تعطیل کے عوض ایک ماہ کی تنخواہ کی درخواست دی ہے؛ لیکن انتظامیہ درخواست کو یہ کہہ کر کہ ''یہ دفعہ انتظامی اُمور کے ملازمین کے لئے ہے تعلیمی اُمور کے ملازمین کے لئے نہیں ہے، رد کردیا اور نامنظور کردیا''۔

Marfat.com

دریافت طلب امر یہ ہے کہ انتظامیہ کا اسے مدرسہ کے ایک شعبہ کے ملازمین کے ساتھ مخصوص باور کرانا جب کہ وہ دفعہ مطلق ہے کہاں تک درست ہے؟ کیا یہ زیادتی اور ناانصافی نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یہاں پر دو صورتیں ہیں اور دونوں کے احکام الگ الگ ہیں:

الف:- اگر منجانب مدرسہ مدرسین پر یہ لازم ہے کہ وہ ایام تعطیل میں چندہ فراہمی برائے مدرسہ کا کام انجام دیں گے، تو یہ بھی اُن کے معاملۂ اِجارہ کا ایک جزء ہے؛ لہٰذا اِس صورت میں اُنہیں ایامِ تعطیل کے علاوہ مزید اُجرت اور تنخواہ لینے کا شرعاً استحقاق نہ ہوگا۔

مستفاد: إذا استأجر رجلاً ليعمل له عملاً اليوم إلى الليل بدرهم صباغة أو خبزًا أو غير ذٰلک، فالإجارة فاسدة في قول أبي حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ، وفي قولهما يجوز استحسانًا ويكون العقد على العمل دون اليوم حتّٰى إذا فرغ منه نصف النهار فله الأجر كاملاً. (الفتاوىٰ الهندية، الباب السادس / ومما يتصل بهٰذا الفصل إذا جمع في عقد الإجارة بين الوقف والعمل ٤/٤٢٣)

ب:- اور اگر مدرسین پر چھٹی کے اَیام میں چندہ کی فراہمی لازمی نہیں ہے؛ بلکہ اُن کا کام صرف تدریس کا ہے، تو محض تدریس پر عقدِ اجارہ کی وجہ سے وہ اَیامِ تعطیل کی تنخواہ کے مستحق ہیں، اور اگر وہ اُن ایام میں مدرسہ کا کوئی اور کام کریں تو اُس کی اُجرت انہیں الگ سے مطالبہ کرنے کا حق شرعاً حاصل ہوگا۔

وهل يأخذ أيام البطالة كعيد ورمضان لم أره وينبغي إلحاقه ببطالة القاضي، واختلفوا فيها والأصح أنه يأخذ؛ لأنها للاستراحة أشباه من قاعدة العادة محكمة (الدر المختار) وتحته في الشامي: فحيث كانت البطالة معروفة في يوم الثلاثاء والجمعة وفي رمضان والعيدين يحل الأخذ. (الدر المختار مع الشامي / مطلب في استحقاق القاضي والمدرس الوظيفة في يوم البطالة ٤/٣٧٢ بيروت، ٦/٥٦٧-٥٦٨ زكريا)

وتؤيده هٰذه القاعدة: كل محبوس لمنفعة غيره تلزمه نفقته. (شامي، كتاب

Marfat.com

الطلاق / باب النفقة، مطلب في نفقة المملوك ٥٧٢/٤ كراچی، ٣٧٦/٥ زكريا)

اور رہ گیا مدرسہ کے ضابطہ کا مسئلہ، تو وہ حسبِ تحریر سوال مطلق ہے، اِس حکم میں سارے ہی ملازمینِ مدرسہ خواہ مدرس ہوں یا شعبۂ نظم سے متعلق ہوں داخل ہیں، بلا کسی وجہ سے اس مطلق میں سے مدرسین کو خارج کرنا منتظمین کیلئے درست نہیں ہے؛ بلکہ ناانصافی اور حق تلفی ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۱/۲/۱۳ھ

علی گڈھ یونیورسٹی میں ائمہ، مؤذنین اور ملازمین کے لئے تعطیلات کے ضابطے؟

سوال (۵۵۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: علی گڈھ مسلم یونیورسٹی مشہور ومعروف تعلیمی اِدارہ ہے، اس کا نظام حکومتِ وقت کے قوانین کے مطابق علی گڈھ میں چل رہا ہے، یہ یونیورسٹی منظور شدہ قوانین کے مطابق اپنے تدریسی اور غیر تدریسی عملہ کو سال بھر میں مختلف ناموں سے کچھ چھٹیاں دیتی ہے، مثلاً اتفاقی رخصت، رعایتی رخصت، میڈیکل چھٹی اور مختلف تیوہاروں کے موقع پر چھٹیاں اور ہفتہ میں ایک دن چھٹی جس کے لئے اتوار کا دن مقرر ہے؛ لیکن جن ملازمین کو اتوار کے دن چھٹی نہیں دی جاسکتی اُنہیں کسی دوسرے دن چھٹی دی جاتی ہے، اس چھٹی کا مقصد یہ ہے کہ ہفتہ میں چھ دن کام کرنے کے بعد لوگوں کو ایک دن اپنی خانگی ضرورت پوری کرنے کا موقع ملے، اس یونیورسٹی کا ایک حصہ شعبۂ دینیات بھی ہے، جس میں معلمین حضرات طلبہ کو حدیث، تفسیر، فقہ اور دیگر علومِ اسلامی کا درس دیتے ہیں، اور اسی شعبہ سے وابستہ یہاں کی مساجد کا انتظام بھی ہے، جن میں نماز پنج گانہ باجماعت ادا کی جاتی ہے، اور مساجد سے متعلق خدمات ائمہ ومؤذنین حضرات انجام دیتے ہیں، اس طریقہ پر کہ کوئی امام چھٹی پر جاتا ہے تو مؤذن نیابت کرتا ہے، اور اگر کوئی مؤذن چھٹی پر جاتا ہے تو امام ہی مؤذن کی خدمت انجام دیتا ہے، مسجد کا کوئی کام نہیں رکتا ہے، شعبۂ دینیات کے معلمین اور مساجد کے ائمہ ومؤذنین

Marfat.com

کی خدمات خالص مذہبی نوعیت کی ہیں؛ لیکن اِن خدمات کو انجام دینے والے انسان ہیں، اور انسانی ضروریات اُن کے ساتھ بھی لگی ہوئی ہیں، اس لئے چھٹیوں کی ضرورت اُن حضرات کو بھی پیش آتی ہے؛ لہٰذا اگر یونیورسٹی مندرجہ بالا چھٹیاں ان حضرات کو اس طرح دے کہ مساجد میں نماز باجماعت ہوتی رہے اور مساجد سے متعلق دیگر اُمور بھی انجام پاتے رہیں اور یہ حضرات انہیں قبول فرما کر استفادہ کریں، تو ایسا کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ جواز وعدمِ جواز کا حکم شعبۂ دینیات کے معلمین اور مساجد کے ائمہ اور مؤذنین سب کے لئے یکساں ہے یا جدا جدا؟ اس کی وضاحت فرمادیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یونیورسٹی کے ضابطہ کے مطابق ائمہ ومؤذنین اِسی طرح شعبۂ دینیات کے دیگر ملازمین کا چھٹیوں سے فائدہ اٹھانا اور زمانہ تعطیل کی ضابطہ کے مطابق تنخواہ لینا شرعاً درست اور جائز ہے، اس میں کوئی مضائقہ اور شرعی قباحت نہیں ہے۔

وينبغي إلحاقه ببطالة القاضي. واختلفوا فيها، والأصح أنه يأخذ؛ لأنها للاستراحة. وفي الشامي بحثا: فحيث كانت البطالة معروفة في يوم الثلاثاء والجمعة وفي رمضان والعيدين يحل الأخذ. (شامي، كتاب الوقف / مطلب في استحقاق القاضي والمدرس الوظيفة في يوم البطالة ٤/٣٧٢ كراچی، ٦/٥٦٧-٥٦٨ زكريا)

ومنها البطالة في المدارس كأيام الأعياد ويوم عاشوراء وشهر رمضان في درس الفقه، لم أرها صريحةً في كلامهم، والمسئلة على وجهين: فإن كانت مشروطةً لم يسقط من المعلوم شيءٌ، وإلا فينبغي أن يلحق ببطالة القاضي، وقد اختلفوا في أخذ القاضي ما رُتّب له ..... في يوم بطالته، فقال في المحيط: إنه يأخذ في يوم البطالة. (شرح الأشباه والنظائر، الفن الأول في القواعد / القاعدة السادسة ١/٢٧٢ إدارة القرآن كراچی، وكذا في الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في استحقاق القاضي والمدرس

Marfat.com

الوظيفة في يوم البطالة ٣٧٢/٤ کراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴/۱۱/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

تعطیلِ کلاں کی تنخواہ کے لئے چندہ کرنے کی شرط لگانا؟

سوال (۵۶۰):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: میں ضلع بجنور یوپی کے ایسے مدرسہ میں پڑھاتا تھا جہاں نو ماہ کی تنخواہ تو من جانب مدرسہ مل جاتی تھی، مگر شعبان، رمضان اور شوال تین ماہ کی تنخواہ خود چندہ کرکے وصول کرتا تھا، مدرسہ ہٰذا کا قانون یہ تھا کہ چندہ کرنے پر تین ماہ کی تنخواہ ملتی اور چندہ نہ کرنے پر تنخواہ نہیں ملتی تھی، خود مجھے بھی ایک سال تنخواہ نہیں ملی تھی، حسبِ سابق اِمسال بھی میں ۲۸ رمضان تک مدرسہ کا کام کرتا رہا، اور عید سے قبل گھر جانے سے قبل مہتمم سے میں نے ملاقات بھی کی، عید کے بعد ۱۵ شوال مدرسہ آنے کا ارادہ تھا، اَچانک میں دوسرا مدرسہ چلا گیا، ادھر مہتمم کو معلوم بھی ہوگیا، اُنہوں نے دوسرا مدرس رکھ لیا، ایک دن بھی تعلیم کا نقصان نہیں ہوا۔

اَب سوال یہ ہے کہ تعطیل کلاں یعنی شعبان رمضان اور شوال (جس میں ہم مدرسہ کا چندہ ۲۸ رمضان تک کرتے رہے) کی تنخواہ کا استحقاق شرعاً مجھے ملتا ہے یا نہیں؟ مہتمم شعبان رمضان کی بھی تنخواہ دینا نہیں چاہتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حسبِ تحریر سوال جب کہ مدرسہ مذکورہ کا عرف ہی یہ ہے کہ وہاں تین ماہ کی تنخواہ چندہ کرنے پر ملتی ہے اور آپ نے چندہ کی محنت بھی کی ہے، تو حسبِ ضابطہ آپ تنخواہ کے مستحق ہیں، اِس مدت کی تنخواہ روکنے کا مہتمم مدرسہ کو حق نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۱۴۳)

عن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: الصلح جائز بين المسلمين إلا صلحًا حرّم حلالاً

Marfat.com

أوأحلّ حرامًا، والمسلمون على شروطهم إلا شرطًا حرم حلالاً أو أحل حرامًا.

(سنن الترمذي، أبواب الأحكام / باب ما ذكر عن لنبي صلى الله عليه وسلم في الصلح بين الناس ۱/۲۵۱)

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۱/۳/۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

رخصتِ کلاں سے ماقبل اور مابعد بیمار ہونے پر رخصتِ کلاں کو سلب کرنا؟

سوال (۵۶۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص مدرسہ کا مستقل قدیم ملازم ہے، مدرسہ میں ہونے والی عام تعطیل کا حق دار ہے، اَچانک وہ ملازم عام تعطیل کے ماقبل و مابعد میں بیمار ہوگیا، یا اس کو ایسی صورت ومجبوری پیش آئی کہ اُس نے ماقبل و مابعد میں رخصت لے لی، اَب مدرسہ میں یہ ضابطہ بنا ہوا ہے کہ تعطیلِ عام کے ماقبل و مابعد میں اگر کامل یوم کی رخصت ہوگی، تو عام تعطیل کی رخصت سلب ہو جائے گی، تو کیا شریعت کی روشنی میں یہ قانون درست ہے یا نہیں؟ نیز مستقل مدرس و ملازم کو بوقتِ تقرر عام تعطیل کا استحقاق دے دیا، اور پھر اس ضابطہ کے تحت اس کو سلب کرلیا، تو یہ سلب کرنا از روئے شرع کیا حکم رکھتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر مدرسہ میں مذکورہ ضابطہ پہلے سے موجود ہے کہ رخصتِ کلاں سے ماقبل ومابعد لگاتار رخصت لینے سے تعطیلِ کلاں سلب ہو جائے گی، تو اِس ضابطہ پر عمل کرتے ہوئے مسئولہ صورت میں سلبِ رخصت شرعاً درست ہے، اور یہ کہنا کہ یہاں رخصت دے کر بعد میں اُسے سلب کیا جارہا ہے درست نہیں؛ کیوں کہ مذکورہ ضابطہ کے اعتبار سے اس خاص صورت میں رخصت کا سرے سے کوئی استحقاق ہی نہیں ہے۔

أما لو شرط شرطًا تبع كحضور الدرس أيامًا معلومةً في كل جمعةٍ فلا

Marfat.com

يستحق المعلوم إلا من باشر خصوصًا، إذا قال من غاب عن الدرس قطع معلومه فيجب اتباعه. (شامي / مطلب في الغيبة التي يستحق بها العزل عن الوظيفة وما لا يستحق ٤/٤١٩ كراچی، ٦/٦٣١ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۲/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ایامِ تعطیل میں حاضر رہ کر بعد میں اس حقِ رخصت کو استعمال کرنا؟

سوال (۵۶۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے گاؤں کے مدرسہ میں باہر کے اساتذہ پڑھاتے ہیں، جو ایک ماہ کے بعد تین چار دن کے لئے گھر جاتے ہیں، ناظم صاحب اُن کی اس رخصت کی تنخواہ کاٹ لیتے ہیں، جب کہ اساتذہ کا کہنا ہے کہ ہم تین جمعہ کی حاضری دیتے ہیں، اس کی رخصت ایک ساتھ ملنی چاہئے، جمعہ کو مدرسہ کی تعلیم موقوف رہتی ہے، اساتذہ موجود رہتے ہیں، ہر جمعہ کو گھر جانا دشوار ہے، اس صورت میں ناظم مدرسہ اور اساتذہ کیا کریں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: چھٹی کے ایام جب ختم ہو جائیں اور صاحبِ حق اس کو استعمال میں نہ لائیں اور مدرسہ میں ہی رکے رہیں اور بعد میں اس حق کا استعمال کرنا چاہیں تو نہیں کر سکتے، اگر اس حق کا استعمال بعد میں کریں گے تو وہ غیر حاضری شمار ہوگی اور ناظم مدرسہ کو تنخواہ سے وضع کرنے کا پورا حق ہوگا۔ (مستفاد از: احسن الفتاویٰ ۷/۲۸۳، کفایت المفتی ۷/۱۸۸، امداد الفتاویٰ ۳/۳۴۹)

لا يحل له أخذ الأجر عن يوم لم يدرس فيه مطلقًا، سواءٌ قدر له أجر كل يوم أو لا. (شامي / مطلب: في استحقاق القاضي والمدرس الوظيفة في يوم البطالة ٤/٣٧٢ كراچی، ٦/٥٦٨ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۲۳/۱۱/۱۴۲۶ھ

Marfat.com

مدرسہ میں رخصت وضع کرنے کا حق

سوال (۵۶۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بہت سے مدارس میں اَساتذہ وملازمین کے لئے یہ قانون بنا ہوا ہے کہ عام تعطیل (مثلاً جمعہ وعیدین، امتحانات وغیرہ) کے ماقبل ومابعد اگر کامل رخصت ہے، تو یہ ایامِ تعطیل رخصت میں شامل ہوجائیں گے، اگر متعینہ رخصتیں باقی ہیں تو رخصت میں شمار ہوکر سلب ہوجائیں گی، ورنہ تنخواہ وضع کرلی جائے گی، جب کہ بوقتِ تقرر یہ معاہدہ ہوا کہ آپ کو ملازمت کے دوران رخصت بیماری واتفاقی کے علاوہ یہ رخصتیں ملیں گی۔

اَب جواب طلب امر یہ ہے کہ شریعتِ مطہرہ کی روشنی میں اس قانون کی کیا حیثیت ہے؟ چوں کہ ایک طرف بوقتِ تقرر اس کا مستحق بنایا گیا، اور دوسری طرف یہ ضابطہ بنا کر اِس حق کو سلب کر لیا گیا اور ماقبل ومابعد کی رخصت مدرسہ کے ملازم نے بدرجہ مجبوری لی ہے، کیا اِس صورت میں ملازم مدرسہ کی مجبوری کا خیال ضروری ہے یا اس ضابطہ کو باقی رکھنا ضروری ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر بوقتِ تقرر مذکورہ ضابطہ سے ملازم کو مطلع کر دیا گیا تھا یا ملازم کو اس کا علم ہوگیا تھا اور اس پر اُس نے کوئی اعتراض نہیں کیا، اور نہ اس کی وجہ سے ملازمت ترک کی، تو یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اس نے ضابطے کو قبول کرلیا؛ لہٰذا از روئے حدیث "المسلمون علی شروطھم" کے تحت ضابطہ کی تعمیل جائز ہے؛ البتہ اگر ذمہ دارانِ مدرسہ کسی مجبوری کے تحت خاص حالات میں کسی ملازم کو رعایت دے دیں، تو اِس کی بھی گنجائش ہے، یہ اُن کی طرف سے تبرع ہوگا، بشرطیکہ مجلسِ شوریٰ نے اُن کو اِس طرح کی رعایت دینے کا اختیار دے رکھا ہو۔

عن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده رضي اللّٰه عنه أن رسو ل اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: الصلح جائز بين المسلمين إلا صلحًا حرّم حلالاً أوأحلّ حرامًا، والمسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالاً أو أحل حرامًا. (سنن لترمذي،

Marfat.com

أبواب الأحكام / باب ما ذكر عن النبي صلى الله عليه وسلم في الصلح بين الناس ۱/۲۵۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲/۶/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرس کا بیماری کے اَیام کی تنخواہ لینا؟

سوال (۵۶۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک اسلامی مدرسہ کا مدرس بیمار ہے اور دو ماہ مکمل صاحبِ فراش رہا، بالکل مدرسہ نہیں آیا، اس کی تنخواہ مدرسہ پر واجب ہوگی یا نہیں؟ جب کہ مدرسہ سے بیماری کی صرف ۱۵ ریوم کی رخصت کا دستور ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: صورت مسئولہ میں دستور مدرسہ کے مطابق وہ بیمار مدرس صرف ۱۵ ریوم کی تنخواہ ہی مدرسہ سے لے سکتا ہے، بقیہ ایامِ علالت کی تنخواہ کا حق دار نہیں ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاویٰ ۳/۳۴۷)

غاب المتفقة شهرًا أو شهرين يحرم عليه أخذ المرسوم بلا خلاف إن كان مشاهرة. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الرابع عشر في المتفرقات ۲/۴۸۴)

المعروف بالعرف كالمشروط شرطًا. (قواعد الفقه ۱۲۵)

اور اگر خاص حالات میں مدرسہ کا کچھ رعایت کرنے کا دستور ہو تو اس کی بھی گنجائش ہے۔

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۱/۷/۱۴۴۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ سے ایامِ حج کی تنخواہ لینا؟

سوال (۵۶۵):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: ایک مدرسہ کے ذمہ دار استاذ جن کو ناظم کی حیثیت حاصل ہے، جو تعلیمی، انتظامی اور تربیتی اُمور میں اَوقاتِ مدرسہ کے علاوہ اپنے خارجی اوقات بھی مفادِ مدرسہ میں گذارتے ہیں، اپنے فریضہ حج کی ادائیگی کے لئے گئے اور سفر کے علاوہ چار پانچ یوم مزید ملاقات وغیرہ کی وجہ سے ۴۵ یوم تقریباً ہو گئے، ان ایام کی تنخواہ لی جائے یا نہیں؟ اِسی طرح اگر حج بدل کریں تو اس صورت میں کیا کریں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حج کی رخصت کے بارے میں اگر مدرسہ کا پہلے سے کوئی ضابطہ ہو تو اس کے مطابق عمل کیا جائے، اگر ضابطہ مقرر نہ ہو تو کسی ذمہ دار مدرسہ سے ضابطہ معلوم کر کے اس کو عمل میں لایا جائے؛ تاہم چوں کہ سفر حج ضروریاتِ مدرسہ میں شامل نہیں ہے، اس لئے ان ایام کی تنخواہ ضابطہ کے بغیر مدرسہ سے لینی درست نہیں ہے، حج بدل کا بھی یہی حکم ہے۔

منهـا البطالة في المدارس كأيام الأعياد ويوم عاشوراء وشهر رمضان في درس الفقه، لم أرها صريحةً في كلامهم، والمسألة على وجهين: فإن كانت مشروطةً لم يسقط من المعلوم شيءٌ. (الأشباه والنظائر، الفن الأول في القواعد / القاعدة السادسة ۱/۲۷۲ زكريا)

وفي غير فرض الحج وصلة الرحم أما فيهما فلا يستحق العزل والمعلوم: (شامي ٦/٦٣١ زكريه فتاوى محموديه ١٤/١٤٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۲/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

حج بدل کو جانے والے مدرس کی تنخواہ مدرسہ پر ہے یا بھیجنے والے پر؟

سوال (۵۶۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید ایک مدرسہ کا مدرس ہے، اگر کوئی اہلِ شہر یا کسی اور شہر والا زید کو حجِ بدل کے لئے بھیجے، تو زید کی تنخواہ مدرسہ پر واجب ہوگی یا حج بدل کو بھیجنے والے پر؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عام ضابطہ کے مطابق جتنی اتفاقیہ رخصتیں مدرسہ کی طرف سے ملتی ہوں وہ مدرسہ سے لے لی جائیں، اور زائد رخصتوں کا بار مدرسہ پر نہ ڈالیں، اور حج بدل کرانے والے نے اگر پہلے سے طے کر رکھا ہے کہ وہ رخصت کی تنخواہ بھی دے گا، تو اس سے تنخواہ کے مطالبہ کا حق ہے ورنہ اسے تنخواہ دینے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔

کذا استفید من عبارة البحر عن الإسبيجابي: لا يجوز الاستيجار على الحج، فلو دفع إليه الأجر فحج يجوز عن الميت، وله من الأجر مقدار نفقة الطريق، ويرد الفضل على الورثة إلا إذا تبرع به الورثة أو أوصى الميت بأن الفضل للحاج. (شامي / مطلب في الاستيجار على الحج ٦٠١/٢ كراچی، ١٨/٤-١٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۱/۷/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اہلِ مدرسہ کا استاذ کو تصحیح کے لئے بھیجنا اور اُن ایام کی تنخواہ کا حکم

سوال (۵۶۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید حافظ ہے نیز ایک معروف مدرسہ یعنی مدرسہ شاہی مراد آباد سے شعبۂ قرأت سے فارغ بھی ہے، ایک علاقائی مدرسہ میں بسلسلہ تدریس بوقت گفتگو تقرری زید کا امتحان لیا اور پڑھانے کی اِجازت بھی مل گئی اور تقریباً سات ماہ درس وتدریس میں لگا رہا؛ لیکن ذمہ داران مدرسہ نے بطرز گانوڑی نورانی قاعدہ پڑھانے کے لئے کہا، اور پھر گانوڑی بھیج دیا جو تقریباً ڈیڑھ ماہ وہاں رہ کر تدریب کے طور پڑھا، اَب اس ڈیڑھ ماہ کی تنخواہ زید کو منجاب مدرسہ دی جائے یا نہ دی جائے، جب کہ مدرسہ ابھی ابتدائی دو سال کے مراحل میں ہے، نیز اس کے علاوہ معروف وغیر معروف مدرسہ میں اس طرح کے واقعات میں مدرس کو تنخواہ منجاب مدرسہ دی گئی ہے۔

نوٹ:- ذمہ دارانِ مدرسہ نے کئی مرتبہ اسی مدرسہ کے ایک استاذ سے پڑھنے کے لئے کہا؛ مگر زید نے کچھ مصلحت کی بنا پر مدرسہ کے استاذ سے نہ پڑھ کر گانوڑی جانے کے لئے تیار

Marfat.com

ہوئے اور مدرسہ والوں نے بھیج دیا، شرعاً کیا حکم ہے جواب سے مطلع فرمائیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حسبِ تحریر سوال زید کے تدریس میں لگ جانے کے بعد چوں کہ مدرسہ والوں نے اسے تصحیح اور تدریب کے لئے بھیجا ہے؛ اس لئے زید مدتِ تصحیح ڈیڑھ ماہ کی تنخواہ لینے کا حق دار ہے؛ اس لئے زید کو تنخواہ دے دینی چاہئے۔

الأجير الخاص يستحق الأجرة إذا كان في مدة الإجارة حاضرًا للعمل، ولا يشترط عمله بالفعل. (شرح المجلة ۲۳۹/۱ رقم المادة: ٤٢٥)

إنما تعتبر العادة إذا اطردت أو غلبت - المعروف عرفًا كالمشروط شرطًا. (شرح المجلة لسليم رستم باز ۳۷/۱ رقم المادة: ٤١-٤٣) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۷/۹/۱۴۲۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اُستاذ کا اپنی جگہ دوسرے کو عارضی مدرس بنا کر رخصت پر جانا؟

سوال (۵۶۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید مدرسہ میں بچوں کو قرآنِ کریم پڑھاتا ہے، رخصتِ علالت اور اتفاقی ختم ہوگئی، ایک ضرورت کی بنا پر پندرہ روز کے لئے باہر چلا گیا، اور مدرسہ کے بچوں کو پڑھانے کے لئے اپنے حافظ بھائی کو رکھ دیا، معمول کے مطابق تعلیم ہوتی رہی، سبق کا ناغہ نہیں ہوا، اس صورت میں زید کی غیر حاضری کا خیال کر کے مشاہرہ کاٹا جائے گا یا نہیں؟ پوری تنخواہ کا وہ مستحق ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر اس مدرسہ کا قانون اپنی جگہ دوسرے شخص کو رکھنے کی اجازت دیتا ہے، تو مسئولہ صورت میں مدرس مکمل تنخواہ کا مستحق ہے۔ (مستفاد: احسن الفتاویٰ ۲۸۵/۷)

النائب لا يستحق شيئًا من الوقف؛ لأن الاستحقاق بالتقرير ولم يوجد ويستحق الأصيل الكل، وإن عمل أكثر السنة. (شامي / مطلب مهم في الاستنابة في

Marfat.com

الوظائف ٤/ ٤٢٠ کراچی، ٦/ ٦٣١ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۲/۱/۲۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جمعہ کے دن کی تنخواہ کاٹنا؟

سوال (۵۶۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مدرس کو پندرہ سو روپئے پر پڑھانے کے لئے رکھا اور مستقل رہتا ہے، ناظم مدرسہ اُس کی جمعہ کی تنخواہ بھی کاٹ لیتا ہے، کیا یہ جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر ابتداء ہی میں معاملہ کرتے وقت یہ بات صراحۃً طے ہوگئی تھی کہ جمعہ کے دن کی تنخواہ کاٹی جائے گی تو یہ تنخواہ کاٹنا درست ہے؛ لیکن اگر شروع میں صراحۃً یہ طے نہیں ہوا تھا تو مدارس کے عرف پر مدار رکھتے ہوئے جمعہ کے دن کی تنخواہ کاٹنا جائز نہ ہوگا، اور پوری تنخواہ ادا کرنی ضروری ہوگی۔

أما لو قال: يعطى المدرس كل يوم كذا فينبغي أن يعطى ليوم البطالة المتعارفة بقرينة ما ذكره في مقابله من البناء على العرف، فحيث كانت البطالة معروفة في يوم الثلاثاء والجمعة، وفي رمضان والعيدين يحل الأخذ، وكذا لو بطل في يوم غير معتاد لتحرير درس إلا إذا نص الواقف على تقييد الدفع باليوم الذي يدرس فيه كما قلنا. (شامي / مطلب: في استحقاق القاضي والمدرس الوظيفة في يوم البطالة ٤/ ٣٧٢ کراچی، ٦/ ٥٦٨ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۲۶/۱۱/۲۳ھ

مہتمم کا مدرسہ سے تنخواہ لینا؟

سوال (۵۷۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: زید ایک مدرسہ کا مہتمم ہے، تو اُس کو مدرسہ سے تنخواہ لینا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ کے مہتمم کو مدرسہ سے تنخواہ لینا جائز ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۵/۵۵۷ ڈابھیل) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۳/۲/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ناظم مدرسہ کا صرف رمضان میں چندہ کر کے تنخواہ لینا؟

سوال (۵۷۱): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید ایک مدرسہ کا ناظم ہے، صرف رمضان میں چندہ کرتا ہے، مدرسہ سے بارہ ماہ تنخواہ معقول ملتی ہے، مدرسہ میں روزانہ حاضر بھی نہیں ہوتا، ہفتہ میں کبھی دو کبھی ایک دن ایک دو گھنٹے کے لئے حاضر ہوتا ہے، اس کے علاوہ اپنی کھیتی باڑی اور کام میں وقت گزارتا ہے؛ یہاں تک کہ مدرسین کی تنخواہ، مطبخ اور رسید بک وغیرہ کا حساب وکتاب بھی ایک مدرس رجسٹر میں درج کرتا ہے، ناظم مدرسہ کی تنخواہ قبض الوصول میں بھی نہیں درج ہوتی، مدرسہ کا فنڈ رمضان سے کئی ماہ قبل ختم ہوجاتا ہے؛ لیکن وہ رمضان کے علاوہ مدرسہ کے لئے سفر نہیں کرتے۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ ناظم مدرسہ کے لئے صرف رمضان میں چندہ کر کے تنخواہ لینا جائز ہے یا نہیں؟ جواب: سے نوازیں عین کرم ہوگا۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدارس اور دینی اِداروں کا نظام مشاورتی انداز میں چلانا چاہئے اور منتظمہ کمیٹی یا مجلسِ شوریٰ کو آپس میں مشورہ سے مہتمم اور مدرسین کی ذمہ داریاں تقسیم کردینی چاہئیں۔ اور تنخواہ، رخصت وغیرہ کے ایسے قواعد بنانے چاہئے جو سب پر نافذ ہوں، اور پھر سب کو ان قواعد کے مطابق عمل کرنا چاہئے؛ تاکہ کسی شکایت کا موقع نہ رہے، اور مہتمم کو چاہئے کہ وہ خود سب سے زیادہ ضابطوں کی پابندی کرے؛ تاکہ نظام صحیح قائم رہ سکے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۶/۲۴۵)

Marfat.com

عن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده رضي اللّٰه عنه أن رسو ل اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: الصلح جائز بين المسلمين إلا صلحًا حرّم حلالاً أوأحلّ حرامًا، والمسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالاً أو أحل حرامًا.

(سنن الترمذي، أبواب الأحكام / باب ما ذكر عن لنبي صلى اللّٰه عليه وسلم في الصلح بين الناس ١/٢٥١)

يعتبر ويراعىٰ كل ما اشترط العاقدان في تعديل الأجرة وتأجيلها، ولا يرد على ذٰلک إن شرط التعديل مخالفٌ لمقضى العقد، وفيه نفع ظاهرٌ للمؤجر؛ لأن قبول المتسأجر بتعديل البدل اسقاطٌ لما استحب من المساوات التي اقتضاها العقد وهي حقه، فيمكنه إسقاطها كإسقاط البائع حقه بتعديل الثمن، أذا أجله عن المشتري و كاسقاط المشتري حقه في وقت سلامة المبيع، إذا قبل المبيع بكل عيوبه مع أن العقد يقضي سلامة المبيع، وقبض الثمن قبل قبض المبيع. (شرح المجلة ١/٢٦٤-٢٦٥ رقم المادة: ٤٧٣ مكتبة إتحاد ديوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

١٩/١١/١٤٢٦ھ

مدرسہ میں صرف ایک گھنٹہ پڑھا کر پورے مہینہ کی تنخواہ لینا؟

سوال (۵۷۲):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: (۱) مدرسہ کا کوئی استاذ مدرسہ میں حاضری دے کر صرف ایک گھنٹہ پڑھاتا ہے، حالاں کہ اس کے گھنٹے چار پانچ ہیں، اور باقی اَوقات جلسہ کرتے پھرتا ہے، پھر پورے دن کی تنخواہ لیتا ہے، تو کیا یہ تنخواہ لینا درست ہے؟ مدرسہ کے قانون کے مطابق اس استاذ کا دس بجے سے تین بجے تک حاضر رہنا ضروری ہے؛ اس لئے کہ مدرسہ کا اوقاتِ تعلیم دس بجے سے تین بجے تک ہے۔

(۲) مذکورہ استاذ جلسہ کر کے جو ہدیہ لیتا ہے وہ سب درست ہے یا نہیں؟ اور وہ ہدیہ اسی کا حق ہوگا یا مدرسہ کا؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ میں صرف ایک گھنٹہ پڑھانا اور بقیہ اَوقات میں غیر حاضر رہنے کے باوجود پورے مہینہ کی تنخواہ لینا خیانت ہے، اور اہلِ مدرسہ کو حق ہے کہ غیر حاضری کی تنخواہ وضع کرلیں۔

من غاب عن الدس قطع معلومه فيجب اتباعه. (شامي / مطلب في الغيبة التي يستحق بها العزل عن الوظيفة وما لا يستحق ٦٣١/٦ زكريا)

الأجير الخاص يستحق الأجرة إذا كان في مدة الإجارة حاضرًا للعمل ..... غير أنه يشترط أن يتمكن من العمل، فلو سلّم نفسه ولم يتمكن منه لعذرٍ كالمطر والمرض فلا أجر له، ولكن ليس له أن يمنع عن العمل. وإذا امتنع لا يستحق الأجرة. (شرح المجلة لسليم رستم باز / كتاب الإجارة ٢٣٩/١ رقم المادة: ٤٢٥ مكتبة إتحاد ديوبند)

بخلاف غيرهما من أيام الأسبوع، حيث لا يحل له أخذ الأجر عن يومٍ لم يدرس فيه مطلقًا، سواء قدّر له أجر كل يوم أولا. (رد المحتار، كتاب الوقف / مطلب في استحقاق القاضي والمدرس الوظيفة في يوم البطالة ٣٧٢/٤ كراچی، وكذا في البحر الرائق / كتاب الوقف ٥٦٨/٦ زكريا)

(۲) صورتِ مسئولہ میں ہدیہ تو استاذ ہی کا حق ہے؛ لیکن مدرسہ سے استحقاق سے زائد تنخواہ کی رقم اسے لینا درست نہیں۔

وإن أهدى إليهم تحببًا وتودّدًا لعلمهم وصلاحهم فالأولى القبول. (شامي / مطلب في حكم الهدية للمفتي ٥٠١٨ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳/۵/۱۴۲۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

تنخواہ دار مفتی کا عاملہ کی مقررہ فیس سے زائد لینا؟

سوال (۵۷۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: کسی مدرسہ کا مختلف شعبہ جات میں سے دار الافتاء ایک شعبہ ہے، یہ حقیقت میں عوام کی ضروریات اور ان کی اشاعت اور خدمت ہے، کچھ دنوں کے بعد مدرسہ کی مجلسِ عاملہ نے کتابت کے خرچ کے بارے میں ۲۵ یا ۵۰ روپئے فیس مقرر کی تھی؛ لیکن دیکھا یہ جاتا ہے کہ مدرسہ کے تنخواہ دار مفتیوں نے اپنے اسباق کی ذمہ داری لیتے ہوئے اسی وقت میں فتویٰ لکھ کر مجلسِ عاملہ کی مقرر فیس کے خلاف ۲۰۰ یا ۴۰۰ روپئے لیتے ہیں، پھر فتویٰ کی فیس لے کر مدرسہ کے قانون کے اعتبار سے مدرسہ کی رسید کٹوانا چاہتے ہیں، اور وہ موصولہ روپئے اپنی تنخواہ میں بغیر رسید کے لیتے ہیں، مفتی صاحب خود لے لیں اور رسید کٹوا کر مدرسہ کے فنڈ میں جمع نہ کریں، تو شرعی حکم کیا ہوگا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں باضابطہ تنخواہ دار مفتیوں کا مجلسِ عاملہ کی مقررہ فیس سے زائد رقم لے کر مدرسہ کے قانون کے خلاف اپنی تنخواہ لے لینا جائز نہیں۔

لأن أخذ الأجرة على بيان الحكم الشرعي لا يحل عندنا، وإنما يحل على الكتابة؛ لأنها غير واجبة عليه. (شامي / مطلب في حكم الهدية للمفتي ۸/۵۰ زكريا)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۵/۳/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ سے تنخواہ لے کر مسجد میں پڑھانا؟

سوال (۵۷۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: معلم کا مدرسہ سے تنخواہ لے کر مسجد میں بیٹھ کر طلبہ کو پڑھانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسجد میں بیٹھ کر دینی تعلیم دینا درست ہے، اور چوں کہ مدرسہ سے نفسِ تعلیم پر مشاہرہ لیا جاتا ہے، اِس لئے مدرسہ کے نظام کے تابع ہو کر معلم جہاں بھی

Marfat.com

پڑھائے وہ اس مشاہرہ کا مستحق ہوگا؛ البتہ بلاضرورت ایسا نہ کرنا چاہئے۔

ولو جلس المعلم في المسجد والوراق يكتب؛ فإن كان المعلم يعلم للحسبة والوراق يكتب لنفسه فلا بأس به؛ لأنه قربة، وإن كان بالأجرة يكره إلا أن يقع لهما الضرورة. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الخامس في آداب المسجد الخ ۳۲۱/۵) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۱/۱۲/۲۷ھ

رمضان میں مستعفی ہونے والے کو مہتمم کا شعبان کی تنخواہ سے محروم کرنا؟

سوال (۵۷۵):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید عرصہ تین سال سے ایک دینی اِدارہ کا ملازم ہے، رمضان المبارک کے مہینہ میں مدرسہ سے استعفیٰ دے دیتا ہے، تو کیا ایسی صورت میں رمضان سے قبل شعبان کے مہینہ کی تنخواہ کا وہ مستحق نہیں ہوگا۔ واضح رہے کہ اِس ادارہ میں ابتداء شعبان ہی سے سالانہ تعطیل ہوجاتی ہے، مہتمم مدرسہ کا کہنا ہے آپ نے پہلے سے کوئی اطلاع دئے بغیر استعفیٰ دیا ہے، جس سے مدرسہ کی فراہمی کو نقصان پہنچا، اس لئے آپ کو شعبان کے مہینہ کی تنخواہ نہیں مل سکتی۔ زید کا کہنا یہ ہے کہ میں نے چھٹیوں کے دنوں میں استعفیٰ دیا ہے اور فراہمی مجھ پر لازم نہیں تھی۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ زید کا کہنا صحیح ہے یا مہتمم کا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ مسئلہ کے بارے میں مدرسہ کے مقرر کردہ ضابطہ کے مطابق عمل کیا جائے، اگر شعبان ورمضان میں استعفیٰ دینے کے باوجود تنخواہ کے استحقاق کا ضابطہ ہو تو ایسا مستعفی مدرس تنخواہ کا مستحق ہوگا ورنہ نہیں، اور اگر مدرسہ میں کوئی ضابطہ نہیں ہے تو دیگر مدارس کے تعامل کے مطابق استحقاق تنخواہ اسی وقت ہوگا جب کہ وہ ملازم تعطیل کلاں کے بعد مدرسہ میں حاضر بھی ہو، تعطیل کے درمیان استعفیٰ کی صورت میں استحقاق نہ ہوگا۔

Marfat.com

الغرض مسئلہ کا مدار عرف وتعامل پر ہے، جیسا عرف ہو ویسے عمل کرلیا جائے۔ (مستفاد: امداد الفتاویٰ ۳/۳۴۸، فتاویٰ محمودیہ ۱۲/۲۲۶ قدیم زکریا دیوبند)

إنما تعتبر العادة إذا أطردت أو غلبت - المعروف عرفًا كالمشروط شرطًا. (شرح المجلة لسليم رستم باز ۱/۳۷ رقم المادة: ٤١-٤٣ اتحاد بك ڈپو دیوبند، الأشباه والنظائر / القاعدة الخامسة في الفن الأول ۲۷۱-۲۷۸ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۶/۳/۱۴۱۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

پرائمری اسکول میں سرکاری فنڈ کے لئے مدرسین کی تنخواہ کاٹنا؟

سوال (۵۷۶): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: میں ضلع پریشد کی پرائمری اسکول میں ایک معلم کی حیثیت سے کام کررہا ہوں، نوکری کے دوران ہم پر حکومت کی جانب سے ضلع پریشد فنڈ کھولنے کو ضروری قرار دیا جاتا ہے، اس فنڈ کے کھاتے میں ہم کو اپنی تنخواہ کا چھ فیصد حصہ جمع کرانا پڑتا ہے، اس جمع ہونے والی رقم پر حکومت سود بھی دیتی ہے، جو کہ ہمارے فنڈ کے کھاتے پر جمع ہوجاتا ہے۔ اسی طرح ہم اپنی مرضی سے چھ فیصد سے زائد رقم بھی جمع کرتے ہیں، اس طرح جو بھی رقم سال بھر میں جمع ہوتی ہے، اس پر سود اور ایک سال سے پہلے جتنی رقم جمع ہے، جس میں پچھلا سود بھی ہوتا ہے، سب کو ملا کر پھر سود دیتی ہے، یعنی سود مرکب کی شکل ہوجاتی ہے، اس جمع شدہ رقم کا ایک تہائی حصہ ضرورت پڑنے پر حکومت سے حاصل کیا سکتا ہے، جو دو طریقہ سے حاصل ہوتا ہے:

(۱) جتنا روپیہ آپ حکومت سے حاصل کررہے ہیں، وہ بطور قرض لیا جائے، اور قسط وار دوبارہ اپنے کھاتے پر جمع کردیا جائے۔

(۲) جتنا روپیہ لے رہے ہیں، وہ واپس نہ کیا جائے۔

اسی طرح جب حکومت کوئی کمیشن مقرر کرتی ہے، تو اس دوران تنخواہ میں اضافہ ہوتا ہے،

Marfat.com

اس میں حکومت کچھ رقم ادا کرتی ہے، اور کچھ کھاتے میں جمع کر دیتی ہے؛ لہٰذا ایسی تمام رقم پر زکوٰۃ کا کیا حکم ہے، سود کی رقم کا کیا حکم ہے؟ ایسی تمام صورتوں میں زکوٰۃ کا حساب کس طرح کیا جائے گا؟ چھ فیصد یا اس سے زائد رقم جو ہر مہینہ فنڈ میں جمع کی جاتی ہے، اس پر زکوٰۃ دی جائے گی، یا تمام رقم جس میں سود کی رقم بھی ہوتی ہے، اس پر زکوٰۃ دی جائے گی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اِس فنڈ سے جو چھ فیصد آپ کا لازماً تنخواہ سے کٹتا ہے، اس پر جو مزید رقم ملے گی، یہ سب سرکاری انعام ہے، اس پر سردست زکوۃ واجب نہیں؛ البتہ جو رقم ماہانہ جمع کرنے کی آپ نے اپنی مرضی سے منظوری دی ہے، اس میں زکوٰۃ کا حکم جاری ہوگا، اور اس پر جو زائد رقم ملے گی وہ سود ہی ہے؛ لہٰذا سود کی اس رقم کو بغیر ثواب کی نیت کے فقراء میں تقسیم کرنا لازم ہے۔

لا تجب ما لم يقبض نصابًا، ويحول الحول بعد القبض عليه. (البحر الرائق ۳۶۳/۲)

من ملك بملك خبيث ولم يمكنه الرد إلى المالك فسبيله التصدق على الفقراء. (معارف السنن ۳٤/۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲/۷/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرس کی تنخواہ سے فنڈ کے نام پر رقم وضع کر کے ضرورت پر اُس کے حوالے کرنا؟

سوال (۵۷۷): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: عربی مدارس میں مدرس کی تنخواہ سے کچھ رقم فنڈ کے نام پر وضع کر کے اپنی ہی رقم مدرسہ کی طرف سے ملانا جائز ہے یا نہیں؟ خیال رہے کہ مدرس کی کسی فوری ضرورت پر تقاضہ کرنے کی صورت میں وہ رقم اُس کے حوالہ کر دی جاتی ہے، یا مدرسہ سے جاتے وقت فنڈ کی کٹی ہوئی رقم اور جو اس میں شامل کی گئی ہے، اُسے دے دی جاتی ہے، ایسا کرنے میں اہل مدرسہ کسی شرعی قباحت میں

Marfat.com

مبتلا تو نہیں ہوں گے؟ یا سرے سے مدرسہ کی رقم سے فنڈ دینے کی اِجازت ہی نہیں ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: عربی مدارس میں مدرس کی تنخواہ سے کچھ رقم فنڈ کے نام پر جو واجبی اور لازمی طور پر وضع کر لی جاتی ہے، اور پھر مدرس کے مدرسہ سے علیحدگی یا مدرس کے انتقال پر وضع شدہ رقم اِضافہ کے ساتھ دی جاتی ہے، اس کا لین دین شرعاً درست ہے، اور یہ اِضافہ سود کے دائرہ میں داخل نہیں ہے؛ بلکہ یہ مدرس وملازم کے ساتھ بشکل انعام اِدارہ کی طرف سے امداد وتعاون ہے، جس کا لین دین آپس میں شرعاً درست ہے؛ لہٰذا اِس عمل سے مدرسہ کسی شرعی قباحت میں بھی مبتلا نہ ہوگا۔ (مستفاد: ایضاح النوادر ۱/۱۴۸، ایضاح المسائل ۱۶۳، فتاویٰ رحیمیہ ۵/۱۴۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۴/۱۴۲۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرس کی تنخواہ سے خوراک کی رقم وضع کرنا اور ایصالِ ثواب وصدقہ کا کھانا کھانا؟

سوال (۵۷۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: (۱) زید ایک مدرسہ میں با تنخواہ مدرس ہے، من جانب مدرسہ اُس کے طعام کا بھی نظم ہے، اور خوراکی کے نام پر کچھ رقم وضع کر لی جاتی ہے، مدرسہ میں صدقہ کے نام پر راشن، بکرا یا ایصالِ ثواب کا کھانا وغیرہ آتا ہے، تو کیا اِس صدقہ اور اِیصالِ ثواب کا کھانا صاحبِ نصاب یا غیر صاحبِ نصاب کے لئے جائز ہے یا نہیں؟ کیا مسئلہ ہے؟

(۲) زید کی جملہ تنخواہ میں سے خوراکی کی رقم دفتر میں وضع کر لی جاتی ہے، کیا یہ وضع کرنا صحیح ہے؟ یا زید کی ملکیت میں دے کر پھر وہی رقم واپس لینا چاہئے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱) مسئولہ صورت میں چوں کہ مدرس کی طرف سے

Marfat.com

خوراکی کی رقم وضع کرنے کے بعد اُس کے نام پر طعام جاری کیا جاتا ہے، اس لئے مدرسہ سے بالعوض طعام حاصل کرنے میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے؛ لیکن مدرسہ میں جو کھانا صدقہ کے نام پر آتا ہے، تو مدرسہ کے ملازمین اُس کے مستحق نہیں ہیں، اگر ملازمین کو صدقہ کا کھانا کھلا دیا جائے، تو کھانے کے بقدر رقم مدرسہ کی طرف سے صدقہ کی مد میں جمع کرنی ضروری ہوگی، اور اَحوط اور بہتر شکل یہ ہے کہ مطبخ میں جو بھی رقم صرف ہو یا جو بھی کھانا آئے، اس کی پیشگی تملیک کرالی جائے؛ تاکہ کسی قسم کا شک وشبہ باقی نہ رہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۲۲/۱۲)

ويشترط أن يكون الصرف تمليكًا (الدر المختار) فلا يكفي فيها الإطعام إلا بطريق التمليك. (الدر المختار مع الشامي ۲۹۱/۳ زكريا)

(۲) زید کی جملہ تنخواہ میں سے دفتر ہی میں خوراکی کی رقم وضع کرلینا درست ہے۔

إذا انعقد بيعًا بالتعاطي وقت الأخذ مع دفع الثمن قبله، فكذا إذا تأخر دفع الثمن بالأولى. (شامي ۳۱۸/۷ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۸/۴/۱۴۲۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

زکوٰۃ کے مستحق طلبہ سے تملیک کرا کر زکوٰۃ کی رقم تنخواہ میں دینا؟

سوال (۵۷۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے محلّہ میں ایک مدرسہ امداد سے چل رہا ہے، جس میں صرف ایک مدرس پڑھا رہے تھے، پھر بچوں کی تعداد بڑھی جس کی وجہ سے مدرسہ کی عمارت اور مدرسین کو بڑھایا گیا، اس کے بعد بچوں کی تعداد اور بڑھی جس کی وجہ سے عمارت دوسری جگہ اسی محلّہ میں بڑھادی گئی، بچوں کی تعداد کو دیکھتے ہوئے مدرسین کو اور بڑھایا گیا، اس وقت مدرسین کی تعداد سات ہے، اور اس مدرسہ میں باہر کے لڑکوں کی تعداد سات ہے، محلّہ والے صرف دو مدرسین کی تنخواہ امداد سے دے سکتے ہیں، اور دے رہے ہیں، جس کی اُنہوں نے ممبر سازی کر رکھی ہے، باقی مدرسین کی تنخواہ دیگر لوگوں کی امداد

Marfat.com

زکوٰۃ چرمِ قربانی وغیرہ میں تملیک کرکے یعنی کسی غریب کو دے کر زکوٰۃ وغیرہ کی رقم دے دی جاتی ہے، پھر وہ اپنی طرف سے مدرسہ کو دیتا ہے، اس کے بعد یہ رقم باقی مدرسین اور باہر کے طلبہ جن میں بعض کے والدین مال دار بھی ہیں، دی جاتی ہے، اور مدرسہ کے دوسرے کاموں میں بھی خرچ ہوتی ہے، یہ جائز ہے یا ناجائز؟ اگر ایسا نہ کیا جائے تو مدرسہ میں دو مدرس سے زیادہ نہیں رہ سکتے، بعض لوگ اِس کو ناجائز کہتے ہیں، اور ان کا کہنا یہ ہے کہ مدرسہ میں صرف ایک یا دو پڑھانے والے رکھو، کیا ان کی وجہ سے ایسا ہی کیا جائے، اگر ایسا کیا جائے تو بستی کے بچے آوارہ ہو جائیں گے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں چوں کہ زکوٰۃ کے مستحق طلبہ کی ایک معتد بہ تعداد مدرسہ میں موجود رہتی ہے، اور زکوٰۃ وغیرہ کی رقم وصول کئے بغیر ان طلبہ اور دیگر طلبہ کی رہائش اور تعلیمی ضرورت بحالات موجودہ پوری نہیں ہوسکتی؛ لہٰذا مجبوراً اور ضرورت کی بنا پر بقدر ضرورت روپیہ تملیک کرکے تنخواہ وغیرہ جیسی ضروریات میں لگانے کی شرعاً گنجائش ہے؛ تاہم کوشش برابر کی جاتی رہے کہ مدرسہ کے پاس امداد کا فنڈ اتنا ہو جائے کہ اسے اپنی ضرورت کے لئے کسی حیلہ کی ضرورت نہ ہو۔

والاحتيال للهروب عن الحرام والتباعد عن الوقوع في الأثام لا بأس به؛ بل هو مندوبٌ إليه. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري ۱۸/۱۰۸) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۵/۹/۱۷ھ

چندہ کی رقم کو تملیک کرکے بطور تنخواہ استعمال کرنا؟

سوال (۵۸۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید ایک مدرسہ میں ملازم ہے، جو مدرس کی حیثیت رکھتا ہے، اور شعبہ تحفیظ القرآن کا خادم ہے، رمضان المبارک یا دیگر ماہ میں چندہ وصول کرکے لاتا ہے، اور اکثر رقم زکوٰۃ ہی کی ہوتی ہے،

Marfat.com

اگر وہ رقم مہتمم کو دی جاتی ہے، تو وہ سب رقم لے کر مدرسہ کے کسی مصارف میں خرچ کر دیتے ہیں، جب کہ مدرسہ قرض دار ہے، اور مہتمم صاحب مدرسین کو پورے پورے سال تنخواہ نہیں دے پاتے، تو مدرسین مجبور و لاچار ہوتے ہیں، پورے سال روزی روٹی کا بہت اہم مسئلہ اُن کے سامنے ہے، اور مدرسین کو بازار سے قرض اشیاء خوردنی بھی نہیں مل پاتی، تو کیا وہ رقم جو چندہ میں وصول کی ہے اُس کو خود تملیک کرا کر اپنی تنخواہ بھی وضع کر لے یا پھر مہتمم صاحب کو وہ رقم دینا ضروری ہے؟ یا مہتمم صاحب تملیک کی اجازت دے دیں تو کافی ہے؟ نیز تملیک کا شرعی طریقہ کیا ہے؟ اگر چندہ کی رقم امداد میں آتی ہے تو اپنی تنخواہ میں وضع کر کے اپنے صرفہ میں لے آئے تو درست ہے یا نہیں؟ یا پھر وہ رقم بھی مہتمم صاحب کو دینا ضروری ہے؟ از راہ شرع مفصل مدلل جواب سے نوازا جائے۔

نوٹ :- ادارہ کے مہتمم صاحب دل کے بہت سخت ہیں، کسی پر بھی رحم اور ترس کا برتاؤ نہیں کرتے، مدرسین کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ اختیار کرتے ہیں، ظلم کی انتہاء ہو چکی ہے، طلبہ کا وظیفہ برابر ہر ماہ ادا کیا جاتا ہے، اور نظام مطبخ بھی صحیح طور پر چلایا جا رہا ہے، مدرسین کے علاوہ کسی کو کوئی پریشانی نہیں۔ مدرسین صاحبان رمضان شریف میں چندہ وصول کر کے تملیک خود کرا لیتے ہیں اور اپنے خرچہ اور صرفہ میں لاتے ہیں، تو کیا ایسی صورت میں زکوٰۃ دینے والوں کی زکوٰۃ ادا ہو جاتی ہے یا نہیں؟ مدرسین کا یہ طریقہ از راہ شرع جائز ہے یا نہیں؟

ایسی صورت اس لئے پیش آتی ہے کہ مدرسین کو پورے سال تنخواہ نہیں مل پاتی اور مدرسین کے ساتھ ظلم ہونے کی وجہ سے اگر مدرسین کی اُصول کردہ رقم مہتمم کو دی جاتی ہے، تو وہ بہت پریشان کرتے ہیں، مدرسین کو دوبارہ ملنے کی امید نہیں رہتی۔ تو ایسی صورت میں کیا کیا جائے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ میں آمدہ رقوم کی تملیک کا اختیار صرف مہتمم ہی کو حاصل ہے، سفراء یا اساتذہ کو انفرادی طور پر یہ حق نہیں ہے کہ وہ خود ہی تملیک کر کے اپنی تنخواہوں میں خرچ کر لیں؛ اس لئے کہ تملیک صرف ضرورت کے وقت ہوتی ہے اور ضرورت ہے یا نہیں، اس بارے

Marfat.com

میں مہتمم ہی فیصلہ کرسکتا ہے؛ لہٰذا مسئولہ صورت میں تنخواہ نہ ملنے کی وجہ سے مدرسین کے لئے چندہ کی رقومات براہِ راست یا تملیک کرکے اپنے استعمال میں لانا بالکل درست نہ ہوگا۔ (مستفاد: فتاویٰ خلیلیہ ۳۲۵/۱)

اور مہتمم صاحب اگر ملازمین کا حق ادا نہیں کرتے، تو ایسے مدرسہ کو چھوڑ کر کسی ایسے مدرسہ میں خدمت انجام دی جائے، جہاں کے ذمہ داران اپنے عملہ کی پوری رعایت رکھتے ہوں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۱/۸/۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کیا مدرسہ سے پنشن دی جاسکتی ہے؟

سوال (۵۸۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید ایک اِدارہ کا نگراں اور ذمہ دار رہا، اور ایک عرصۂ دراز تک فی سبیل اللہ ادارہ کی خدمت انجام دیتا رہا، اور ادارہ کے دستور کے مطابق وظائف ملتے رہے، دستور وظائف یہ ہے کہ خدامِ ادارہ فی سبیل اللہ خدمت ادارہ انجام دیں، اگر ادارہ میں آمدنی ہوگی تو وظائف ملیں گے، ورنہ ادارہ پر کوئی ذمہ داری نہ ہوگی، اَب زید اپنے ضعف اور پیرانہ سالی کی بنا پر خدمتِ ادارہ سے معذور ہو چکا ہے، اور خدمت ادارہ انجام نہیں دے سکتا؛ لیکن بشری تقاضا اور زندگی کی ضروریات کے پیش نظر زید کو ہر وقت مال کی ضرورت پیش آتی ہے، کوئی کام زید تجارت وغیرہ کا نہیں کرسکتا کہ طاقت وہمت نہیں، تو آیا ایسی صورت میں ہر ماہ بطور انعام بنام پنشن ادارہ زید کا کچھ تعاون کرسکتا ہے؟ اور ادارہ کی خدمت کے صلہ میں حالتِ عذر میں کچھ دے سکتا ہے یا نہیں؟ اگر ادارہ ایسے لوگوں کا بطور انعام تعاون کرے تو شرعاً کچھ خرابی تو نہیں آئی، جو بھی حکم شریعتِ مطہرہ کا ہو، اُس سے آگاہ کرنے کی درخواست ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں بہتر یہ ہے کہ اِدارہ میں باقاعدہ پنشن دینے کا ضابطہ بنالیا جائے؛ تاکہ چندہ دہندگان کو بھی علم ہوجائے کہ ہمارے چندہ کے

Marfat.com

مصارف میں یہ مد بھی شامل ہے، تو پھر سبک دوش ضرورت مند ملازمین کے لئے ماہ بماہ پنشن کا اِجراء بلاشبہ جائز ہوگا۔

العادة محكمة. (الأشباه والنظائر، القاعدة السادسة من الفن الأول ٢٦٨ زكريا)

على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة والعرف يصلح مخصصًا ٦٦٥/٦ زكريا، ٤٤٥/٤ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۳/۷/۱۴۱۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

سابق مہتمم اور اُس کے خاندانی افراد کے لئے مدرسہ سے وظیفہ طے کرنا؟

سوال (۵۸۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بکر ایک عالم دین تھا اس نے اپنی زندگی میں ایک مدرسہ قائم کیا، اور لگ بھگ بیس سال دین کی خدمت کرتا رہا، مدرسہ چندہ فراہمی کرکے جگہ خرید کر تعمیر کیا اور تاحیات مدرسہ کے بانی ومہتمم رہا، اچانک حکم خداوندی آ پہنچا، زید اور اس کا بیٹا عمر دونوں ایک حادثہ میں شکار ہوکر خدا سے جا ملے، ان کے بعد ذی ہوش مند شوری کے پانچ افراد نے دونوں مرحوموں کی بیواؤں کے لئے مدرسہ کے فنڈ سے تین تین ہزار روپے کی ماہانہ تنخواہ طے کردی، اور ایک نا اہل بچہ بھی زید کا تھا، اس کی بھی تین ہزار روپے تنخواہ طے کردی، آیا اس زکوٰۃ وصدقات کے فنڈ سے اس طرح تنخواہیں طے کرنا اور بغیر کچھ کئے اس طرح تنخواہ لینا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟ شریعتِ مطہرہ کی روشنی میں بالتفصیل وضاحت فرماکر قوم کی اصلاح فرمائیں، یا ان شخصی اداروں کا حکم کچھ علیحدہ ہے، اس کی بھی وضاحت فرمائیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مدرسہ کے ذمہ دار حضرات چندہ دہندگان اور طلبہ کی طرف سے وکیل ہوتے ہیں؛ لہٰذا اُن پر لازم ہے کہ پوری دیانت داری کے ساتھ چندہ کی رقومات

Marfat.com

مدرسہ سے متعلق اُمور میں صرف کریں، اُن رقومات کو مدرسہ سے غیر متعلق کسی شخص کی ذاتی ضرورت میں صرف کرنا درست نہ ہوگا؛ لہٰذا مسئولہ صورت میں مدرسہ کے سابق مہتمم اور ان کے افراد خاندان کے لئے مدرسہ کے فنڈ سے تین تین ہزار روپئے تنخواہ طے کرنا جائز اور درست نہیں ہے، مذکورہ افراد خاندان اگر واقعی ضرورت مند ہیں تو اُن کے تعاون کے لئے الگ سے انتظام ہونا چاہئے، مدرسہ کے فنڈ پر ان کا بوجھ نہ ڈالا جائے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۵/۴۷۱-۴۷۲ ڈابھیل، کفایت المفتی ۴/۲۵۵)

الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل وقد أمره بالدفع إلى فلان، فلا يملك الدفع إلى غيره. (شامي / مطلب في زكاة ثمن المبيع وفاء ۳/۱۸۹ زكريا)

ولو اشترى بغلته ثوبًا ودفعه إلى المساكين يضمن ما نقد من مال الوقف لوقوع الشراء له. (الفتاوىٰ الهندية ۲/۴۱۸، البحر الرائق ۵/۲۴۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۶/۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کے اَوقات میں گھر جا کر چاشت کی نماز پڑھنا؟

سوال (۵۸۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: (۱) احقر ایک مدرسہ میں درجہ حفظ کا مدرس ہے، دورانِ تعلیم میں نے مہتمم صاحب سے اِجازت لی تھی کہ میں روزانہ گھر جا کر چاشت کی نماز پڑھ لیا کروں؛ کیوں کہ مدرسہ کے بالکل سامنے ہی گھر ہے، اور مہتمم صاحب نے اجازت دے دی ہے، چناں چہ اب میں روزانہ گھر جا کر بحمد للہ چاشت کی نماز پڑھ لیتا ہوں، تقریباً تین ماہ سے اللہ نے اس کی توفیق دے رکھی ہے، مگر ہمارے کچھ احباب جو عالم بھی ہیں اور مفتی بھی ہیں، کہہ رہے ہیں کہ تمہارا یہ فعل حرام ہے، اب جواب طلب امر یہ ہے کہ کیا مہتمم صاحب کو اس طرح کی اجازت دینا جائز ہے یا نہیں؟ اگر مہتمم صاحب کو اجازت دینا جائز ہے، تو کیا اس طرح اجازت کے باوجود میرا یہ فعل حرام ہے؟

(۲) اگر حرام ہے، تو کیا اتنے اوقات کو جوڑ کر اس کی تنخواہ کٹوا دینے سے اس کی تلافی

Marfat.com

ہوجائے گی؟ اور اگر مہتمم نہ کاٹے تو میں کیا کروں؟ اگر مہتمم صاحب نہ کاٹیں تو کیا وہ گنہگار ہوں گے؟ کیا مجھے اس فعل سے رک جانا چاہئے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مدرسہ کا عرف وتعامل ایسا ہے کہ کسی ملازم کا ذاتی ضرورت سے کچھ دیر کے لئے کہیں جانے کا اختیار رہتا ہے، تو ایسی صورت میں مذکورہ مدرس کا مہتمم صاحب کی اِجازت سے گھر جاکر چاشت کی نماز پڑھنے میں کوئی حرج نہیں، بشرطیکہ مدرسہ کے ماحول میں اُسے برا نہ سمجھا جاتا ہو۔

ويشترط في صحة الإجارة رضى العاقدين . (شرح المجلة لسليم رستم باز / الفصل الثالث في شروط صحة الإجارة ۲۵٤/۱ رقم المادة: ٤٤٨)

وأما شرائط الصحة، فمنها رضى المتعاقدين. (الفتاوىٰ الهندية ٤١١/٤)

وما لم ينص عليه حمل على العرف. (شامي ۱۷۶/۵ کراچی)

المعروف عرفًا كالمشروط شرطًا. (شرح المجلة لسليم رستم باز ۳۷/۱ رقم المادة: ٤١-٤٣ اتحاد بك ڈپو دیوبند، الأشباه والنظائر / القاعدة الخامسة في الفن الأول ۲۷۱-۲۷۸ زكريا)

(۲) اگر اوقات ملازمت میں سے گھر جاکر نماز پڑھنے کے بقدر آپ تنخواہ کٹوادیں، تو یہ ورع وتقویٰ کی بات ہوگی، از روئے فتویٰ ضروری نہیں ہے۔

قال العلامة ابن عابدين: إمام يترك الإمامة لزيارة أقربائه في الرساتيق أسبوعًا أو نحوه أو لمصيبة أو لاستراحة لا بأس به، ومثله عفو في العادة والشرع. (شامي / مطلب فيما إذا قبض المعلوم وغاب قبل تمام السنة ٤١٩/٤ كراچی، وكذافي الأشباه والنظائر ۱۲۹/۱ إدارة القرآن كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲/۲/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

تبلیغی جماعت یا حج پر جانے کیلئے رخصت کے دنوں کی تنخواہ لینا؟

سوال (۵۸۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید ایک مسجد کا اِمام ہے اور وہ چالیس روز یا چار ماہ جماعت میں رہا ہے، یا حج بیت اللہ کا سفر کررہا ہے، تو زید کے لئے اُن اَیام کی تنخواہ لینا جائز ہے یا نہیں؟ نیز تنخواہ نہ دینے کی صورت میں مطالبہ کا حق حاصل ہے یا نہیں؟ اور نائب اِمام مقرر کرنے کی صورت میں تنخواہ کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے؟ آیا امام پر یا متولیانِ مسجد پر؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اِس سلسلہ میں مسجد کی کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ اگر وہ چاہے تو اُن اَیامِ رخصت کی تنخواہ مقررہ اِمام زید کو دے سکتی ہے، یا اِس بارے میں کوئی ضابطہ بنا سکتی ہے، اور اِس ضابطہ کے مطابق تنخواہ اور رخصتوں کا استحقاق اِمام کو حاصل ہوگا۔

أما لو شرط شرطًا تبع كحضور الدر أيامًا معلومة في كل جمعة فلا يستحق المعلوم، إلا من باشر خصوصًا، إذا قال: من غاب عن الدرس قطع معلومه، فيجب اتباعه. (شامي ٦٣١/٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۰/۲/۱۴۲۸ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

سفراء اور چندہ کے اَحکام

حضور ﷺ اور صحابۂ کرام اور اسلاف کے چندہ کا طریقہ

سوال (۵۸۵):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اور اسلافِ کرام رحمہم اللہ کا چندہ فراہم کرنے کا کیا طریقہ تھا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے زمانہ میں چندہ کا طریقہ یہی تھا کہ لوگوں سے اجتماعی یا انفرادی طور پر تعاون کی اپیل کی جاتی تھی، اور لوگ اپنی مرضی سے کبھی نقدی ادا کرتے تھے اور کبھی سامان کی شکل میں تعاون کرتے تھے، جب کہ اسلامی حکومت میں اموالِ ظاہرہ کی زکوٰۃ حکومت کی طرف سے مقرر کردہ نمائندے علاقوں میں جاجا کر وصول کیا کرتے تھے، اس کی تفصیلات کتبِ فقہ وحدیث میں موجود ہے۔

عن أبي بردة بن أبي موسىٰ عن أبيه رضي اللّٰه عنه قال: كان رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم إذا جاءه السائل أو طُلبت إليه حاجةٌ، قال: اشفعوا توجروا، ويقضي اللّٰه على لسان نبيه صلى اللّٰه عليه وسلم ما شاء. (صحيح البخاري، كتاب الزكاة / باب التحريض على الصدقة والشفاعة فيها ص: ٣٤١ رقم: ١٤٣٢ دار الفكر بيروت)

عن أبي سعيد الخدري رضي اللّٰه عنه قال: أصيب رجل في عهد رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم في ثمار ابتاعها فكثر دينه، فقال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: تصدقوا عليه فتصدق الناس عليه، فلم يبلغ ذٰلك وفاء دينه، فقال

Marfat.com

رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم لغرمائہ: خذوا ما وجدتم ولیس لکم إلا ذلک.

(سنن الترمذي / من تحل له الصدقة من الغارمين ۱/۱ ٤ ۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۷/۱/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

دینی ضرورت کیلئے چندہ کرنا اور فاسقوں سے میل جول کرنا؟

سوال (۵۸۶): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: آج جب کہ چندہ کرنے میں دین اور اپنی عزت دونوں کو گنوانا پڑتا ہے، نیز بہت سے فاسقوں سے میل جول بھی رکھنا پڑتا ہے، تو کیا اِن حالات میں دین کا کام کرنا درست ہے، یا کنارہ کشی اختیار کی جائے؟ جب کہ کنارہ کشی میں دین کے ضیاع کا یقین ہو، اور اگر درست نہیں ہے تو فقہاء کے اس کلیہ کا مطلب بیان کیا جائے کہ ''جب دو ضرر ہو تو ہلکے ضرر کو برداشت کرنا چاہئے''؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دینی ضرورتوں کی تکمیل کے لئے چندہ کرنا ایک ضروری کام ہے، اگر سب لوگ اس سے کنارہ کشی کرلیں تو دین کا کام کیسے چلے گا؛ اس لئے ضرورت کے وقت چندہ کے کام سے پہلو تہی مناسب نہیں، اور رہ گیا فاسقوں سے میل جول کا معاملہ تو ان سے ایسا تعلق منع ہے، جس سے ان کے فسق کی تائید ہوتی ہو، اور اگر صرف دینی ضرورت لے کر ان کے پاس جایا جائے، اور اُن کے کسی برے عمل کی تائید کسی طرح نہ کی جائے اور نہ خوش آمد اور تملق ہو کہ اہلِ دین کی وقعت اُن کے دل سے نکل جائے، تو اِس طرح اُن کے پاس آنے جانے میں کوئی حرج نہیں۔

الضرورات تبیح المحظورات. (الأشباه والنظائر / القاعدة الخامسة ۲۵۱ زكريا)

عن عبد اللّٰه ابن مسعود رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: لما وقعت بنوا إسرائيل في المعاصي نهتهم علماؤهم، فلم ينتهوا

Marfat.com

فجالسوهم في مجالسهم وآكلوهم وشاربوهم، فضرب الله قلوب بعضهم ببعض فلعنهم على لسان داؤد وعيسى بن مريم ذٰلک بما عصوا و كانوا يعتدون الخ. (مشكاة المصابيح / الفصل الثاني ٤٣٨) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۵/۷/۱۴۲۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چندہ دہندگان کے ناموں کو مائک پر نشر کرنا اور محلّہ وار جلسے کرنا؟

سوال (۵۸۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بعض اہلِ بستی مدرسہ کے بہی خواں حضرات اس بات پر زور دیتے ہیں کہ چندہ دینے والوں کے نام مائک پر بولے جائیں؛ تاکہ چندہ زیادہ سے زیادہ ہو جائے اور مدرسہ ترقی کرے؛ بلکہ بعض بھائیوں نے تو یہاں تک کہہ دیا کہ اگر نام بول کر چندہ کیا جائے، تو ہم سب سے زیادہ چندہ دے سکتے ہیں۔

محلّہ وار جلسوں کا انعقاد جو صرف مدرسہ کے چندہ کے لئے کیا جائے کیسا ہے؟ جس کی صورت یہ ہے مدرسہ کے بچوں سے تلاوت یا نعت سنوادی اور معاونین حضرات کے مائک پر نام بول دیئے جائیں، جس میں ایک دوسرے بڑھ کر حصہ لیں سکیں؟ مذکورہ بالا سوالات کے حکم شرعی سے نوازا جائے۔ فقط والسلام
باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر نام لینے سے مقصد یہ ہو کہ دوسرے لوگوں کو ترغیب ہوگی، تو مائک پر چندہ دہندگان کا اعلان کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے؛ لیکن اس میں مبالغہ آمیز الفاظ ہرگز نہ استعمال کئے جائیں، اور جہاں ناموری اور دکھاوے کا اندیشہ ہو، وہاں نام نہ لینا ہی بہتر ہے۔

قال اللہ تعالیٰ: ﴿وَفِي ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ﴾ [التطفيف: ٢٦]

Marfat.com

وقال اللّٰه تعالیٰ: ﴿اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّاهِیَ وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ. [البقرة، جزء آیت: ۲۷۱]

وقال تبارک وتعالیٰ: ﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقَاتِکُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰی کَالَّذِیْ یُنْفِقُ مَالَهٗ رِیَآءَ النَّاسِ﴾ [البقرة، جزء آیت: ۲٦٤]

فالمن والأذى والرياء تكشف عن النية في الآخرة، فتبطل الصدقة. (تفسير القرطبي ۳/۳۱۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

الملاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۴/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چندہ کے لئے مدرسہ اور طلبہ کا فوٹو تصدیق نامہ پر لگانا؟

سوال (۵۸۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بعض لوگ محصلین کے ساتھ یہ شرط لگاتے ہیں کہ آپ اپنی فوٹو تصدیق نامہ کے ساتھ چسپا کریں، نہیں تو میں چندہ نہ دوں گا، نیز بچوں کا فوٹو بھی لائیں، تو کیا اس ضرورت کی وجہ سے فوٹو کھچوایا جاسکتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: سفراء کے لئے تصدیق نامہ میں فوٹو لگانا پہچان کے لئے ضروری ہے، اِس لئے اس کی شرعاً گنجائش ہے؛ البتہ چندہ کے لئے مدرسہ کے بچوں کا فوٹو ایسی ضرورت میں داخل نہیں؛ لہٰذا اِس مقصد کے لئے بچوں کا فوٹو نہ لیا جائے۔

الضرورات تبيح المحظورات. (الأشباه والنظائر/القاعدة الخامسة ۲۵۱ زكريا)

ما أبيح للضرورة يتقدر بقدرها. (الأشباه والنظائر ۲۵۲ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۵/۷/۱۴۲۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مدرسہ کا چندہ طلب کرنے کیلئے طلبہ کی تعداد بڑھا چڑھا کر لکھنا؟

سوال (۵۸۹):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید ایک مدرسہ کا ملازم ہے جہاں تدریسی عمل کے ساتھ ساتھ سارے دفتری اُمور بھی انجام دینے پڑتے ہیں، اُس میں یہ بھی شامل ہے کہ جب کوئی چندہ کرنے کے لئے باہر بھیجا جاتا ہے، تو تحریری طور پر مدرسہ کی اندورنی تفصیل دے کر بھیجا جاتا ہے، جس میں طلبہ کی تعداد بڑھا چڑھا کر لکھا جاتا ہے، مثلاً طلبہ دارالاقامہ کی صحیح تعداد ۱۵ ہے؛ مگر مہتمم کے حکم سے زید کو یہ تعداد پچاس لکھنی پڑتی ہے، مقامی طلبہ کی صحیح تعداد اگر ۹۰ ہے تو زید کو یہ تعداد ۲۰۰ لکھنی پڑتی ہے، کیا طلبہ کی جھوٹی تعداد لکھنے سے زید بھی گنہگار ہوتا ہے، کیا زید کو مدرسہ چھوڑ دینا بہتر ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: طلبہ کی اصل تعداد چھپا کر اِضافہ کر کے لکھنا اور شائع کرنا دھوکہ دہی اور جھوٹ ہے، اس گناہ میں لکھوانے والے اور لکھنے والے دونوں شریک ہیں، زید کو چاہئے کہ یا تو جھوٹ لکھنے سے انکار کردے اور اگر اُسے پر مجبور کیا جائے، تو خدمت سے معذرت کردے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾ [المائدة، جزء آیت:۲]

قال رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم: إن الكذب فجور، وإن الفجور يهدي إلى النار، وإن العبد ليتحرى الكذب حتى يكتب كذابًا. (صحيح مسلم ۲۰۱۳/۴)

عن أبي هريرة رضي اللّٰہ عنه أن رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم مرَّ على صبرةٍ من طعام فأدخل يده فيها فنالت أصابعه بللاً فقال: يا صاحب الطعام ما هٰذا؟ قال: أصابته السماء يا رسول اللّٰہ! قال: أفلا جعلته فوق الطعام حتى يراه الناس، ثم قال: من غش فليس منا. (سنن الترمذي / باب ما جاء في كراهية الغش في البيوع ۱۲۴۵/۱، سنن أبي داؤد / باب النهي عن الغش ۴۸۹/۲، صحيح مسلم ۹۷۰/۱، الترهيب والترغيب

Marfat.com

مکمل ٤٠٠ رقم: ٢٧٤٠ بيت الأفكار الدولية) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۳/۶/۱۴۲۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جھوٹی حاضری لگا کر پورے مہینہ کا وظیفہ لینا؟

سوال (۵۹۰):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حکومت 2500% روپئے ماہانہ ٹریننگ کے خرچ کے طور پر دیتی ہے، جو لڑکوں کو ایک سال میں بارہ مہینے کا چیک ملتا ہے یہ =/2500 زید کے لئے جائز ہے یا ناجائز؟ کیوں کہ وہ مہینے میں ۵ یا ۶ رون اسکول گیا۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جھوٹی حاضری لگا کر مذکورہ وظیفہ لینا قطعاً ناجائز ہے، صرف جتنے دن حاضری ہوئی ہے اس کا وظیفہ لے سکتا ہے، اس سے زیادہ کا نہیں۔

أما لو شرط شرطًا تبع كحضور الدرس أيامًا معلومة في كل جمعة فلا يستحق المعلومة إلا من باشر، خصوصًا إذا قال: من غاب عن الدرس قطع معلومه، فيجب اتباعه. (شامي / مطلب في الغيبة التي يستحق بها عن الوظيفة ٦/١ ٦٣ زكريا)

بخلاف غيرهما من أيام الأسبوع حيث لايحل له أخذ الأجر عن يوم لم يدرس فيه مطلقًا سواء قدر له أجر كل يوم أولاً. (شامي / مطلب في استحقاق القاضي والمدرس الوظيفة في يوم البطالة ٦/٦٨ ٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۴/۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

دوگنا چندہ حاصل کرنے کے لئے جھوٹ بولنا؟

سوال (۵۹۱):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: غیرعوام الناس کے چندوں سے چلنے والے وہ چھوٹے بڑے مدارس جو رمضان میں چندہ کی بڑھوتری کی خاطر جھوٹ بولتے ہیں، پچاس طلباء ہیں تو سو بتلاتے ہیں، دس مدرس ہیں تو بیس بتلاتے ہیں، اوراس طرح کبھی کبھی دھوکہ دے کر جھوٹ بول کرزکوٰۃ وصول کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اگر ہم سچ بولتے ہیں تو چندہ کم ملتا ہے اور مدرسہ کا سالانہ خرچ چلانا مشکل ہوجاتا ہے، اور مصلحتاً جھوٹ بولنے سے چندہ دوگنا ہو جاتا ہے اور سالانہ خرچ بآسانی پورا ہوجاتا ہے، کیا اس طرح جھوٹ بول کر کے مدرسہ چلانا جائز ہے؟ کیا مصلحتاً جھوٹ بولنا جائز ہے؟ اِس طرح کے مدارس کو زکوٰۃ کی رقم دینا صحیح ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: محض دوگنا چندہ حاصل کرنے کے لئے جھوٹ بولنا حرام ہے؛ کیوں کہ سچ بول کر بھی اس مقصد کو حاصل کیا جاسکتا ہے، اوراس طرح جھوٹ فراڈ کر کے مدرسہ چلانا جائز نہیں ہے، اور یقین کے ساتھ اگر یہ معلوم ہوجائے کہ وہ زکوٰۃ کو صحیح مصرف میں استعمال کرتے ہیں، تو زکوٰۃ دینا صحیح ہے، اور جھوٹ بولنے کا گناہ وہ اُن کے اپنے سر پر ہوگا۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ﴾ [آل عمران، جزء آیت: ٦١]

عن عبد اللّٰہ بن عمرو رضي اللّٰہ عنه قال: قال رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم: أربع من كن فيه كان منافقًا خالصًا، ومن كانت فيه خَلَّة منهن كانت فيه خلةٌ من نفاقٍ حتى يدعها: إذا حدث كذب، وإذا عاهد غدر، وإذا وعد أخلف، وإذا خاصم فجر. (صحيح مسلم، كتاب الإيمان / باب بيان خصال المنافق ١/ ٥٦ رقم: ١٠٦-٥٨ بيت الأفكار الدولية، صحيح البخاري ١/ ١٠ رقم: ٣٤)

عن أبي هريرة رضي اللّٰہ عنه أن رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم قال: آية المنافق ثلاثٌ: إذا حدث كذَب، وإذا وعد أخلف، وإذا اؤتمن خان. (صحيح مسلم، كتاب الإيمان / باب بيان خصال المنافق ١/ ٥٦ رقم: ١٠٧-٥٩ بيت الأفكار الدولية، صحيح البخاري، كتاب الأدب / باب قول اللّٰہ تعالىٰ رقم: ٦٠٩٥ دار الفكر بيروت)

Marfat.com

عن ابن عمر رضي اللّٰه عنهما عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: إذا كذَب العبد تباعد عنه الملک ميلاً من نتن ما جاء به. (سنن الترمذي، أبواب البر والصلة / باب ما جاء في الصدق والكذب ۱۸/۲)

عن عبد اللّٰه رضي اللّٰه عنه عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: إن الصدق يهدي إلى البر وإن البر يهدي إلى الجنة، وإن الرجل ليصدق حتى صِدِّيقًا، وإن الكذب يهدي إلى الفجور، وإن الفجور يهدي إلى النار، وإن الرجل ليكذب حتى يُكتبُ عند اللّٰه كذَّابًا. (صحيح البخاري، كتاب الأدب / باب قول اللّٰه تعالىٰ رقم: ٦٠٩٤ دار الفكر بيروت، صحيح مسلم رقم: ٢٦٠٧ بيت الأفكار الدولية، سنن أبي داؤد ٦٨١/٢ رقم: ٤٩٨٩، المسند للإمام أحمد ٣٩٣/١، سنن لترمذي ١٨/٢، مشكاة المصابيح ٤١٢/٢ رقم: ٤٨٢٤)

كل مقصود محمود يمكن التوصل إليه بالصدق والكذب جميعًا، فالكذب فيه حرام. (شامي، كتاب الحظر والإباحة / فصل في البيع ٦١٢/٩ زكريا)

عين الكذب حرام. (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة / فصل في البيع ٤٢٧/٦ كراچی، الدر المنتقىٰ مع المجمع الأنهر، كتاب الكراهية / فصل في المتفرقات ٢٢١/٤ دار الكتب العلمية بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۵/۵/۱۴۲۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کے غلط اَحوال بتا کر زکوٰۃ کا چندہ وصول کرنا؟

سوال (۵۹۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بعض مدرسہ والے ایسے مدرسہ کے لئے رمضان میں زکوٰۃ وفطرہ کا چندہ کرتے ہیں کہ اُن کے مدرسہ میں دارالاقامہ نہیں ہے، صرف پرائمری کی تعلیم ہوتی ہے، اُن مدرسوں سے جو سفراء چندہ کرنے جاتے ہیں، اُن سے اگر کوئی تحقیق کرتا ہے کہ آپ کے مدرسہ میں زکوٰۃ کی رقم لگتی ہے یا

Marfat.com

نہیں؟یا آپ کے مدرسہ میں کتنے بچے دارالاقامہ میں ہیں؟ تو یہ سفراء حضرات جھوٹ بول کر زکوٰۃ کی رقم وصول کر لیتے ہیں، ایسی صورت میں دینے والوں کی زکوٰۃ ادا ہوگی یا نہیں، اور سفراء حضرات کے لئے ایسا کرنا شریعت کی نظر میں کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جھوٹ بول کر بلا استحقاق چندہ کی رقم حاصل کرنا قطعاً ناجائز ہے، ایسے لوگوں کو زکوٰۃ کا مستحق سمجھ کر دینے والوں کے ذمہ سے زکوٰۃ کی ادائیگی کا فریضہ ساقط ہوجائے گا؛ لیکن لینے والوں کی ذمہ داری باقی رہے گی کہ وہ اُسے صحیح مصرف تک پہنچائیں، اگر صحیح مصرف میں وہ رقم خرچ نہیں کی تو عنداللہ ماخوذ ہوں گے۔

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم .....، ثم قال: من غش فليس منا. (سنن لترمذي / باب ما جاء في كراهية لغش في البيوع ۱/۲۴۵، سنن أبي داؤد ۲/۴۸۹، صحيح مسلم ۱/۹۷، الترهيب والترغيب مكمل ۴۰۰ رقم: ۲۷۴۰ بيت الأفكار الدولية)

واعلم أن المدفوع إليه لو كان جالسًا في صف الفقراء يصنع صنعهم، أو كان عليه زيهم، أو سأله فأعطاه كانت هذه الأسباب بمنزلة التحري، وكذا في المبسوط حتى لو ظهر غناه لم يعد. (شامي / مطلب في لحوائج الأصلية ۳/۲۰۲ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۱/۱۴۲۸ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چوری کے مال سے چندہ لینا؟

سوال (۵۹۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: غیر ممالک میں کام کرنے والے اکثر لوگ آتے ہیں کہ دوکانوں اور گھریلو کام کرنے والے لوگ کفیل کی عدمِ واقفیت میں چوری ضرور کرتے ہیں اور اگر ایسا نہ کریں تو صرف تنخواہ میں دو چار سالوں میں گھر آکر بلڈنگیں نہ کھڑی ہوسکیں۔ اور یہ بھی دیکھا جاتا ہے کہ کمپنیوں میں کام

Marfat.com

کرنے والے اس حساب سے ترقی نہیں کرتے، اکثر لوگوں نے چوری کرنا قبول بھی کیا اور کہا بھی کہ کفیل اتنا زیادہ تنگ کرتے ہیں کہ بدلہ لینے اور وطن چھوڑ کر غیر ممالک آنے کی پاداش میں یہ ضروری ہوجاتا ہے، کیا ایسے حضرات سے مسجدوں اور مدارس وغیرہ میں چندہ لینا درست ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: غیر ممالک میں جو لوگ کفیل کی عدمِ واقفیت میں چوری کرتے ہیں، جیسا کہ بعض نے اسے قبول بھی کیا ہے، تو اگر وہ اسی حرام آمدنی سے چندہ دیتے ہیں تو اُن سے چندہ لینا درست نہیں ہے، اور اگر مالِ حلال سے چندہ دیتے ہیں تو چندہ لینا درست ہے۔

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: من اشترى سرِقةً، وهو يعلم أنها سرِقةٌ فقد اشترك في عارها وإثمها. (شعب الإيمان للبيهقي رقم: ٥٥٠٠، الترغيب والترهيب مكمل، كتاب البيوع / الترغيب في طلب الحلال والأكل منه الخ رقم: ٢٦٨٤ ؛ بيت الأفكار الدولية)

ولو كان الخبيث نصابًا لايلزمه الزكاة؛ لأن الكل واجب التصدق عليه فلا يفيد إيجاب التصدق ببعضه. (شامي، كتاب الزكاة / مطلب: فيما لو صادر السلطان رجلاً فنوى بذلك أداء الزكاة إليه ٣/١٨٢ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۲/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

سود خوروں سے چندہ لے کر اُن کے لئے دعا کرنا؟

سوال (۵۹۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: سود خوروں سے چندہ لے کر دعا کرنا کہ اللہ تجھے مزید مال عطا فرمائے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس کی آمدنی اکثر سود پر مشتمل ہو اس سے چندہ لینا ہی

Marfat.com

جائز نہیں، ایسے شخص کے لئے ہدایت کی دعا کرنا چاہئے نہ کہ حرام مال میں اضافہ کی۔

رجل دفع إلى فقير من المال الحرام شيئًا يرجو به الثواب يكفر، ولو علم الفقير بذلك فدعاله وامن المعطي كفرًا جميعًا. (شامي / مطلب: في التصدق من المال الحرام ۲۱۹/۳ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳/۵/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

فرضی نام سے رسید بک چھاپ کر چندہ کرنا؟

سوال (۵۹۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر کسی علاقہ کا چندہ کرنے والا رسید بک فرضی نام سے کسی مدرسہ اور مسجد کے لئے چھاپ دے اور وصول کرے، تو ایسے سفیر کی وصول کی ہوئی رقم پکڑی جائے، تو اس رقم کو کہاں دینا چاہئے؟ جب کہ فرضی مدرسہ اور مسجد کا وجود ہی نہیں ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: فرضی نام سے چندہ جمع کرنا بہت بڑا فراڈ اور ناجائز عمل ہے، اگر اس طرح کی جمع شدہ رقم پکڑی جائے، تو اگر ممکن ہو تو چندہ دہندگان کو لوٹا دینی چاہئے، اور اگر ممکن نہ ہو تو ذمہ داران کے مشورہ سے مدرسہ کے لئے حاصل شدہ رقم کسی معتبر مدرسہ میں اور مسجد کیلئے حاصل شدہ رقم کسی ضرورت مند مسجد میں صرف کردی جائے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ۱۳۷/۱۴)

عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم .....، ثم قال: من غش فليس منا. (سنن الترمذي / باب ما جاء في كراهية الغش في البيوع ۲۴۵/۱، سنن أبي داؤد ۴۸۹/۲، صحيح مسلم ۹۷۰/۱، الترهيب والترغيب مكمل، كتاب البيوع وغيرها / الترهيب من الغش والترغيب في النصيحة في البيع وغيره ۴۰۰ رقم: ۲۷۴۰ بيت الأفكار الدولية) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۱۱/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

جعلی رسید بنوا کر مدرسہ کے نام سے چندہ کر کے اپنے استعمال میں لانا؟

سوال (۵۹۶):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید کے پاس ذاتی مکان تھا اُس کو اُنہوں نے خریدا تھا، ایک طویل مدت تک اُس میں رہتے رہے، اِس کے بعد اُنہوں نے ایک دوسرے گاؤں میں زمین خرید کر مکان بنوالیا، اور سابق مکان سے ترکِ وطن کر کے مع اہل وعیال نئی جگہ منتقل ہو گئے، اِس کے بعد اُنہوں نے پرانے مکان کو منہدم کر کے اُس پر ایک مدرسہ تعمیر کرنا شروع کر دیا، اور با قاعدہ رسید چھپوا کر چندہ کرنا شروع کیا، اور ہر کس وناکس سے یہ کہتے رہے کہ یہ زمین میں نے مدرسہ کے لئے وقف کر دی ہے، اُن کے قول وفعل پر اعتبار کرتے ہوئے مسلمانوں نے مدرسہ کی تعمیر میں بھرپور حصہ لیا، چند سال قبل ایک دوسری زمین اسی مدرسہ کے قریب اُنہوں نے خریدی، رفتہ رفتہ لوگوں کو معلوم ہوا کہ نئی زمین اپنے نام کر لی ہے، تو لوگوں کو فکر ہوئی، آخر جب پہلی زمین مدرسہ کے نام وقف کی ہے، تو پھر اپنے نام لینے کی کیا وجہ ہے؟

تحقیق کے بعد پتہ چلا کہ مدرسہ کی زمین بھی وقف نہیں کی ہے، صرف وقف کا پروپیگنڈہ ہی ہے، سرکاری کاغذات میں وہ اُن کا زرخرید ذاتی مکان ہی درج ہے، پھر مزید تحقیق کے بعد پتہ چلا کہ مدرسہ کی جملہ آمدنی سب اُنہیں کے قبضہ میں ہے، کہاں اور کس کے پاس ہے اللہ جانے؟ ہاں اُن کے اور اُن کے بیٹے کے نام سے کئی بینکوں میں کھاتے کھلے ہوئے ہیں۔

دریافت طلب امر یہ کرنا ہے کہ اَب ہم لوگ کیا کریں؟ ایک دینی مدرسہ سمجھ کر ہم سب اور جملہ مسلمان تعاون کر رہے ہیں، اور دوسری زمین کا اپنے نام سے لینا اور مدرسہ کی رقوم کو اپنے تصرف میں رکھنا، اور دیگر قرائن یہ بتلاتے ہیں کہ موصوف سب کچھ اپنا ذاتی کام کر رہے ہیں۔ کیا ایسے مدرسہ کا تعاون کرنا جائز ہے؟ کیا موصوف کا اِس انداز سے کام کرنا صحیح ہے؟ حسنِ اتفاق سے اُن کے دو ہی صاحب زادے بھی ہیں، کل اُن کے مرنے کے بعد قانوناً وہ مکان (مدرسہ) دونوں کے نام منتقل ہو جائے گا؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب تک حساب وکتاب صاف نہ ہو، ایسے مدرسہ کا تعاون نہ کیا جائے، زید کو اللہ سے ڈرنا چاہئے مدرسہ کے نام پر رقومات حاصل کر کے اُنہیں ذاتی استعمال میں خرچ کرنا ہرگز جائز نہیں، آخرت میں اِس کے نتائج نہایت سنگین ہوں گے۔

عن خولة الأنصارية رضي اللّٰه عنها قالت: سمعت رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يقول: إن رجالاً يتخضون في مال اللّٰه بغير حق فلهم النار يوم القيامة.

(صحيح البخاري، كذا في مشكاة المصابيح / باب قسمة الغنائم والغلول فيه ۲/۳٤۹)

عن يزيد بن خالد الجهني رضي اللّٰه عنه أن رجلاً من أصحاب النبي صلى اللّٰه عليه وسلم توفي يوم خيبر، فذكروا ذٰلك لرسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم، فقال: صلوا على صاحبكم، فتغيرت وجوهُ الناس لذٰلك، فقال: إن صاحبكم غلّ في سبيل اللّٰه، ففتَّشْنا متاعه فوجدنا خَرَزًا من خرز يهود لا يساوي درهمين. رواه مالك وأبو داؤد والنسائي. (سنن أبي داؤد، كتاب الجهاد / باب في تعظيم الغلول رقم: ۲۷۱۰ دار الفكر بيروت، سنن ابن ماجة، كتاب الجهاد / باب الغلول رقم: ۲۸٤۸ دار الفكر بيروت، الموطأ لإمام مالك / كتاب الجهاد ۲/٤٥۸ رقم: ۲۳، سنن النسائي، كتاب الجنائز / باب الصلاة على من عليه دين رقم: ۱۹۵۸ دار الفكر بيروت، مشكاة المصابيح، كتاب الجهاد / باب قسمة الغنائم، الفصل الثاني ۳۵۰) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴/۲/۱۴۲۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چھوٹے مدرسہ والوں کا جبراً چندہ وصول کرنا اور پیشگی چرمِ قربانی کی رسید کاٹنا؟

سوال (۵۹۷): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: ہمارے علاقہ میں چھوٹے چھوٹے گاؤں، دیہاتوں اور قصبات جیسا کہ اَفضل گڑھ جیسی جگہ مسجدوں میں مدرسے قائم ہیں، زیادہ تر اہتمام بغیر پڑھے لکھے لوگوں کے سپرد کر رکھا ہے، جو حساب وکتاب بھی نہیں لکھ سکتے، اور نہ ہی سمجھ اور سمجھا سکتے ہیں، پڑھانے والے اور چندہ کرنے والے ناظم وغیرہ نے کمیٹی بنا کر رکھ لیا ہے، اُن میں سے بہت سے پڑھانے والے مسئلہ ومسائل سے ناواقف ہیں، اور کچھ بچے باہر گاؤں اور گرام سے لاکر رکھ لئے ہیں، جن کو دینی اور دنیوی تعلیم پڑھانی شروع کر رکھی ہے، ناظم اور مدرسین رمضان کے مہینہ میں گاؤں، دیہاتوں اور قصبات وغیرہ میں جاجا کر نقد غلہ اور اُدھار روپیوں کی پیشگی رسیدات چھ چھ مہینہ کی کاٹ دیتے ہیں، اور جبراً غلہ اور روپیوں کی تعداد اپنی مرضی سے لکھ دیتے ہیں، اور دینے والا پوچھتا ہے تو کہہ دیتے ہیں کہ جب بھی تم دے سکو دے دینا؛ کیوں کہ وہ کچھ قصبہ کے باثر آدمیوں کو اپنے ہمراہ لے جاتے ہیں، اَب بقرعید کی قربانی کی کھالوں وغیرہ کی بھی پیشگی گھوم پھر کر قربانی کرنے والوں کے نام کھال جبراً لکھ لیتے ہیں، اور جب کئی مدرسے والے یکجا جمع ہوجاتے ہیں، تو اپنے اپنے اِدارے کے واسطے کھال جبراً لوگوں سے چھین کر لے جاتے ہیں، اور قربانی کرنے والے کئی کئی لوگ ہوتے ہیں، اپنے وعدہ کر لیتے ہیں، تو وہ بھی وعدہ پورا نہیں کر پاتے، تو اس طریقہ سے چندہ کرنا شرعاً جائز ہے؟ اور جو اس روپیہ کا حلالہ کر رہے ہیں کہ پہلے اس سے طے کر لیتے ہیں کہ روپئے واپس تم اپنی طرف سے مدرسہ کو دے دینا، کیا اس صورت سے مدرسہ چلانا جائز ہے یا حلالہ وغیرہ جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جبراً چندہ وصول کرنا جائز نہیں ہے، اور جن بڑے مدارس کے لئے تملیک کا حیلہ جائز ہے، وہاں پہلے سے واپسی کی شرط لگانے سے تملیک ہی صحیح نہیں ہوئی؛ اِس لئے بلاشرط فقیر پر روپئے خرچ کر دینا چاہئے، اَب اگر وہ بخوشی دے دے تو حیلہ درست ہوسکتا ہے۔

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم:

Marfat.com

..... كل المسلم على المسلم حرام دمه وعرضه وماله. (صحيح مسلم، كتاب البر والصلة والآداب / باب تحريم ظلم المسلم وخذله الخ ٣١٧/٢ رقم: ٢٥٦٤ بيت الأفكار الدولية، سنن الترمذي رقم: ١٩٢٧، الترغيب والترهيب مكمل ص: ٥٩٥ رقم: ٤٢٨٤ بيت الأفكار الدولية)

عن أبي حميد الساعدي رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل (لمسلم) أن يأخذ مال أخيه بغير حق، وذلك لما حرم الله مال المسلم على المسلم. وفي رواية: لا يحل للرجل أن يأخذ عصا أخيه بغير طيب نفسه. (المسند للإمام أحمد ٧٢/٥، شعب الإيمان للبيهقي ٣٨٧/٤ رقم: ٥٤٩٢، مجمع الزوائد ١٧١/٤-١٧٢ دار الكتب العلمية بيروت)

لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الغصب / مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير ٢٩١/٩ زكريا)

هو فقير: وهو من له أدنى شيء الخ، يصرف المزكى إلى كلهم، أو إلى بعضهم، ولو واحدا من أي صنف كان. (الدر المختار مع الشامي / باب المصرف ٢٩٢/٣-٢٩٣ بيروت)

ويشترط أن يكون الصرف تمليكًا ..... والحيلة أن يتصدق على الفقير ثم يأمره بفعل هذه الأشياء. (شامي ٢٩٣/٣-٢٩١ زكريا)

يصرف إلى كلهم أو بعضهم تمليكًا. (شامي ٢٩١/٣ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ٢/٣/١٤١٩ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

فی خریدار کمیشن بڑھانے پر سفیر مقرر کرنا؟

سوال (٥٩٨):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: دارالعلوم اسلامیہ محمود نگر کنتھاریہ ضلع بھروچ کی طرف سے ایک دینی گجراتی ماہنامہ ''دارالعلوم''

Marfat.com

کے نام سے نکلتا ہے، اس کا زرتعاون (لوازم) وصول کرنے کے لئے سفیروں کو اُجرت پر رکھا جاتا ہے۔ حسبِ ذیل ضرورتوں کی بناء پر اس کو ماہانہ تنخواہ پر رکھنے کے بجائے کام پر اُجرت کے حساب سے رکھا جاتا ہے، اُجرت کی نوعیت یہ ہوتی ہے کہ ایک گاہک بنائیں گے، تو اسی حساب سے اُجرت ملے گی۔

ماہانہ تنخواہ پر سفراء مقرر کرنے میں یہ خدشہ رہتا ہے کہ شاید پوری توجہ و محنت کے ساتھ کام نہ کریں اور بعد میں یہ عذر کریں کہ ہم نے تو پوری محنت کی؛ لیکن کوئی گاہک ہی نہیں بنتا ہے یا بہت کم بنتے ہیں اور یہ معلوم کرنا دشوار رہتا ہے کہ اُنہوں نے پوری ایمان داری کے ساتھ کام کیا ہے یا نہیں؟ اِس لئے اطمینان کی یہی صورت ہے کہ ہر گاہک کے مقابلہ میں اُجرت معین کردی جائے، تو آیا شریعتِ مطہرہ میں یہ جائز ہے یا نہیں؟

نیز ایک دشواری ماہانہ تنخواہ مقرر کرنے میں یہ بھی ہے کہ اِس صورت میں سفیر کا ترچہ ادارہ کے ذمہ رہتا ہے، اور کرایہ وکھانے پینے میں اتنا خرچ بتلاتے ہیں جو آمدنی کے نصف حصہ تک ہوجاتا ہے، اور فی گاہک کمیشن مقرر کرنے میں یہ سب خرچے اِدارہ کے ذمہ نہیں رہتے ہیں؛ بلکہ سفیر کو اپنی جیب سے کرنے پڑتے ہیں۔

سفیر بھی اسی بات کو پسند کرتے ہیں کہ تنخواہ کے بجائے کمیشن پر لوازم وصول کیا جائے؛ تاکہ زیادہ سے زیادہ گاہک بنا کر زیادہ سے زیادہ اُجرت وصول کی جائے اور اِدارہ کے حق میں بھی یہی مفید معلوم ہوتا ہے کہ ماہانہ تنخواہ کے بجائے کمیشن پر سفیر مقرر کئے جائیں؛ تاکہ خرچ سے بھی بچا جائے، اور کام کے بارے میں بھی اطمینان ہوجائے کہ جتنے گاہک بنائیں گے اتنی ہی اُجرت دینی پڑے گی، تو آیا اس طور پر سفراء کو مقرر کرنا شرعاً جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں ذکر کردہ سفیر کی حیثیت دلال کی ہے، پس اگر اُجرت معلوم ہو تو یہ معاملہ جائز ہے، اور جتنی ممبر سازی کرے گا اُس پر متعینہ اُجرت لینے کا وہ مستحق ہوگا۔

Marfat.com

إجارة السمسار والمنادي ..... ومالا يقدر فيه الوقت ولا العمل تجوز لما كان للناس به حاجة ويطيب الأجر المأخوذ. (شامي، كتاب الإجارة / باب الإجارة الفاسدة ٤٧/٦ كراچی، ٦٤/٩ زكريا)

وفي الدر: ولايستحق المشترك الأجر حتى يعمل كالقصار ونحوه كفتال وحمام ودلال وملاح. (الدر المختار / باب ضمان الأجير ٦٤/٦ كراچی، ٨٨/٩ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبه: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرله

٦/١١/١٤١١ھ

كميشن پر چنده كرنا؟

سوال (٥٩٩):- كيا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: سفراء حضرات جو مدارس کے لئے فراہمی مالیات کے اُمور کو انجام دیتے ہیں، اگر تنخواہ پر خدمت لی جائے تو دیانت کے ساتھ خدمات انجام نہ دینے کی وجہ سے یا خدمات زائد لینے کی وجہ سے بجائے تنخواہ کے کمیشن پر خدمات لیتے ہیں، نیز خدمات کی زیادتی یا دوسری جگہ سے روک کر اپنی جگہ پر کام کرنے کے لئے ۴۰-۵۰-۶۰ رفیصد تک دیتے ہیں، ذمہ دار مدرسہ (مہتمم صاحب) تو بخوشی دیتے ہیں، اور سفراء کی کارکردگی کو قبولیت کا درجہ دیتے ہوئے انعام سے بھی مزید نوازتے ہیں اور عوام اس کو غلط سمجھ کر اعتراض کرتے ہیں۔

تو دریافت یہ کرنا ہے کہ ذمہ دار مدرسہ کا کمیشن پر خدمت لینا یا حضراتِ سفراء کا کمیشن پر خدمت کرنا جائز ہے یا نہیں؟ نیز فی صد کمیشن کتنا دے سکتے ہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وبالله التوفيق: جو سفراء باقاعدہ مدرسہ کے تنخواہ دار ملازم ہیں اُن کو حسنِ کارکردگی کی بنیاد پر تنخواہ سے زائد متعینہ اِضافی رقم دینے کی گنجائش ہے اور یہ انعام کے درجہ

Marfat.com

میں ہوگا، جو مدرسہ کے امدادی فنڈ سے دیا جائے گا نہ کہ زکوٰۃ وصدقاتِ واجبہ کی رقم سے، اور جو سفراء مدرسہ کے ملازم نہیں ہیں؛ بلکہ محض کمیشن پر کام کرتے ہیں تو اجارۂ فاسدہ کے ہونے کی بنا پر اس معاملہ کی قطعاً اجازت نہیں، اور نہ اس طرح چندہ کرنا جائز ہے۔

عن أبي سعيد الخدري رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم نهى عن استيجار الأجير يعني حتى يبين له أجره. (السنن الكبرىٰ للبيهقي / باب لا تجوز الإجارة حتى تكون،معلومة ۳۹/۹ رقم: ۱۱۸۵۵)

عن أبي سعيد الخدري رضي اللّٰه عنه قال: نهى عن عسب الفحل، زاد عبيد اللّٰه وعن قفيز الطحان. (السنن الكبرىٰ للبيهقي ۵۵٤/۵ دار الكتب العلمية بيروت، ۷۱۷/۵ دار الحديث القاهرة)

الإجارة هي بيع منفعة معلومة بأجرةٍ معلومةٍ. (البحر الرائق ۲/۸ زكريا)

لأنها استئجار ببعض ما يخرج من عمله فتكون بمعناه، وقد نهى عنه رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم، وهو أن يستأجر رجلا ليطحن له كذا من الحنطة بقفيز من دقيقها. (شامي / كتاب المزارعة ۳۹۸/۹ زكريا، ۲۷۵/٦ كراچی)

ولا يصح حتى تكون المنافع معلومةً والأجرة معلومة. (الهداية / كتاب الإجارات ۲۹۳/۳، امداد الفتاوىٰ ٤۰/۲)

لو هلك المال في يد العامل سقط حقه وأجزى عن الزكاة. (الفتاوىٰ التاتارخانية ۱۹۹/۳ رقم: ٤۱۲٤ زكريا، الفتاوى الهندية ۱۸۸/۱، أحسن الفتاوى ٤٦۷/٦)

وشرطها: كون الأجرة والمنفعة معلومتين؛ لأن جهالتهما تفضي إلى المنازعة. (الدر المختار مع الشامي / كتاب الإجارة ۷/۹ زكريا، ۵/٦ كراچی، الفتاوىٰ الهندية ۱۰۹/۳)

ولو دفع غزلا لآخر لينسجه له بنصفه أي بنصف الغزل، أو استاجر بغلاً ليحمل طعامه ببعضه أو ثورًا ليطحن بره ببعض دقيقه فسدت في الكل؛ لأنه استأجره

Marfat.com

بجزء من عمله. (الدر المختار مع الشامي ۷۸/۹-۷۹ زکریا، ۵۶/۶-۵۷ کراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۴/۶/۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کل وقتی اور جز وقتی سفراء کا مدرسہ سے کمیشن لینا اور اُن کا حق الخدمت متعین کرنا؟

سوال (۶۰۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: دار العلوم مؤمن پورہ ناگپور وسط ہند کا ایک مشہور دینی ادارہ ہے، اس کے کار سفارت پر جو سفراء متعین ہیں ان کی ہمیشہ دو قسمیں رہی ہیں: (۱) کل وقتی سفرا۔ (۲) جز وقتی سفراء، اِن دونوں قسم کے سفرا کا حق خدمت بھی علاحدہ علاحدہ دیا ہے۔

(۲) کل وقتی سفرا غیر مدرس ہیں، یہ صرف سفارت کا کام ہی انجام دیتے ہیں، اُن کی خدمت کے صلے میں دار العلوم انہیں اسکیل کے مطابق مقررہ تنخواہ دیا کرتا ہے۔

(۳) جز وقتی سفراء کا تعلق دار العلوم کے تدریسی عملہ سے ہے، انہیں درس وتدریس کا معاوضہ اسکیل کے مطابق دیا جاتا ہے، اس کے علاوہ سفارت کی خدمت کے عوض انہیں چھ سو روپئے ماہانہ اور کل وصولی پر ۵ر فیصد انعام علاحدہ دیا جاتا ہے، جس جز وقتی سفیر کی وصولی دو ہزار روپئے ماہانہ سے کم ہوتی ہے، اس کے حق خدمت میں ۵ر فیصد رقم وضع کی جاتی ہے۔

(۴) جب کل وقتی مدرسین وملازمین کی درخواست پر مارچ ۲۰۰۶ء میں کمیٹی نے تنخواہوں پر نظر ثانی کرنے کا کام شروع کیا، تو دار العلوم کے جز وقتی سفراء نے جو عالم وحافظ ہیں، اور دار العلوم کے کل وقتی مدرس بھی ہیں، ۲۳ر مارچ ۲۰۰۶ء کو کمیٹی کو ایک درخواست دی جس میں اُنہوں نے ماہانہ تنخواہ ۱۲۰۰ روپئے، رمضان المبارک کے مہینے کی دوہری (ڈبل) تنخواہ اور کل وصولی پر ۱۵ر فیصد انعام کا مطالبہ کیا، یہ صورتِ حال کمیٹی کے نزدیک تشویش ناک تھی۔ (جز وقتی سفراء کی یہ درخواست اس استفتاء کے ساتھ منسلک ہے) ان کے اس رویے سے کمیٹی کو یہ اندازہ ہوا کہ کہیں دار العلوم کا

Marfat.com

مالیاتی اعتبار سے نقصان نہ ہو؛ لہٰذا کمیٹی نے اپنی میٹنگ منعقدہ ۷/جون ۲۰۰۶ء میں دارالعلوم کے کل وقتی اور جز وقتی سفراء کے تعلق سے ان کی تنخواہ، معاوضہ اور انعام کے پرانے قاعدے کو منسوخ کرکے اُن کی وصولی کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک نیا اسلوب بنایا ہے، جو اس استفتاء کے ساتھ منسلک ہے۔

جواب طلب امر یہ ہے:

الف:- کیا جز وقتی سفراء کا مطالبہ شریعتِ مطہرہ کی روشنی میں جائز ہے؟

ب:- اگر جائز نہیں ہے، تو کمیٹی ایسے جز وقتی سفراء کے متعلق کیا فیصلہ کرے؟

ج:- دارالعلوم کی مجلسِ منتظمہ نے سفراء کی وصولی کی روشنی میں جو نیا اُسلوب بنایا ہے، کیا وہ شریعتِ مطہرہ کی روشنی میں قابلِ نفاذ ہے؟

د:- اگر قابلِ نفاذ نہیں ہے تو سفراء کے حقِ خدمت کا کس طرح تعین کیا جائے؛ تاکہ مدرسہ شریعت کی گرفت میں نہ آسکے، ازراہ کرم ہماری رہنمائی فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: الف،ب:- جو اساتذہ دارالعلوم کے باقاعدہ ملازم ہیں، اگر وہ اپنی تنخواہ میں اضافہ یا رمضان المبارک (جو عام مدارس کے عرف میں رخصت کا زمانہ ہوتا ہے) میں کام کرنے پر ڈبل تنخواہ اور مالیہ کی فراہمی میں حسنِ کارکردگی پر انعام کا مطالبہ کریں، تو اس کی گنجائش ہے؛ البتہ انتظامیہ ان کے کل مطالبہ کو بعینہٖ تسلیم کرنے کی پابند نہیں؛ بلکہ وہ مدرسہ کے بجٹ کو دیکھ کر اِضافہ اور انعام کی مقدار حسبِ گنجائش طے کرنے کی مجاز ہے۔

وإن كانت الزيادة أجر المثل، فالمختار قبولها. (شامي / كتاب الإجارة ۳۰۱۹ زكريا)

ج، د:- جو اساتذہ اور ملازمین مدرسہ کے تنخواہ دار خادم ہیں، اُن کے حق میں مذکورہ حق خدمت یا انعام دینے کا نظام تو درست ہے؛ لیکن جو لوگ مدرسہ میں باقاعدہ تنخواہ دار نہ ہوں، اُن کے لئے بطور تنخواہ مالیہ کے فراہمی پر مذکورہ تناسب سے حق خدمت دینا اجارۂ فاسدہ ہونے کی بنا پر ناجائز ہے، بہتر یہ ہے کہ سفراء کو باقاعدہ تنخواہ پر ملازم رکھا جائے، پھر اُن کو حسنِ کارکردگی پر حسبِ

Marfat.com

سہولت کچھ انعام دے دیا جائے، معتبر مدارس میں یہی طریقہ رائج ہے۔ (احسن الفتاویٰ ۲۷۶/۷، فتاویٰ محمودیہ ۲۷۴/۴، فتاویٰ احیاء العلوم ۳۳۴/۱)

ولا يصح حتى تكون المنافع معلومة، الأجرة معلومة. (الهداية ۲۹۳/۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۲/۶/۱۴۲۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

تنخواہ دار ملازم کو فی صد کے اعتبار سے الاؤنس دینا؟

سوال (۶۰۱): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید ایک مدرسہ کا مدرس یا ملازم ہے، وہ مدرسہ کا چندہ کرتا ہے، اُسے فیصد کے اعتبار سے الاؤنس دیا جاتا ہے اور سفر خرچ بھی، جب کہ تنخواہ بھی پوری ملتی ہے نیز یہ کہ دار العلوم کا کیا طریقۂ عمل ہے؟
باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: تنخواہ دار ملازم اگر چندہ کا پورا پیسہ لاکر مدرسہ کے فنڈ میں جمع کردے اور پھر مدرسہ حسنِ کارکردگی کی بنیاد پر امدادی فنڈ سے بطور حوصلہ افزائی کوئی متعین رقم اس ملازم کو دے تو اس کی گنجائش ہے، یہ کمیشن پر چندہ کے حکم میں نہیں ہے، دار العلوم دیوبند میں بھی تنخواہ دار سفراء کے لئے انعام کی یہ صورت رائج ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۶۲۴/۱۶ ڈابھیل، ایضاح المسائل ۱۲۲، چند اہم عصری مسائل ۲۸۸)

وشرطها: كون الأجرة والمنفعة معلومتين؛ لأن جهالتهما تفضي إلى المنازعة. (الدر المختار مع الشامي / كتاب الإجارة ۷/۹ زكريا، ۵/۶ كراچی، الفتاوىٰ الهندية ۱۰۹/۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۶/۱۴۲۴ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مدرسہ کے باتنخواہ ملازم کو بطورِ انعام کمیشن دینا؟

سوال (۶۰۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ عربیہ بستان العلوم موضع یوپی ضلع سنت کبیر نگر کا ۸۰ رسالہ قدیمی ادارہ ہے، فی الحال ۲۱ کی تعداد پر مشتمل عملہ کی خدمات حاصل ہیں، ضروریات تکمیل کا دارومدار عوامی چندے پر ہے، جو مہتمم وحضرات اساتذہ ہی وصول کرتے ہیں، وصول یابیاں مدرسہ میں جمع ہونے کے بعد بغیر کسی قاعدہ وضابطہ کے محصلین کو کارکردگی وانعامی رقوم کے نام سے کچھ مندرجہ ذیل طریقوں پر دیا جاتا ہے:

(۱) یہ لین دین بنام کارکردگی وانعامی رقوم مدرسہ ہذا کے کسی قاعدہ وضابطہ کے بغیر جاری ہے۔

(۲) پہلے یہ لین دین ۲۵ فیصد تک پھر بعد میں ۱۰ر فیصد اور اب صدر شوریٰ کا کہنا ہے کہ فیصد کی تعیین کے بغیر ہوتا ہے۔

(۳) لین دین میں بظاہر دو رخ ہیں: ایک بمبئی کے محصلین کے لئے ایک ملک کے مختلف مقامات کے محصلین کے لئے۔

(۴) دو رخ پر ہونے کی وجہ سے بمبئی والوں کے لئے ۱۰ر فیصد سے کم، مختلف مقامات والوں کے لئے ۱۰ر فیصد تک موازنہ پایا جاتا ہے، مثلاً بمبئی کے سفراء میں بطور خاص مہتمم صاحب کو 80000 پر 6000، اسی طرح بمبئی کے سفراء میں کسی محصل کو 1,50,000 پر 6000/ روپئے کارگردگی وانعامی رقم۔

بمبئی کے علاوہ دیگر اور محصل کو 29000 پر 2200 روپئے کا کارکردگی وانعام رقم۔

بمبئی کے علاوہ دیگر اور محصل کو 6000 پر 600/ روپئے کا کارکردگی وانعام رقم۔

بمبئی کے علاوہ دیگر اور محصل کو 450 پر 40/ روپئے کا کارکردگی وانعام رقم۔

تمثیلی طور پر چندے محدودے درج کر دئے گئے؛ لیکن عمومی طور سے حضرات اساتذہ کو حسب روایات سابقہ ۱۰ر فیصد تک انعام کی امید تھی، اس طرح نہ تو وصولنے کا معیار متعین نہ ہی انعام متعین نہ ہی کوئی قاعدہ اور ضابطہ اسی وجہ سے اساتذہ میں چہ میگوئیاں ہیں۔

Marfat.com

یہ واضح رہے کہ صدر شوریٰ مذکورہ بالا کسی طرح کے لین دین کے حق میں نہیں؛ بلکہ ناجائز قرار دیتے ہیں، کچھ اسی طرح ہٹ کر کے خیالات نائب صدر کے بھی ہیں؛ لیکن جب استاذ نے معارف القرآن ۴/۳۹۹ دکھلایا تو خاموشی کے علاوہ کوئی جواب نہیں ملا، مہتمم صاحب اُجرتِ قرآن کے جواز پر قیاس کر کے ''کارکردگی'' نام دیتے ہیں، صدر شوریٰ ناجائز کہتے ہیں۔اس کے علاوہ ایک ضروری امر یہ بھی ہے کہ گذشتہ سالوں میں بلا چوں وچرا مہتمم صاحب نے محصلین کو کارکردگی بانٹے ہیں، اور امسال بانٹنے کے وقت ایک قریبی مکتب بشکل ادارہ کا ایک فتویٰ مادر علمی دارالعلوم دیوبند اپنے خیال وقیاس کی تائید اور دوسرے معترضین کا ناطقہ بند کرنے کے لئے دکھلانے لگے وہ ''فتویٰ'' بھی اسی استفتار کے ساتھ منسلک ہے، اَب مہتمم صدر شوریٰ نائب صدر شوریٰ کے یہ خیالات ہیں، جب کہ تقسیم کارکردگی کے لئے منظوری صدر نائب صدر کی بھی ہے؛ لہٰذا دریافت طلب امر یہ ہے:

(۱) کیا بغیر کسی قاعدہ اور ضابطہ کے یہ تجویز برائے لین دین جائز ہے یا ناجائز؟

(۲) اس پر اب تک عمل پیرا ہو کر جن اساتذہ نے پہلے لیا ہے، ان سب لین دین میں شریک لوگوں کا شرعاً کیا حکم ہے؟

(۳) کیا ان تمام لین دین کے ذمہ دار، مہتمم صاحب ہوں گے یا بادل ناخواستہ ہی سہی صدر شوریٰ ہوں گے یا اساتذہ بھی؟

(۴) اور کیا اس لین دین کا نام ''کارکردگی وانعامی رقوم'' رکھا جاسکتا ہے، جب کہ تمثیل طور پر سوال ہٰذا میں درج کم سے کم وصولی والے محصل کو یا کسی بھی محصل کو زیادہ سے زیادہ ۱۰ ارفی صد تک کے علاوہ مزید انتظامیہ اور بھی دینے پر راضی نہیں ہے، حالاں کہ انعامی رقوم نصف اُصولی تک کی بھی گنجائش ہے، قطع نظر اس کے کہ حلال وحرام ہے یا نہیں؟

(۵) کمیشن اور ''کارکردگی'' کی تعریف کیا ہے؟

(۶) اگر سوال ... کے مطابق کمیشن کا نام اور حقیقت کا جارہی ہو، تو کیا پھر تبدیل نام، حقیقت

Marfat.com

کے بعد کارکردگی وانعامی رقوم سمجھا جائے گا؟ مہتمم صاحب کی نظر میں چوں کہ کارکردگی ہے اور اسی لئے فتویٰ بھی دکھایا ہے، ورنہ عدم جواز کی صورت میں کون محنت کرے گا۔

(۷) کسی بھی مدرسہ (ادارے) کا بالکلیہ قانون کسی بھی ادارے کے لئے من کل الوجوہ بہرنوع دلیل بن سکتا ہے؟ تفصیل مطلوب ہے۔

(۸) سوال میں درج کیفیت اور تمثیل کارکردگیاں کون سے خانے میں آئیں گی؟ کمیشن یا کارکردگری وانعامی رقوم؟

(۹) سوال وتمثیل کو اُجرت قرآن پر قیاس صحیح ہے یا زبردستی؟

(۱۰) اگر انعامی رقوم یا کارکردگی کے لئے کوئی ضابطہ بن بھی جائے تو زکوٰۃ وفطرے کی رقوم بغیر حیلۂ تملیک یا حیلہ کے بعد بھی مہتمم وصدر وغیرہ اس طرح تصرف کا حق ہے یا نہیں؟ جب کہ عوام الناس باہمی تقسیم کے لئے نہیں دیتی ہے؟

بسط وتفصیل کے ساتھ مدلل ومبرہن اور مفتح وتسلی بخش جواب مطلوب ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو شخص مدرسہ کا باتنخواہ ملازم ہو، وہ اگر مدرسہ کے لئے مالی فراہمی کا کام کرے، اور اہل مدرسہ اس کو حسن کارکردگی پر کچھ رقم بطور انعام دیں، تو شرعاً اس کی گنجائش ہے، اَب یہ انعام کتنا ہو اور کس حساب سے ہو؟ اس کا مکمل اختیار مہتمم اور کمیٹی کو ہے، بس یہ خیال رہے کہ وصول شدہ رقم کے نصف سے زائد نہ ہو؛ تاہم ان کے لئے بہتر ہے کہ اِس بارے میں کوئی ضابطہ بنالیں جو سب پر یکساں طور پر لاگو ہو؛ تاکہ انتظامیہ اور اساتذہ میں بداعتمادی نہ ہو اور اگر مدرسہ کے لئے جو لوگ اس طرح مالی فراہمی کریں کہ وہ باتنخواہ ملازم نہ ہوں؛ بلکہ چندہ سے حاصل کردہ کمیشن ہی کو وہ بطور اجرت لیں، تو یہ درست نہیں؛ اس لئے کہ اولاً یہ اُجرت مجہول ہے یہ پتہ نہیں کہ کتنا اور کس قدر چندہ ہوگا؟ دوسرے یہ کہ مدارس کے سفراء مطلقاً اسلامی حکومت کے سرکاری عاملین کے درجہ میں نہیں ہیں؛ بلکہ صرف بعض معاملات میں اُن کے مشابہ ہیں۔ (مستفاداز:

Marfat.com

امداد المفتیین ۴۶۱ کراچی، احسن الفتاویٰ ۲۸۴/۷، معارف القرآن ۳۹۹/۴، ایضاح النوادر ۵۳/۲-۵۶)

لا يزاد على نصف ما قبضه. (شامي / باب المصرف ۳٤۰/۲ كراچی)

وشرطها كون الأجرة والمنفعة معلومتين. (شامي ٥١٦ كراچی، ۹۰/۷ زكريا)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۳/۵/۱۴۲۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

باتنخواہ ملازمین کا دس بیس فی صد کمیشن لینا؟

سوال (۶۰۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے مدرسوں کے اندر جو مدرسین حضرات رمضان المبارک وغیرہ کے مہینوں میں چندہ کرتے ہیں، اُن کو اس کے عوض جو فیصد دیا جاتا ہے دس یا بیس فیصد وغیرہ، تو ہمارے مدرسین کا اس کو لینا اور استعمال کرنا کیسا ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ کے باقاعدہ تنخواہ دار ملازمین ومدرسین اگر رمضان المبارک میں چندہ کے لئے جائیں اور جو رقم چندہ میں ملے، وہ سب مدرسہ کے فنڈ میں جمع کردیں اور پھر مدرسہ امدادی فنڈ سے اُن کو دس بیس فیصد وغیرہ کے حساب سے حسنِ کارکردگی پر کچھ انعام دے، تو اس کی گنجائش ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ دار العلوم دیوبند ۳۱۰/۱۵، جامع الفتاویٰ ۳۳۷/۳، فتاویٰ محمودیہ ۴۰۲/۱۳ قدیم زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری ۲۵/۷/۱۴۳۳ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اُنجمنوں کے لئے چندہ کرنے والے طلبہ کا فیصدی لینا؟

سوال (۶۰۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: مدارسِ اسلامیہ میں جو ضلعی انجمنیں قائم ہیں، ذمہ دارانِ انجمن کی جانب سے انجمن کے لئے چندہ کرنے والوں کو فی صد یا فی ہزار کے حساب سے کچھ متعین رقمیں بنام انعام دیتے ہیں، جو اکثر انجمنوں میں رائج ہے، اور یہ رقمیں صرف بمد امداد ہوتی ہیں، اِس کا شرعی حکم کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: انجمنوں کے لئے چندہ کرنے والے طلبہ انجمنوں کے باقاعدہ ملازم نہیں ہوتے، اس لئے ان کے واسطے فیصد یا فی ہزار کے اعتبار سے چندہ کی رقم سے کچھ لینا جائز نہیں ہے، یہ اجارۂ فاسدہ ہے، اگرچہ سارا چندہ امدادی ہی پیسہ کا ہو، پھر بھی یہی حکم ہے، اُن پر لازم ہے کہ وہ تمام جمع شدہ رقم انجمن کے فنڈ میں جمع کریں، اور پائی پائی کا حساب رکھیں اور اس رقم کو مصارف کے علاوہ کہیں بھی خرچ نہ کریں۔ (مستفاد: ایضاح النوادر ۲/۵۶)

وشرطها كون الأجرة والمنفعة معلومتين؛ لأن جهالتهما تفضي إلى المنازعة. (الدر المختار مع الشامي ۷/۹ زكريا)

تفسد الإجارة بالشروط المخالفة لمقتضى العقد، فكل ما أفسد البيع يفسدها كجهالة مأجورٍ، أو أجرة أو مدة أو عمل. (الدر المختار مع لشامي ٦٤/٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲/۲/۱۴۲۸ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

باتنخواہ ملازمین کی حوصلہ افزائی کیلئے مالیہ فراہمی پر اِنعام دینا؟

سوال (۶۰۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کے لئے فراہمی مالیات کے سلسلہ میں حضرات مدرسین کو مختلف مواقع پر سفر کرنا پڑتا ہے، سفر کی صعوبتیں اور لوگوں کی ترش باتیں برداشت کرنی پڑتی ہیں، اِس لئے بہت سارے مدرسین اپنے آپ کو بچاتے ہیں اور ظاہر سی بات ہے، مدرسہ کا سارا نظام چندے ہی پر موقوف ہے، کچھ ایسے بھی لوگ ہوتے ہیں جو مہتمم اور ناظم صاحب کے زور لگانے پر سفر تو کر لیتے ہیں؛ لیکن

Marfat.com

مدرسہ کے لئے جیسی محنت کرنی چاہئے نہیں کرتے، اس طرح کی مختلف صورتِ حال سے ہر مدرسہ والوں کو سابقہ پڑتا ہے، انہی وجوہات کی بنا پر خود دار العلوم دیوبند کے اندر بھی سنا ہے کہ سفراء کے لئے کچھ فیصد بطور کمیشن چندہ طے کر دیا گیا ہے۔

اَب آنجناب سے گذارش ہے کہ ان وجوہات کی بنا پر کیا شریعت اجازت دیتی ہے کہ چندہ میں جانے والے مدرسین اور سفراء کے لئے کوئی فیصد طے کر دیں؛ تاکہ مدرسہ کا بھی فائدہ زیادہ سے زیادہ ہو اور جو حضرات محنت کر رہے ہیں اُن کو بھی اس کا فائدہ مل جائے، بعض حضرات جو مدرسہ کے ذمہ دار ہیں وہ کمیشن تو نہیں کہتے؛ لیکن اُصولاً ایک بات تقریباً طے ہوتی ہے اور اس کو انعام کہہ کر کے اساتذہ کو دے دیا جاتا ہے، اور اگر بغیر طے کئے ہوئے مہتمم صاحب اپنی صواب دید پر حضرات مدرسین کو کچھ رقم بطور انعام کے دیں، تو کیا مہتمم کو اس کا اختیار ہے کہ جس کو جو چاہے مدرسہ کی رقم دے دے؟ جب کہ اس شکل میں بدگمانی اور انتشار کا بھی خدشہ ہے؟ اِس صورتِ حال کے پیشِ نظر مدرسہ والوں کو کیا کرنا چاہئے؟ اُمید ہے جواب سے مطلع فرمائیں گے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بلاتنخواہ محض کمیشن پر کسی کو چندہ کے لئے بھیجنا اور اس پر کمیشن لینا اور دینا جائز نہیں۔

ولا یصح حتی تکون المنافع معلومةً والأجرة معلومة. (الهداية / كتاب الإجارات ۲۹۳/۳، امداد الفتاویٰ ۴۰/۲)

البتہ جو شخص مدرسہ کا باقاعدہ تنخواہ دار ملازم ہو، اُس کو حسنِ کارکردگی کی بنیاد پر امدادی رقم سے مقررہ انعام (جو حسبِ ضابطہ کم وبیش بھی ہوسکتا ہے) دینا شرعاً درست ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۷۹/۲۵ میرٹھ، ایضاح النوادر ۵۵/۲)

بہتر ہے کہ شوریٰ میں اس سلسلہ میں کوئی اُصول بنالیا جائے اور مہتمم اُس اُصول کے مطابق مستحقین کو انعام دیا کرے؛ تاکہ کسی کو اعتراض کا موقع نہ ہو اور کام کرنے والوں کی بھی حوصلہ افزائی ہو۔

Marfat.com

عن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: الصلح جائز بين المسلمين إلا صلحًا حرّم حلالاً أوأحلّ حرامًا، والمسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالاً أو أحل حرامًا.

(سنن الترمذي، أبواب الأحكام / باب ما ذكر عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم في الصلح بين الناس ۱/۲۵۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۲۵/۶/۳ھ

بلا معاوضہ مدرسے کی فراہمی کا کام کرنے والے کو اہلِ مدرسہ کا کچھ انعام دینا؟

سوال (۶۰۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر مدرسہ کا کوئی خیرخواہ کافی دلچسپی وتعاون مدرسہ کا تعارف اور فراہمی مالیہ کا کام کرتا رہتا ہے، تو کیا مدرسہ کے ذمہ دار حضرات اُن کی محنت وتعاون کی وجہ سے اُن کو حوصلہ افزائی یا انعام کے طور پر یا اِس لئے کہ وہ آئندہ فراہمی مالیہ میں مزید دل چسپی لیں گے، جو مدرسہ کے لئے مفید ہوگا، تو ایسے حالات میں کچھ رقم بغیر کوئی فیصد طے کئے کبھی دے دیں اور کبھی نہ بھی دیں، تو کیا یہ جائز ہوگا یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو شخص بلا معاوضہ کے مدرسہ کے لئے خدمت کررہا ہے، تو یہ اس کی طرف سے تبرع ہے، اس پر وہ مدرسہ والوں سے کسی انعام کا مطالبہ نہیں کرسکتا، اَب اگر اس کی مالی فراہمی پر مدرسہ والے اسے اپنی طرف سے کچھ انعام دینا شروع کردیں گے، تو یہ بھی فی المآل کمیشن کی شکل ہوجائے گی جو جائز نہیں ہے؛ اس لئے بہتر یہ ہے کہ اُسے باقاعدہ مدرسہ کا ملازم شرائط کے ساتھ بنالیا جائے۔

الإجارة هي تمليك نفع بعوض. (شامي / كتاب الإجارة ٩/٤ زكريا)

Marfat.com

المستفاد: والصدقة كالهبة؛ لأنه تبرع كالهبة ..... ولا رجوع في الصدقة؛ لأن المقصود هو الثواب وقد حصل. (الهداية / باب ما يصح رجوعه وما لا يصح ۲۹۳/۳)

المستفاد: والصدقة كالهبة بجامع التبرع ..... ولا رجوع فيها ولو على غني؛ لأن المقصود فيها الثواب لا العوض. (شامي / فصل في مسائل متفرقة ۵۱۹/۸ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۲/۱۴۲۹ھ
الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

سالانہ رقوم کی مقدار چند مہینہ میں پوری کرنے پر بقیہ مہینوں کی تنخواہ کا حکم؟

سوال (۶۰۷): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر کوئی محصل اپنی سالانہ رقوم کی متعین مقدار چند ماہ میں پورا کردے، تو اُس کو بقیہ ماہ بغیر محنت کئے گھر بیٹھے تنخواہ لینی درست ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس محصل کی ماہانہ تنخواہ مقرر ہے، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ مدرسہ اُس سے اُس وقت میں عمل کا مطالبہ کرتا ہے، اور رقم کی تحدید محض اندازہ اور تخمینہ کے لئے ہوتی ہے؛ لہٰذا ایسے محصل کو چند ماہ میں رقم پوری کر کے بغیر کام کئے گھر بیٹھے تنخواہ حاصل کرنا جائز نہیں۔

وإذا وقعت على وقت معلوم، فتجب الأجرة بمضي الوقت الخ. (التتف في الفتاوىٰ / كتاب الإجاره ۳۳۸/۱، مطبوعه پاكستان بحواله: حاشية فتاوىٰ محموديه ۵۳۰/۱۵ ڈابھیل)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۲/۵/۱۴۲۹ھ
الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

سفیر کا صرف مخصوص اَیام میں چندہ کرکے پورے سال کی تنخواہ لینا؟

سوال (۶۰۸):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مقررہ سفیر جو کہ مدرسہ میں چندہ کرنے کے لئے مدرسہ کا تنخواہ دار ملازم ہے، اور صرف موقع بموقع مثلاً رمضان کے موقع پر یا گیہوں کی کٹائی کے موقع پر چندہ کرے اور باقی ایام خالی گھر بیٹھا رہے، تو ایسی صورت میں اس کے لئے مدرسہ سے تنخواہ وصول کرنا جائز ہوگا یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ہمارے مدارس میں عام طور پر عرف یہی ہے کہ باقاعدہ تنخواہ دار سفیر سال بھر ہر مہینہ مدرسہ کے لئے سفارت کا کام کرتا ہے، اور اسی پر اسے ماہانہ تنخواہ دی جاتی ہے؛ لہٰذا اِس عرف کے رہتے ہوئے کسی شخص کا گھر بیٹھ کر مدرسہ سے تنخواہ لینا اور صرف خاص ایام میں مدرسہ کے لئے کام کرنا درست نہ ہوگا۔

الأجرة إنما تكون في مقابلة العمل. (شامي، كتاب النكاح / باب المهر، مطلب أنفق على معتدة الغير ٣٠٧/٤ زكريا)

لو عقدت الإجارة في أول الشهر لسنة تعتبر اثني عشر شهرًا. (شرح المجلة، ٢٧٣/١ رقم المادة: ٤٩٢)

هٰذا ظاهر فيما إذا قدر لكل يوم درس فيه مبلغًا، أما لو قال يعطي المدرس كل يوم كذا فينبغي أن يعطي ليوم البطالة المتعارفة بقرينة ما ذكره في مقابله من البناء على العرف، فحيث كانت البطالة معروفة في يوم الثلاثاء والجمعة في رمضان والعيدين يحل الأخذ، وكذا لو بطل في يوم غير معتاد لتحرير درس إلا إذا نص الواقف على تقييد الدفع باليوم الذي يدرس فيه. (شامي / مطلب في استحقاق القاضي والمدرس الوظيفة في يوم البطالة ٥٦٨/٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۶/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

خارجی اَوقات میں چندہ کرنے کی اُجرت؟

سوال (۶۰۹):-کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ:مدرسہ فیض العلوم ضلع سیتاپور چند سالوں سے ترقی کی راہ پر گامزن ہے،اس وقت کچھ مسائل درپیش ہیں،اُمید ہے کہ حضرت والاتوجہ فرما کر جلد حل فرمادیں گے۔

ایک عالم دین ممبئی کے ایک مدرسہ میں مدرس ہیں؛لیکن ہمارے مدرسہ کے نہایت ہی خیرخواہ ہیں، وہ اپنے خارجی اَوقات میں اپنے احباب اور وہاں کے اہلِ خیر حضرات سے ہمارے مدرسہ کا فراہمی مالیہ کا کام بڑی توجہ اور دل چسپی سے کرتے رہتے ہیں، اَب اُن کی طرف سے مطالبہ ہے کہ میں اپنے خارجی اَوقات میں کافی محنت اور جستجو سے آپ کے مدرسہ کا مالیہ فراہم کرتا ہوں، آپ ہمیں ہماری محنت پر تنخواہ متعین کیجئے یا انعام طے کیجئے۔تو دریافت یہ کرنا ہے کہ اُن کے لئے ذمہ دارانِ مدرسہ متفقہ طور پر اگر کوئی ضابطہ بنائیں، مثلاً اُن کی تنخواہ متعین ہوجائے اور فراہمی پر کچھ فیصد کا ضابطہ بنالیا جائے، تو کیا یہ جائز ہوگا؟ اور اگر جائز ہے تو تنخواہ امام کارکردگی کی دی جائے یا پورے ماہ کی، یہ خوب واضح رہے کہ وہ فراہمی کا کام یا لوگوں کو متوجہ کرنے کا کام اپنے مدرسہ کے اوقاتِ تدریس کے علاوہ میں کرتے ہیں یا تعطیلات میں کرتے ہیں، شرعی حکم تحریر فرمائیں، یا آپ کی نظر میں کوئی دوسری جواز کی شکل ہو تو تحریر فرمائیں، مہربانی ہوگی۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں مذکورہ عالم صاحب کی تنخواہ متعین کی جاسکتی ہے، بشرطیکہ اُن کے کام کے اَوقات متعین کردئے جائیں، مثلاً مہینہ میں یا ہفتہ میں اتنے گھنٹے فراہمی کا کام کرنا ہے، اور آمدنی پر کمیشن متعین کرنا جائز نہیں یہ اجارۂ فاسدہ ہے؛لیکن اگر وہ تنخواہ دار شخص فراہم کردہ ساری رقم اولاً مدرسہ کے فنڈ میں جمع کردے اور پھر مدرسہ خالص امدادی فنڈ سے حوصلہ افزائی کے طور پر اُس کو کچھ انعام دے تو اس کی گنجائش ہے۔(فتاویٰ محمودیہ ۱۵/۵۶۹ ڈابھیل، ایضاح النوادر ۲/۵۵)

Marfat.com

وشرطها كون الأجرة والمنفعة معلومتين، ويعلم النفع ببيان المدة كالسكنى والزراعة مدة كذا. (شامي / كتاب الإجارة ۷/۹-۸ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۹/۲/۲۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

دورانِ ملازمت دوسرے مدرسہ کا چندہ کرنا؟

سوال (۶۱۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: احقر جامعہ میں سفارت کا کام کرتا ہے اور چھٹی میں دوسرے مدرسہ کا بھی کام کرتا ہے، اور مدرسہ والوں کو جو سمجھ میں آتا ہے بغیر طے کئے کچھ رقم عنایت کردیتے ہیں، تو اِس رقم کا لینا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو شخص کسی مدرسہ میں سفارت کے لئے باقاعدہ ملازم ہو، اس کے لئے مدرسہ والوں کی صراحۃً اجازت کے بغیر دوسرے مدرسہ کا چندہ کرنا قطعاً جائز نہیں؛ کیوں کہ مدارس کے عرف میں اس کو خیانت سمجھا جاتا ہے، اسی طرح دوسرے مدرسہ والوں سے معاوضہ لینا بھی اجارۂ فاسدہ ہونے کی وجہ سے ناجائز ہے۔ (مستفاد: امداد المفتیین ۷۶۷)

وآجر المدة بأن استأجره للرعي شهرًا حيث يكون مشتركًا إلا إذا شرط أن لا يخدم غيره ولا يرعى لغيره، فيكون خاصًا، وليس للخاص أن يعمل لغيره الخ. (شامي ۹۵/۹-۹۶ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۷/۶/۸ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

سفراء کا مدرسہ کے چندہ میں سے پیسہ بچا کر اپنے پاس رکھنا؟

سوال (۶۱۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: چند عالم زید، عمر اور بکر مدرسہ شمس العلوم کاشی پور کا چندہ کرتے ہیں، چندہ کرنے کے بعد اُن

Marfat.com

حضرات نے کچھ تو چندہ ادا کر دیا ہے اور کچھ اپنے پاس ہی روک لیا ہے، ذمہ دارانِ مدرسہ کے بار بار اصرار وتقاضہ کے باوجود مدرسہ ہٰذا کی بقایا چندہ کی رقم آج تک جمع نہیں کی ہے، جب کہ یہ بقایا رقم اُن کے پاس کئی سالوں سے ہے، ایسی صورتِ حال میں مذکورہ حضرات سے مدرسہ کی بقایا رقم وصول کرنے کی شریعتِ مطہرہ کے اندر کوئی شکل ہے یا نہیں؟ نیز وہ بقایا رقم ادا نہیں کر رہے ہیں، تو کیا وہ ذمہ دارانِ مدرسہ اُن کے خلاف عدالتی قانونی کارروائی کر سکتے ہیں یا نہیں؟ بعض ذمہ داران کا خیال ہے کہ عدالتی قانونی کارروائی کرنے سے علماء کرام اور مدرسہ کی بدنامی ہوگی، اِس لئے قانونی کارروائی نہ کی جائے؛ لہٰذا تفصیل سے جواب مطلوب ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: برتقدیرِ صحتِ واقعہ مذکورہ افرادکا مدرسہ کی رقومات میں خیانت کا معاملہ کرنا انتہائی قابلِ مذمت ہے، مدرسہ اپنی رقم کو حاصل کرنے کے لئے ہر مؤثر طریقہ اپنانے کا مختار ہے، اگر عدالتی چارہ جوئی کے علاوہ کوئی شکل رقم واپسی کی نہ رہے، تو عدالت سے مدد لی جاسکتی ہے؛ تاہم ذمہ دارانِ مدرسہ اپنے گرد وپیش کے مصالح پیشِ نظر رکھ کر مؤثر کارروائی کریں، اور بااَثر افراد کو بیچ میں ڈال کر مدرسہ کے نقصان کی تلافی کی صورت نکالیں۔

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ﴿وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾ [ال عمران، جزءآیت: ۱۶۱]

عن الفضل بن عبيد اللّٰه بن أبي رافع قال: كان رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم إذا صلى العصر ربما ذهب إلى بني عبد الأشهل فيتحدث حتى ينحدر للمغرب، قال: فقال أبو رافع: فبينا رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم مسرعًا إلى المغرب إذ مر بالبقيع، فقال: "أف لک" مرتين، فكبر في ذرعي وتأخرت، وظننت أنه يريدني، فقال: "ما لک أمش" قال: قلت أحدثت حدثًا يا رسول اللّٰه! قال: وما ذاک؟ قلت: أففت بي، قال: لا؛ ولكن هٰذا قبر فلان بعثته ساعيًا على بني فلان، فغل

Marfat.com

نمرة فدرع الآن مثلها من نار. (المسند للإمام أحمد بن حنبل ۱۸/٤٦٦ رقم: ۲۷۰۷۰ دار لحديث القاهرة)

عن عبد اللّٰه قال: من بنى في أرض قوم بغير إذنهم فله نقضه، وإن بنى بإذنهم فله قيمته. (السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب العارية / باب من بنى أو غرس في أرض غيره ٤٨٤/٨ رقم: ١١٦٨٣-١١٦٨٦، ١٦٨/٦ رقم: ١١٤٨٨ دار الحديث القاهرة)

لأن أمور المسلمين محمولة على الصلاح والسداد ما أمكن. (بدائع الصنائع ٥٢/٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۳/۵/۱۴۲۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کا چندہ کر کے آئندہ ادا کرنے کی نیت سے اپنے استعمال میں لانا؟

سوال (٦١٢):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید ایک دینی مدرسہ کا طالبِ علم ہے، اُس نے کسی دینی اِدارہ کے لئے چندہ کیا، جس میں مدزکوٰۃ بھی شامل ہے، جب زید کے پاس ایک بڑی رقم جمع ہوگئی، تو زید نے اس رقم کو اپنے ذاتی استعمال میں لے لیا، اس نیت کے ساتھ کہ آئندہ میں انتظام کر کے ادا کروں گا، معلوم ہو کہ زید سید ہے۔ اَب جب کہ اس واقعہ کو چھ سال گذر چکے ہیں اور زید کے نصابی تعلیم سے فراغت میں تین سال باقی ہیں، اور تعلیم میں مشغولی کی وجہ سے کوئی شکل بظاہر اداءِ رقم کی نظر نہیں آتی، تو کیا زید اپنی تعلیم سے فراغت کے بعد اس مذکورہ رقم کی ادائیگی کر سکتا ہے؟ کیا شریعت کی رو سے زید کا ایسا کرنا درست ہے؟ کیا زکوٰۃ دینے والوں کی زکوٰۃ ادا ہوگئی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زید نے اِدارہ کے لئے چندہ کر کے اس کو مدرسہ میں جمع نہ کر کے اپنے استعمال میں لا کر انتہائی خیانت کا معاملہ کیا ہے، جس کی وجہ سے زید خائن ہونے کے

Marfat.com

ساتھ ساتھ اس رقم کا ضامن بھی ہوگیا، اب زید کے ذمہ دو کام لازم ہیں: (۱) خیانت کے گناہ سے توبہ (۲) اس رقم کا پورا پورا تاوان ادا کرنا، اور جب تک زید تاوان ادا نہیں کرتا، اس وقت تک سخت ترین گنہگار ہوگا، اور زکوٰۃ دینے والوں کی زکوٰۃ کی ادائیگی بھی اس وقت تک موقوف رہے گی، جس کا بار بھی اس کے ذمہ ہوگا؛ لہٰذا تعلیم کے ختم کا انتظار کئے بغیر زید کو رقم کی ادائیگی کر دینی چاہئے، چاہے کسی سے قرض لینا پڑے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿فَإِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِىْ اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهُ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهُ، وَلَا تَكْتُمُوْا الشَّهَادَةَ وَمَنْ يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ اٰثِمٌ قَلْبُهُ، وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ﴾

[البقرة، جزء آیت: ۲۸۳]

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه قال: خرجنا مع النبي صلى اللّٰه عليه وسلم إلى خيبر، ففتح اللّٰه علينا فلم نغنم ذهبًا ولا ورقًا غنمنا المتاع والطعام والثياب، ثم انطلقنا إلى الوادي ومع رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم عبدٌ له وهبه له رجل من جُذام يُدعى رفاعةَ بن زيد من بني الضُّبيب، فلما نزلنا الواديَ قام عبدُ رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يحلُّ رحله فرُمي بسهمٍ، فكان فيه حتفه، فقلنا هنيئًا له الشهادة يا رسول اللّٰه! قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم كلا والذي نفس محمد بيده إن الشملة لتلتهب عليه نارًا أخذها من الغنائم يوم خيبرَ لم تصبها المقاسم، قال: ففزع الناسُ فجاء رجل بشِراكٍ أو شراكين، فقال: يا رسول اللّٰه! أصبتُ يوم خيبر، فقال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: شراك من نار أو شراكان من نارٍ. (صحيح مسلم ۷٤/۱)

عن ابن مسعود رضي اللّٰه عنه قال: القتل في سبيل اللّٰه يُكفر الذنوب كلها إلا الأمانة، قال: يُؤتَى بالعبد يوم القيامة، وإن قتل في سبيل اللّٰه، فيقال: أدِّ أمانتك، فيقول: أي رب كيف؟ وقد ذهبت الدنيا، فيقال: انطلقوا به إلى

Marfat.com

الهاوية، فيُنطلقُ به إلى الهاوية، وتمثَّلُ له أمانته كهيئتها يوم دُفعتْ إليه، فيراها فيعرفها، فيهوي في أثرها حتى يُدركَها، فيحملُها على منكبيه حتى إذا ظنَّ أنه خارجٌ، قلتُ عن منكبيه، فهو يهوي في أثرها أبد الآبدين، ثم قال: الصلاة أمانة، والوضوء أمانة، والوزن أمانة، والكيل أمانة، وأشياء عدَّدها، وأشد ذٰلك الودائع، قال يعني زاذان: فأتيت البراء بن عازب فقلت: ألا ترى إلى ما قال ابن مسعود؟ قال: كذا، قال: صدق. أما سمعت اللّٰهَ يقول: ﴿إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ اِلٰى اَهْلِهَا﴾ [النساء، جزء آيت: ٥٨] (شعب الإيمان للبيهقي رقم: ٥٢٦٦، بحواله: الترغيب والترهيب مكمل، كتاب الأدب وغيره / الترغيب في إنجاز الوعد والأمانة الخ ص: ٦٢٧ رقم: ٤٥٣١ بيت الأفكار الدولية)

ولا يخرج عن العهدة بالعزل؛ بل بالأداء إلى الفقراء، فلو ضاعت لا تسقط عنه الزكاة. (شامي، كتاب الزكاة / مطلب في زكاة ثمن المبيع وفاءً ٣/١٨٩ زكريا، البحر الرائق ٢/٢١١) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٣/٦/١٤٢٢ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

محصلین کا کئی ماہ کی رُکی ہوئی تنخواہ چندہ میں سے وصول کرنا؟

سوال (٦١٣): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بعض محصلین جن کی تنخواہیں کئی ماہ کی باقی رہتی ہیں وہ چندہ کی رقم سے محسوب کرکے ادا کرتے ہیں، اور بعض ذاتی کام میں لے لیتے ہیں، اور پھر اپنی تنخواہ میں کٹاتے رہتے ہیں، اس کا کیا حکم ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: محصلین پر لازم ہے کہ وہ اولاً کل حاصل کردہ رقم مدرسہ کے فنڈ میں جمع کرائیں پھر اپنی تنخواہ کا مطالبہ کریں، جمع کرائے بغیر بالا بالا چندہ کے مخلوط

Marfat.com

روپئے سے اپنی تنخواہیں وصول کرنا یا اس رقم کو اپنے ذاتی کام میں خرچ کرنا جائز نہیں؛ بلکہ بددیانتی اور خیانت ہے، اور ذمہ دارانِ مدارس پر لازم ہے کہ وہ ملازمین کی تنخواہوں کی ادائیگی کی فکر رکھیں۔

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ﴿اِنَّ اللّٰہَ یَأْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ اِلٰی اَھْلِھَا﴾ [النساء، جزء آیت: ۵۸]

وفي الهندية: وأما حكمها فوجوب الحفظ على المودع، وصيرورة المال أمانة في يده، ووجوب أداءه عند طلب مالكه، والوديعة لا تودع ولا تعار ولا تؤاجر ولا ترهن، وإن فعل شيئًا منها ضمن. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوديعة / الباب الأول في تفسير الإيداع والوديعة وركنها ٣٣٨/٤)

الوديعة أمانة في يد الوديع، فإذا هلكت بلا تعد منه وبدون صنعه وتقصيره في الحفظ لايضمن، ولكن إذا كان الإيداع بأجرة، فهلكت أو ضاعت بسبب يمكن التحرز عنه لزم المستودع ضمانها. (شرح المجلة لسليم رستم باز ٤٣١/١ رقم المادة: ٧٧٧) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۲/۵/۱۴۲۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چندہ کی رقومات سے اساتذۂ کرام کے مکانات بنانا؟

سوال (۶۱۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے مدرسہ کے اساتذۂ کرام مع اہلِ خانہ سکونت کے لئے مدرسہ کی چھت پر مکانات کی تعمیر کا اِرادہ ہے، کیا شریعت اس کی اِجازت دیتی ہے یا نہیں؟ نیز یہ بھی واضح فرمادیں کہ درس گاہوں کی چھت پر ان مکانات کی تعمیر کا جو حکم ہوگا، کیا مطبخ کی چھت پر تعمیر کا بھی وہی حکم ہے؟ یا دونوں میں فرق ہے؟ نیز مذکورہ مکانات کی تعمیر مدرسہ کے چندہ کی رقم سے کرنا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اَساتذہ کے لئے اہلِ خانہ کے ساتھ رہائش کا انتظام

Marfat.com

بھی مدرسہ کی ضرورت میں سے ہے، اس لئے اِس مقصد سے مدرسہ کی حدود میں مدرسہ کی زمین پر اِمدادی رقومات سے مکانات کی تعمیر شرعاً کوئی حرج نہیں ہے، اور ان کی تعمیر درس گاہوں کی چھت پر ہو یا اور کسی جگہ پر ہو، سب کا حکم یکساں ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱/۵۲۶، ۱۴/۱۶۸)

لو بنى فوقه بيتاً للإمام لايضر؛ لأنه من المصالح. (الدر المختار ٥٤٨/٦ زكريا، البحر الرائق ٤٢١/٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۵/۷/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بندھے نوٹ لاکر دینے کے وعدہ پر چندہ دہندہ کا سفیر سے کھلے پیسے لے کر فرار ہو جانا؟

سوال (۶۱۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مدرسہ نے زید کو فراہمی مالیہ کے لئے ممبئی بھیجا، دورانِ سفر ایک اجنبی شخص سے ملاقات ہوئی، اُس نے سلام کے بعد اپنا تعارف کرایا، اور اس نے یہ ظاہر کیا کہ وہ ایک صاحبِ نصاب دین دار اور مخیّر آدمی ہیں، اور یہ کہا کہ میں مدرسہ کا تعاون کرنا چاہتا ہوں، اس سلسلہ میں آپ میرے ساتھ میری رہائش پر چلیں، زید چوں کہ مالیہ کے سلسلہ میں نکلا تھا، اس کے ساتھ چل دیا، اپنی رہائش گاہ کا جو پتہ بتایا تھا، اس کے قریب ہی ایک جگہ بیٹھا دیا، اور یہ کہا کہ میں ابھی رقم لے کر آتا ہوں، تھوڑی دیر کے بعد وہی شخص آیا، اور اس نے یہ کہا کہ اس وقت گھر میں تالا پڑا ہے، والدہ نہیں قریب میں واقع بہن کے مکان میں گئی ہیں، میں ابھی چابی لے کر آتا ہوں، تھوڑی دیر کے بعد وہی شخص آیا اور کہنے لگا کہ بہن نے یہ رقم فطرہ کی مد میں دی ہے، اس کی رسید بنا دیں، زید نے رسید بنا کر وہ رقم وصول کرلی، پھر یہ کہنے لگا کہ مولانا صاحب کچھ ٹوٹے پیسے دے دیں، بہن کو عید کے موقع کے لئے کچھ تحفہ دینا ہے، اور میں ابھی یہ رقم اور مدرسہ کے تعاون والی رقم بڑے نوٹ کی شکل میں دے دوں گا، زید نے جتنے چھوٹے نوٹ تھے وہ دے دیئے، اور چلتے ہوئے اس نے یہ بھی کہا

Marfat.com

کہ بہن نے کہا تھا سات سو روپئے مدز کوٰۃ کی بھی رقم ہے رسید بنا دیں، میں ابھی تھوڑی دیر کے بعد ساری رقمیں بڑے نوٹوں کی شکل میں دے دوں گا، یہ کہہ کر وہ شخص چلا گیا، کافی انتظار کے بعد بھی واپس نہیں ہوا، تو کیا ان رقموں کا واپس کرنا ضروری ہے، اس سلسلہ میں شرعی حکم کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں اگر چہ آپ کو دھوکہ دیا گیا؛ لیکن اس دھوکہ کی پاداش میں جو نقصان ہوا، اس کو مدرسہ کے فنڈ سے پورا نہیں کیا جاسکتا، یہ نقصان خود آپ کو برداشت کرنا ہوگا۔

وإن حفظها بغيرهم ضمن. (الدر المختار مع الشامي ٤٥٦/٨ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۱/۱۴۲۸ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

سفیر کا چندہ وصول کر کے دوسرے مدرسہ یا محلّہ کے غرباء پر خرچ کرنا؟

سوال (٦١٦): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا مدرسہ کا سفیر جو مدرسہ کا ملازم بھی ہے اور فراہمی مالیہ کے لئے سفر کرتا ہے، اس کو یہ حق حاصل ہے کہ اس مدرسہ کے نام پر وصول کیا ہوا چندہ کسی دوسرے مدرسہ کو یا غرباء فقراء کو دیدے؟ یا اپنے مصرف میں استعمال کرے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ کا سفیر جس مدرسہ کی فراہمی مالیہ کے لئے سفر پر گیا ہے، اس کو ہرگز یہ حق نہیں ہے کہ وہ حاصل کردہ چندہ کو کسی دوسرے مدرسہ یا غرباء پر خرچ کرے، یا اپنے ذاتی استعمال میں لائے، اگر وہ ایسا کرے گا تو شرعاً خائن شمار ہوگا۔ (فتاویٰ محمودیہ ۲۲۴/۱۲، ۱۱۲/۱۶، ۹۰/۱۷، فتاویٰ رحیمیہ ۱۶۴/۵)

ولا يجوز نقله ونقل ماله إلى مسجد آخر، سواء كانوا يصلون فيه أولا،

Marfat.com

وهو الفتوىٰ. (شامي / مطلب فيما لو خرب المسجد أو غيره ٥٤٨/٦ زكريا)

وعامل فيعطى بقدر عمله ما يكفي وأعوانه بالوسط، وتحته في الشامي: فيحرم أن يتبع شهوته في المأكل والمشرب؛ لأنه إسراف محض. (شامي / باب المصرف ٢٨٦/٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۷/۷/۱۴۲۸ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

اَمین نے اَمانت کا پیسہ دوسرے مدرسہ کی ضروریات میں صرف کردیا؟

سوال (٦١٧):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کے سفیر نے مدرسہ کے نام پر رقم وصول کی، وصول کردہ رقم کسی کے پاس جمع کردی؛ تاکہ وہ شخص مدرسہ کو بھیج دے، کیا اس شخص کو یہ حق حاصل ہے کہ بجائے اس مدرسہ کے کسی اور مدرسہ کو یا غرباء کو دیدے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس شخص کے پاس مدرسہ کی اَمانت جمع کی گئی ہے، اس کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ اپنی مرضی سے کسی دوسرے مدرسہ یا ضرورت مند کو مذکورہ رقم دے، ورنہ وہ خیانت کرنے والا شمار ہوگا۔ اُس پر لازم ہے کہ جس مدرسہ کے نام پر رقم وصول کی ہے وہیں لاکر جمع کرے۔

وأما بيان حكم العقد فحكمه لزوم الحفظ للمالك؛ لأن الايداع من جانب المالك إستحفاظ، ومن جانب المودع التزام الحفظ، وهو من أهل الالتزام فيلزمه – إلى قوله – وأما بيان حال الوديعة فحالها أنها في يدالمودع أمانة؛ لأن المودع مؤتمن، فكانت الوديعة أمانة في يده، ويتعلق بكونها أمانة أحكام – إلى قوله – ومنها: ترك الحفظ للمالك بأن خالفه في الوديعة بأن

Marfat.com

کانت الودیعة ثوبا فلبسه – إلی قوله – ومنها الاتلاف حقیقة، أو معنیً وهو إعجاز المالک عن الانتفاع بالودیعة؛ لأن إتلاف مال الغیر بغیر إذنه سبب لوجوب الضمان. (بدائع الصنائع ۸/۵ ۳۰-۳۱۶ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۷/۷/۱۴۲۸ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

سفیر پر جعل اور خیانت کا الزام لگا کر رسید بک اور پیسہ چھیننا؟

سوال (۶۱۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے شہر اورنگ آباد مہاراشٹر میں ایک صاحب نے اپنی خود ساختہ غیر معقول کسوٹی پر مدارس اور مساجد کے سفراء کو بوگس قرار دے کر اور اُن پر دباؤ ڈال کر اُن کی وصول کی ہوئی رقم اور رسید بک چھین لئے، اور اپنے مکان میں رکھ دیا، جن سفراء کے ساتھ یہ ناگوار واقعہ پیش آیا، انہوں نے کہا کہ آپ کو ہم پر اعتماد نہیں تو براہِ راست مہتمم یا ناظم مدرسہ سے رابطہ قائم کر کے اپنے شکوک وشبہات کو دور کریں، اور غصب کی ہوئی رقم اور رسیدات کو متعلقہ مدرسہ کو خود وہاں پہنچ کر دیں، یا کسی کے ذریعہ بھیج دیں۔ اب استفتاء یہ ہے کہ رقم اور رسید بک چھین کر اپنے گھر میں رکھنے والے صاحب مذکورہ دونوں صورتوں میں سے کوئی صورت اختیار نہیں کرتے، تو ایسی صورت میں رقم اور رسید بک اپنے پاس رکھنا شرعی نقطہ نظر سے کہاں تک درست ہے؟ جب کہ اس بات کا قوی احتمال ہے کہ اس شخص کے انتقال کے بعد اُس کے وارثین تقسیم کر لیں گے؟
باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بلا کسی دلیل کے کسی سفیر کو جعلی قرار دینا اور اُس پر خیانت کا الزام لگانا قطعاً جائز نہیں ہے، نیز اِس طرح کا الزام لگا کر رقم اور رسید بک قبضہ میں کر لینا بھی ناجائز عمل ہے، ایسے شخص پر لازم ہے کہ وہ ضبط کردہ رقم اور رسید بکیں فوری طور پر متعلقہ مدرسہ میں داخل کرائے، اگر یہ رقم داخل نہیں کی گئی تو وہ عند اللہ مؤاخذہ دار رہے گا۔

Marfat.com

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: المسلم أخو المسلم، لا يظلمه ولا يخذله ولا يحقره، التقوىٰ ههنا، يشير إلى صدره ثلاث مرات، بحسب امرئ من الشرّ أن يحقر أخاه المسلم، كل المسلم على المسلم حرام، دمه وماله وعرضه. (صحيح مسلم ۳۱۷/۲، وكذا في السنن الكبرىٰ للبيهقي ۱۵۳/٦ رقم: ۱۱٤۹٦ دار الكتب العلمية بيروت)

عن سمرة بن جندب رضي اللّٰه عنه قال: قال النبي صلى اللّٰه عليه وسلم: على اليد ما أخذت حتى تؤدى. (مشكاة المصابيح ۲۵۵/۱، السنن الكبرىٰ للبيهقي / باب رد المغصوب ۱۵۸/٦ رقم: ۱۱۵۱۹ دار الكتب العلمية بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۱۱/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اَلیکشن میں اُمیدوار سے مسجد یا مدرسہ کے لئے چندہ لینا؟

سوال (٦۱۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید اَلیکشن میں کھڑا ہونا چاہتا ہے، وہ گاؤں والوں سے کہتا ہے کہ تم لوگ مجھے الیکشن میں کامیاب بنادو، میں مسجد یا مدرسہ کو اتنے لاکھ روپئے دوں گا، چاہے یہ رقم مجھ سے پہلے لے لو، زید وہ رقم مثلاً چار پانچ لاکھ روپئے گاؤں والوں کے حوالہ کرتا ہے، گاؤں والے وہ رقم حامد کے پاس الیکشن تک کے لئے جمع کرتے ہیں۔

مسئلہ دریافت یہ کرنا ہے کہ زید کی دی ہوئی رقم مسجد یا مدرسہ میں استعمال ہوسکتی ہے یا نہیں؟ نیز وہ رقم حامد کے پاس رکھی گئی ہے، حامد کو وہ رقم اپنے پاس رکھنا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ووٹ دینے کے عوض مسجد کے لئے اُمیدوار سے باقاعدہ رقم لینا شرعاً درست نہیں ہے، اور اس میں دیگر مفاسد بھی پائے جاتے ہیں؛ اِس لئے کہ جو

Marfat.com

اُمیدوار رقم خرچ کرے گا وہ کامیاب ہونے کے بعد اپنے روپئے کے بل بوتے پر مسجد کے معاملات میں خواہ مخواہ دخل دینے کی جسارت کرے گا، جو ایک مستقل فتنہ ہے؛ لہٰذا اِس طرح کی رقومات مسجد و مدرسہ کے لئے نہیں لینی چاہئے، ہاں اگر بعد میں کوئی خوشی سے بنیت ثواب مسجد کا تعاون کرے تو اُس میں حرج نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱/۵۰۸، لداد المفتیین ۸۹۴) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲/۷/۱۴۲۵ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چندہ کا پیسہ چوری ہو گیا؟

سوال (۶۲۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: میں ایک مدرسہ کا مدرس ہوں اور ہر سال ماہِ رمضان المبارک میں بغرضِ فراہمی سرمایہ کے لئے اِدارہ کی جانب سے سفر پر جاتا رہتا ہوں، مگر اس دفعہ جب سفر سے واپسی پر آ رہا تھا، تو میرے ساتھ ایک حادثہ پیش آیا جو درج ذیل ہے: وہ یہ کہ میں ٹیکسی کے ذریعہ ''اوبرا'' سے ''چوپن'' آیا، پھر ''چوپن'' سے بذریعہ بس ''راورٹس گنج'' اُترنے کا ارادہ تھا، بس میں کافی بھیڑ تھی، سیٹ نہ ملنے کی وجہ سے میں کھڑا تھا، یکا یک ایسا معلوم ہوا کہ کسی نے کپڑے کا جھٹکا میرے منہ کی جانب دیا اور فوراً میری آنکھ سے کافی پانی نکلنے لگا، آنکھ ملتے ملتے میں اسی جگہ بیٹھ گیا، پھر کھڑا ہو گیا، پھر فوراً ہی میرے سر میں شدید درد ہونے لگا، یہاں تک کہ ہوش و حواس کھو بیٹھا، کچھ دیر بعد جب ہوش درست ہوئے تو پیسہ کی طرف میرا دھیان گیا، مگر پیسہ میرے پاس سے غائب تھا، اب ''راورٹس گنج'' کون اترتا ہے؟ سیدھے بنارس آیا اور وہاں سے سیدھے مدرسہ کے ناظم اعلیٰ کے پاس آکر پوری تفصیل بیان کردی، روپیہ میرے پاس وہی تھا جو میں نے وصول کیا تھا، اَب اس امر میں شریعت کا کیا حکم ہے؟ مدلل و مفصل بیان فرمائیں۔

نیز جو رقم ادارہ کے لئے وصول ہوئی تھی وہ میرے پاس سے غائب ہو گئی ہے، اس رقم کو ادارہ لینے کا حق دار ہے یا نہیں؟ یا انتظامیہ کمیٹی وہ رقم وصول کرے، تو ایسا کرنا کیا حکم رکھتا ہے؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں مدرسہ کی وصول شدہ رقم جو آپ کے پاس سے بلا تعدی ضائع ہوگئی ہے، اُس کا ضمان آپ پر لازم نہیں ہے، اور نہ اہل مدرسہ آپ سے اس کا مطالبہ کرنے کے حق دار ہیں۔

وإن سرقت الوديعة عند المودع ولم يسرق معها مال آخر للمودع لم يضمن عندنا. (الفتاوىٰ الهندية ٣٤٦/٤)

عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: ليس على المستعير غير المغلّ ضمان، ولا على المستودع غير المغلّ ضمان. (سنن الدارقطني / كتاب البيوع ٣٦/٣ رقم: ٢٩٣٩)

عن جابر رضي اللّٰه عنه أن أبابكر الصديق رضي اللّٰه عنه قضىٰ في وديعة كانت في جراب، فضاعت من خرق الجراب، أن لا ضمان فيها. (السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب الوديعة / باب لا ضمان على مؤتمن ٤١٣/٩ رقم: ١٢٩٦٧)

البتہ جو رقم زکوٰۃ وصول کی تھی اس کی ادائیگی میں تامل ہے، حضرت تھانویؒ کے فتاویٰ سے مسئولہ صورت میں عدم ادائیگی کا حکم معلوم ہوتا ہے۔ (امداد الفتاویٰ ۲/۴۰-۵۶) اِس لئے اگر ممکن ہو تو بہتر یہ ہے کہ چندہ دہندگان کو اُن کی رقم کی گمشدگی کی اطلاع دے دیں؛ تاکہ وہ زکوٰۃ دوبارہ ادا کریں۔ جب کہ بعض مفتیان کے نزدیک ضیاع کے باوجود چندہ دہندگان کی زکوٰۃ ادا مانی جائے گی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۱۴۱۲/۱۲/۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چندہ کی رقم سفیر سے ضائع ہوگئی

سوال (۶۲۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید مدرسہ کے چندہ کے لئے گیا تھا، سفر میں رقم نکل چکی تھی، زید نے جب دیکھا تو چندہ کی رقم

Marfat.com

نہیں تھی، زید کی جب واپسی ہوئی تو مدرسہ حاضر ہونے پر ذمہ دار حضرات کو بتایا تو زید پر یقین نہیں کررہے تھے۔ دوسری شکل یہ ہے کہ زید کی تنخواہ کی کچھ رقم مدرسہ میں رکھی ہے، ناظم صاحب کا کہنا ہے کہ آپ کی تنخواہ میں سے مدرسہ کی رقم کٹتی رہے گی، اِس بات پر زید نے کچھ بھی جواب نہیں دیا، زید غریب ہے کوئی دوسری آمدنی نہیں ہے، اس مسئلہ پر غور فرمائیں کیا یہ رقم تنخواہ میں سے کٹنی چاہئے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر بلاتعدی زکوٰۃ کی رقم سفیر سے ضائع ہوئی ہے تو اُس پر شرعاً کوئی ضمان لازم نہیں ہے، اِس رقم کو تنخواہ سے کاٹنے کی اِجازت نہیں، مہتمم کو اِس بنیاد پر تنخواہ میں کٹوتی نہ کرنی چاہئے۔

إذا ضاعت الأمانة في يد المودع بغير صنعه لا يضمن. (بدائع الصنائع / كتاب الوديعة ٦/٢١١ كراچی، شرح المجلة، الكتاب السادس في الأمانات / الباب الأول ١/٤٢٦ رقم المادة: ٧٦٨ إتحاد بك ڈپو ديوبند)

والمتاع أمانة في يده؛ فإن هلك لم يضمن شيئاً. (الهداية ٣/٣٩٢، الفتاوى الهندية ٤/٣٤٦، الجوهرة النيرة ٢/٣٥)

اور سفیر کے قبضہ میں آکر ضیاع کے باوجود معطین کی زکوٰۃ ادا مانی جائے گی؛ کیوں کہ انتظامیہ معطین اور طلبہ دونوں کی وکیل سمجھی جاتی ہے۔ (مستفاد: ایضاح النوادر ۲/۵۲)

إن الوكيل متصرف بطريق النيابة عن المؤكل وتصرف النائب تصرف المنوب عنه. (بدائع الصنائع / كتاب الوكالة ٦/٣٣ كراچی، الهداية / كتاب الوكالة ٣/١٧٩)

إن المقبوض في يد الوكيل بجهة التوكيل بالبيع والشراء وقبض الدين والعين وقضاء الدين أمانة بمنزلة الوديعة. (بدائع الصنائع / كتاب الوكالة ٦/٣٤، المحيط البرهاني، كتاب الوكالة / الفصل الثالث والعشرون في الوكالة ١٥/١٧٧ المجلس العلمي ڈابھیل)

Marfat.com

الزكاة هي تمليك خرج الإباحة فلو أطعم يتيمًا ناويًا به الزكاة لا تجزيه إلا إذا دفع إليه المطعوم كما لو كساه بشرط أن يعقل القبض. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الزاة ٢٧/٢ كراچی، البحر الرائق / كتاب الزكاة ٢٠١/٢، سكب الأنهر على هامش مجمع الأنهر / كتاب الزكاة ٢٨٤/١ دار الكتب العلمية بيروت)

قوله خرج الإباحة: أي فلا تكفي فيها فيها، قوله إذا دفع الخ: بقيدهما إذا لم يكن أبوه غنيًا؛ لأنه يعد غنيًا لغنى أبيه ومنه علم أنه لا يشترط في المدفوع إليه البلوغ؛ بل ولا العلقل؛ لأن تمليك الصبي صحيح؛ لكن إن لم يكن عاقلاً؛ فإنه يقبض عنه وليه أو أبوه أو من يعوله قريبًا أو اجنبًا أو الملتقط، وإن كان عاقلاً فقبض من ذكر، وكذا قبضه بنفسه. (طحطاوي على الدر المختار / كتاب الزكاة ٣٨٨/١ دار المعرفة بيروت، البحر الرائق / كتاب الزكاة ٢٠١/٢ كوئٹه) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۱/۱۱/۱۴۱۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جیب سے مدرسے کی رقم چوری ہوگئی

سوال (۶۲۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے مدرسے کے ایک سفیر صاحب سے سفر کے دوران اُن کا موبائل گم ہوگیا، وہ گم شدہ موبائل کی رقم مدرسے سے مطالبہ کرتے ہیں، نیز ان کے ذریعہ نکالی گئی رقم یعنی جیب کتروں کی چوری کی گئی رقم کی معافی چاہتے ہیں، بیان شافی سے نوازا جائے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: موبائل چوں کہ سفیر صاحب کا ذاتی تھا اس لئے گم شدہ موبائل کی رقم کا مطالبہ مدرسے سے نہیں کیا جاسکتا۔ (فتاویٰ محمودیہ ۴۷۰/۱۵ ڈابھیل)

البتہ مدرسہ کے چودہ سو روپئے جو اُن کی جیب میں تھے رہ گئے، اگر وہ مدرسہ کے بینک

Marfat.com

کھاتے میں منتقل کرنے کا موقع نہ مل سکنے کی بنیاد پر جیب میں رہ گئے، اور سفیر کی طرف سے تعدی کے بغیر ضائع ہوگئے، اور اُن کی حفاظت میں سفیر صاحب سے کوئی قصور نہ ہوا، تو اگر ذمہ دارانِ مدرسہ کو سفیر صاحب کے بیان پر اطمینان ہو، تو ایسی صورت میں اس رقم کا ضمان سفیر پر نہ آئے گا۔ (کفایت المفتی ۱۲۸/۸)

إن الضمانات في الذمة لا تجب إلا بأحد الأمرين إما بأخذ أو بشرط، فإذا عدما لم تجب. (قواعد الفقه ص: ۱۵ بحواله: فتاویٰ محمودیه ۴۷۰/۱۵ ڈابھیل)

من أخذ مال غيره لا على وجه إذن الشرع فقد أكله بالباطل. (تفسير القرطبي ۳۳۸/۲ بيروت)

الوديعة أمانة في يد الوديع، فإذا هلكت بلا تعد منه وبدون صنعه وتقصيره في الحفظ لايضمن، ولكن إذا كان الإيداع بأجرة، فهلكت أو ضاعت بسبب يمكن التحرز عنه لزم المستودع ضمانها. (شرح المجلة لسليم رستم باز ۴۳۱/۱ رقم المادة: ۷۷۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۷/۱۴۳۳ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کا موبائل سفیر سے غائب ہونے پر ضمان واجب ہوگا؟

سوال (۶۲۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک صاحب مدرسہ کی فراہمی میں تھے بار بار کال آنے کی وجہ سے آٹو پر سواری کی حالت میں موبائل ہاتھ پر رکھ لیا؛ تاکہ آواز سنائی دے سکے، آٹو سے اترتے وقت وہ موبائل ہاتھ سے گر گیا اور پتہ نہیں چلا، جب بعد میں موبائل جیب میں نہیں ملا تو یاد آیا کہ آٹو سے اترتے ہوئے گر گیا، ابتداءً دوسرے موبائل سے دیکھا گیا تو دو مرتبہ گھنٹی بجی، اور تیسری مرتبہ آواز بند ہوگئی، اور اس طرح حصول یابی نہیں ہوسکی، جب کہ وہ موبائل مدرسہ کی ملک تھی، کیا سفیر صاحب کو اس کا

Marfat.com

تاوان دینا ہوگا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں موبائل مدرسہ کی طرف سے اَمانت تھا، جوسفیر صاحب کی غفلت کی وجہ سے غائب ہوا ہے؛ لہٰذا اُس کا ضمان سفیر صاحب پر واجب ہوگا، مدرسہ اُس کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

و لو قال: وضعتها بين يدي وقمت نسيتها فضاعت يضمن. (بزازية ٦/٢٠٠)

مودع قال: وضعت الوديعة بين يدي ثم قمت فنسيتها فضاعت كان ضامناً. (خانية على هامش الهندية ٣/٢٧٧ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۷/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مدرسہ کی آمدنی اور مصارف

مدرسہ کی رقومات کو کس طرح خرچ کیا جائے؟

سوال (۶۱۲۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کے اندر جو چندہ کا مال آتا ہے، اُس کا مالک کس کو بنایا جائے؟ اور خرچ کا طریقہ کیسے اختیار کیا جائے؟ بغیر مالک بنائے اور بغیر کوئی تدبیر کے اس مال کو خرچ کرنا درست ہے یا نہیں؟ نیز تدبیر کی صورت بھی متعین کی جائے اور آپ کے یہاں تدبیر کی کیا صورت اختیار کی جاتی ہے، اس کو بھی بتادیا جائے، اور بندہ کی اس معاملہ میں رہنمائی فرمائیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مدرسہ میں جو رقومات آتی ہیں، اُن میں سے امدادی رقومات کو مدرسہ کے ذمہ داران حسبِ ضرورت مدرسہ کی کسی بھی مد میں لگاسکتے ہیں؛ لیکن جو زکوٰۃ اور صدقاتِ واجبہ کی رقومات ہیں، اُنہیں تعمیر یا تنخواہ وغیرہ میں براہِ راست خرچ کرنا جائز نہیں ہے؛ بلکہ انہیں زکوٰۃ کے مصارف ہی میں خرچ کرنا ضروری ہے، مثلاً نادار بچوں کے لئے کھانے اور وظیفہ کا نظم وغیرہ۔

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ﴿إِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاكِيْنَ وَالْعَامِلِيْنَ﴾ [التوبة، جزء آیت: ۶۰]

ويشترط أن يكون الصرف تمليكًا، لا يصرف إلى بناء مسجد كبناء القناطر والسقايات وإصلاح الطرقات وكرىٰ الأنهار والحج والجهاد، وكل مالا تمليكَ فيه. (شامي / باب المصرف ۲۹۱/۳ زكريا)

Marfat.com

الزكاة تمليك جزء مال عينه الشارع من مسلم فقير. (شامي / كتاب الزكاة ۱۷۱/۳-۱۷۲ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

املاه: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۶/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کے نام پر وصول کیا ہوا چندہ کس جگہ خرچ کیا جائے؟

سوال (۶۲۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: چند حضرات نے ایک محلّہ میں مدرسہ قائم کرنے کے لئے عید کے دن عیدگاہ میں چندہ کیا، بعد میں کچھ اسباب ایسے بنے کہ وہ مدرسہ قائم نہیں ہوسکا، اور نہ ہی آئندہ امید ہے۔ اِس جمع شدہ رقم کا کیا کیا جائے؟ کیا اس کو غریب مسلمانوں کی امداد میں خرچ کرسکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اِس رقم کو کسی قریبی مستحق تعاون مدرسہ میں وہاں کے ذمہ دار علماء اور بااَثر حضرات کی موجودگی میں دے دیا جائے، اور بہتر ہے کہ عام اعلان کردیا جائے کہ جمع شدہ رقم فلاں جگہ صرف کی جارہی ہے؛ تاکہ بعد میں کوئی فتنہ نہ ہو۔

يصرف وقف المسجد والرباط والبئر والحوض إلى أقرب مسجدٍ أو رباطٍ أو بئرٍ. (الدر المختار ۴۹۷/۶ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۶/۱۱/۱۴۲۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

طلبہ کے نام پر آئی ہوئی رقم کو دوسرے مصرف میں استعمال کرنا؟

سوال (۶۲۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایسی رقم جو سرکار کی طرف سے صرف طلبہ کے وظیفہ کے طور پر آتی ہے، کیا ذمہ داران کے لئے جائز ہے کہ وہ اس رقم کو طلبہ کو دینے کے بجائے کسی اور مصرف میں خرچ کریں؟ اور طلبہ کے

Marfat.com

مطالبہ پران کوگالیاں دیں، اور ڈرادھمکا کراس رقم کے مطالبہ سے باز رکھنے کی کوشش کریں؟ یانابالغ طلبہ کی رسید بنادیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اہلِ مدارس اس رقم کوطلبہ پرخرچ کرنے میں سرکار کی طرف سے وکیل ہیں، وہ اس رقم کوطلبہ کے وظائف کے علاوہ کسی اورمصرف میں خرچ کرنے کے مجاز نہیں ہیں، یہ پوری رقم انہیں طلبہ تک پہنچانی لازم ہے، اس رقم میں کٹوتی کرنا اورکم رقم دے کر زیادہ پر دستخط لینا یہ سب اُمور ناجائز اور لائقِ مذمت ہے۔

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: لتؤدن الحقوق إلى أهلها ..... الخ. (السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب الغصب / باب تحريم الغصب الخ ۱۵۵/۶ دار الكتب العلمية بيروت، ۱۷٤/٦ رقم: ۱۱۵۰۵ دار الحديث القاهرة)

عن عبد اللّٰه بن السائب عن أبيه عن جده رضي اللّٰه عنه أنه سمع النبي صلى اللّٰه عليه وسلم يقول: لا يأخذ أحدكم متاع أخيه ..... الخ. (السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب الغصب / باب تحريم الغصب ۱۵٤/٦ دار الكتب العلمية بيروت، ۱۷۲/٦ رقم: ۱۱٤۹۹ دار الحديث القاهرة) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۸/۹/۱۴۱۷ھ

غیر مصرف میں خرچ کیا ہوا پیسہ مدرسہ کو واپس دلانا کارِ ثواب ہے

سوال (۶۲۷): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر کسی مدرسہ کے مدرسین نے مدرسہ کا روپیہ ناجائز صرف کیا اور کوئی شخص مدرسین سے یا اُن کے ہم نواؤں سے خوشامد، منت سماجت کرکے مدرسہ کو روپیہ واپس کرادے اور مدرسین باحیثیت ہیں روپیہ واپس کرسکتے ہیں، آیا کوشش کرنے والا شخص مستحق ثواب ہے یا نہیں اور کوشش کرے یا نہیں؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ کی رقومات واپس دلانے والا شخص مستحق ثواب ہوگا، اسے حتی الامکان اِس معاملہ کو سلجھانے کی کوشش کرنی چاہئے۔

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ﴿وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوىٰ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ﴾ [المائدة، جزء آیت: ۲] فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۳/۷/۱۴۱۱ھ

مسجد ومدرسہ کی کسی چیز سے ذاتی فائدہ اٹھانا؟

سوال (۶۲۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مسجد ومدرسہ کی کسی چیز سے اپنا ذاتی طور پر فائدہ اٹھانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسجد یا مدرسہ کی کسی بھی چیز سے بلا استحقاق اپنا ذاتی فائدہ اٹھانا جائز نہیں ہے؛ البتہ اگر استحقاق ہو، مثلاً امام کی تنخواہ کے ساتھ یہ طے کیا گیا ہو کہ وہ مسجد کے کمرے میں رہے گا، اور مسجد کی بجلی اور پانی استعمال کرے گا، تو ایسی صورت میں امام کے لئے اِن چیزوں سے انتفاع جائز ہے۔

متولی المسجد لیس له أن یحمل سراج المسجد إلی بیته. (الفتاوی الهندیة ۴۶۲/۲)

ویبدأ من غلته بعمارته ثم ما هو أقرب لعمارته، کإمام مسجد ومدرس مدرسة یعطون بقدر کفایتهم، ثم السراج والبساط کذلک إلی آخر المصالح.

(الدر المختار، کتاب الوقف / مطلب: یبدأ من غلة الوقف بعمارته ۵۵۹/۶-۵۶۰ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۱۴/۸/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مدرسہ کا پیسہ مدرس کے ذاتی مقدمہ میں خرچ کرنا؟

سوال (۶۲۹):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں بستی میں ایک دینی مدرسہ ہے، مدرسہ کے متعلق بستی میں دو پارٹی ہیں، ایک مدرسہ کی مخالف دوسری موافق، مخالف پارٹی آئے دن مدرسینِ مدرسہ کو پریشان کرتی رہتی ہے؛ تاکہ پریشان ہوکر مدرسہ چھوڑ دیں، مدرسہ کی ترقی ختم ہو اور اقتدار ہمارے ہاتھ میں آئے، اِسی طرح کئی سال گذر گئے، اتفاقی بات ایک مدرس کے والد صاحب سے مخالف پارٹی کے ایک شخص کا گھریلو معاملہ میں ایک جگہ پر جھگڑا ہوجاتا ہے، اور یہ جھگڑا کافی پرانا ہے، مدرسہ کا مدرس بننے سے پہلے ہی سے چلا آرہا ہے، اس مرتبہ مخالف پارٹی نے مل کر جھگڑے کو بہت طول دیا، یہاں تک کہ مدرس صاحب کے پیچھے قتل کیس کا جھوٹا مقدمہ بھی لگایا، یہ اس وجہ سے کہ مدرسین پریشان ہوں اور مدرسہ چھوڑ دیں۔

قابلِ سوال بات یہ ہے کہ اس مقدمہ میں مدرسین نے مدرسہ ہذا کا روپیہ لگایا ہے، جب کہ جھگڑا مدرس بننے سے پہلے سے چلا آرہا ہے، مدرسین فرماتے ہیں کہ اُنہوں نے مجھے نکالنے کی وجہ سے قتل کا مقدمہ لگایا ہے، آیا اُن کا یہ کہنا اور مدرسہ کا روپیہ صرف کرنا جائز ہے یا نہیں؟ جب کہ جھگڑا اُن کا ذاتی تھا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال کے مندرجات اگر صحیح اور مبنی برحقیقت ہیں تو مدرسین مذکور کا اپنے ذاتی قضیہ میں مدرسہ کا روپیہ خرچ کرنا شرعاً درست نہیں ہے، وہ روپیہ مدرسہ کو لوٹانا لازم ہے، کمیٹی کو یہ اختیار نہیں ہے کہ وہ مدرسہ کا پیسہ غیر مصرف میں صرف کرے۔

الفاضل من وقف المسجد هل يصرف إلى الفقراء؟ قيل: لا يصرف وإنه صحيح، ولكن يشتري به مستغلاً للمسجد، كذا في المحيط. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الحادي عشر في المسجد، الفصل الثاني ٤٦٣/٢ زكريا، وكذا في الفتاوىٰ

Marfat.com

التاتارخانية، كتاب الوقف / مسائل وقف المسجد، قيم المسجد ٨٦١/٥ إدارة القرآن كراچی)

وإذا أراد أن يصرف شيئًا من ذٰلک إلى إمام المسجد أو إلى مؤذن المسجد، فليس له ذٰلک، إلا إن كان الواقف شَرَط ذٰلک في الوقف، كذا في الذخيرة.

(الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الحادي عشر في المسجد، الفصل الثاني ٤٦٣/٢ زكريا)

والصواب أن المراد من العشر أجر المثل، حتى لو زاد على أجر مثله رد الزائد كما هو مقرر معلوم. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: المراد من العشر للمتولي أجر المثل ٤٣٦/٤ كراچی، ٦٥٣/٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

١٣/٧/١٤١١ھ

حکومت سے ملی ہوئی رقم کو عمارت اور تنخواہ میں صرف کرنا؟

سوال (٦٣٠):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مدرسہ میں تعلیم ابتداء سے ناظرہ، حفظ، اردو ہندی اور پرائمری تک ہے، اس مدرسہ میں دوسرے ممالک یا ہندوستان گورنمنٹ کی طرف سے عمارت ودیگر دست کاری کے لئے مثلاً کپڑا بنائی، کپڑا کڑھائی، دستاویزیں، پینٹنگ طلبہ کو سکھانا شرط ہے، اِس شعبہ کو قائم کر کے روپیوں کا لینا اور مدرسین وملازمین وعمارت پر صرف کرنا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حکومت سے ملی ہوئی اِمدادی رقم عطیہ ہے، اُسے اِدارہ کی ہر ضرورت میں خرچ کیا جاسکتا ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ٢٤٧/٦)

لیکن اِس کا اطمینان کر لیا جائے کہ اس سرکاری امداد سے مدرسہ کی خودمختاری اور آزادی پر کوئی آنچ نہ آئے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٦/٧/١٤١٦ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مدرسہ کی آمدنی سے نیچے مارکیٹ اور اوپر مدرسہ قائم کرنا؟

سوال (۶۳۱):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: محلّہ اَصالت پورہ ڈیروالی مسجد کے آگے کے حصہ میں پانچ دوکانیں اَب سے تقریباً بیس سال پہلے چندہ کر کے تعمیر کی گئیں، اور یہ کہہ کر لوگوں سے چندہ کیا تھا کہ دوکانیں نیچے بنائیں گے اور اُس کے اوپر دینی تعلیم کا مدرسہ بنائیں گے، دوکانوں کی آمدنی مدرسہ میں صرف ہوگی، دوکانیں بنانے کے بعد ایک عدد کمرہ مدرسہ بھی تعمیر ہوا، اور کچھ مدت کے بعد اس میں دینی تعلیم شروع ہوگئی اور برابر چل رہی ہے، اور اس مدرسہ کا خرچ بھی وعدہ کے مطابق دوکانوں کی آمدنی سے چل رہا ہے، مدرسہ کو ابھی شہید کرایا تھا کہ اُس کو بڑا کر کے بنایا جائے؛ کیوں کہ اَب بچے زیادہ تعداد میں آتے ہیں۔اَب کچھ لوگ یہ چاہتے ہیں کہ اس مدرسہ کی جگہ پر مارکیٹ یعنی دوکانیں بنادی جائیں؛ تاکہ آمدنی بڑھ جائے اور ان مارکیٹ کے اوپر مدرسہ بنایا جائے، اس مسئلہ کا قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب مرحمت فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں مدرسہ کی آمدنی سے مذکورہ دوکانوں کے اوپر مارکیٹ اور اُس کے بالائی حصہ پر مدرسہ تعمیر کرنا شرعاً درست ہے اور حسبِ سابق پرانی دوکانوں اور نئی تعمیر کی جانے والی مارکیٹ سے حاصل شدہ آمدنی مدرسہ میں صرف کی جائے گی۔

(مستفاد: امداد الفتاویٰ ۲/۷۰۲ زکریا)

وسئل الخجندي عن قيّم المسجد يبيح فناء المسجد ليتّجر القوم، هل له هٰذه الإباحة؟ فقال: إذا كان فيه مصلحة للمسجد، فلا بأس به إن شاء اللّٰه تعالىٰ. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الكراهية / الباب الخامس في آداب المسجد ۵/۳۲۰ زكريا)

قال في الخلاصة: وهٰذا دليل على أن المسجد إذا احتاج إلى نفقة، تؤاجر قطعةٌ منه بقدر ما ينفق عليه الخ. (البحر الرائق / كتاب الوقف ۵/۳۳۹ زكريا)

Marfat.com

في الدر المختار: والمتولي بناء ه وغرسه للوقف، وفي الشامي: وإنما يحل للمتولي الإذن فيما يزيد الوقف به خيرًا. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: إنما يحل للمتولي الإذن فيما يزيد الوقف به خيرًا ٤٥٤/٤ كراچی، ٦٧٨/٦-٦٧٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۰/۱۲/۲۷ھ

چندہ کا پیسہ ناحق کارروائی کورکوانے میں خرچ کرنا؟

سوال (۶۳۲):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ عربیہ قادر العلوم مونڈھا ائمہ جب سے قائم ہوا ہے، اُس وقت سے آج تک علماء حضرات کے تحت چل رہا ہے، جس کو تقریباً پچاس سال کا عرصہ گذر چکا ہے، اور اَب تک پورا گاؤں اس پر متفق رہا ہے؛ لیکن اِس وقت مدرسہ کے قریب کے کچھ حضرات نے مدرسہ کو نقصان پہنچانا شروع کر دیا ہے کہ مدرسہ کی یہ اراضی قبرستان کی ہے، کچھ حضرات نے اس میں مکانات بنالئے اور کچھ حضرات نے اس قبرستان کی جگہ میں راستہ بنالیا ہے، اور مدرسہ کو اس کا معاوضہ پورا نہیں دیا، اور قبرستان کی اس اراضی میں کوڑا وغیرہ بھی خوب ڈالتے ہیں، اور مزید جگہ بھی قبرستان کی لینے کی فکر میں ہیں، ان خطرات کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اہلِ مدرسہ نے اِس مدرسہ کو اور پورے قبرستان کی اراضی کو وقف بورڈ لکھنؤ سے رجسٹرڈ کرادیا ہے، اَب وہ حضرات اس مدرسہ کا دوسرا رجسٹریشن نام بدل کر مرادآباد سے اپنے نام کرانا چاہتے ہیں، جس سے کہ مدرسہ اور قبرستان کو سخت نقصان کا خطرہ ہے؛ لہٰذا اہلِ مدرسہ اس کارروائی کورکوانے میں مدرسہ کا روپیہ خرچ کرسکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اِمداد وعطیات کے پیسہ سے ناحق کارروائی کورکوانے کی اِجازت ہے، مدرسہ میں آمدہ زکوٰۃ اور چرمِ قربانی کا پیسہ اس مصرف میں خرچ کرنا درست نہ ہوگا۔

ولا يجوز أن يبني بالزكاة المسجد. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الزكاة / باب مصارف

Marfat.com

الزكاة ۱۸۸/۱ زكريا، الدر المختار مع الشامي / كتاب الزكاة ۲۹۱/۳ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۷/۲/۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کی رقم کو قرضِ حسنہ کہہ کر خرچ کرنا؟

سوال (۶۳۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید کسی نظامیہ مدرسہ کا سکریٹری ہے، مدرسہ کی جو بھی رقم ہوتی ہے وہ اُس کے واسطہ سے مدرسہ کے اِکاؤنٹ میں جمع ہوتی ہے؛ لیکن بغیر عوام الناس کے مشورہ کے سکریٹری اپنے ذاتی کام میں مدرسہ کی جمع شدہ رقم کو قرضِ حسنہ کہہ کر خرچ کر لیتا ہے، تو کیا از روئے شرع ایسا قرض لینا مدرسہ سے یا بغیر رائے عامہ حاصل کئے اپنے ذاتی کام میں مدرسہ کی رقم خرچ کر لینا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مدرسہ کی رقم سے خود بخود قرض لینا اور اُسے اپنے ذاتی استعمال میں لانا خیانت اور ناجائز ہے؛ البتہ اگر اپنے ملازمین کو قرض دینے کے متعلق مدرسہ کا کوئی ضابطہ مقرر ہو اور چندہ دہندگان کی طرف سے اس کی صراحۃً یا دلالۃً اجازت ہو، تو ضابطہ کی حد تک اِجازت ہو سکتی ہے، اس سے زیادہ لینا درست نہیں ہے۔

وأما حكمها فوجوب الحفظ على المودع وصيرورة المال أمانة في يده ووجوب أدائه عند طلب مالكه، كذا في الشمني والوديعة لا تودع ولا تعار ولا تؤاجر ولا ترهن، وإن فعل شيئًا منها ضمن. (الفتاوى الهندية / الباب الأول من كتاب الوديعة ۳۳۸/٤ زكريا، البحر الرائق / كتاب الوديعة ۲۷۵/۷ زكريا)

ولو أنفق المودع بعض الوديعة ضمن قدر ما أنفق. (الفتاوى الهندية الباب الأول من كتاب الوديعة ۳٤۸/٤ زكريا، بدائع الصنائع / كتاب الوديعة ۲۱۳/٦ كراچی، مجمع الأنهر / كتاب

Marfat.com

الودیعة ۳/۴۷۳ دار الکتب العلمیة بیروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۶/۱۱/۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کا پیسہ بینک کے کھاتے میں جمع کرنا؟

سوال (۶۳۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ جامعہ خیر العلوم حفظ القرآن اَدگاؤں علاقہ مہاراشٹر میں واقع ہے، اور ساری دنیا جانتی ہے کہ علاقہ ہٰذا کی حکومت دینی مدارس کے لئے سخت گیر ہے، روز بروز نئے فتنے اور اِنکواریاں چلتی رہتی ہیں، اور بارہا جواب دہی کے لئے پریشانیاں اٹھانی پڑتی ہیں؛ لہٰذا آنجناب سے دریافت طلب امر یہ ہے کہ ہر سال کے مطابق اِمسال بھی تقریباً ۷ یا ۸/لاکھ روپئے چندہ جمع ہے، اور چند اَحباب کا جبراً یہ کہنا ہے کہ اِس پوری رقم کو بینک کے کھاتہ اِکاؤنٹ میں لازماً جمع کریں جس سے خطرہ اس بات کا ہے کہ حکومت بلاوجہ انکوائری اور تحقیق کر کے ٹیکس اور دھارمیک کو مدرسہ کی رقومات پر عائد کرنا چاہتی ہے، علاقہ اس کے دوسرے فتنے اور پریشانیوں کا سبب بن رہا ہے۔

تو اس سلسلہ میں یہ بات واضح فرمائیں کہ کیا مکمل رقم اِکاؤنٹ پر جمع کردی جائے یا ضرورت کے مطابق جمع کر کے بوقتِ ضرورت نکالی جائے اور بقیہ رقم الگ رکھی جائے، اِداروں کے لئے کیا روش اختیار کرنی چاہئے؟ ویسے ہر سال کا حساب وکتاب چارمئی کمشنر کو بذریعہ سی اے (چارٹر اِکاؤنٹس) پہنچادیا جاتا ہے؛ لہٰذا برائے مہربانی فوراً مکمل تفصیل بھیج دیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اہلِ مدرسہ اگر ضروری خیال کریں تو بینک کے غیر سودی کھاتے میں رقم جمع کرادیں؛ تاکہ حفاظت کا اطمینان ہوجائے اور اپنا حساب وکتاب صاف رکھیں، بظاہر محض بینک میں رقم جمع کرنا حکومت کی دخل اندازی کا ذریعہ نہیں ہے۔

الحاجة تنزل منزلة الضرورة، عامةً كانت أو خاصةً، ولهٰذا جوزت

Marfat.com

الإجارة على خلاف القياس للحاجة. (الأشباه والنظائر / القاعدة الخامسة، الفن الأول ۹۳ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۱۵/۲/۱۴۱۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

غیر داخل یا خارجی بچوں کے نام پر حکومت سے چاول لینا؟

سوال (۶۳۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جن علاقوں میں پرائمری اسکول کے بچوں کو حکومت کی طرف سے مہینے میں ایک مرتبہ چاول ملتے ہیں، بچوں کی ایک متعینہ مقدار میں حاضری ضروری ہوتی ہے، غیر حاضری کی صورت میں حکومت سے چاول بند ہوجاتے ہیں، اَب اسکول کے ذمہ دار حضرات بچوں کی تعداد مع حاضری کے حکومت کے حوالہ کرکے ان سے چاول وصول کرتے ہیں اور پورے بچے حاضر نہیں ہوتے، جس کی بناء پر چاول بچ جاتے ہیں اور اسکول والے اُس کو اپنے استعمال میں لاتے ہیں، تو مندرجہ اُمور کا حکم کیا ہے؟ (۱) از روئے شرع اسکول والوں کا یہ فعل کیا حکم رکھتا ہے؟ (۲) اس چاول کا مصرف کیا ہے؟ (۳) غرباء وفقراء پر تقسیم کئے جاسکتے ہیں؟ شریعت کی روشنی میں ہماری رہنمائی فرمائیں؟
باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جو بچے مدرسہ میں داخل ہیں؛ لیکن کسی دن اتفاق سے غیر حاضر ہوجائیں، تو اُن کی حاضری لگانا اگرچہ جھوٹ اور ناجائز ہے؛ لیکن اُن بچوں کا سرکاری امداد سے استحقاق ختم نہیں ہوتا؛ لیکن جو بچے مدرسہ میں داخل ہی نہ ہوں یا شروع میں داخل ہوں، مگر بعد میں چھوڑ کر چلے جائیں، تو ایسے بچوں کی حاضری لگا کر چاول لینا یہ دھوکہ اور ناجائز ہے؛ لہٰذا جہاں تک ممکن ہو یہ چاول حکومت کو لوٹادے، اور اگر لوٹانا مشکل ہو تو فقراء کے درمیان تقسیم کرنے کی گنجائش ہے، اپنے ذاتی استعمال میں لانا درست نہ ہوگا۔

عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: من غش فليس منا، انتهى الحديث، قال الترمذي: والعمل على هذا عند أهل العلم

Marfat.com

كرهوا الغش، وقالوا: الغش حرام. (سنن الترمذي ١/٢٤٥)

ولكن إن أخذه من غير عقد ولم يملكه يجب عليه أن يرده على مالكه إن وجد المالك. (بذل المجهود / باب فرض الوضوء ١/٣٥٩ رقم: ٥٩) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۷/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

صاحبِ ثروت لوگوں کا مدرسہ والوں سے رقم دینے کا وعدہ کرکے ٹال مٹول کرنا؟

سوال (٦٣٣٦):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: آج کل جو مروج ہے مساجد ومدارس کے درس گاہوں کے لئے جو بڑے ادارے ہیں، اُن کے اوپر اہلِ خیر حضرات وعوام الناس اعتماد کرکے تعمیری کام کے لئے کثیر رقم ان بڑے بڑے اِدارے میں جمع کرادیتے ہیں، اور اُن ادارے والوں کے پاس میں جو تعمیر کی امداد کے لئے جاتے ہیں، تو یہ کہہ کر فائل جمع کرتے ہیں اور کہتے ہیں، مدرسہ کے ضروری کاغذات کرائیں اور تعمیری کام کے لئے تخمینہ بھی بتائیں، مثلاً دو درس گاہوں کے لئے آٹھ لاکھ روپئے کا بجٹ بنا کر فائل جمع کرتے ہیں، بعدہ آٹھ لاکھ کی منظوری دیتے ہیں، اور جب اُن کے پاس منظور شدہ رقم کے لئے جاتے ہیں، تو اولاً ٹال مٹول کرکے واپس کردیتے ہیں، ہنوز بجٹ نہیں ہے، اور جب زیادہ تقاضہ کرتے ہیں تو منظور شدہ رقم میں سے صرف ایک لاکھ روپئے دے کر یہ کہہ کر واپس کردیتے ہیں کہ آپ تعمیری کام کسی اہلِ خیر حضرات سے بطور قرض لے کر کرائیں، بعد میں آپ کو منظور شدہ رقم ادا کردی جائے گی، مگر کام پورا ہونے کے بعد جب منظور شدہ رقم کا تقاضہ کرتے ہیں، تو یہ کہہ کر ٹال دیتے ہیں کہ آپ لیٹ آئیں ہیں، اس لئے آپ کی منظور شدہ رقم کہیں دوسری جگہوں میں صرف کردی گئی، آیا یہ رقم جو ہمارے مدرسہ کے لئے منظور ہوئی تھی، کیا دیگر جگہوں پر صرف کرنے کا کوئی شرعی جواز ہے؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال نامہ میں جو معاملہ اٹھایا گیا ہے اُس میں عموماً کوتاہی دونوں طرف سے ہوئی ہے، جہاں ایک طرف مذکورہ اِدارے کے ذمہ داران وعدہ کر کے اُسے پورا نہیں کر پاتے، وہیں دوسری جانب تعمیر کے خواہاں لوگ اُن پر اِس قدر دباؤ اور اصرار کرتے ہیں کہ اُنہیں خواہی نخواہی وعدہ کرنا ہی پڑتا ہے، اور جب تک وعدہ نہ کریں، یہ لوگ اُن پر ایسے مسلط ہوجاتے ہیں کہ ہٹنے کا نام نہیں لیتے؛ لہٰذا دونوں جانب اصلاح کی ضرورت ہے، تعمیر کے خواہاں حضرات کو چاہئے کہ وہ اپنے ضروری کاغذات ادارے میں جمع کردیں اور بے جا اصرار نہ کریں۔ اور اِدارے والوں کو چاہئے کہ آمدہ رقم کے اعتبار سے ہی تعمیرات کی منظوری دیں، اور تعمیرات کی بذاتِ خود نگرانی کرائیں، اور جو وعدہ کیا ہے اُسے یقیناً پورا کریں۔

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ﴾ [المائدة، جزء آیت: ۱]

عن أنس بن مالک رضي اللّٰہ عنه قال: قلما خطبنا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم إلا قال: لا إیمان لمن لا أمانة له ولا دین لمن لا عهد له. (مشکاة المصابیح، کتاب الإیمان / الفصل الثاني ۱/۱۵، رواه لبیهقي في شعب الإیمان ۸/۷۸ رقم: ٤٣٥٤، مسند أحمد ۳/۱۵٤، لترغیب ولترهیب مکمل ص: ٦٢٩ رقم: ٤٥٤٦ بیت الأفکار لدولیة، المعجم الکبیر رقم: ۱۰۵۵۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۷/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

محاسب کا تحویل سے زائد رقومات کو چندہ کی رسید بنا کر مدرسہ میں جمع کرنا؟

سوال (٦٣٧):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید ایک دینی ادارہ کا محاسب ہے، اس کے چیک کردہ حسابات کی جانچ میں کچھ رسیدات کی رقم غیر مندرجہ ملی، جس کی وجہ سے حساب کا مطالبہ زید سے کیا گیا، زید کچھ کہتا ہے کہ کچھ رقم تحویل

Marfat.com

سے زائد تھی، جس کو میں نے اِدارہ میں جمع کردیا ہے، اور بطور ثبوت کے ایک رسید پیش کرتا ہے، جس پر وہ رقم درج ہے، جو زید کے ذمہ واجب ہوتی ہے، اور معطی کی جگہ زید کا نام درج ہے؛ البتہ مد کی جگہ صرف لفظ چندہ لکھا ہوا ہے، پوچھنا یہ ہے کہ اس طرح چندہ کے نام سے زید کے رسید کٹوا دینے سے اور رقم جمع کرنے سے وہ حسابات کم نکلنے والی رقم ادا ہوجائے گی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ کے فنڈ میں اکثر رقوم چوں کہ چندہ ہی کے ذریعہ آتی ہیں، اس لئے محاسب زید کا تحویل سے زائد رقم چندہ کے عنوان سے رسید کٹا کر مدرسہ میں جمع کردینے کی صورت میں اس رقم کا ضمان زید پر نہ ہوگا؛ بلکہ وہ اس کی ادائیگی سے بری الذمہ ہوجائے گا۔

قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: لا ضمان علی مؤتمن. (سنن الدار قطني ۳۶/۳ رقم: ۲۹۳۸)

عن عمرو بن شعیب عن أبیہ عن جدہ رضي اللّٰہ عنہ عن النبي صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال: لیس علی المستعیر غیر المغل ضمان، ولا علی المستودع غیر المغل ضمان. (سنن الدارقطني ۳۶/۳ رقم: ۲۹۳۹) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۳/۵/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کے سرمایہ میں خیانت کرنا اور ناجائز قبضہ جمانا؟

سوال (۶۳۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں ایک قدیم اِدارہ تقریباً ۴۰ رسال سے قائم ہے، جو تعلیمی وتعمیری اعتبار سے پھلا پھولا ہے، اِس اِدارے کے بانی ومہتمم صاحب سال گذشتہ انتقال کرگئے، بانی مدرسہ نے اپنے دورِ اہتمام میں اِسی ادارے کی ایک شاخ مدرسۃ البنات کے نام سے ۲۰۰۶ء میں اصحابِ خیر کے تعاون سے کشادہ زمین خرید کر چند کمرے مع برآمدہ تیار کرائے، ۲۰۰۷ء میں سیاسی وسماجی حضرات

Marfat.com

کے علاوہ شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند کے بدست اُس کا تعلیمی افتتاح ہوا، مگر سوئے اتفاق ایک سال کے بعد اُن کے صاحب زادوں نے تعلیمی سلسلہ ختم کر کے اُس کو رہائش میں تبدیل کر لیا۔

واضح رہے کہ اس اَمانت مدرسہ کو مہتمم صاحب نے اپنے دونوں بیٹوں کے نام بیع نامہ کرا دیا تھا، چوں کہ مدرسہ میں وہ مختار کل تھے، اور مدرسہ کے مالی مسئلہ میں وہ زیادہ محتاط بھی نہیں تھے، اُن کے دونوں بیٹے اس قدیم مدرسہ میں ۱۵/سالوں سے مدرس تھے، جو تعلیم و تربیت سے نابلد اور عیاری ومکاری میں بے نظیر تھے، ۲۰۰۸ء کے قریب بانی مدرسہ پیرانہ سالی وضعفِ دماغ وبصر سے معذور ہو گئے، اور مدرسہ کی ذمہ داری اُن دونوں ناخلف بیٹوں پر آ گئی، چند سالوں میں اُنہوں نے اس مدرسہ میں خوب خیانتیں کیں، دونوں ہاتھوں سے مدرسہ کے مالی وسائل کو لوٹا، کئی سال کا چندہ مدرسہ میں جمع نہیں کیا، اور مدرسہ قریب الختم ہو گیا۔ انہیں سالوں میں اُن غاصب وخائن بیٹوں نے مرکزی سرکار کی اسکیم کے تحت دو ہندی استادوں کی تنخواہ جاری کرالی۔ ۲۰۰۶ء تا ۲۰۱۱ء مختلف ناموں سے فرضی کاغذات جمع کر کے تقریباً ۴/لاکھ روپئے کی رقم ہڑپ کر لی گئی، اور یہ دونوں بیٹے مدرسہ کی زکوٰۃ وواجبات کی رقومات سے تنخواہیں مدرسہ سے وصول کرتے رہے، اَب یہ اِدارہ بند ہونے کے قریب ہوا، تو اُن کو اپنی روزی روٹی کا خیال آیا، اُنہوں نے بستی اور محلّہ کے لوگوں کو سخت مخالف دیکھ کر اس علاقہ کے معروف عالم دین جو مدرسہ کی مجلسِ شوریٰ کے صدر بھی ہیں، اگر چہ اُن کو اپنے صدر ہونے کا ابھی قریب ہی میں علم ہوا ہے، بار بار یہ دونوں بھائی اُن کے یہاں جا کر باہر سے ایک صاحب کو مدرسہ میں بلا کر انتظام اُن کے حوالہ کرنے کو کہتے رہے، چناں چہ اُن دونوں کی طلب پر ۴/اپریل ۲۰۱۱ء کو انہوں نے ایک درجن سے زیادہ لوگوں کو بشمول صدر مجلس بانی مدرسہ اور دونوں بیٹے اس طرح پندرہ لوگوں کی موجودگی میں مدرسہ کا نظام اُن کے بلائے گئے، ایک شخص کے حوالہ کر دیا گیا، مختصر تحریر پر دستخط کرا لئے گئے، اسی مجلس میں صدر مجلس شوریٰ نے بانی مدرسہ اور دونوں بیٹوں سے معلوم کیا کہ ''مدرسۃ البنات'' کی عمارت جس پر آپ دونوں قابض ہیں، یہ آپ نے اپنے پیسے سے بنائی ہے یا قوم کے پیسے سے بنائی ہے؟ بانی مدرسہ اور دونوں بیٹوں نے کہا کہ یہ قوم کے پیسوں

Marfat.com

سے بنائی گئی ہے، ہم دونوں ایک مہینہ میں اس عمارت کو خالی کر دیں گے، اس وقت یہ ملکیت پچاس لاکھ روپئے کے قریب ہے، اور اُن دونوں کے نام بھی ہے، چند دن کے بعد اُن دونوں نے مدرسہ کو خالی کرنے سے انکار کر دیا اور ایک بھائی مدرسہ سے علیحدہ ہو گئے، اور اپنا قبضہ اس مدرسہ پر باقی رکھنے کے لئے اس ناخلف بیٹے نے مئی ۲۰۱۳ء کو کیرانہ میں ایک جھوٹا مقدمہ ناظم مدرسہ پر دائر کیا، جس میں یہ کہا گیا کہ یہ مکان ہم نے محنت و مزدوری کر کے بنایا ہے اور یہ شخص اِن دو بدمعاشوں کے ذریعہ میرے مکان پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں، افسوس یہ ہے کہ تین سال سے مدرسہ سے علیحدہ ہونے کے باوجود یہ شخص ممبئی اور پونہ وغیرہ میں رمضان اور غیر رمضان میں لاکھوں روپئے مدرسہ کا چندہ کر رہا ہے۔

(۲) بانیٔ مدرسہ کے دوسرے بیٹے جو اس مدرسہ میں ہندی کے ماسٹر اقلیتی بہبود دفتر کے تنخواہ دار ملازم ہیں، اُن کی معافی کے بعد اِس امید پر مدرسہ میں رکھ لیا گیا تھا کہ یہ امانت داری کے ساتھ مدرسہ میں کام کریں گے، مگر افسوس صد افسوس کہ اس بد بخت نے مدرسہ پر قبضہ کرنے کے لئے ایسے منصوبے استعمال کئے کہ تاریخ شاید اس دجالی فتنہ کو کبھی معاف نہ کرے، ۴ اپریل ۲۰۱۱ء کو تبدیلیٔ انتظام کے بعد ماسٹر صاحب نے مدرسہ کے بہت سے اہم کاغذات مدرسہ کے لیٹر پیڈ، مدرسۃ البنات کی رسیدات، مدرسہ کی مہریں اور تین سال کی سات رسیدات احقر کے حوالے کی ہیں، ان سات رسیدات میں تقریباً دو لاکھ روپئے سے زائد کی رقم بنتی ہے، ان مستعمل رسیدات کو دیتے ہوئے ماسٹر صاحب نے کہا کہ اس کی رقم میں والد صاحب کو ادا کر چکا ہوں، والد صاحب سے معلوم کرنے پر انہوں نے کہا کہ اَب تک اس شخص نے کوئی رقم مدرسہ میں جمع نہیں کرائی اور مدرسہ کے لیٹر پیڈ پر غیر ملکوں سے میرے نام پر چندہ منگا لیا ہے، اِن سب چیزوں کو نظر انداز کرتے ہوئے اُنہوں نے عہد کیا تھا کہ میں ایسا نہیں کروں گا۔ رمضان شریف میں اُس کو دہلی چندے کے سلسلہ میں بھیج دیا گیا اور ۸۰ ہزار روپئے کی رقم لا کر اُنہوں نے مدرسہ میں جمع نہیں کی، اور اپنی تنخواہ سابقہ ۲۸ ماہ کا مطالبہ کر ڈالا، ایک سال گذرنے کے بعد درمیان میں ایک صاحب کو ڈال کر بہت مشکل سے رقم مدرسہ میں جمع کی گئی۔ مگر انتقام جوش نے اُس کو اندھا کر دیا، اور انہوں نے سمجھ لیا کہ

Marfat.com

اَب انہیں فرار کی آزادی حاصل نہ ہوگی، تو انہوں نے ایک ۷۰/سالہ ڈاکٹر جو داڑھی مونچھ صاف کئے رہتے ہیں اور لباسِ یہود میں نظر آتے ہیں، جن کی زندگی کا اکثر حصہ عیاری مکاری اور خیالاتِ فاسدہ میں مودودی اور قادیانیت کے قریب ہے، اُس کی گود میں بیٹھ کر منظّم طور پر مدرسہ پر قبضہ کرنے کے لئے سب سے پہلے مدرسہ دینیہ کا بینک کھاتہ جو ناظم مدرسہ کے نام تھا، بڑی چالاکی کے ساتھ مدرسہ کا لیٹر پیڈ، مہر اور والد مرحوم کے دستخط اور مجلسِ شوریٰ کی جھوٹی تجویز دکھا کر بینک سے اپنے نام کرالیا، اسی طرح محمد ارشد نامی آدمی کے بی اے کے کاغذات اقلیتی بہبود دفتر میں جمع کرا کر ۷۲/ ہزار روپئے کی رقم ہڑپ کرلی، سالِ گزشتہ مدرسہ کا تالا توڑ کر مدرسہ کا اہم ریکارڈ چرالیا گیا، جس میں احقر کے ضروری کاغذات، اُن کاغذات میں احقر کا پاسپورٹ جس کی مدت ۲۰۰۴ء میں ختم ہوچکی تھی، وہ اُن ماسٹر صاحب کے ہاتھ آگیا، اور اُنہوں نے اس پاسپورٹ کو ڈاکٹر کے حوالے کردیا، ڈاکٹر نے اپنے ایک رفیق سے دھمکی دے کر کہایا تو وہ مدرسہ میں ہمیں ممبر رکھلیں ورنہ ہم اس کی زندگی تباہ کردیں گے۔

اِسی درمیان اُن دونوں نے ہندی میں ایک اشتہار نکالا، جس میں اُنہوں نے مجھے پاکستانی جاسوس، دہشت گردوں سے تعلق اور جعلی کرنسی جیسے الزام لگائے تھے، اور اس ختم شدہ پاسپورٹ کو اُنہوں نے بستی کے کچھ اہم لوگوں کو دکھایا اور چند دن کے بعد یہ دجالی ٹولہ پوری بے غیرتی کے ساتھ سامنے آگیا اور انہوں نے مئی ۲۰۱۳ء میں سات عدد درخواستیں مرکزی وزیر داخلہ، ڈی جی پی لکھنؤ، آئی جی میرٹھ، ڈی آئی جی سہارن پور، ڈی ایم سہارن پور، ڈی ایم شاملی اور خفیہ محکمہ کے اعلیٰ افسران کے نام فرضی پتوں اور زموں سے بھیجیں، جس کی باریک بینی سے جانچ کرائم برانچ سے کی گئی۔ حق تعالیٰ کے بے انتہاء فضل وکرم سے اِس دجالی ٹولہ کے سارے منصوبے خاک میں مل گئے؛ لیکن یہ دجالی ٹولہ برابر اپنے مشن میں لگا رہا، ابھی پانچ ماہ کا عرصہ اس تحقیق وتفتیش میں گذرا تھا کہ گذشتہ رمضان سے پہلے پھر تقریباً آٹھ درخواستیں پھر مختلف محکموں کو بھیجی گئیں، جس میں پاکستان کے بڑے بڑے مطلوب دہشت گردوں کے ساتھ اور ٹریننگ کیمپوں کے ساتھ جوڑ دیا گیا اور ستم

Marfat.com

بالائے ستم یہ کہ اس وقت کی معروف عالمی شخصیت حضرت مولا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ العالی کا نام بھی درخواست میں شامل تھا؛ لیکن حق تعالی کے بے انتہاء فضل وکرم سے اس دجالی ٹولہ کے سارے منصوبے خاک میں مل گئے۔

پھر دسمبر ۲۰۱۳ء میں اسی ماسٹر نے اپنے مربئ اعظم، دجالِ وقت، معلم الابلیس ..... سے ساز باز کرکے مدرسہ دینیہ کی فرضی مجلسِ شوریٰ بنا کر رجسٹریشن آفس سہارن پور میں پوری فائل جمع کرادی گئی، اس قدر خوبیوں کا حامل ڈاکٹر مدرسہ کا ناظم اعلیٰ اور دیگر فساق وفجار کو مدرسہ کا ممبر ہونا دکھایا گیا، نیز محمد قاسم لوہاروی، مولانا محمد وصی اللہ خان المعروف آرزو میاں جلال آبادی تقریبا ۲۰ رسال سے اس مدرسہ کی مجلسِ شوری کے صدر ہیں۔ ہم دونوں کے جھوٹے بیان حلفی مع فوٹو دستخط رجسٹریشن آفس میں! استعفیٰ نامہ کی شکل میں لگادئے گئے، انا للہ وانا الیہ راجعون۔

اَبھی چند دن پہلے حقِ اطلاعات قانون کے تحت ایس ایس پی شاملی کے یہاں سے وہ رپورٹ جو تھانہ بھون انسپکٹر کے ذریعہ دسمبر میں ہوئی تھی، احقر کو موصول ہوئی، جس میں واضح طور پر لکھا گیا کہ جھوٹے شکایتی خطوط ماسٹر ہاشم دے رہا ہے، اور دوسری بات واضح طور پر یہ تھی کہ یہ تمام جھوٹے الزامات بے بنیاد اور غلط پائے گئے، اس ماسٹر نے یہ بھی کہا کہ مدرسہ ہماری ذاتی ملکیت ہے کسی کا کوئی دخل نہیں، خدا کا شکر ہے کہ یہ بدبخت ٹولہ اپنے ناپاک اِرادوں میں ابھی تک کامیاب نہیں ہوسکا۔

(۱) کیا مسلمان کی زندگی کو تباہ کرنا اور ایسے سنگین الزامات لگانا اور پوری قوم مسلم اور مدارسِ دینیہ کو بدنام کرنے والے یہ ظالم اور فتنہ پرور لوگ کسی سزا کے مستحق ہیں؟

(۲) ایسے عناصر کو شرعی اعتبار سے مدرسہ کا ذمہ دار یا کسی بھی عہدے پر رکھنا شرعاً کیسا ہے؟

(۳) ایسے مواقع پر دین دار طبقہ کا خاموشی اختیار کئے رہنا وہ بھی عند اللہ اور عند الناس جواب دہ ہوں گے یا نہیں؟ جوابات شریعت کی روشنی میں تحریر فرما کر ممنون فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مدارسِ دینیہ قوم کی اَمانت ہیں اور مدارس کے منقولہ یا

Marfat.com

غیر منقولہ سرمایہ میں کسی قسم کی خیانت کرنا بہت بڑا جرم اور سخت ترین گناہ ہے، اگر سوال میں ذکر کردہ حالات واقعہ کے مطابق ہیں، تو جن افراد نے بھی مدرسہ کی رقومات یا جائدادوں میں خیانت کا ارتکاب کیا ہے اور اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کے لئے کسی بھی بے قصور مسلمان پر تہمت لگائی ہے، یہ سب قابلِ مذمت ہیں، ملت کے ذمہ دار افراد کی ذمہ داری یہ ہے کہ ایسے خائنوں سے ملی اداروں کو محفوظ رکھنے کی کوشش کریں۔

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ﴿وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ﴾ [آل عمران، جزء آیت: ١٦١]

ومعنى يُغَلَّ عند جمهور أهل العلم أي ليس لأحد أن يَغُلَّه أي يخونه في الغنيمة، فالآية في معنى نهي الناس عن الغلول في الغنائم، والتوعد عليه .....؛ لأن الخيانة معه أشد وقعًا وأعظم وزرا، قوله تعالىٰ: ﴿يَأْتِ بِمَا غَلَّ﴾ أي يأتي به حاملاً له على ظهره ورقبته، معذبًا بحمله وثقله، ومرعوبًا بصوته، ومُوَبَّخًا بإظهار خيانته على رؤوس الأشهاد على ما يأتي، وهٰذا الفضيحة التي يوقعها اللّٰه تعالىٰ بالغالّ نظير الفضيحة التي توقع بالغادر الثالثة، والغلول كبيرة من الكبائر بدليل هٰذه الآية. (الجامع لأحكام لقرآن للقرطبي، الجزء لرابع ٢/ ٢٤٠-٢٤٣ دار الفكر بيروت، ٢/ ٢٥٦ طبعة ملونة)

عن جابر بن عبد اللّٰه رضي اللّٰه عنه عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: ليس على خائن ولا منتهب ولا مختلس قطع. (سنن الترمذي، أبواب الحدود / باب ما جاء في الخائن والمختلس والمنتهب ١/ ٢٦٩)

عن عمر رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: من وجدتموه غل في سبيل اللّٰه فأحرقوا متاعه. (سنن الترمذي، أبواب الحدود / باب ما جاء في الغالّ ما يصنع به ١/ ٢٧٠)

عن أنس بن مالك رضي اللّٰه عنه قال: قلما خطبنا رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه

Marfat.com

وسلم إلا قال: لا إيمان لمن لا أمانة له ولا دين لمن لا عهد له. (مشكاة المصابيح، كتاب الإيمان / الفصل الثاني ١/١٥، رواه البيهقي في شعب الإيمان ٨/٧٨ رقم: ٤٣٥٤، مسند أحمد ٣/١٥٤، الترغيب والترهيب مكمل ص: ٦٢٩ رقم: ٤٥٤٦ بيت الأفكار الدولية، المعجم الكبير رقم: ١٠٥٥٢)

إذا صح الوقف لم يجز بيعه ولا تمليكه ..... هو بإجماع الفقهاء ..... من قوله عليه السلام: تصدق بأصلها لا يباع ولا يورث ولا يوهب. (فتح القدير / كتاب الوقف ٦/٢٢٠ دار الفكر بيروت، ٦/٢٠٤ زكريا)

فإذا تم ولزم لا يملك ولا يعار ولا يرهن. (تنوير الأبصار) و في الشامي: قوله لا يملك: أي لا يكون مملوكًا لصاحبه ولا يملك أي لا يقبل التمليك لغيره بالبيع ونحوه لاستحالة تمليك الخارج عن ملكه. (شامي، كتاب الوقف / قبيل مطلب في شرط واقف الكتب أن لا تعار إلا برهن ٦/٥٣٩ زكريا، ٤/٣٥٢ كراچی)

عن ابن عمر وأبي هريرة رضي الله عنهما عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من حمل علينا السلاح فليس منا. (صحيح البخاري) وزاد مسلم: ومن غشنا فليس منا. (مشكاة المصابيح / باب لا يضمن من الجنايات، الفصل الأول ٣٠٥)

عن أبي بكر الصديق رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ملعون من ضار مؤمنا أو مكر به. (مشكاة المصابيح / باب ما ينهى عنه من التهاجر ٤٢٨)

وينزع وجوبًا لو غير مأمون أو عاجزًا، أو ظهر به فسق. (تنوير الأبصار مع الدر المختار / كتاب الوقف ٤/٣٨٠ دار الفكر بيروت)

الثالث إذا ظهرت خيانته؛ فإن القاضي يعزله وينصب أمينًا. (البحر الرائق / كتاب الوقف ٥/٣٩١ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٣/٧/١٤٣٥ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

اَربابِ مدارس کا صدقہ کا گوشت کم داموں میں فروخت کرنا؟

سوال (۶۳۹):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بہت سے مدرسہ والے باوجود صدقہ کا مصرف ہونے کے صدقہ کا گوشت بقر قصاب کے ہاتھ بیچ دیتے ہیں، جب کہ بکرے کا گوشت بازار میں ۸۰/روپئے یا ۷۰/ستر روپئے کلو ہے، اور مدرسے والے صدقہ کے گوشت کو بہت سستے داموں بیس یا تیس روپئے میں بیچ دیتے ہیں، جب کہ کٹرے کا گوشت بھی ۴۰/روپئے کلو فروخت ہورہا ہے، اور یہ بھی نہیں کہ بکرے کا گوشت مدرسہ کے خرچ سے کم ہو؛ بلکہ لوگ پورے پورے بکرے کا گوشت بھیج دیتے ہیں، پھر بھی مدرسہ کے ذمہ داران بکرے کا گوشت بیچتے ہیں، تو کیا ایسا کرنا درست ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صدقہ کے طور پر جو گوشت مدرسہ میں بھیجا جائے وہ مدرسہ کے طلبہ ہی پر خرچ کرنا چاہئے، اگر طلبہ کی ضرورت سے زائد ہو اور بیچنا ناگزیر ہو، تو اُسے مناسب قیمت میں بیچنا ضروری ہے، اور اُس سے حاصل شدہ قیمت طلبہ کے مصرف ہی میں لگائی جائے گی، اُس گوشت کو بقر قصاب کے ہاتھ سستی قیمت میں بیچنا مدرسہ والوں کے لئے جائز نہیں، جتنی کم قیمت میں وہ بیچیں گے، اُس کے وہ خود عنداللہ ذمہ دار ہوں گے۔

بأن صدقة الوقف كالنفل؛ لأنه متبرع بتصدقه بالوقف إذ لا إيقاف واجب، وكان نشاء الغلط وجوب دفعها على الناظر، وبذلك لم تصر صدقة واجبة على المالك؛ بل غاية الأمر أنه وجوب اتباع شرط الواقف على الناظر.

(البحر الرائق ۲/۲۴۷ کراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۴/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

فدیہ کی رقم طلبہ کے درمیان تقسیم کرنے میں اگر مقدار میں کمی بیشی ہوجائے تو کیا حکم ہے؟

سوال (۶۴۰):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں فدیہ کی بڑی رقم موصول ہوتی ہے، جس میں نماز روزہ کا فدیہ ہوتا ہے، بعض مرتبہ بیرونِ ملک سے فدیہ کی رقم موصول ہوتی ہے، اور کوئی تفصیل نہیں ہوتی ہے کہ روزہ کا فدیہ ہے یا نماز کا؟ مذکورہ رقم خورا کی فیس میں وصول کرنے کی بہتر صورت کیا ہوگی؟ ہم زکوٰۃ وصدقہ کی رقم میں سے طلبہ کو دو ہزار دے دیتے ہیں، جسے وہ کھانے وغیرہ کی فیس میں جمع کرادیتے ہیں، فدیہ کی رقم میں اِس طرح تملیک کرانے میں کہ دو ہزار روپئے ہر طالب علم کو دے دیں کہ وہ اپنے کھانے وغیرہ مصارف میں دفتر میں جمع کرادے، اِس طرح ایک طالب علم کو متعدد فدیہ دینا ہوتا ہے، اور نماز کے فدیہ میں اگر ہم دو ہزار روپئے مستحق کو تملیک کراکے جمع کرتے ہیں، تو متعدد فدیے ایک آدمی کو دینا ہوتا ہے، اور اس میں صدقہ فطر کی مقدار میں کمی بیشی ہوتی ہے، فتاویٰ کی کتابوں میں لکھ ہے کہ ایک نماز کا فدیہ (خرچہ) پورا دینا چاہئے، اُس میں کمی درست نہیں۔ ایسے موقع پر فدیہ کی تملیک کرانے کی کون سی صورت بہتر ہوگی؟ ہمارے یہاں داخلہ فارم میں تحریر ہے کہ طالب علم ذمہ دار ادارہ کو اپنا وکیل بناتا ہے کہ وہ اُس کے مصارف میں صرف کرے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مہتمم مدرسہ مستحق طلبہ کی طرف سے حکماً قبضہ کا وکیل ہوتا ہے؛ لہٰذا مدرسہ کے فنڈ میں فدیہ یا صدقات کی رقم آتے ہی معطی کا ذمہ فارغ ہوجاتا ہے بریں بنا اگر اس رقم کو طلبہ کے درمیان تقسیم کرنے میں بالفرض فدیہ کی مقدار میں کمی بیشی ہوجائے، بھی کوئی حرج کی بات نہیں، اور بیک وقت متعدد فدیوں کی رقم ایک فقیر کو دینا بہر حال جائز ہے، اس سے تمام فدیہ دہندگان کا فدیہ ادا ہوجاتا ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۰/۱۷۷، ۹/۵۱۴ ڈابھیل، فتاویٰ خلیلیہ

Marfat.com

١/٨٠، جواہر الفقہ ٤/٣٨٧، ایضاح النوادر ٢/٥٠)

وأما حكمها (أي حكم الوكالة) فمنه قيام الوكيل مقام المؤكل فيما وكّله به. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوكالة / الباب الأول في بيان معناها شرعًا الخ ٣/٥٦٦)

والوكيل بالتقاضي يكون وكيلاً بالقبض في ظاهر الجواب. (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الهندية ٣/١٢)

ويجوز إعطاء فدية صلوات وصيام أيام ونحوها لواحد من الفقراء جملة.

(مراقي الفلاح على الطحطاوي ٤٣٩ - ٤٤٠ المكتبة الأشرفية ديوبند)

ولو دفع جملة إلى فقير واحدٍ جاز. (الفتاوىٰ التاتارخانية ١/٧٧١، الدر المختار مع الشامي ٢/٥٣٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٦/٨/١٤٣٠ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مدرسہ میں مشتبہ آمدنی کا مال لگانا

مدرسہ کی جائیداد بینک کو کرایہ پر دے کر آمدنی مدرسہ میں لگانا؟

سوال (۶۴۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کی جائیداد کو بینک والوں کے لئے کرایہ پر دینا اور اس کرایہ کو مدرسہ میں صرف کرنا شرعاً کیا حکم رکھتا ہے؟ یا اپنی ذاتی جائیداد کو بینک والوں کے لئے کرایہ پر دینا اور اس کرایہ کو اپنے اوپر خرچ کرنا کیا حکم رکھتا ہے؟ ساتھ ساتھ یہ واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ آج کل بینک میں صرف سودی کاروبار ۷۰ رفیصد تک ہوتا ہے، علاوہ اِس کے بینکوں میں زیورات اور اہم کاغذات کی حفاظت اور رفاہی کام بھی ہوتا ہے، اور آج کل بہت ہی اہم ہے کہ کاروباری سلسلہ میں باہر ممالک سے جن کی بھی تجارت ہے، ان سب کے لئے بینک ایک ناگزیر ضرورت ہے؛ بلکہ کاروبار کا ایک جز ہوگیا ہے، بغیر بینک کے تجارت باہر ممالک سے بالکل ہی ناممکن ہے، بائع اور مشتری کے مابین کاغذات کا تبادلہ اور اُن دونوں کے بیچ خرید وفروخت کے لئے بینک ہی حکم کا درجہ رکھتا ہے، اِن سب کے علاوہ اور بھی بہت کام ایسے ہیں جو بغیر سود کے بینک سے ہوتے ہین، کیا اِن حالات میں بھی بینک کا وہی حکم ہے جو پہلے بتایا جاتا تھا کہ اس کے لئے عمارت وغیرہ کرایہ پر دینا مکروہ ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ کی یا اپنی جائیداد بینک کو کرایہ پر دینا مکروہ لغیرہ ہے؛ لیکن اس سے جو بھی آمدنی کرایہ پر دینے والے کو ہوگی وہ حلال ہوگی؛ اِس لئے کہ سودی کاروبار میں اس کا براہِ راست کوئی دخل نہیں ہے، یہی حکم موجودہ دور میں بھی ہے؛ تاہم حتی الامکان بینک کو اپنی عمارت کرایہ پر دینے میں احتیاط کرنی چاہئے۔ (جواہر الفقہ ۴۵۶/۲، احسن الفتاویٰ ۵۴۶/۶)

Marfat.com

وجاز إجارة بيت بسواد الكوفة ..... ليتخذ بيت نار أو كنيسةً أو بيعةً، وقالا: لا ينبغي ذٰلک؛ لأنه إعانة على المعصية. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الحظر والإباحة / باب الاستبراء وغيره ٥٦٢/٩-٥٦٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۲/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

سرکاری پل کے سامان سے ٹھیکے دار کا مدرسہ بنانا؟

سوال (٦٤٢):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کے قریب ایک نہر ہے، اُس نہر پر ایک پل بنانے کے لئے سرکار کی طرف سے آرڈر آ گیا، اس پل کے ہندو ٹھیکے دار سے مہتمم مدرسہ نے مدرسہ کا ایک کمرہ بنانے کی درخواست کی، تو اُس نے اپنی طرف سے بنانے کا وعدہ کرلیا، پھر پل کے ساز وسامان جب جب آتے ہیں، تو اس میں سے تھوڑا تھوڑا کر کے مدرسہ کو دیتا ہے، حالاں کہ پل کے بنانے میں اس سامان کو بھی شامل کیا جاتا ہے جو مدرسہ میں دیا گیا ہے، کیا صورتِ مسئولہ میں مدرسہ کا کمرہ بنانا درست ہے یا نہیں؟ نیز صورت مسئولہ میں ہندو ٹھیکے دار کے بجائے مسلمان ٹھیکے دار ہو تو کیسا ہے؟ اگر صورت مسئولہ جائز نہیں ہے تو جائز کی کوئی صورت نکالی جاسکتی ہے یا نہیں؟ رہنمائی کیجئے۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر ہندو ٹھیکے دار اپنی ذاتی رقم سے مدرسہ کا کمرہ بنوائے تو اس کی تو اجازت ہے؛ لیکن مسئولہ صورت میں اس ٹھیکے دار نے مدرسہ کے کمرہ میں جو سامان لگایا ہے اُس کی قیمت سرکار سے وصول کی ہے، یہ ہرگز جائز نہیں ہے؛ بلکہ کھلا ہوا دھوکہ ہے، اگر حکومت کو یہ بات معلوم ہوجائے تو وہ اس ٹھیکے دار کے خلاف سخت کارروائی کرے گی؛ لہٰذا مدرسہ والوں کو اِس معاملہ پر قطعاً راضی نہیں ہونا چاہئے، جان بوجھ کر دھوکہ کے مال سے کمرہ بنوانا قطعاً حرام ہے، اِس کے جواز کی کوئی شکل نہیں ہے۔

Marfat.com

قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ: ﴿اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ اِلٰى اَهْلِهَا﴾

[النساء، جزء آیت: ۵۸]

قال اللّٰه تعالیٰ: ﴿اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ﴾ [الأنفال، جزء آیت: ۵۸]

عن أبي جحيفة عن أبيه رضي اللّٰه عنه قال: آخى النبي صلى اللّٰه عليه وسلم بين سلمان وأبي الدرداء، ..... فقال له سلمان: ..... فأعط كل ذي حق حقه.

(صحيح البخاري، كتاب الأدب / باب صنع الطعام والتكلف للضيف ۲۶۴/۱ رقم: ۶۱۳۹ دار الفكر بيروت)

عن عبد اللّٰه رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: من غشنا فليس منا والمكر والخداع في النار. (المعجم لكبير للطبراني ۱۳۸/۱۰ رقم: ۱۰۲۳۴)

ومصرف الجزية والخراج ومال التغلبي وهديتهم للإمام، مصالحنا كسدّ ثغور وبناء قنطرة وجسر، وكفاية العلماء الخ، قوله كفاية العلماء: هم أصحاب التفسير والحديث والظاهر أن المراد بهم من يعلم العلوم الشرعية فيشمل الصرف والنحو وغيرهما. (شامي، كتاب الجهاد / مطلب في مصارف بيت المال ۲۱۷/۴ كراچی، البحر الرائق، كتاب السير / فصل في لجزية ۱۱۷/۵ كوئٹه، تبين الحقائق، كتاب السير / فصل في الجزية ۳۸۳/۳ إمدادية ملتان)

ولو قال الذمي: يسرج به بيت المقدس أو يجعل في مرمة بيت المقدس جاز. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / لباب الأول، مطلب في وقف الذمي ۳۵۳/۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۹/۶/۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مشترکہ تالاب کی نیلامی کی رقم شرکاء کی مرضی کے بغیر مدرسہ میں دینا؟

سوال (۶۴۳): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں پچاس آدمیوں کا ایک مشترکہ تالاب ہے، اور شرکاء میں یتیم مسکین اور غرباء بھی ہیں، اس کی ہر سال نیلامی ہوتی ہے، چند بڑے لوگوں نے نیلامی میں بیچی ہوئی رقم میں سے تمام شرکاء سے

Marfat.com

اِجازت حاصل کئے بغیر ۱۵ ہزار روپئے مہتمم کے کہنے پر دے دیا، اور پتہ چلنے کے بعد بعض شرکاء کی طرف سے ناراضگی کا اظہار کیا۔ تو سوال یہ ہے کہ صورتِ مسئولہ میں نیلام کر کے بیچنا جائز ہے یا نہیں؟ اور بعض شرکاء کی ناراضگی کو جانتے ہوئے مدرسہ کے کام میں اس روپئے کا استعمال درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مشترکہ تالاب کی کل رقم مسئولہ صورت میں مدرسہ کو دینی قطعاً جائز نہیں اور نہ مدرسہ والوں کو معلوم ہونے کے باوجود ایسی رقم کا لینا درست ہے، نابالغ اور یتیم شرکاء کا حصہ تو ان کی اِجازت سے بھی کارِ خیر میں نہیں لگ سکتا، ان کے علاوہ دیگر شرکاء کی واقعی رضامندی ضروری ہے، جو حسبِ تحریر سوال مسئولہ صورت میں نہیں پائی گئی؛ اِس لئے یہ رقم مدرسہ میں ہرگز نہ لگائی جائے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ اَمْوَالَ الْیَتٰمٰی ظُلْمًا اِنَّمَا یَاْکُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا وَسَیَصْلَوْنَ سَعِیْرًا. [النساء، جزء آیت: ۱۰]

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه رضي اللّٰہ عنه قال: قال رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم: ألا لا تظلموا! ألا لا يحل مال امرء إلا بطيب نفس منه. (مشكاة المصابيح / باب الغصب والعارية، الفصل الثاني ۲۵۵، مرقاة المفاتيح / باب الغصب والعارية، الفصل الثاني ۱۱۸/٦ المكتبة الأشرفية ديوبند، المسند للإمام أحمد بن حنبل ۷۲/۵، شعب الإيمان للبيهقي ۳۸۷/٤ رقم: ٥٤٩٢ دار الكتب العلمية بيروت)

ولا يجوز لأحدهما أن يتصرف في نصيب الآخر إلا بأمره، وكل واحد منهما كالأجنبي في نصيب صاحبه الخ. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الشركة / الباب الأول في بيان أنواع الشركة ۳۰۱/۲ كوئٹه، مجمع الأنهر، كتاب الشركة ٥٤٣/٢ دار الكتب العلمية بيروت، الهداية / كتاب الشركة ٦٢٤/٢) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۹/۶/۱۴۳۰ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

سرکاری اِسکول کے مطبخ سے بچا ہوا کھانا استعمال کرنا؟

سوال (۶۴۴):-کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک اسکول جس میں بیرونی مسلم غیر مسلم لڑکے لڑکیاں پڑھتے ہیں، جو سرکاری ہے اور پڑھنے والوں سے بھی سالانہ مکمل قیام وطعام کا خرچ جمع کرایا جاتا ہے؛ اس لئے مطبخ ہے، مطبخ کا ناظم مسلمان ہے، جس کی نگرانی میں مسلم وغیر مسلم کھانا بناتے ہیں، اس کھانے میں سے زائد کھانا یعنی جو اُن طلبہ سے بچ کر مطبخ میں رہ جاتا ہے، لاکر غریب یا صاحبِ حیثیت لوگ بھی رزق کے طور پر کھا سکتے ہیں یا نہیں؛ کیوں کہ وہ پھینک دیتے ہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں اگر اسکول کی انتظامیہ اس کھانے کو منتظم مطبخ وغیرہ کے لئے استعمال کی اِجازت دے دے، تو منتظم مطبخ اور اُس کے ساتھی اس بچے ہوئے کھانے کو استعمال کر سکتے ہیں۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۵/۲۸۶، امداد الفتاویٰ ۴/۱۴۶)

والحيلة أن يتصدق على فقير ثم يأمره بعد ذلك (بفعل هذه الأشياء).

(الدر المختار مع الشامي، كتاب الزكاة / باب المصرف ۲/۳۴۵ كراچی، سكب الأنهر على هامش مجمع الأنهر، كتاب الزكاة / باب المصرف ۲/۳۲۹ دار الكتب العلمية بيروت، البحر الرائق، كتاب الزكاة / باب المصرف ۲/۲۴۳ كوئٹه) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۱۱/۱۴۲۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

غیر مسلم کا مدرسہ میں دان کرنا؟

سوال (۶۴۵):-کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص غیر مسلم آڑتی ہے، لوگوں کا مال آتا رہتا ہے، اس میں اکثر وبیشتر سیمیل ہوتا ہے اور وہ سیمیل اکٹھا ہوتا رہتا ہے، غیر مسلم اُس کو فروخت کر کے اُس کا روپیہ بخوشی دان کرنا چاہتا ہے،

Marfat.com

کیاوہ دان کار وپیہ مدرسہ کی عمارت میں لگ سکتا ہے یانہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر آئندہ کسی فتنہ کا اندیشہ نہ ہوتو غیر مسلم کا دیا ہوا مذکورہ چندہ مدرسہ کے لئے قبول کیا جاسکتا ہے۔(مستفاد: امداد الفتاویٰ ۲/۶۸۸)

اعلم أن وصايا الذمي ثلاثة أقسام: الأول جائز بالاتفاق، وهو: ما إذا أوصىٰ بما هو قربةٌ عندنا وعنده، كما إذا أوصى بأن يسرج في بيت المقدس ..... سواء كان لقوم معينين أو لا. والثاني باطل بالاتفاق، وهو: ما إذا أوصى بما ليس قربة عندنا وعندهم، كما إذا أوصى للمغنيات والنائحات، أو بما هو قربة عندنا فقط كالحج وبناء المسجد للمسلمين، إلا أن يكون لقوم بأعيانهم فيصح تمليكًا.

والثالث مختلف فيه، وهو: ما إذا أوصى بما هو قربة عندهم، كبناء الكنيسة لغير معينين، فيجوز عنده لا عندهما، وإن لمعنيين جاز إجماعًا. وحاصله أن وصيته لمعينين يجوز في الكل على أنه تمليك له. وما ذكره من الجُنة من إسراج المساجد ونحوه على الطريقة المشهورة بالالتزام، فيفعلون به ما شاءوا؛ لأنه ملكهم، والوصية إنما صحت باعتبار التمليك. زيلعي ملخصًا.

(شامي، كتاب الوصايا / فصل في وصايا الذمي وغيره ٦/٦٩٦ كراچی، الهداية، كتاب الوصايا / باب وصية الذمي ٤/٦٨٥ المكتبة الإمدادية ملتان، وكذا في مجمع الأنهر، كتاب الوصايا / باب وصية الذمي ٤/٤٥١ المكتبة الغفارية كوئٹه) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۹/۲/۱۴۱۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مدرسہ و مسجد کے مصارف کو باہم استعمال کرنا

مدرسہ کا روپیہ مسجد میں لگنے کیلئے معطین کی اِجازت شرط ہے؟

سوال (۶۴۶):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مدرسہ جو مختلف ممبران کے چندہ کی آمدنی سے چل رہا ہے، اور اس کا چندہ مدرسہ کے نام پر چھپی ہوئی رسید بک پر کیا جارہا ہے، اگر اس روپئے کو کسی وقت ضرورت پڑنے پر مسجد میں خرچ کیا جائے، تو اس میں کوئی قباحت تو نہیں؟ اس مسئلہ کو حدیث وقرآن کی روشنی مین مدلل جواب سے آگاہ کریں؛ اس لئے کہ یہ رقم ظاہر ہے کہ کچھ ممبران زکوٰۃ بھی ادا کرتے ہوں گے اور اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوگی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ کی رقم مسجد میں خرچ کرنے کی اِجازت نہیں ہے، اگر خرچ کی جائے تو نفلی عطیات دینے والوں کی صراحۃً یا دلالۃً اِجازت ضروری ہے، اور زکوٰۃ وصدقاتِ واجبہ کی رقومات تو کسی بھی طرح مسجد میں صرف نہیں کی جاسکتیں، بے محل صرف کرنے پر ذمہ دارانِ مدرسہ زکوٰۃ کی رقم کے ضامن ہوں گے اور عنداللہ جواب دہ ہوں گے۔

ولا يجوز أن يبنى بالزكاة المسجد الخ. (الفتاوىٰ الهندية ۱۸۸/۱)

على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة والعرف يصلح مخصصًا ٦٦٥/٦ زكريا، ٤٤٥/٤ كراچی)

إذا ذكر للوقف مصرفًا، لا بد أن يكون فيهم تنصيص على الحاجة حقيقة.

(رد المحتار، كتاب الوقف / مطلب: متى ذكر للوقف مصرفًا لا بد أن يكون لخ ٣٦٥/٤ دار الفكر بيروت)

Marfat.com

وهنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل، وقد أمره بالدفع إلى فلان، فلا يملك الدفع إلى غيره. (شامي / كتاب الزكاة ٢٦٩/٢ دار الفكر بيروت)

وإذا أراد أن يصرف شيئًا من ذلك إلى إمام المسجد أو إلى مؤذن المسجد فليس له ذلك، إلا إن كان الواقف شرط ذلك في الوقف، كذا في الذخيرة. (الفتاوى الهندية / الباب الحادي عشر في المسجد ٤٦٣/٢ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٨/١/١٤١٦ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کی رقم مسجد میں لگانا؟

سوال (٦٤٧):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا مدرسہ کی رقم سے محلّہ کی مسجد کے لئے چٹائی، لوٹا، مائک وغیرہ لیا جاسکتا ہے؟
باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ کی رقم محلّہ کی مسجد میں لگانی درست نہیں ہے؛ البتہ اگر کوئی مسجد مدرسہ کے تابع ہو تو اُس میں مدرسہ کی رقم صرف کرنا درست ہے۔

شرط الواقف كنص الشارع، فيجب اتباعه. (شامي، كتاب الوقف / مطلب ما خالف شرطَ الواقف فهو مخالف للنص والحكم الخ ٤٩٥/٤ كراچی، ٧٣٥/٦ زكريا، كفايت المفتی ٩٩/٧)

على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة والعرف يصلح مخصصًا ٦٦٥/٦ زكريا، ٤٤٥/٤ كراچی)

أجمعت الأمة أن من شروط الواقفين ما هو صحيح معتبر يعمل به. (البحر الرائق / كتاب الوقف ٤١١/٥ زكريا، وكذا في تبيين الحقائق / كتاب الوقف ٢٦٩/٤ دار الكتب العلمية بيروت) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ٢٩/١٠/١٤١٧ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مسجد کی رقم مدرسہ کی ضرورت میں خرچ کرنا؟

سوال (۶۴۸):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مسجد کی رقم کو مدرسہ کی ضرورت میں خرچ کرنا، نیز جب مدرسہ میں رقم آجائے تو مسجد کی رقم پوری کردینا، شرعاً یہ فعل کیسا ہے؟ اُمید کہ جواب دے کر ممنون ومشکور فرمائیں گے، نوازش ہوگی۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایک مد کی رقم دوسری مد میں بلاضرورت استعمال نہیں کرنی چاہئے، اور اگر شدید ضرورت کے وقت استعمال کرلی جائے تو جلد از جلد اُس کی واپسی کی فکر کریں۔

أما المال الموقوف على المسجد الجامع إن لم تكن للمسجد حاجة للحال، فللقاضي أن يصرف في ذلك؛ لكن على وجه القرض فيكون دينًا في مال الفيء. (الفتاوىٰ الهندية ٤٦٤/٢)

ولايجوز نقله ونقل ماله إلى مسجد آخر، سواء كانوا يصلون فيه أولا.

(شامي، كتاب الآبق / مطلب فيما لو خرب المسجد أو غيره ٥٤٨/٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۲۸/۱۱/۱۴۲۵ھ

مسجد کی رقم مدرسہ میں یا مدرسہ کی مسجد میں بطور قرض دینا؟

سوال (۶۴۹):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا مسجد کی رقم مدرسہ میں اور مدرسہ کی رقم مسجد میں قرض کے طور پر استعمال کرسکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بہتر تو یہ ہے کہ مسجد اور مدرسہ (جب کہ اُن کا نظام الگ الگ ہو) کی رقومات بالکل الگ الگ رکھی جائیں؛ البتہ اگر کبھی سخت ضرورت پیش آجائے اور رقم واپس وصول ہونے پر اعتماد ہو، تو ایک دوسرے مد میں قرض لینے کی بھی گنجائش ہے۔

Marfat.com

وعلى الإمام أن يجعل لكل نوع من هٰذه الأنواع بيتًا ليخصه ولا يخلط بعضه ببعض؛ لأن لكل نوع حكمًا يختص به، فإن لم يكن في بعضها شيء، فللإمام أن يستقرض عليه من النوع الآخر، ويصرفه إلى أهل ذٰلك، ثم إذا حصل من ذٰلك النوع شيء رده في المستقرض منه. (تبيين الحقائق، كتاب السير / باب العشر والخراج والجزية ١٧١/٤ دار الكتب العلمية بيروت، وكذا في البحر الرائق، كتاب السير / باب العشر والخراج والجزية ٢٠٠/٥-٢٠١ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۳/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مسجد کی جگہ مدرسہ اور مدرسہ کی جگہ میں مسجد بنانا؟

سوال (٦٥٠):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: گاؤں سکٹونگلہ میں ایک چھوٹی مسجد ہے اور اسی کے ایک طرف کافی جگہ مدرسہ کی ہے، جس میں تقریباً پچاس بچے تعلیم حاصل کرتے ہیں، یہ سب بچے محلّہ ہی کے ہیں۔ اَب ضرورت ہے کہ مسجد بڑھائی جائے؛ کیوں کہ مسجد میں ممبر بھی نہیں ہے، اگر ممبر کی جگہ بنائی جائے تو مسجد بہت چھوٹی ہوجائے گی، مسجد اور مدرسہ کے چاروں طرف عام راستے ہیں۔ مسئلہ معلوم یہ کرنا ہے کہ مسجد مدرسہ کی جگہ بنائی جاسکتی ہے؟ اور مسجد کی جگہ میں مدرسہ بنایا جاسکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس جگہ پہلے سے مسجد بنی ہوئی ہے، اُسے مدرسہ میں تبدیل نہیں کیا جاسکتا ہے؛ البتہ اگر مسجد میں توسیع کی ضرورت ہو تو ذمہ داران کے مشورہ اور رضامندی سے مدرسہ کی زمین میں سے ضرورت کے مطابق حصہ مسجد میں شامل کرکے اُس کی توسیع کردی جائے۔ (احسن الفتاویٰ ٦/ ٤٥٦، فتاویٰ محمودیہ ٢/ ٤٦٦، کفایت المفتی ٣/ ١٢٩، آپ کے مسائل اور اُن کا حل ٢/ ٦/ ١٣)

وأما لو تنمت المسجدية ثم أراد البناء منع. (الدر المختار مع الشامي، كتاب

Marfat.com

الوقف / مطلب في أحكام المسجد ٥٤٨/٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۲۶/۱۱/۲۲ھ

ایک مدرسہ کی ضرورت سے زائد پیسہ دوسرے مدرسہ کو دینا؟

سوال (٦٥١):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کا ضرورت سے زائد بچا ہوا پیسہ دوسرے مدرسہ کو دیا جا سکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: کسی مدرسہ کا زائد پیسہ دوسرے مستقل مدرسہ کو دینا جائز نہیں ہے؛ کیوں کہ دونوں کا نظام الگ الگ ہے، اور چندہ دہندگان نے اپنی رقومات دوسری جگہ لگانے کی اجازت نہیں دے رکھی ہے؛ البتہ دوسرا مدرسہ اگر پہلے مدرسہ کی شاخ ہو اور دونوں کا انتظام مربوط ہو، تو اس کا پیسہ ماتحت مدرسہ میں لگانے کی اجازت ہے؛ اس لئے کہ اس صورت میں یہ دوسرا مدرسہ پہلے مدرسہ کے ایک شعبہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۵/۴۷۳ ڈابھیل)

قال الخير الرملي: ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين، أحدهما: للسكنى والآخر للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر وهي واقعة الفتوىٰ. (رد المحتار، كتاب الوقف / مطلب في نقل أنقاض المسجد ونحوه ٣٦١/٤ كراچی، ٥٥١/٦ زكريا)

وأما إذا اختلف الواقف أو اتحد الواقف واختلف الجهة بأن بنى مدرسةً ومسجدًا وعيّن لكل وقفًا: فضل من غلة أحدهما لا يبدل شرط الواقف ..... وقد علم منه أنه لا يجوز لمتولي الشيخونية بالقاهرة صرف أحد الوقفين للآخر.

(البحر الرائق / كتاب الوقف ٣٦٢/٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۳/۴/۱۴۲۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

ایک مدرسہ کی اینٹ دوسرے میں لگانا؟

سوال (۶۵۲):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر کوئی شخص مدرسہ، دعوت وتبلیغ اور بیعت وارشاد کی ذمہ داریاں ایک ساتھ نبھائے اور اہل ضلع وملک عقیدت رکھیں اور مریدین کی بھی بڑی تعداد ہو، اور خورد وبرد یعنی پچاس ہزار اینٹ مدرسہ سے لے جا کر گھر یا کسی دوسرے مدرسہ میں لگا دیں، اور رسیدوں سے چندہ کر کے رسید بکیں کمیٹی کو سپرد نہ کریں، تحریری گڑبڑ پکڑے جانا ایک ادارہ سے تین ہزار روپئے ماہانہ تنخواہ لینا، چندہ دوسرے مدرسہ کی بکوں سے کرنا جہاں پر طلبہ بھی نہ ہوں، اور تین لاکھ کی مالیت بیٹے کے نام کرا دینا، جو اِن خلافِ شرع اُمور میں ملوث ہوں۔

تو کیا عالم صاحب کو عوام نظر انداز کر دیں اور تعظیم علماء کے تحت اُن کے افعال کو مکمل طور سے چھپالیں اور وہ اپنا کام علی الاعلان جاری رکھیں، یا عوام افشاء واعلان کریں یا مخفی کوشش کریں، کیا لازم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایک مدرسہ کی اینٹ دوسرے مدرسہ یا اپنے ذاتی گھر میں لگانا اور رسیدوں سے چندہ کر کے اُس کا حساب نہ دینا اور غیر کی ملکیت اپنے بیٹے کے نام کرنا ناجائز اور حرام ہے، جو شخص بھی اِن اُمور میں ملوث ہو اُس کی اصلاح کی ہر ممکن کوشش کی جائے۔

(فتاویٰ محمودیہ ۱۲/۲۱۳ قدیم زکریا)

لأنه لو أنفق على نفسه فقد استحكم ما ارتكبه من الفعل الحرام. (بذل المجهود ۱/۱٤۸ قديم سهارنفور)

لا يجوز لمتولي الشيخونية بالقاهرة صرف أحد الوقفين للآخر. (البحر الرائق / كتاب الوقف ۵/۳٦۲ زكريا)

لا يجوز التصرف في مال غيره الخ؛ لأن الملك ما من شأنه أن يتصرف

Marfat.com

فيه بوصف الاختصاص . (شامي، كتاب البيوع / مطلب في تعريف المال والملك الخ ٤/٢ ٥٠ دار الفكر بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۰/۲/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کے موٹر کا پانی محلّہ کی مسجد میں صرف کرنا

سوال (۶۵۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: وہ پانی کا موٹر جو من جانب مدرسہ ہو، کیا اُس کا پانی محلّہ کی مسجد میں صرف ہوسکتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو موٹر مدرسہ کی رقم سے خریدا گیا ہے، اُس کا پانی اہلِ مدرسہ ہی کی ضروریات میں خرچ ہونا چاہئے، ہاں اگر کسی شخص نے موٹر چندہ میں دیا ہے اور اُس کی نیت یہ ہے کہ سبھی پاکی حاصل کرنے والے اِس سے فائدہ اٹھائیں، تو اُس کا پانی مسجد میں بھی پہنچایا جاسکتا ہے۔

على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة والعرف يصلح مخصصًا ٦/٦٦٥ زكريا، ٤/٤٤٥ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۹/۱۰/۱۴۱۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کے جنریٹر کا کنکشن محلّہ کی مسجد میں دینا

سوال (۶۵۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کی رقم سے جو جنریٹر آیا ہو، کیا اس کا کنکشن محلّہ کی مسجد میں دیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس جگہ مسجد اور مدرسہ کا نظام الگ الگ ہو، اور مدرسہ

Marfat.com

میں دی جانے والی رقم کا منشاء صرف مدرسہ ہی کی ضروریات میں خرچ کرنا ہو، تو وہاں اگر مدرسہ کی رقم سے جنریٹر خریدا گیا ہے تو اُس کی روشنی مسجد میں مفت استعمال نہ کی جائے؛ بلکہ مسجد کی طرف سے اس روشنی پر کچھ کرایہ مقرر کردینا چاہئے؛ تاکہ چندہ دہندگان کے مقصد کی خلاف ورزی نہ ہو۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۶۴۹ ڈابھیل)

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم المخالفة ٤/٤٣٣-٤٣٤ كراچی، ٦/٦٤٩ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ١/٣٠٥ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوى الحامدية ١/١٢٦ المكتبة الميمنية مصر)

وهنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل، وقد أمره بالدفع إلى فلان، فلا يملك الدفع إلى غيره. (رد المحتار / كتاب الزكاة ٢/٢٦٩ كراچی)

بعث شمعًا في شهر رمضان إلى مسجد فاحترق، وبقي منه ثلثه أو دونه، ليس للإمام ولا للمؤذن أن يأخذ بغير إذن الدافع. ولو كان العرف في ذلك الموضع أن الإمام والمؤذن يأخذه من غير صريح الإذن في ذلك فله ذلك الخ. (البحر الرائق، كتاب الوقف / فصل في أحكام المساجد ٥/٤١٩ زكريا)

ولا تجوز إجارة الوقف إلا بأجر المثل. (الفتاوى الهندية / الباب الخامس من كتاب الوقف ٢/٤١٩) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۲۹/۱۰/۱۴۱۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کا ۵/ہزار کا درخت ۱۰۰/روپئے میں فروخت کرکے آمدنی مسجد میں استعمال کرنا؟

سوال (۶۵۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: مدرسہ اور مسجد بالکل قریب ہے، صرف درمیان میں ایک دیوار ہے، مدرسہ اور مسجد کی کمیٹی بھی الگ الگ ہے۔ میرا سوال یہ ہے کہ مدرسہ میں ایک درخت تھا، مسجد کی کمیٹی نے اُس درخت کو کاٹ لیا، کاٹنے کے بعد دونوں کمیٹی نے جھگڑا کیا، اِس کے بعد مدرسہ کے مہتمم نے ۵ رہزار روپے کا درخت ایک سو روپے میں بیچ دیا، یعنی ۵ رہزار روپے کا درخت ایک سو روپے میں دینا اور اس درخت کو مسجد میں استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ قوم کی اَمانت ہے، مہتمم مدرسہ کے لئے جائز نہیں ہے کہ مدرسہ کے درخت یا کسی اور چیز کو عام قیمت سے کم پر بیچے، جس میں غبن فاحش ہو؛ اس لئے مدرسہ کے ذمہ داران حضرات اور محلّہ کے بااثر لوگوں پر لازم ہے کہ وہ اس بیع کو فسخ کریں یا مناسب قیمت وصول کریں۔ (مستفاد: فتاویٰ رحیمیہ ۱۲/۲۲۱)

وذكر الخصاف أن الواقف أيضًا إذا اٰجر بالأقل مما لا يتغابن الناس فيه لم تجز ويبطلها القاضي. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: إذا آجر المتولي بغبن فاحش كان خيانة ٦/٤ ٦١ زكريا)

ولا تجوز إجارة الوقف إلا بأجر المثل. (الفتاوى الهندية / الباب الخامس من كتاب الوقف ٢/٤١٩) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۲۰/۳/۱۴۲۱ھ

مسجد کی ضرورت کے پیشِ نظر مدرسہ کے لئے خرید کردہ حصہ مسجد میں شامل کرنا؟

سوال (۶۵۶): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: محلّہ اسلام نگر کالاگڑھ ضلع بجنور میں ایک چھوٹی مسجد ہے، اور اسی سے متصل ایک مکتب چل

Marfat.com

رہا ہے، ذمہ دار حضرات نے راستہ سے متصل مسجد کی دوسری سمت میں مدرسہ کے لئے جگہ خریدی تھی، اور اَب مسجد تنگ ہونے اور جمعہ وعیدین میں لوگوں کو پریشانی کا سامنا کرنے کی وجہ سے ذمہ دار حضرات یہ چاہتے ہیں کہ اس مدرسہ کی جگہ کو مسجد میں شامل کر کے اس کو کشادہ کرلیں اور اسی میں کچھ دوکانیں بھی بنالیں، جو مسجد کی آمدنی کا ذریعہ ہو، اور مسجد و مدرسہ کے ذمہ دار بھی ایک ہی ہیں۔ تو کیا اس مدرسہ کی جگہ کو مسجد میں شامل کر کے مسجد کی توسیع کی جاسکتی ہے یا نہیں؟ اور مسجد کے فنڈ کو اس کی تعمیر میں لگایا جاسکتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مذکورہ مسجد و مدرسہ ایک ہی منتظمہ کمیٹی کے زیر انتظام ہے، تو مسئولہ صورت میں مسجد کی ضرورت کے پیشِ نظر مدرسہ کے لئے خرید کردہ حصہ مسجد میں شامل کیا جاسکتا ہے، اور اس میں دوکانیں بنانے کے بجائے مدرسہ کی ہی مختصر عمارت بنوادی جائے؛ تاکہ مدرسہ کی ضرورت بھی پوری ہوسکے، مسجد کی توسیع میں مسجد کا روپیہ لگایا جاسکتا ہے اور مدرسہ کی تعمیر کے لئے اسی عنوان سے چندہ کرلیا جائے۔ (مستفاد: انوار رحمت ۱۳۵، فتاویٰ رحیمیہ ۲/۱۸۷)

وفي شرح الملتقى: يصرف وقفها لأقرب مجانس لها. (شامي، كتاب الآبق / مطلب فيما لو خرب المسجد أو غيره ٦/٥٤٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۵/۵/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

مشترکہ جائیداد میں مدرسہ قائم ہوجانے کے بعد ایک شریک کا اُس میں مسجد بنانا؟

سوال (۶۵۷): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ''مدرسہ مدینۃ العلوم'' ایک تعمیر شدہ آراضی میں آٹھ سال سے قائم ہے، اس آراضی کا بیع نامہ چار بھائیوں کے نام ہیں، بکر، عبداللہ، لیاقت، امیر حسن، پانچواں بھائی مختار ہے، مختار نے اپنے

Marfat.com

بھائی لیاقت کا حصہ ۴۰ر ہزار روپئے میں خرید لیا، اور خریدنے کے بعد گواہان: شرافت علی، محمد حنیف، الیاس انجم، اقبال احمد وغیرہ کی موجودگی میں بذاتِ خود تالا کھول کر اور یہ کہہ کر کہ میں مدرسہ کو دے رہا ہوں، چابی انتظامیہ کے حوالہ کر دی، اَب مدرسہ کا قیام عمل میں آیا، جب مدرسہ چل پڑا ،اُس وقت مختار کے بھائی بکر، عبداللہ بھی زندہ تھے، اُنہوں نے اپنی زندگی میں مدرسہ چلنے سے اعتراض بھی نہیں کیا، معلوم ہوا کہ وہ بھی مدرسہ چلنے سے رضامند تھے، ایک بھائی امیر حسن جو ایک حصہ کا مالک ہے، وہ یہ چاہتا ہے کہ اس جگہ مسجد قائم ہو، یہ جگہ مسجد کے لئے دی ہے، کل زمین ۲۵۵ر گز ہے، صورتِ مذکورہ میں کتنی جگہ میں مسجد قائم ہو اور کتنی جگہ میں مدرسہ قائم ہو، یا ایک حصہ کے مالک کو اس کی قیمت دی جاسکتی ہے؛ تاکہ اس رقم کو دیگر مسجد میں صرف کر دیں یا نہیں؟ اس مسجد کی جگہ میں مدرسہ قائم ہوسکتا ہے یا نہیں؟

اِس وقت صورتِ حال یہ ہے کہ مدرسہ بند کر دیا گیا ہے، جس میں مقامی طلبہ کے علاوہ بیرونی طلبہ بھی زیر تعلیم تھے، مکمل اخراجات مدرسہ برداشت کرتا تھا، اور مدرسہ کی ملکیت میں کوئی آراضی بھی نہیں ہے، اس صورت میں مدرسہ بند کرنا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں امیر حسن صرف اپنے حصہ والی جگہ میں مسجد قائم کرنے کا مجاز ہے، اور جو حصہ اس کے دیگر بھائیوں نے مدرسہ کے نام دیا ہے وہ مدرسہ ہی کا ہے، اُسے زبردستی مسجد قرار نہیں دیا جاسکتا اور اس حصہ میں قائم مدرسہ کو بدستور جاری رکھنا چاہئے، اُسے بند کرنے کا حق کسی کو نہیں۔

كل يتصرف في ملكه كيف شاء. (شرح المجلة لسليم رستم باز / الفصل الأول في بعض قواعد في أحكام الأملاك ١/٦٥٤ رقم المادة: ١٩٢)

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم لمخالفة

Marfat.com

٤٣٣/٤-٤٣٤ كراچی، ٦٤٩/٦ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد:

٣٠٥/١ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوى الحامدية ١٢٦/١ المكتبة الميمنية مصر) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۲۶/۵/۲۶ھ

نیچے مدرسہ اور اوپر مسجد بنانا؟

سوال (۶۵۸):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص نے اپنے مرحوم والد کی طرف سے مدرسہ کو زمین دی اور اس نیت سے دی کہ مدرسہ نیچے بنایا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ تبلیغ کا کام بھی چلتا رہے، اِسی نیت سے اوپر مسجد بنانے کا عزم کیا گیا اور اس زمین میں ایک شخص نے فاؤنڈیشن بنانے کے لئے ۸۰/ہزار روپے دئے، اور اُس کی بھی یہی نیت تھی کہ نیچے مدرسہ اور اوپر مسجد بنائی جائے؛ لیکن بعض حضرات کا یہ کہنا ہے کہ مسجد نیچے بنائی جائے اور اوپر مدرسہ۔

جواب طلب امر یہ ہے کہ آیا مدرسہ اوپر اور مسجد نیچے بنائی جائے، یا پھر زمین دینے والے اور فاؤنڈیشن کی رقم دینے والے کی نیت کے مطابق نیچے مدرسہ اور اوپر مسجد بنائی جائے؟ اس مسئلہ میں ہماری رہنمائی فرمائیں

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: واقف کی نیت جب شروع سے یہ تھی کہ نیچے مدرسہ بنایا جائے اور اوپر مسجد، اور تعمیری مد میں چندہ دینے والے کا ارادہ بھی یہی تھا، تو اُسی کے مطابق اس جگہ پر تعمیر ہونی چاہئے، اور ایسی صورت میں مدرسہ والا حصہ شرعی اعتبار سے مسجد نہیں قرار دیا جائے گا۔

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم لمخالفة

٤٣٣/٤-٤٣٤ كراچی، ٦٤٩/٦ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد:

Marfat.com

۳۰۵/۱ إدارة القرآن کراچی، تنقیح الفتاویٰ الحامدیة ۱۲۶/۱ المکتبة المیمنیة مصر) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۶/۵/۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کا درخت اور زمین مسجد میں استعمال کرنا؟

سوال (۶۵۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کا درخت مسجد میں استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور مدرسہ کی زمین مسجد میں داخل کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور اگر داخل ہوگئی تو کیا کرنا ہے؟ دونوں کی کمیٹی بھی الگ الگ ہے، اور زمین وقف کرنے والا بھی الگ الگ ہیں، یہاں کے لوگ فرماتے ہیں کہ مسجد اور مدرسہ ایک چیز ہے اس میں کوئی خرابی نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایک وقف کا سامان یا جائیداد دوسرے وقف میں لگانے کی اِجازت نہیں ہے؛ لہٰذا مسئولہ صورت میں مدرسہ کا جو درخت یا زمین مسجد میں شامل کی گئی، اُس کا مدرسہ کو واپس کرنا لازم ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ رحیمیہ ۱۸۷/۲)

وإن اختلف أحدهما بأن بنى رجلان مسجدين أو رجل مسجدًا ومدرسةً، ووقف عليهما أوقافًا، لا يجوز له ذٰلك. (الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في نقل أنقاض المسجد ونحوه ۵۵۱/۶ زكريا)

وقد علم منه أنه لا يجوز لمتولي الشيخونية بالقاهرة صرف أحد الوقفين للآخر. (البحر الرائق / كتاب الوقف ۳۶۲/۵ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۱/۳/۲۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چک بندی میں نئے مدرسہ کے نام پر چھوڑی گئی زمین کو تقسیم کرنا؟

سوال (۶۶۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: ہمارے گاؤں میں دو مدرسے ہیں، ابھی گاؤں میں چک بندی ہوئی ہے جس میں ایک صاحب نے دوڑ بھاگ کر کے کچھ زمین قبرستان کے نام سے اور کچھ زمین نیا مدرسہ بنانے کے لئے چھوڑوائی ہے، اور اس طرح زمین پورے گاؤں کے مصالح کے لئے چھوڑ دی جاتی ہے، اِس لئے بعض کی رائے یہ ہے کہ وہ زمین دونوں مدرسوں میں دے دی جائے، نیا مدرسہ نہ کھولا جائے۔ اور بعض کی رائے یہ ہے کہ ہم نے چھوڑ وائی ہے، اِس لئے ہمارے ہی مدرسہ میں دی جائے، ایسی صورت میں کیا کیا جائے؟ نیز قبرستان کے نام سے چھوڑی گئی زمین کو کیا مدرسہ میں دینا جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو زمین حکومت کی طرف سے چک بندی میں جس مقصد کے لئے چھوڑی گئی ہے، اُسے اُسی مصرف میں استعمال کیا جائے گا، مثلاً جو زمین قبرستان کے لئے ہے، وہ صرف تدفین کے لئے استعمال ہوگی اور جو زمین نئے مدرسے کے لئے چھوڑی گئی ہے، وہ نئے مدرسہ ہی کے لئے کام میں لائی جائے گی، اس میں ردو بدل درست نہ ہوگا۔

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم لمخالفة ٤/٤٣٣-٤٣٤ كراچی، ٦/٦٤٩ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ١/٣٠٥ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ١/١٢٦ المكتبة الميمنية مصر) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۲۵/۱۱/۲۹ھ

مسجد مدرسہ کی ایک کمیٹی اور اُس کا طریقۂ کار؟

سوال (٦٦١):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: میں مدرسہ دارالرحمت مسجد مغلوں والی میں بچوں کو دونوں وقت پڑھاتا ہوں، اور تاج محل بلڈنگ کے سامنے جو مسجد ہے اُس میں نماز پڑھاتا ہوں، تھوڑے فاصلے پر پاس ہی میں ایک نئی

Marfat.com

آبادی ہے، وہاں مسورہ خاتون زوجہ منشی عوض خاں مرحوم (والدہ نسیم خاں وخلیل خاں) کا ایک کھیت ہے، اس میں سے مسورہ خاتون نے ۲۵۰ رمیٹر زمین مسجد کے لئے دی اور کئی ہزار روپئے بھی دئے، اور اُن کے لڑکے نسیم خاں ہر ماہ امام کی تنخواہ میں سو روپئے بھی دیتے ہیں اور ہر موقع پر مسجد کے کام میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں، مسجد کا چارج چھ یا سات سال اور لوگوں کے ذمہ رہا، پہلے چھنگے صاحب، پھر خلیفہ صاحب، پھر ممبر شفیق احمد صاحب کے ذمہ، اور ہم نے اپنے مقتدیوں کو جوڑ کر کوشش کر کے زمین خرید کر ایک مدرسہ تعلیم القرآن مسجد کے پیچھے قائم کیا، اور تین سو نو میٹر زمین مسجد کے آگے خریدی ہے، مدرسہ کی کمیٹی میں زیادہ تر ہم نے اپنے مقتدیوں کو لیا ہے، صدر، خزانچی، ممبران سب ہمارے مقتدی حضرات ہی ہیں، جس حلقہ میں مدرسہ ہے اُن لوگوں میں سے چند لوگوں کو جو صحیح العقائد ہیں، مدرسہ کی کمیٹی میں شامل کر لیا ہے۔

یکم ذی الحجہ ۱۴۲۵ھ کو ممبر شفیق احمد، حافظ چھدہ اور کلن بھائی، مسورہ خاتون اور نسیم خاں نے مسجد اور مدرسہ کا متولی و مہتمم احقر کو بنا دیا۔ اور مسورہ خاتون جو مسجد کے اصل ذمہ دار ہیں اور کمیٹی کے لوگوں نے احقر کو پورا پورا اختیار دے دیا ہے۔

اَب میں عام لوگوں سے آزاد ہو کر صحیح شرعی اُصول کے مطابق علماء کرام سے مشورہ لے کر یا کمیٹی کے ذمہ دار دانشور لوگوں سے مشورہ کر کے کام کر رہا ہوں، جب مسجد مدرسہ کے تحت آ گئی تو جو کمیٹی مدرسہ کی تھی وہی کمیٹی مسجد کی ہو گئی، اور مدرسہ مسجد کے پیچھے ہے، ہم نے دیکھا کہ برسات کے موقع پر رات میں مسجد میں آنے جانے کے لئے طلبہ اور اساتذہ کو پریشانی ہوتی ہے، تو ہم نے کمیٹی کے ذمہ دار لوگوں اور نسیم خاں سے مشورہ کر کے مدرسہ میں سے مسجد میں آنے جانے کے لئے بائیں طرف کے ایک کونے میں دروازہ کھول دیا ہے، اور برسات کے موسم میں مسجد کے چاروں طرف پانی بھر جاتا ہے؛ اس لئے عام نمازی لوگوں کو بھی مدرسہ میں ہو کر ہی جانے میں آسانی ہوتی ہے؟

(۱) تو یہ کمیٹی مسجد اور مدرسہ کی درست ہے یا نہیں؟

(۲) ہمارے مشورہ کا یہ طریقۂ کار صحیح ہے یا نہیں؟

Marfat.com

(۳) دروازہ کھولنا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حسبِ تحریر سوال، مدرسہ ومسجد کی مذکورہ کمیٹی بنانا اور باہم مشورہ سے کام کرنا شرعاً درست ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ﴾ [الشوری، جزء آیت: ۳۸]

عن عمرو بن عوف المزني عن أبيه عن جده رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: الصلح جائز بين المسلمين إلا صلحًا حرّم حلالاً أوأحلّ حرامًا، والمسلمون على شروطهم إلا شرطا حرم حلالاً أو أحل حرامًا.

(سنن الترمذي، أبواب الأحكام / باب ما ذكر عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم في الصلح بين الناس ۱/۲۵۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۲۶/۱۱/۲۳ھ

Marfat.com

مدرسۃ البنات اور اُسکے شرعی اَحکام

مدرسۃ البنات کی شرائط اور دورِ نبوی میں اُس کا ثبوت؟

سوال (۶۶۲):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے شہر کے لوگوں کی نیز ہماری بہت دنوں سے تمنا ہے کہ شہر کے اندر ایک لڑکیوں کا مدرسہ کھول کر تعلیم کے ساتھ ساتھ قیام وطعام کا نظم بھی ہو (لڑکوں کے مدرسہ کی طرح) تو کیا اِس طرح کا مدرسہ قائم کرنے کی گنجائش ہے؟ اگر ہے تو کیا اِس کی مثال دورِ نبوت یا ماضی قریب وبعید میں مل سکتی ہے؟ اگر گنجائش نہیں ہے تو پھر جو اِس طرح کے مدارس رائج ہیں، اُن کا کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عورتوں کا اپنے محارم یا دیگر جانکار عورتوں سے دینی معلومات حاصل کرنے کا سلسلہ تو شروع ہی سے رہا ہے؛ لیکن موجودہ دور کی طرح مدرسۃ البنات کی نظیر دورِ اول میں نہیں ملتی، اور لڑکیوں کا محارم کے بغیر کسی جگہ اِجتماع عموماً فتنہ کا سبب بنتا ہے؛ اِس لئے اِس طرح کے اِقامتی مدارس کے قیام کی حوصلہ افزائی نہیں کی جاسکتی؛ تاہم جو مدارس قائم ہوچکے ہیں اُن میں درج ذیل شرائط کا لحاظ رکھنا ضروری اور لازم ہے:

(۱) پردہ کا مکمل اہتمام ہو، آمد ورفت یا اِقامت کے دوران کوئی بھی سیانی بچی جس کی عمر فقہاء نے ۹-۱۰ ربرس لکھی ہے، بے پردہ نہ پائی جائے۔

(۲) ملازمین حتیٰ کہ چپراسی، دربان یا ڈرائیور کسی سے طالبہ کا قطعاً کوئی رابطہ نہ ہو، اور اس کی سخت نگرانی کی جائے۔

(۳) مدرسہ میں پڑھانے والی صرف اُستانیاں ہوں، کسی بھی مرد اُستاذ (جوان یا بوڑھے)

Marfat.com

کو ہرگز مدرس نہ رکھا جائے، خواہ وہ کتنا ہی پاک باز اور صالح کیوں نہ ہو؛ اِس لئے کہ شیطان کے اثر سے حفاظت کی کوئی ضمانت نہیں دے سکتا۔

(۴) مدرسہ کا نصاب معتبر علماء کے ذریعہ تجویز کرایا جائے، یہ نہ ہو کہ جیسا جی میں آیا کتابیں متعین کرلیں اور تعلیم شروع کردی۔

(۵) ہر لڑکی کو عالمہ فاضلہ بنانے کی ضرورت نہیں ہے؛ بلکہ ضروری دینی معلومات اور روز مرہ کی ضرورت کا علم سب کو سکھایا جائے۔ اور جو لڑکیاں ذہین، باکردار اور سلیم الطبع ہوں، آگے کی تعلیم صرف ایسی ہی لڑکیوں کو دی جائے۔

(۶) تعلیم کے ساتھ تربیت اور اُمور خانہ داری کی مشق پر بھرپور توجہ دی جائے۔

(۷) منتظمین اپنی محارم عورتوں کے ذریعہ نظام چلائیں، ایسا نہ ہو کہ مرد منتظم بالکل اَجنبی ہو اور خواتین اُستانیوں اور ذمہ داروں میں کوئی اس کا محرم نہ ہو، ایسی صورت میں سخت فتنہ کا اندیشہ ہے۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۳۵/۲، فتاویٰ رحیمیہ ۴۵/۹، احسن الفتاویٰ ۵۹/۸، بہشتی زیور ۸۷/۱، اشرف الجواب ۱۹۷/۲، اصلاحِ انقلاب ۲۶۸/۱-۲۷۳، اصلاح الیتامیٰ ۴۰۴، التبلیغ وعظ: کساء النساء ۶۲/۲، بحوالہ اسلامی حکومت و دستور مملکت ۳۳۰-۳۳۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۵/۱۴۲۳ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسۃ البنات کا قائم کرنا کیسا ہے؟

سوال (۶۶۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہماری مستورات کی دینی تعلیم نہ ہونے کی وجہ سے ہماری پوری معاشرت بگڑ گئی ہے، اِس لئے ہم کچھ لوگ چاہتے ہیں کہ مندرجہ ذیل اُمور کا لحاظ رکھتے ہوئے مثلاً اُن کے لئے دارالاقامہ ہو، پردہ کا پورا پورا اہتمام ہو، نیز اُن کی تعلیم وتربیت دینے والی مستورات ہی ہوں، تو لڑکیوں کے لئے مدرسۃ البنات قائم کرنا کیسا ہے؟ بعض حضرات اِس کی مخالفت کرتے ہیں، تو مدرسۃ البنات کا قائم کرنا از روئے شریعت درست ہے یا نہیں؟ جب کہ اُس میں بالغہ ونابالغہ سب لڑکیاں پڑھیں گی؟

Marfat.com

شریعت میں مزید کچھ شرائط ہوں تو اُنہیں بھی واضح فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: عورتوں کو دینی تعلیم دینے کے لئے ایسے مدارس قائم کرنا جن میں پردے کا مکمل انتظام ہو، لباس اسلامی ہو اور وہاں بچیوں کے رہنے اور گھروں سے آنے جانے میں دینی فتنہ کا اندیشہ نہ ہو، بلاشبہ جائز ہے اور معاشرہ کی ایک اہم ضرورت ہے، اِس طرح کے اِداروں کے منتظمین کا بھی تقویٰ، طہارت اور اخلاص جیسی صفات سے متصف ہونا ضروری ہے؛ تاکہ آئندہ مفاسد اور فتنوں پر بندش رہے۔ کفایت المفتی میں ہے:

جملۃ الامر ایں کہ مدارسِ صبیات مختصہ بصبیات باشد و اجتماع و حضور و آمد و رفت اِیشاں بمدارس بطورے منضبط کردہ شود کہ احتمال تطرق فساد باقی نماند۔ (کفایت المفتی ۲/۶۰ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۲۹/۱۱/۱۴۱۴ھ

مدرسۃ البنات اور نسواں کالج کا حکم؟

سوال (۶۶۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: آج کل تعلیم نسواں کی طرف عوام و خواص کا رجحان بہت تیزی کے ساتھ بڑھ رہا ہے، اس کی بابت مندرجہ ذیل باتیں معلوم کرنی ہیں، امید ہے کہ جواب مدلل سے نوازیں گے؟

دینی و دنیاوی دونوں صنف کی تعلیم کے لئے نسواں کالج اور نسواں عربی ادارے جاری ہیں، مزید اور کھلتے چلے جارہے ہیں، اور بعض جگہ مدرسہ اور اسکول کی بسیں چلتی ہیں، جس کے ڈرائیور اور کنڈیکٹر مرد ہی ہوتے ہیں، اور گاڑیوں پر بٹھا کر ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں تک سیر کراتے ہوئے پھر اسکول تک پہنچاتے ہیں۔ بعض مدرسوں میں عربی کی تعلیم ہوتی ہے اور بچیوں کے قیام وطعام کا بھی نظم رہتا ہے، دور دراز کی بالغہ اور نابالغہ بچیاں بلا کسی محرم کے یہاں پر رہتی ہیں، اور اکثر و بیشتر نسواں مدرسوں کے ذمہ دار مرد ہی ہوتے ہے، اور مسائلِ شرعیہ سے ناواقف بھی ہوتے ہیں، اور اِس کے علاوہ آزاد قسم کے ہوتے ہیں، الا ماشاء اللہ کوئی دین دار اور صالح ہو؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عورتوں کی تعلیم کا مسئلہ نہایت نازک ہے، اِس پرفتن دور میں لڑکیوں کا گھروں سے باہر نکلنا ہی بے راہ روی کا باعث ہے، اس لئے سب سے بہتر صورت یہ ہے کہ گھروں میں رہ کر ہی اُن کی تعلیم کا نظم کرنا چاہئے، اگر گھر میں رہ کر تعلیم نہ ہوسکے تو دوسرا درجہ یہ ہے کہ محلّہ محلّہ اُن کی تعلیم کے لئے پردہ کے معقول انتظام کے ساتھ مکاتب و مدارس ہونے چاہئیں؛ تاکہ اُنہیں گھر سے دور نہ جانا پڑے اور گھر والے بآسانی اُن کی نگرانی کرسکیں، اگر قومی لاپرواہی کے سبب محلّہ وار مکاتب وغیرہ بھی نہ ہوں تو بھی عورتوں کی دینوی اعلیٰ تعلیم اور ڈگریاں حاصل کرنے کی غرض سے ''نسواں کالج'' کا قیام شریعت کی نظر میں غیر ضروری ہے، اور ایسے کالجوں میں پائی جانے والی معاشرتی خرابیوں اور بے حیائیوں کے سبب اس طرح کے اداروں کو قائم کرنے سے منع کیا جائے گا؛ لیکن اگر لڑکیوں کی دینی تعلیم کے لئے اعلیٰ تعلیمی مدارس اِس مقصد سے قائم کئے جائیں؛ تاکہ مسلمان بچیاں عصری تعلیم گاہوں میں جانے کے بجائے شریعت اور پردہ کی پابند ہوکر دین سیکھیں اور اِس کے بعد اپنے گھروں کا ماحول دینی بنائیں، تو اِس مقصد سے خواتین کے دینی مدارس کا قیام نہ صرف جائز؛ بلکہ مستحسن ہوگا، اور اس مدرسہ کے ذمہ داروں پر یہ نازک ذمہ داری عائد ہوگی کہ وہ پورے حزم واحتیاط اور انتہائی سوجھ بوجھ کے ساتھ شریعت کے دائرہ میں رہ کر اِس ادارہ کو چلائیں، پردہ کا مکمل انتظام ہو، معلمات خود دین دار اور پابند شریعت ہوں، لڑکیوں کے ساتھ کسی بھی طرح مردوں کا اختلاط نہ ہو، وغیرہ وغیرہ۔

بچیوں کا نامحرم ڈرائیور اور کنڈکٹر کے ساتھ بس میں بیٹھ کر مدرسہ آنا بھی فتنہ سے خالی نہیں ہے؛ اس لئے کہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ساری بچیاں اتر جاتی ہیں اور ایک دو بچیاں بس میں اکیلی رہ جاتی ہیں اور نامحرموں سے تنہائی کی صورت ہوجاتی ہے، جو نہایت خطرناک ہے، اس لئے یا تو لڑکیوں کے محرم اپنے طور پر بچیوں کو مدرسہ لایا کریں، یا کم از کم مدرسہ کی جانب سے کسی عمر دراز ثقہ عورت کو بس میں بٹھایا جائے، وہ بچیوں کو لایا اور لے جایا کرے، اِس طرح انشاء اللہ فتنہ کا خطرہ کم رہے گا۔

Marfat.com

جونسوانی مدارس اِقامتی ہیں اور وہاں پردہ کا معقول نظم ہے اور ذمہ دار دیانت دار اور متقی ہیں اور اندرونی نگرانی معلمات اور عورتوں ہی کے ذمہ ہے، تو وہاں تعلیم کی غرض سے دور دراز کی بچیوں کے قیام کی بھی شرعاً اجازت ہے، ہاں اگر کسی وجہ سے فتنہ کا قوی اندیشہ ہو تو پھر وہاں بچیوں کے ٹھہرنے کی اجازت نہ ہوگی۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۵/۲۶۷)

وفي الأشباه: الخلوة بالأجنبية حرام. (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة / باب الاستبراء ۲۹/۹ ه زكريا، ۳٦۸/٦ كراچی)

وقال الشامي بحثًا: ويظهر أن مرادهم بالمرأة الثقة أن تكون عجوزًا لا يجامع مثلها مع كونها قادرةً على الدفع عنها وعن المطلقة فليتأمل. (شامي، كتاب الحظر والإباحة / باب الاستبراء ۳٦۸/٦ كراچی، ۳۰/۹ ه زكريا)

وقيام المرأة في غير بيتها للتعليم يستأنى من قيام عمرة بنت عبد الرحمن عند أم المؤمنين سيدتنا عائشة رضي الله تعالىٰ عنها كما هو منقول في الإكمال في أسماء الرجال مع مشكوٰة المصابيح / فصل في التابعيات ٦۱۲/۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۳/۱۴۱۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

موجودہ زمانے میں مدارس البنات کا کیا حکم ہے؟

سوال (٦٦۵): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: موجودہ دور میں مدارسِ نسواں مختلف ناموں سے بکثرت کھل رہے ہیں، اور اُن کو قائم کرنے والے علماء اکثر مسلک دیوبندی سے تعلق رکھتے ہیں، جو بہت سے دلائل وفضائل اُن کے قیام وبقاء کے بیان کرتے ہیں، اُن میں اکثر طالبات قیام کے ساتھ یا بلا قیام کے جو داخل ہوتی ہیں وہ عاقلہ بالغہ یا مراہقہ ہوتی ہیں، پڑھانے والے ایسے مدارس میں اکثر عورتیں ہوتی ہیں، کہیں کہیں تمام درجات یا اُوپر کے درجات میں مرد علماء ہوتے ہیں؛ لیکن نظم واہتمام مردوں کا ہی رہتا ہے۔ اب

Marfat.com

سوال یہ ہے کہ:

الف:- کیامدارس نسواں کا قیام اس پرفتن دور میں جائز ہے؟

ب:- عاقلہ بالغہ یا مراہقہ لڑکیوں کا گھر سے باہر دوسری بستی یا شہر میں یا اپنی ہی بستی یا شہر میں مدرسۃ البنات میں قیام یا بلا قیام کے ساتھ داخل ہوکر تعلیم حاصل کرنا جائز ہے یا ناجائز؟

ج:- مسلم لڑکی کے لئے عالمہ بننے کا شرعاً کیا حکم ہے؟

د:- عاقلہ بالغہ یا مراہقہ یا مشتہاۃ کا کسی عالم مرد سے پردہ یا بلا پردہ تعلیم حاصل کرنا اپنی آوازوں کو سنانا، یا اُن کی آواز سننا کیسا ہے؟

ہ:- مدرسۃ البنات کے ذمہ دار چندہ بھی وصول کرتے ہیں، اور طالبات سے فیس بھی لیتے ہیں، کیا اُن کے لئے جب فیس لیتے ہیں، تو چندہ وصول کرنا ایسے مدارس کے لئے جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آج کے دور میں بچیوں کی تعلیم کا مسئلہ بہت نازک ہے؛ کیوں کہ ایک طرف مسلمان ہونے کی حیثیت سے بقدر ضرورت دینی تعلیم ناگزیر ہے؛ لیکن دوسری جانب سماجی اور معاشرتی تقاضوں کی بناپر عصری تعلیم کی بھی ضرورت موجود ہے؛ کیوں کہ تعلیم کے بغیر بچیوں کے رشتہ ناطہ میں بڑی رکاوٹیں پیش آنے لگی ہیں، اور آج کل گھروں کا ماحول اِس طرح بن گیا ہے کہ وہاں رہتے ہوئے بچیوں کو تعلیم دینے کی کوئی صورت نہیں، نیز قریبی رشتہ داریوں میں بھیجنا بھی فتنہ سے خالی نہیں؛ اِس لئے حالاتِ زمانہ کے تقاضوں اور ضرورتوں کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اور گویا کہ "أهون البليتين" کو اختیار کرتے ہوئے بچیوں کی تعلیم کے واسطے مدارسِ نسواں قائم کرنا بادلِ ناخواستہ گوارہ کرلیا گیا ہے؛ لیکن ایسے اداروں کے منتظمین پر دوہری ذمہ داری عائد ہوتی ہے، اگر وہ شرعی حدود کی رعایت نہیں رکھیں گے، تو دنیا وآخرت ہر جگہ مؤاخذہ دار ہوں گے، ان مدارس میں پردہ کا مضبوط انتظام ہونا چاہئے، اور اُن میں پڑھانے والیاں صرف ایسی خواتین ہونی چاہئیں، جو علم وعمل سے متصف ہوں، تاکہ اُس کی دینی تربیت کا رنگ بچیوں میں

Marfat.com

ظاہر ہوکر رہے، اور اُن مدارس میں مناسب فیس لینا بھی درست ہے، اور غریب بچیوں کی فیس کے لئے زکوٰۃ وصدقات کی رقم اَمانت ودیانت کے ساتھ لگانا بھی جائز ہے؛ لیکن زکوٰۃ کی رقم انتظامی اور تعمیری اُمور میں صرف کرنی درست نہیں۔

يحمل الضرر الخاص لأجل رفع الضرر العام. (الأشباه والنظائر ۳۱۲ جديد)

لو كان أحدهما أعظم ضررًا من الآخر، فإن الأشد ينزل بالأخف. (الأشباه والنظائر ۳۱۵ جديد)

الزكاة هو تمليك المال من فقير مسلم. (البحرالرائق ۲۰ ۱/۲ كراچی)

ويشترط أن يكون الصرف تمليكًا لا إباحةً، ولا يصرف إلى بناء نحو مسجدٍ، وتحته في الشامية: كبناء القناطر والسقايات وإصلاح الطرقات. (شامي ۲۹۱/۲ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۵/۶/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اِقامتی جامعات اور اُن کا شرعی حکم

سوال (۶۶۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: آج معاشرہ میں سب سے بڑا بگاڑ عورتوں کی بداخلاقی اور شریعت سے بے راہ روی ہے، مرد حضرات کی دینی اصلاح کے لئے کئی مواقع میسر ہوجاتے ہیں، جمعہ کا بیان دینی جلسوں کی تقاریر وغیرہ اور بہت سارے مرد حضرات کی اِصلاح دعوت وتبلیغ کے چلوں سے بھی ہوجاتی ہے، مگر عورتوں کے لئے اُن مواقع کا تصور بھی نہیں ہے، اِس لئے بڑے بڑے شہروں میں لڑکیوں کے لئے قیام وطعام کے ساتھ مدارس قائم کئے ہیں، جن میں دور دراز سے آکر لڑکیاں تعلیم حاصل کرتی ہیں، جن کی کفالت مدرسہ خود کرتا ہے اور بعض لڑکیاں خود کفیل ہوتی ہیں، از روئے شرع اس کا کیا حکم ہے، ذرا واضح کریں؟

Marfat.com

نیز یہ بھی بتائیں کہ اگر کوئی ادارہ ایسا ہو جس میں داخلی انتظام پورے کا پورا مستورات ہی کا ہو اور خارجی انتظام مرد حضرات کا ہو، جو تقویٰ طہارت کے پابند ہوں، نیز صرف ان عورتوں یا لڑکیوں کا داخلہ لیا جائے، جو اسی شہر کی ہوں یا کم از کم نواحِ شہر کی ہوں، یا یوں کہا جائے کہ لڑکیاں شرعی مسافت طے کر کے نہ آئیں؛ بلکہ برقعوں سے آئیں، جہاں سے بغیر محرم کے بھی آسکتی ہوں، اگر کوئی کام شرعی قیود کو ملحوظ رکھتے ہوئے شہری سطح میں قیام وطعام کے ساتھ ایسا مدرسہ قائم کرے، تو ازروئے شرع اِس کا کیا حکم ہے؟ حکم شرعی کو قرآن وحدیث سے مبرہن کر کے ہم لوگوں کو آگاہ کریں؛ تاکہ شرعی نقطہ سے اصلاحِ نسواں کی فکر کی جائے۔ عدمِ جواز کی صورت میں اُن طرق سے آگاہ کریں جن کے ذریعہ اصلاح نسواں آسان وکارگر ہو۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکیوں کی تعلیم کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ وہ اپنے اہلِ خانہ سے تعلیم حاصل کریں، اگر اہلِ خانہ تعلیم سے بہرہ ور نہیں ہیں تو محلّہ میں قابل خاتون ہو تو اُس کے پاس جاکر ضروریات دین کا علم حاصل کریں۔ اور ایک مفید طریقہ یہ بھی ہے کہ محلّہ میں خالص بچیوں کا دینی مکتبؔ قائم ہو، اُن میں پڑھانے والی استانیاں علم وعمل کی صفت سے مزین ہوں، محلّہ کی بچیاں مکمل پردے کے ساتھ وہاں جاکر پڑھ کر اپنے گھر واپس آجائیں، مکتب میں لڑکوں کے ساتھ اختلاط نہ ہو اور وہاں تربیت کا بھی معقول نظم ہو اور اخلاقی نگرانی کا مکمل بندوبست ہو، اور دور حاضر میں جو اِقامتی جامعات قائم ہیں اُن میں مندرجہ ذیل اُمور کی پابندیاں لازم اور ضروری ہیں:

(۱) پردہ کا مکمل انتظام ہو، حتیٰ کہ مراہقہ بھی بے پردہ نہ جائے۔

(۲) مرد ملازمین سے طالبات کا قطعاً کوئی رابطہ نہ ہو، اُس کی سخت نگرانی کی جائے۔

(۳) جامعہ میں پڑھانے والی صرف استانیاں ہوں، کسی بھی مرد کو ہرگز مدرس نہ رکھا جائے۔

(۴) جامعہ کا نصاب معتبر علماء کے ذریعہ تجویز کیا جائے۔

Marfat.com

(۵) ضروری دینی معلومات اور روز مرہ کی ضرورت کا علم سب کو سکھایا جائے، ہر لڑکی کو عالمہ فاضلہ بنانے اور دورۂ حدیث پڑھانے کی ضرورت نہیں، اور بہتر یہ ہے کہ علماء کے مشورے سے ایسے اردو زبان یا مقامی مادری زبان میں ایسا مختصر نصاب تیار کیا جائے، جو ضروری دینی معلومات پر مشتمل ہو اور بچیاں بالغ ہونے سے پہلے پہلے پڑھ کر فارغ ہو جائیں۔

(۶) تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت اور اُمور خانہ داری کی مشق پر بھرپور توجہ دی جائے۔

(۷) منتظمین اپنی محارم عورتوں یا بیویوں کی ذریعہ نظام چلائیں، ایسا نہ ہو کہ منتظم مرد بالکل اجنبی ہو اور خواتین استانیوں اور ذمہ داروں میں کوئی اس کا محرم نہ ہو، ایسی صورت میں سخت فتنہ کا اندیشہ ہے، اگر اِن اُمور کی مکمل پابندی نہ ہو تو پھر لڑکیوں کے اِقامتی مدارس قائم کرنا اور چلانا قطعاً جائز نہ ہوگا۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۲/۶۷۶، دعوتِ فکر و عمل ۳۹۸-۴۰۶، المسائل المہمۃ فیما تلت بہ العلمۃ ۳/۳۶۴)

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ﴿قُلْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا يَصْنَعُوْنَ. وَقُلْ لِلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوَاتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التَّابِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرَاتِ النِّسَآءِ، وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾ [النور: ۳۰-۳۱]

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا﴾ [التحریم، جزء آیت: ۶]

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ﴾ [طٰہٰ: ۱۳۲]

وقال اللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ: ﴿وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ

Marfat.com

الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ﴾ [الأحزاب، جزء آیت: ۳۳]

عن أنس بن مالک رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: طلب العلم فريضة على كل مسلم. (سنن ابن ماجة، كتاب السنة / باب فضل العلماء والحث على طلب العلم ص: ۸٤ رقم: ۲۲٤ دار الفكر بيروت، مشكاة المصابيح ۳٤/۱)

قال القاري: طلب العلم أي الشرعي، فريضة أي مفروض فرض عين على كل مسلم، أو كفاية، والتاء للمبالغة أي ومسلمة، كما في رواية. (مرقاة المفاتيح / كتاب العلم ٤٧٧/۱ تحت رقم: ۲۱۸ رشيدية، ۲۸٤/۱ المكتبة الأشرفية ديوبند)

اعلم أن تعلم العلم يكون فرض عينٍ، وهو بقدر ما يحتاج لدينه. (الدر المختار) قال العلامي في فصوله: من فرائض الإسلام تعلم ما يحتاج إليه العبد في إقامة دينه وإخلاص عمله للّٰه تعالىٰ ومعاشرة عباده، وفرض على كل مكلف ومكلفة الخ. (شامي ۱۲٥/۱، ٤۲/۱ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳/۲/۱۴۳۵ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

موجودہ دور میں مدرسۃ البنات میں طریقۂ تدریس کیسا ہو؟

سوال (٦٦٧):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: موجودہ دور میں جو لڑکیوں کی تعلیم کے اِدارے اور مدارس قائم ہیں، ان میں درس کا طریقۂ کار کیسا ہونا چاہئے؟ کیا سیانی جوان لڑکیوں کو بلا پردہ جوان مرد تعلیم دے سکتا ہے، جب کہ حضرت تھانویؒ نے اس طرح پڑھانے کو ناجائز لکھا ہے، عند الشریعۃ کہاں تک جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: لڑکیوں کے دینی مدارس میں پڑھانے والی اُستانیاں صرف عورتیں ہی ہونی چاہئیں، کسی بھی مرد کو بے پردہ یا پردہ کے ساتھ [illegible]

Marfat.com

اور سخت فتنہ کا موجب ہے، جس کی قطعاً اجازت نہیں ہے، اگر کسی مدرسہ میں یہ سلسلہ جاری ہو تو فوری طور پر اِس کو بند کرنا لازم ہے۔ (مستفاد: احسن الفتاویٰ ۳۳/۸، فتاویٰ محمودیہ ۲۷۱/۱۵-۲۳۵-۸۸/۵)

البتہ کبھار کسی واعظ کا دُور پردہ میں بیٹھ کر وعظ کہنا ایسے فتنہ کا سبب نہیں ہے۔

قال اللّٰہ سبحانه وتعالیٰ: ﴿وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِیَّةِ الْاُوْلٰی وَاَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِیْنَ الزَّکَاةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ﴾ [الأحزاب، جزء آیت: ۳۳]

عن عبد اللّٰہ رضي اللّٰہ عنه عن النبي صلى اللّٰہ علیه وسلم قال: المرأة عورة؛ فإذا خرجت استشرفها الشیطان. (سنن الترمذي، أبواب الطلاق واللعان / باب ما جاء في کراهیة الدخول على المغیبات ۲۲۲/۱ رقم: ۱۱۷۳)

عن عائشة رضي اللّٰہ عنها قالت: لو أدرک رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ علیه وسلم ما أحدث النساءُ لمنعهن المسجد کما مُنعت نساء بني إسرائیل. (صحیح البخاري، کتاب الأذان / بابٌ انتظار الناس قیام الإمام العالم ص: ۲۰۸ رقم: ۸۶۹ دار الفکر بیروت، صحیح مسلم، کتاب الصلاة / باب خروج النساء إلى المساجد ص: ۳۷۰ رقم: ٤٤٥ بیت الأفکار الدولیة)

عن أم سلمة أنها کانت عند رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ علیه وسلم ومیمونة إذ أقبل ابن أم مکتوم فدخل علیه، فقال رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ علیه وسلم: احتجبا منه، فقلت یا رسول اللّٰہ! أَلیس هو أعمیٰ لا یبصرنا؟ فقال رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ علیه وسلم أفعمیا وإن أنتما الستما تبصرانه. (مشکاة المصابیح ۲٦۹) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۱۱/۴/۱۴۲۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسۃ البنات میں دورہ تک کی تعلیم کا نظم ضروری نہیں ہے

سوال (٦٦٨):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جامعۃ البنات جہاں پر دورۂ حدیث شریف تک کی تعلیم ہوتی ہے، لڑکیوں کے اُس میں

Marfat.com

پڑھنے کے بعد اُن کے اندر ڈھٹائی اور بے حجابی پیدا ہو جاتی ہے، مارکیٹ میں جہاں چاہتی ہیں چلی جاتی ہیں، خرید و فروخت کرتی ہیں، آنکھیں لڑاتی ہیں، اِس سے قبل گھروں میں جو بہشتی زیور کی تعلیم ہوتی تھی وہ بہتر ہے یا جامعۃ البنات قائم کر کے تعلیم دینا بہتر ہے، مفصل جواب تحریر فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر کسی جگہ گھروں میں بہشتی زیور کی تعلیم کا بآسانی نظم ہو سکے، تو جامعۃ البنات کے مقابلہ میں یہی نظم قائم کرنا بہتر اور افضل ہے، اور اگر متعدد وجوہ سے گھروں میں بچیوں کی تعلیم کا نظم کرنا ممکن نہ ہو، تو بچیوں کی ضروری دینی تعلیم کے لئے تعلیمی اِدارے کے قیام کی گنجائش ہے؛ لیکن اُن میں پڑھانے والیاں سب عورتیں ہونی چاہئیں اور اُنہیں دورہ تک نصاب پڑھانے کی ضرورت نہیں ہے؛ بلکہ چار پانچ سال میں ضروری دینی معلومات اور گھریلو اُمور میں مہارت پیدا کرا کے سلسلۂ تعلیم مکمل کر دینا چاہئے، ورنہ بڑے فتنہ کا اندیشہ ہے۔ (احسن الفتاویٰ ۵۹/۸) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۵/۵/۱۴۲۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

لڑکوں کے مدرسہ میں مستورات کو معلّمہ بنانا؟

سوال (۶۶۹): -کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: (۱) کیا مدرسہ کے مہتمم جو عالم و فاضل ہیں، مدرسہ کے ملازمین و مدرسین میں مستورات کو معلّمہ بنا کر رکھنے کی اجازت ہے؟

(۲) کیا مدرسہ کے ناظم تعلیمات مجلس منتظمہ کو ہندی میڈم مدرسہ میں پڑھانے کا مشورہ دیں، تو ایسے ناظم تعلیمات دینی مدرسہ کی نظامت کے لائق ہیں؛ کیوں کہ دینی تعلیم کے علاوہ درسِ نظامیہ اُردو زبان ہی میں ہے؛ کیوں کہ ہمارے ملک کے علماء کی تقریر، تحریر، تصنیف سب عام طور سے اردو زبان میں ہے؟

Marfat.com

(۳) ناظم صاحب اس مدرسہ کو ہائی اسکول بنانے کی کوشش میں ہیں، اِس وقت مدرسہ میں آٹھویں جماعت تک دنیاوی تعلیم جاری ہے، آٹھ نو مدرس کام کررہے ہیں، لڑکے اور لڑکیاں آٹھویں جماعت تک زیرِ تعلیم ہیں، لڑکیوں کے لئے علیحدہ کوئی مخصوص عمارت نہیں ہے، سب ایک ہی عمارت میں پڑھتے ہیں، ایک ہی انتظامیہ کے تحت سب کا ایک ہی صدر دفتر قائم ہے، نیز بیت الخلاء و پانی کا انتظام بھی ایک ہی ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) کسی مدرسہ میں مرد اساتذہ کے ساتھ لڑکوں کی تعلیم کے لئے عورتوں کو معلّمہ کی حیثیت سے مقرر کرنا شرعاً درست نہیں، اور سخت فتنہ کا باعث ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۳/۳۸۹ ڈابھیل)

عن عبد اللّٰه رضي اللّٰه عنه عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: المرأة عورة؛ فإذا خرجت استشرفها الشيطان. (سنن الترمذي، أبواب الرضاع والطلاق / باب ما جاء في كراهية الدخول على المغيبات ۱/۲۲۲ رقم: ۱۱۷۳)

وفي رواية: المرأة عورة مستورة. (نصب الراية لأحاديث الهداية ۱/۲۹۸ المكتبة المكية جدة، وكذا في الفتاوىٰ الحديثية / مطلب يكره تعليم النساء الكتابة ۱۱۹)

قد وجدت هٰذا الحديث في كشف الخفاء بهٰذا اللفظ: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم عن ربه عزوجل: النظرة سهم مسموم من سهام إبليس، من تركها من مخافتي أبدلته إيمانًا يجد حلاوته في قلبه. (كشف الخفاء ۲/۳۲۸ حرف النون، بحواله: طبراني رقم الحديث: ۲۸٦٤ دار إحياء التراث العربي، وكذا في المستدرك للحاكم، كتاب الرقاق / النظرة سهم من سهام إبليس مسمومة ٤/٣١٤ دار الفكر بيروت، ٤/٣٤٩ رقم: ۷۸۷۵ دار الكتاب العلمية بيروت، مجمع الزوائد، كتاب الأدب / باب غض البصر ۸/٦٣ دار الفكر بيروت، الدر المنثور للسيوطي / تحت قوله تعالىٰ: ﴿قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ﴾ ٥/٤١ مؤسسة الرسالة الناشر محمد أمين دمج بيروت.)

Marfat.com

(۲) دنیاوی تعلیم مثلاً ہندی، انگریزی وغیرہ سیکھنا سکھانا بقدر ضرورت جائز ہے، اِس کے ساتھ ساتھ ایک مسلمان پر فرض ہے کہ وہ اپنی دینی تعلیم مقدم رکھے اور اس کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دے، اس میں دنیا وآخرت کی بھلائی ہے۔ دنیاوی علوم سے عموماً لوگ دین سے بے تعلق ہوکر بددین ہوجاتے ہیں؛ اس لئے کسی ناظم تعلیم کو جن کو دینی مدرسہ کی نظامت سپرد کی گئی ہو، اس طرح کا مشورہ دینا کہ پوری تعلیم ہندی میڈیم سے دی جائے درست نہیں۔ (فتاویٰ رحیمیہ ۱/۴۵، فتاویٰ محمودیہ ۳/۳۸۸ ڈابھیل)

اعلم أن النهي عن تعليم النساء الكتابة لا ينافي طلب تعلمهن القرآن والعلوم والآداب؛ لأن في هٰذه مصالح عامة من غير خشية مفاسد تتولد عليها بخلاف الكتابة؛ فإنه وإن كان فيها مصالح إلا أن فيها خشية مفسد، ودرء المفاسد مقدم على جلب المصالح. (الفتاوىٰ الحديثية / مطلب يكره تعليم النساء الكتابة ۱۱۹، وكذا في حجة الله البالغة ۳۳۲/۲ قديمی)

(۳) اگر زمین دینی مدرسہ کے لئے وقف ہے تو اس کو کسی دوسرے مصرف میں لانا جائز نہیں؛ لہٰذا وہ زمین اسکول کالج بنانے میں ہرگز استعمال نہ کی جائے، ورنہ سخت ترین گناہ ہوگا، جو لوگ ایسا کررہے ہیں، ان کو فوراً معزول کردینا بہتر ہے۔ (احسن الفتاویٰ ۶/۶۲۲)

ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنىٰ والآخر للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر؛ وهي واقعة الفتوىٰ الخ. (رد المحتار، كتاب الوقف / مطلب في نقل أنقاض المسجد ۳۶۱/٤ كراچی، وكذا في البحر الرائق / كتاب الوقف ۳۶۲/٥ زكريا)

وهنا الوكيل إنما يستفيد التصرف من المؤكل، وقد أمره بالدفع إلى فلان فلا يملك الدفع إلى غيره. (رد المحتار / كتاب الزكاة ۲۶۹/۲ كراچی)

وينزع وجوبًا بزازيه أو الواقف فغيره بالأولىٰ غير مامون. (الدر المختار ۳۸۳/۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۵/۵/۱۴۱۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

کیا عورتیں لیڈی ڈاکٹر یا معلّمہ بن سکتی ہیں؟

سوال (۶۷۰):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا عورتیں لیڈی ڈاکٹر یا نرس یا معلّمہ بن سکتی ہیں؟ اِسلامی نقطۂ نظر سے عورتیں کیا اِن مشاغل کو اختیار کر سکتی ہیں؟ یا پردہ میں رہ کر ہی انجام دینا ہوگا؟ یا ضرورۃً پردہ سے باہر بھی آسکتی ہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ضرورت کی بنا پر عورتوں کے لئے لیڈی ڈاکٹر، نرس یا معلّمہ بننا فی نفسہٖ جائز ہے؛ لیکن تعلیم کے دوران اور تعلیم کے بعد بہر حال شرعی حدود کی پابندی رکھنا ضروری ہے، اجنبی مردوں سے میل جول یا تنہائی یا بے پردگی جائز نہ ہوگی، اس لئے لیڈی ڈاکٹر صرف عورتوں کا علاج کرے اور نرس صرف مریض عورتوں کی خدمت پر مامور ہو اور معلّمہ صرف عورتوں کو پڑھائے، اگر اِس کے خلاف کرے گی تو گنہگار رہوگی۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۲/۳۴-۳۵-۳۶)

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ﴿وَقُلْ لِلْمُؤْمِنَاتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوَاتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التَّابِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرَاتِ النِّسَآءِ، وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾ [النور: ۳۱]

وقال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَاِذَا سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَاسْاَلُوْهُنَّ مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ﴾ [الأحزاب، جزء آیت: ۵۳]

قال القرطبي: ويدخل في ذٰلك جميع النساء بالمعنى، وبما تضمنته أصول الشريعة من أن المرأة كلها عورةٌ بدنها وصوتها، كما تقدم فلا يجوز

Marfat.com

كشف ذلك إلا لحاجةٍ كالشهادة عليها. (تفسير القرطبي ٤ ٢٢٧/١ دار إحياء لتراث العربي)

عن عبد اللّٰه رضي اللّٰه عنه عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: المرأة عورة؛ فإذا خرجت استشرفها الشيطان. (سنن الترمذي، أبواب الرضاع والطلاق / باب ما جاء في كراهية الدخول على المغيبات ٢٢٢/١ رقم: ١١٧٣)

وفي رواية: المرأة عورة مستورة. (نصب الراية لأحاديث الهداية ٢٩٨/١ المكتبة المكية جدة، وكذافي الفتاوىٰ الحديثية / مطلب يكره تعليم النساء الكتابة ١١٩)

العينان زناهما النظر، والأذنان زناهما الاستماع، واللسان زناه النطق.

وتمنع المرأة الشابة من كشف الوجه بين الرجال لا لأنه عورة؛ بل لخوف الفتنة أي الفجور بها ..... والمعنى تمنع من الكشف، لخوف أن يرى الرجال وجهها فتقع الفتنة؛ لأنه مع الكشف قد يقع النظر إليها بشهوة، قال عليه الصلاة والسلام: التسبيح للرجال والتصفيق للنساء فلا يحسن أن يسمعها الرجل، وفي الكافي: ولا تلبي جهرًا؛ لأن صوتها عورة. (شامي، باب شروط الصلاة / مطلب في ستر العورة ٧٨/٢-٧٩ زكريا)

وفي الأشباه: الخلوة بالأجنبية حرام. (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة / باب الاستبراء ٢٩/٩ ٥ زكريا، ٣٦٨/٦ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۳/۴/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مستورات کو فرائض وواجبات کے ساتھ مستحبات کی تعلیم دینا؟

سوال (٦٧١):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں گھر پر ہفتہ میں ایک مرتبہ مستورات کی تعلیم ہوتی ہے، اُس میں ہم حضرت مفتی سلمان صاحب کی ''کتاب المسائل'' اور حضرت مفتی شبیر صاحب کی ''آسان دینی مسائل''

Marfat.com

کتابوں سے آسان آسان نماز وغیرہ سے متعلق مسائل ایک پرچہ پر لکھ کر اپنی مستورہ کے ذریعہ وہ پرچہ مستورات کو سنوادیتے ہیں، جس سے عورتیں اپنی نمازوں وغیرہ کی اصلاح کررہی ہیں، جہاں نماز طہارت سفر وغیرہ کے فرائض واجبات بتاتے ہیں، وہیں پر مستحبات اور آداب بھی لکھ کر سنوادیتے ہیں۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا ایسا کرنے میں کوئی حرج تو نہیں ہے؟ اوپر کا لکھا ہوا مستحب بھی سنوادیا، ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ مستورات کو مستحبات نہیں بتلانے چاہئیں، اور یہ درود شریف پڑھنا بھی نہیں بتلانا چاہئے، اس سلسلہ میں ہماری رہنمائی فرمائیں، کیا عورتوں کو مستحبات نہ بتلائیں؟ جب کہ آپ کا ندائے شاہی تقریباً دس ہزار شائع ہورہا ہے، کم از کم ایک ہزار عورتیں تو پڑھ رہی ہوں گی، اُس میں جہاں فرائض واجبات مکروہات وغیرہ ہوتے ہیں، وہیں پر مستحبات بھی ہوتے ہیں، تو کیا ہم عورتوں کو نماز کے مستحبات نہ بتلائیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مستورات کو دینی تعلیم سے آگاہ کرنے کا سلسلہ بہت مبارک اور قابلِ تحسین ہے، اور انہیں واجبات وفرائض کے ساتھ مستحبات وآداب سے آگاہ کرنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے، اِس بارے میں اعتراض کی کوئی وجہ نہیں۔ (کفایت المفتی ۶۴/۲)

عن أبي سعيد الخدري رضي اللّٰه عنه قال: قال النساء للنبي صلى اللّٰه عليه وسلم غلبنا عليك الرجالُ فاجعل لنا يومًا من نفسك، فوعدهن يومًا لقيهن فيه، فوعظهن وأمرهن. (صحيح البخاري، كتاب العلم / بابٌ هل يُجعل للنساء يومٌ على حدةٍ في العلم ص: ٤٦ رقم: ١٠١ دار الفكر بيروت، صحيح مسلم، كتاب البر والصلة والآداب / باب فضل من يموت له ولدٌ فيحتسبه ص: ١٥٦٣ رقم: ٢٦٣٣ بيت الأفكار الدولية)

والأمر بالمعروف أيضًا تبع لما يؤمر به، فإن وجب فواجب، وإن ندب فمندوب. (مرقاة المفاتيح ۳۲۹/۹) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۱/۱۴۳۰ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

کیا عالمہ بننے کے لئے حنفی مسائل سیکھنا کافی ہے؟

سوال (۶۷۲):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: لڑکی کے عالمہ کے لئے صرف حنفی مسائل کا سیکھنا کافی ہے، یا اُس کے لئے فقہی اختلاف کا جاننا بھی ضروری ہے؟ بالتفصیل جواب مرحمت فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: برصغیر ہندو پاک میں دین پر عمل کرنے کے لئے صرف حنفی مسائل کا جاننا کافی ہے، دیگر فقہاء کے اقوال جاننے کی ضرورت نہیں ہے؛ البتہ علمی معلومات میں اضافہ کے لئے اگر اُنہیں پڑھ لیا جائے تو منع بھی نہیں ہے۔

واعلم أن تعلم العلم يكون فرض عين بقدر ما يحتاج لدينه – إلى قوله – وفرض على كل مكلف ومكلفة. (شامي ۱۲۱/۱ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۲/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

طالبات کو پردے کے ساتھ پڑھانا، اور دورانِ درس اساتذہ سے سوال وجواب کرنا؟

سوال (۶۷۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ نسواں اور مدرسۃ البنات میں بالغ لڑکیوں کو معقول پردے کے ساتھ بالغ مرد کا تعلیم دینا کیسا ہے؟ دورانِ درس طالبات کا ”صوۃ العورۃ عورۃ“ کے باوجود استاذ سے درسی سوال وجواب کرنا کیسا ہے؟ شرم وحیا والے فقہی مسائل کی ایک مرد کے لئے غیر محرم طالبات کے سامنے پوری دل چسپی سے تشریح وتوضیح کرنا کیسا ہے؟ اگر فقہی مسائل کے سوالات کے جوابات عدمِ جواز یا کراہت میں ہے، تو بالغ طالبات کی تعلیم کا کیا طریقہ ہے؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکیوں کے مدرسہ میں نامحرم مرد کا استاذ رکھنا بوڑھا ہو یا جوان، خواہ وہ کتنا ہی پاک باز اور صالح کیوں نہ ہو، درست نہیں ہے، اور جہاں یہ سلسلہ جاری ہو اُس کو فوری طور پر بند کرنا لازم ہے۔ (مستفاد: احسن الفتاویٰ ۹/۸ ۵ زکریا)

اور بالغ لڑکیوں کو تعلیم دینے کے لئے چند باتوں کا لحاظ لازم اور ضروری ہے:

(۱) پردہ کا مکمل اہتمام ہو، آمد ورفت یا اِقامت کے درمیان کوئی بچی سیانی بے پردہ نہ پائی جائے۔

(۲) مرد چپراسی اور دربان کسی سے طالبات کا کوئی آمنا سامنا نہ ہو۔

(۳) اَجنبی ڈرائیور کے ساتھ آمد ورفت نہ ہو؛ بلکہ محرم ڈرائیور کا ہونا لازم ہے۔

(۴) پڑھانے والی اُستانیاں ہوں، کسی مرد اُستاذ کو ہرگز مدرس نہ رکھا جائے، خواہ پردہ کے ساتھ ہی کیوں نہ ہو؛ کیوں کہ یہ فتنہ سے خالی نہیں۔

(۵) منتظمین اپنی محارم عورتوں کے ذریعہ نظام چلائیں، ایسا نہ ہو کہ مرد منتظم بالکل اجنبی ہو، ایسی صورت میں سخت فتنہ کا اندیشہ ہے؛ لہٰذا صرف مذکورہ باتوں کی رعایت کرتے ہوئے مدرسۃ البنات میں بالغ لڑکیوں کو تعلیم دی جاسکتی ہے؟

وقال اللّٰہ سبحانہ وتعالیٰ: ﴿وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلَاةَ وَآتِيْنَ الزَّكَاةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ﴾ [الأحزاب، جزء آیت: ۳۳]

لما نزلت هٰذه الاية: ﴿يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ﴾ خرج نساء الأنصار كأن على رؤوسهم الغِربانُ من أكسية سودٍ يلبسنها. (سنن أبي داؤد ۶۷/۲ ۵، أحكام القرآن للرازي ۳۷۲/۳)

عن ابن عباس رضي اللّٰہ عنهما عن النبي صلى اللّٰہ عليه وسلم قال: لا يخلون رجل بإمرأة إلا مع ذي محرمٍ. (صحيح البخاري، كتاب النكاح / بابٌ لا يخلونّ رجل

Marfat.com

بامرأة إلا ذو محرم والدخول على المغيبة ص: ١٣٤٥ رقم: ٢٣٣٥ دار الفكر بيروت)

عن علي رضي اللّٰه عنه أنه كان عند رسولِ اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم، فقال: أيّ شيء خيرٌ للمرأة؟ فسكتوا، فملا رجعتُ، قلتُ لفاطمة: أي شيء خيرٌ للنساء؟ قالت: لا يرا هُنَّ الرجال. (نساء في ظل رسول اللّٰه ٣٣٦ دار الكتب العلمية بيروت، مجمع الزوائد رقم: ٧٣٢٨) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۲/۱/۱۴۲۲ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

شرعی پردہ کے ساتھ نامحرم کو دینی تعلیم دینا؟

سوال (٦٧٤): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید ایک دینی ادارہ کا مدرس ہے، اور اس میں بالغات بھی تعلیم حاصل کرنے آتی ہیں، زید اُن کو پڑھاتا اور لکھاتا ہے، وہاں کوئی عورت بھی نہیں، اور اگر ہے تو قرآنِ کریم غلط پڑھاتی ہیں اور مسائلِ ضروریہ غلط بتاتی ہیں، اَب اِن حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے زید کا اُن کو پڑھانا لکھانا کیسا ہے؟
باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: صورتِ مسئولہ میں شرعی پردے کا لحاظ کرتے ہوئے اور لڑکیوں کے محرم مرد کی موجودگی میں زید کا لڑکیوں کو دینی تعلیم دینا درست ہے؛ لیکن بہتر یہی ہے کہ کوئی عورت ہی تعلیم کا فریضہ انجام دے۔

عن ابن عباس رضي اللّٰه عنهما عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: لا يخلون رجل بامرأة إلا مع ذي محرمٍ. (صحيح البخاري، كتاب النكاح / بابٌ لا يخلونّ رجل بامرأة إلا ذو محرم والدخول على المغيبة ص: ١٣٤٥ رقم: ٢٣٣٥ دار الفكر بيروت)

عن عائشة رضي اللّٰه عنها قالت: كان الركبان يمرون بنا ونحن محرمات مع رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم، فإذا حاذوا بنا سدلت إحدانا جلبابها من

Marfat.com

رأسها على وجهها، فإذا جاوزونا كشفناه. (سنن أبي داؤد، كتاب المناسك / باب في المحرمة تغطي وجهها ص: ٣٤٣ رقم: ١٨٣٣ دار الفكر بيروت، سنن ابن ماجة، كتاب المناسك / باب المحرمة تسدل الثوب على وجهها ص: ٦٧٨ رقم: ٢٩٣٥)

وفي الأشباه: الخلوة بالأجنبية حرام.....، أو كانت عجوزة شوهاء أو بحائل. (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة / باب الاستبراء ٩/٥٢٩ زكريا، ٦/٣٦٨ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ٦/٧/١٤١٣ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اِسکول کے اَساتذہ کا معلّمات کو دیکھنا اور بات چیت کرنا؟

سوال (٦٧٥):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کسی مدرسہ یا اسکول کے اساتذہ میں کچھ مرد اور کچھ عورتیں ہیں، اور یہ حضرات ایک دوسرے کے لئے غیر محرم ہیں، اور تعلیم کا نظام درست رکھنے کے لئے ایک دوسرے کو دیکھنا اور آپس میں بات کرنا ضروری ہے، مذکورہ صورتِ حال میں شریعت کا کیا حکم ہے؟ اور کہاں تک گنجائش نکل سکتی ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نامحرم عورتوں سے بے پردہ بات چیت سخت فتنہ کا موجب ہے، اِس لئے شرعاً اِس کی اجازت نہیں ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَإِذَا سَأَلْتُمُوهُنَّ مَتَاعًا فَاسْأَلُوهُنَّ مِنْ وَرَاءِ حِجَابٍ﴾ [الأحزاب، جزء آیت: ٥٣]

وفي الأشباه: الخلوة بالأجنبية حرام. (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة / باب الاستبراء ٩/٥٢٩ زكريا، ٦/٣٦٨ كراچی)

ولا يكلم الأجنبية. (الدر المختار ٩/٥٣٠ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٤/١١/١٤٢٧ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

بچیوں کی تعلیم کے لئے مرد استاذ کا نظم؟

سوال (۶۷۶):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: (۱) حالاتِ حاضرہ کے پیشِ نظر موجودہ دور میں خصوصاً اپنے بچوں کے عقیدے اور اخلاق حفاظت کے لئے اور بچوں کی صحیح تعلیم ہو سکے، اِس کے لئے گورنمنٹ سے پرائیویٹ اسکول منظور کرانے کی کوشش اور مطالبہ کرنے پر الحمد اللہ پرائیویٹ اسکول ایک سے ساتویں کلاس تک منظور ہوگئی؛ تاکہ بچے خصوصاً طالبات اپنے دینی ماحول میں رہ کر بقدر ضرورت عصری تعلیم حاصل کرسکیں، بعض لوگوں کا خیال یہ ہے کہ لڑکیوں کو موجودہ دور میں کم از کم ٹیلیفون، لائٹ بل اور گھریلو ضروریات اور جغرافیہ سے واقف ہونا ضروری ہے؛ لہٰذا یہ واقفیت اور معلومات کم از کم ساتویں کلاس کی تعلیم سے حاصل ہوسکتی ہے، نیز بعض لوگ جن پر عصری تعلیم کا زیادہ غلبہ ہے وہ لڑکی کے رشتہ اور منگنی کے وقت یہ سوال کرتے ہیں کہ اس کی تعلیم کہاں تک ہے؟

لہٰذا اِن سب باتوں کے پیشِ نظر کہاں تک عصری تعلیم کا دینا صحیح ہے؟ ہمارے مکاتب میں عموماً بچہ پانچ سال کی عمر میں داخل کیا جاتا ہے، جب کہ اسکول کا بھی یہی قانون ہے، اس حساب سے عموماً طالبات ناظرۂ قرآنِ کریم اور بہشتی زیور کی تکمیل کرکے بارہ ساڑھے بارہ سال کی عمر میں مدرسہ سے فراغت حاصل کرلیتی ہیں، اِسی طرح اِسی عمر تک سات دھورن (ساتویں کلاس) کی بھی تکمیل کرسکتی ہیں۔

اَب سوال یہ ہے کہ بچیاں اتنی عمر تک اپنے ماحول میں دین دار استاذ کے پاس دینی تعلیم حاصل کرسکتی ہیں یا نہیں؟ اگر کرسکتی ہیں تو کتنی عمر تک؟

(۲) بارہ ساڑھے بارہ سال کی عمر تک اپنے ماحول میں طالبات کا دنیوی اور عصری تعلیم کا لینا مسلمان ٹیچر اور استاذ کے پاس جن میں بعض دین دار باریش اور شرعی لباس کے ساتھ ہوں اور بعض بے ریش غیر شرعی لباس کے ساتھ ہوں، تو جائز ہے یا نہیں؟

(۳) اگر بڑی عمر کی طالبات (دس گیارہ بارہ سال) کا مرد ٹیچر کے پاس عصری تعلیم کا لینا

Marfat.com

جائز نہیں ہے، تو کیا عورت استانی کے پاس عصری تعلیم حاصل کرنا جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) بہتر یہ ہے کہ بچیوں کی تعلیم دین دار استانیوں کے ذریعہ دینی چاہئے، خواہ بچیاں چھوٹی ہوں یا بڑی؛ البتہ اگر کسی جگہ استانیوں کا انتظام نہ ہو تو ۹-۱۰ رسال کی عمر تک دین دار استاذ کے پاس پڑھنے میں بھی شرعاً حرج نہیں ہے، اِس سے بڑی عمر کی بچیوں کو مرد استاذ سے پڑھوانے میں سخت فتنہ کا اندیشہ ہے؛ اِس لئے اس کی اجازت نہ ہوگی۔

(مستفاد: بہشتی زیور ۱/۸۵-۹۱، احسن الفتاویٰ ۸/۶۰، دعوتِ فکر وعمل ۳۹۹)

(۲) ۹-۱۰ رسال کی عمر تک مسلمان ٹیچر یا استاذ سے بچیوں کو پڑھوانا درست ہے، اس سے زیادہ عمر کی بچیوں کو اجنبی مرد سے نہیں پڑھوانا چاہئے۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۲/۳۷)

(۳) گیارہ بارہ سال کی بچیاں پاک دامن استانی کے پاس دنیوی اور عصری تعلیم حاصل کرسکتی ہیں۔ (مستفاد: بہشتی زیور ۱/۸۵-۹۱، کفایت المفتی ۲/۳۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۵/۴/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جوان عورت کا معلم کے سامنے چہرہ کھول کر قرآن پڑھنا؟

سوال (۶۷۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کوئی مسلمان عورت جوان العمر کسی غیر محرم عالم دین سے چادر اوڑھ کر چہرہ کھول کر سامنے میز کے فاصلہ سے کرسی پر بیٹھ کر تفسیر، حدیث اور علومِ شرعیہ کا علم حاصل کرسکتی ہے یا نہیں؟ اور علومِ شرعیہ کی تشنگی دور کرنے کے لئے معلّمہ کا ملنا دشوار ہے، ایسی حالت میں کیا مسئلہ ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: غیر محرم کے سامنے جوان عورت کا چہرہ کھولنا ہرگز جائز نہیں ہے، اگر پڑھانا ہے تو معلّمہ کا انتظام کیا جائے، ورنہ یہ صورت اختیار کی جائے کہ عورت پردہ

Marfat.com

میں بیٹھی ہو، اور عورت کا محرم شوہر، باپ یا کوئی اور رشتہ دار عورت اور اُس کے استاذ کے درمیان واسطہ کے طور پر موجود ہو۔ (مستفاد: امداد المفتیین ۱۰۳۱ کراچی)

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿یٰأَیُّهَا النَّبِیُّ قُلْ لِّأَزْوَاجِکَ وَبَنَاتِکَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِهِنَّ﴾ [الأحزاب، جزء آیت: ۵۹]

وفي الأشباه: الخلوة بالأجنبية حرام. (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة / باب الاستبراء ۲۹/۹ ۵ زكريا، ۳۶۸/۶ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۳/۸/۵ھ

بالغہ لڑکی کو مرد کا ٹیوشن پڑھانا؟

سوال (۶۷۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ: ذیل کے بارے میں کہ نابالغ لڑکی کو قرآنِ کریم اسکول وغیرہ میں پڑھانا جائز ہے یا نہیں؟ اگر کسی لڑکی کو کوئی لڑکا اُس کے بچپن سے پڑھا رہا ہو اور دورانِ پڑھائی چھ سال کے بعد وہ لڑکی جسم کے اعتبار سے بالغ لگنے لگے یا پھر عمر کے اعتبار سے بالغ ہو جائے، تو کیا اَب آگے پڑھانا جائز ہے یا نہیں؟ اگر اُس لڑکی کے ماں باپ سے گھریلو معاملات ہو گئے ہوں اور لڑکی کا ٹیوشن چھوڑنا ممکن نہ ہو، تو ایسی صورت میں کیا کرنا چاہئے؟ اور اگر استاذ کا ذریعہ معاش بھی اُسی لڑکی کا ٹیوشن ہو، تو استاذ کو کیا کرنا چاہئے؟
باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کسی چھوٹی غیر مشتہات بچی کو اجنبی مرد کا پڑھانا تو جائز ہے؛ لیکن جب بچی مشتہات ہو جائے یا بالغ ہو، تو کسی اَجنبی مرد کے لئے اُس کے پڑھانے کی اِجازت قطعاً جائز نہیں ہے، اگرچہ لڑکی کے ماں باپ سے بات طے ہو گئی ہو یا مرد کا ذریعۂ معاش اِس کے علاوہ کچھ نہ ہو، پھر بھی اَجنبی لڑکی کو پڑھانا شرعاً ممنوع ہے، اگر لڑکی کو پڑھانا ہی ہے تو اُس کو تعلیم دینے والی عورت ہی ہونی چاہئے، خواہ اسکول کی تعلیم ہو یا دینیات کی۔ (مستفاد: کفایت المفتی

Marfat.com

۳۶/۲،فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۳۹۷-۱۷۰/۱۴)

فلا يحل النظر للأجنبي من الأجنبية الحرة إلى سائر بدنها إلا الوجه والكفين لقوله تعالىٰ: ﴿قُلْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ﴾ [النور، جزء آیت: ۳۰]

(بدائع الصنائع ۲۹۳/٤ زكريا)

وفي الأشباه: الخلوة بالأجنبية حرام. (الدر المختار، كتاب الحظر والإباحة / باب الاستبراء ۲۹/۹ ٥ زكريا، ۳٦۸/٦ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۹/۲/۱۴۲۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

عورت کا نامحرم مرد سے قرآنِ کریم حفظ کرنا؟

سوال (٦۷۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: میں دو بچہ دار عورت ہوں، اِس وقت میری دلی خواہش یہ ہے کہ میں کسی مولانا سے براہِ راست قرآنِ کریم حفظ کروں، آیا میرے لئے کسی مولانا سے براہِ راست قرآنِ کریم حفظ کرنا مناسب ہوگا یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یہ دور فتنہ وفساد کا ہے، اِس لئے کسی اَجنبی مرد سے آپ کا براہِ راست حفظ کرنا اور اُسے قرآنِ کریم سنانا مناسب نہیں ہے۔ بہتر یہ ہے کہ آپ کسی عالمہ عورت سے حفظ کریں یا اپنے محرم شوہر بھائی وغیرہ کو سنا دیا کریں۔ ایک حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ ''جب دو اجنبی مرد وعورت ایک جگہ خلوت میں ہوتے ہیں تو اُن میں کا تیسرا شیطان ہوتا ہے''۔ یعنی وہ دونوں کو برائی پر آمادہ کرتا رہتا ہے۔

عن عمر رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا يخلون رجل بامرأة إلا كان ثالثهما الشيطان. (سنن الترمذي، أبواب الرضاع / باب ما جاء في كراهية

Marfat.com

الدخول على المغيبات ١/٢٢١، مشكاة المصابيح ٢/٢٦٩)

وينظر من الأجنبية ولو كافرةً إلى وجهها وكفيها فقط للضرورةِ الخ، فإن خاف الشهوة أو شك امتنع نظره إلىٰ وجهها فحل النظر مقيدٌ بعدم الشهوة وإلا فحرامٌ، وهٰذا في زمانهم، وأما في زماننا فمنع من الشابة. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الحظر والإباحة / فصل في النظر والمس ٩/٥٣١-٥٣٢ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۲/۷/۱۴۱۱ھ

لڑکیوں کی تعلیم کے لئے عصری اِدارے؟

سوال (٦٨٠):-کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: موجودہ دور میں طالبات کے لئے اگر بقدرِ ضرورت عصری تعلیم ضروری ہے، تو کہاں تک عصری تعلیم دینا جائز ہے، اور آسانی کی کیا صورت ہے؟

''مدرسۃ البنات'' کی طرح لڑکیوں کو ہائی اسکول میں سات دھورن (ساتویں کلاس) سے زیادہ عصری تعلیم دینا جس میں صرف لڑکیاں ہی تعلیم حاصل کرتی ہوں اور ٹیچر صرف معلمات عورتیں ہی ہوں، تو کیا ایسے ہائی اسکول میں آگے پڑھانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مکمل شرعی حدود اور پردہ کے ساتھ خالص لڑکیوں کے اسکول قائم کرنا، جن میں پڑھانے والی بھی عورتیں ہوں اور مردوں کا کسی صورت میں اختلاط نہ ہو درست ہے، اور اس طرح کے اداروں میں لڑکیوں کو عصری تعلیم دینے کی گنجائش ہے۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۲/۳۷، دعوتِ فکر وعمل ۴۰۵)

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ﴿يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ، ذٰلِكَ اَدْنٰىٓ اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ وَكَانَ اللّٰهُ

Marfat.com

غَفُورًا رَحِيمًا﴾ [الأحزاب: ٥٩]

في هٰذه الآية دلالة علٰى أن المرأة الشابة مامورة بستر وجهها عن الأجنبيين وإظهار الستر والعفاف عند الخروج لئلا يطمع أهل الريب فيهن.

(أحكام القرآن للجصاص ٣/٣٧٢) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٥/٤/١٤٢٦ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اِسکول کالج کی تعلیم کا حکم

سوال (٦٨١):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: عام طور پر مسلمان اپنے بچوں کو بجائے دینی تعلیم دلانے کے کالجوں اور اسکولوں میں پڑھاتے ہیں، ازروئے شرع جملہ باتوں کی کیا حیثیت ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اولاً اتنی دینی تعلیم بچوں کو دینا فرض ہے جس سے وہ اپنے فرائض نماز روزہ وغیرہ ادا کرسکیں۔

عن أنس بن مالک رضي اللّٰہ عنه قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم: طلب العلم فریضة علی کل مسلم. (سنن ابن ماجة، کتاب السنة / باب فضل العلماء والحث علی طلب العلم ص: ٨٤ رقم: ٢٢٤ دار الفکر بیروت، مشکاة المصابیح ١/٣٤)

اور اُس کے بعد شرعی صورت ولباس میں رہ کر دنیوی اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم دینا مباح ہے، اور ملی اور قومی فائدے کی غرض سے ہو تو امر مستحسن ہے؛ لیکن شریعت کی پابندی بہر حال ضروری ہے، یعنی اسلامی تشخص کی حفاظت کے ساتھ دنیوی ترقیات حاصل کرنی چاہئیں۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ٣/١٨١ اڈابھیل) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٩/٣/١٤١٧ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

کسی دینی مدرسہ کو مخلوط تعلیم کے لئے استعمال کرنا؟

سوال (۶۸۲):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے شہر میں مسلمانوں نے ایک دینی ومذہبی تعلیم کے اغراض ومقاصد کے تحت مدرسہ قائم کیا، جس کی بنیاد خالص چرمِ قربانی، فطرہ اور زکوٰۃ وصدقات کی رقم سے ڈالی گئی، جو آج الحمدللہ کافی بڑی عمارت تقریباً دس کمروں پر مشتمل ہے، مدرسہ کی جانب سے ہر سال چندہ فراہمی کے لئے جو اعلان ہوتا ہے اور اشتہارات شائع ہوتے ہیں، وہ دینی تعلیم کے نام سے درجہ ناظرہ قرآن، درجہ حافظہ، درجہ قرأت، درجہ عربی وفارسی درجہ پنجم تک اردو پرائمری اور دورۂ حدیث شریف تک کے اجراء کا ہوتا ہے، مگر مدرسہ میں دینی تعلیم برائے نام ہے، اور دنیاوی تعلیم پر توجہ زیادہ ہے، جس کی وجہ سے آج تک کوئی طالب علم اس مدرسہ میں پڑھ کر عالم فاضل نہ بن سکا، اور نہ ہی کوئی مولوی عالم فاضل سال دوسال مدرسہ میں مدرس رہ سکے، چند روز ایک مولوی صاحب نے عربی کی تعلیم جاری کی تھی وہ اراکین مدرسہ کی بے توجہی کی بنا پر ختم ہوگئی، اور جتنے طلبہ تھے وہ سب کے سب رخصت ہوگئے، اس وقت تقریباً دوسال سے مدرسہ میں کوئی مولوی عالم فاضل مدرس نہیں ہے، مدرسہ میں نہ درجہ حفظ ہے، نہ درجہ تجوید اور نہ عربی وفارسی کی تعلیم۔

تو کیا اس طرح دینی مدرسہ میں لڑکیوں اور لڑکوں کو دنیاوی تعلیم کے لئے مدرسہ کو استعمال کرنا جائز ہے؟ جب کہ مدرسہ کے مہتمم عالم فاضل ہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکے اور لڑکیوں کی مخلوط تعلیم کے لئے جس پر پردہ کا کوئی لحاظ نہ ہو، کسی مدرسہ کو دینی یا دنیوی تعلیم کے لئے استعمال کرنا بالکل جائز نہیں، اس سے پرہیز بہت ضروری ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۱۴۰ قدیم زکریا)

قال الإمام الشاه ولي اللّٰه: اعلم أنه لما كان الرجال يهيّجهم النظرُ إلى النساء على عشقهن والتوجه بهن، ويفعل بالنساء مثل ذٰلك، وكان كثيرًا ما

Marfat.com

يكون ذلك سببًا؛ لأن يبتغي قضاء الشهوة منهن على غير السنة الراشدة، كاتباع من هي في عصمة غيره، أو بلا نكاح، أو غير اعتبار كفاءة، والذي شوهد من هٰذا الباب يغني عما سطر في الدفاتر، اقتضت الحكمة أن يسد هٰذا الباب. (حجة الله البالغة ۲/ ۳۲۸ ذا العورات مكتبة حجاز ديوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۵/۵/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کالج اور یونیورسٹیوں میں لڑکے اور لڑکیوں کو مخلوط تعلیم دلانا؟

سوال (۶۸۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: آج کے ترقی یافتہ سائنسی دور میں ہر فرد چاہے وہ چھوٹا ہو یا بڑا، جوان ہو یا بوڑھا یا بچہ، جس ملک سے بھی تعلق رکھتا ہو، جہاں وہ دنیاوی نالج، انگریزی تعلیم، مغربی تہذیب کا عاشق اور متوالا ہے، وہیں عورت بھی مرد کے شانہ بشانہ چلنا چاہتی ہے، خصوصاً انگریزی اور مغربی تہذیب سے متأثر اسلامی خواتین چاہتی ہیں کہ ہم بھی اِس میدان میں مرد کے کیوں پیچھے رہیں؟ مرد کی طرح ہمارا بھی حق ہے کہ ہم بھی کالجوں، اسکولوں، یونیورسٹیوں میں جائیں، ڈگریاں حاصل کریں اور اونچے عہدوں پر فائز ہوں۔

غرض عالمی سطح پر تعلیم نسواں کو سراہا جاتا ہے، عموماً ہر ملک ومذہب اور ہر فرد کا یہی نظریہ ہے کہ مردوں کی طرح عورتوں کو انگریزی تعلیم سکھلانی چاہئے، کالجوں میں جانے دینا چاہئے، اب وہ پرانا زمانہ نہ رہا، اَب موبائل اور انٹرنیٹ کا دور ہے اَب عورتوں کو بھی ہوشیار اور تعلیم یافتہ ہونا چاہئے؛ تاکہ ڈاکٹر، نرس، وکیل وغیرہ بن سکیں، اور ایسی ذہنیت صرف مغربی ملکوں اور ہمارے وی آئی پی حضرات، مال دار طبقہ تک ہی محدود نہیں؛ بلکہ ہمارے علماء حضرات، مدارس کے ذمہ داروں، دعوت کے ساتھیوں کا بھی اسی طرح کا میلان ہے، استدلالاً کہا جاتا ہے کہ ایک زمانہ میں ہمارے علماء واکابر مدارسِ اسلامیہ میں انگریزی تعلیم، عصری تعلیم، صنعت وحرفت کے قائل نہ تھے؛ لیکن یہ نظریہ

Marfat.com

تقریباً آج تبدیل ہو چکا ہے (الا ماشاء اللہ) ٹھیک اِسی طرح عورتوں کی انگریزی تعلیم، کالجوں میں پڑھنے کے لئے جانے کی اِجازت کا مسئلہ ہے کہ پہلے عصری طور پر حاجت نہ تھی؛ اس لئے ہمارے اکابر انکار فرماتے تھے؛ لیکن اب زمانہ کو دیکھتے ہوئے بچیوں کو بھی کالجوں، ہائی اسکول اور یونیورسٹی میں داخل کرنا چاہئے، انگریزی تعلیم دلوانا چاہئے، ڈگریاں حاصل کروانا چاہئے وغیرہ۔

بریں بناء مرورِ زمانہ کی وجہ سے تعلیم نسواں کے مسئلہ پر تبدیلی لائی جائے، جس طرح عصری انگریزی تعلیم مدارس میں داخل ہوئی ہے کیا عورتوں کی تعلیم کا مسئلہ بھی اسی جنس کا ہے؟ خواتین کے لئے انگریزی تعلیم کی اجازت کی صورت میں صرف ہمارے اکابر، علماء، قدماء کے خلاف ہی نہیں ہو رہا ہے؛ بلکہ نص صریح کے خلاف بھی ہو رہا ہے، مثلا: ﴿وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ. یُدْنِیْنَ عَلَیْهِنَّ مِنْ جَلَابِیْبِهِنَّ. یَغْضُضْنَ مِنْ أَبْصَارِهِنَّ﴾ وغیرہ، مان لیا اگر انگریزی تعلیم کے لئے اجازت بھی دی جائے، تو کہاں تک؟ جب کہ بچی عموماً دسویں، بارہویں کلاس میں جانے کے بعد بالغ ہو جائے گی، تو کیا بالغ ہونے کے بعد بھی بچی کو اِجازت دی جاسکتی ہے، نیز انگریزی تعلیم کے لئے آگے بڑے درجوں میں تعلیم کے واسطے انفرادی خواتین کے لئے اسکول کم ہوتے ہیں؛ اِس لئے اونچے درجوں میں تعلیم کے واسطے مرد وعورت مخلوط تعلیم حاصل کرتے ہیں، تو کیا شرعی طور پر مخلوط تعلیم کے لئے اجازت دی جاسکتی ہے، جب کہ "قُلِ الْحَیَاءُ بِالْمُمَارَسَةِ" بے حیائی بے پردگی کی عفت وعصمت پر بھی سوالیہ نشان لگ سکتا ہے۔ وَاِثْمُهُمَا اَکْبَرُ مِنْ نَفْعِهِمَا.

نیز ہمارے سرکاری اسکولوں، کالجوں میں نصابی تعلیم کیسی زہریلی بدعقیدگی والی ہے، وہ تو مشہور ہی ہے، جب ہمارا نوجوان اِس مغربی تہذیب اور انگریزی تعلیم سے متأثر ہو کر بددین بدعقیدہ ہو جاتا ہے، تو یہ تو صنفِ نازک ناقص العقل ہے۔

اَکابر کی نظر میں بچیوں کے مدارس، خواتین کی تبلیغی جماعت کا مسئلہ ہی مختلف فیہ ہے، تو یہ عورتوں کو دنیاوی تعلیم دینے کے بارے میں کیا کہا جائے گا؟ سویت یونین کے ہیرو "میخائل گوریا جوف" نے بھی اس پر اظہار افسوس کیا ہے، یورپ کے معاشرہ سے جہاں اُنہوں نے عورتوں کی

Marfat.com

تعلیم پر زور دیا، چند سالوں میں نتائج کا مشاہدہ ہوا کہ عورت ہاتھ سے نکل گئی، شوہر کی اِطاعت سے گریز کرنے لگی، آزادی کا شکار ہوگئی، اِن خطرناک نتائج کا مشاہدہ کرتے ہوئے شرعی نقطۂ نظر سے آگاہ فرمائیں۔

اگر اسکولوں میں جانے کی اجازت ہے تو کہاں تک؟ کس حالت میں؟ کس لباس میں؟ کس عمر تک؟ مخلوط یا غیر مخلوط؟ دارالاقامہ کے ساتھ یا گھر پر؟ وطن ہی میں یا دوسرے شہر میں؟ اگر منہی عنہ ہے، تو نہی لعینہٖ یا نہیں لغیرہ؟ معذرت چاہتا ہوں کلام طویل ہوگیا، ہوسکتا ہے اپنے دل کی بات کو قلم سے ظاہر نہ کرسکا ہوں، امید کہ تفصیلی جواب سے نوازیں گے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایسے کالج اور یونیورسٹیوں میں جہاں لڑکے لڑکیوں کی مخلوط تعلیم کا نظم ہے، مسلمان لڑکیوں کو تعلیم دلانا قطعاً ناجائز اور سخت فتنہ کا باعث ہے، ایسی تعلیم جس سے لڑکیوں کی عفت وعصمت پر آنچ آئے، اُس کے مقابلہ میں جاہل رہنا بہتر ہے؛ البتہ شرعی حدود یعنی مکمل پردہ اور اجنبی مردوں سے اختلاط سے مکمل بچتے ہوئے اگر کوئی لڑکی عصری تعلیم حاصل کرے تو وہ مباح ہوگی۔ (مستفاد: فتاویٰ رحیمیہ ۱/۲۱، امداد الاحکام ۱/۲۱۵، کفایت المفتی ۲/۳۷، دعوت فکر وعمل ۴۰۵) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۷/۵/۱۴۲۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

لڑکیوں کا عصری تعلیم کے باہر نکلنا؟

سوال (۶۸۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: دورِ حاضر میں مسلمانانِ ہند میں عصری علوم کی تحصیل کی جانب شدید رجحان پایا جارہا ہے، ہر کوئی اپنی اولاد کو تعلیم یافتہ دیکھنا چاہتا ہے، اور اِس کے لئے بڑی سے بڑی قربانی دینے کے لئے ہمہ وقت بخوشی تیار رہتا ہے، اور اِس حقیقت سے قطعاً انکار نہیں کیا جاسکتا کہ اِس دور میں مسلمان

Marfat.com

برادرانِ وطن کے مقابلہ میں بہت تھوڑے ہیں، یہی وجہ ہے کہ اعلیٰ ڈگری کے مسلمان ڈاکٹر، انجینئر، سائنسداں اور دیگر حکومتی مناصب پر اُن کی موجودگی برائے نام ہے، بڑے بڑے مسلمانوں کے ہسپتالوں میں بھی اعلیٰ ڈگری کے سرجن وغیرہ عموماً غیر مسلم ہیں، اور وجہ یہی معلوم ہوئی کہ ہم میں اُن کی تعداد بہت کم ہے۔

اِسی طرح سیکڑوں میں ایک شاید و باید کیمسٹری، فیزکس یا پولوجی کا ماہر مل پائے، یہی حال انجینئرنگ کا ہے۔ غرض عصری علوم میں مسلمانوں کے پسماندہ ہونے کا انکار نہیں کیا جاسکتا، چناں چہ جسٹس سچر رپورٹ نے اس کی بھرپور تصدیق کردی؛ لہٰذا مختلف علاقوں میں تعلیمی تنظیمی اجلاس منعقد کئے جارہے ہیں اور مسلمانوں کو عصری علوم کی اَہمیت و اِفادیت اور دورِ حاضر میں اُس کی ضرورت کو بیان کیا جارہا ہے، اور اُس کی طرف رغبت دلائی جارہی ہے، بعض مخیّر حضرات بذاتِ خود اور مختلف ملی تنظیمیں مالی تعاون بھی پیش کررہی ہیں، اور رہنما کیمپ بھی منعقد کئے جارہے ہیں، اور طلباء کی مختلف فنون میں سے دلچسپیاں معلوم کرکے خاص فن کا انتخاب کیا جارہا ہے۔ الغرض متنوع اور مختلف الجہات کوششیں ہورہی ہیں، اور اس کی وجہ سے نمایاں فرق محسوس کیا جارہا ہے، چناں چہ HSC SSC اور دیگر امتحانات میں مسلم طلباء کا معیار اور تعداد کافی بلند اور زیادہ ہوا ہے، اور اخبارات میں اس کی خوب تشہیر بھی ہورہی ہے، اور درحقیقت قوم مسلم کے حق میں یہ ایک فال نیک سمجھا جاتا ہے۔

بایں ہمہ جو چیز دینی حلقوں میں باعثِ تشویش ہے، اور بڑے شدومد کے ساتھ سوالات اٹھائے جارہے ہیں، وہ یہ ہے کہ لڑکیوں کے لئے عصری تعلیم موجودہ حالات میں کتنی صحیح ہے؟ شرعاً اِس کی اجازت ہے یا نہیں؟

وجہِ تشویش یہ ہے کہ عصری تعلیم کی تحصیل عصری تعلیم گاہوں میں جائے بغیر ہو نہیں سکتی، اور عصری تعلیم گاہیں جہاں اسلامی طرزِ تعلیم اور شرعی پابندیوں کا لحاظ کیا جاتا ہو، کھانے میں نمک کے برابر بھی نہیں ہیں، ماضی کی چند دہائیوں سے تو مسلمانوں کی اس طرف توجہ ہوئی ہے، اور ابھی کچھ

Marfat.com

درس گاہیں اس طرح کی نظر آ رہی ہیں؛ لیکن وہ تکمیل ضرورت کے لئے انتہائی ناکافی ہیں۔

دوسری طرف لڑکیوں میں اس تعلیم کا ذوق سر چڑھ کر بول رہا ہے، اور ابھی چند سالوں سے تو مسلمان لڑکیاں ہی ٹاپ کر رہی ہیں، یعنی لڑکوں سے لڑکیاں معیارِ تعلیم میں بہت آگے ہیں، یہ اور بات ہے کہ ملازمت وغیرہ میں مسلم لڑکیوں کا تناسب جلدی شادی یا گریجولیشن (پندرھویں) تک پڑھائی ختم کرنے کی وجہ سے بہت کم ہے؛ لیکن ابھی کچھ سالوں سے اس میں برابر اضافہ ہو رہا ہے، اور مسلم لڑکیاں ڈاکٹر، انجینئر، کالجوں میں پروفیسر وغیرہ مل رہی ہیں، اور اَب تو معاشرہ کا عام رجحان یہ ہوتا جا رہا ہے کہ لڑکیوں کو ہی زیورِ تعلیم سے آراستہ ہو کر اپنے پیروں پر کھڑا ہونا چاہئے، ورنہ بسا اَوقات اس نفسا نفسی والے ماحول میں بے چاری لڑکیوں کو بڑی مصیبتیں جھیلنی پڑتی ہیں، اسی طرح مہنگائی کے اِس دور میں تنہا شوہر کی کمائی ضروریات کی تکمیل کے لئے ناکافی ہے، تو بیوی کی کمائی سے کافی مدد ملتی ہے، چناں چہ سچر رپورٹ میں مسلمانوں کی تعلیمی پسماندگی کی ایک بڑی وجہ اُن کی معاشی پسماندگی کو قرار دیا گیا ہے۔

چناں چہ ہم خود اپنے گھرانوں میں اور اطراف میں، رشتہ داروں اور دوست واحباب میں دیکھتے ہیں کہ بچہ یا بچی ذہین اور محنتی سب کچھ ہے؛ لیکن والدین کے پاس اتنی استطاعت نہیں ہے کہ آگے کی پڑھائی کا خرچ برداشت کر سکے، مجبوراً پڑھائی ختم کرنی پڑتی ہے، اور وہ بچہ جو پڑھ لکھ کر لائق وفائق بن سکتا تھا وہ سبزی فروش، رکشا ڈرائیور یا ایسا کوئی چھوٹا موٹا کام کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے، اور ظاہر ہے کہ جب اُس کی یہ حالت ہوگی تو وہ اپنے بچوں کو کیا تعلیم دے گا؟

نیز مال دار، مہذب وتعلیم یافتہ اور اچھے گھرانوں کے نوجوانوں میں تعلیم یافتہ لڑکیوں سے نکاح کرنے کا رجحان بھی عام ہوتا جا رہا ہے، چناں چہ بے شمار ایسے نوجوان ڈاکٹر وغیرہ ہیں جو صرف نکاح میں اِس لئے تاخیر کر رہے ہیں کہ انہیں اُن کے معیار کی لڑکی نہیں مل رہی ہے؛ لہٰذا اَب عموماً والدین اپنی لڑکیوں کو تعلیم یافتہ بنا رہے ہیں؛ تاکہ اُن کی بچیوں کو اچھا رشتہ ملے، اور وہ خوش حال زندگی گذار سکیں۔

Marfat.com

قرآنِ کریم کی آیات: (۱) وَقَرْنَ فِیْ بُیُوْتِکُنَّ (۲) وَاِذَا سَأَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَاسْئَلُوْهُنَّ مِنْ وَرَآءِ حِجَابٍ (۳) وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى: [الأحزاب]

اَحادیثِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم: (۱) المرأة عورة فإذا خرجت استشرفها الشيطان الخ. (سنن الترمذی، کتاب النکاح) (۲) إن المرأة تقبل في صورة شيطان وتدبر في صورة شيطان. (صحيح مسلم) (۳) ليس للنساء نصيب في الخروج إلا مضطر. (طبراني)

اورعلماءِ اُمت کے اقوال سے تو اِس کی اجازت معلوم نہیں ہوتی کہ لڑکیاں عصری تعلیم کے حصول کے لئے مروج اسکولی وکالجی نظامِ تعلیم کی تکمیل کرے کہ اس میں یقیناً بہت مفاسدہ وخطرات ہیں، اورعیاں راچہ بیاں، اِس کی خرابیاں آنکھوں سے امت دیکھ رہی ہے؛ لیکن بہت سے فائدوں سے اُمت استفادہ بھی کررہی ہے، جس کا انکار نہیں کیا جاسکتا، چناں چہ جن دواخانوں اورہسپتالوں میں مسلم لیڈیز ڈاکٹر ہیں، وہاں ہماری عورتوں کے لئے بڑی سہولت ہوگئی ہے، ورنہ عموماً مرد ڈاکٹروں کے پاس جانا پڑتا ہے، جو بڑا مشکل مرحلہ ہوتا ہے۔

اِسی طرح جن اسکولوں اور کالجوں میں لڑکیاں پڑھتی ہیں وہاں اُن مسلم معلمات کو تعلیم کے لئے مقرر کیا جاتا ہے، اورلڑکیاں مرد اَساتذہ سے پڑھنے کی شناعت سے محفوظ رہتی ہیں وغیرہ وغیرہ، یہ چیز بھی ہمارے پیشِ نظر ہے کہ دنیوی عصری تعلیم عورتوں کے لئے سرے سے ضروری ہے ہی نہیں؛ بلکہ دینی ضروری معلومات اور بنیادی عقائد ومسائل کی جانکاری ''طلب العلم فريضةٌ على كل مسلمٍ'' کی روشنی میں لازم ہے کہ اُن کے علم کے بغیر عمل کی تکمیل نہیں ہوسکتی جو ضروری ہے؛ کیوں کہ مسلمان کے عقیدہ وعمل کا درست ہونا اولین شئ ہے۔ كما هو مصرحٌ في كتب الفقه۔

لیکن موجودہ دور میں پانی سر سے اوپر جاچکا ہے اورعوام تو عوام خواص؛ بلکہ اہلِ علم اور بعض اہلِ تقویٰ کی بناتِ طیبات بھی اگرچہ شرعی پابندیوں کے ساتھ اسکولوں اور عصری تعلیم گاہوں میں جارہی ہیں، اورعفت وعصمت کی حفاظت کے ساتھ تعلیم حاصل کررہی ہیں، اور خصوصاً اُن کے

Marfat.com

اپنے بچوں کواور دیگر خواتین کو بڑا فائدہ ہورہا ہے، موجودہ حالات میں اس کو روکنا مشکل ہی نہیں؛ بلکہ قریب المحال ہے، اوراس سلسلہ میں سعی فضول اور لاحاصل، ہاں البتہ اُس کی اِصلاح کی تدابیر اختیار کی جاسکتی ہے، اور امید قوی ہے کہ اُمت کا بڑا طبقہ اس کو بسروچشم قبول کرے گا؛ کیوں کہ مسلمان اپنی بچیوں کو اسلامی طرز اور شرعی پابندیوں کے ساتھ تعلیم دینے کو اولیت دیتا ہے، اور غیروں کے یہاں بدرجہ مجبوری بچیاں جارہی ہیں اور اُس کی وجوہات پہلے بیان کی جاچکی ہیں۔

مذکورہ بالا اَحوالِ واقعی کے پیشِ نظر کچھ سوالات پیشِ خدمت ہیں:

(۱) عصری تعلیم کی تحصیل اور ڈاکٹر وپروفیسر ومعلّمات بننا اور دیگر ڈگریاں حاصل کرنا چوں کہ مسلمان لڑکیوں پر شرعاً ضروری نہیں ہیں؛ کیوں کہ یہ علومِ شرعیہ ضروریہ میں داخل نہیں ہیں، تو کیا اُن کی تحصیل کے لئے لڑکیوں کو اسکول، کالج وغیرہ میں جانا شرعاً جائز ہوگا؟

الف:- اگر تعلیم مخلوط نہ ہو، خالص بنات کے لئے داخلہ ہو اور پڑھانے کے لئے معلمات ہوں، اور مکمل اسلامی طرز تعلیم نہ ہو، مثلاً برقعہ بالغہ کے لئے لازم نہ ہو؛ بلکہ اختیار ہو تو کیا حکم ہوگا؟

ب:- اور اگر برقعہ وغیرہ شرعی اُمور کی پابندی ہو تو کیا حکم ہوگا؟ بہر دوصورت تعلیم گھر پر تو نہیں ہوسکتی، قریب یا دور اسکول، کالج جانا ہوگا، زیادہ دور نہ ہو تو پیدل چل کر، ورنہ رکشہ یا اسکول کی بس سے مسافت طے کی جائے گی؟ تو کیا حاجتِ غیر شرعیہ ضروریہ کے لئے خروج من البیت کی بناء پر ممنوع ہوگا؟ جیسا کہ حدیث میں: ''المرأة إذا خرجت من بيتها استشرفها الشيطان'' آیا ہے؟

(۲) اگر جواز کی کوئی صورت نکل سکتی ہے تو فبہا، ورنہ مسلم خواتین کے لئے بے شمار مسائل کھڑے ہوسکتے ہیں؛ کیوں کہ اگر وہ کوئی ہنر بھی سیکھنا چاہے، مثلاً خیاطی یا کڑھائی وغیرہ، تو گھر سے باہر تو کلاس جوائنٹ کرنا ہوگا؛ کیوں کہ اب گھروں پر آ آ کر سکھانے کا رواج تقریباً ختم ہوچکا ہے، تو کیا یہ بھی ممنوع ہوگا؟

(۳) خواتین کے امراض کی تشخیص کے لئے مسلم لیڈی ماہر ڈاکٹر سرجن وغیرہ کی ضرورت

Marfat.com

پیش آتی ہے، چناں چہ عورتوں کا ایکسرا کروانا ہو، یا سونو گرافی کروانا ہو، اسی طرح بچہ پیدا ہونے تک کے تمام مراحل اور دیگر بہت سی بیماریوں میں عورت ڈاکٹر کی ضرورت پیش آتی ہے، اَب جب موجودہ حالات میں یہ تعلیم کا حصول ہی ممنوع ہوگا، تو مسلمان لیڈی ڈاکٹر کیسے ملے گی؟ اور بعض حالات میں حضرات مفتیانِ کرام بھی فرماتے ہیں کہ ''ماہر، حاذق، دین دار مسلم طبیب کی رائے پر فیصلہ ہوگا'' اوراس صورت میں جب کہ دین داروں کے لئے یہ چیز ممنوع ہی ہوگی، تو دین دار ڈاکٹر کہاں سے لائی جائے گی؟ میں ہرگز یہ نہیں کہنا چاہتا کہ جو خواتین ڈاکٹر حضرات ہیں، وہ سب بے دین ہیں؛ لیکن یہ ضرور کہہ سکتا ہوں کہ اکثر دین دار نہیں ہیں، ورنہ پھر مسلمان مرد ڈاکٹر جو ماہر اور دین دار ہو، اس سے تشخیص کروا کر فیصلہ کروانا ہوگا، اوراس صورت میں عورت کے جسم، شرم گاہ وغیرہ کو محرم کے لئے دیکھنا لازم آئے گا، کیا یہ کہہ کر اس طریقہ کو ہی باقی رکھا جائے گا کہ حضرات فقہاء نے مجبوری کی حالت میں بعوضِ علاج مرد ڈاکٹروں کے لئے اس کی اجازت دی ہے؛ لہٰذا یہی چیز ہوتی رہے اور ہماری عورتیں تعلیم حاصل نہ کریں؟ یا یہ کہہ کر مسئلہ ہی ختم کردیا جائے کہ جب غیر مسلم لیڈی ڈاکٹر وغیرہ ملتے ہیں، تو مسلمان لیڈی ڈاکٹر کی ضرورت ہی نہیں؛ لہٰذا اَب ممنوعاتِ شرعیہ کے ارتکاب کی حاجت ہی نہ رہی، کیا ایسی کافرہ کا فیصلہ معتبر ہوگا؟

(۴) اِن تمام شرعی رکاوٹوں کے باوجود جو خواتین تعلیم حاصل کر کے پروفیسر، معلمات، ڈاکٹرس وغیرہ بن چکی ہیں، ظاہر ہے وہ اسکولوں میں معلّمہ کے فرائض انجام دینے کے لئے گھر سے نکلیں گی، اِسی طرح ڈاکٹر، اپنی ڈسپنسری یا ہسپتال جائیں گی، اِس صورت میں پھر اُن کو روکا جائے گا، اور یہ کہا جائے گا کہ تم گھر کی ملکہ ہو، تم پر فریضہ اکتساب لازم نہیں، شادی سے پہلے باپ اور شادی کے بعد شوہر پر نان ونفقہ کی ذمہ داری ہے، اِس لئے تمہارے لئے گھر سے باہر نکل کر پڑھانے کی اجازت نہیں ہے، اور نہ تم اپنی ڈسپنسری جاسکتی ہو اور نہ ہی کسی ہسپتال جانے کی اجازت ہے۔

(۵) جب یہ صورتِ حال ہوگی تو ظاہر سی بات ہے کہ اردو اسکولوں اور کالجوں میں خواتین معلمات نہیں ہوں گی تو مرد معلم ہوں گے، جن کے پاس پڑھنے کی شرعاً اجازت نہیں، تو کیا لڑکیوں

Marfat.com

کے اسکولوں کو بند کر دیا جائے؟ یا پھر انگریزی مشن اسکولوں میں جو لڑکیوں ہی کے لئے مختص ہوتی ہیں، جہاں پڑھانے والیاں خواتین ہوتی ہیں وہاں بھیجا جائے، اور پھر کیا گت بنے گی، وہ تو ظاہر ہے، آخر کیا صورت اختیار کی جائے؟

(۶) پھر علماء کرام اور ہمارے بڑے بزرگانِ دین اسلامی طرز تعلیم والی بچیوں کے افتتاح کے لئے کیوں جاتے ہیں؟ اور اپنی نیک خواہشات اور تمناؤں کا اظہار مکاتب میں کیوں کرتے ہیں؟

(۷) ہمارے اپنے اکابر علماء کی سرپرستی میں اس طرح کی نسوانی اسکول چل رہے ہیں، مثلاً دیوبند وغیرہ میں اِسی طرح بعض معتبر علماء نے بھی اسکول کھولے ہیں، مثلاً اکل کوا (مہاراشٹر) میں B.U.M.S یونانی کالج لڑکیوں کے لئے ہے۔

بندہ مظفر نگر (یوپی) مدعو تھا، وہاں ایک معروف عالم دین نے لڑکیوں کی S.S.C تک تعلیم کے لئے اسکول کھول رکھی ہے، اور لڑکیاں بڑی تعداد میں آتی ہیں، رانچی (بہار) میں دینی و دنیوی دونوں تعلیم سے آراستہ بنات کے لئے اسکول علماء ندوہ کے زیر سرپرستی چل رہا ہے، اور وہاں کی تعلیم اور نظم سے متأثر ہو کر ہمارے اپنے بڑوں کے بڑے اچھے تأثرات ملے ہیں، خود ہمارے ممبئی واطراف میں اِس طرح کے اسکولوں کا جال اکابر کے مشورہ اور سرپرستی میں بڑے آب وتاب سے رواں دواں ہیں، اور اس میں دین داروں، حضرات علماء ومفتیان، ذمہ دارانِ تبلیغ وغیرہ کی بنات تعلیم حاصل کر رہی ہیں؛ البتہ اتنا ضرور ہے کہ شرعی پابندیوں کا پورا لحاظ کیا جا رہا ہے، یہ تو مختلف صوبوں کی کچھ مثالیں تھیں، ورنہ اَب تو تقریباً پورے ملک میں اس طرح کی سرگرمیاں ہیں، تو ان حضرات کے پیشِ نظر اِباحت واجازت کی کون سی دلیل اور وجہ ہے؟ (عموماً حضرات علماء کے نام نہیں لکھے گئے ہیں)

(۸) سفر شرعی عورت کے لئے بغیر محرم کے جائز نہیں؛ لیکن اپنے علاقہ ہی میں سفر شرعی سے کافی کم مقدار اکیلے، تنہا جانے کی اجازت ہے؟ برائے مہربانی اُس کی مقدار بیان فرمائیں؟

الغرض آنحضرت سے مؤدبانہ درخواست ہے کہ موجودہ دور کے اس اہم ترین مسئلہ کا شرعی

Marfat.com

حکم بیان فرمائیں، اوراس سلسلہ میں اپنی رائے عالی سے نوازیں ۔فقط

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آپ نے لڑکیوں کی تعلیم کے بارے میں جوسوالات اٹھائے ہیں، وہ سب اَہم اور قابلِ توجہ ہیں، ایک طرف عورتوں کے متعلق شرعی حدود ہیں، دوسری طرف نئے زمانہ کے حالات، ضروریات اورنزاکتیں ہیں، جن سے صرفِ نظر نہیں کیا جاسکتا۔ بریں بناء سوال نامہ کے تمام پہلوؤں پرغور کرنے کے بعد جو چند اُمور ذہن میں آتے ہیں، وہ درج کئے جارہے ہیں:

(۱) ایسے علوم جن میں انجام کار غیر مردوں سے اختلاط ناگزیر ہو، اوراُس سے بچنے کی کوئی شکل ہی نہ ہو، جیسے انجینئرنگ، ایئر ہوسٹس اور پائلٹ وغیرہ، تو ایسے علوم سیکھنے سے عورتوں کو مطلقاً منع کیا جائے گا۔

(۲) وہ علوم جوعورتوں کی معاشرتی زندگی کے لئے مفید ہیں، اوراُن میں غیر مردوں کے اختلاط سے بچنا ممکن ہے، جیسے کپڑا سینا، نقش ونگار بنانا وغیرہ، تو ایسی تعلیم حاصل کرنا شرعی حدود کی رعایت رکھتے ہوئے مطلقاً جائز ہے۔

(۳) ایسے علوم جن کا سیکھنا عورتوں کے لئے قومی اور معاشرتی ضرورت کے لئے ناگزیر ہے، مثلاً لیڈی ڈاکٹر بننا، یا معلّمہ بننا وغیرہ، تو مسلم معاشرہ میں کفایہ کے درجہ میں معتد بہ تعداد میں مسلم عورتوں کو ایسے علوم ضرور سیکھنے چاہئیں۔ اوراولاً پوری کوشش ہو کہ شرعی پردہ کے ماحول میں رہ کر اُنہیں سیکھا جائے، اورخالص لڑکیوں کے اِداروں میں ہی تعلیم حاصل کی جائے؛ لیکن اگر کسی وجہ سے یہ ممکن نہ ہو، تو "اُھون البلیتین" کے اُصول پر مکمل حجاب کے ساتھ مخلوط اداروں میں تعلیم کو بھی برداشت کیا جاسکتا ہے؛ اِس لئے کہ تجربہ میں آمدہ واقعات کی روشنی میں ہمدرد لیڈی ڈاکٹروں، اوردین دار استانیوں کا وجود مسلم معاشرہ کی ایک ناگزیر ضرورت بن گیا ہے، اِس اہم

Marfat.com

ضرورت کے حصول کے لئے عارضی طور پر نامناسب ماحول برداشت کیا جاسکتا ہے، اور بڑے نقصان سے بچنے کے لئے چھوٹے نقصان کا تحمل آسان ہے۔

(۴) گھر سے قریبی اداروں میں آنے جانے کے لئے فتنوں سے حفاظت کے ساتھ اکیلے یا چند لڑکیوں کا مل کر جانا بھی درست ہے؛ لیکن جب مسافت سفر کے بقدر سفر درپیش ہو، تو محرم یا شوہر کے بغیر عورت کا سفر کرنا مطلقاً ناجائز ہوگا، خواہ تعلیم کے لئے ہو یا کسی اور مقصد سے، عورت کے لئے اِس کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔

(۵) ڈاکٹری اور معلّمہ کی تعلیم مکمل کر لینے کے بعد جب یہ عورتیں اپنا کام شروع کریں، تو اَب لازم ہے کہ شرعی حدود کی مکمل رعایت رکھیں، مثلاً ڈاکٹر عورتیں اپنے یہاں کام کرنے کے لئے عورتیں ہی ملازم رکھیں۔ اِسی طرح مخلوط تعلیمی اِداروں میں اجنبی مردوں کے ساتھ سروس نہ کریں وغیرہ؛ کیوں کہ اِس مرحلہ پر شرعی حدود کی پابندی نہیں کی جائے گی، تو اُن عورتوں میں اور دوسری عورتوں میں کوئی امتیاز نہ رہے گا۔ بہرحال اِن تمام مسائل کا حل درج ذیل فقہی اُصول وجزئیات میں مضمر ہے۔ ملاحظہ فرمائیں:

من ابتلي ببليتين وهما متساويتان يأخذ بأيتهما شاء، وإن اختلفا يختار أهونهما؛ لأن مباشرة الحرام لا تجوز إلا للضرورة، ولا ضرورة في حق الزيادة.

(الأشباه والنظائر ۳۱۹ مكتبة فقيه الأمة، ۱۲۳/۱ پاكستان)

إذا تعارض مفسدتان روعي أعظمهما ضررًا بإرتكاب أخفهما. (الأشباه والنظائر ۳۱۹ مكتبة فقيه الأمة، ۱۲۳/۱ پاكستان)

لو كان أحدهما أعظم ضررًا من الأخر، فإن الأشد يزال بالأخف. (الأشباه والنظائر ۳۱۵ مكتبة فقيه الأمة، ۱۲۲/۱ پاكستان)

الضرر يدفع بقدر الإمكان. (قواعد الفقه ۸۸ دار الكتاب ديوبند)

يتحمل الضرر الخاص لأجل دفع ضرر العام. (الأشباه والنظائر ۳۱۲ مكتبة فقيه

Marfat.com

الأمة، ۱۲۱/۱ پاکستان) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۵/۱۴۳۲ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بالغ لڑکیوں کا بغیر پردہ کے انگریزی تعلیم حاصل کرنا؟

سوال (۶۸۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: لڑکیوں کو جو جوان ہیں، یا جوان ہونے کے قریب ہیں، اُن کو احسن الفتاویٰ ۳۲/۸ پر ناجائز لکھا ہے کہ اُن کو بغیر پردہ کے کسی غیر آدمی سے نہ پڑھایا جائے، چاہے وہ قرآنِ پاک کی تعلیم ہو یا انگریزی تعلیم ہو، اور فتاویٰ رحیمیہ ۲۶/۱ سے لے کر ۴۰ تک حضرت نے بڑی تفصیل کے ساتھ لکھا ہے کہ انگریزی تعلیم بغیر پردہ کے لڑکیوں کو دینا جائز نہیں ہے، آپ حضرات کی تحقیق کیا ہے کہ لڑکیوں کو جو جوان ہیں یا جوان ہونے کے قریب ہیں، اُن کو انگریزی تعلیم بغیر پردہ کے غیر مردوں سے پڑھوانا جائز ہے یا ناجائز؟

آپ کے مسائل اور اُن کا حل میں ۱۸۱/۹ پر لکھا ہے کہ ۹ رسال کی لڑکی جوان ہوسکتی ہے، اور وہ جوان میں شمار ہوگی، حوالہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا دیا ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ۹ رسال کی عمر میں رخصتی ہوگئی تھی، اور احسن الفتاویٰ ۳۶/۸ پر بھی ۹ رسال کی لڑکی جوان ہوسکتی ہے، اور وہ بالغہ میں شمار ہوگی اور اس کو پردہ کرنا فرض ہے۔

آپ حضرات کی تحقیق کیا ہے کہ ۹ رسال کی لڑکی کو بغیر پردہ کے قرآن پاک کی تعلیم یا انگریزی تعلیم وغیرہ کسی غیر آدمی سے پڑھوانا جائز ہے یا ناجائز؟ اور ۹ رسال کی لڑکیوں کو بغیر پردہ کے باہر بھیجنا جائز ہے یا ناجائز؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جوان یا قریب البلوغ بچیوں کو بے پردہ غیر مردوں سے کسی بھی طرح کی تعلیم دلوانا جائز نہیں ہے، ایسی بچیوں کو صرف معلّمہ کے ذریعہ سے ہی تعلیم دلائی

Marfat.com

جائے، اور ۹ رسال کی بچی کا بالغ ہونا ممکن ہے اور اُس کا حکم بھی بالغ بچیوں کی طرح ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ﴾ [الأحزاب، جزء آیت: ۵۹]

قال أبو بكر في هذه الآية: دلالة على أن المرأة الشابة مأمورة بسترة وجها عن الأجنبيين. (أحكام القرآن للجصاص ۳۷۲/۳)

وقال اللّٰہ سبحانه وتعالیٰ: ﴿وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْأُوْلٰى﴾ [الأحزاب، جزء آیت: ۳۳]

قال علي بن أبي طلحة عن ابن عباس رضي اللّٰہ عنه أمر اللّٰہ نساء المؤمنين إذا أخرجن من بيوتهن في حاجة أن يغطين وجوههن من فوق رؤوسهن بالجلابيب، ويبدين عينًا واحدة. (تفسير ابن كثير ۱۰۸۳، امداد الأحكام ۲۲۱/۱) فقط واللّٰہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۵/۱/۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

لڑکیوں کا ہائی اسکول کے بعد پردہ میں رہ کر مزید تعلیم حاصل کرنا؟

سوال (۶۸۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک لڑکی ہے اُس کی عمر ۱۹ رسال ہے، وہ ہائی اسکول کر چکی ہے، اور آگے کی تعلیم کے لئے کالج میں داخلہ لینا چاہتی ہے، جہاں تعلیم دینے والے مرد بھی ہیں اور عورتیں بھی، اور وہ کالج صرف لڑکیوں کا ہے، تو کیا پردہ میں رہ کر وہ لڑکی آگے کی تعلیم حاصل کرسکتی ہے یا نہیں؟ شرعی حکم سے مطلع فرمائیں۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکیوں کا ایسا کالج جس میں پڑھانے والیاں صرف عورتیں ہوں، اس میں تعلیم حاصل کرنے کی گنجائش ہے؛ لیکن اگر مرد بھی تعلیم دینے والے ہوں تو اس پرفتن دور میں کالج کے ماحول میں فتنہ سے بچنے کی کوئی ضمانت نہیں ہے؛ اِس لئے مردوں سے

Marfat.com

تعلیم حاصل کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۳۶/۲، احسن الفتاویٰ ۳۴/۸، فتاوی محمودیہ ۳۸۴/۳ ڈابھیل)

وينبغي أن يعلم امرأة تداويها؛ لأن نظر الجنس إلى الجنس أخف. (الدرالمختار مع الشامي ۵۳۳/۹ زكريا)

وتمنع المرأة الشابة من كشف الوجه بين الرجال لا لأنه عورة؛ بل لخوف الفتنة. (شامي، باب شروط الصلاة / مطلب في ستر العورة ۷۹/۲ زكريا)

قال الإمام الشاه ولي الله: اعلم أنه لما كان الرجال يهيّجهم النظر إلى النساء على عشقهن والتوجه بهن، ويفعل بالنساء مثل ذلك، وكان كثيرًا ما يكون ذلك سببًا؛ لأن يبتغي قضاء الشهوة منهن على غير السنة الراشدة، كاتباع من هي في عصمة غيره، أو بلا نكاح، أو غير اعتبار كفاءة، والذي شوهد من هذا الباب يغني عما سطر في الدفاتر، اقتضت الحكمة أن يسد هذا الباب. (حجة الله البالغة ۳۲۸/۲ ذكر العورات مكتبة حجاز ديوبند)

درأ المفاسد أولى من جلب المصالح، فإذا تعارضت مفسدة ومصلحة قدم دفع المفسدة غالباً. (الأشباه والنظائر ۱۴۷/۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۵/۷/۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

غیر مسلم عورت کو قرآن سکھانا؟

سوال (۶۸۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک ہندو عورت قرآن پڑھنا چاہتی ہے، اور اُس کے دل میں اِسلام وقرآن کی عظمت بھی ہے، تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ ایسی عورت کو قرآن کی تعلیم دینا درست ہے یا نہیں؟ بینوا

Marfat.com

وتو جروا۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایسی عورت کو قرآنِ کریم کی تعلیم دینا درست ہے، مگر اس عورت کے لئے طہارت کے بغیر قرآنِ کریم کو ہاتھ لگانا جائز نہیں ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۸۸/۲ میرٹھ)

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿لَا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ﴾ [الواقعة: ۷۹]

قال الإمام محمد في السير الكبير: وإذا قال الحربي أو الذمي للمسلم: علمني القرآن فلا بأس بأن يعلمه ويفقهه في الدين، لعل اللّٰہ يقلب قلبه. والحاصل مما سبق أن وقوع المصحف بأيدي الكفار إنما يمنع منه إذا خيف منهم إهانته، أما إذا لم يكن مثل هٰذا الخوف فلا بأس بذٰلك لا سيّما لتعليم القرآن وتبليغه، واللّٰہ أعلم. (تكملة فتح الملهم شرح صحيح الإمام مسلم / باب النهي أن يسافر بالمصحف الخ ۳۸۶/۳ مكتبة دار العلوم كراچی)

وفي الدر المختار: ويمنع النصراني من مسه وجوزه محمد إذا اغتسل، ولا بأس بتعليمه القرآن والفقه عسىٰ أن يهتدي. (الدر المختار، كتاب الطهارة / قبيل باب المياه ۱۷۷/۱ كراچی)

كافرٌ من أهل الذمة أو من أهل الحرب طالب من مسلم أن يعلم القرآن والفقه، قالوا لابأس به بأن يعلم القرآن والفقه في الدين؛ لأنه عسىٰ أن يهتدي إلى الإسلام فيسلم إلا أن الكافر لا يمس المصحف. (فتاویٰ قاضي خان ۷۹۴/۴)

ولا بأس بتعليم الكافر القرآن أو الفقه رجاءً أن يهتدي، ولكن لا يمس المصحف ما لم يغتسل. (الحلبي الكبير / تتمات فيما يكره من القرآن في الصلاة وما لا يكره وفي القراءة خارج الصلاة ۴۹۷ لاهور) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

Marfat.com

۱۴۱۱/۲/۳ھ

لڑکیوں کو دُنیاوی تعلیم کے لئے اِسکول بھیجنا؟

سوال (۶۸۸):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بالغات کو دنیوی تعلیم حاصل کرنا یا کرانا، پڑھانا، لکھانا مثلاً ہندی انگلش وغیرہ جب کہ اُس میں لکھنا لکھانا بہت ضروری ہے، اور لکھنے پر ہی زیادہ زور دیا جاتا ہے، اور لوگ کہتے ہیں کہ زمانہ کے اعتبار سے لڑکیوں کی دنیوی تعلیم بہت ضروری ہے، اور اپنی لڑکیوں کو اِسکول بھیجتے ہیں، اَب ایسے حالات میں بالغات کو خود تعلیم حاصل کرنا یا کرانا پڑھنا اور پڑھانا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: موجودہ پرفتن دور میں لڑکیوں کو دنیوی اِسکولوں میں بھیجنا فتنہ سے خالی نہیں ہے؛ لہٰذا گھر ہی پر تعلیم کا نظم کرنا چاہئے، اگر گھر پر نظم نہ ہوسکے تو پردے کے ساتھ ایسے اسکول میں تعلیم دلائی جائے جس میں صرف لڑکیاں ہی پڑھتی ہوں، وہاں لڑکے تعلیم نہ پاتے ہوں۔

عن عبد اللّٰہ رضي اللّٰہ عنه عن النبي صلى اللّٰہ علیه وسلم قال: المرأة عورة؛ فإذا خرجت استشرفها الشیطان. (سنن الترمذي، أبواب الطلاق واللعان / باب ما جاء في کراهیة الدخول علی المغیبات ۱/۲۲۲ رقم: ۱۱۷۳، مشکاة المصابیح ۲/۲۶۹) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۳/۷/۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

غیر مرد کا شادی شدہ جوان لڑکیوں کو بے پردہ پڑھانا؟

سوال (۶۸۹):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مدرسہ مؤمنات کے نام سے ایک حافظ بہاری نے کھولا، نہ کوئی مہتمم ہے اور نہ مجلسِ

Marfat.com

شوریٰ، ایک خود اور دو لڑکیاں پڑھانے کے لئے متعین ہیں، طالبات وخورد ۲۰ روپیہ ماہواری فیس فی لڑکی ہے، زکوٰۃ وخیرات کا چندہ بمبئی تک کیا جاتا ہے، چرمِ قربانی بھی لی جاتی ہے۔ تو اَب سوال یہ ہے کہ غیر مرد کا شادی شدہ جوان لڑکیوں کو پڑھانے کا قرآن وسنت کی روشنی میں جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کسی اَجنبی مرد کے لئے جوان لڑکیوں کو بے پردہ پڑھانا قطعاً جائز نہیں ہے، اور پردہ کے ساتھ بھی اَجنبی کے پڑھانے میں سخت مفاسد پائے جاتے ہیں، اِس لئے یہ عمل درست نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۳/۳۷۷ ڈابھیل) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۲۷/۱۱/۱۴۲۱ھ

مخلوط تعلیم والے اسکول کے سکریٹری عہدے سے مستعفی ہونا

سوال (۶۹۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ عربیہ انوار العلوم کا قیام تقریباً چالیس سال پہلے ہوا ہے۔ مدرسہ ہذا نے ایک دوسرا سکول قریب کے محلے میں مدرسہ انوار العلوم پرائمری وجونئر کے نام سے قائم کیا ہے، جس میں دینی تعلیم کے علاوہ عصری تعلیم کا مکمل بندوبست ہے اس اسکول میں طلبہ وطالبات مخلوط تعلیم حاصل کرتے ہیں جو کہ آٹھویں درجہ تک ہے مدرسہ ہذا کی ہی کمیٹی اس کی بھی نگرانی کرتی ہے۔ مخلوط تعلیم کی وجہ سے اکثر لڑکیوں کی نازیبا حرکتوں کی شکایتیں آتی رہتی ہیں جو ناقابل برداشت ہیں۔ اور دوسرا لڑکیوں کا اسکول چلانے کی مدرسہ ہذا کو استطاعت نہیں ہے۔ جونئر تک کی تعلیم حاصل کرنے تک اکثر لڑکیاں بالغ ہوجاتی ہیں۔

میں ابتداء سے اب تک مدرسہ کی کمیٹی میں فی سبیل اللہ بحیثیت سکریٹری کام کرتا رہا ہوں جب ایسے حالات سامنے آئے تو میں نے کمیٹی سے مستعفی ہونے کا ارادہ کرلیا ہے۔ کیونکہ میں ثواب

Marfat.com

کی غرض سے کام کررہا ہوں میری سمجھ میں ایسی مخلوط تعلیم گناہ ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں بالغ لڑکیوں کی مخلوط تعلیم قطعاً جائز نہیں ہے۔ مدرسہ کی کمیٹی پر لازم ہے کہ وہ فوری طور پر مخلوط تعلیم کے نظام کو ختم کرے ورنہ کمیٹی کے سب ممبران گنہگار ہوں گے اور اگر کمیٹی اس پر تیار نہ ہو تو آپ کو اس میں سیکریٹری کے عہدہ سے علیحدہ ہوجانا چاہئے تاکہ آپ سے آخرت میں مؤاخذہ نہ ہو۔

عن ابن عباس قال قال رسول الله ا لايخلون رجل بإمرأة ولا تسافرن إلا ومعها محرم الخ. (مشكاة المصابيح ص:٢٢١)

عن عقبه ابن عامرؓ قال قال رسول اللها إياكم والدخول على النساء الخ.

(مشكاة المصابيح ص: ٢٦٨)

عن ابن مسعود عن النبى ا قال: المرأة عورة فإذا خرجت استشرفها الشيطان. (مشكاة المصابيح ص: ٢٦٩)

الخلوة بالأجنبية حرام. (شامي ٣٦٨/٦ كراچى)

وتمنع المرأة الشابة من كشف الوجه بين الرجال. (شامي ٤٠٦/١ كراچى)

ولايؤذن بالخروج إلى المجلس الذى يجتمع فيه الرجال والنساء وفيه المنكرات (بزازية على هامش الفتاوىٰ الهندية ١٥٧/٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۵ رمحرم ۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

لڑکیوں کے غیر ضروری اِدارہ کو بند کرنا؟

سوال (٦٩١):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: بعض لوگ غیر ضروری مدرسے قائم کر کے یا لڑکیوں کا اِقامتی اِدارہ کھول کر اُس میں اپنے اَفرادِ خاندان کا تقرر کر کے کنبہ پروری کرتے ہیں، غلط اُصولوں پر مدرسہ چلاتے ہیں، ایسی صورت میں اُن مدرسوں کو مفتی اعظم پاکستان مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ کی حسبِ ذیل ہدایت کے تحت بند کرنے میں کوئی قباحت تو نہیں؟

آپ نے تمام منتظمین دار العلوم کراچی پاکستان کو یہ وصیت فرمائی تھی کہ ''ہم نے دار العلوم کی شکل میں کوئی دوکان نہیں کھولی؛ بلکہ خدمتِ دین کا ایک اِدارہ قائم کیا ہے، جب تک آپ حضرات اِس اِدارے کو صحیح اُصولوں پر اور اللہ کی رضا کے مطابق چلا سکیں چلائیں، اور اگر خدانخواستہ کوئی ایسا وقت آجائے کہ اسے صحیح اُصولوں پر چلانا ممکن نہ رہے، تو میرے نزدیک اسے بند کر دینا بہتر ہے بہ نسبت اِس کے کہ اُسے غلط اُصولوں پر چلایا جائے''۔ (کتاب: میرے والد میرے شیخ ۶۶۱-۶۶۷)

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایسے مدارس کی اِصلاح کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہئے، اور اگر اِصلاح کی کوئی شکل بالفرض نہ رہے تو اُسے بند کرنے میں بھی کوئی مضائقہ نہیں، جیسا کہ سوال میں حضرت مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا قول نقل کیا گیا ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۳/۱۰/۱۴۲۸ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

اَحکام المقابر

Marfat.com

قبرستان کے آداب

قبرستان میں لہوولعب اور بے جاتصرف کرنا؟

سوال (۶۹۲):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبروں پر تصرف کرنا، مکانات وغیرہ تعمیر کرنا، نیز کھیل کود قبروں پر چلنا پھرنا اور وہ افعال کرنا جن سے قبروں کی بے حرمتی ہوتی ہے، جائز ہے یانہیں؟ اور بے جاتصرفات کرنے والے کے لئے کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قبرستان میں بے جاتصرفات کرنے، قبروں کی بے حرمتی کرنے اور انہیں لہوولعب کا اڈا بنانے کی شریعت میں بالکل اِجازت نہیں ہے، جولوگ قبرستان کی حرمت کالحاظ نہیں رکھتے وہ سخت گنہگار ہیں۔

عن جابر رضي اللّٰه عنه قال: نهىٰ رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم عن تجصيص القبور والكتاب فيها والبناء عليها والجلوس عليها. (المستدرك للحاكم ۱/۵۲۵ رقم: ۱۳۷۰)

عن أبي مرثد الغنوي رضي اللّٰه عنه قال: قال النبي صلى اللّٰه عليه وسلم: لا تجلسوا على القبور ولا تصلوا إليها. (سنن الترمذي، أبواب الجنائز / باب كراهة الوطء على القبور والجلوس عليها ۱/۲۰۳)

قال في الفتح: ويكره الجلوس على القبر ووطؤه ..... ويكره النوم عند القبر وقضاء الحاجة بل أولىٰ. (شامي / مطلب في إهداء القراءة للنبي صلى اللّٰه عليه وسلم

Marfat.com

۲/۲۴۵ کراچی، ۳/۱۵۴ زکریا)

کره وطئها بالأقدام. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح / فصل في زيارة القبور ۶۲۳ کراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۶/۱۱/۱۴۱۴ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان میں ننگے بدن گھومنا اور ورزش کرنا؟

سوال (۶۹۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان میں ننگے بدن گھومنا پھرنا جائز ہے؟ کیا قبرستان میں صرف ننگی ٹانگوں سے گھومنا پھرنا جائز ہے؟ کیا قبرستان کو کھیل کا اڈا بنانا جائز ہے؟ کیا قبرستان میں صرف شرم گاہوں کو ڈھک کر کسرت کرنا جائز ہے؟ کیا قبرستان میں بچوں کو کھیلنے کی اِجازت دی جاسکتی ہے؟ کیا قبرستان میں بچوں کو ننگے بدن کسرت کرنا وکھیلنا جائز ہے؟ کیا قبرستان میں کشتی، کبڈی، گلی ڈنڈا، تاش وغیرہ بچوں یا بڑوں کے ذریعہ کھیلنا جائز ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قبرستان خاص طور پر دو اعتبار سے قابلِ توجہ ہے، اول یہ کہ قبروں کا دیکھنا موت کو یاد دلانے والی چیز ہے، جس کا تقاضا یہ ہے کہ قبرستان میں جانے والے شخص پر آخرت کی یاد کا غلبہ ہونا چاہئے، اور لہو ولعب اور کھیل کود کا خیال دل سے نکال دینا چاہئے۔

دوسرے یہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبروں سے گذرنے اور اُس پر بیٹھنے وغیرہ سے منع فرمایا ہے؛ کیوں کہ اِس طرح کی حرکتوں سے میت کی بے حرمتی لازم آتی ہے جو ممنوع ہے؛ لہٰذا قبرستان میں ننگے بدن پھرنا، قبرستان کو کھیل کا میدان بنانا، وہاں کبڈی کھیلنا اور دیگر لغو مشاغل اختیار کرنا سب ناجائز ہے، تمام با اثر حضرات پر لازم ہے کہ وہ قبرستان کی بے حرمتی روکنے میں ایک دوسرے کا تعاون کریں، اور سماج دشمن عناصر سے قبرستان کو محفوظ رکھیں۔

Marfat.com

حدثني عبد اللّٰه بن بريدة عن أبيه رضي الله عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم إني كنت نهيتكم عن زيارة القبور فزوروها؛ فإنها تذكر الأخرة. (المصنف لعبد الرزاق ٣/٥٦٩، المستدرك للحاكم ١/٥٣١)

عن أبي مرثد الغنوي رضي اللّٰه عنه قال: قال النبي صلى اللّٰه عليه وسلم: لا تجلسوا على القبور ولا تصلوا إليها. (سنن الترمذي، أبواب الجنائز / باب كراهة الوطء على القبور والجلوس عليها ١/٢٠٣، مشكاة المصابيح ٤٨)

عن جابر رضي اللّٰه عنه قال: نهى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أن يقعد عليها. (المصنف لابن أبي شيبة ٣/٣٣٩، ٧/٣٥٤ رقم: ١١٩٠١ المجلس العلمي بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۲/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان میں جوتے پہن کر جانا؟

سوال (٦٩٤):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان میں جوتے پہن کر جانا ناجائز ہے؟ یا ادب کے خلاف ہے؟ یا حرام ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: قبرستان کی زمین میں جوتے پہن کر جانے میں گنجائش ہے؛ البتہ قبروں پر جوتے پہن کر یا بغیر پہنے ہر حال میں چلنا مکروہ اور سخت ممنوع ہے، اس لئے احتیاط سے چلنا چاہئے؛ تاکہ قبروں پر پاؤں نہ پڑے، خصوصاً قبر پر فاتحہ خوانی کے وقت جوتے اُتار دے، تو بہتر ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ رحیمیہ ۳/۹۸، فتاویٰ محمودیہ ۴۲۱)

والمشي بالمقابر بالنعلين لا يكره عندنا. (الفتاوى الهندية / الفصل السادس في القبر والدفن ١/١٦٧)

Marfat.com

فإذا بلغ المقبرة يخلع نعليه ثم يقف مستقبل القبلة. (الفتاوىٰ الهندية / الباب السادس عشر في زيارة القبور وقراءة القرآن في المقابر ٥/ ٣٥٠)

وكره أبوحنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ أن يوطأ على قبرٍ، أو يجلس عليه أو ينام عليه. (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة / فصل في سنة الدفن ٢/ ٦٥ زكريا)

ويكره أن يوطأ على القبر يعني بالرجل أو يقعد عليه أو يقضي عليه حاجته. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الجنائز / فصل في القبر والدفن ٢/ ١٧١ إدارة القرآن كراچی، ٣/ ٧٣ رقم: ٣٧٤٠ زكريا)

ولا يكره المشي في المقابر بالنعلين عندنا. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح، كتاب الصلاة / فصل في زيارة القبور ٦٢٠) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۲۹/۷/۱۴۱۵ھ

قبرستان میں جوتے پہن کر چلنے پر "أَنَّهُ يَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ" سے استدلال؟

سوال (٦٩٥):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اِنسان عام طور پر جو جوتے پہن کر چلتے ہیں، اس جوتے کو پہن کر قبرستان میں چلنا زیارتِ قبور کے مقصد سے ہو یا میت کو دفن کرنے کی غرض سے جائز ہے یا نہیں؟ نیز مندرجہ ذیل کی روایت سے قبرستان میں جوتے پہن کر چلنے کے بارے میں کیا ثبوت ملتا ہے؟

عن أنس رضي اللّٰه تعالىٰ عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: إن العبد إذا وضع في قبره وتولىٰ عنه أصحابه أنه يسمع قرع نعالهم أتاه ملكان فيقعدانه فيقولان ما كنت تقول في هٰذا الرجل لمحمد؟ فأما المؤمن فيقول: أشهد أنه عبد اللّٰه ورسوله، فيقال له أنظر إلى مقعدك من النار قد أبدلك اللّٰه

Marfat.com

به مقعدًا من الجنة فيراهما جميعًا. (مشكاة المصابيح ۲٤/۱)

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قبرستان میں جوتا پہن کر چلنا جائز ہے؛ البتہ بہتر ہے کہ جوتا نکال لے، چناں چہ مذکورہ حدیث سے دلالۃً قبرستان میں جوتا پہن کر چلنے کا ثبوت ہوتا ہے۔

قال في شرح السنة: يجوز المشي بالنعل في القبور. (مرقاة المفاتيح ۱٦٤/۱)

فإذا بلغ المقبرة يخلع نعليه، ثم يقف مستدبر القبلة مستقبلاً لوجه الميت.

(الفتاویٰ الهندية / لباب السادس عشر في زيارة القبور وقراءة لقرآن في المقابر ۳۵۰/۵) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۴/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان میں گذرگاہ بنانا؟

سوال (٦۹٦): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان کے چاروں طرف آبادی ہے، بیچ میں قبرستان ہے، آبادی قریب ۸۰/سال پرانی ہے، آبادی کا قبرستان کے علاوہ کوئی راستہ نہیں ہے، اور قبرستان کی چہار دیواری ہونی ہے، اور جو راستہ قائم کیا جارہا ہے وہ ۱۳/فٹ ہے، اُس میں کچھ قبریں بیچ میں آرہی ہیں، اُس کا کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ آبادی کے لئے قبرستان کے بیچ سے مستقل راستہ بنانا جائز نہیں ہے، اس آبادی کے واسطے راستہ کا انتظام قبرستان کے علاوہ کرنا ضروری ہے۔

أخرج أبو داؤد حديثًا طويلاً طرفه هٰذا: ثم مر بقبور المسلمين، فقال: لقد أدرك هؤلاء خيرًا كثيرًا ثم حانت من رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم نظرةً، فإذا رجل يمشي في القبور عليه نعلان، فقال: يا صاحب السبتيتين! ويحك ألق سبتيتك، فنظر الرجل، فلما عرف رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم خلعهما

Marfat.com

فرمى بهما . (سنن أبي داؤد، كتاب الجنائز / باب المشي بين القبور في النعل ٢/ ٤٦٠ رقم: ٣٢٣٠، سنن النسائي، كتاب الجنائز / باب كراهية المشي بين القبور في النعال السبتيّة ١/ ٢٢٣ رقم: ٢٠٤٤)

ويكره أن يوطأ على القبر يعني بالرجل. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الجنائز / باب القبر والدفن ٣/ ٧٣ رقم: ٣٧٤٠ زكريا، شامي / مطلب في إهداء ثواب القراءة للنبي ﷺ ٣/ ١٥٥ زكريا)

ولو وجد طريقًا في المقبرة وهو يظن أنه طريق أحدثوا لا يمشي في ذلك. (خانية على هامش الهندية / بيان أن النقل من بلد إلى بلد مكروه الخ ١/ ١٩٥، كذا في الدر المختار / باب صلاة الجنازة، مطلب في إهداء ثواب القراءة ٣/ ١٥٤ زكريا) فقط والله تعالىٰ أعلم

كتبه: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرله ٨/٦/١٤٣٠ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا الله عنه

مملوکہ قبرستان کا کچھ حصہ راستہ بنانے کے لئے دینا؟

سوال (٦٩٧):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک قبرستان ایک نجی گھرانے کا ہے، ڈیڑھ بسوہ آراضی ہے، اُس کے پاس نکلنے کو چھ فٹ راستہ قبرستان کے پاس ہے، اَب قبرستان کے پچھّم میں جولوگ رہتے ہیں کسان ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ہماری بیل گاڑی اور ڈلپ کیسے نکلیں گے؟ وہ قبرستان پر سلیپ ڈال کر اوپر سے ایک کنارہ میں چھ فٹ لینٹر ڈالنے کے لئے جگہ مانگ رہے ہیں، کیا اس صورت میں جگہ دینا اور راستہ اوپر سے نکالنا جائز ہوگا؟

(۲) کیا قبرستان کے کنارے سے جو چھ فٹ راستہ موجود ہے، اور چھ فٹ راستہ قبرستان میں سے دے دیا جائے، جب کہ جو راستہ چھ فٹ کا دیا جائے گا، اس میں کوئی نئی قبر نہیں ہے، زمین برابر ہو چکی ہے، تو اس صورت میں راستہ کو جگہ دینا جائز ہوگا کہ نہیں؟

(۳) اِس قبرستان والے راستہ سے جو لوگ آباد ہیں، اُن کی گلی سے اس راستہ پر ان کا راستہ آتا ہے، اتر کی طرف ۳ گلی جو آگے بند ہے، اور دکھن کی طرف کی گلی جو اس راستہ پر آتی ہے وہ بھی آگے بند ہے، تو اس صورت میں قبرستان میں سے جگہ دے کر راستہ کو بنا دیا جا سکتا ہے کہ نہیں؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حسبِ تحریر سوال چوں کہ یہ قبرستان نجی ملکیت ہے وقف نہیں ہے، اور اس میں تدفین کا سلسلہ بھی بند ہے اور قبریں برابر ہو چکی ہیں؛ اِس لئے مالکین کی اِجازت سے حسبِ ضرورت قبرستان کا حصہ راستے میں شامل کیا جا سکتا ہے، خواہ سلیپ ڈال کر یا بغیر سلیپ ڈالے۔

جاز زرعه والبناء عليه إذا بلى وصار ترابًا. (الدر المختار، باب صلاة الجنازة / مطلب في دفن الميت ۱٤٥/۳ زكريا، ۲۳۸/۲ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۹/۶/۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبر کھودتے وقت ہاتھ سینکنے کیلئے قبرستان میں آگ جلانا؟

سوال (۶۹۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جاڑوں میں جب ہمارے یہاں کسی کے انتقال پر قبرستان میں قبر کھودتے ہیں، تو قبر کے پاس ہی قبرستان میں سردی کی وجہ سے ہاتھوں اور پاؤں کو سینکنے کے لئے آگ جلا لیتے ہیں، ایسے ہی جب قبرستان مین کانٹے دار گھاس اور ببول اور بیریوں کے چھوٹے چھوٹے کانٹے دار پودے زیادہ اُگتے ہیں، اور وہ سوکھ جاتے ہیں، تو اُن کو آگ لگا کر صاف کر دیتے ہیں، ہمارے یہاں کے کچھ حضرات کہتے ہیں کہ قبرستان میں آگ جلانا یا آگ لے جانا منع ہے؛ اِس لئے دارالافتاء سے رجوع کر رہے ہیں، کیا جاڑوں میں یا صفائی کے لئے آگ جلائی جا سکتی ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قبرستان میں ہاتھ سینکنے کے لئے آگ کا الاؤ جلانا، اِسی طرح وہاں کی گھاس پھوس کی صفائی کے لئے بالقصد آگ لگانا ممنوع ہے، اَحادیثِ شریفہ میں قبرستان میں آگ لے جانے کی ممانعت وارد ہوئی ہے۔ (فتاویٰ رحیمیہ ۱۰۳/۵)

Marfat.com

عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا تتبع الجنازة بصوتٍ ولا نارٍ. (سنن أبي داؤد ٢/٤٥٢)

ولا تتبع الجنازة بنار إلى قبره، يعني الإجمار في قبره، لما روي أن النبي صلى الله عليه وسلم خرج في جنازة فرأى امرأة في يدها مجمر فصاح عليها وطردها حتى توارت بالآكام. وروي عن أبي هريرة رضي الله عنه أنه قال: لا تحملوا معي مجمراً؛ ولأنها آلة العذاب فلا تتبع معه تفاولاً. (بدائع الصنائع، كتاب الصلاة / كيفية التشييع ٢/٤٥، بذل المجهود ١٠/٤٥٠ مركز الشيخ أبي الحسن الندوي، والحديث أخرجه الإمام أحمد في مسنده ٢/٥٢٨) فقط والله تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۳/۱۱/۱۴۲۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبر کھودنے پر قبرستان میں کھانا کھانا؟

سوال (٦٩٩):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں میت کے ورثہ کے کہے بغیر اُخوت و بھائی چارہ کے سبب گاؤں کے لوگ قبر کھودنے کا کام انجام دیتے ہیں، اور میت کے ورثہ اُس کے لئے ناشتہ کا انتظام کرتے ہیں۔ دریافت یہ کرنا ہے کہ قبرستان میں کھانا کھانا کیسا ہے؟ چوں کہ غیر مسلم بھی اِس طرح کی نعش لے جانے کے بعد کھانے کا نظم کرتے ہیں، اُن سے تشبہ ہونے کی بنا پر جائز ہے یا ناجائز؟ شرعی حکم کیا ہے؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قبر کھودنے پر قبرستان میں کھانا کھلانے کا طریقہ سلفِ صالحین سے ثابت نہیں ہے، اور حسبِ تحریر سوال اس میں غیر مسلموں سے تشبہ بھی ہے، اس لئے یہ طریقہ قابلِ ترک ہے، اگر قبر کھودنے والوں کے ساتھ تبرع اور احسان کا معاملہ کرنا ہے، تو گھر بلا کر کرنا چاہئے۔

Marfat.com

عن ابن عمر رضي الله عنهما قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من تشبه بقوم فهو منهم. (سنن أبي داؤد، كتاب اللباس / باب في لبس الشهرة ص: ٧٥٠ رقم: ٤٠٣١ دار الفكر بيروت، ٥٥٩/٢ سعد بك ڈپو ديوبند)

من تشبه نفسه بالكفار مثلاً في اللباس وغيره أو بالفساق أو الفجار فهو منهم أي في الإثم، قال الطيبي: وهذا عام في الخلق والخُلق والشعار. (مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح ٤٣١/٤، بذل المجهود ٤١/٥)

ويكره النوم عند القبر ..... وكل ما لم يعهد من السنة. (شامي، كتاب الصلاة / مطلب في إهداء ثواب القراءة للنبي صلى الله عليه وسلم ١٤٤/٣ دار إحياء التراث العربي بيروت)

ويكره نقل الطعام إلى القبر في المواسم. (شامي / باب صلاة الجنازة، مطلب في كراهة الضيافة من أهل الميت ١٣٩/٣ دار إحياء التراث العربي بيروت) فقط والله تعالىٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

٢٧/٧/١٤٣٣ھ

قبرستان میں قرآن کھول کر پڑھنا؟

سوال (٧٠٠):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان میں قرآن کھول کر پڑھنا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر چہ قبرستان میں قرآنِ کریم دیکھ کر تلاوت کرنا فی نفسہٖ مباح ہے؛ لیکن اس کا التزام مناسب نہیں ہے، بہتر ہے کہ گھر یا مسجد میں قرآنِ کریم پڑھ کر ایصالِ ثواب کردیں۔ (فتاویٰ محمودیہ ٦/٢١، ٦/٣٠ قدیم زکریا)

ثم قراءة القرآن وإهداء ها له تطوعًا بغير أجرة يصل، ولو أوصىٰ بأن يعطى شيئًا من ماله لمن يقرأ القرآن على قبره، فالوصية باطلة؛ لأنه في معنى

Marfat.com

الأجرة، كذا في الاختيار، وهٰذا بمعنى على عدم جواز الاستيجار على الطاعات – إلى قوله – ثم القراءة عند القبور مكروهة عند أبي حنيفة ومالك وأحمد رحمهم اللّٰه تعالىٰ في رواية؛ لأنه محدث ترد به السنة. وقال محمد بن الحسن وأحمد في رواية لا يكره، لما روي عن ابن عمر رضي اللّٰه عنهما أنه أوصىٰ أن يقرأ على قبره وقت الدفن بفواتح سورة البقرة وخواتمها، واللّٰه سبحانه أعلم.

(شرح الفقه الأكبر للملا علي القاري)

وأخذ من ذٰلك جواز القراءة على القبر، والمسئلة ذات خلافٍ، قال الإمام: تكره؛ لأن أهلها جيفة ولم يصح فيها شيءٌ عنده، عنه صلى اللّٰه عليه وسلم، وقال محمد تستحب لورود الآثار، وهو المذهب المختار، كما صرحوا به في كتاب الاستحسان. (طحطاوي ٦٢١ المكتبة الأشرفية ديوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

١٩/١١/١٤٢٦ھ

قبرستان میں کاشت کرنا اور قبر کی گھاس کاٹنا؟

سوال (٧٠١):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے علاقہ میں جتنے بھی قبرستان ہیں، لوگ اُن پر کاشت کاری کرتے ہیں، اور قبروں کو کھود کر زمین بنالیتے ہیں، اور قبروں کے اوپر سے گھاس وغیرہ کاٹ کر اپنے استعمال میں لاتے ہیں، یہ عمل کس حد تک جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: اگر وہ قبرستان موقوفہ ہیں، تو اُن میں کھیتی جائز نہیں ہے اور اگر مملوکہ ہیں تو قبریں پرانی ہونے کے بعد مالک کے لئے کھیتی کی اجازت ہے۔

فإذا تم ولزم لا يملك ولا يعار ولا يرهن. (شامي، كتاب الوقف / قبيل مطلب في

Marfat.com

شرط وقف الكتب أن لا تعار إلا برهن ٥٣٩٠٦ زكريا، ٣٥٢/٤ كراچی، الهداية / كتاب الوقف ٦٤٠/٢ مكتبه شركت علمية ملتان، وكذا في فتح القدير / كتاب الوقف، ٢٢٠/٦ مصطفىٰ البابي الحلبي مصر)

ويخير المالك بين إخراجه ومساواته بالأرض كما جاز زرعه والبناء عليه إذا بلي وصار ترابا. (الدر لمختار، باب صلاة الجنازة / مطلب في دفن الميت ١٤٥/٣ زكريا، ٢٣٨/٢ كراچی)

وسئل هو أيضًا عن المقبرة في القرىٰ إذا اندرست، ولم يبق فيها أثر الموتىٰ، لا العظم ولا غيره: هل يجوز زرعها واستغلالها؟ قال: لا، ولها حكم المقبرة. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الثاني عشر في الرباطات والمقابر والخانات الخ ٤٧٠/٢ زكريا، وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / فصل في المقابر ٣١٤/٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۸/۱۰/۱۴۲۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان کے درخت اور ترگھاس کاٹنے کی ممانعت کی علت؟

سوال (۷۰۲): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: (۱) شامی اسی طرح دیگر کتبِ فقہ میں یہ عبارت مذکور ہے: يكره أيضاً قطع النبات الرطب والحشيش من المقبرة دون اليابس ۔ اِس عبارت میں لفظ مقبرہ سے کیا مراد ہے؟ مکمل قبرستان ہے یا صرف نفسِ قبر ہے؟

(۲) اِسی طرح یہ حکم میت کے مٹی ہوجانے سے پہلے تک محدود ہے یا دائمی ہے؟

(۳) اگر قبر پر کوئی ایسا درخت ہو جو سوکھ جانے کے بعد کسی قیمت کا نہ رہے، تو ایسی صورت میں سوکھنے سے پہلے اُس کو کاٹا جاسکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱) فقہاء نے قبرستان سے ترگھاس کاٹنے کی کراہت

Marfat.com

یاعلت یہ لکھی ہے: لأنه ما دام رطبًا يسبح الله فيونس الميت. (مراقي الفلاح / فصل في زيارة القبور ۳٤۲ کراچی)

اِس علت سے معلوم ہوتا ہے کہ کراہت اس صورت میں ہے جب کہ قبر کے اوپر کی اور قبر کے قریب کی گھاس کاٹی جائے؛ کیوں کہ یہی گھاس میت کے لئے انس کا موجب ہوتی ہے، اِس سے یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ ایسا قبرستان جو موقوفہ تو ہو؛ لیکن اُن میں قبریں نہ ہوں، یا اُس کا کوئی حصہ قبروں سے بالکل خالی ہو، تو اُس خالی جگہ کی گھاس کاٹنے میں میت کی قطع استیناس کی علت نہیں پائی جاتی؛ لہٰذا وہ جائز ہونا چاہئے، اِس وضاحت سے یہ معلوم ہوگیا کہ شامی کی عبارت: ''یکره أيضًا قطع النبات الرطب والحشيش من المقبرة دون اليابس'' سے ایسا مقبرہ مراد ہے جس میں قبریں قریب قریب ہوں، نفسِ موقوفہ قبرستان مراد نہیں ہے، اِسی وجہ سے فقہ کی دیگر کتابوں میں مقبرہ کے بجائے قبور کا لفظ آیا ہے۔

يكره أيضًا قطع النبات الرطب والحشيش من المقبرة دون اليابس. (شامي، كتاب الصلاة / باب صلاة الجنائز، مطلب في وضع الجريد ونحو الآس على القبور ۲٤٥/۲ كراچی، وكذا في الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الصلاة / باب الجنائز، القبر والدفن ۱۷۳/۲ إدارة القرآن كراچی، ۷٦/۳ رقم: ۳۷۵۱ زكريا)

وكره قلع الحشيش الرطب وكذا الشجر من المقبرة؛ لأنه ما دام رطبًا يسبِّح الله تعالىٰ فيؤنس الميت وتنزل بذكر الله تعالىٰ الرحمة، ولا بأس بقلع اليابس منها أي الحشيش والشجر لزوال المقصود. (مراقي الفلاح / فصل في زيارة القبور ۳٤۲ كراچی)

(۲) بظاہر یہ حکم میت کے مٹی بن جانے سے پہلے تک ہے؛ کیوں کہ فقہاء نے میت کے مٹی بن جانے کے بعد اُس جگہ پر کھیتی کرنے اور تعمیر کرنے کی اِجازت دی ہے۔

ولو بلي الميت وصار ترابًا جاز دفن غيره في قبره وزرعه والبناء عليه.

Marfat.com

(شامي، كتاب الصلاة / باب صلاة الجنائز، مطلب في دفن الميت ۱۳۸/۳ زكريا، ۲۳۸/۲ دار الفكر بيروت، ۲۳۳/۲ كراچی، الفتاوىٰ الهندية / الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس في القبر واللحد ۱۶۷/۱، كذا في تبيين الحقائق / باب الجنائز ۵۸۹/۱ زكريا)

اِس جزئیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ میت کی حرمت کا اعتبار اُس کے مٹی بننے تک ہی کیا جاتا ہے۔

(۳) قبر کے اوپر یا قریب لگے ہوئے درخت کو کاٹنا بھی عباراتِ فقہیہ میں مکروہ لکھا ہے، ہاں اگر قبرستان کی خالی جگہ میں ایسا درخت ہو تو اُس کے کاٹنے میں کوئی حرج نہ ہوگا، نیز اگر قبرستان کے فائدہ کے لئے اور کسی وجہ سے قبر پر لگے ہوئے درخت کے کاٹنے کی ضرورت ہو تو اِس کی بھی گنجائش دی گئی ہے، مگر بلاضرورت ایسا نہ کیا جائے۔

يكره قطع ما نبت على القبور ما دام رطبًا. (سراجية ۷۲، نصاب الاحتساب ۸۶

بحواله: فتاوىٰ رحيميه ۱۰۶/۵، ۱۲۵/۷ دار الاشاعت كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۷/۴/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

عامۃ المسلمین کے قبرستان میں اپنے درخت لگانا؟

سوال (۷۰۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: عرصۂ دراز سے باپ، دادا، پردادا سے ایک خاندان کے قبضہ میں ایک قبرستان چلا آرہا ہے جو کسی کی ذاتی ملکیت نہیں ہے، اور نہ ہی کوئی اپنی ذاتی ملکیت سمجھتا ہے، اُس میں اہل محلّہ اپنے مردے دفن کرتے رہتے ہیں، باپ دادا نے اس زمین میں پچاس کے قریب درخت لگادیئے جس سے کافی پھل آم اور لکڑیاں باپ دادا کی اولاد کو حاصل ہوتی رہتی ہیں، باپ دادا کی اولاد اِس قبرستان کی اہل محلّہ کی امداد سے چہار دیواری کرانا چاہتی ہے؛ تاکہ جانور چوپائے کے روندنے سے محفوظ ہوجائے، تو کیا باپ دادا کے لگائے ہوئے درختوں سے صرف اُن کی ہی اولاد کو نفع اٹھانا درست ہوگا؟ یا ہر کسی کو؟ یا کسی کو بھی نہیں؟ نیز اولاد اس زمین میں درخت لگائے تو درخت کس کا

Marfat.com

ہوگا؟تو کیا اس کا حکم وقف قبرستان کا ہوگا؟ یا اہل محلّہ کی ملکیت کہا جائے گا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اُن درختوں کے مالک وہی لوگ ہیں جنہوں نے درخت لگائے ہیں، اور اُس کے پھل اور دیگر منافع کے مستحق بھی وہی ہیں؛ لیکن زمین چوں کہ عامۃ المسلمین کے فائدے کے لئے چھوڑی گئی ہے، اِس لئے اہلِ محلّہ کو یہ حق ہے کہ وہ اُن درختوں کے مالکان کو مجبور کریں کہ وہ اپنے درخت کاٹ کر قبرستان کی زمین فارغ کردیں۔ (مستفاد: امداد الفتاویٰ ۲/۶۰۸)

مقبرة عليها أشجارٌ عظيمةٌ، فهٰذا على وجهين: إما إن كانت الأشجار نابتة قبل اتخاذ الأرض مقبرةً، أو نبتت بعد اتخاذ الأرض مقبرةً، ففي الوجه الأول، المسألة على قسمين: إما إن كانت الأرض مملوكةً لها مالكٌ، أو كانت مواتًا لا مالك لها، واتخذها أهل القرية مقبرةً، ففي القسم الأول الأشجار بأصلها على ملك رب الأرض، يصنع بالأشجار وأصلها ما شاء. وفي القسم الثاني: الأشجار بأصلها على حالها القديم.

وفي الوجه الثاني المسألة على قسمين: إما إن عُلم لها غارس أو لم يعلم، ففي القسم الأول كانت للغارس، وفي القسم الثاني الحكم في ذٰلك إلى القاضي، إن رأى بيعها وصرف ثمنها إلى مقبرة فله ذٰلك. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الثاني عشر في الرباطات والمقابر والخانات والحياض والطرق الخ، مطلب: الكلام على الأشجار التي في المقبرة ۲/۴۷۳-۴۷۴ زكريا)

سئل نجم الدين في مقبرة فيها أشجار، هل يجوز صرفها إلى عمارة المسجد؟ قال: نعم! إن لم تكن وقفًا على وجه آخر. قيل له: فإن تداعت حيطان المقبرة إلى الخراب يصرف إليها أو إلى المسجد؟ قال: إلى ما هي وقف عليه إن عرف. وإن لم يكن للمسجد متول ولا للمقبرة، فليس للعامة التصرف فيها بدون إذن القاضي. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الثاني عشر، مطلب: الكلام على

Marfat.com

الأشجار التي في المقبرة ٢/٤٧٦-٤٧٧ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۲/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کتے کو قبر کھودنے سے بچانے کے لئے قبر کی حفاظت کرنا؟

سوال (۷۰۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: آج کل بعد از تدفین میت، قبر کے چاروں اطراف وارثینِ میت پٹیاں لگا دیتے ہیں، اور اِس عمل کے لئے دلیل یہ دیتے ہیں کہ اِس سے جانوروں سے حفاظت رہے گی؛ جب کہ جانوروں میں سب سے زیادہ خطرہ کتے سے ہے، اور کتا میت تک پہنچنے کے لئے دور سے سرنگ نما کھودتا ہے، ظاہر ہے پٹیوں کے لگا دینے کے اِس عمل سے کوئی مقصد حاصل نہ ہوا، تو پھر یہ تصرفِ بے جا کیوں؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر قبر کے اِردگرد معمولی رکاوٹ لگانے کا منشا یہ ہے کہ چوپائے وغیرہ قبر کو نہ روند سکیں تو اِس کی گنجائش ہے، اور آپ نے سوال میں کتے کے جس طرزِ عمل کا ذکر کیا ہے اُس کو روکنے کے لئے کوئی اور تدبیر کی جا سکتی ہے، محض اِس وجہ سے کہ اِس اُوپری رکاوٹ سے کتا نہیں رکے گا، اِس عمل کو ممنوع اور بے فائدہ قرار نہیں دیا جا سکتا۔

وقد اعتاد أهل مصر وضع الأحجار حفظًا للقبور عن الإندراس والنبش، ولا بأس به الخ. (طحطحاوي على المراقي الفلاح ٦١١ ديوبند، ٣٣٥ مصري) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۶/۱۴۲۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

گندگی اور جانوروں سے حفاظت کے لئے قبروں کے اِردگرد چھوٹی چہار دیواری بنانا؟

سوال (۷۰۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ ایک گاؤں کے قبرستان میں بہت سی قبریں ہیں جس میں اکثر پرانی ہیں اور کچھ نئی بھی ہیں قبریں پرانی ہونے کی وجہ سے برابر ہو چکی ہیں، ایسے قبرستان میں لوگ کھلیان لگاتے ہیں اور گوبر کے کنڈے تیار کرتے ہیں، نیز جانوروں کو چرنے کے لئے باندھتے ہیں جس سے قبروں کی بہت بے حرمتی ہوتی ہے، کیا ایسے وقت میں نئی قبر والوں کے ورثاء بے حرمتی سے بچانے کے لئے ان قبروں کے اردگرد چھوٹی چہار دیواری اور کتبہ لگا سکتے ہیں؟ امید ہے کہ حضرت مفتی جواب تحریر فرمائیں گے، نیز یہ بھی تحریر فرمائیں کہ قبرستان میں کھلیان لگانے کنڈے (اوپلے) تیار کرنے جانور باندھنے والوں کا شرعاً کیا حکم ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر ضرورت داعی ہو اور قبروں کو بے حرمتی سے بچانا مقصود ہو، تو متعدد قبروں کے مجموعہ کے اردگرد چھوٹی چہار دیواری بنادی جائے، ہر ایک قبر کے اردگرد اس طرح کی چہار دیواری بنانا ممنوع ہوگا، اگر چہ درمیان میں قبر کچی رہے۔ (فتاوی دارالعلوم دیوبند ۵/۴۵۴)

عن جابر رضي اللّٰه عنه قال: نهى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أن تجصص القبور وأن يكتب عليها وأن يبنى عليها وأن توطأ. (سنن الترمذي، أبواب الجنائز / باب ما جاء في كراهية تجصيص القبور والكتابة عليها ۱/۲۰۳)

أرض لأهل قرية جعلوها مقبرةً وأقبروا فيها، ثم إن واحدا من أهل القرية بنى فيها بناءً لوضع اللبن وآلات القبر، وأجلس فيها من يحفظ المتاع بغير إذن أهل القرية أو رضا بعضهم بذلك، قالوا: إن كان في المقبرة سعة بحيث لا يحتاج إلى ذلك المكان فلا بأس به. وبعد ما بنى لو احتاجوا إلى ذلك المكان، رفع البناء حتى يقبر فيه، كذا في فتاوى قاضي خان. (الفتاوى الهندية، كتاب الوقف / الباب الثاني عشر في الرباطات والمنابر الخ ۲/۴۶۷ - ۴۶۸ زكريا، وكذا في فتاوى قاضي خان على هامش الفتاوى الهندية، كتاب الوقف / فصل في المنابر والرباطات ۳/۳۱۲ زكريا)

Marfat.com

اِسی طرح اگر ضرورت ہو اور بغیر اُس کے قبر کی حفاظت نہ ہو سکے، تو کتبہ لگانے کی بھی گنجائش ہے؛ لیکن بلاضرورت ایسا کرنا مکروہ ہے، اِس لئے احتیاط لازم ہے۔

قال في الدر المختار: لا بأس بالكتابة إن احتيج اليها ..... وتحته في الشامي: لأن النهي عنها وإن صح فقد وجد الإجماع العملي بها..... ثم قال: نعم يظهر أن محل هٰذا الإجماع العملي على الرخصة فيها ما إذا كانت الحاجة داعية إليه في الجملة ..... فأما الكتابة بغير عذر فلا. (الدر المختار مع الشامي / باب صلاة الجنازة، مطلب في دفن الميت ۳۳۸/۲ كراچی، ۱٤٤/۳ زكريا)

اور موقوفہ قبرستان میں کھلیان لگانا، اِسی طرح گندگی پھیلانا، اور جانور وغیرہ باندھنا بھی جائز نہیں؛ کیوں کہ اولاً اِن اعمال سے قبروں کی بے حرمتی ہوتی ہے، اور حدیث میں اس سے منع کیا گیا ہے۔ دوسرے یہ کہ ان کے یہ اعمال واقف کی منشاء کے خلاف ہیں جس کا لحاظ رکھنا ضروری ہے، اِس لئے اس کے مرتکب سخت گناہ گار ہوں گے۔

ويكره أن يبنى على القبر أو يقعد أو ينام عليه أو يؤطأ عليه أو يقضى حاجة الإنسان من بول أو غائط. (الفتاوىٰ الهندية / الفصل السادس في القبر والدفن والنقل من مكان إلى آخر ۱٦٦/۱)

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم لمخالفة ٤٣٣/٤-٤٣٤ كراچی، ٦٤٩/٦-٦٥٠ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، لفوائد: ١٠٦/٢ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ١٢٦/١ المكتبة الميمنية مصر) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۲۹/۱۱/۱۴۱۰ھ

قبرستان کی چہار دیواری کیلئے زکوٰۃ کی رقم استعمال کرنا؟

سوال (۷۰۶): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: ایک مشترک قبرستان ہے جس کی بہت زیادہ بے حرمتی ہوتی ہے؛ اِس لئے کہ کوئی اُس کی طرف توجہ نہیں دیتا، لوگ ناپاکی کی حالت میں اُس قبرستان کے اوپر سے آتے جاتے ہیں، اور قبرستان پر گائے بکری بھی باندھی جاتی ہے، قبرستان سے متصل ایک پرائمری اسکول بھی ہے، اُس اسکول کے بچے بھی قبرستان میں کھیلتے ہیں، نیز اس قبرستان کے مشترک ہونے کی وجہ سے اُس کی حفاظت نہیں ہوپاتی ہے؛ کیوں کہ کسی ایک کے اندر اتنی استطاعت نہیں ہے کہ وہ تنہا اُس کی حفاظت کے لئے کچھ کرسکے، تو کیا ایسی صورت میں زکوٰۃ کی رقم کو حیلہ کرکے اور اُس رقم کے ساتھ کچھ اپنی ذاتی رقم لگا کر اگر اُس کی حفاظت کا بندوبست کیا جائے تو جائز ہوگا یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قبرستان کی چہار دیواری وغیرہ کے لئے زکوٰۃ کی رقم استعمال نہ کی جائے، ضرورت ہو تو عمومی چندہ کے ذریعہ نفلی عطیات حاصل کئے جائیں۔

ولا یجوز أن یبنی بالزکاۃ المسجد وکذا القناطر والسقایات وإصلاح الطرقات وکری الأنہار والحج والجہاد، وکل ما لا تملیک فیہ. (الفتاویٰ الہندیۃ، کتاب الزکاۃ / باب المصارف ۱۸۸/۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۶/۱۰/۱۴۱۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

M.L.A فنڈ سے قبرستان کی تعمیر؟

سوال (۷۰۷): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حکومت کے آمدار فنڈ سے قبرستان کا کمپاؤنڈ کیا جاتا ہے، قبرستان کے کمپاؤنڈ کے لئے حکومت کے اِس فنڈ سے پیسہ لینا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مصلحت کے خلاف نہ ہو تو حکومت کے فنڈ سے

Marfat.com

قبرستان کا کمپاؤنڈ بنانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (مستفاد: امداد المفتیین ۲/۱۰۱۸) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳/۲/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

نابالغ یتیم کی زمین چھین کر مردے دفن کرنا؟

سوال (۷۰۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: نابالغ یتیم کی زمین چھیننا اور اُس میں مردے دفن کرنا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نابالغ یا کسی بھی شخص کی زمین چھین کر اُس میں مردوں کو دفن کرنا ناجائز اور سخت ترین گناہ ہے، اور اگر کسی کی زمین میں زبردستی مردے کو دفن کردیا گیا ہے، تو مالک کو اختیار ہے کہ چاہے تو لاش کو زمین سے نکلوادے، یا زمین کو برابر کردے۔

ولا يخرج منه بعد إهالة التراب إلا لحق آدمي كأن تكون الأرض مغصوبة، أو أخذت بشفعة، ويخير المالك بين إخراجه ومساواته بالأرض.

(الدر المختار مع الشامي / باب صلاة الجنازة، مطلب في دفن الميت ۳/۱۴۵ زكريا)

إذا دفن الميت في أرض غيره بغير إذن مالكها، فالمالك بالخيار إن شاء أمر بإخراج الميت، وإن شاء سوّى الأرض وذرع فيها، كذا في التجنيس.

(الفتاوىٰ الهندية، كتاب الجنائز / الفصل السادس في القبر والدفن الخ ۱/۱۶۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۷/۷/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

برادری کے صدر پر قبرستان کی چہار دیواری کی مخالفت کا الزام لگانا؟

سوال (۷۰۹): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے قصبہ.....میں ایک قدیم قبرستان ہے، اور قبرستان کے برابر میں ہی عید میلہ لگتا

Marfat.com

ہے، جس کی وجہ سے قبرستان کے بے حرمتی ہوتی تھی، اِس وجہ سے قبرستان کی چہار دیواری کی ضرورت ایک زمانے سے محسوس کی جارہی تھی، پچھلے دنوں ٹانڈہ کے علماء وحفاظ نے قبرستان کی چہار دیواری کا بیڑا اٹھایا، اورانتظامیہ سے قانونی طور پر کوشش کی، بہرحال انتظامیہ اوراہلِ بستی کے تعاون سے چہار دیوار کا کام مکمل ہوگیا؛ لیکن ایک قابلِ افسوس بات یہ ہے کہ کچھ لوگوں نے اُس میں سیاسی روٹیاں سیکنے کی کوشش کی، اُن لوگوں نے یہ افواہ پھیلائی کہ فلاں فلاں لوگ قبرستان کی چہار دیواری میں مخالفت کررہے ہیں، اِس افواہ کو پھیلانے میں پڑھے لکھے طبقہ کو ہتھیار کے طور پر استعمال کیا، اور مسجد کے ممبروں سے اعلان کرائے گئے، اور بستی کے اندر انتشاری کیفیت پیدا کی گئی، جب کہ حقیقت یہ ہے کہ ہمارا قبرستان کی چہار دیواری کی مخالفت میں دور کا بھی واسطہ نہیں ہے، بغیر کسی تحقیق اور تصدیق کے ہمیں ساری بستی میں بدنام کرنے کی کوشش کی اور ہماری عزت سے کھلواڑ کیا گیا؛ کیوں کہ میں اپنی برادری کا صدر ہوں اور کچھ سیاسی لوگ ہم سے پرخاش رکھتے ہیں، جو بلاوجہ ہمیں نشانہ بنانے کی کوشش کررہے ہیں۔ اَب سوال یہ ہے:

(۱) شریعت کی نظر میں کسی پر الزام تراشی اور بہتان تراشی کرنا اور بہتان تراشی میں اُس کو آگے بڑھانا اور بستی کے اندر انتشاری کیفیت پیدا کرنا کیسا ہے؟ اور شریعت میں اس کی سزا کیا ہے؟ اور جو علماء اور ائمہ مسجدوں کے ممبروں سے بغیر کسی تحقیق اور تصدیق کے اعلانات کررہے ہیں، جس میں بستی کی فضا خراب ہورہی ہے، کیا وہ اِمامت کے قابل ہیں۔

(۲) کیا مسجد کے لاؤڈاسپیکر سے اِس طرح کے اِعلانات کرنا صحیح ہے؟ شرعی روشنی میں تفصیل سے وضاحت فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کسی بھی شخص پر جھوٹا الزام لگا کر اُسے بدنام کرنا اور مسجد کے منبروں اور لاؤڈاسپیکروں کو اُس کے لئے استعمال کرنا قطعاً جائز نہیں ہے، جن لوگوں نے بھی ایسا کیا ہے یا کررہے ہیں، انہیں فوراً اپنے عمل سے باز آنا چاہئے، اور اللہ تعالیٰ سے توبہ

Marfat.com

واستغفار کرنے کے ساتھ ساتھ جن لوگوں پر بہتان لگایا ہے، اُن سے معاملات صاف کر لینے چاہئیں۔

قال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ﴿وَلَا يَأْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ﴾ [الممتحنة، جزء آیت: ۱۲]

وقال اللّٰہ تبارک وتعالیٰ: ﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ تَوْبَةً نَّصُوْحًا﴾ [التحریم، جزء آیت: ۸]

وقال اللّٰہ سبحانه وتعالیٰ: ﴿وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَا الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ﴾ [النور، جزء آیت: ۳۱]

عن سهل بن معاذ بن أنس الجهني عن أبيه رضي اللّٰہ عنه عن النبي صلى اللّٰہ عليه وسلم قال: من حمى مؤمنًا من منافقٍ أراه، قال: بعث اللّٰہ ملكًا يحمي لحمَه يوم القيامة من نار جهنم، ومن رمى مسلمًا بشيءٍ يريد شينَه حَبَسَه اللّٰہ على جِسر جهنم، حتى يخرج مما قال. وقال رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم ما من امرئ يخذل امرءاً مسلمًا في موضع يُنتهَك فيه حرمته، ويُنتقصُ فيه من عرضه، إلا خذله اللّٰہ في موطن يُحبُّ فيه نُصرته الخ. (سنن أبي داؤد، كتاب الأدب / باب من رد عن مسلم غيبة ص: ٩١٤ رقم: ٤٨٨٣-٤٨٨٤ دار الفكر بيروت)

التوبة واجبة من كل ذنب، فإن كانت المعصية بين العبد وبين اللّٰہ تعالیٰ لا تتعلق بحق آدمي فلها ثلاثة شروط: أحدها: أن يقلع عن المعصية، والثاني: أن يندم على فعلها، والثالث: أن يعزم أن لا يعود إليها أبدا، فإن فقد أحد الثلاثة لم تصح توبته، وإن كانت المعصية تتعلق بحق آدمي فشروطها أربعة: ..... وأن يبرئ من حق صاحبها. (رياض الصالحين ٧) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۱/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

بیری کے باغ میں مالک کی اجازت کے بغیر زبردستی مردے دفن کرنا؟

سوال (۷۱۰):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید کے پاس بیری کا باغ ہے، اور لوگ جہالت اور ناواقفیت کی وجہ سے اُس میں اپنے مردوں کو بھی دفن کرتے ہیں، اور زید کی اجازت کے بغیر کچھ فرضی قبریں بھی بنا رکھی ہیں، اور زید اُن لوگوں سے فتنہ کی وجہ سے کچھ کہہ بھی نہیں سکتا، تو اِس صورت میں قرآن وحدیث کے اندر ایسے لوگوں کے بارے میں کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: برتقدیر صحتِ سوال اگر مذکورہ بیری کا باغ زید کی ذاتی ملکیت ہے، تو اُس میں زید کی اجازت کے بغیر مردوں کو دفن کرنا قطعاً جائز نہیں ہے، جو لوگ بھی زبردستی ایسا کریں گے، وہ ظالم غاصب ہوں گے، اور غاصب کے بارے میں احادیثِ شریفہ میں سخت ترین وعیدیں وارد ہوئی ہیں، اور زید کی اجازت کے بغیر بنائی ہوئی قبروں کے بارے میں زید کو اختیار ہے کہ پرانی ہونے کے بعد اُنہیں برابر کردے۔

عن يعلى بن مرة رضي الله عنه قال: سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول: أيما رجل ظلم شبرًا من الأرض كلَّفه الله عزوجل أن يحفره حتى يبلغ آخر سبع أرضين، ثم يُطوَّقه يوم القيامة حتى يقضي بين الناس. (المسند للإمام أحمد بن حنبل ۱۷۳/٤، صحيح ابن حبان ۷۰۷ رقم: ٥١٤٢، الترغيب والترهيب مكمل، كتاب البيوع / باب الترهيب من غصب الأرض وغيرها ٤٢١ رقم: ٢٨٩٨ بيت الأفكار الدولية، مشكاة المصابيح ٢٥٦)

عن أبي حميد الساعدي رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: لا يحل لمسلم أن يأخذ عصًا بغير طيب نفس منه. قال: ذلك لشدة ما حرَّم الله من مال المسلم على المسلم. (صحيح ابن حبان رقم: ١١٦٦، الترغيب والترهيب مكمل، كتاب البيوع وغيرها / الترهب من غصب الأرض وغيرها ٤٢١ رقم: ٢٩٠٤ بيت الأفكار الدولية)

Marfat.com

فإن أحب صاحب الأرض أن يسوي القبر ويزرع فوقه، كان له ذلك، فإن حقه في باطنها و ظاهرها، فإن شاء ترك حقه في باطنها، وإن شاء استوفاه.

(فتح القدير / باب الجنائز، فصل في اللحد ١٤١/٢ مصطفى الباني الحلبي مصر، ١٤٩/٢ زكريا)

ميت دفن في أرض إنسان بغير إذن مالكها كان المالک بالخيار إن شاء رضي بذلک، وإن شاء أمر بإخراج الميت، وإن شاء سوى الأرض وزرع فوقها . (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الثاني عشر، مطلب: يجوز وقف البناء الخ ٤٧٢/٢)

ولو بلى الميت وصار ترابًا جاز دفن غيره في قبره وزرعه والبناء عليه.

(شامي، كتاب الصلاة / باب صلاة الجنائز، مطلب في دفن الميت ١٣٨/٣ زكريا، ٢٣٨/٢ دار الفكر بيروت، ٢٣٣/٢ كراچی، الفتاوىٰ الهندية / الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس في القبر واللحد ١٦٧/١، كذا في تبيين الحقائق / باب الجنائز ٥٨٩/١ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ٢٨/٢/١٤٢٧ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مسجد کے صحن میں آنے والی قدیم قبروں کو مسجد میں شامل کرنا؟

سوال (٧١١): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مسجد کے صحن میں قدیم قبریں ہیں اور مسجد میں توسیع کی ضرورت ہے، اِس صورت میں قبروں کیا کیا جائے؟ آیا منہدم کردیا جائے یا مٹی پاٹ دی جائے؟ یا سلیپ لگا کر نماز پڑھی جائے؟ زیادہ مناسب کیا ہے؟ قبریں نیچے رہنے کی شکل میں نماز پڑھنے میں کوئی قباحت تو نہیں ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: موقوفہ قبرستان کی تازہ قبریں مسجد میں شامل کرنا درست نہیں ہے، ہاں اگر قبریں بوسیدہ اور پرانی ہوچکی ہوں یا قبرستان مملوکہ ہو، تو مالک کی اجازت سے قبروں کو ہٹانا اور مٹی سے پاٹ دینا جائز ہوگا، سلیپ وغیرہ ڈالنے کی ضرورت نہیں ہے۔

Marfat.com

وذكر أصحابنا أن المسجد إذا خرب ودثر، ولم يبق حوله جماعة، والمقبرة إذاعفت ودثرت، تعود ملكًا لأربابها، فإذا عادت ملكًا يجوز أن يبنى موضع المسجد دارًا وموضع المقبرة مسجدًا وغير ذٰلک. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري / باب: هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مساجد ١٧٩/٤ إدارة الطباعة المنيرية دمشق)

يكره أن يبنى مسجد على القبر ..... وفيه منع بناء المساجد على القبور، ومقتضاه التحريم، كيف وقد ثبت اللعن عليه، وأما الشافعي وأصحابه فصرحوا بالكراهة. (معارف السنن، أبواب الجنائز / باب ما جاء في كراهية أن يتخذ على القبر مسجدًا ٣٠٥/٣ المكتبة البنورية كراچی)

فإذا درست واستغنى عن الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضًا وقفٌ. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري / باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مسجدًا الخ ١٧٩/٤ دمشق) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

١٤١٣/٢/١ھ

Marfat.com

قبرستان کو مسجد، مدرسہ یا عیدگاہ میں تبدیل کرنا

قبرستان میں پنج گانہ نماز ادا کرنے کے لئے مسجدِ شرعی بنانا؟

سوال (۷۱۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: پیپاڑسٹی میں عام قبرستان ہے جس کی چار دیواری ہے، قبرستان کے تین طرف قبریں اور قبرستان چالو ہے، مین دروازہ کے پاس نماز جنازہ ادا کرنے کے لئے پرانی مسجد بنی ہوئی ہے، اُس مسجد کو آگے کی طرف بڑھایا جارہا ہے، جہاں ابھی قبریں نہیں ہیں، ساتھ ہی اُس کے بازو میں پنج گانہ نماز ادا کرنے کے لئے مسجد تعمیر کی جارہی ہے، تو پنج گانہ نماز ادا کرنے کے لئے شرعاً مسجد بنانا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جنازہ کی نماز پڑھنے کے لئے خاص جگہ مسجدِ شرعی کے حکم میں نہیں ہوتی؛ لہٰذا اُس کو آگے بڑھانے میں کوئی حرج نہیں ہے؛ البتہ قبرستان کی جگہ پر پنج گانہ نماز کے لئے مسجد بنانے میں یہ تفصیل ہے کہ اگر قبرستان اتنا وسیع ہے کہ اُس مسجد کی تعمیر سے قبروں کی ضرورت میں کوئی تنگی نہ ہوگی، تو مسجد بنانا درست ہے، اور اگر قبروں کی تنگی کا اندیشہ ہو تو مستقل مسجد بنائی جائے؛ کیوں کہ جگہ قبرستان ہی کے لئے وقف ہے، بلا ضرورت اُسے دوسرے مصرف میں صرف کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

والمقبرة إذا عفت ودثرت، تعود ملكًا لأربابها، فإذا عادت ملكًا يجوز أن

Marfat.com

يبنى موضع المسجد دارًا أو موضع المقبرة مسجدًا وغير ذلك.

وأما المقبرة الداثرة إذا بُني فيها مسجد ليصلي فيها، فلم أر فيه بأسًا؛ لأن المقابر وقف، وكذا المسجد فمعناهما واحد. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري / باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مساجد ٤/١٧٤ مكتبة الإدارة الطباعة المنيرية دمشق)

وأما المتخذ لصلاة جنازة أو عيدٍ فهو مسجد في حق جواز الاقتداء، وإن انفصل الصفوف رفقًا بالناس، لا في حق غيره، به يفتى، نهاية. فحل دخوله لجنب وحائض كفناء مسجد ورباط ومدرسة. (الدر المختار، كتاب الصلاة / باب ما يفسد الصلاة وما يكره فيها ١/٦٥٧ كراچی)

ونقل في الذخيرة عن شمس الأئمة الحلواني أنه سئل عن مسجد أو حوض خرب، ولا يحتاج إليه، لتفرق الناس عنه: هل للقاضي أن يصرف أوقافه إلى مسجد أو حوض آخر؟ فقال: نعم. (شامي، كتاب الوقف / مطلب فيما لو خرب المسجد أو غيره ٤/٣٥٩ كراچی، وكذا في البحر الرائق، كتاب الوقف / فصل في أحكام المسجد ٦/٢٣٧ مصطفیٰ البابي الحلبي مصر) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴/۶/۱۴۲۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مملوکہ قبرستان کا حصہ مالک کی اجازت سے مسجد میں شامل کرنا؟

سوال (۷۱۲۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مسجد جو ایک مسلم محلّہ میں واقع ہے، اُس مسجد سے لگا ہوا اُسی محلّہ کے ایک خاندان کا ایک چھوٹا سا قبرستان ہے، اُس قبرستان کے تقریباً ۲۰ رفٹ اوپر چھت پر کمرے بنے ہوئے ہیں، جن میں مدرسہ چلتا ہے، کیا اُس قبرستان کے اوپر کمرے توڑ کر ۵ رفٹ اونچا چھت ڈال کر اُس حصہ کو مسجد میں شامل کیا جاسکتا ہے، یعنی قبرستان کی جگہ مسجد میں لی جاسکتی ہے یا نہیں؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر وہ قبرستان مملوکہ ہے، تو مالکین کی اِجازت سے مذکورہ حصہ مسجد میں شامل کرنا درست ہے۔

ویخیر المالک بین إخراجه ومساواته بالأرض کما جاز زرعه والبناء علیه إذا بلی وصار ترابًا. (الدرالمختار ۱٤٥/۳ زکریا، ۲۳۸/۲ کراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۱/۷/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

نجی قبرستان پر لینٹر ڈال کر مسجد بنانا؟

سوال (۷۱۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان پر لینٹر ڈال کر مسجد بنا سکتے ہیں کہ نہیں؟ اور ہم قبرستان کے اوپر سلیپ ڈال کر مسجد بنوانے کا ارادہ کرتے ہیں، تو کیا مسجد بنوانا جائز ہوگا کہ نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اِس نجی قبرستان کی جگہ پر مالکین کی اجازت سے پرانی قبروں کو برابر کرکے سلیپ ڈال کر مسجد بنانا بھی درست ہے، اور ایسا بھی کیا جا سکتا ہے کہ کچھ حصہ راستہ میں دے دیا جائے اور بقیہ پر مسجد بنا دی جائے، اس میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔

قال ابن القاسم: لو أن مقبرة من مقابر المسلمین عفت فبنی قوم فیها مسجدًا لم أر بذلک بأسًا؛ لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمین لدفن موتاهم، لا یجوز لأحد أن یملکها فإذا درست واستغنی عن الدفن فیها جاز صرفها إلی المسجد؛ لأن المسجد أیضًا وقف من أوقاف المسلمین لا یجوز تملیکه لأحد، فمعناهما واحد. وأما المقبرة الداثرة إذا بُني فیها مسجد لیصلي فیها، فلم أر فیه بأسًا؛ لأن المقابر وقف، وکذا المسجد فمعناهما واحد. (عمدة القاري شرح صحیح البخاري / باب هل تنبش قبور مشرکي الجاهلیة ویتخذ مکانها مساجد ۱۷٤/٤ مکتبة الإدارة الطباعة المنیریة دمشق)

Marfat.com

ولو بلى الميت وصار ترابًا جاز دفن غيره في قبره وزرعه والبناء عليه.

(شامي، كتاب الصلاة / باب صلاة الجنائز، مطلب في دفن الميت ۱۳۸/۳ زكريا، ۲۳۸/۲ دار الفكر بيروت، ۲۳۳/۲ كراچى، الفتاوىٰ الهندية / الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس في القبر واللحد ۱۶۷/۱، كذا في تبيين الحقائق / باب الجنائز ۵۸۹/۱ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۹/۶/۱۴۲۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جس قبرستان کو مسجد کے نام وقف کر دیا گیا ہو اُس کو مسجد میں شامل کرنا؟

سوال (۷۱۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک قبرستان جو ہماری مسجد سے ملحق ہے، جس کا رقبہ بھی بہت چھوٹا ہے، جس میں تقریباً ۴۵ رسال پہلے تک مردے دفن ہوتے رہے ہیں، اُس کے بعد کوئی مردہ دفن نہیں ہوا ہے، اور مسجد کو قبرستان کے ورثہ نے وقف بھی کر دیا ہے، اُس قبرستان کو مسجد کی توسیع کے لئے مفتیانِ کرام سے اِجازت لے کر اُس کو مسجد کے صحن کی شکل دی گئی ہے، اَب وہاں پر باقاعدہ نماز ہوتی ہے، نماز ہوتے ہوئے تقریباً دس سال ہو چکے ہیں، اَب فی الوقت چند افراد یہ بات کہتے ہیں کہ یہ قبرستان ہے یہاں پر نماز نہیں ہوتی ہے، کچھ علماء نے یہ بات کہی ہے۔

مزید معلومات کے لئے شاہی اِدارہ مرادآباد سے رجوع کیا جارہا ہے، برائے مہربانی قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حسبِ تحریر سوال جب کہ وہ حصہ قبرستان مالکان کی طرف سے مسجد پر وقف کیا جا چکا ہے، اور وہاں گذشتہ ۴۵ رسال سے کسی میت کی تدفین بھی نہیں ہوئی ہے، تو اس جگہ کو برابر کر کے مسجد میں شامل کیا جانا بلا شبہ درست ہے، اور وہاں پڑھی جانے والی نمازیں بلا کراہت صحیح ہیں، اَب وہ جگہ قبرستان کے حکم میں نہیں رہی، بعض حضرات کا اعتراض کرنا

Marfat.com

بے معنی ہے۔(فتاویٰ رحیمیہ ۳۶۸/۱)

ولو بلى الميت وصار ترابًا جاز دفن غيره في قبره وزرعه والبناء عليه.

(شامي، كتاب الصلاة / باب صلاة الجنائز، مطلب في دفن الميت ۱۳۸/۳ زكريا، ۲۳۸/۲ دار الفكر بيروت، ۲۳۳/۲ كراچی، الفتاوىٰ الهندية / الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس في القبر واللحد ۱۶۷/۱، كذا في تبيين الحقائق / باب الجنائز ۵۸۹/۱ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۶/۴/۱۴۲۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

متروک الدفن قبرستان کے کونے میں مسجد بنانا؟

سوال (۷۱۶): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان کا ایک کونہ سڑک سے متصل ہے، اُس کونہ میں عرصہ دراز سے مردے دفنائے نہیں جاتے، قبرستان کے اس کونہ کی طرف کافی تعداد میں مسلمان آباد ہیں، قبرستان سے مسجد کافی فاصلہ پر ہے، جس کی وجہ سے قبرستان سے متصل رہنے والے کافی تعداد میں مسلمان نماز سے دور ہیں؛ یہاں تک کہ جمعہ کی نماز بھی نہیں پڑھتے، جس کی وجہ سے قبرستان سے متصل رہنے والے تمام ہی مسلمانوں کا اِس بات پر متفقہ فیصلہ ہے کہ قبرستان کے اس کونے پر مسجد کی تعمیر کردی جائے، جس سے تمام مسلمان نماز وجمعہ کے اہم فریضہ کو بہ آسانی ادا کرسکیں، صورتِ مذکورہ میں قبرستان کے اِس کونہ میں مسجد بنانا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حسبِ تحریر سوال اگر واقعۃً قبرستان انتہائی وسیع ہے، اور مذکورہ کونہ کی جگہ میں اِس وقت یا آئندہ قبر بنانے کی ضرورت نہیں ہے، تو قبرستان کی کمیٹی یا بستی کے معزز افراد کے اتفاق سے اُس کونے میں مسجد بنانے کی اجازت ہے۔

قال ابن القاسم: لو أن مقبرة من مقابر المسلمين عفت فبنى قوم فيها

Marfat.com

مسجدًا لم أر بذلك بأسًا؛ لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم، لا يجوز لأحد أن يملكها فإذا درست واستغني عن الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضًا وقف من أوقاف المسلمين لا يجوز تمليكه لأحد، فمعناهما واحد. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري / باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مسجدًا الخ ١٧٩/٤ دمشق، ٤٣٥/٣ تحت رقم: ٤٢٨ دار الفكر بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۹/۶/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

۱۰۰ سال سے زائد متروک الدفن زمین پر مدرسہ یا مسجد بنانا؟

سوال (۷۱۷): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک قطعہ آراضی جو تقریباً دو ہزار گز ہے، زمانہ قدیم میں اندازاً سو سال سے کوئی دفن نہیں ہوا ہے، اور اس آراضی میں کوئی قبر یا اس کا کوئی نشان باقی نہیں ہے۔

میونسپلٹی کے پرانے کاغذات میں قبرستان درج ہے، جس کی بنا پر اہلِ محلّہ نے مقدمہ سے اس کو جیتا ہے، چوں کہ اس پر قریشی حضرات نے قبضہ کرلیا تھا، اور اس پر جانور ذبح کیا کرتے تھے، اِس لئے اہلِ محلّہ نے آپس کے مشورہ سے یہ طے کیا کہ اس پر ایک مدرسہ اور ایک مسجد بنائی جائے، قبرستان کے بارے میں کوئی بھی مدعی نہیں ہے، اہلِ محلّہ سب اِس پر متفق ہیں کہ اس آراضی پر مسجد اور مدرسہ بنالیا جائے۔

جناب عالی سے درخواست ہے کہ شرائط کی روشنی میں واضح طریقوں سے جواب مرحمت فرمائیں کہ یہاں مسجد اور مدرسہ قائم کریں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر مذکورہ جگہ پر قبرستان بنانے کی ضرورت باقی نہیں رہی اور اسے خالی چھوڑنے پر اُس کے ضائع ہوجانے اور غلط قبضہ میں چلے جانے کا خطرہ ہو تو اہلِ

Marfat.com

بستی کے مشورہ سے اس جگہ مسجد اور مدرسہ بنانے کی شرعاً اجازت ہے۔

لو أن مقبرة من مقابر المسلمين عفت فبنى قوم فيها مسجدًا لم أر بذلك بأسًا؛ لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم، لا يجوز لأحد أن يملكها فإذا درست واستغنى عن الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضًا وقف من أوقاف المسلمين لا يجوز تمليكه لأحد، فمعناهما واحد. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري / باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مسجدًا الخ ١٧٩/٤ دمشق، ٤٣٥/٣ تحت رقم: ٤٢٨ دار الفكر بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۵/۱۰/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جس جگہ سے قبروں کے نشانات ہی ختم ہوگئے ہوں وہاں مسجد بنانا؟

سوال (۷۱۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مسجد کے متصل کچھ زمین ہے جس میں دو تین قبریں ہیں، جس کا وجود نہیں ہے، بعض لوگ کہتے ہیں کہ قبر ہے ہی نہیں؛ لیکن بعض لوگ کہتے ہیں کہ پہلے اس میں قبر تھی اَب اس کا نشان نہیں ہے، اَب اُس خالی زمین کو مسجد میں لینا چاہتے ہیں، تو کیا اُس زمین کو مسجد میں شامل کرلینا درست ہے یا نہیں؟ اور اُس میں نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حسبِ تحریر سوال اگر واقعی اُس جگہ پر قبر کے نشانات نہیں ہیں، اور اُس پر اتنی مدت گذر گئی کہ میت مٹی بن گئی ہوگی، تو اگر وہ جگہ کسی کی مملوکہ ہو تو اُس سے اِجازت لے کر اور اگر وقف شدہ ہو، تو پھر باہم مشورہ سے اُس جگہ کو مسجد میں شامل کرنا درست ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۳۵۱/۱۵ ڈابھیل)

ولو بلى الميت وصار ترابًا جاز دفن غيره في قبره وزرعه والبناء عليه.

Marfat.com

(شامي، كتاب الصلاة / باب صلاة الجنائز، مطلب في دفن الميت ۱۳۸/۳ زكريا، ۲۳۸/۲ دار الفكر بيروت، ۲۳۳/۲ كراچى، الفتاوىٰ الهندية / الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس في القبر واللفن ۱۶۷/۱، كذا في تبيين الحقائق / باب الجنائز ۵۸۹/۱ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۲/۷/۱۴۱۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

پرانی قبروں پر لینٹر ڈال کر مسجد میں شامل کرنا؟

سوال (۷۱۹): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مسجد کے صحن میں کچھ پرانی قبرین ہیں، مگر اب نمازیوں کی کثرت کی وجہ سے مسجد تنگ پڑنے لگی ہے، جس کی وجہ سے سبھی نمازیوں کی رائے یہ ہورہی ہے کہ قبروں کے اوپر لینٹر ڈال کر صحن کو کشادہ کرلیا جائے؛ تاکہ مسجد کی تنگی کی پریشانی ختم ہوجائے؛ کیوں کہ سال کے آٹھ مہینے ایسے گذرتے ہیں کہ چار یا تین وقت کی نماز صحن میں پڑھی جاتی ہے، تو مسجد کے نمازیوں کا یہ عمل درست ہوگا یا غلط؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اَصل مسئلہ یہ ہے کہ قبریں اگر پرانی اور بوسیدہ ہوجائیں اور مسجد میں توسیع کی ضرورت ہو تو اُن قبروں کے آثار کو مٹا کر اُس جگہ کو مسجد میں شامل کرنے کی گنجائش ہے، یہ جزئیہ کتبِ فقہ میں موجود ہے، اِس پر قیاس کرتے ہوئے ضرورت کے وقت پرانی قبروں پر لینٹر ڈال کر اُس کے اوپر نماز پڑھنا جائز معلوم ہوتا ہے۔ (مستفاد: احسن الفتاویٰ ۴۰۹/۶، عزیز الفتاویٰ ۵۹۳/۱)

قال ابن القاسم: لو أن مقبرة من مقابر المسلمين عفت فبنى قوم فيها مسجدًا لم أر بذٰلک بأسًا؛ لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم، لا يجوز لأحد أن يملكها فإذا درست واستغنى عن الدفن فيها جاز

Marfat.com

صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أبضًا وقف من أوقاف المسلمين لا يجوز تمليكه لأحد، فمعناهما واحد. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري / باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مسجدًا الخ ١٧٩/٤ دمشق، ٤٣٥/٣ تحت رقم: ٤٢٨ دار الفكر بيروت)

وإن بقي من عظامهم شيء تنبش وترفع الآثار، وتتخذ مسجدًا، لما روي أن مسجد النبي صلى الله عليه وسلم كان قبلُ مقبرةً للمشركين فنبشت. (شامي / باب صلاة الجنائز، مطلب في دفن الميت ٢٣٤/٢ كراچی)

إن بقيت آثارهم بأن بقي من عظامهم شيء ينبش ويقبر، ثم يجعل مقبرة المسلمين؛ لأن موضع مسجد رسول الله صلى الله عليه وسلم كان مقبرةً للمشركين فنبشت، واتخذها مسجدًا، كذا في المضمرات. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الثاني عشر في الرباطات والمقابر والخانات الخ ٤٦٩/٢ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

٢٨/٣/١٤٢٦ھ

قبرستان میں ستون لگا کر مسجد کی توسیع میں شامل کرنا؟

سوال (٧٢٠):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: موضع مکل نرکھیڑا میں ایک بہت پرانی مسجد ہے اور بستی کے مطابق مسجد بہت چھوٹی ہے، اس مسجد کی توسیع کرنا چاہتے ہیں، اور مسجد کو بڑھانے کے لئے کسی بھی جانب کوئی بھی گنجائش نہیں ہے، عام راستہ اور لوگوں کے مکانات ہیں اور صرف ایک جانب قبرستان ہے؛ لہٰذا قبرستان میں ستون لگا کر اُس کے اوپر لینٹر ڈال کر مسجد کو بڑھانا چاہتے ہیں، دس فٹ چوڑائی بڑھانا چاہتے ہیں؛ لیکن نیچے قبرستان ہی رہے گا، اور اوپر مسجد کی جگہ بڑھ جائے گی، کیا اس صورت میں مسجد کا اضافہ کرنا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: قبرستان میں اِس طرح ستون نصب کرکے اوپر مسجد کی

Marfat.com

توسیع کرنا شرعاً جائز اور درست ہے؛ لیکن شرط ہے کہ جس حصہ میں ستون نصب کئے جارہے ہوں، وہاں کی قبروں میں میت کے اجزاء باقی نہ ہوں، جن قبروں میں اَموات کی تازہ ہڈیاں وغیرہ موجود ہوں، اُن پر ستونوں کی تعمیر درست نہ ہوگی۔

عن عائشة رضي الله عنها أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: كسر عظم الميت ككسره حيا. (سنن أبي داؤد، كتاب الجنائز / باب في الحفار يجد العظم، هل يتنكب ذلك المكان؟ ص: ٦١٢ رقم: ٣٢٠٧ دار لفكر بيروت، سنن ابن ماجة رقم: ١٦١٦ دار الفكر بيروت)

وأما المقبرة الداثرة إذا بُني فيها مسجد ليصلي فيها، فلم أر فيه بأسًا؛ لأن المقابر وقف، وكذا المسجد فمعناهما واحد. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري / باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مساجد ٤/ ١٧٤ مكتبة الإدارة الطباعة المنيرية دمشق)

ولو بلى الميت وصار ترابًا جاز دفن غيره في قبره وزرعه والبناء عليه. (شامي، كتاب الصلاة / باب صلاة الجنائز، مطلب في دفن الميت ٣/ ١٣٨ زكريا، ٢/ ٢٣٨ دار الفكر بيروت، ٢/ ٢٣٣ كراچی، الفتاوى الهندية / الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس في القبر والدفن ١/ ١٦٧، كذا في تبيين الحقائق / باب الجنائز ١/ ٥٨٩ زكريا)

تكره الصلاة في المقبرة إلا أن يكون فيها موضع أعد للصلاة. (طحطاوي على المراقي ٣٥٧ المكتبة الأشرفية ديوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۵/۳/۱۴۳۲ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بلا قیمت ومعاوضہ کے قبرستان کی زمین مسجد میں شامل کرنا؟

سوال (۷۲۱): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مسجد کی توسیع کے لئے قبرستان کی زمین بغیر خریدے لی جاسکتی ہے یا قبرستان کے اَربابِ حل وعقد سے زمین قبرستان خرید کر مسجد میں شامل کرنا جائز ہے؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: قبرستان پرانا ہواور اتنا وسیع تر ہو کہ آئندہ بھی اُس کے بڑھوانے کی ضرورت نہ ہو، تو اس کے زائد حصہ کو اہلِ بستی کے مشورہ سے بلا قیمت مسجد میں شامل کیا جاسکتا ہے؛ لیکن قبروں کی ضرورت موجود ہوتے ہوئے اُسے مسجد میں دینے کی اجازت نہ ہوگی۔

(فتاویٰ محمودیہ ۱۵/۳۵۳ ڈابھیل، ۶/۲۸۷ قدیم زکریا)

قال ابن القاسم: لو أن مقبرة من مقابر المسلمين عفت فبنى قوم فيها مسجدًا لم أر بذلك بأسًا. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري / باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مسجدًا الخ ۱۷۹/٤ دمشق، ٤٣٥/٣ تحت رقم: ٤٢٨ دار الفكر بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۲/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان کی زمین میں غیر مسلم لیڈر کے سرکاری فنڈ سے بنائے ہوئے مکان کو مسجد بنانا؟

سوال (۷۲۲): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے شہر میں ایک قبرستان ہے سرکار کی طرف سے مسلمانوں کو یہ زمین ملی ہے، بہت زمانہ تک میت کو دفن کرتے رہے ہیں، چار سال پہلے غیر مسلم لیڈر نے قبرستان کے ایک کونے میں لوگوں کے اُٹھنے بیٹھنے کے لئے ایک مکان سرکاری فنڈ سے بنایا تھا، اَب اُس مکان کو مسلمان مسجد سمجھ کر پانچ وقت کی نماز پڑھتے ہیں، امام بھی مقرر ہے۔

دریافت طلب امر یہ ہے کہ اس مکان کو شرعی مسجد مانا جائے گا، اور نماز ادا کرنے والوں کی نماز ادا ہوگی؟ قبرستان میں اس وقت بھی میت کو دفن کیا جاتا ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر وہ زمین مکمل طور پر سرکار کی جانب سے مسلمانوں

Marfat.com

کے نام قبرستان کے لئے الاٹ کردی گئی تھی، پھر اُس کے ایک کونے میں غیر مسلم لیڈر نے تعمیر کردی اور مسلمانوں نے اس جگہ کے تحفظ کی خاطر متفق ہوکر اُس مکان کو شرعی مسجد کی شکل دے دی اور حکومت نے بھی اُس پر کوئی اعتراض نہیں کیا، اور وہاں باقاعدہ نماز شروع ہوگئی، تو یہ مسجد شرعی کہلائے گی، اور اس میں نماز پڑھنے والوں کو مسجد کا ثواب ملے گا۔

ولو بلی المیت وصار ترابًا جاز دفن غیرہ في قبرہ وزرعہ والبناء علیہ.

(شامي، کتاب الصلاة / باب صلاة الجنائز، مطلب في دفن المیت ۱۳۸/۳ زکریا، ۲۳۸/۲ دار الفکر بیروت، ۲۳۳/۲ کراچی، الفتاوی الهندیة / الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس في القبر والدفن ۱۶۷/۱، کذافي تبیین الحقائق / باب الجنائز ۸۹/۱ ۵ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۷/۱۴۲۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کیا موقوفہ قدیم قبرستان میں مسجد مدرسہ کی طرح رہائش گاہ بنا سکتے ہیں؟

سوال (۷۲۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے گاؤں میں جو پرانا قبرستان ہے، آج سے تقریبا بیس پچیس سال قبل سرکار نے قبرستان کے درمیان عام روڈ نکالا اور روڈ پر جو مٹی ڈالی گئی، وہ تمام قبرستان سے ہی ڈالی گئی اور قبرستان کی جگہ میں تقریبا ۶-۷ رفٹ گہرا تالاب بن گیا، اور سرکار نے قبرستان کے لئے دوسری جگہ متعین کردی، پرانے قبرستان کے پاس ہندو کمہاروں کے مکان ہیں، اور کمہار اس جگہ پر قبضہ کرکے اپنے گھر بنانا چاہتے تھے، مسلمانوں نے متفق ہوکر فیصلہ کرکے اُس تالاب کو پاٹ کر مدرسہ بنالیا ہے؛ لیکن مدرسہ بننے کے بعد یہ مسئلہ کھڑا ہورہا ہے کہ قبرستان میں مدرسہ بنانا جائز نہیں؟ ایسی صورت میں قرآن وحدیث کی روشنی میں علماء کا فیصلہ درکار ہے۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جس موقوفہ قبرستان میں تدفین بند ہوچکی ہو اور قبریں

Marfat.com

بوسیدہ ہوچکی ہوں اور آئندہ بھی اُس میں تدفین کے آثار نہیں ہیں، تو ذمہ داران کی اِجازت سے اُس قبرستان میں مسجد یا مدرسہ کی تعمیر کرنا جائز اور درست ہے؛ لیکن رہائش گاہ بنانا جائز نہیں ہے۔

(مستفاد: فتاویٰ رحیمیہ ۳/۱۷۸، کفایت المفتی ۷/۱۷۸)

نیز پرانے قبرستان کو خالی چھوڑنے میں چوں کہ غیروں کے قبضہ کا اندیشہ ہے؛ اِس لئے اِس جگہ کو مدرسہ کے لئے استعمال کرنا بلاشبہ جائز ہے۔ اور جن حضرات نے متفق ہوکر مدرسہ بنایا ہے، اُن کا یہ عمل شریعت کی روشنی میں درست ہے، کسی کو اعتراض کرنے کی اِجازت نہیں۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۱۴۷)

فإن قلت: هل يجوز أن تبنى المساجد على قبور المسلمين؟ قلت: قال ابن القاسم: لو أن مقبرة من مقابر المسلمين عفت فبنى قوم فيها مسجدًا لم أر بذلك بأسًا؛ لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم، لا يجوز لأحد أن يملكها فإذا درست واستغنى عن الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضًا وقف من أوقاف المسلمين لا يجوز تمليكه لأحد، فمعناهما واحد. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري / باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مسجدًا الخ ٤/١٧٩ دمشق، ٣/٤٣٥ تحت رقم: ٤٢٨ دار الفكر بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۳/۷/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

پرانے قبرستان میں مدرسہ اِسلامیہ بنانا؟

سوال (۷۲۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: پرانے قبرستان کے اندر مدرسہ اسلامیہ بنا سکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر مملوکہ قبرستان ہے، تو مالک کی اِجازت سے وہاں مدرسہ بنایا جاسکتا ہے، اور اگر وقف ہے اور اُس کی زمین قبرستان کی ضرورت سے کافی زیادہ ہے اور

Marfat.com

اُسے اپنے حال پر چھوڑنے میں زمین میں ناجائز تصرف وغیرہ کا اندیشہ ہے، تو عامۃ المسلمین کی اِجازت سے وہاں اسلامی مدرسہ بنانے کی گنجائش ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۴۸/۱۴)

ميتٌ دفن في أرض إنسان بغير إذن مالكها، كان المالك بالخيار إن شاء رضي بذلك وإن شاء أمر بإخراج الميت، وإن شاء سوّى الأرض وزرع فوقها. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الثاني عشر في الرباطات والمقابر الخ ٤٧٢/٢ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۱/۲/۱۴۱۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان کے لئے وقف زمین پر اِسکول یا مدرسہ بنانا؟

سوال (۷۲۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک قبرستان پہلے سے وقف تھا اور اُس کے متصل ایک قطعہ آراضی حاصل کرکے اُس قبرستان کے نام وقف کردی۔

سوال یہ ہے کہ کیا قبرستان میں مسلمانوں کی ضرورت کے پیشِ نظر انٹر کالج یا مدرسہ مسجد وغیرہ بنائی جاسکتی ہے یا نہیں؟ اگر بن سکتی ہو تو تحریر فرمائیں اور وہ جگہ خالی ہے اُس پر کوئی قبر نہیں بنی ہے۔

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر قبرستان کی ضرورت سے وہ قطعہ آراضی زائد نہ ہو تو اُس جگہ کو قبرستان کے علاوہ کسی اور مصرف میں استعمال کرنا درست نہیں ہے، واقف کرنے والوں کی منشاء کا بہرحال لحاظ رکھنا ضروری اور لازم ہے؛ لہٰذا اِس موقوفہ زمین پر اسکول وغیرہ نہ بنایا جائے۔

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم المخالفة ٤٣٣/٤-٤٣٤ كراچی، ٦٤٩/٦ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد:

Marfat.com

۱۰۶/۲ إدارة القرآن کراچی، تنقیح الفتاویٰ الحامدیة ۱۲۶/۱ المکتبة لمیمنیة مصر) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۶/۳/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

۲۰۰ سال پرانے قبرستان کو وقف بورڈ کا اِسکول کی تعمیر کیلئے دینا؟

سوال (۷۲۶): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: تقریباً دوسو برس قبل قبرستان کے لئے جگہ وقف کی گئی، جس میں کافی دنوں تک تدفین کا کام ہوتا رہا؛ لیکن گذشتہ ۲۵-۳۰ر برسوں سے اُس میں تدفین بند ہے، یہ کہا جاتا ہے کہ چند نامور شخصیتیں بھی اُس قبرستان میں مدفون ہیں، وقف بورڈ اُس قبرستان کو ایک اسکول کی توسیع کے لئے دینے جارہا ہے، کیا وقف بورڈ کا یہ عمل جائز ہے؟ وقف بورڈ اگر خود قبرستانوں پر اِس طرح کی تعمیر کی اِجازت دیتا ہے، تو کیا یہ ایک خراب مثال قائم نہیں کرے گا؟ اور اِس سے دوسرے وہ قبرستان جس میں تدفین بند ہے، اُن کا وجود خطرہ میں نہیں پڑجائے گا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دوسوسال پرانے وقف قبرستان کو جس میں ۲۵-۳۰ر سال سے تدفین کا کام بند ہے، اِسکول کی توسیع کے لئے دینا جائز نہیں ہے، اگر یہ جگہ دفن کے کام نہ آسکے اور قبروں کے نشانات بھی مٹ گئے ہوں، جیسا کہ سوال سے معلوم ہوتا ہے، تو وہاں مسجد کی تعمیر کردی جائے۔ (مستفاد: احسن الفتاویٰ ۴۰۹/۶-۴۱۴)

فإن قلت: هل يجوز أن تبنى المساجد على قبور المسلمين؟ قلت: قال ابن القاسم: لو أن مقبرة من مقابر المسلمين عفت فبنى قوم فيها مسجدًا لم أر بذلك بأسًا؛ لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم، لا يجوز لأحد أن يملكها فإذا درست واستغني عن الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضًا وقف من أوقاف المسلمين لا يجوز تمليكه لأحد، فمعناهما

Marfat.com

واحد. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري /باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مسجدًا الخ ١٧٩/٤ دمشق، ٤٣٥/٣ تحت رقم: ٤٢٨ دار الفكر بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۸/۱۴۲۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان میں نیچے دوکان بنا کر اُوپر مدرسہ چلانا؟

سوال (۷۲۷): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان کے ایک حصہ میں ہم یہ چاہتے ہیں کہ اُس کے نیچے ہم دوکانیں بنائیں اور دوکانوں کے اوپر مدرسہ بنائیں، تو اُس میں ستون لگا کر زمین سے کتنا اونچا لینٹر ڈالیں، اِجازت ہے یا نہیں؟ اس گاؤں میں مسلمانوں کی آبادی کافی ہے اور مدرسہ کوئی نہیں ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قبرستان کی زمین میں دوکان بنانے کی اِجازت نہیں؛ البتہ قدآدم ستون بنا کر ضرورت کے وقت مدرسہ کی تعمیر کی جاسکتی ہے۔

فإن قلت: هل يجوز أن تبنى المساجد على قبور المسلمين؟ قلت: قال ابن القاسم: لو أن مقبرة من مقابر المسلمين عفت فبنى قوم فيها مسجدًا لم أر بذلك بأسًا؛ لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم، لا يجوز لأحد أن يملكها فإذا درست واستغنى عن الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضًا وقف من أوقاف المسلمين لا يجوز تمليكه لأحد، فمعناهما واحد. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري / باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مسجدًا الخ ١٧٩/٤ دمشق، ٤٣٥/٣ تحت رقم: ٤٢٨ دار الفكر بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۲/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قبرستان میں ستون کھڑا کر کے مدرسہ میں توسیع کرنا؟

سوال (۷۲۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ پہلے چھوٹا تھا مدرسہ کو بڑھایا گیا، اور جس جگہ مدرسہ کو بڑھایا گیا وہ قبرستان کی جگہ ہے، کیا قبرستان کی جگہ میں ستون کھڑا کر کے اُس پر مدرسہ کی تعمیر جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مدرسہ کو توسیع کی سخت ضرورت ہو، اور قبرستان میں ستون تعمیر کرنے سے نئی قبریں بنانے میں کوئی رکاوٹ نہ آتی ہو، تو شرعاً اِس توسیع کی گنجائش ہے۔

قال ابن القاسم: لو أن مقبرة من مقابر المسلمين عفت فبنى قوم فيها مسجدًا لم أر بذلك بأسًا؛ لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم، لا يجوز لأحد أن يملكها فإذا درست واستغنى عن الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضًا وقف من أوقاف المسلمين لا يجوز تمليكه لأحد، فمعناهما واحد. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري / باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مسجدًا الخ ١٧٩/٤ دمشق، ٤٣٥/٣ تحت رقم: ٤٢٨ دار الفكر بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۳۰/۶/۸ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قبرستان کو دیگر مصارف میں اِستعمال کرنا

دادا پردادا کی قبروں کو جوڑ کر مکان بنانا؟

سوال (۷۲۹): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: میرے گھر کے دروازے کے برابر چہار دیواری کے اندر محفوظ دو قبریں ہیں، اور وہ دونوں قبریں میرے پردادا کی ہیں، میں چاہتا ہوں کہ اُن کو توڑ کر مکان بنالوں، تو میرے لئے ان کا توڑنا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر وہ قبریں آپ کی مملوکہ ہیں اور کافی پرانی ہو چکی ہیں، نیز آپ کو مکان میں اِضافہ کی شدید ضرورت ہے، تو انہیں ہموار کر کے اُن پر مکان تعمیر کر سکتے ہیں۔

كما جاز زرعه والبناء عليه إذا بلى وصار ترابًا. (الدر المختار، باب صلاة الجنازة /مطلب في دفن الميت ۱٤٥/۳ زكريا، ۲۳۸/۲ كراچی)

ولو بلى الميت وصار ترابًا جاز دفن غيره في قبره وزرعه والبناء عليه. (شامي، كتاب الصلاة / باب صلاة الجنائز، مطلب في دفن الميت ۱۳۸/۳ زكريا، ۲۳۸/۲ دار الفكر بيروت، ۲۳۳/۲ كراچی، الفتاوىٰ الهندية / الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس في القبر واللحد ۱٦۷/۱، كذا في تبيين الحقائق / باب الجنائز ۵۸۹/۱ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۳/۹/۷ھ

قبرستان میں باغ لگانا؟

سوال (۷۳۰): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: بستی کے قبرستان کی زمین تقریباً ۱۲ربیگھہ ہے، اور قبرستان کے وسط میں ایک تالاب ہے، چند افراد نے اُس میں امرود، آم اور بڑھل وغیرہ کے کچھ پیڑ لگا دئے ہیں، جو ۶ربیگھہ کے قریب زمین کو گھیرے ہوئے ہیں، یعنی ایک باغ کی شکل بن گئی ہے، اُس کیفیت کو دیکھ کر کچھ حضرات ناراض ہیں، وہ کہتے ہیں کہ پیڑوں کی وجہ سے قبروں کی بے حرمتی ہوگی اور پیڑوں کی پرورش بھی بہتر طریقہ پر نہیں ہوسکتی، جو حضرات پیڑوں کو لگانے پر راضی ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ہمارا مقصد قبرستان کی حفاظت ہے، یعنی پرورش کے بعد پھل وغیرہ کی آمدنی سے قبرستان کی باونڈری کرادیں گے، جس اعتبار سے بھی قبرستان میں خرچ کی ضرورت درپیش ہو، اُسی کے مطابق آمدنی کو صرف کیا جائے گا؛ لہٰذا مذکورہ بالا تحریر کے اعتبار سے کیا شکل اختیار کریں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر اِن درختوں کے لگانے سے قبرستان میں مُردوں کو دفن کرنے میں کوئی تنگی پیش نہ آئے، اور درختوں سے واقعۃً فائدہ کی اُمید ہو، تو درختوں کے لگانے کی گنجائش ہے، اور اُن سے حاصل شدہ آمدنی قبرستان کی بقاء وحفاظت میں لگائی جائے۔

كذا تستفاد من العبارة الآتية: أرض لأهل قريةٍ جعلوها مقبرةً وأقبروا فيها ثم إن واحدًا من أهل القرية بنى فيها بناءً لوضع اللبن وآلات القبر، وأجلس فيها من يحفظ المتاع بغير رضا أهل القرية أو رضا بعضهم بذلك، قالوا: إن كان في المقبرة سعة بحيث لايحتاج إلى ذلك المكان فلا بأس به، وبعد ما بني لو إحتاجوا إلى ذلك المكان رفع البناء حتى يقبر فيه. كذا في فتاوىٰ قاضي خان. (الفتاوىٰ الهندية / كتاب الوقف ٤٦٨/٢) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۴/۱۴۱۳ھ

الجواب: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان میں سرکاری درخت لگوانا؟

سوال (۷۳۱): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: قبرستان کے اندر سرکاری پیڑ لگائے جارہے ہیں، ان پیڑوں کو لگوانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر یہ پیڑ قبرستان کی ملکیت میں دئے جارہے ہیں اور پیڑ لگانے کے بعد اُن پر سرکار کا کوئی حق نہ ہوگا اور کسی فتنہ کا اندیشہ بھی نہ ہو، تو سرکار کی طرف سے قبرستان میں اُنہیں لگانے کی اِجازت ہے، بشرطیکہ قبروں کو اُن پیڑوں کی وجہ سے نقصان نہ پہنچے۔

(مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱/۴۷۰) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۶/۲/۲۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

طلبہ کا قبرستان کے درختوں کے پھل کھانا؟

سوال (۷۳۲): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک قبرستان میں کچھ پھل دار درخت ہیں، کمیٹی کے لوگوں نے مدرسہ کے طلبہ کو پھل کھانے کی اِجازت دے دی، تو کیا طلبہ کے لئے پھل کھانا درست ہے؟ جب کہ اُن پھلوں کو فروخت کر کے قبرستان کی ضرورت میں لگا سکتے ہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قبرستان کے درختوں کے پھل اگر باقاعدہ فصل آنے پر فروخت کئے جاتے ہیں، تو طلبہ وغیرہ کے لئے بلا قیمت اُن کا استعمال درست نہیں ہے، اور اگر پھل دار درختوں کو سبیل اور خیرات کے طور پر لگایا گیا ہے، اُن سے آمدنی مقصود نہیں، تو پھر اُنہیں طلبہ اور عام مسلمان استعمال کر سکتے ہیں۔

لما في الحاوي غرس في المسجد أشجارًا تثمر إن غرس للسبيل، فلكل مسلم الأكل وإلا فتباع لمصالح المسجد. (شامي ٦/٦٤٨ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۰/۲/۲۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قبرستان میں سرکاری روڈ بنانا؟

سوال (۷۳۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک گاؤں میں ایک پرانا قبرستان ہے، جس میں قبرستان ہی کے بیچ سے ایک محلّہ میں جانے کا ایک جانب سے راستہ ہے، اس راستہ سے بیل گاڑیاں بھی کبھی کبھی چلتی ہیں، عام لوگ چلتے ہیں، راستہ میں قبروں کی نشانیاں نہیں ہیں اور جہاں تک معلومات ہے، اس میں قبریں نہیں رہی ہیں، اَب سرکاری روڈ بنانا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر قبرستان وقف ہو اور اُس میں ابتداءً اوقف کرتے وقت راستہ چھوڑنے کی تصریح نہ ہو، تو بعد میں اُس جگہ کو پکے یا کچے کسی طرح کے راستہ میں استعمال کرنا ممنوع ہے، درست نہیں ہے۔

على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة. (شلمي، كتاب الوقف / مطلب: مراعاة غرض الواقفين والمحبة والعرف يصلح مخصصًا ٦/٦٦٥ زكريا، ٤/٤٤٥ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۶/۴/۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

موقوفہ قبرستان پر پل بنا کر اسے روڈ میں شامل کرنا

سوال (۷۳۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قومی شاہراہ 24 کی توسیع کا کام چل رہا ہے، اس میں دلپت پور اور مونڈھا پانڈے وغیرہ کے روڈ کے قریب کچھ ایسی جگہیں آرہی ہیں، جن کو عرصۂ دراز سے قبرستان کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا ہے، اُن میں بعض زمین وقف ہیں اور بعض گرام سماج کی طرف سے چھوڑ دی گئی ہیں، اور اُس میں تازہ اور پرانی ہر طرح کی قبریں موجود ہیں، شاہراہ بنانے والے منتظمین اُن جگہوں کو روڈ میں شامل کرنے پر مصر ہیں، جب کہ علاقے کے مسلمان اِس پر تیار نہیں ہیں، تو ایسی صورت میں

Marfat.com

مسلمانوں کو کیا کرنا چاہئے؟ کیا یہ ممکن ہے کہ اُن قبرستانوں پر لینٹر ڈال کر اُوپر سے پُل بنا دیا جائے، اور اِس کے بدلہ میں سرکار سے دوسری زمین لے لی جائے؟ یا کیا طریقہ اپنایا جائے؟ اس بارے میں رہنمائی فرمائیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اَولاً تو یہی کوشش کی جائے کہ موقوفہ قبرستان کی زمین سے ہٹ کر روڈ نکالا جائے؛ لیکن اگر اُس میں کامیابی نہ ملے اور حکومت زبردستی کرنے پر آمادہ ہوجائے، تو بدرجۂ مجبوری یہ شکل اپنائی جاسکتی ہے کہ قبر والے حصہ پر لینٹر ڈال کر اُوپر سے پل بنادیا جائے؛ تاکہ قبروں کی بے حرمتی لازم نہ آئے، اور قبرستان کے بدلے میں سرکار سے کوئی اور مناسب جگہ لے لی جائے۔

وإن كان للوقف ريع ولكن يرغب شخص في استبداله إن أعطى مكانه بدلاً أكثر ريعًا فيه صقع أحسن من صقع الوقف جاز عند أبي يوسف، والعمل عليه. (شامي ٣٨٧/٤ كراچی)

مبادلة الوقف بدارٍ أخرىٰ إنما تجوز إذا كانتا في محلةٍ واحدةٍ أو تكون المحلة المملوكة خيرًا من المحلة الموقوفة. (مجمع الأنهر ٥٧٦/٢)

إذا ضعفت الأرض عن الاغتلال ويجد القيم بثمنها أخرىٰ هي أكثر ريعًا كان له أن يبيعها ويشتري بينهما ما هو أكثر ريعًا. (فتح القدير ٢٠٥/٦، خانية على هامش الهندية ٣٠/٦، بزازية على هامش الهندية ٢٥٤/٦، البحر الرائق ٣٧٣/٥، الفتاوىٰ الولوالجية ٩٨/٣، إعلاء السنن ١٦١/١٣) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۳۵/۲/۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان کی اَراضی پر تعمیر کرنا؟

سوال (۷۳۵): -کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرعِ متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: کیا قبرستان کی آراضی پر کوئی تعمیر مثل دوکان یا مکان کے ہوسکتی ہے؟

اگر قبرستان قدیم اور کئی سو برس پرانا ہو، اور لگ بھگ ۱۰۰ سال سے اُس میں کوئی نئی تدفین بھی نہیں ہوئی، تو ایسی صورت میں اُس قبرستان کی آراضی پر کوئی تعمیر رہائشی یا غیر رہائشی غرض سے کرائی جاسکتی ہے؟ کیا ایسا کرنا شریعت کی رو سے جائز ہے؟ کیا قبرستان کی آراضی پر کسی نے کوئی تعمیر رہائشی کرالی ہو، تو ایسی صورت میں شریعت میں اُن تعمیرات کے بارے میں کیا حکم ہے؟ کیا اس جواز پر کہ کچھ اور لوگوں نے قبرستان آراضی پر مکانات بنوالئے ہیں، دوسرے لوگ بھی قبرستان کی آراضی پر اِس نظیر پر عمل کرتے ہوئے اپنے مکانات وغیرہ بنواسکتے ہیں؟

کیا تکیہ دار کو آراضی قبرستان کے بیع وغیرہ کا کوئی حق حاصل ہے، کیا آراضی قبرستان پر اگر کوئی قبضہ مخالفانہ کا دعویٰ کرے اور اپنا قبضہ اس آراضی پر قدیمی بتائے، تو کیا شریعت کے مطابق اسے آراضی مذکور پر کوئی مالکانہ حقوق حاصل ہو جائیں گے، اگر قبرستان قدیم ہو تو کسی مدت کے بعد اُسے کھدوا کر قبرستان کو ذاتی اغراض ومقاصد کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے؟ اور مکانات وغیرہ تعمیر کرائے جاسکتے ہیں؟

کیا قبرستان پر رہائش اختیار کی جاسکتی ہے، اور پاخانے غسل خانے وغیرہ بنوائے جاسکتے ہیں؟ اور دوسرے خانگی زندگی کے لوازم اختیار کئے جاسکتے ہیں؟

کیا قبرستان وغیرہ کا وقف بورڈ میں درج ہونا شریعت کی رو سے بھی ضروری ہے، اور وہاں درج نہ ہونے کی صورت میں کیا شریعت کے مطابق قبرستان کی حیثیت میں کوئی نقص یا تبدل ہوجائے گا؟ کیا تکیہ دار کے ذریعہ آراضی قبرستان کو اگر بیع وغیرہ کیا گیا ہو، تو وہ بیع جائز اور صحیح ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: قبرستان کے لئے موقوفہ جگہ پر قبریں بنانی چاہئیں؛ تاکہ واقف کا منشا پورا ہوسکے، اُس جگہ کو دوکان مکان اور دیگر ضروریات میں استعمال کرنا درست نہیں ہے، اور اُس کی جگہ پر زبردستی قبضہ کرنے میں کسی کو بھی مالکانہ تصرف حاصل نہیں ہوسکتا، اور

Marfat.com

وقف کی صحت کے لئے اصل وقف کا ثبوت ضروری ہے، یعنی گواہ یا کاغذات وغیرہ؛ لیکن وقف بورڈ میں اندراج شرط نہیں ہے، اور اِس وقف کی جگہ کو بیچنے کا بھی کسی کو حق نہیں ہے۔

فإذا تم ولزم لايملك ولا يعار ولا يرهن. (شامي، كتاب الوقف / قبيل مطلب في شرط واقف الكتب أن لا تعار إلا برهن ٥٣٩/٦ زكريا، ٣٥٢/٤ كراچی، الهداية / كتاب الوقف ٦٤٠/٢ مكتبه شركت علميه ملتان، وكذا في فتح القدير / كتاب الوقف ٢٢٠/٦ مصطفىٰ البابي الحلبي مصر)

البتہ اگر میت کا قبرستان ہے تو مالکان کو اُس میں تصرف کا حق ہوسکتا ہے۔

المالک هو المتصرف في الأعيان المملوكة كيف شاء. (بيضاوي / الفاتحة ٧/١ ديوبند، ٥٦/١ بيروت)

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ألا لا تظلموا! ألا لا يحل مال امرء إلا بطيب نفس منه. (مشكاة المصابيح / باب الغصب والعارية، الفصل الثاني ٢٥٥، مرقاة المفاتيح / باب الغصب والعارية، الفصل الثاني ١١٨/٦ المكتبة الأشرفية ديوبند، المسند للإمام أحمد بن حنبل ٧٢/٥، شعب الإيمان للبيهقي ٣٨٧/٤ رقم: ٥٤٩٢ دار الكتب العلمية بيروت)

الغصب في الشريعة أخذ مال متقوم محترم بغير إذن المالك على وجه يزيل يده.....، وعلى الغاصب رد عين المغصوبة. (الهداية / كتاب الغصب ٣٧٠/٣-٣٧١ المكتبة الإمدادية ملتان، وكذا في البحر الرائق / كتاب الغصب ١٩٦/٨ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۸/۸/۱۴۱۷ھ

مسجد تک پہنچنے کیلئے قبرستان کی خالی زمین پر پختہ راستہ بنانا؟

سوال (۷۳۶): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مسجد ہے اُس کے لئے کوئی متعین راستہ نہیں ہے۔ مسجد کے پورب قبرستان ہے، اُسی

Marfat.com

میں سے جس طرف سے لوگ چاہتے تھے آتے جاتے تھے۔ بارش وغیرہ کی پریشانی کے باعث قبرستان کے جنوبی حصہ میں کنارے پر ہم ایک پختہ راستہ بنانا چاہتے ہیں، اور اُس راستے کے درمیان میں کسی قبر کا کوئی نشان نہیں ہے؛ لیکن گاؤں کے دو ضعیف العمر لوگ بتاتے ہیں کہ اس راستے کے آس پاس یا درمیان میں کبھی کوئی قبر تھی اور اِس راستے کے علاوہ کوئی ایسی جگہ نہیں، جہاں راستہ بنایا جائے اور اُس کے درمیان قبر نہ پڑے، تو کیا ہم اِس صورت میں قبرستان کے کنارے جنوبی حصہ میں پختہ راستہ بنا سکتے ہیں؟ تسلی بخش جواب سے نوازیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسجد تک پہنچنے کے لئے قبرستان کی خالی زمین پر بقدر ضرورت پختہ راستہ بنانا جائز ہے، اور اِس راستے میں اگر کوئی پرانی قبر آرہی ہو، تو اُس کو برابر کرنے کی بھی گنجائش ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۵/۳۹۵ ڈابھیل)

ولو بلى الميت وصار ترابًا جاز دفن غيره في قبره وزرعه والبناء عليه.

(شامي، كتاب الصلاة / باب صلاة الجنائز، مطلب في دفن الميت ۱۳۸/۳ زكريا، ۲۳۸/۲ دار الفكر بيروت، ۲۳۳/۲ كراچی، الفتاوىٰ الهندية / الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس في القبر واللفن ۱۶۷/۱، كذا في تبيين الحقائق / باب الجنائز ۵۸۹/۱ زكريا)

وفي شرح المشكاة: والوطء لحاجة كدفن الميت لا يكره في السراجي؛ فإن لم يكن له طريق إلا على القبر جاز له المشي عليه للضرورة.

(حاشية الطحطاوي على المراقي ۶۲۰) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری ۱۴/۴/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مسلمانوں کی جان و مال کے تحفظ کے پیشِ نظر قبرستان سے راستہ کی جگہ دینا؟

سوال (۷۳۷): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: قبرستان اور میلا اُٹھانے والے۔جن کو بالمیکی دلت کہا جاتا ہے۔کی بستی کے درمیان ہم کچھ مسلمان آباد ہیں، ہماری کالونی کا جو راستہ ہے وہ خالص دلت بالمیکی کے بیچ سے ہو کر جاتا ہے، جو کہ مخدوش بھی ہو گیا ہے، اِس کے علاوہ کالونی میں آنے جانے کا اور کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے، پچھلے دنوں اُن لوگوں نے اِس راستہ کو بند کر دیا تھا، ایڈمنسٹریشن اور کچھ اَمن پسند لوگوں نے اِس راستہ کو بر وقت کوشش سے ہم لوگوں کے لئے یہ راستہ بند ہونے سے روکا، اکثر اور جہاں بھی فساد شروع ہوتا ہے وہ اِسی طبقہ سے ہوتا ہے، گاہے گاہے اِن کے اور مسلمانوں کے درمیان تنازع ہوتا رہتا ہے؛ لہٰذا قبل اِس کے کہ مسلمانوں کو آنے وا۔ ل۔ وقت میں کوئی نقصان اٹھانا پڑے ہم چاہتے ہیں کہ ہم لوگوں کو قبرستان سے راستہ مل جائے، اور ہم مسلمان اِس متنازع راستہ کو چھوڑ کر مسلم آبادی میں ہماری نکاسی ہو جائے، جو ہماری کالونی سے بالکل متصل ہے، مطلوبہ راستہ سے نہ تو قبرستان کی پامالی ہوتی ہے نہ قبروں کی بے حرمتی ہوتی ہے، ہم کو جو راستہ مطلوب ہے وہ بالکل قبرستان کے کنارے پر جہاں قبور نہیں ہیں، ماضی میں قبرستان کمیٹی ہم کو یقین دلاتی رہی کہ آپ لوگوں کو راستہ دے دیا جائے گا جو دیوار بیچ میں حائل ہے، صرف اسے ہٹا کر راستہ دیا جا سکتا ہے، اَب قبرستان کمیٹی مطلوبہ جگہ پر کچھ رہائشی کمرے بنانا چاہتی ہے، کیا مسلمانوں کے جان و مال کے تحفظ کے پیشِ نظر قبرستان سے راستہ دیا جا سکتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال میں جن خدشات کا اظہار کیا گیا ہے، اگر وہ واقعی اور حقیقی ہیں، تو شرعاً اِس بات کی گنجائش ہے کہ مذکورہ موقوفہ قبرستان کا ایک گیٹ نئی مسلم آبادی کی طرف کھول دیا جائے؛ تاکہ حسبِ ضرورت اِدھر رہنے والے مسلمان قبرستان سے گذر کر شہر میں آمد و رفت کر سکیں؛ لیکن اِس راستہ کی وجہ سے قبرستان کو باقاعدہ دو حصوں میں کر دینے کی اِجازت نہ ہوگی، نیز اصل قبرستان کی زمین میں کرایہ داری کے لئے دوکان اور مکانات وغیرہ بنانا بھی جائز نہیں ہے۔ جو زمین قبرستان کے لئے وقف ہے اُس کو صرف تدفین ہی میں اِستعمال کی اِجازت ہے، وہ کسی اور کام میں استعمال نہ کی جائے۔

Marfat.com

ثم نقل عن العتابية عن خواهر زاده إذا كان الطريق ضيقًا والمسجد واسعًا لا يحتاجون إلى بعضه، تجوز الزيادة في الطريق من المسجد؛ لأن كلها للعامة. (شامي / مطلب: في جعل شيء من المسجد طريقًا ٥٧٦/٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۴/۲/۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان میں مذہبی یا سیاسی جلسہ کرنا؟

سوال (۷۳۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان میں مذہبی یا سیاسی جلسہ کرانا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: قبرستان میں قبروں کی جگہ پر کسی طرح کا جلسہ کرنا درست نہیں ہے۔

ويكره الجلوس على القبر ووطؤه، ويكره النوم عند القبر وكل ما لم يعهد من السنة، والمعهود منها ليس إلا زيارتها والدعاء عندها قائمًا. (شامي ١٥٤/٣ زكريا)

إن وطء القبور حرام. (شامي، كتاب الصلاة / مطلب في إهداء ثواب القراءة للنبي صلى الله عليه وسلم ١٥٥/٣ زكريا)

ويكره أن يوطأ على القبر يعني بالرجل - إلى قوله - لا يمشي؛ لأنه يجب تعظيم قبر المسلم. (الفتاوىٰ التاتارخانية ٧٣/٣ رقم: ٣٧٤٠ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۸/۱۰/۲۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان کی آراضی میں شادی کے پروگرام کرنا؟

سوال (۷۳۹): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: قبرستان کی آراضی میں شادی کا پروگرام کھانا پکانا، کھانا کھلانا، بارات بٹھانا، تندور لگانا کر روٹی پکانا، یا کوئی اور پروگرام جلسہ وغیرہ کرنا شرعی اعتبار سے جائز ہے یا نہیں؟ جب کہ قبرستان میں پہلے سے قبریں موجود ہیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو زمین قبرستان کے لئے وقف کی گئی ہو، اُس میں مذکورہ کام انجام دینا از روئے شرع درست نہیں۔

شرط الواقف كنص الشارع. (الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم المخالفة ٤/٤٣٣-٤٣٤ كراچی، ٦/٦٤٩ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ٢/١٠٦ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ١/١٢٦ المكتبة الميمنية مصر) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۰/۵/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

موقوفہ قبرستان کے اِحاطہ میں پنڈال بنا کر کھانا کھلانا؟

سوال (۷۴۰): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان کی آراضی میں جہاں بے شمار قبریں ہیں، اُس اِحاطہ میں لوگ پنڈال بنا کر شادی کا کھانا دری ومیز کرسی پر کھلایا جاتا ہے، اور قبرستان میں پکاتے بھی ہیں، یہ فعل قبرستان میں شرعاً جائز ہے یا ناجائز؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: موقوفہ قبرستان مردوں کو دفن کرنے کے لئے وقف ہوتا ہے؛ لہٰذا اُس کو دفن کے علاوہ دوسرے کاموں کے لئے استعمال کرنا درست نہیں ہے۔

على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة. (شامي، كتاب الوقف /

Marfat.com

مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة والعرف يصلح مخصصًا ٦/٦٦٥ زكريا، ٤/٤٤٥ كراچی)

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم المخالفة ٤/٤٣٣-٤٣٤ كراچی، ٦/٦٤٩ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ٢/١٠٦ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ١/١٢٦ المكتبة الميمنية مصر)

نیز مسلمانوں کی قبروں کا احترام بھی لازم ہے، اور مذکورہ افعال کرنے کی صورت میں قبروں کی بے حرمتی ہے اور قبروں کی بے حرمتی کرنے سے حدیثِ پاک میں ممانعت وارد ہوئی ہے۔

كما روي عن جابر رضي الله عنه نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم وأن يقعد عليه، وروي عنه أنه قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لا تجلسوا على القبور، وروي عن أبي هريرة رضى الله عنه أنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لأن يجلس أحدكم على جمرة فتحرق ثيابه فتخلص إلى جلده خير من أن يجلس على قبر. (مشكاة المصابيح ١/١٤٨)

ونهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن توطأ. (مشكاة المصابيح ١/١٤٩)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۹/۲/۱۴۲۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان کی نگرانی کیلئے اُس میں ڈینٹنگ پینٹنگ کی دوکان لگانا؟

سوال (۷۴۱): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک متولی کا خاندانی پرائیویٹ قبرستان ہے، قبرستان مذکور کی کسی طرح کی کوئی آمدنی نہیں ہے، تحفظ کے لحاظ سے قبرستان مذکور کا اندراج سنی سینٹرل وقف بورڈ لکھنؤ میں ہے؛ لیکن اس پر کچھ مافیا جن کی نیت میں بدی آرہی ہے، قبرستان مذکور کو مہندم کرکے اُس کی آراضی پر اپنا ناجائز قبضہ کرنا

Marfat.com

چاہتے ہیں، اِس لئے متولی نے چوبیس گھنٹے دیکھ ریکھ کرنے کے لئے ملازم رکھنے کے بجائے اپنے ایک بیٹے کو قبرستان کے ایک گوشہ میں ڈینٹنگ پینٹنگ کے کام کی اِجازت دے دی ہے، یہ لڑکا قبرستان کی دیکھ بھال بلا کسی عوض کے کر کے اور محنت مزدوری کر کے روزی روٹی کماتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ متولی اور اُس کے بیٹے کا یہ فعل شریعتِ مطہرہ کی نگاہ میں درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: تفصیلی سوال سے معلوم ہوتا ہے کہ مذکورہ قبرستان اگرچہ خاندانی ہے؛ لیکن موقوفہ ہے، اِسی بنیاد پر اُس کو سنی سینٹرل وقف بورڈ لکھنؤ میں درج کرایا گیا ہے، اور موقوفہ قبرستان کا حکم یہ ہے کہ اس میں شرائط وقف کے خلاف کسی سرگرمی کی اِجازت نہیں، اور ظاہر ہے کہ ڈینٹنگ اور پینٹنگ کی دوکان قبرستان کی منشاء کے خلاف ہے، اِس لئے متولی یا اُس کے بیٹے یا کسی اور شخص کے لئے قبرستان کے کسی گوشہ میں ڈینٹنگ اور پینٹنگ کا کام کرنا ہرگز جائز نہ ہوگا، اور یہ عذر معتبر نہیں کہ قبرستان کی نگرانی کے لئے اُس کی اجازت دی گئی ہے؛ کیوں کہ نگرانی کی اُس کے علاوہ اور بھی شکلیں ہوسکتی ہیں۔

بہتر ہے کہ خاندانی لوگوں سے تعاون لے کر فوری طور پر قبرستان کی چہار دیواری کرا کے گیٹ لگا دیا جائے، اور گیٹ کی چابی متولی کے پاس رہے۔

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم المخالفة ٤/٤٣٣-٤٣٤ كراچی، ٦/٦٤٩ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ٢/١٠٦ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ١/١٢٦ المكتبة الميمنية مصر)

فإن شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع وهو مالك، فله أن يجعل ماله حيث شاء مالم يكن معصية. (شلبي، كتاب الوقف / مطلب شرائط الواقف معتبرة إذا لم تخالف الشرع ٦/٥٢٧ زكريا)

Marfat.com

ليس للمشرف التصرف بل له الحفظ. (الدر المختار ٦٨٣/٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۷/۸/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

عام قبرستان پر کسی خاندان کا اِجارہ داری کر کے اپنا حق جتلانا؟

سوال (۷۴۲): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: یہاں نجیب آباد میں ایک مسجد سے متعلق نوابی وقت سے ایک بہت بڑا قدیمی قبرستان ہے، جس میں علاقہ کے متعلقہ افراد مردہ لوگ دفن ہوتے ہیں، عام قبرستان ہے اور وقف ہے، اِس قبرستان کا ایک بہت تھوڑا سا حصہ مسجد کے اندرونی باؤنڈری شدہ حصہ میں آرہا ہے، اُس حصہ میں کسی وقت ایک خاندان کے کچھ لوگ دفن تھے، جن کی قبریں ہموار زمین ہوگئی تھیں، جس کی وجہ سے یہ حصہ متروک اور ویران سمجھا جانے، لگا اور عام لوگوں نے ضرورتِ مسجد سمجھ کر اُس جگہ مردوں کو دفن کرنا چھوڑ دیا، مگر مذکورہ خاندان (جن کے کچھ بزرگ یہاں دفن تھے) اُس حصہ پر اپنی اِجارہ داری قائم کئے ہوئے ہے، جب کہ عام قبرستان ہے اور وقف الی الخیر ہے، اور یہ حصہ چوں کہ مسجد کے باؤنڈری شدہ حصے میں ہیں، اور کسی بھی وقت مسجد کے کام آسکتا ہے، مگر یہ لوگ اپنی خاندانی روایت پر اڑے ہوئے ہیں، اور اپنا حق جتا رہے ہیں، باقی تمام افراد متعلقہ قبرستان میں اس جگہ نئی قبر بنوانا نہیں چاہتے، اور مسجد مدرسہ کے حق میں متروک اور ویران ہی قرار دینا چاہتے ہیں، مگر یہ خاندان اپنی ضد پر اڑا ہوا ہے، اور جب کوئی فرد اس خاندان کا مرتا ہے، تو اپنے زعم میں یہیں دفن کرتے ہیں، اور منع کرنے پر آمادہ فساد ہوتے ہیں۔

اَب سوال یہ ہے کہ کیا عام قبرستان میں کسی فرد یا خاندان کی اِس طرح اِجارہ داری درست ہے؟ اور اپنے خاندان کی روایت کو عام قبرستان میں یہ کہہ کر ہمارے باپ دادا یہاں دفن ہیں، اسی حصہ میں نئی قبریں بنوانا درست ہے؟ اور کیا کسی خاص جگہ کو عام قبرستان میں کوئی خصوصیت حاصل ہے؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: برتقدیرِ صحتِ سوال مذکورہ قبرستان چوں کہ عام ہے؛ اِس لئے اُس کے کسی خاص حصہ پر کسی خاندان کو اِجارہ داری کا حق حاصل نہیں ہے؛ بلکہ جو بھی تصرف ہو وہ قبرستان کے متولی اور قبرستان کی کمیٹی کے مشورہ سے ہونا چاہئے، اور کسی کو خلاف ورزی نہیں کرنی چاہئے۔

عن سعيد بن زيد بن عمرو ابن نفيل، أن أروى خاصمته في بعض داره، فقال: دعوها وإيَّاها، فإني سمعت رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يقول: من أخذ شبرًا من الأرض بغير حقه طوقه في سبع أرضين يوم القيامة. (صحيح مسلم، كتاب المساقات / باب تحريم الظلم وغصب الأرض وغيرها ۳۳/۲ رقم: ۱۱۱۰ بيت الأفكار الدولية)

إن لم يكن للمسجد متولي ولا للمقبرة، فليس للعامة التصرف فيها بدون إذن القاضي. (الفتاوىٰ الهندية ۴۷۶/۲-۴۷۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۶/۴/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

کھیتوں کی سینچائی کیلئے قبرستان سے گذار کر پختہ نالی بنانا؟

سوال (۷۴۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان میں ہوتے ہوئے کھیت میں ٹیوب ویل کا پانی لے جانے کے لئے اور گھر کا پانی نکالنے کے لئے پختہ نالی نکال سکتے ہیں یا نہیں؟ مدلل تحریر فرمائیں، نوازش ہوگی۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: قبرستان موقوفہ ہے جس کو واقف نے صرف تدفین کے لئے وقف کیا ہے، اِس لئے شرطِ واقف کی رعایت رکھتے ہوئے قبرستان کی زمین کو ذاتی ٹیوب ویل اور گھر کے پانی کی نکاسی کے لئے نالی بنانے کی ہرگز اِجازت نہیں دی جائے گی۔ حضراتِ

Marfat.com

فقہاء کرام نے مسجد کی دیوار پر ذاتی گھر کی کڑیاں رکھنے کو بھی ممنوع قرار دیا ہے۔

كما في الشامي: قلت: وبه عُلم حكم ما يصنعه بعض جيران المسجد من وضع جذوع على جداره؛ فإنه لا يحل. (شامي ٣٥٨/٤ كراچی، ٥٤٨/٦ زكريا)

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به. (الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم لمخالفة ٤٣٣/٤-٤٣٤ كراچی، ٦٤٩/٦ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ١٠٦/٢ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوى الحامدية ١٢٦/١ المكتبة لميمنية مصر) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۰/۱۱/۱۳ھ

مملوکہ زمین میں ایک قطعہ قبرستان کے لئے چھوڑ کر بقیہ زمین استعمال میں لانا؟

سوال (۷۴۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: میری ایک قطعہ آراضی ہے جس کے ایک طرف ایک مدت سے لوگ اپنے مردے دفن کرتے چلے آرہے ہیں، وہ زمین میری آبائی ہے، جب کہ اَب بھی وہ میرے نام ہے یعنی قبرستان کے لئے کوئی وقف نہیں ہے، میرے بزرگوں نے اپنے پاس زیادہ زمین ہونے کی وجہ سے اور اُس وقت زمین کی معمولی حیثیت ہونے کی وجہ سے دفن کرنے سے نہیں منع کیا، اَب ہم دفن کرنے سے منع بھی کرتے ہیں، وہ لوگ پرانے قبرستان کا حوالہ دے کر آگے پیچھے دفن کردیتے ہیں، وہ زمین تحصیل کے کاغذات میں بھی ہمارے نام ہے، قبرستان نہ کسی کا وقف کردہ ہے نہ خرید کردہ ہے؛ البتہ صرف سوا بیگھہ زمین ہمارے ہی نام کے نمبر قبرستان درج ہے، ہم اس سوا بیگھہ زمین کو جس میں قبرستان درج ہے، چھوڑنے کو تیار ہیں، بقیہ زمین پہلے سے ہماری ملک چلی آرہی ہے، ہم اُس کو اپنے استعمال میں لانا چاہتے ہیں۔

Marfat.com

معلوم یہ کرنا ہے زمین کا اکثر رقبہ جو ہمارے نام ہے اُس کے اِس حصہ کو چھوڑ کر جس میں قبرستان ہے، ہمیں استعمال کرنا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: حسبِ تحریر سوال جب کہ یہ زمین موقوفہ نہیں ہے؛ بلکہ مملوکہ ہے، تو اُس میں مالکین کو مکمل تصرف کا حق حاصل ہے اور اُن کی اِجازت کے بغیر اُس زمین میں کسی کو اپنی میت دفن کرنے کی اِجازت نہیں، پس جب آپ اپنی مملوکہ زمین میں قبرستان کے لئے درج شدہ سوا بیگھہ حصہ کو چھوڑ کر بقیہ زمین اپنے استعمال میں لانا چاہتے ہیں، تو اس میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے، اور اُس پر کسی کو اعتراض کا حق حاصل نہیں، آپ چاہیں اُس میں کھیتی کریں، تعمیر کریں یا اُس کو فروخت کردیں، آپ کو ہر طرح کا اختیار حاصل ہے۔

كل يتصرف في ملكه كيف شاء. (شرح المجلة لسليم رستم باز / الفصل الأول في بعض قواعد في أحكام الأملاك ٦٥٤/١ رقم المادة: ١٩٢)

لا يجوز لأحد أن يتصرف في ملك الغير بغير إذنه. (قواعد الفقه ١١٠)

القديم يترك على قدمه الأصل بقاء ما كان على ما كان. (قواعد الفقه ٥٩-٩٨)

لأن الملك من شأنه أن يتصرف فيه بوصف الإختصاص. (شلبي / كتاب البيوع ٥٠٢/٤ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴/۱/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

موقوفہ قبرستان کو بیچنا جائز نہیں؟...

سوال (۷۴۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بڑودہ شہر میں ہماری جماعت کا ایک قبرستان ہے، جو غیروں کے خطرناک علاقہ میں ہے، فسادات کے موقع پر ہر ممکن طریقہ سے قبرستان کی دیوار گیٹ اور مسجد کو نقصان پہنچایا جاتا ہے، دفن

Marfat.com

کرنے جاتے ہوئے بھی نارمل حالت میں بھی خوف سا لگتا ہے، اِس فساد میں بھی پورے کمپاؤنڈ کو توڑ کر گیٹ بھی اٹھا کر لے گئے ہیں، تو آپ سے پوچھنا یہ ہے کہ کیا اِس قبرستان کو بیچ سکتے ہیں؟ قبرستان کی جگہ دو حصوں میں منقسم ہے، ایک حصہ میں مردے دفن ہوتے ہیں اور دوسرے حصے کو ایسا ہی چھوڑ دیا گیا ہے، تو کیا وہ حصہ جہاں مردے دفن نہیں کئے جاتے، اُس کو بیچ کر اِس رقم سے دوسرا قبرستان خرید سکتے ہیں یا نہیں؟

دیگر ضروری بات یہ ہے کہ غیروں نے بہت سی جگہ پر ناجائز طریقہ سے قبضہ بھی کرلیا ہے، اور حالت یہ ہے کہ آئندہ پوری جگہ بھی ہاتھ سے جاسکتی ہے اور جہاں مردے دفن کئے جاتے ہیں وہاں بھی غیروں نے قبضہ کیا ہے اور کچھ علاقہ میں مورتیاں بناتے ہیں اور اُن کو بیچتے ہیں، آج حالت یہ ہے کہ اگر دو تین آدمی اکیلے قبرستان ایصالِ ثواب کے لئے جانا چاہیں، تو جانے کی ہمت نہیں کرسکتے، نیز رات میں اگر جانا ہو تو پولیس پروٹیکشن کے ساتھ جانا پڑتا ہے، تو پوچھنا یہ ہے کہ کیا قبرستان کی دونوں جگہ کو یا ایک حصہ کو بیچ کر اُسی سے دوسری جگہ قبرستان کیلئے خرید سکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: موقوفہ قبرستان کو فروخت کرنا جائز نہیں ہے؛ بلکہ اُس کے قانونی تحفظ کی ہر ممکن صورت اپنائی جائے اور ضرورت ہو تو کسی محفوظ جگہ دوسری زمین قبرستان کے لئے الگ سے چندہ کر کے خرید لی جائے۔

فإذا تم ولزم لايملک (الدر المختار) أي لا يكون مملوكًا لصاحبه ولا يملک أي لا يقبل التمليک بالبيع ونحوه. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الوقف / قبيل مطلب في شرائط واقف الكتب أن لا تعار إلا برهن ٥٣٩/٦ زكريا، ٣٥١/٤-٣٥٢ كراچی، الهداية / كتاب الوقف ٤٠/٢، مكتبه شركت علمية ملتان، وكذا في فتح القدير / كتاب الوقف ٢٢٠/٦ مصطفى البابي الحلبي مصر) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۱/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

موقوفہ قبرستان میں بھراؤ کر کے عیدگاہ بنانا؟

سوال (۷۴۶): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان میں مٹی بھرنے کے بعد عیدگاہ کی تعمیر ہورہی ہے، کیا قبرستان میں عیدگاہ کی تعمیر کرنا صحیح ہے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: موقوفہ قبرستان کو بدل کر اُس کی جگہ عیدگاہ وغیرہ تعمیر کرنا ہرگز درست نہیں ہے؛ اس لئے کہ یہ عمل غرضِ واقف کے خلاف ہے۔

على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة والعرف يصلح مخصصًا ٦/٦٦٥ زكريا، ٤/٤٤٥ كراچی)

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم المخالفة ٤/٤٣٣-٤٣٤ كراچی، ٦/٦٤٩ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ٢/١٠٦ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوى الحامدية ١/١٢٦ المكتبة الميمنية مصر) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۱/۶/۲۵ھ

پرانے قبرستان کو برابر کر کے عیدگاہ بنانا؟

سوال (۷۴۷): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: پہلے ایک قبرستان تھا پھر اُس کو برابر کر کے کھیت بنالیا گیا، پھر اُس میں کھیتی بھی ہوتی رہی، اُس کے بعد اُس میں عیدگاہ بنالی گئی، تو کیا اُس میں عیدی نماز پڑھنا جائز ہوگا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر وہ قبرستان پہلے سے مملوکہ تھا، پھر اُسے مالکان کی

Marfat.com

اِجازت سے عیدگاہ میں تبدیل کیا گیا تھا یا موقوفہ تھا؛ لیکن پرانا ہونے کی وجہ سے ضرورت سے فاضل ہوگیا تھا، اور عیدگاہ بنانا ضروری تھا، تو ایسی جگہ کو عام لوگوں کے مشورہ سے عیدگاہ کے استعمال میں لانا درست ہے۔

قال ابن القاسم: لو أن مقبرة من مقابر المسلمين عفت فبنى قوم فيها مسجدًا لم أر بذلك بأسًا؛ لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم، لا يجوز لأحد أن يملكها فإذا درست واستغنى عن الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضًا وقف من أوقاف المسلمين لا يجوز تمليكه لأحد، فمعناهما واحد. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري / باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مسجدًا الخ ١٧٩/٤ دمشق، ٤٣٥/٣ تحت رقم: ٤٢٨ دار الفكر بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲/۴/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

خاندان والوں کی اِجازت سے موقوفہ قبرستان کو عیدگاہ میں شامل کرنا؟

سوال (۷۱۴۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ٹانڈہ کی عیدگاہ عیدین کی نماز میں مصلیان کے لئے کافی تنگ ہوجاتا ہے، جس کی وجہ سے حدودِ عیدگاہ سے باہر بھی اداء دوگانہ کے لئے صفوف قائم ہوتی ہیں، بسا اَوقات سمتِ قبلہ بھی غلط ہوجاتا ہے، اس لئے عامۃ المسلمین کی قبریں ہیں، مگر جانب مغرب میں صرف دوخاندانوں کی قبریں ہیں، دونوں خاندانوں سے اجازت لے کر اگر قبروں پر لینٹر ڈال دیا جائے، تو عیدگاہ کی توسیع ممکن ہے۔ ٹانڈہ میں عیدگاہ سے متصل ہی قبرستان ہے، اس میں کچھ درخت ہیں، اور اسی طرح حدودِ عیدگاہ میں کچھ درخت ہیں، بعض لوگوں کی رائے یہ ہے کہ قبرستان میں جو درخت ہیں، اُن کو فروخت کر کے اُن کی آمدنی عیدگاہ کی تعمیر میں لگادی جائے، جیسا کہ حدودِ عیدگاہ میں درختوں سے ہونے والی آمدنی لگائی جاسکتی ہے۔

Marfat.com

تو صورتِ متذکرہ بالا میں ان خاندانوں سے اجازت لے کر اور قبروں پر لینٹر ڈال کر عیدگاہ کی توسیع کی جاسکتی ہے یا نہیں؟ قبروں سے کتنی اونچائی پر لینٹر ڈالا جائے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: موقوفہ قبرستان کے متعلق اگر چہ اہلِ خاندان اِجازت بھی دے دیں، پھر بھی اُسے لینٹر ڈال کر یا بلا لینٹر ڈالے حدودِ عیدگاہ میں شامل نہیں کیا جاسکتا۔ (فتاویٰ محمودیہ ۲۳/۳۰۵ میرٹھ)

وإن كان لا لذلك بل اتفق أنه أمكن أن يؤخذ بثمنه ما هو خير منه مع كونه منتفعًا به فينبغي أن لا يجوز؛ لأن الواجب إبقاء الوقف على ما كان عليه دون زيادة، كذا نقله العلامة الشامي عن الفتح. (شامي / مطلب لا يستبدل العامر إلا في أربع ٣٨٨/٤ كراچی، ٥٨٩/٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۱۰/۱۴۱۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

عیدگاہ کے میدان میں کھدائی سے قبریں نمودار ہوئیں؟

سوال (۷۴۹): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مغربی بنگال کے ایک دیہات باندھ موڑڈہ میں ایک عیدگاہ ہے، برسوں سے لوگ وہاں عید کی نماز پڑھتے چلے آئے ہیں، اِن وقت گاؤں والوں کا خیال ہوا کہ عیدگاہ کی مرمت کی جائے، چناں چہ اِس غرض سے کھودنا شروع کیا، کھودتے ہی وہاں سے انسان کی بڑی بڑی ہڈیاں نکلنے لگیں، چند جگہوں پر کھودا یہی حال رہا، اُن کی ہڈیوں سے معلوم ہوتا ہے کہ مرنے والے بہت پہلے کے لوگ ہوں گے کہ ہڈیاں بہت موٹی موٹی ہیں۔ بہر حال ہمارے باپ دادا میں سے کسی نے نہیں دیکھا اور نہ کسی کو معلوم ہے، اور نہ کسی نے دفن کی کہانی سنائی؛ لیکن فی الحال کھودنے سے معلوم ہوا کہ وہ یقیناً قبرستان ہے اور مردے مدفون ہیں۔

Marfat.com

بعض لوگ کہتے ہیں کہ قبرستان میں عیدگاہ نہ بناؤ اور نہ وہاں عید کی نماز پڑھو، کوئی کہتا ہے کہ ہڈیاں نکال کر دوسری جگہ دفن کر دی جائیں، اس صورت میں کیا کیا جائے؟ اس عیدگاہ میں نماز پڑھی جائے یا نہیں؟ یا اُس عیدگاہ کو چھوڑ کر مسجد یا کسی اور میدان میں نماز پڑھی جائے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں جو ہڈیاں نکلی ہیں، اُنہیں اکٹھا کر کے کسی قبرستان میں باقاعدہ دفن کر دیا جائے، اور اس عیدگاہ پر بدستور نماز پڑھی جاتی رہے، اس میں کوئی حرج اور مضائقہ نہیں ہے؛ لیکن آئندہ کھدائی میں احتیاط برتی جائے، خاص کر جن قبروں کے نشانات باقی ہوں انہیں مسمار نہ کیا جائے۔ (کفایت المفتی ۱۴۰/۷)

فإن قلت: هل يجوز أن تبنى المساجد على قبور المسلمين؟ قلت: قال ابن القاسم: لو أن مقبرة من مقابر المسلمين عفت فبنى قوم فيها مسجدًا لم أر بذلك بأسًا؛ لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم، لا يجوز لأحد أن يملكها فإذا درست واستغنى عن الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضًا وقف من أوقاف المسلمين لا يجوز تمليكه لأحد، فمعناهما واحد. (عمدة القاري شرح صحيح البخاري / باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مسجدًا الخ ۱۷۹/٤ دمشق، ٤٣٥/٣ تحت رقم: ٤٢٨ دار الفكر بيروت)

وإن بقي من عظامهم شيء تنبش وترفع الآثار، وتتخذ مسجدًا، لما روي أن مسجد النبي صلى الله عليه وسلم كان قبلُ مقبرةً للمشركين فتنبشت. (شامي / باب صلاة الجنائز، مطلب في دفن الميت ۲۳٤/۲ کراچی)

إن بقيت آثارهم بأن بقي من عظامهم شيء ينبش ويقبر، ثم يجعل مقبرة المسلمين؛ لأن موضع مسجد رسول الله صلى الله عليه وسلم كان مقبرةً للمشركين فنبشت، واتخذها مسجدًا، كذا في المضمرات. (الفتاوى الهندية، كتاب

Marfat.com

الوقف / الباب الثاني عشر في الرباطات والمقابر والخانات الخ ۴۶۹/۲ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۴/۱۱/۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

۳۰ رسال پرانی قبر کو عیدگاہ کے فرش میں شامل کرنا؟

سوال (۷۵۰): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید کا انتقال ہوگیا، اُن کے وارثین نے اُن کو اپنے ہی کھیت میں ایک حصہ میں تقریباً ۳۰ رسال قبل دفن کردیا، یہ کھیت عیدگاہ کے متصل ہے، اَب عیدگاہ کی توسیع کی ضرورت پیش آئی، تو زید کے وارثین میں سے ایک نے اپنا حصہ عیدگاہ کو وقف کردیا، اور باقی تین وارثوں نے قیمتاً عیدگاہ کو دے دیا، اَب زید کی قبر بالکل محراب کے سامنے آگئی ہے۔ تو دریافت طلب امر یہ ہے کہ زید کی اُس قبر کو قبرستان میں منتقل کردیں یا اُس کو ویسے ہی فرش کے برابر کردیں، یا اُس کو اِسی طرح چھوڑ دیں، جب کہ آئندہ ہوسکتا ہے کہ نسلیں اُس کو مزار بنالیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مسئولہ صورت میں اُس قبر کو فرش کے برابر کردیں اور وہ جگہ عیدگاہ کی حدود میں شامل کرلیں۔

إذا بلى الميت وصار ترابًا يجوز زرعه والبناء عليه. (شامي / مطلب في إهداء ثواب القراءة للنبي صلى الله عليه وسلم ۱۵۵/۳ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۰/۲/۱۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان پر پلر ڈال کر عیدگاہ میں شامل کرنا؟

سوال (۷۵۱): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہماری عیدگاہ کے چاروں طرف قبرستان ہے، عیدگاہ کو چھوٹا لمبا کرنے کے لئے کوئی جگہ نہیں

Marfat.com

ہے، اس کے چاروں طرف قبریں ہی قبریں ہیں، کیا ہم ان قبروں کے اوپر قریب ۳ یا ۴ رفٹ کی اونچائی پر لینٹر ڈال کر عیدگاہ میں شامل کر کے اس لینٹر پر جو قبروں کے اوپر ہے، عید یا جمعہ کی نماز پڑھ سکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر عیدگاہ کو وسیع کرنے کی ضرورت ہے، تو قبرستان کی زمین میں بقدر ضرورت قد آدم پلر لگا کر لینٹر ڈال کر نماز کے لئے جگہ بنانے کی گنجائش ہے۔

قال ابن قاسم: لو أن مقبرة من مقابر المسلمين لدفع موتاهم، لايجوز لأحد أن يملكها، فإذا درست واستغنى عن الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد.

(عمدة لقاري شرح صحيح البخاري / باب هل تنبش قبور مشركي الجاهلية ويتخذ مكانها مسجدًا الخ ١٧٩/٤ دمشق، ٤٣٥/٣ تحت رقم: ٤٢٨ دار الفكر بيروت)

ولو بلي الميت وصار ترابًا جاز دفن غيره في قبره وزرعه والبناء عليه.

(شامي، كتاب الصلاة / باب صلاة الجنائز، مطلب في دفن الميت ١٣٨/٣ زكريا، ٢٣٨/٢ دار الفكر بيروت، ٢٣٣/٢ كراچی، الفتاوىٰ الهندية / الباب الحادي والعشرون في الجنائز، الفصل السادس في القبر واللفن ١٦٧/١، كذا في تبيين الحقائق / باب الجنائز ٥٨٩/١ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۹/۸/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

سرکاری کاغذات میں جو جگہ قبرستان کے نام درج ہے اُس پر عیدگاہ بنانا؟

سوال (۷۵۲): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مٹی کا ٹیلہ ہے اُس پر ایک پختہ قبر بشکل زیارت ہے، اُس کے اِردگرد تقریباً ڈیڑھ بیگھہ آراضی ہے، جو سرکاری کاغذات میں بنام قبرستان درج ہے، اور کچھ چنگی کی چھوٹ کی جگہ ہے،

Marfat.com

نقشہ میں کچھ مجہول نا معلوم نام بھی درج ہیں۔

اَب اہلِ محلّہ اس جگہ کو بنام قبرستان قبضہ کررہے ہیں، قریب کے کھیت والے اور دوسرے گاؤں کے لوگ قبضہ کرنے کے خلاف ہیں، ایک قسم کے نزاع کی نوعیت بنی ہوئی ہے، تو قبضہ کرنے کے بعد اس جگہ پر مستقل عیدگاہ تعمیر کرنا اور وہاں عید کی نماز پڑھنا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جوجگہ سرکاری کاغذات میں قبرستان کے نام درج ہے، اُس جگہ کو قبرستان ہی بنانا چاہئے، عیدگاہ یا کسی کی ذاتی ضروریات کے لئے اس جگہ کو استعمال کرنا درست نہ ہوگا۔

وسئل هو أيضًا عن المقبرة في القرى إذا اندرست ولم يبق فيها أثر الموتى، لا العظم ولا غيره، هل يجوز زرعها واستغلالها؟ قال: لا ولها حكم المقبرة؛ لأن المانع هنا كون المحل موقوفًا على الدفن، فلا يجوز استعماله في غيره. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الثاني عشر في الرباطات والمقابر والخانات الخ ۲/ ۴۷۰-۴۷۱، كذا في فتح القدير / كتاب الوقف ۶/ ۲۴۰ دار الفكر بيروت)

ولا يجوز لأهل القرية الانتفاع بالمقبرة الداثرة. (البحر الرائق / كتاب الوقف ۵/ ۲۵۴ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۶/۱۱/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان میں نماز جنازہ کے لئے چبوترہ بنانا؟

سوال (۷۵۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید کے گاؤں والے یہ بھی چاہتے ہیں کہ قبرستان کے مغرب وجنوب کے کونے میں نماز جنازہ کے لئے ایک چوکی بنادی جائے، کیا اِس طرح کرنا صحیح ہے؟ قرآن وحدیث کی روشنی میں حکم

Marfat.com

شرعی سے مطلع فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قبرستان کے خالی حصہ میں چبوترہ بنا کر اُس میں نماز جنازہ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

أو كان في المقبرة موضع أعد للصلوٰة ولا قبر ولا نجاسة فلا بأس. (شامي ٤٢٥/٢ زكريا)

تكره الصلاة في المقبرة إلا أن يكون فيها موضع أعد للصلاة ولا نجاسة فيه ولا قذر فيه. (طحطاوي على المراقي ٣٥٧ ديوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳۰/۱/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قبرستان کی آمدنی کے مصارف

قبرستان کی آمد کہاں خرچ کریں؟

سوال (۷۵۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان کی آمد کو کہاں خرچ کریں؟ کیا قبرستان کی آمد مسجد یا مدرسہ میں کہیں خرچ کر سکتے ہیں؟ قبرستان کی چہار دیواری بھی نہیں ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قبرستان کی آمدنی کو قبرستان ہی کی ضروریات میں صرف کیا جائے، قبرستان میں ضرورت رہتے ہوئے اُسے کسی دوسری مسجد یا مدرسہ وغیرہ میں صرف کرنا درست نہیں ہے۔

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم المخالفة ٤/٤٣٣-٤٣٤ كراچی، ٦/٦٤٩ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ٢/٦ ١٠ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ١/١٢٦ المكتبة الميمنية مصر)

فإن تداعت حيطان المقبرة إلىٰ الخراب يصرف إليها أو إلى المسجد؟ قال: إلى ما هي وقف عليه إن عرف. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الثاني عشر، مطلب: الكلام على الأشجار التي في المقبرة ٢/٤٧٦-٤٧٧ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۱۱/۱۴۲۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مدرسہ اور قبرستان کی آمدنی ایک مدرسہ میں خرچ کرنا؟

سوال (۷۵۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: موضع بیر پور تھان نزد دلپت پور ضلع مرادآباد میں اراضی قبرستان وسیع ہے جو کہ مدرسہ بدر العلوم کے ٹھیک سامنے ہے، اراکین مدرسہ واراکین قبرستان ایک ہی ہیں، اراکین چاہتے ہیں کہ اراضی قبرستان میں چہار دیواری میں درخت لگوادئے جائیں، جس کی سیرابی وپرورش مدرسہ کرے، آئندہ چل کر اُن کی آمد ہو تو اُس کا نصف قبرستان اور نصف کا مالک مدرسہ ہو، کیا مدرسہ کی رقم قبرستان پر خرچ کرنا جائز ہے یا نہیں؟ اور رقم جو قبرستان کی آمد ہوئی ہے وہ بھی مدرسہ پر خرچ کی جاسکتی ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ اور قبرستان دو الگ الگ وقف ہیں، ایک کی آمدنی دوسرے میں لگانے کی اِجازت نہیں ہے، دونوں کا خرچ الگ الگ چلایا جائے۔

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم المخالفة ٤/٤٣٣-٤٣٤ كراچی، ٦/٦٤٩ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ٢/٦٠١ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ١/١٢٦ المكتبة الميمنية مصر)

وإن اختلف أحدهما بأن بنى رجلان مسجدين أو رجل مسجدًا ومدرسةً، ووقف عليهما أو قافًا، لا يجوز له ذٰلك (الدر المختار) قوله: لا يجوز له ذٰلك: أي الصرف المذكور ..... قال الخير الرملي: أقول: ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنىٰ والآخر للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر، وهي واقعة الفتوىٰ الخ. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الوقف / مطلب في نقل أنقاض المسجد ونحوه ٦/٥٥١ زكريا، ٤/٣٦٠-٣٦١ كراچی)

Marfat.com

وقد علم منه أنه لا يجوز لمتولي الشيخونية بالقاهرة صرف أحد الوقفين للآخر. (البحر الرائق / كتاب الوقف ۳۶۲/۵ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۲۳/۱۱/۱۴۲۰ھ

قبرستان اور عیدگاہ کی متحدہ کمیٹی کا ایک مد کا پیسہ دوسری مد میں بطور قرض استعمال کرنا؟

سوال (۷۵۶): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہماری عیدگاہ قبرستان فنڈ میں کچھ رقم جو چندہ ودیگر طریقہ سے جمع کر کے بینک میں رکھی گئی ہے، عیدگاہ قبرستان کمیٹی اور مسجد کمیٹی دونوں اگر الگ ہیں یا ایک ہی کمیٹی ہے، یا اُس کے کارندے ایک ہی ہوں۔

اَب مسجد کی کمیٹی یہ چاہتی ہے کہ جو رقم قبرستان پر عیدگاہ کمیٹی کے پاس جمع ہے، اُس رقم کو اُدھار لے کر مسجد کمیٹی مسجد کے تعمیری کام میں لگانا چاہتی ہے، اِس فنڈ میں بینک کے ذریعہ دیا گیا سود بھی شامل ہے، کیا اِس سود کے پیسے کو مسجد کمیٹی اُدھار لے کر مسجد کے تعمیری کام پر لگا سکتی ہے یا نہیں؟ اور کتنے وقت کے بعد کمیٹی کو یہ پیسہ واپس کرنا چاہئے؟ اگر نہیں کر سکتے ہیں تو اِس کا دوسرا حل کیا ہوگا؟ شریعت میں جو بھی حکم ہو اُس کے متعلق جواب دے کر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں، جواب ہندی میں ہوگا، تو مجھے بڑی سہولت ہوگی۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر عیدگاہ اور قبرستان کی کمیٹی ایک ہی ہو، اور اُس کے اراکین دین دار اور اَمانت دار ہوں، تو ضرورت کے وقت ایک مد میں جمع شدہ رقم دوسری مد میں بطور قرض صرف کی جاسکتی ہے؛ لیکن جیسے ہی متبادل انتظام ہو جائے، تو فوراً قرض کی ادائیگی کر کے حساب درست کرنا لازم ہے۔

Marfat.com

وعلى الإمام أن يجعل لكل نوع من هذه الأنواع بيتًا يخصه، ولا يختلط بعضه ببعض؛ لأن لكل نوع حكمًا يختص به، إلى أن قال، ويجب على الإمام أن يتقى اللّٰه تعالىٰ وصرف إلى كل مستحق قدر حاجته من غير زيادة، فإن قصر ذلك كان اللّٰه عليه حسيبًا. (الأشباه والنظائر ١٨٨) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۹/۸/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مسجد، مکتب اور قبرستان کمیٹی متحد ہو، تو قبرستان کا روپیہ مسجد ومکتب میں لگانا کیسا ہے؟

سوال (۷۵۷): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہماری برادری نے ایک قبرستان کی جگہ خرید کر مسجد کے نام کردی ہے، اِسی طریقہ سے مسجد میں ایک مکتب بنوایا تو کیا قبرستان کی آمد (پیڑ درخت وغیرہ) کے پیسے مسجد میں لگاسکتے ہیں یا نہیں؟ یا مسجد کے پیسے قبرستان کی مرمت میں لگاسکتے ہیں؟ اِسی طریقہ سے مسجد کے پیسے مکتب میں (مدرس) کی تنخواہ میں دے سکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بظاہر سوال سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مسجد اصل ہے، قبرستان اور مکتب اُس کے تابع ہیں، اور سب کی منتظمہ کمیٹی ایک ہے، اگر واقعہ ایسا ہی ہو تو ایسی صورت میں قبرستان کے پیڑوں کی آمدنی مسجد میں یا مسجد کی آمدنی قبرستان یا مکتب کے مدرس وغیرہ کی تنخواہ میں خرچ کرنا سب درست ہے، اور اگر انتظامی صورتِ حال اِس کے علاوہ ہو، تو تفصیل بیان کی جائے، اُس کے بعد ہی جواب دیا جائے گا۔

اتحد الواقف والجهة وقلّ مرسوم بعض الموقوف عليه بسبب خراب وقف أحدهما جاز للحاكم أن يصرف من فاضل الوقف الآخر عليه؛ لأنهما

Marfat.com

حينئذ كشيء واحد. (شامي ٦/٥٥١ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۱/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ذاتی قبرستان کے لئے چھوڑی ہوئی زمین کے درخت کاٹ کر اپنے استعمال میں لانا؟

سوال (۷۵۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرعِ متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک آدمی نے اپنے خاندان والوں کے لئے اپنے ذاتی کھیت میں قبرستان کے لئے جگہ چھوڑ رکھی ہے، اور آم جامن وغیرہ کے کچھ درخت پہلے سے لگا رکھے ہیں، آدمی اُن درختوں کو بیچ کر اُن کی رقم کو علاج ومعالجہ میں خرچ کرسکتا ہے یا نہیں؟ عام حالت میں اُن درختوں کی رقم کا کیا حکم ہے؟ اور بحالتِ مجبوری کیا حکم ہے؟ اور اگر خود خرچ نہ کرسکے تو کون سے مصرف میں خرچ کرنا چاہئے؟ اور اگر خرچ کرچکا ہے تو کیا حکم ہے؟ حکم شرعی سے نوازیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مذکورہ جگہ میں جو درخت قبرستان بنانے سے پہلے لگے ہوئے ہیں، آپ اُن کو کاٹ کر بلاتکلف اپنے استعمال میں لاسکتے ہیں۔

مقبرةٌ عليها أشجارٌ عظيمةٌ، فهٰذا على وجهين: إما إن كانت الأشجار نابتة قبل اتخاذ الأرض مقبرة أو نبتت بعد اتخاذ الأرض مقبرة، ففي الوجه الأول المسئلة على قسمين: إما إن كانت الأرض مملوكة لها مالك، أو كانت مواتًا لا مالك لها، واتخذها أهل القرية مقبرة، ففي القسم الأول الأشجار بأصلها على ملك رب الأرض يصنع بالأشجار وأصلها ما شاء، وفي القسم الثاني الأشجار بأصلها على خالها القديم. (الفتاوىٰ الهندية ٢/٤٧٣) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۵/۶/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قبرستان کے درخت کاٹ کر آمدنی قبرستان میں صرف کرنا؟

سوال (۷۵۹): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: وقف یا غیر وقف قبرستان میں درخت، زیادہ ہیں جس سے مردوں کی تدفین میں تنگی ہورہی ہے، کیا اِن درختوں کو کاٹ سکتے ہیں یا نہیں؟ اگر کاٹیں تو اُن کی رقم کہاں لگائی جائے گی؟

نیز قبرستان کی صفائی کے اِرادے سے اُس کی ہری گھاس اور غیر ضروری درخت کاٹ سکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قبرستان کے زائد درختوں کو کاٹ کر اُنہیں فروخت کردیا جائے، اور اُن کی آمدنی قبرستان کی ضروریات مثلاً: چہار دیواری وغیرہ میں صرف کردی جائے، اور صفائی کی غرض سے قبرستان کی ہری گھاس اور غیر ضروری درخت کاٹنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

إن نبتت الأشجار فيها بعد اتخاذ الأرض مقبرة، ولم يعلم الفارس، فالرأي فيها يكون للقاضي إن رأىٰ أن يبيع الأشجار، ويصرف ثمنها إلىٰ عمارة المقبرة فله ذٰلك. (فتاویٰ قاضي خان، كتاب الوقف / فصل في الأشجار ۳۱۱/۳ زكريا، الفتاویٰ التاتارخانية، باب الجنائز / الدفن والقبر ۱۷۳/۲ كراچی، بزازية، كتاب الوقف / نوع في وقف المنقول ۲۶۱/۶ زكريا)

رجل جعل أرضه مقبرة وفيها أشجار فأراد ورثته أن يقطعوا الأشجار كان لهم ذٰلك؛ لأن موضع الأشجار كانت مشغولة. (فتاویٰ قاضي خان على هامش الفتاویٰ الهندية ۳۱۱/۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۹/۵/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قبرستان کے درختوں کا پیسہ مسجد میں لگانا؟

سوال (۷۶۰): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے گاؤں کے قبرستان میں کچھ درخت ہیں، جب کہ مسجد میں کچھ ضروریات ہیں، تو لوگوں کا اِرادہ ہورہا ہے کہ قبرستان کے درختوں کا پیسہ مسجد میں لگادیا جائے، تو کیا قرآن وحدیث کی روشنی میں قبرستان کے درختوں کا پیسہ مسجد میں لگاسکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: قبرستان کے درختوں کا پیسہ مسجد میں نہ لگایا جائے؛ بلکہ قبرستان کے انتظام وتعمیر وغیرہ میں خرچ کیا جائے، مسجد کے لئے الگ سے روپئے کا انتظام کریں۔ عبارتِ فقہیہ سے یہی امر مستفاد ہوتا ہے، اور ایک وقف کی رقم دوسرے وقف میں خرچ کرنے سے متعلق حضرت تھانوی علیہ الرحمہ نے امداد الفتاویٰ میں متعدد فتاویٰ میں کلام فرمایا ہے۔ (دیکھئے: امداد الفتاویٰ ۲/۶۱۳-۶۲۰) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۷/۱۰/۱۴۱۳ھ

قبرستان کے اُوپر بنے کمروں کا کرایہ مسجد میں لگانا؟

سوال (۷۶۱): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے قومی قبرستان کی قبروں کے اُوپر چھت ڈال کر مسجد کی تعمیر کرانے والوں نے تین چار کمرے مسجد کی آمدنی کرنے کے لئے بنوادئے ہیں، تو قبرستان کے اوپر بنے ہوئے کمروں کا کرایہ مسجد میں لگ سکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جوجگہ قبرستان کی ہے اُس کی آمدنی مسجد میں نہ لگائی جائے، اگر نزاع کا اندیشہ ہو تو بہتر ہے کہ وہاں دینی مکتب قائم کردیا جائے۔

Marfat.com

على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة والعرف يصلح مخصصًا ٦/٦٦٥ زكريا، ٤/٤٤٥ كراچی)

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم المخالفة ٤/٤٣٣-٤٣٤ كراچی، ٦/٦٤٩ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ٢/١٠٦ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ١/١٢٦ المكتبة الميمنية مصر)

لأن شرط الواقف يجب اتباعه لقولهم شرط الواقف كنص الشارع أي في وجوب العمل به، وفي المفهوم والدلالة؛ لأن مخالفته كمخالفة النص.

(الأشباه والنظائر، الفن الثاني / كتاب الوقف ٢/١٠٦ زكريا، ١/٣٠٥ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

١٤١٥/٩/١٩ھ

موقوفہ قبرستان میں دوکان بنا کر آمدنی مدرسہ میں صرف کرنا؟

سوال (٧٦٢): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قصبہ تمبور ضلع سیتاپور میں ایک پرانا قبرستان آباد ہے، اُس میں مردے دفن کئے جاتے ہیں، اَب تک اُس کی رجسٹرڈ کمیٹی نہیں تھی، مسلمان عمومی رائے سے اُس کی دیکھ بھال کرتے تھے، اَب زید جو کہ ایک مدرسہ کا مہتمم ہے، اُس نے ایک کمیٹی تشکیل کر کے رجسٹرڈ کروائی ہے، اور اُس قبرستان میں ایک مسجد عمومی چندہ سے بنوائی ہے، اور مسجد کے دو جانب دوکانیں کچھ رقم مدرسہ کی تحویل سے لے کر اور کچھ رقم کرایہ داروں سے پیشگی بطور پگڑی لے کر بنوائی ہے، اور اُن کی آمدنی مدرسہ کے صرفہ میں لائی جاتی ہے، اُن دوکانوں پر لکھوایا ہے کہ وقف فی سبیل اللہ برائے مدرسہ اسلامیہ ضیاء العلوم تمبور۔

قابلِ دریافت امر یہ ہے کہ زید کے لئے مندرجہ بالا اُمور یعنی قبرستان میں دوکانیں بنانا جب کہ مسلمانوں کو قبرستان کی سخت ضرورت ہے اور قبرستان میں بنی ہوئی دوکانوں کی آمدنی مدرسہ

Marfat.com

پر صرف کرنا اور دو کانوں پر مندرجہ بالا عبارت لکھنا نیز مدرسہ کی آمدنی سے قبرستان کی دو کانیں بنانا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حسبِ تحریر سوال جب کہ قبرستان موقوفہ ہے اور اُس کا رقبہ اُس کی آئندہ اور موجودہ ضرورت سے زائد نہیں ہے، تو اُس میں واقف کی شرائط کے خلاف دوکان وغیرہ بنوانا اور اُن کی آمدنی قبرستان کے بجائے مدرسہ پر خرچ کرنا، اِسی طرح مدرسہ کی رقم قبرستان کی تعمیر میں لگانا جائز نہیں ہے؛ اِس لئے کہ یہ سب اُمور وقف کرنے والے کی منشاء کے خلاف ہیں، جس کا لحاظ کرنا شرعاً لازم اور ضروری ہے۔

على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة والعرف يضلح مخصصًا ٦/٦٦٥ زكريا، ٤/٤٤٥ كراچی)

وسئل هو أيضًا عن المقبرةِ في القرىٰ إذا اندرست، ولم يبق أثر الموتىٰ، لا العظم ولا غيره: هل يجوز زرعها واستغلالها؟ قال: لا، ولها حكم المقبرة. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الثاني عشر في الرباطات والخانات الخ ٢/٤٧٠ زكريا)

مقبرة قديمةٌ ..... هل يباح لأهل المحلة الانتفاع بها؟ قال أبو نصر: لا يباح. (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / فصل في المقابر ٣/٣١٤ زكريا)

ويكره أن يبنى على القبر. (تبيين الحقائق، كتاب الصلاة / باب الجنائز ١/٨٧٥ دار الكتب العلمية بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۱۸/۲/۱۴۱۴ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان کی آمدنی مدرسہ مسجد اور عیدگاہ کی ضروریات میں صرف کرنا؟

سوال (۷۶۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: ایک گاؤں ہے جس میں رہنے والے زیادہ تر غریب مسلمان ہیں، دین کی اشاعت کے لئے مدرسہ بھی ہے؛ لیکن غربت کی وجہ سے کبھی چلتا ہے اور کبھی بند ہوجاتا ہے، وہاں جو قبرستان ہے اُس قبرستان سے سالانہ کچھ آمدنی کا ذریعہ ہے، جیسے گھاس یا پیڑ وغیرہ، کہ مدرسہ کو جاری رکھنے کے لئے اس گھاس یا پیڑ وغیرہ کی قیمت سے مدرسین کو تنخواہ دینا یا تعمیرات پر خرچ کرنا، نیز گاؤں کے غریب بچوں کا نکاح کرنا، عیدگاہ یا مسجد کی تعمیرات میں خرچ کرنا درست ہوگا یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قبرستان کی آمدنی قبرستان ہی کی ضروریات میں خرچ کی جائے، مدرسہ مسجد اور عیدگاہ کے لئے الگ سے آمدنی فنڈ حاصل کیا جائے۔

على أنهم صرحوا بأن مراعاة غرض الواقفين واجبة. (شامي، كتاب الوقف / مطلب: مراعاة غرض الواقفين واجبة والعرف يصلح مخصصًا ٦٦٥/٦ زكريا، ٤٤٥/٤ كراچی)

سئل نجم الدين عن رجل غرس تالة في مسجد، فكبرت بعد سنين، فأراد متولي المسجد أن يصرف هذه الشجرة إلى عمارة بئر في هذه السكة، والغارس يقول: هي لي، فإني ما وقفتُها على المسجد؟ قال: الظاهر أن الغارس جعلها للمسجد، فلا يجوز صرفها إلى البئر، ولا يجوز للغارس صرفها إلى حاجة نفسه.

(الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الصلاة / باب الجنائز، القبر والدفن ٨٧٦/٥ إدارة القرآن كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳/۱۲/۱۴۱۵ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان یا مدرسہ کی جمع شدہ رقم الیکشن وغیرہ میں خرچ کرنا؟

سوال (۷۶۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان کی آمد یا مدرسہ کے جمع شدہ عمومی چندہ کی رقومات میں سے سرکاری اُمور مثلاً: M.L.A یا M.P یا مکھیا سرپنچ کے الیکشن پر صرف کرنا درست ہوگا یا نہیں؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قبرستان اور مدرسہ کی رقومات الیکشن وغیرہ کے مصارف پر خرچ کرنا ہرگز جائز نہیں ہے، اِن اِمور میں خرچ کرنے پر سخت وبال ہوگا۔

سئل نجم الدين في مقبرة فيها أشجار ..... قيل له: فإن تداعت حيطان المقبرة إلى الخراب يصرف إليها أو إلى المسجد؟ قال: إلى ما هي وقف عليه.

(لفتاویٰ الهندية، كتاب لوقف / الباب لثاني عشر، مطلب: لكلام على الأشجار التي في لمقبرة ٤٧٦/٢ زكريا)

قوله: لا يجوز له ذلك: أي الصرف المذكور ..... قال الخير الرملي: أقول ومن اختلاف الجهة ما إذا كان الوقف منزلين: أحدهما للسكنىٰ، والآخر للاستغلال، فلا يصرف أحدهما للآخر، وهي واقعة الفتوىٰ. (شامي، كتاب الوقف / مطلب في أنقاض المسجد ونحوه ٣٦١/٤ كراچی، وكذا في الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الثالث عشر في الأوقاف التي يستغني الخ ٤٧٨٢ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳/۱۲/۱۴۱۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان کی گھاس اور درختوں کی آمدنی کا استعمال؟

سوال (۷۶۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں قبرستان کی گھاس کا ہر سال نیلام ہوتا ہے، جس سے کچھ رقم جمع ہوجاتی ہے، اور قبرستان میں درخت ہیں جو کہ غیر پھل والے ہیں، اُن کو فروخت کرنے پر دس ہزار روپئے مل سکتے ہیں، تو کیا ان روپیوں کو مسجد کی عمارت میں یا مدرسہ کی عمارت میں استعمال کر سکتے ہیں؟ اگر نہیں تو پھر اُس کو کہاں پر استعمال کیا جائے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اس روپئے کو قبرستان ہی میں لگانا چاہئے، اگر وہاں

Marfat.com

ضرورت نہ ہوتو قریبی قبرستان میں لگائیں، وہاں بھی نہ موقع ہو اور رقم کے ضیاع کا اندیشہ ہوتو قریبی مسجد یا مدرسہ میں لگا سکتے ہیں۔

وما فضل من ربع الوقف واستغنى عنه، فإنه يصرف في نظير تلك الجهة، كالمسجد إذا فضلت غلة وقفه عن مصالحه، صرف في مسجد آخر؛ لأن الواقف غرضه في الجنس، والجنس واحد ..... فإن هٰذا الفاضل لا سبيل إلى صرفه إليه، ولا إلى تعطيله، فصرفه في جنس المقصود أولىٰ، وهو أقرب الطرق إلى مقصود الواقف. (فقه السنة، كتاب الوقف / فاضل ربع لوقف يصرف في مثله ٥٢٩/٣ دار لكتاب العربي بيروت)

وكذا الرباط والبئر إذا لم ينتفع بهما، فيصرف وقف المسجد والرباط والبئر والحوض إلى أقرب مسجد أو رباط أو بئر أو حوض. (الدر المختار) وفي شرح الملتقىٰ: يصرف وقفها لأقرب مجانس لها الخ. (رد المحتار، كتاب الوقف / مطلب فيما لو خرب المسجد أو غريه ٣٥٩/٤ كراچی)

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به. (الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم المخالفة ٤٣٣/٤-٤٣٤ كراچی، ٦٤٩/٦ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ١٠٦/٢ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ١٢٦/١ المكتبة الميمنية مصر)

لأن مخالفته كمخالفة النص. (الأشباه والنظائر ١٩٢/١)

ويبدأ من غلته بعمارته ثم ما هو أقرب لعمارته كإمام مسجد (الدر المختار) أي فإن انتهت عمارته وفضل من الغلة شيء يبدأ بما هو أقرب للعمارة وهو عمارته المعنوية التي هي قيام شعائره. (شامي ٣٦٧/٤ كراچی، ٥٥٩/٦ زكريا)

وسئل نجم الدين عن أشجار في مقبرة هل يجوز صرفها في عمارة المسجد؟ قال نعم! إن لم يكن وقفًا على وجه آخر، قيل له: فإن تداعت حوائط

Marfat.com

المقبرة إلى الخراب أيصرف إليها أو إلى المسجد، قال إلى ما وقف عليه إن عرف، وإن لم يكن للمسجد متول ولا للمقبرة فليس للعامة التصرف فيها بدون إذن القاضي. (المحيط البرهاني ١٤٩/٩ رقم: ١١٤٣٤ بيروت، الفتاوىٰ الهندية ٤٧٦/٤، وكذافي الفتاوىٰ التاتارخانية، باب الجنائز / القبر والدفن ٨٧٦/٥ إدارة القرآن كراچی)

وكذا الرباط والبئر إذا لم ينتفع بها فيصرف وقف المسجد والرباط والبئر والحوض إلى أقرب مسجد أو رباطٍ أو بئرٍ أو حوضٍ (الدر المختار) وفي شرح الملتقى: يصرف وقفها لأقرب مجانس لها. (شامي ٣٥٩/٤ كراچی، فقه السنة / كتاب الوقف ٥٢٩/٣ بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٩/٨/١٤١٦ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان کی آمدنی سے میت کی چارپائی اور نہلانے کا تختہ خریدنا؟

سوال (٧٦٦): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے قبرستان میں پیڑ ہیں، اُن کو فروخت کرکے قبرستان کے فنڈ میں آمد جمع ہو جاتی ہے، قبرستان کی گھاس نیلام کرکے اُس کی آمد ہو جاتی ہے۔ معلوم یہ کرنا ہے کیا قبرستان کی اس گھاس کی آمد سے میت کی چارپائی نہلانے کا تختہ قبر کھودنے کے آلات خرید سکتے ہیں؟

بعض مرتبہ ہماری بستی میں کسی غریب کا انتقال ہوتا ہے، اُس کے پاس کفن اور قبر کے پاٹن یعنی تختوں اور لکڑی کا انتظام نہیں ہوتا، معلوم یہ کرنا ہے کیا قبرستان کی مذکورہ بالا آمد سے غریب کے کفن پاٹن وغیرہ کا انتظام کرسکتے ہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عرف میں میت کی چارپائی اور نہلانے کا تختہ قبرستان ہی کی ضروریات ومصارف میں داخل ہیں، اِس لئے قبرستان کی آمدنی اِن چیزوں کی خریداری میں

Marfat.com

لگانے کی گنجائش ہے۔

سئل نجم الدين في مقبرة فيها أشجارٌ، هل يجوز صرفها في عمارة المسجد؟ قال نعم! ..... فإن تداعت حيطان المقبرة إلى الخراب يصرف إليها أو إلى المسجد؟ قال: إلى ما هي وقف عليه إن عرف. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الثاني عشر، مطلب: الكلام على الأشجار التي في المقبرة ٢/٤٧٦-٤٧٧ زكريا)

وفي شرح الملتقى: يصرف وقفها لأقرب مجانس لها. (شامي ٤/٣٥٩ كراچی، فقه السنة / كتاب الوقف ٣/٥٢٩ بيروت، ٦/٥٤٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۷/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان کی آمدنی سے غریب میتوں کی تجہیز و تکفین کرنا؟

سوال (۷۶۶): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان کا کوئی واقف نہیں ہے، پوری بستی والے ہی ذمہ دار ہیں، قبرستان میں کوئی ضرورت کوئی کام ہوتا ہے، تو بستی والوں کے مشورہ ہی سے ہوتا ہے، اگر بستی والے مشورہ سے کسی غریب کا کفن اور پاٹن قبرستان کی آمد سے انتظام کرنا چاہیں، تو کیا کر سکتے ہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: قبرستان کی مذکورہ بالا آمدنی سے غریب لوگوں کے کفن دفن کا انتظام بستی والوں کے مشورہ سے بلا شبہ درست ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ دار العلوم دیوبند ۱۴/۱۸۲)

وكره لكم قيل وقال: ..... وإضاعة المال. (صحيح البخاري ٢/٨٨٤)

إذا استغنى هٰذا المسجد يصرف إلى فقراء المسلمين فيجوز ذٰلك؛ لأن جنس هٰذه القرية مما لا ينقطع. (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الهندية ٣/٢٨٨) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۷/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قبرستان کے درختوں کی قیمت سے گاؤں میں نئی مسجد تعمیر کرنا؟

سوال (۷۶۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید کے گاؤں میں تقریباً سو سے زائد مسلمانوں کے گھر ہیں، مگر گاؤں میں ایک ہی مسجد ہے اور گاؤں بہت بڑا ہے، نماز کے لئے جانے میں گاؤں والوں کو بہت لمبی دوری طے کرنا پڑتا ہے، اور اکثر اذان بھی نہیں سنائی دیتی، تو گاؤں کے کچھ لوگوں نے مشورہ کر کے دوسری مسجد بنانی چاہی، تو کیا دوسری مسجد بنانے کی اجازت ہے؟ اگر ہے تو اس کی تعمیر کے خرچ کے لئے رقم موجود نہیں ہے، مگر گاؤں میں ایک خاندانی قبرستان ہے، اس کے علاوہ اور بھی دوسرا قبرستان ہے، اور خاندانی قبرستان میں تمام درخت لگے ہوئے ہیں، خاندان کے سبھی لوگوں کا کہنا ہے کہ قبرستان کے درختوں کو کاٹ کر فروخت کر دیا جائے اور اس کی رقم مسجد کی تعمیر میں استعمال کر لی جائے، تو کیا قبرستان کے درختوں کی رقم کو مسجد میں استعمال کرنا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ضرورت کی بنا پر مذکورہ گاؤں میں نئی مسجد کی تعمیر بلاشبہ درست ہے، اور اِس تعمیر کے لئے امدادی رقم جمع کرنے کی کوشش کرنی چاہئے، اور خاندانی ملکیت والے قبرستان کے درخت مالکین اپنی مرضی سے فروخت کر کے اُس کی قیمت مسجد میں لگا دیں تو اس کی بھی گنجائش ہے؛ البتہ اگر قبرستان تمام مسلمانوں کے لئے وقف ہو، ملکیت کا نہ ہو، تو اس کے کاٹے گئے درختوں کی قیمت مسجد کی تعمیر میں اُسی وقت صرف ہو سکتی ہے، جب کہ قبرستان میں رقم لگانے کی ضرورت باقی نہ رہی ہو، مثلاً اُس کی چہار دیواری وغیرہ پہلے ہی سے بنی ہوئی ہو، اور اگر عام قبرستان میں خرچ کی ضرورت ہے تو اولاً حاصل شدہ قیمت سے قبرستان کی ضرورت پوری کی جائے گی، اور اِس رقم کو دوسری جگہ لگانا درست نہ ہوگا۔

رجل جعل أرضه مقبرة وفيها أشجار فأراد ورثته أن يقطعوا الأشجار كان لهم ذٰلک؛ لأن موضع الأشجار كانت مشغولة. (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ

Marfat.com

الهندية ٣١ ١/٣، الفتاوىٰ التاتارخانية ٨٧٣/٥)

وسئل نجم الدين عن أشجار في مقبرة هل يجوز صرفها في عمارة المسجد؟ قال نعم! إن لم يكن وقفًا على وجه آخر، قيل له: فإن تداعت حوائط المقبرة إلى الخراب أيصرف إليها أو إلى المسجد، قال إلى ما وقف عليه إن عرف، وإن لم يكن للمسجد متول ولا للمقبرة فليس للعامة التصرف فيها بدون إذن القاضي. (المحيط البرهاني ١٤٩/٩ رقم: ١١٤٣٤ بيروت، الفتاوىٰ الهندية ٤٧٦/٤، وكذافي الفتاوىٰ التاتارخانية، باب الجنائز / القبر والدفن ٨٧٦/٥ إدارة القرآن كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۷/۸/۱۴۲۸ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

متفرقات

قبرستان میں مردوں کی تدفین کی اُجرت لینا؟

سوال (۷۶۹): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان میں مردوں کو دفن کرانے کی رقم لی جاتی ہے، اُس کا لینا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: موقوفہ قبرستان میں صرف دفن پر معاوضہ لینا جائز نہیں ہے؛ کیوں کہ یہ جگہ اہل اسلام کی اَموات کی تدفین کے لئے ہی وقف ہے؛ البتہ قبر کھودوانے کی اُجرت لی جاسکتی ہے۔

الوقف على ثلاثة أوجه: أما للفقراء، أو للأغنياء، ثم الفقراء، أو يستوي فيه الفريقان كرباط وخان ومقابر ..... لاحتياج الكل لذلك. (الدر المختار مع الشامي ٦/٦٠٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۱/۱۴۲۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

محلّہ کے قبرستان میں دوسرے محلّہ کے مردوں کو دفن کرنے پر معاوضہ لینا؟

سوال (۷۷۰): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک قبرستان صرف ہمارے محلّہ کے میت کو دفن کے لئے وقف ہے، قبرستان کے متصل ایک مدرسہ بھی ہے، جس کی وجہ سے دوسرے محلّہ کے لوگ بھی اپنی میت کو اِس قبرستان میں دفن کرنا

Marfat.com

چاہتے ہیں، اور قبرستان میں اِس کی گنجائش نہیں کہ عمومی طور پر دوسرے محلوں کے لوگوں کو دفن کی اِجازت دی جائے؛ اِس لئے قبرستان کمیٹی دوسرے محلوں کے لئے ہر قبر کے عوض میں چار ہزار روپئے لے کر دفن کی اِجازت دیتے ہیں، مگر اُس زمین کو میت اور ورثہ میت کو کلیۃ مالک نہیں بنادیتے ہیں کہ جس میں وہ لوگ دفن کے علاوہ دیگر تصرف بھی کرسکیں، کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ روپئے لے کر ایک میت کو دفن کی اِجازت دی، پھر کئی سال بعد پہلی قبر کا نشان جب مٹ جاتا ہے، تو پھر اُسی جگہ کو دوسرے میت والوں سے روپئے لے کر دفن کی اِجازت دیتے ہیں۔

اَب سوال یہ ہے کہ کیا موقوفہ قبرستان میں دوسرے محلّہ والوں سے روپئے لے کر دفن کی اِجازت دینا اور اُس میں روپئے لینا درست ہوگا یا نہیں؟ اگر روپئے لینا درست ہے تو اس روپئے کو قبرستان کی ضرورت میں خرچ کرسکتے ہیں یا نہیں؟ یا غرباء پر صدقہ کردینا واجب ہوگا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ قبرستان اگر واقعۃً ایک ہی محلّہ والوں کے لئے وقف ہے، تو اُس قبرستان میں دوسرے محلّہ والوں کو دفن کرنے کی اِجازت دینا عوضاً یا بلاعوض کسی بھی طرح درست نہیں ہے؛ اِس لئے آئندہ کسی غیر محلے والے کو دفن نہ کیا جائے، اور اَب تک اس سلسلہ میں جو روپئے لئے گئے ہیں، اُنہیں اگر ممکن ہو تو اصل مالکوں کو واپس کردیا جائے۔

لأن الواجب إبقاء الوقف على ما كان عليه دون زيادة؛ ولأنه لا موجب لتجويز ٥. (شامي / مطلب لا يستبدل العامر إلا في أربع ٣٨٨/٤ كراچی، ٥٨٩/٦ زكريا)

شرط الواقف كنص الشارع أي في المفهوم والدلالة ووجوب العمل به.

(الدر المختار، كتاب الوقف / مطلب في قولهم شرط الواقف كنص الشارع، ومطلب: بيان مفهوم لمخالفة ٤٣٣/٤-٤٣٤ كراچی، ٦٤٩/٦ زكريا، وكذا في الأشباه والنظائر، كتاب الوقف / الفن الثاني، الفوائد: ١٠٦/٢ إدارة القرآن كراچی، تنقيح الفتاوىٰ الحامدية ١٢٦/١ المكتبة لميمنية مصر) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۹/۲/۱۴۲۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

موقوفہ قبرستان میں تدفین کیلئے ڈونیشن کی شرط لگا کر رقم لینا؟

سوال (۷۷۱): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: شہر وشارم میں الحمدللہ ایک ہی جماعت اور ایک ہی قبرستان ہے، اِس قبرستان کی زمین کو ایک نیک پارسا خاتون مرحومہ نے وقف کیا ہے، تقریباً یہاں ہر میت کے ذمہ داروں کی خواہش یہ ہوتی ہے کہ قبرستان کے شروع اول حصہ میں ہی یا اُسی سے پہلے دفن شدہ والد والدہ خاوند یا شوہر کے بازو میں ہی میت کو دفن کیا جائے، جس کی وجہ سے انتظام میں الجھن اور کبھی کبھی نزاع وجھگڑے کی صورت بھی پیش آجاتی تھی، اس اُلجھن وجھگڑے سے چھٹکارا پانے کے لئے قبرستان میں تین ترتیب قائم کرکے تدفین کے لئے بلڈنگ ڈونیشن کے نام سے رقم حاصل کی گئی، اور چوتھی ترتیب بلا ڈونیشن لئے بھی تدفین کی جاتی تھی، کبھی بھی کسی کو کسی ترتیب میں دفن کرنے پر جبر وزبردستی نہیں کی گئی، یہ صرف جماعت کے انتظامی اقدام میں سے ایک کارروائی تھی نہ کہ موٹی کے گھر سے میت کے دن رقم اینٹھنے کا حربہ، اِس طرح سے انتظام کرنے پر ساری الجھن دفع اور ختم ہوگئی۔

اب سوال یہ ہے کہ اِس طرح سے قبرستان میں، جھگڑے سے بچاؤ اور احتراز کی خاطر بلڈنگ ڈونیشن اور بلا بلڈنگ ڈونیشن ترتیب قائم کرسکتے ہیں؟ اور اگر قائم کرسکتے ہیں تو اِس وصول شدہ رقم کو بلڈنگ میں جماعت کی رہائشی مکانات ودکانات میں صرف کرسکتے ہیں، یا اس رقم کا مصرف کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: موقوفہ قبرستان کے کسی خاص حصہ میں تدفین کے لئے ڈونیشن (تعاون) کی شرط لگا کر رقم لینا شرعاً درست نہیں ہے؛ لہٰذا آئندہ رقم لینے کا سلسلہ موقوف کیا جائے، اور اِس مد میں جو رقم جمع ہوئی ہے وہ معطیان یا اُن کے وارثین کی اِجازت سے جماعت کے مدارس ومساجد میں خرچ کردی جائے، اور قبرستان میں تدفین کا ایسا نظام بنایا جائے کہ ایک ترتیب سے قبریں بنائی جائیں، اور بروقت جس میت کے لئے جو جگہ دستیاب ہو وہیں اُسے دفنا دیا

Marfat.com

جائے، اور اُس میں کوئی امتیاز نہ برتا جائے؛ تاکہ نزاع کا موقع نہ ہو۔

الوقف على ثلاثة أوجه: أما للفقراء، أو للأغنياء، ثم الفقراء، أو يستوي فيه الفريقان كرباط وخان ومقابر ..... لاحتياج الكل لذلك. (الدر المختار مع الشامي ٦/٦٠٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۱۰/۱۴۲۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مدرسہ کی مملوکہ زمین میں سے قبر بنانے کے لئے جگہ خریدنا؟

سوال (۷۷۲): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ کے اِحاطہ کے اندر اصل وقف سے متصل مدرسہ کی خریدی ہوئی زمین میں ایک قبر کے بقدر جگہ خرید کر مدرسہ کے مہتمم یا صدر المدرسین یا کسی خاص آدمی کو دفن کرنا اگرچہ بہتر نہیں؛ لیکن جائز ہوگا یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ اپنی ملکیت والی زمین ضرورت ومصلحت کے اعتبار سے فروخت کرسکتا ہے، اور فروخت کرنے کے بعد اس جگہ میں قبر بنانے کی فی الجملہ اِجازت ہے؛ لیکن مصلحت کے خلاف ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۵/۵۸۰-۵۸۱ ڈابھیل)

فإذا أراد المتولي أن يبيع ما اشترى وباع، اختلفوا فيه، قال بعضهم: يجوز هذا البيع، وهو الصحيح؛ لأن المشتري لم يذكر شيئًا من شرائط الوقف، فلا يكون ما اشترى من جملة أوقاف المسجد الخ. (فتاوىٰ خانية على هامش الهندية ۳/۲۹۷)

وفي الفتاوىٰ العتابية: فإذا اجتمعت غلة فاشترى بها بيوتًا للغلة جاز، وهل تصير وقفًا؟ اختلف المشايخ فيه، والمختار أنه يجوز بيعها إن احتاجوا إليه. (الفتاوىٰ التاتارخانية ۵/۷۵۶) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲/۱/۱۴۳۱ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

دوسرے کی زمین بلااِجازت قبرستان میں شامل کرنا؟

سوال (۷۷۳): -کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان بروالان مزرعہ پرگنہ ضلع مرادآباد میں کھسرہ نمبر ۷۴ کا واقع ہے، جس کا رقبہ چک بندی کے حساب سے 0.85 ڈسمل قائم ہے، اَب گاؤں کے پردھان اور کچھ لوگوں نے قبرستان کے جنوب کی کاشت کی زمین کھسرہ نمبر 75 میں سے کافی زمین قبرستان میں شامل کرکے اُس کی دیوار زبردستی بنالی ہے۔

حضرت فرمائیں کہ کیا ایسا کرنا جائز ہے؟ کیا اُس میں کسی کو دفن کیا جاسکتا ہے؟ کیا مالک کی مرضی کے بغیر اُسی کے چوکوں سے طاقت کے بل پر دیوار بنوائی جاسکتی ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دوسرے کی زمین کو قبرستان میں اُس کی اِجازت کے بغیر شامل کرلینا غصب وحرام ہے، اُس میں دفن کرنا جائز نہیں، مسئلہ تو یہاں تک ہے کہ اگر غصب کردہ زمین میں دفن کیا، تو زمین کے مالک کو اختیار ہے کہ مردہ کو اپنی زمین سے نکال دے۔

ولا يخرج منه بعد إهالة التراب إلا لحق آدمي كأن تكون الأرض مغصوبة. (الدر المختار مع الشامي / باب صلاة الجنازة، مطلب في دفن الميت ۱٤٥/۳ زكريا)

لہٰذا صورتِ مسئولہ میں اُن لوگوں کا عمل شرعاً جائز نہیں ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۱/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

گاؤں کی زمین پر ناجائز قبضہ کرکے اُس میں قبرستان بنانا؟

سوال (۷۷۴): -کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے گاؤں سے تقریباً تین کلومیٹر دور ایک بستی ہے، جس کا رقبہ اور زمین ہمارے گاؤں سے متصل ہے، ہم لوگوں کے آباءواجداد نے ناجائز طور پر اس بستی کے کچھ رقبے پر قبضہ کرکے

Marfat.com

قبرستان بنا دیا، انگریزی دور میں مقدمہ چلا اور ہمارے گاؤں والے مقدمہ جیت گئے، اَب سارے گاؤں کے لوگ اُسی قبرستان میں دفن کرتے ہیں، اَب زمین کی قیمت دینا دشوار ہے؛ کیوں کہ اُس گاؤں کے وہ بڑے بوڑھے مر چکے ہیں، ایسی صورت میں کیا کیا جائے؟ نیز اُس میں دفن کرنا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یہ زمین اگر حکومت کی ملکیت تھی، جس میں تصرف کی اِجازت مقدمہ کے فیصلہ کے ذریعہ حاصل ہو چکی ہے، تو اُس میں اموات کو دفن کرنا بلا تردد جائز ہے، اور کسی کو قیمت کی ادائیگی کی ضرورت نہیں؛ البتہ اگر یہ زمین کسی کی شخصی ملکیت رہی ہو اور غلط ثبوت دے کر مقدمہ جیت لیا گیا ہو، تو اصل مالکین کے ورثہ کو اس جگہ کے معاوضہ کے مطالبہ کا حق ہوگا۔

واحترز بالمغصوبة عما إذا كانت وقفًا، قال في التتارخانية أنفق مالاً في إصلاح قبر، فجاء رجل ودفن فيه ميتة، وكانت الأرض موقوفة يضمن ما أنفق فيه، ولا يحول ميته من مكانه؛ لأنه دفن في وقف. (شامي ۱۴۵/۳ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۱/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان کی قدیم آراضی پر سرکاری نشان دہی کروا کر تدفین شروع کرنا؟

سوال (۷۷۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں ایک قبرستان ہے، جو کہ گورنمنٹ محکمہ حال کے رجسٹروں میں بھی قبرستان ہے، یعنی آراضی بنام اہلِ اسلام؛ لیکن اُس میں قبروں کے سابقہ کوئی نشانات نہیں ہیں، صرف بزرگوں سے سنا ہے کہ یہ قبرستان کی جگہ ہے؛ لیکن اَب گاؤں کے لوگوں نے گورنمنٹ کے محکمہ حال سے تحصیل دار پٹواری کے ذریعہ اُس کی نشان دہی کروانے کے بعد اپنے مردوں کو اس میں دفن کرنا شروع کر دیا ہے، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ یہ اِرد گرد والے لوگوں کی ملکیت ہے، اُس میں دفن کرنا جائز

Marfat.com

نہیں ہے، کچھ لوگ کہتے ہیں جائز ہے، واضح فرمائیں صحیح کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بشرط صحتِ سوال جب کہ مذکورہ جگہ حکومت کی طرف سے قبرستان کے لئے عطا شدہ ہے، تو اُس میں مردوں کی تدفین بلاشبہ درست ہے، اُس جگہ پر کسی شخص کا قبضہ کرنا جائز نہیں ہے۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۴۴/۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۳/۱۰/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مسجد کی زمین کو قبرستان کی بتلا کر سرکار سے لیا ہوا پیسہ مسجد میں لگانا؟

سوال (۷۷۶): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان کے نام پر بہار سرکار سے مٹی بھرائی کے نام کا تین لاکھ روپئے لے کر اس رقم میں سے کچھ رقم سے قبرستان کا کام کراتے ہیں، اور بقیہ رقم سے مسجد کی تعمیر کرانا چاہتے ہیں، کیا اِس بقیہ رقم سے مسجد کی تعمیر کرانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسجد کی زمین کو قبرستان دکھا کر دھوکہ دہی کے ساتھ سرکار سے جو رقم حاصل کی گئی ہے، اُس کو مسجد میں لگانا جائز نہیں ہے، مسجد میں صرف وہی رقم لگ سکتی ہے، جو ہر طرح سے حلال اور پاک ہو۔

عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: أيها الناس إن الله طيبٌ لا يقبل إلا طيبًا. (صحیح مسلم، کتاب الزکاۃ / باب قبول الصدقة من الكسب الطيب وتربيتها ص: ٦٤٤ رقم: ١٠١٥ بيت الأفكار الدولية، مشكاة المصابيح ٢٤١) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۲/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

پرانے قبرستان کو عیدگاہ میں تبدیل کرنا؟

سوال (۷۷۷):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک عیدگاہ قبرستان میں پہلے سے موجود ہے اور اس پر عید اور بقر عید کی نماز برابر ہوتی چلی آرہی ہے، وہ عیدگاہ نمازیوں کے حساب سے ناکافی ہے، اب اس کی توسیع ہورہی ہے اور اس کو تین سائڈ سے بڑھایا جارہا ہے، اور اس کی جب بنیادیں کھودی جارہی ہیں تو اس میں قبریں نکل رہی ہیں، اور کچھ قبریں اس کے بیچ میں آجائیں گی جو کہ بھراؤ کرا کر فرش کے برابر ہوجائیں گی، تو کیا اس عیدگاہ پر عید اور بقر عید کی نمازیں جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جو قبریں بالکل پرانی ہوچکی ہیں اور میت مٹی بن چکی ہیں، اُن کو برابر کر کے عیدگاہ میں شامل کرنا درست ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱/۴۸۹)

لو أن مقبرة من مقابر المسلمين عفت فبنى قوم عليها مسجدًا لم أر بذلك بأسًا، وذلك لأن المقابر وقف من أوقاف المسلمين لدفن موتاهم، لايجوز لأحد أن يملكها، فإذا درست واستغنى عن الدفن فيها جاز صرفها إلى المسجد؛ لأن المسجد أيضًا وقف من أوقاف المسلمين. (عمدة القاري ۱۷۹/٤، انوار رحمت ۱۳٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۳/۱۱/۳ھ

مزار کے اُوپر چھت کے ایک کنارے پر مدرسہ کیلئے غسل خانہ بنانا؟

سوال (۷۷۸):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک مکان جس میں چھت کے اوپر والے حصہ میں مدرسہ ہے، اور نیچے والے حصہ میں تین مزار ہیں۔ اَب غور طلب بات یہ ہے کہ مزار کے اوپر چھت پر دائیں طرف چھجا ہے جو ساڑھے تین فٹ ہے، اُس میں بیت الخلاء یا غسل خانہ بنا سکتے ہیں یا نہیں؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں جو چھجہ مدرسہ کی چھت سے متصل دائیں طرف بنا ہوا ہے، اس میں مدرسہ کی ضرورت کے لئے بیت الخلاء وغیرہ بنانا شرعاً جائز ہے، اس سے مدرسہ یا مزار کی بے حرمتی لازم نہیں آئے گی۔

لا یکرہ ما ذکر أي من الوطأ والبول والتغوط ..... فوق بیت جعل فیه مسجدًا. (الدر المختار مع الشامي ۴۲۹/۲ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳/۷/۱۴۲۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کیا ماں اپنے بچے اور ماں باپ کی قبر پر جاسکتی ہے؟

سوال (۷۷۹): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ماں اپنے بچے کی قبر پر اور ماں باپ کی قبر پر جاسکتی ہے یا نہیں؟ اور نابالغ لڑکیاں قبرستان میں جاسکتی ہیں یا نہیں؟ اور بہن اپنے بھائی کی قبر پر جاسکتی ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عورتیں چوں کہ فطرۃً کمزور طبیعت اور بے صبر واقع ہوئی ہیں، اُنہیں قبرستان میں اعزاء کی قبروں پر جانے کی اجازت دینے میں اِس بات کا سخت خطرہ ہے کہ وہ قبروں پر جاکر ہائے واویلا اور جزع فزع کریں گی، اور ایک مستقل فتنہ سامنے آجائے گا؛ اِس لئے حضراتِ فقہاء نے عورتوں کو قبروں پر جانے سے سختی سے منع کیا ہے، اور ایسی عورت پر لعنت فرمائی ہے اور بزرگوں کے مزارات پر عورتوں کی حاضری انتہائی خطرناک اور فتنہ انگیز ہے؛ کیوں کہ اِس طرح کی جگہوں پر حیا باختہ نفس پرور اہلِ بدعت کا اجتماع ہوتا ہے، اور طرح طرح کی بدعات عمل میں لائی جاتی ہیں، جن میں شرکت کسی بھی صاحبِ ایمان کے لئے جائز نہیں ہے۔ خواتین کو تو بدرجہ اولیٰ ایسے منکرات کی جگہوں پر جانے سے سخت احتراز لازم ہے۔

Marfat.com

سئل القاضي عن جواز خروج النساء إلى المقابر، فقال لا يسئل عن الجواز والفساد في مثل هٰذا، وإنما يسئل عن مقدار ما يلحقها من اللعن فيه، واعلم بأنها كلما قصدت الخروج كانت في لعنة اللّٰه وملائكته، وإذا خرجت الشيطان من كل جانب، وإذا أتت القبور يلعنها روح الميت، وإذا رجعت كانت في لعنة اللّٰه. (الفتاوىٰ التاتارخانية ١٨٢/٢، ومثله في الشامي ١٥١/٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

٢٦/٣/١٤٢١ھ

مشترکہ پنچایتی سامان پر کسی ایک ممبر کا قبضہ کر کے غیر مصرف میں خرچ کرنا؟

سوال (٧٨٠):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کچھ پنچایتی تانبے کا سامان کسی ایک ممبر بھائی اَمیر جان صاحب کے پاس رکھا تھا، جس میں سے اکثر سامان تو ختم ہو چکا ہے، کچھ سامان موجود ہے، باقی ممبران سامان راہِ خدا میں دے کر اِس جھگڑے کو سلجھانا چاہئے؛ لیکن ممبر اَمیر جان صاحب اُس سامان کو دینا نہیں چاہتے ہیں۔ حضور والا سے درخواست ہے کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب دیں کہ اَب باقی ممبروں کو کیا کرنا چاہئے؟ ایسے شخص کے بارے میں شریعتِ مطہرہ کا کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: پنچایتی مشترک سامان پر زبردستی قبضہ جمانا اور ممبروں کے اِصرار کے باوجود اُس کو صحیح مصرف میں خرچ نہ کرنا سراسر ظلم خیانت اور گناہ ہے، مذکورہ قابض شخص کو اپنے فعل سے باز آنا چاہئے، اور مابقیہ سامان ممبروں کے کہنے کے مطابق راہِ حق میں صرف کر دینا چاہئے۔

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى

Marfat.com

اللّٰه عليه وسلم: ألا لا تظلموا! ألا لا يحل مال امرء إلا بطيب نفس منه. (مشكاة المصابيح / باب الغصب والعارية، الفصل الثاني ٢٥٥، مرقاة المفاتيح / باب الغصب والعارية، الفصل الثاني ١١٨/٦ المكتبة الأشرفية ديوبند، المسند للإمام أحمد بن حنبل ٧٢/٥، شعب الإيمان للبيهقي ٣٨٧/٤ رقم: ٥٤٩٢ دار الكتب العلمية بيروت)

وليس لأحد الناظرين التصرف بغير رأي الآخر. (البحر الرائق ٢٣١/٥)

فاستفيد منه أنه إذا تصرف بما لا يجوز كان خائنًا يستحق العزل. (البحر الرائق ٢٣٤/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۷/۱/۱۴۲۸ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قبرستان کے ہرے یا سوکھے درخت کاٹنا؟

سوال (۷۸۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قبرستان کے ہرے یا سوکھے پیڑ کاٹنا کیسا ہے؟ کسی غریب یا لاوارث کی تدفین میں قبرستان کے درخت کاٹ کر استعمال کرنا جائز ہے یا نہیں؟ نیز قبرستان کے درخت کاٹ کر اُس کی لکڑی فروخت کرکے کسی مسجد یا مدرسہ کی تعمیر وغیرہ میں لگا سکتے ہیں یا نہیں؟ جب کہ خود اُسی قبرستان کی چہار دیواری جیسی ضروریات میں بھی رقم کی ضرورت ہے؟ وضاحت سے جواب عنایت فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: ضرورت کے وقت قبرستان کے پیڑوں کو کاٹنا جائز ہے، اور اُن کو یا اُن کی قیمت کو قبرستان کی ضروریات ہی میں خرچ کرنا لازم ہے، اور لاوارث کی تدفین بھی عرفاً قبرستان کی ضروریات میں شامل ہے، اِس لئے مذکورہ رقم اس میں صرف کی جاسکتی ہے؛ لیکن کسی مسجد یا مدرسہ کی تعمیر میں یہ رقم نہیں لگائی جاسکتی؛ کیوں کہ مسجد ومدرسہ بالکل الگ مصرف ہے، اُس کا قبرستان سے کوئی جوڑ نہیں ہے۔

Marfat.com

ويكره أيضًا قطع النبات الرطب والحشيش من المقبرة دون اليابس.

(شلمي ١٥٥/٣ زكريا)

وإن نبتت الأشجار فيها بعد اتخاذ الأرض مقبرة، فإن علم غارسها كانت للغارس، وإن لم يعلم الغارس فالرأي فيها للقاضي أن يبيع الأشجار، ويصرف ثمنها إلى عمارة المقبرة فله ذلك، ويكون في الحكم كأنها وقف. (خانية على الهندية ٣١١/٣)

لا يصرف فائض وقف لوقف آخر اتحد واقفها أو اختلف. (الأشباه والنظائر ١٩٢) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٨/٧/١٤٢٩ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

کتاب الصید والذبائح

Marfat.com

شکار کرنے کے شرعی اَحکام

بسم اللہ پڑھ کر بندوق یا تیر چلایا اور ذبح سے قبل جانور مر گیا؟

سوال (۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حلال پرندہ کا شکار کرنے والا بندوق یا تیر بسم اللہ پڑھ کر چلاتا ہے، اور اَب گولی یا تیر لگنے سے وہ پرندہ مر جاتا ہے، ذبح کی نوبت نہیں آتی، اِسی طرح حلال جانور مثلاً نیل گائے یا ہرن پر وہ بسم اللہ پڑھ کر گولی چلاتا ہے، وہ جانور گولی لگنے سے فوری طور پر مر جاتا ہے یا کچھ دیر کے بعد بھاگتے بھاگتے مر جاتا ہے، شکاری پیچھا کرتا ہے؛ لیکن ذبح کی نوبت نہیں آئی کہ وہ جانور مر جاتا ہے؛ لہٰذا شکاری کے لئے یا غیر شکاری کے لئے وہ جانور حلال ہے یا نہیں؟ جب کہ بسم اللہ پڑھ کر گولی چلائی گئی اور خون بھی نکل گیا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بندوق کی گولی سے اگر جانور مر گیا ہے تو وہ حلال نہیں؛ کیوں کہ یہ گولی بارود کے زور سے اثر انداز ہوتی ہے، اِس لئے اس سے مارا ہوا جانور ''موقوذہ'' کے مشابہ ہے؛ البتہ اگر دھاردار تیر بسم اللہ پڑھ کر پھینکا اور اُس نے جانور کو زخمی کیا اور خون بہہ گیا، پھر ذبح سے قبل وہ جانور مر گیا، تو اُس کا کھانا حلال ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاویٰ ۳/۶۱۹)

وأما الحنفية فالجمهور منهم في ديارنا على عدم حل المصيد بالرصاص ما لم يُدرِك حيًّا فيذبح بطريق مشروع، وحجتهم ما مرّ عن ابن عابدين من أن الرمي بالرصاص رض ووقذ، وليس جرحًا. وما ذكره الرافعي من أنه إن وقع الشك ولا يُدري مات بالجرح أو الثقل كان حرامًا. (تكملة فتح الملهم، كتاب الصيد

Marfat.com

والذبائح / حكم الصيد ببندقة الرصاص ٤٩١/٣ مكتبة دار العلوم كراچی)

وما قتله المعراض بعرضه والبندقية حرامٌ. (تكملة: البحر الرائق مع الكنز الدقائق ٢٢٩/٨ كوئٹه)

والأصل ..... أن الموت إذا حصل بالجرح بيقين حل، وإن بالثقل أو شک فيه فلا يحل حتمًا أو احتياطًا. (تبيين الحقائق / كتاب الصيد ١٢٩/٧ دار الكتب العلمية بيروت)

ولايخفى أن الجرح بالرصاص إنما هو بالإحراق، والثقل بواسطة اندفاعه العنيف، إذ ليس له حد، فلا يحل وبه أفتى ابن نجيم. (شامي / كتاب الصيد ٤٧١/٦ كراچی، ٦٠/١٠ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٩/١١/١٤١٢ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اِیرگن سے زخمی جانور ذبح کے بغیر حلال نہ ہوگا

سوال (٢):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید بذریعہ ایرگن بسم اللہ پڑھ کر شکار کرتا ہے اور شکار کچھ دوری پر جا کر گرنے کی وجہ سے ذبح نہیں کر سکا اور شکار مر گیا، تو کیا وہ حلال ہے یا حرام، جب کہ ایرگن کا چھرا کافی نوک دار ہوتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایرگن کے چھرے سے اگر جانور زخمی ہو جائے پھر بھی وہ حلال نہ ہوگا؛ اِس لئے کہ یہ چھرا دھار دار چیز نہیں ہے، اور اس کے ذریعہ سے دم مسفوح مکمل طور پر خارج ہونے میں شک ہے، اور شک کی وجہ سے جانور حلال نہیں ہو سکتا۔

وأما الحنفية فالجمهور منهم في ديارنا على عدم حل المصيد بالرصاص ما لم يُدرک حيًا فيذبح بطريق مشروع، وحجتهم ما مرّ عن ابن عابدين من أن الرمي بالرصاص رض ووقذ، وليس جرحًا، وما ذكره الرافعي من أنه إن وقع الشک ولا يُدري مات بالجرح أو الثقل، كان حرامًا. (تكملة فتح الملهم، كتاب الصيد

Marfat.com

والذبائح / حكم الصيد ببنقدقة الرصاص ۴۹۱/۳ مكتبة دار العلوم كراچی)

أو (قتلـه) بندقة ثقيلة ذات حدة لقتلها بالثقل لابالحد، ولو كانت خفيفة بهـا حـدة حل لقتلها بالجرح، ولو لم يجرحه لايؤكل مطلقًا (الدر المختار) قال ابـن عـابـديـن: ولـو كانت خفيفة يشير إلى أن الثقيلة لا تحل وإن جرحت، قال قـاضـي خـان: لا يحل صيد البندقة والحجر والمعراض والعصا وما أشبه ذلك وإن جـرح؛ لأنـه لا يخرق إلا أن يكون شيء من ذلك قد حدده وطوله كالسهم ..... والأصـل أن الـمـوت إذا حصل بالجرح بيقين حل، وإن بالثقل أوشك فيه فـلا يـحـل حتـمًا أو احتياطًا، ولا يخفى أن الجرح بالرصاص إنما هو بالاحراق والثقل بواسطة اندفاعه العنيف إذ ليس له حد فلا يحل، وبه أفتى ابن نجيم. (الد الـمـختـار مع الشامي / كتاب الصيد ۵۹/۱۰-۶۰ زكريا، كذا في تبيين الحقائق / كتاب الصيد ۲۹/۷ دار الـكتـب الـعلمية بيروت، كذافي سكب الأنهر على هامش مجمع الأنهر / كتاب الصيد ۲۶۳/۴ دا الـكتـب الـعلـمية بيروت، فتاوىٰ قاضي خان على الهندية / كتاب الصيد والذبائح ۳۶۰/۳ زكريا، البحر الرائق / كتاب الصيد ۲۲۹/۸ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۶/۴/۱۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بسم اللہ پڑھ کر تیر چلایا اور لگتے ہی جانور مر گیا؟

سـوال (۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید نے تسمیہ پڑھ کر تیر چلایا اور اُس سے شکار کیا اور وہ فوراً مر گیا، اِس شکل میں اُس کا کھانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: اگر شکار تیر ہی کے زخم سے مرا ہے کسی اور چیز کے ٹکرا۔

Marfat.com

اور اوپر سے نیچے گرنے کی وجہ سے نہ مرا ہو، اِسی طرح پانی میں گر کر نہ مرا ہو تو اُس کا کھانا حلال ہے۔

عن القاسم في رجل رمى صيدًا على شاهق، فتردّى حتى وقع إلى الأرض وهو ميت، قال: إن كان يعلم أنه مات من ميته أكل، وإن كان شكّ أنه مات من التردّى لم يأكل. (المصنف لابن أبي شيبة / كتاب الصيد ۱۰/ ٤۰۰ رقم: ۲۰۰٥٤)

عن عدي بن حاتم رضي الله عنه قال: سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الصيد؟ فقال: إذا رميت سهمك فاذكر اسم الله عزوجل، فإن وجدته قد قتل فكل، إلا أن تجده قد وقع في ماء، ولا تدري الماء قتله أو سهمك. (السنن الكبرىٰ للنسائي ۳/ ۱٥۲ رقم: ٤۸۱۰)

إذا رمى بآلة جارحة وسمىٰ إلى صيد فأصابه وجرحه يؤكل إذا جرح لقوله صلى الله عليه وسلم لعدي بن حاتم إذا رميت سهمك فاذكر اسم الله تعالىٰ عليه، فإن وجدته قد قتل، فكل إلا أن تجده قد وقع في ماء؛ فإنه لا تدري الماء قتله أو سهمك. (البحر الرائق ۸/ ۲۲٦، والحديث أخرجه البخاري ۲/ ۸۲٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۹/۳/۲۴ھ

تیر چلانے کے بعد جانور کو تلاش نہیں کیا بعد میں وہ جانور کہیں مرا ہوا ملا؟

سوال (۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص نے تسمیہ پڑھ کر تیر چلایا، تیر کھا کر شکار بھاگ گیا، شکاری نے اُس کا تعاقب نہیں کیا، نہ ہی اُس کو تلاش کیا، اَچانک کہیں پر وہ شکار مردہ پڑا ہوا پایا گیا، تو اِس شکل میں اُس کا کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: غائب ہونے کے بعد اُس شکار کو تلاش نہیں کیا اور

Marfat.com

اچانک اُس کومرا ہوا پایا، تو کھانا جائز نہیں ہے۔

وإن قعد عن طلبه ثم أصابه ميتًا لم يؤكل. (الهداية ٤/٤٩٤، البحر الرائق ٨/٢٢٧)

لما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه كره أكل الصيد إذا غاب عن الرامي، وقال: لعل هوام الأرض قتله. (أخرجه الطبراني في الكبير ١٩/٢١٥ رقم: ٤٧٨، بحواله: شامي ١٠/٥٥-٥٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۹/۳/۲۴ھ

تیر چلانے کے بعد بلا توقف جانور کو تلاش کیا؟

سوال (۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص نے تسمیہ پڑھ کر تیر چلایا، تیر کھا کر شکار بھاگا، شکاری نے اُس کو تلاش کیا، کچھ وقت کے بعد وہ اُس کو مل گیا، اِس حالت میں کہ وہ مر چکا تھا اُس کا کھانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر بلا توقف تلاش کرتے ہوئے شکار مل جائے اور اُس پر کسی درندہ وغیرہ کا اثر نہ ملا ہو اور یقین ہو کہ تیر ہی کے زخم سے مرا ہے، تو اُس کا کھانا جائز ہے۔

عن عدي بن حاتم قال: قلت: يا رسول الله صلى الله عليه وسلم! إنا أهل الصيد إن أحدنا يرمي الصيد فيغيب عنه الليلة والليلتين، فيبتغي الأثر فيجده ميتًا وسهمه فيه، قال: إذا وجدت السهم فيه ولم تجد فيه أثر سبع وعلمت أن سهمك قتله فكل. (سنن النسائي، كتاب الصيد / في الذي يرمي الصيد فيغيب عنه ٢/١٩٦، صحيح البخاري رقم: ٥٤٨٥، فتح الباري ١٢/٧٦٢) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۹/۳/۲۴ھ

Marfat.com

مرا ہوا شکاری جانور غیر مسلم کو دینا؟

سوال (۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا مرے ہوئے شکار کو کسی غیر مسلم کو دینا جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مردار جانور کسی غیر مسلم کو بالقصد دینا بھی جائز نہیں ہے، اُسے ویسے ہی چھوڑ دینا چاہئے یا مٹی میں دبا دینا چاہئے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ﴾ [المائدة، جزء آیت: ۳]

وأما شرائطها فأنواع، ومنها: أن يكون مالاً متقومًا، فلا تجوز هبة ما ليس بمالٍ أصلاً كالحر والميتة والدم وصيد الحرم والخنزير. (الفتاوىٰ الهندية / أول كتاب الهبة ٤/٣٧٤ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۷/۴/۱۴۲۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جن جانوروں یا پرندوں پر حکومت کی پابندی ہے اُن کا شکار کرنا؟

سوال (۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حکومت کی طرف سے جن جانوروں یا پرندوں کے شکار پر پابندی ہے؛ لیکن شریعت کی طرف سے کوئی پابندی نہیں ہے، اُن جانوروں کو اگر کوئی شخص چپکے سے کاٹ دے یا شکار کرے، تو اُن جانوروں یا پرندوں کا گوشت کھانا یا شکار کرنا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حکومت کی طرف سے پابندی لگانے سے کوئی حلال جانور حرام نہیں ہوسکتا؛ لہٰذا حلال جانور کا شکار بہر حال حلال ہے، اور اُس کا گوشت کھانا درست ہے؛ لیکن حکومت کی قانون شکنی سے بچنے کا پیشگی انتظام کر لینا چاہئے۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۸/۲۰۲)

Marfat.com

قال اللّٰه تعالىٰ: ﴿وَالْبُدْنَ جَعَلْنَاهَا لَكُمْ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ﴾ [الحج، جزء آیت: ۳۶]

قال اللّٰه تعالىٰ: ﴿وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ﴾ [الأنعام، جزء آیت: ١٤٤]

عن ابن عباس رضي اللّٰه عنهما قال: كنا مع رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم في سفر، فحضر الأضحىٰ، فاشتركنا في البقرة سبعةً وفي البعير سبعةً.

وعن جابر رضي اللّٰه عنه قال: نحرنا مع رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم بالحديبية البدنة عن سبعة، والبقرة عن سبعة. (سنن الترمذي / باب ما جاء في الاشتراك في الأضحية ٢٧٦/١، صحيح البخاري / باب الأضحية للمسافر والنساء ٨٣٢/٢، وكذا في إعلاء السنن، كتاب الأضاحي / بابٌ: أن البدنة عن سبعة ٢٠٥/١٧ إدارة القرآن كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۹/۱۱/۱۴۲۶ھ

شکار کے لئے کتا پالنا؟

سوال (۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کتا پالنے کا شریعت میں کیا حکم ہے؟ اگر کسی شرط کے ساتھ پال سکتا ہو تو بھی تحریر کریں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: شوقیہ کتا پالنا شریعت میں جائز نہیں ہے؛ البتہ اگر حفاظت یا شکار وغیرہ کے مقاصد سے کتا پالیں تو اُس کی گنجائش ہے۔

إن جواز اقتناء كلب الصيد والماشية والزرع ثابت بأحاديث صحيحه.

(تكملة فتح الملهم ٣١٠/١ المكتبة الأشرفية ديوبند)

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: من اتخذ كلبًا إلا كلب ماشية، أو صيد أو زرع انتقص من أجره كل يوم قيراط.

(سنن الترمذي، أبواب الصيد / باب من أمسك كلبًا ما ينقص من أجره ٢٧٤/١) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۵/۱۴۲۸ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

سیلاب میں مملوکہ تالاب سے باہر نکلنے والی مچھلی کا شکار کرنا؟

سوال (۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہم نے مچھلی پالنے کے لئے تالاب ۵/سال کے لئے کرایہ پر لیا اور اس میں ہم نے مچھلی کے بچے چھوڑ دائے، تالاب کی حدود کے چاروں طرف دیوار یا جالی سے مچھلی نہ بھاگنے کی روک لگادی؛ لیکن بارش وسیلاب کی وجہ سے مچھلی حدود سے باہر نکل گئی، جس کو دوسرے لوگ جال یا ڈگن سے مارنے لگے، تو کیا یہ مچھلی مارنا جائز ہے یا نہیں؟

تالاب سے ملا ہوا دوسرے کا کھیت ہے، سیلاب کی وجہ سے مچھلیاں اس میں بھی چلی گئیں اور وہ آدمی بھی اپنے کھیت میں مچھلیاں مارنے لگا، تو اس کے بارے میں کیا حکم ہے؟

تالاب سے ملی ہوئی سڑک ہے، اُس میں ٹاؤن کا بڑا سا نالہ ہے، جو بہہ رہا ہے، اور اُس میں بھی مچھلیاں پہنچ گئیں، تو کیا اُن مچھلیوں کو مارنا درست ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بارش یا سیلاب کی وجہ سے جو مچھلیاں تالاب کی حدود سے باہر کھیتوں ٹاؤن کے نالوں اور دیگر جگہوں میں پہنچ گئیں ہیں، اور مالک بآسانی بغیر شکار کئے ہوئے پکڑنے پر قادر نہیں ہے، تو وہ مچھلیاں اُس کی ملکیت سے خارج ہوگئیں؛ لہٰذا اُن مچھلیوں کو دوسرے لوگوں کے لئے پکڑنا اور مارنا جائز ہے۔

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: الصيد لمن أخذ لا لمن أثاره. (نصب الراية للزيلعي / قبيل كتاب الرهن ٣١٩/٤ المجلس العلمي ڈابهيل)

قال في الأصل: ومن اصطاد سمكةً من نهرٍ جار لرجل لا يقدر على أخذ صيده فهو للذي أخذه. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الصيد / الباب الثاني في بيان ما يملك به الصيد وما لا يملك به ٤٢٠/٥ زكريا)

والحاصل – كما في الفتح – أنه إذا دخل السمک في حظيرة، فإما أن

Marfat.com

يعدها لذلک أولاً، ففي الأول يملكه وليس لأحد أخذُه. ثم إن أمكن أخذه بلا حيلة جاز بيعه؛ لأنه مملوک مقدور التسليم، وإلا لم يز، لعدم القدرة على التسليم. وفي الثاني لا يملكه، فلا يجوز بيعه لعدم الملک، إلا أن يسدّ الحظيرة إذا دخل، فحينئذٍ يملكه. ثم أن أمكن أخذه بلا حيلة جاز بيعه وإلا فلا. وإن لم يعدها لذلک لكنه أخذه وأرسله فيها ملكه. (رد المحتار، كتاب البيوع / باب البيع الفاسد ٦١/٥ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٨/٥/١٤١٩ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

سڑک کے گڑھوں اور ٹاؤن کے نالہ میں چلی جانے والی پلی ہوئی مچھلی کا شکار کرنا؟

سوال (١٠):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: تالاب میں ہوکر ٹاؤن کا نالا گیا ہے، جو تالاب کے ایک جانب ہے، تو کیا اُس میں مچھلیاں مارنا درست ہے یا نہیں؟ اور ان تمام جگہوں پر سیلاب کی وجہ سے مچھلیاں نہ روک سکے، آیا جو لوگ کھیتوں میں نالوں میں سڑک کے گڑھوں میں مچھلیاں مار کر کھاتے ہیں اور مارنے والوں کو معلوم ہے کہ یہ پلی ہوئی مچھلیاں ہیں، تو اُن کا کھانا حرام ہے یا حلال؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ٹاؤن کا نالہ جو تالاب کے ایک جانب ہے، بارش یا سیلاب کی وجہ سے جو مچھلیاں اُس میں اور سڑک کے گڈھوں وغیرہ جگہوں میں چلی گئیں اور مالک بغیر شکار کے پکڑنے پر قادر نہیں ہے، تو وہ مچھلیاں آزاد ہوگئیں؛ لہٰذا اُن مچھلیوں کو دوسرے لوگوں کے لئے پکڑنا اور کھانا حلال ہے۔

Marfat.com

ولو كان الماء كثيرًا لا يقدر على السمك الذي فيه إلا بصيد فمن اصطاد منه شيئًا فهو له. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الصيد / الباب الثاني في بيان ما يملك به الصيد وما لا يملك به ٤١٨/٥ زكريا)

رجل هيّأ موضعًا يخرج منه الماء إلى أرض له، ليصيد السمك في أرضه فخرج الماء من ذلك الموضع إلى أرضه بسمك كثير، ثم ذهب الماء وبقي السمك في أرضه، أو لم يذهب الماء إلا أنه قل، حتى صار السمك يؤخذ بغير صيد، فلا سبيل لأحد على هذا السمك، وهو لرب الأرض، ومن أخذ منه شيئًا ضمنه، ولو كان الماء كثيرًا لا يقدر على السمك الذي فيه إلا بصيد، فمن اصطاد منه شيئًا فله. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الصيد / الفصل الثاني في بيان ما يملك لصيد وما لا يملك ٤٥٣/١٨ رقم: ٢٩٥٥٦ زكريا)

فإن اجتمع بغير صنعه لم يملكه، سواء أمكنه من غير حيلة أو لا. (البحر الرائق / باب البيع الفاسد ١١٩/٦ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۵/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

برف باری اور جھیلوں میں ٹھنڈک کی وجہ سے مرنے والی مچھلیوں کا حکم؟

سوال (۱۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: پہاڑی علاقوں میں بہت برف باری ہوتی ہے، تو جھیلوں کی مچھلیاں ٹھنڈک کی وجہ سے مر کر پانی کے اوپر آجاتی ہیں اور بسا اوقات ندی اور نالوں میں بہہ کر نیچے بڑے دریاؤں میں بھی نظر آتی ہیں، تو اُن مچھلیوں کو کھانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو مچھلیاں برف باری اور ٹھنڈک کی وجہ سے مر کر پانی

Marfat.com

کے اُوپر آجاتی ہیں اور بسا اَوقات دریاؤں میں بھی نظر آتی ہیں، تو مفتی بہ قول کے مطابق اُن مچھلیوں کا کھانا جائز ہے؛ اِس لئے کہ اُن کی موت ٹھنڈ کی وجہ سے واقع ہوئی ہے، جو سبب حادث ہے؛ لہٰذا یہ مچھلیاں سمک طافی (خود بخود مرجانے والی) کے حکم میں نہیں ہوں گی۔

عن سعد الجاري قال: سألت ابن عمر وابن عمرو عن الحيتان تموت صردًا، أو يقتل بعضها بعضًا؟ قالا: حلال. (المصنف لابن أبي شيبة، كتاب الصيد / الحيتان يقتل بعضها بعضًا ١٠/ ٤١٦ رقم: ٢٠١٣٢، وكذا في السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب الصيد والذبائح / باب ما لفظ البحر وطفا من ميتة ١٤/ ١٥٩ رقم: ١٩٥١٤، ٩/ ٤٧٥ رقم: ١٨٩٨٧ دار الحديث القاهرة)

عن سعد الجاري مولىٰ عمر بن الخطاب رضي الله عنه أنه قال: سألت عبد الله بن عمر رضي الله عنهما عن الحيتان يقتل بعضها بعضًا، أو تموت صردًا؟ فقال: ليس بها بأس، قال سعد: ثم سألت عبد الله بن عمرو بن العاص؟ فقال: مثل ذلك. (السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب الصيد والذبائح / باب ما لفظ البحر وطفا من ميتة ١٤/ ١٥٩ رقم: ١٩٥١٤، وكذا في المصنف لابن أبي شيبة ١٠/ ٤١٦ رقم: ٢٠١٣٢)

ثم الأصل: قال في شرح القدوري للزاهدي: ثم الأصل في السمك عندنا إذا بافةٍ يحل كالماخوذ والميت بالحر والبرد والإنخناق تحت الجمد أو إبانة بعضه أو اصطياد غيره ونحوها، وإذا مات من غير آفة لايحل كالطافي.

(حاشية شلبي على تبيين الحقائق، كتاب الذبائح / فصيل فيما يحل وما لا يحل ٦/ ٤٧١ زكريا)

وإذا مات السمك من الحر أو البرد أو كدر الماء، ففيه روايتان عند الحنفية ..... والثانية أنه يؤكل؛ لأن هذه الأمور الثلاثة أسباب للموت في الجملة فيكون ميتًا بسبب حادث، فلا يعتبر طافيًا وهٰذا هو الأظهر، وبه يفتى. (الموسوعة الفقهية ٥/ ١٢٨ كويت)

ثم السمك الطافي الذي لا يحل أكله عندنا هو الذي يموت في الماء حتف

Marfat.com

أنفه بغير سبب حادث منه، سواء على وجه الماء أو لم يعل بعد أن مات في الماء حتف أنفه من غير سبب حادث. وقال بعض مشايخنا هو الذي يموت في الماء بسبب حادث ويعلو على وجه الماء، فإن لم يعلو يحل. والصحيح هو الحد الأول وتسميته طافيًا لعلوه على وجه الماء عادةً. (بدائع الصنائع / كتاب الذبائح والصيد ٤/١٤٥ المكتبة النعيمية ديوبند)

قال محمد رحمه الله: يحل أكله، وبه أخذ الفقيه أبو الليث، وعليه الفتوىٰ.

(الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الصيد / الفصل السابع في صيد السمك ١٨/٤٩٠ رقم: ٢٩٧٠٠ زكريا)

والطافي هو الذي مات في الماء حتف أنفه بغير سبب حادث سواء أعلا فوق وجه الماء أم لم يعل وهو الصحيح. (الموسوعة الفقهية ٥/١٢٨) فقط والله تعالىٰ اعلم

املاه: احقر محمد سلمان منصور پوری ٥/٣/١٤٣٦ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

تالاب کی حدود سے باہر مچھلی مارنا؟

سوال (١٢):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: تالاب کی حدود کے کتنی دور تک مچھلی نہیں مار سکتے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: تالاب کے مالک نے جتنی دور تک مچھلی روکنے کا انتظام کیا ہے، اُس کے باہر بھی جگہ مچھلی مارنا جائز ہے، جب کہ خود مالک اُن مچھلیوں کو پکڑنے پر قادر نہ ہو۔

عن جابر بن عبد الله رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما ألقى البحر أو جزر عنه فكلوه. (سنن أبي داؤد، كتاب الأطعمة / باب فى أكل الطافي من السمك ٢/٣٤٥ رقم: ٣٨١٥ دار الفكر بيروت، سنن ابن ماجة، كتاب الصيد / باب الطافي من صيد البحر ص: ٢٣٤ رقم: ٣٢٤٧ دار الفكر بيروت)

وإذا انحسر الماء عنها يؤكل، وكذلك ما نبذها الماء، وألقاها على

Marfat.com

الحدّ يؤكل. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الصيد / الفصل السابع في صيد السمك ١٨/ ٤٩٠ رقم: ٢٩٧٠٤ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۵/۱۴۱۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

تالاب میں پالی ہوئی مچھلیوں کے علاوہ مچھلی مارنا؟

سوال (۱۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: تالاب میں تین قسم کی مچھلیاں پلی ہوئی ہیں، اُن کو نیز اُن کے علاوہ دوسری قسم کی مچھلیاں مارنا تالاب کے اندر یا باہر کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مملوکہ تالاب کے اندر ہر قسم کی مچھلیاں پلی ہوئی غیر پلی ہوئی مارنا اور پکڑنا مالک کی اِجازت کے بغیر جائز نہیں ہے، اور تالاب کی حدود سے باہر ہر قسم کی مچھلیاں مارنا جائز ہے۔

رجل هيأ موضعًا يخرج منه الماء إلى أرض له ليصيد السمك في أرضه فخرج الماء من ذٰلك الموضع إلى أرضه بسمك كثير ثم ذهب الماء وبقي السمك في أرضه أو لم يذهب الماء، إلا أنه قل، حتى صار السمك يؤخذ بغير صيد، فلا سبيل لأحد على هٰذا السمك، وهو لرب الأرض، ومن أخذ منه شيئًا ضمنه. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الصيد / الباب الثاني في بيان ما يملك به الصيد وما لا يملك به ٥/ ٤١٨ كراچی، البحر الرائق، كتاب البيوع / باب المتفرقات ٦/ ١٧٨) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۵/۱۴۱۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

زندہ کیچوے اور کیڑے کانٹے میں لگا کر مچھلی کا شکار کرنا

سوال (۱۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: بنسی گل کے ذریعہ کیچوا، کیڑا چھوٹی مچھلی کا شکار کرنا کیسا ہے؟ اور پھر اُس مچھلی کا کھانا کیسا ہے؟ بعض عالم نے بعض علاقہ میں اِس طرح شکار کرنے کو ناجائز اور مکروہ تحریمی بتایا، جس کی وجہ سے بہت سے لوگوں نے اِس طرح شکار کرنا اور کھانا چھوڑ دیا ہے۔ عالم صاحب سے کراہت کی وجہ پوچھی گئی تو بتایا کہ ایک جاندار کو حاصل کرنے کے لئے دوسرے جاندار کو ایذاء پہنچتی ہے، اور دلیل مانگنے پر فرمایا دیوبند کا فتویٰ یہی ہے؛ لیکن کسی کتاب کا حوالہ نہیں دیا، اِس کے برعکس بڑے عالموں میں سے ایک عالم صاحب سے اِس بابت معلوم کیا گیا، تو اِس طرح شکار کرنے کو اور اُس کے کھانے کے بارے میں فرمایا کہ کوئی کراہت نہیں۔ اِسی طرح ایک مفتی صاحب سے اِس کے متعلق دریافت کرنے پر جواب دیا کہ ناجائز تو کیا مکروہ بھی نہیں ہے، اِس طرح شکار کرنا درست اور اُس سے حاصل کی ہوئی مچھلی کا کھانا بھی درست ہے۔ اِن دونوں فریقین میں سے کسی نے بھی کوئی مدلل جواب نہیں دیا، اِس لئے عمل کرنے والوں کے لئے مشکل درپیش ہوگئی ہے، جواب تحریر فرمادیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زندہ کیچوے کیکڑے اور چھوٹی مچھلی کو کانٹے میں لگا کر مچھلی کا شکار کرنا مکروہ ہے؛ اِس لئے کہ اِس میں ایک جاندار کو بلاوجہ تکلیف دینا پایا جاتا ہے؛ تاہم اِس طرح جو مچھلی شکار کی جائے گی اُس کے کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ نیز اگر کانٹے میں لگانے سے پہلے مار دیا جائے اور مار کر کانٹے میں پرو دیا جائے، تو اِس میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے۔

وکرہ الصید بالخراطیم حیۃ، وکذا بکل شيءٍ فیہ الروح لما فیہ من تعذیب الحیوان. (إعلاء السنن ۲۰/۱۷ کراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۶/۱۱/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کیچوے سے مچھلی کا شکار کرنا؟

سوال (۱۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: ہمارے یہاں مچھلی کا شکار کانٹوں کے ذریعہ کیا جاتا ہے، اور کانٹوں میں چارہ کے طور پر کھیسے (کیچوے) کا استعمال کرتے ہیں، تو کیچوے سے مچھلی کا شکار کرنا شریعت کی نظر سے کیسا ہے؟ جائز ہے یا ناجائز؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کیچوے سے مچھلی کا شکار کرنا جائز ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاویٰ ۴/۹۷، احسن الفتاویٰ ۷/۴۰۸) لیکن زندہ کیچوئے کو کانٹے میں نہ لگائیں؛ بلکہ اولاً کیچوے کو ماردیں پھر اُسے کانٹے میں لگائیں۔

وحل اصطياد ما يؤكل لحمه وما لا يؤكل لحمه لمنفعة جلده أو شعره أو ريشه أو لدفع شره، وكله مشروع لإطلاق النص. (الدر المختار / كتاب الصيد ٦/٤٧٤ دار الفكر بيروت، ١٠/٦٤ زكريا)

ويجوز اصطياد ما يؤكل لحمه ..... أو ريشه أو لاستدفاع شره، وكل ذلك مشروع، وفي القنية: يجوز ذبح الهرة والكلب لنفع ما. (الهداية ٤/٥١٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳۰/۵/۱۴۱۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

حرام چیز سے مچھلی پکڑنا؟

سوال (۱۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حرام چیز سے مچھلی پکڑنا جائز ہے یا نہیں؟ جیسے مینڈک اور کچھوا وغیرہ سے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جائز ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاویٰ ۴/۹۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۵/۹/۱۴۱۷ھ

Marfat.com

ماکول اللحم جانور

قرآن میں گوشت کی حلت کا حکم؟

سوال (۱۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قرآنِ کریم میں ذبیحہ جانورون کے گوشت کی حلت کا حکم ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قرآنِ کریم میں حلال جانوروں اور اُن کے گوشت وغیرہ کی حلت کا حکم صراحۃً موجود ہے۔

قال اللّٰہ سبحانہ تعالیٰ: ﴿اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ﴾

[المائدة، جزء آیت: ۱]

یعنی حلال ہوئے تمہارے لئے چوپائے مویشی سوائے اُن کے جو تم کو آگے سنائے جاویں گے۔ نیز یہ آیت بھی ہے:

وقال تعالیٰ: ﴿وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ﴾

[النحل، جزء آیت: ۵] فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۲/۲/۱۶ھ

نیل گائے کا حکم؟

سوال (۱۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: نیل گائے کا گوشت کھانا جائز ہے یا ناجائز؟ اگر جائز ہے تو اُس کی کیا کیا صورتیں ہیں؟ اور

Marfat.com

اُس کا نام عربی، ہندی اور انگریزی میں کیا ہے؟ وضاحت فرمائیں، نوازش ہوگی۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نیل گائے جس کو عربی میں ''حمار وحشی'' کہا جاتا ہے، شرعاً حلال ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اِس کا گوشت نوش فرمایا ہے۔ ہندی اور انگریزی میں کیا کہتے ہیں، اِس کے لئے ڈکشنری ملاحظہ کی جائے۔

عن أبي قتادة رضي اللّٰہ عنه أنه كان مع النبي صلى اللّٰہ عليه وسلم، حتى إذا كان ببعض طريق مكة تخلف مع أصحاب له محرمين، وهو غير محرم، فرأى حمارًا وحشيًا، فاستوى على فرسه، فسأل أصحابه أن يناولوه سوطه فأبوا، فسألهم رمحه فأبوا عليه، فأخذ فشد على الحمار فقتله، فأكل منه بعض أصحاب النبي صلى اللّٰہ عليه وسلم، وأبي بعضهم، فأدركوا النبي صلى اللّٰہ عليه وسلم فسألوه عن ذٰلک، فقال: إنما هي طعمة أطعمكوها اللّٰہ. (سنن الترمذي، أبواب الحج / باب ما جاء في أكل الصيد للمحرم ۱/۱۷۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۲۵/۶/۴ھ

''مہوکا'' کھانا کیسا ہے؟

سوال (۱۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ''مہوکا'' کھانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ''مہوک'' کوئل کی قسم کا ایک پرندہ ہے۔ (جامع فیروز اللغات ۱۳۲۴)

تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ اس کی غذا حلال ہے، عام طور پر اگنے کے کھیت وغیرہ میں پایا

Marfat.com

جاتا ہے، اگر واقعہ ایسا ہی ہے کہ وہ گندگی نہیں کھاتا تو اُس کا کھانا حلال ہے۔

وأما غراب الأبقع والأسود فهو أنواع ثلاثة: نوع يلتقط الحب ولا يأكل الجيف وليس بمكروه. (شامي / كتاب الذبائح ٤٤٣/٩ زكريا، البحر الرائق / كتاب الذبائح ٣١٣/٨ زكريا)

ولا بأس بغراب الزرع؛ لأنه يأكل الحب والزرع، ولا يأكل الجيف، هكذا روى بشر بليد عن أبي يوسف، قال: سألت أبا حنيفة عليه الرحمة عن أكل الغراب، فرخص في غراب الزرع، وكره الغداف، فسألته عن الأبقع، فكره ذلك. (بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع للكاساني ٤٠/٥ بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۲۲/۴/۳۰ھ

حلال جانور کی بٹ اور اوجھڑی کا حکم

سوال (۲۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حلال شدہ جانور کا گوشت تو حلال ہے؛ البتہ جانور کی جو اوجھڑی ہوتی ہے جیسے بٹ وغیرہ، اس کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟ آیا جائز ہے یا ناجائز؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حلال جانوروں کی اوجھڑی اور بٹ کھانا شرعاً درست ہے؛ لیکن اُسے اچھی طرح پاک وصاف کرکے ہی استعمال کرنا چاہئے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۲۹۵/۱۷ ڈابھیل)

وأما بيان ما يحرم أكله من أجزاء الحيوان المأكول، فالذي يحرم أكله منه سبعة: الدم المسفوح، والذكر، والأنثيان، والقبل، والغدة، والمثانة، والمرارة، لقوله تعالىٰ: ﴿وَيَحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتُ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَآئِثَ﴾ وهٰذه الأشياء السبعة مما تستخبثه الطبائع السليمة فكانت محرمة. (بدائع الصنائع، كتاب الذبائح / فصل فيما يحرم

Marfat.com

أكله من أحزاء الحيوان ٢٧٢/٦ دار الكتب العلمية بيروت، ١٩٠/٤ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۷/۳/۱۴۲۶ھ

طوطا کھانا؟

سوال (۲۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: طوطا کھانا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: طوطا کھانا حلال ہے، اُس میں حرمت کی کوئی وجہ نہیں پائی جاتی، نہ تو مردار کھاتا ہے نہ ہی چنگل سے شکار کرتا ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۲۳۳/۱۸ ڈابھیل)

وما لا مخلب له من الطير، والمستأنس منه كالدجاج والبط، والمتوحش كالحمام والفاختة والعصافير والقبج والكركى والغراب الذي يأكل الحب والزرع ونحوها حلالٌ بالإجماع، كذا في البدائع. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الثاني في بيان ما يؤكل لحمه وما لا يؤكل ٢٨٩/٥ زكريا، وكذا في مجمع الأنهر / فصل فيما يحل أكله وما يحرم ٥١٢/٢ دار إحياء التراث العربي بيروت، وكذا في المحيط البرهاني / الفصل الأول في بيان ما يؤكل لحمه ٤٣١/٦ المكتبة الغفارية كوئٹه، وكذا في معين الحكام / نوع فيما يؤكل وفيما لا يؤكل ٣٨٠ مصر) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۶/۳/۱۴۱۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کوّے کی کونسی قسم حلال ہے؟

سوال (۲۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کوے کا کھانا مطلق حرام ہے یا کوئی خاص کوا ہے، جس کا کھانا ناجائز ہے؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کواتین قسم کا ہوتا ہے، ایک وہ کوا جو صرف دانہ کھاتا ہے، اور عموماً آبادی میں نہیں رہتا؛ بلکہ جنگل میں رہتا ہے، وہ جنگلی کبوتر کی طرح حلال ہے۔ دوسرا وہ کوا ہے جو غلیظ اور مردار کھاتا ہے، اُس کی یہی غذا ہے، وہ گدھ کی طرح حرام ہے، تیسرا وہ کوا ہے جو دانہ کھاتا ہے اور کبھی غلیظ مردار بھی کھالیتا ہے، وہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک مرغی کی طرح حلال ہے۔

(مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۸/۲۲۷ ڈابھیل، ۲۷/۱۹۰ میرٹھ، فقہی مقالات ۲/۳۱۳)

وأما الغراب الأبقع والأسود أنواع ثلاثة: نوع يلتقط الحب ولا يأكل الجيف وليس بمكروه، ونوع لا يأكل إلا الجيف وهو الذي سماه المصنف الأبقع وإنه مكروه، ونوع يخلط يأكل الحب مرة والجيف أخرىٰ وهو غير مكروه عنده. (شلبي / كتاب الذبائح ٤٤٣/٩ زكريا، عناية ٥٠٠/٩)

والغراب الذي يأكل الحب والزرع ونحوها حلالٌ بالإجماع، كذا في البدائع ..... وعن أبي يوسف رحمه اللّٰه تعالىٰ قال: سألت أبا حنيفة عن العقعق، فقال: لا بأس به، فقلت: إنه يأكل النجاسات، فقال: إنه يخلط النجاسة بشيءٍ آخر، ثم يأكل. فكان الأصل عنده أن ما يخلط كالدجاج لا بأس. وقال أبو يوسف رحمه اللّٰه تعالىٰ: يكره العقعق كما تكره الدجاجة، كذا في فتاوىٰ قاضي خان. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الذبائح / الباب الثاني ٢٨٩/٥-٢٩٠ زكريا)

والأبقع – مجاز مرسلٌ عن الغراب – فإنه ثلاثة أنواع: الأبقع ما فيه سواد وبياض، والأسود والزاغ: الذي يأكل الجيف، أي لا يأكل إلا الجيفة وجثة الميت. وفيه إشعار بأنه لو أكل من كل من الثلاثة الجيفة والحب جميعًا، نل ولم يكره، وقالا: يكره. والأول أصح، كما في الخزانة. (جامع الرموز / كتاب الذبائح ٣٥٠/٢ طبع ايران)

وأما الغراب الأبقع والأسود فهو أنواع ثلاثة: نوع يلتقط الحبّ ولا يأكل

Marfat.com

الـجيف، وليس بمكروه. ونوع منه لا يأكل إلا الجيف، وهو الذي سماه المصنف الأبـقـع الـذي يأكل الجيف، وإنه مكروه. ونوع يخلط: يأكل الحب مرةً والجيف أخرىٰ، ولـم يذكره في الكتاب، وهو غير مكروهٍ عند أبي حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ، مكروهٌ عند أبي يوسف رحمه اللّٰه تعالىٰ. قوله: وكذا الغداف، وهو غراب القيظ لا يؤكـل. وأصـل ذٰلك أن مـا يـأكل الجيف، فلحمه نبت من الحرام، فيكون خبيثًا عادةً، وما يأكل الحبّ لم يوجد ذٰلك فيه، وما يخلط كالدجاج والعقعق، فلا بأس بأكله عند أبي حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ، وهو الأصح. (العناية شرح الهداية على هامش فتح القدير، كتاب الذبائح / فصل فيما يحل أكله وما لا يحل ٩/ ٥٠٠ مصطفىٰ البابي الحلبي مصر)

قـولـه: والـغـراب الأبـقـع، هـو الـذي فيـه سواد وبيـاض الخ، مكي عن الـكشف. وذكـر فـي الـظهيـرية أن الـغـراب الأسود، والأبقع ثلاثة أنواع: نوع يـلتقـط الـحـب ولا يـأكل الجيف، وهو غير مكروه. ونوع يأكل الجيف، وهو مـكـروه. ونـوع آخـر يـأكـل الـحب مرةً والجيف أخرىٰ، وإنه غير مكروه عند الإمـام، خـلافًـا لأبـي يـوسف الـخ، مكي. قوله: لأنه ملحق بالخبائث، فإن لحمه ينبت من الحرام، عيني وأكمل ..... قوله: النسر، هو خلاف ما قاله مسكين: إنه العـقـعـق. وعـن أبـي يـوسف قال: سألت أبا حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ عن العقعق، فـقـال: لا بـأس بـه، فـقـلـت: إنه يأكل النجاسة، فقال: إنه يخلط النجاسة بشيء آخر، ثم يأكل. فالأصل عنده أن ما يخلط كالدجاج لا بأس به. وقال أبو يوسف رحـمـه اللّٰه تعالىٰ: يكره العقعق كما تكره الدجاجة الخ. (حـاشية الطحطاوي على الدر المختار / كتاب الذبائح ٤/ ١٥٦ دار المعرفة بيروت)

وحـل غـرب الـزرع؛ لأنـه يـأكـل الـحب، وليس من سباع الطير ولا من الـخبـائـث. قـال: لا الأبـقـع الذي يأكل الجيف والضبع ..... أما الغراب الأبقع،

Marfat.com

فلأنه يأكل الجيف، فصار كسباع الطير. والغراب ثلاثة أنواع: نوع يأكل الجيف فحسب؛ فإنه لا يؤكل. ونوع يأكل الحب فحسب، فإنه يؤكل. ونوع يخلط بينهما وهو أيضًا يؤكل عند الإمام عند الإمام، وهو العقعق؛ لأنه يأكل الدجاج. وعن أبي يوسف رحمه الله تعالىٰ أنه يكره أكله؛ لأنه غالب أكلهالجيف، والأول أصح. (البحر الرائق، كتاب الذبائح / فصل فيما يحل ولا يحل ٣١٣/٨- ٣١٤ زكريا)

ويكره (غراب الأبقع، والغداف، وهو الغراب) الأسود الكبير، لما روي عن عروة عن أبيه أنه سئل عن أكل الغراب، فقال: من يأكل بعد ما سماه الله تبارك وتعالىٰ فاسقًا؟ عنىٰ بذلك قول رسول الله صلى الله عليه وسلم: خمس من الفواسق يقتلهن المحرم في الحل والحرم. ولأن غالب أكله الجيف، فيكره أكلها كالجلالة. ولا بأس بغراب الزرع؛ لأنه يأكل الحب والزرع ولا يأكل الجيف.

هٰكذا روى بشر بن الوليد عن أبي يوسف رحمه الله تعالىٰ، قال: سألت أبا حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ عن أكل الغراب، فرخّص في غراب الزرع وكره الغداف. فسألته عن الأبقع، فكره ذٰلك. وإن كان غرابًا يخلط فيأكل الجيف ويأكل الحب لا يكره في قول أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ. قال: وإنما يكره من الطير ما لا يأكل إلا الجيف. ولا بأس بالعقعق؛ لأنه ليس بذي مخلب ولا من الطير الذي لا يأكل إلا الحب، كذا روى أبو يوسف أنه قال: سألت أبا حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ في أكل العقعق، فقال: لا بأس به، فقلت: إنه يأكل الجيف، فقال: إنه يخلط. فحصل من قول أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ أن ما يخلط من الطيور لا يكره أكله كالدجاج. وقال أبو يوسف رحمه الله تعالىٰ: يكره؛ لأن غالب أكله الجيف. (بدائع الصنائع، كتاب الذبائح / فصل فيما يكره من الحيوانات ١٩٧/٦ دار الكتب العلمية بيروت، ١٥٤/٤-١٥٥ زكريا، الهداية مع حاشية العلامة عبد الحي اللكهنوي، كتاب

Marfat.com

الذبائح / فصل فيما يحل أكله وما لا يحل ۱۳۸/۷ إدارة القرآن كراچی، ٤٤٠/٤ مكتبة بلال ديوبند، تبيين الحقائق / كتاب الذبائح ٤٦٦/٦-٤٦٧ دار الكتب العلمية بيروت، وكذا في الفتاوىٰ السراجية ۸۷ كراچی، ۳۷۵ زكريا، بحواله: تعليقات فتاوىٰ محمودية ۲۲۱/۱۸-۲۲٤ ڈابھيل) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۷/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کالا بغلہ کھانا جائز ہے یا سفید؟

سوال (۲۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بغلہ دو طرح کا ہوتا ہے: (۱) کالا (۲) سفید۔ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ سفید کھانا جائز ہے، اور کچھ لوگ کہتے ہیں کہ کالا کھانا جائز ہے۔ قرآن وسنت کی روشنی میں یہ بتلائیں کہ کونسا بغلہ کھانا جائز ہے؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: دونوں قسم کے بغلوں کا کھانا حلال ہے۔ (احسن الفتاویٰ ۴۱۰/۷)

وما لا مخلب له من الطير والمستأنس منه كدجاج والبط والمتوحش كالحمام والفاختة والعصافير ونحوها حلال بالإجماع. (الفتاوى الهندية، كتاب الكراهية / الباب الثاني ۲۸۹/۵، بدائع الصنائع ۱۵۳/٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۱/۸/۱۴۲۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

دریا کے کنارے پر رہنے والے بگلہ کا شکار کرنا؟

سوال (۲۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بگلہ ایک قسم کا پرندہ ہے، اکثر دریاؤں کے کنارے رہتا ہے، زید نے اُس کا شکار کیا، تو کیا اُس کا کھانا بلا قباحت جائز ہے یا کچھ اختلاف ہے؟ حضرت امام ابوحنیفہؒ کا مسلک کیا ہے؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بگلہ جو دریاؤں کے کنارے رہتا ہے وہ مطلقاً حلال

Marfat.com

ہے اور جو عام طور پر کھیتوں میں رہتا ہے اور نجاست بھی کھاتا ہے، تو وہ نجاست کھانے والی مرغیوں کے حکم میں ہے، یعنی تین روز پالنے کے بعد کھانا بلا کراہت جائز ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۲۲۸/۱۸ ڈابھیل)

ولا بأس بغراب الزرع؛ لأنه يأكل الحب والزرع ولا يأكل الجيف.

هٰكذا روى بشر بن الوليد عن أبي يوسف رحمه اللّٰه تعالىٰ، قال: سألت أبا حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ عن أكل الغراب، فرخّص في غراب الزرع وكره الغداف. فسألته عن الأبقع، فكره ذٰلك. وإن كان غرابًا يخلط فيأكل الجيف ويأكل الحب لا يكره في قول أبي حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ. قال: وإنما يكره من الطير ما لا يأكل إلا الجيف. ولا بأس بالعقعق؛ لأنه ليس بذي مخلب ولا من الطير الذي لا يأكل إلا الحب، كذا روى أبو يوسف أنه قال: سألت أبا حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ في أكل العقعق، فقال: لا بأس به، فقلت: إنه يأكل الجيف، فقال: إنه يخلط. فحصل من قول أبي حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ أن ما يخلط من الطيور لا يكره أكله كالدجاج. وقال أبو يوسف رحمه اللّٰه تعالىٰ: يكره؛ لأن غالب أكله الجيف. (بدائع الصنائع، كتاب الذبائح / فصل فيما يكره من الحيوانات ۱۹۷/٦ دار الكتب العلمية بيروت، الهداية مع حاشية العلامة عبد الحي اللكهنوي، كتاب الذبائح / فصل فيما يحل أكله وما لا يحل ۱۳۸/۷ إدارة القرآن كراچی، تبيين الحقائق / كتاب الذبائح ٤٦٦/٦-٤٦٧ دار الكتب العلمية بيروت، وكذا في الفتاوىٰ السراجية ۸۷ كراچی، بحواله: تعليقات فتاوىٰ محمودية ۲۲۱/۱۸-۲۲٤ ڈابھیل) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۷/۱۴۱۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

پھتوری نامی پرندے کا حکم؟

سوال (۲۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: ایک سانس کا مریض ہے، علاج کرنے والے ہندو ہیں، مریض کو پھتوری پکار کر کھلاتے ہیں اور بھی دوائیں اُس میں استعمال کرتے ہیں، تو کیا پھتوری جائز ہے یا ناجائز؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: پھتوری کے بارے میں تحقیق کرنے سے معلوم ہوا کہ ایک پرندہ اُلو کے مانند ہوتا ہے، جو دن بھر سوتا ہے اور رات میں جاگتا ہے، اِس لئے اُس کا حکم بھی اُلو کے مانند ہوگا، یعنی حنفیہ کے نزدیک اس کا کھانا درست ہے۔

قال الشامي: عندنا يؤكل الخطاف والبوم. (شامي / كتاب الحظر والإباحة ٣٠٦/٦ كراچی)

وفي الهندية: والبوم يؤكل. (الفتاوى الهندية، كتاب الكراهية / الباب الثاني ٢٩٠/٥)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۳/۲/۳ھ

سوکھی مچھلی کھانا؟

سوال (۲۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: سوکھی مچھلی کا کھانا کیسا ہے؟ بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ مکروہ ہے، اگر مکروہ ہے تو تنزیہی یا تحریمی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر آلائش نکال کر مچھلی کو سکھایا گیا، تو اُس کے کھانے میں کسی طرح کی کراہت نہیں ہے، اور اگر آلائش نکالے بغیر سکھایا گیا ہے، تو اِس بارے میں اختلاف ہے، بعض علماء کے نزدیک مکروہ ہے، بعض کے نزدیک مکروہ نہیں ہے، اِس لئے اختلاف سے بچنے کے لئے بہتر یہی ہے کہ ایسی سوکھی ہوئی مچھلیوں کے کھانے سے احتراز کیا جائے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۲۰۹/۱۸ ڈابھیل، احسن الفتاویٰ ۳۸۹/۷)

Marfat.com

وفي السمك الصغار التي تقلى من غير أن يشق جوفه، فقال أصحابه أي أصحاب الشافعي: لا يحل أكله؛ لأن رجيعه نجس، وعند سائر الأئمة يحل. (شامي / كتاب الذبائح ۹/۶ ۳۰ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۶/۱۱/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بازار میں فروخت ہونے والی مری ہوئی مچھلی کا حکم؟

سوال (۲۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: آج کل جو مچھلی بازار میں فروخت ہوتی ہے وہ دور دراز علاقوں سے ہفتوں کی مسافت بعد بازار میں فروخت ہوتی ہے، کیا اُس مچھلی کا کھانا جائز ہے؟ بعض لوگ کہتے ہیں کہ اُس مچھلی کا کھانا جائز نہیں ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بازار میں فروخت ہونے والی مچھلیاں خود بخود نہیں مرتیں؛ بلکہ جال سے پکڑنے کے بعد خشکی میں رکھے جانے، یا پانی کی کمی کی وجہ سے مرتی ہیں اور پھر اُنہیں برف یا فریزر میں رکھا جاتا ہے؛ تاکہ اُن کا گوشت خراب نہ ہو، اِس لئے ایسی مچھلیوں کو فروخت کرنا اور اُن کا کھانا بلاشبہ حلال ہے۔

أحلت لنا الميتتان: السمک والجراد. (مشكاة المصابيح، كتاب الصيد / باب ما يحل أكله وما يحرم، الفصل الثاني ۳۶۱ ۳۶۱، سنن ابن ماجة، أبواب الصيد / باب صيد الحيتان والجراد ۲۳۲)

أي في حال الاختيار والاضطرار. (مرقاة المفاتيح ۱۴۲/۸ المكتبة الأشرفية ديوبند)

وقال الحصكفي رحمه اللّٰه تعالىٰ: بخلاف السمک (وأنواع السمک بلا ذكاة) لحديث: "أحلت لنا ميتتان: السمک والجراد". (الدر المختار) وقال الشامي رحمه اللّٰه تعالىٰ: وهو مشهور مؤيد بالإجماع، فيجوز تخصيص الكتاب به، وهو قوله تعالىٰ: ﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ﴾ على أن حل السمک ثبت

Marfat.com

بـمـطـلـق قوله تعالىٰ: ﴿وَتَأْكُلُوْنَ مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا﴾ كفاية. وما عدا أنواع السمک من نـحو إنسان الماء وخنزيره خبيث، فبقي داخلاً تحت التحريم، وحديث: "هو الـطهـور ماءه والحل ميتته". المراد منه السمک كاٰية: ﴿اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ﴾ لأن الـسـمک مـراد بالإجماع، وبه تنتفي المعارضة بين الأدلة، فإثبات الحل فيما سواه يحتاج إلى دليل. (الدر المختار مع الشامي / كتاب الذبائح ۳۰۷/۶ كراچی)

ويستثنـى من ذٰلک: ميتة السمک والجراد، فإنها طاهرة، لحديث ابن عمر رضي اللّٰه تعالىٰ عنهما ..... الخ. (فقه السنة / كتاب الأطعمة ۲٤۱/۳ دار الكتاب العربي بيروت، وكذا في البحر الرائق، كتاب الذبائح / فصل فيما يحل وما لا يحل زكريا، ۱۷۲/۸ كراچی)

ولا يحل حيوان مائي، إلا السمک غير الطافي. (شامي ۳۰۷/۶ كراچی، زيلعي ٤٦۹/٦، البحر الرائق ۱۷۲/۸ كوئٹه، الهداية ٤٤۲/٤)

وكـذا إذا مـات فـي شبـكة لا يـقـدر عـلى التخلص منها جميع ما ذكر، وهو الأصـل فـي الـحـل ..... وأنـواع السـمک بـلا ذكـاةٍ لـحـديث أحلت لنا ميتان: السمک والجراد ودمان: الكبد والطحال. (شامي ٤٤٥/۹-٤٤٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۵/۵/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

دریائی جھینگا حلال ہے؟

سوال (۲۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایضاح المسائل کے مطالعہ سے معلوم ہوا کہ دریائی جھینگا حلال ہے، اَب اِس کی دو قسمیں ہیں: ایک کالا، دوسرا سفید۔ کیا دونوں حلال ہیں یا کچھ فرق ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: اکثر علماء کے نزدیک دریائی جھینگے کی سبھی اقسام حلال

Marfat.com

ہیں۔ (امداد الفتاویٰ/کھانے پینے کی حلال وحرام ومکروہ ومباح چیزوں کا بیان ۴/۱۰۳-۱۰۴ زکریا)

تاہم اختلاف علماء کی وجہ سے کوئی شخص اُسے کھانے سے پرہیز کرے تو بات الگ ہے۔

الروبيان : هو سمک صغيرٌ جدًا أحمر. (حياة الحيوان ٤٧٣/١)

الدود الذي يقال له ''جھینگا'' حرام عند بعض العلماء؛ لأنه لا يشبه السمک، فإنما يباح عندنا من صيد البحر أنواع السمک، وهٰذا لا يكون كذٰلک، وقال بعضهم: حلال؛ لأنه يسمى باسم السمک. (مجموعة الفتاوىٰ / كتاب الأكل والشرب ۲۹۷/۲ كراچی)

وأما الروبيان أو الإربيان الذي يسمى في اللغة المصرية: ''جمبري'' وفي اللغة الأردية: ''جھینگا'' وفي الإنكليزية: "SHRIMP" أو "PRAWN" فلا شک في حلته عند الأئمة الثلاثة؛ لأن جميع حيوانات البحر حلال عندهم. وأما عند الحنفية، فيتوقف جوازه على أنه سمک أولا، فذكر غير واحد من أهل اللغة أنه نوع من السمک، قال ابن دريد في جمهرة اللغة: ٤١٤/٣: وإربيان ضربٌ من السمک، وأقره في القاموس وتاج العروس: ١٤٦/١. وكذٰلک قال الدميري في حياة الحيوان: ٤٧٣/١: الروبيان هو سمک صغيرٌ جدًا أحمر. وأفتى غير واحد من الحنفية بجوازه بناءً على ذٰلک، مثل صاحب الحمادية.

وقال شيخ مشايخنا التهانويؒ في إمداد الفتاوىٰ: ١٠٣/٤: لم يثبت بدليل أن للسمک خواصّ لازمةٌ تنتفي السمكيةُ بانتفائها، فالمدار على قول العدول المبصرين ..... وإن حيوة الحيوان'' للدميري الذي يبحث عن ماهيات الحيوان يصرّ بأن الروبيان هو سمک صغير ..... فإني مطمئن إلى الآن بأنه سمک – ولعل الله يحدث بعد ذٰلک أمرًا .....

ولكن خبراء علم الحيوان اليوم لا يعتبرونه سمكًا، ويذكرونه كنوع

Marfat.com

مستقل، ويقولون: إنه من أسرة السرطان دون السمك. وتعريف السمك عند علماء الحيوان – على ما ذكر في دائرة المعارف البريطانية: ٩/٥٠٣، طبع ١٩٥٠م – هو حيوان ذو عمود فقرى، يعيش في الماء ويسبح بعوّاماته، ويتنفس بغلصمته، وإن الإربيان ليس له عمود فقرى، ولا يتنفس بغلصمته. وإن علم الحيوان اليوم يقسم الحيوانات إلى نوعين كبيرين: الأول: الحيوانات الفقرية (VERTEBRATE)، وهي التي لها عمود فقري في الظهر، ولها نظام عصبي يعمل بواسطته. والثاني: الحيوانات غير الفقرية (INVERTEBRATE) التي ليس لها عمود فقري، وإن السمك يقع في النوع الأول، والإربيان في النوع الثاني.

الذي ذكر في دائرة المعارف ٦/٣٦٣، طبع ١٩٨٨: أن التسعين في المائة من الحيوانات الحية تتعلق بهٰذا النوع، وأنه يحتوي على الحيوانات القشرية والحشرات، وكذٰلك عرّف البستاني السمك في دائرة المعارف ١٠/٦٠، بقوله: "حيوان من خلق الماء، وآخر رتبة الحيوانات الفقرية، دمه أحمر، يتنفس في الماء بواسطة خياشيم، وله كسائر الحيوانات الفقرية هيكل عظمى". وكذٰلك محمد فريد وجدي عرّفه بقوله: "السمك من الحيوانات البحرية، وهو يكوّن الرتبة الخامسة من الحيوانات الفقرية، دمها بارد أحمر، تتنفس من الهواء الذائب في الماء بواسطة خياشيمها، وهي محلاة بأعضاء تمكنها من المعيشة دائمًا، وتعوم فيه بواسطة عوّامات، ولبعضها عوامة واحدة ..... الخ".

وإن هٰذه التعريفات لا تصدق على الإربيان، وإنه ينفصل عن السمك بأنه ليس من الحيوانات الفقرية، فلو أخذنا بقول خبراء علم الحيوان، فإنه ليس سمكًا، فلا يجوز على أصل الحنفية. ولكن السوال هنا: هل معتبر في هٰذا الباب التدقيق العلمي في كونه سمكًا، أو يعتبر العرف المتفاهم بين الناس؟ ولا شك أن عند

Marfat.com

اختلاف العرف يعتبر عرف أهل العرب؛ لأن استثناء السمک من ميتات البحر، إنما وقع باللغة العربية، وقد أسلفنا أن أهل اللغة أمثال ابن دريد، والفيروز آبادي، والزبيدي، والدميري كلهم ذكروا أنه سمک. فمن أخذ بحقيقة الإربيان حسب علم الحيوان، قال: بمنع أكله عند الحنفية، ومن أخذ بعرف أهل العرب، قال: بجوازه.

وربما يرجع هٰذا القول بأن المعهود من الشريعة في أمثال هٰذه المسائل الرجوع إلى العرف المتفاهم بين الناس، دون التدقيق في الأبحاث النظرية، فلا ينبغي التشديد في مسئلة الإربيان عند الإفتاء، ولا سيما في حالة كون المسئلة مجتهدًا فيها من أصلها، ولا شک أنه حلال عند الأئمة الثلاثة، وأن اختلاف الفقهاء يورث التخفيف كما تقرر في محله، غير أن الاجتناب عن أكله أحوط وأولىٰ وأحرىٰ، واللّٰه سبحانه أعلم. (تكملة فتح الملهم، كتاب الصيد والذبائح / باب إباحة ميتات البحر ۳/۵۱۳، ۵۱۴ مكتبة دار العلوم كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۳/۹/۷ھ

یکے بعد دیگرے کئی مرغی ذبح کرکے گرم پانی میں ڈالنا؟

سوال (۲۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک برتن میں گرم پانی ہے، مرغی ذبح کرکے اُس میں ڈالتے ہیں، اِس طرح کئی مرغیاں ڈال کر نکالتے ہیں؛ لیکن پانی بدلا نہیں جاتا، کیا یہ جائز ہے؟ ایک دو مرغی ڈالنے کی اِجازت ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: مرغی جب پانی میں ڈالی جائے گی، تو دمِ مسفوح اور نجاست بھی اُس میں شامل ہوگی اور وہ پانی ناپاک ہوجائے گا؛ اِس لئے دوسری مرغی اُس میں نہیں ڈالنی چاہئے، اور جتنی مرغیاں بھی اُس میں ڈالی جائیں اُنہیں نکال کر صاف پانی سے پاک کرنا

Marfat.com

لازم ہے؛ تاکہ گوشت تک ناپاکی کا اثر نہ پہنچے۔

وفي فتح القدير: ولو ألقيت دجاجة حال الغليان في الماء قبل أن يشق بطنها لتُنتَفَ أو كَرِشٌ قبل الغسل لايطهرُ أبدًا، لكن على قول أبي يوسف يجب أن يُطهَّر على قانون ما تقدم في اللحم، قلت: وهو – سبحانه أعلم – هو معلل بتشربهما النجاسةَ المتخللة بواسطة الغليان، وعلى هٰذا اشتهر أن اللحم السميط بمصر نجس لا يطهَر، لكن العلة المذكورة لا تثبت حتى يصل الماء إلى حد الغليان، ويمكث فيه اللحم بعد ذلك زمانًا يقع في مثله التشرب والدخول في باطن اللحم، وكل من الأمرين غير متحقق في السميط الواقع، حيث لا يصل الماء إلى حد الغليان، ولا يترك فيه إلا مقدار مَا تَصِلُ الحرارة إلى سطح الجلد، فتنحل مسام السطح من الصوف بل ذلك الترك يمنع من وجوده انقلاع الشعر، فالأولى في السميط أن يطهر بالغَسل ثلاثا لِتَنَجُّسِ سطح الجلد بذلك الماء؛ فإنهم لا يحترسون فيه من المنجس، وقد قال شرف الأئمة بهذا في الدجاجة والكَرِشِ، والسميطُ مثلهما. (البحر الرائق/ باب الأنجاس ۲۳۹/۱ كوئٹه، كذافي درر الحكام شرح غرر الأحكام ٤٥/١ الشاملة، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح ١٦٠/١، فتح القدير/ باب الأنجاس وتطهيرها ٢١٠/١) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۲۴/۱۱/۲۷ھ

اگر مرغی میں نجاست یا دمِ مسفوح لگا ہو تو پانی میں ڈالنا کیسا ہے؟

سوال (۳۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: آلائش نکالنے کے بعد گرم کھولتے ہوئے پانی میں مرغی ڈالی، لیکن ظاہری گندگی جو پاخانہ کے مقام پر اور پاؤں میں ہوتی ہے اور خون جو ذبح کے بعد اس کے گردن پر لگا رہتا ہے ان گندگیوں اور نجاستوں

Marfat.com

کوصاف نہیں کیا گیا، تو کیا پھر بھی گوشت پاک رہے گا اور ایسے گوشت فروش کی کمائی جائز رہے گی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مرغی کے پاخانے کے مقام پر نجاست لگی ہو، یا دمِ مسفوح گردن پر لگا ہو تو اُس کے پانی میں پڑتے ہی پانی یقیناً ناپاک ہو جائے گا؛ اِس لئے اُس مرغی کو نکال کر پاک پانی میں دھونا لازم ہے، اور جو گوشت فروش اِن شرعی حدود کی رعایت رکھتے ہوئے احتیاط سے کاروبار کرے تو اُس کی کمائی بلاشبہ حلال ہے۔

وكذا دجاجةٌ مُلقاةٌ حَالَّةٌ على الماء لِلنَّتفِ قبل شقها (الدر المختار) قال الشامي: لكن على قول أبي يوسف تطهرُ، والعلة – والله أعلم – تشربها النجاسة بواسطة الغليان، وعليه اُشتُهِرَ أن اللحم السميط بمصر نجس، لكن العلة المذكورة لا تثبت ما لم يمكث اللحم بعد الغليان زمانًا، يقع في مثله التشرب والدخول في باطن اللحم، وكل منهما غير متحقق في السميط حيث لا يصل إلى حد الغليان، ولا يترك فيه إلا مقدار ما تصل الحرارة إلى ظاهر الجلد لتنحلَّ مسامُّ الصوف؛ بل لو ترك يمنع انقلاع الشعر. (الدر المختار مع الشامي / باب الأنجاس ۱/۵۴۴ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۶/۲/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

ذبح کے بعد گندگی نکالنے سے پہلے مرغوں کو گرم پانی میں ڈالنا؟

سوال (۳۱): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: آج کل بازاروں میں مرغ کے گوشت کا بہت رواج ہو گیا ہے، اور اکثر دوسرے گوشت کے مقابلہ میں لوگ اِسی گوشت کو پسند کرتے ہیں، اور حال یہ ہے کہ اِس گوشت کی صفائی میں وہ احتیاط برتی نہیں جاتی، جو علماء کرام سے ہم سنتے ہیں، یعنی سو فیصد دکان دار مرغ کو ذبح کرنے کے بعد

Marfat.com

پیٹ کے اندر کے حصہ کو صاف کئے بغیر ہی پروں کی صفائی کے لئے گرم کھولتے ہوئے پانی میں اُس کو ڈالتے ہیں، پہلے پروں کی صفائی ہوتی ہے، بعد میں پیٹ کے اندر کے حصے صاف کئے جاتے ہیں۔

اَب سوال یہ ہے کہ اِس صورتِ حال سے کیسے نمٹا جائے؟ کیا اِنی طرح گوشت کی خریداری درست ہے؟ کیا اُس کا پکانا اور کھانا درست ہے؟ اور آج کل تو پروں کی صفائی کے لئے مشین بھی تیار ہوکر آ گئی ہے، اُس کی ترتیب بھی یہی ہے جو اوپر مذکور ہوئی، تو آخر اِس مسئلہ کا حل کیا ہے؟ برائے کرم از روئے شرع تفصیلی اَحکام سے مطلع فرمائیں؛ تا کہ اِس فتویٰ کی بصورِ اشتہار اِشاعت کی جائے، اور عام لوگ حکم شرعی سے واقف ہوں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں مرغی کا کا گوشت اُس وقت ناپاک ہوگا جب کہ مرغی کو تیز گرم کھولتے ہوئے پانی میں اتنی دیر ڈال کر رکھا جائے کہ پانی نجاست تک سرایت کر کے گوشت میں جذب ہوجائے؛ لیکن اگر پانی زیادہ گرم نہ ہو، یا گرم ہو مگر بہت مختصر وقت کے لئے پانی میں ڈالا گیا کہ گرمی کا اثر صرف کھال تک رہا اندر نہ پہنچا، تو ایسی مرغیوں کا گوشت پاک رہے گا، اور اُس کی خرید وفروخت حلال ہوگی، مشین سے پروں کی صفائی کی صورت میں یہی تفصیل پیشِ نظر رکھی جائے گی۔

لكن العلة المذكورة لا تثبت ما لم يمكث اللحم بعد الغليان زمانًا يقع في مثله التشرب، والدخول في باطن اللحم، وكل منهما غير متحقق في السميط، حيث لا يصل إلى حد الغليان، ولا يترك فيه إلا مقدار ما تصل الحرارة إلى ظاهر الجلد لتنحل مسام الصوف. (شامي، كتاب الصلاة / باب الأنجاس، مطلب: في تطهير الدهن والعسل ۱/۳۳٤ كراچی، ۱/٥٤٤ زكريا، البحر الرائق ۱/۲۳۸ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۲۰/۸/۱۸ھ

Marfat.com

مرغ ذبح کرکے گرم پانی میں ڈالنا اور اُس کی کھال کا حکم؟

سوال (۳۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مہینوں سے ہمارے یہاں آندھرا پردیش ضلع کنور اور اُس کے آس پاس جتنے گاؤں شہر ہیں، سب جگہوں سے مرغ کی کھال کے بارے میں بہت سارے لوگوں نے پوچھا کہ شرعی اعتبار سے اس کا کھانا کیسا ہے؟ کوئی حرام کہتا ہے اور کوئی مکروہ تحریمی کہتا ہے، کوئی کہتا ہے کہ مکروہ ہے، کوئی کہتا ہے اِس میں کیا نقصان ہے؟ ہمارے یہاں سب کھال کے ساتھ ہی کھاتے ہیں، برائے کرم اِس کو کھال کے ساتھ کھانے کے جواز کی کوئی صورت ہو تو اُس کو بتائیں۔ کوئی کہتا ہے کہ مرغ کو ذبح کرکے اُس کے پیٹ کو چاک کرکے اُس کے اندر کی غلاظت کو نکال کر گرم پانی میں ڈال دو، تو یہ صورت جائز ہے، ہم نے کہا پانی تو کئی مرغ ڈالنے کی وجہ سے ناپاک ہو جاتا ہے، اُس کے اثرات گوشت میں چلے جاتے ہیں، کیا یہ صورت صحیح ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مرغ وغیرہ کا گوشت کھال سمیت کھانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے، اَب رہ گیا ذبح کرنے کے بعد گرم پانی میں ڈالنے کا مسئلہ تو اس میں درج ذیل صورتیں ہیں، اور ہر صورت کا حکم الگ الگ ہے:

(۱) اگر ذبح کرنے کے بعد آلائش نکال کر اور دمِ مسفوح ٹھنڈے پانی سے اچھی طرح دھوکر گرم پانی میں ڈالا، پھر اُس کے بعد پَر وغیرہ اُکھیڑ لیا، تو شرعاً اُس میں نہ کوئی ناپاکی ہے اور نہ کوئی کراہت۔

(۲) اگر ذبح کرنے کے بعد آلائش نکالی؛ لیکن دمِ مسفوح جو گردن پر لگا ہوا تھا اُس کو پاک نہیں کیا، اور اسی حالت میں ہلکے گرم پانی میں ڈال دیا، تو ایسی صورت میں پاک کرنے کے بعد اُس مرغ کو استعمال کرنا جائز ہو جائے گا۔

(۳) اگر ذبح کرنے کے بعد آلائش نہیں نکالی اور اِسی طرح تیز کھولتے ہوئے پانی میں ڈال دیا؛ لیکن اتنے کم وقت کے لئے ڈالا کہ پانی کا اثر صرف کھال تک پہنچا گوشت تک سرایت

Marfat.com

نہیں ہوا، تو اِس صورت میں بھی اوپر سے اچھی طرح دھونے اور آلائش نکالنے کے بعد گوشت کا استعمال کرنا درست رہے گا (اکثر دوکانوں میں یہی صورت پیش آتی ہے)

(۴) اگر ذبح کرنے کے بعد آلائش نہیں نکالی یا بغیر دھوئے اِس قدر تیز گرم پانی میں دیر تک ڈالے رکھا کہ اُس نجاست کے اثرات گوشت میں پہنچ گئے (اکثر ایسا نہیں ہوتا) تو اِس صورت میں نجاست سرایت کرنے کی وجہ سے گوشت ناپاک ہوجائے گا، اور اِس کا استعمال کسی طرح درست نہ گا۔

وذكر بكر رحمه الله أن الجلد كاللحم. (الفتاوى البزازية على هامش الفتاوىٰ الهندية ٦/٢٩٤)

واللحم بمنزلة الجلد في الصحيح. (البحر الرائق ٨/١٧٨، فتح القدير ٩/١٨ ٥)

إن الزكاء مؤثرة في إزالة الرطوبات والدماء السيالة، وهي النجسة دون ذات الجلد واللحم، وهٰذا الحكم مقصود في الجلد كالتناول في اللحم. (فتح القدير ٩/٢٠٥)

وكذا دجاجةٌ مُلقاةٌ حَالَّةٌ على الماء لِلنَّتفِ قبل شقها (الدر المختار) قال الشامي: لكن على قول أبي يوسف تطهرُ، والعلة – والله أعلم – تشربها النجاسة بواسطة الغليان، وعليه اُشتُهِرَ أن اللحم السميط بمصر نجس، لكن العلة المذكورة لا تثبت ما لم يمكث اللحم بعد الغليان زمانًا، يقع في مثله التشرب والدخول في باطن اللحم، وكل منهما غير متحقق في السميط حيث لا يصل إلى حد الغليان، ولا يترك فيه إلا مقدار ما تصل الحرارة إلى ظاهر الجلد لتنحلَّ مسامُّ الصوف؛ بل لو ترك يمنع انقلاع الشعر. (الدر المختار مع الشامي / باب الأنجاس ١/٥٤٤ زكريا)

وفي فتح القدير: ولو ألقيت دجاجة حال الغليان في الماء قبل أن يشق بطنها لتُنتَفَ أو كَرِشٌ قبل الغسل لايطهرُ أبدًا، لكن على قول أبي يوسف يجب أن يُطهَّر على قانون ما تقدم في اللحم، قلت: وهو – سبحانه أعلم – هو معلل بتشربهما النجاسةَ المتخللة بواسطة الغليان، وعلى هٰذا اشتهر أن اللحم

Marfat.com

السميط بمصر نجس لا يطهَر، لكن العلة المذكورة لا تثبت حتى يصل الماء إلى حد الغليان، ويمكث فيه اللحم بعد ذلك زمانًا يقع في مثله التشرب والدخول في باطن اللحم، وكل من الأمرين غير متحقق في السميط الواقع، حيث لا يصل الماء إلى حد الغليان، ولا يترك فيه إلا مقدار مَا تَصِلُ الحرارة إلى سطح الجلد، فتنحل مسام السطح من الصوف بل ذلك التزك يمنع من وجوده انقلاع الشعر، فالأولى في السميط أن يطهر بالغَسل ثلاثا لِتَنَجُّسِ سطح الجلد بذلك الماء؛ فإنهم لا يحترسون فيه من المنجس، وقد قال شرف الأئمة بهذا في الدجاجة والكَرِشِ، والسميطُ مثلهما. (البحر الرائق / باب الأنجاس ۲۳۹/۱، كذافي درر الحكام شرح غرر الأحكام ٤٥/١ الشاملة، حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح ١٦٠/١، فتح القدير / باب الأنجاس و تطهيرها ٢١٠/١) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۵/۱/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ولایتی گائے کے دودھ اور گوشت کا حکم؟

سوال (۳۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ولایتی گائے کا دودھ وغیرہ استعمال کیا جاسکتا ہے یانہیں؟ کیا شرعی نقطۂ نظر سے جائز ہے یا نہیں یا حرام ہے؟ چوں کہ معلوم ہوا ہے کہ ولایتی گائے خنزیر کے ذریعہ تیار کی جاتی ہے، یعنی نر خنزیر ہوتا ہے اور مادہ گائے ہوتی ہے، اُس سے بچہ ہوتا ہے، وہی گائے "جرسی" بھی بولی جاتی ہے، لوگ یہاں یہ بیان کرتے ہیں کہ اِسی وجہ سے اُس گائے کی بناوٹ بھی اُس سے ملی جلی ہوتی ہے اور دودھ بھی ۲۰/۳۰/۳۱ لیٹر تک دیتی ہے، اور بعض نے تو اِس طرح مشاہدہ بیان کیا کہ ضلع بارہ بنکی میں ایک جگہ ہے، جہاں پر ایک بلڈنگ میں اِسی طرح گائے تیار کی جاتی ہے، بہر کیف جو بھی صورت ہو واضح فرمادیں کہ اِن گایوں کا دودھ اور گوشت وغیرہ جائز ہے یانہیں؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ولایتی گائے کا دودھ استعمال کرنا شرعاً جائز اور درست ہے؛ اِس لئے کہ شرعاً حلت وحرمت میں مادہ کا اعتبار ہوتا ہے اور مادہ یہاں بہر حال گائے ہے۔

والمولود بين الأهلي والوحشي يتبع الأم؛ لأنها هي الأصل في التبعية، حتى إذا نزا الذئب على الشاة يضحي بالولد. (الهداية ٤/٤٣٣)

وقال في البناية: قوله: يتبع الأم أي الذي ولد بين الحيوانات الأهلي كالشاة مثلاً وبين الحيوان الوحشي كالظبي مثلاً يتبع أمه؛ لأنها جزء الأم، فإن الفحل صار مستهلكًا بحضانتها، والمنفصل من الفحل هو المال، ومن الأم الحيوان فلذلك اعتبرت حتى إذا نزا الذئب على الشاة يضحي بالولد اعتبارًا بالأم. (البناية شرح الهداية ١٢/٤٨، هكذا في الدر المختار / كتاب الأضحية ٩/٤٦٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳/۷/۱۴۱۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اَمریکن گائے کا دودھ اور گوشت کھانا؟

سوال (۳۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اَمریکن گائے کا دودھ پینا جائز ہے یا نہیں؟ نیز اُس کا گوشت کھانا اور اُس کے جانور سے کھیتی وغیرہ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اَمریکن گائے حلال ہے، اس کا دودھ پینا، گوشت کھانا اور دیگر نفع اُٹھانا درست ہے؛ اِس لئے کہ جانوروں میں نسل کا اعتبار "مادہ" سے کیا جاتا ہے۔

والمولود بين الأهلي والوحشي يتبع الأم؛ لأنها هي الأصل في التبعية حتى إذا نزأ الذئب على الشاة يضحى بالولد. (الهداية ٤/٤٣٣، الدر المختار / كتاب الأضحية ٦/٣٢٢ كراچی، ٩/٤٦٦ زكريا)

Marfat.com

والمولود بين الأهلي والوحشي يتبع الأم؛ لأنها هي الأصل في التبعية فيجوز بالبغل الذي أمه بقرة وبالظبي الذي أمه شاة. (مجمع الأنهر ۱۹/۲ ٥ دار إحياء التراث العربي بيروت، ۱۷۱/٤ مكتبة فقيه الأمة ديوبند)

فإن كان متولدًا من الوحش والإنس، فالعبرة بالأم، فإنت كانت أهلية يجوز وإلا فلا. (بدائع الصنائع ۲۰٥/٤ زكريا، جديد فقهى مسائل ۳٤۱/۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۳/۹/۲ھ

انجکشن سے گائے گابھن کرانا اور اُس کا دودھ پینا؟

سوال (۳۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: گائے کو انجکشن کے ذریعہ سے گابھن کر کے اُس گائے کے دودھ کو پینا یا دوسرے کام میں لگانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ایسی گائے کے دودھ پینے اور دیگر استعمال میں لانے کے متعلق کوئی ممانعت احقر کی نظر سے نہیں گزری۔

لبن المأكول حلال. (الدر المختار / كتاب الأشربة ٤٥٦/٦ كراچى)

واعلم أن الأصل في الأشياء كلها سوى الفروج الإباحة ..... إنما تثبت الحرمة بمعارض نص مطلقٌ أو خبر مروي، فما لم يوجد شيء من الدلائل المحرّمة، فهي على الإباحة. (مجمع الأنهر في شرح ملتقى الأبحر / كتاب الأشربة ٥٦٨/٢ ذار إحياء التراث العربي بيروت، ٢٤٤/٢ مكتبة فقيه الأمة ديوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۹/۴/۱۴۱۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

انجکشن سے جانور کو حاملہ کرنا؟

سوال (۳۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بھینس، گائے، بکری کے حاملہ کرنے کا طریقہ پہلے سے جفتی کے ذریعہ سے چلا آرہا ہے؛ لیکن اَب بھینس گائے اور بکری کے حاملہ کرنے کا طریقہ یہ چل رہا ہے کہ انجکشن لگا دیتے ہیں، اور یہ مادہ حاملہ ہوجاتی ہے، کسی سرکاری جانوروں کے ہسپتال سے ڈاکٹر انجکشن لگاتے ہیں۔

معلوم یہ کرنا ہے کہ اِس طرح انجکشن سے اپنے جانوروں کو حاملہ کراسکتے ہیں؟ بہت سارے شکوک وشبہات آرہے ہیں، معلوم نہیں کہ وہ مادۂ منویہ کس جانور کا ہے، اور کیسے لیا گیا ہے، بہرحال ہم لوگ اپنے مفتیانِ کرام کی ہدایات کے پابند ہیں، اگر اِجازت ملی تو یہ کام کریں گے، ورنہ اُسی پرانے طریقہ سے جفتی کراکر حاملہ کرائیں گے، آں محترم کے فیصلہ کا انتظار ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: انجکشن سے جانور کو حاملہ کرانے کا طریقہ خلافِ فطرت ہے، اِس سے اجتناب لازم ہے، اور اِس کے بجائے باقاعدہ جفتی کا طریقہ اپنانا چاہئے؛ تاہم اگر انجکشن کے ذریعہ حاملہ کرالیا گیا تو اُس سے جو بچہ پیدا ہوگا وہ حرام نہیں کہلائے گا۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۸/۲۴۷ ڈابھیل)

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ﴾ [الروم، جزء آیت: ۳۰]

يعني لا تبدلوا خلق اللّٰه. (تفسير المظهري ۲/۴۵۶)

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَلَآمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ﴾ [النساء، جزء آیت: ۱۱۹]

مستفاد: المتولد بين الأهلي والوحشي يتبع الأم. (شامي / كتاب الأضحية ۶/۳۲۲ دار الفكر بيروت، ۹/۴۶۶ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۵/۲/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

جوگائے خنزیر کے نطفہ سے بچہ دے اُس کے دودھ کا حکم؟

سوال (۳۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جوگائیں خنزیر کے نطفے سے بچہ دیتی ہیں، اُن کا دودھ استعمال کرنا درست ہے یا نہیں؟ بسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اَولاً تو یہ متعین نہیں کہ اَمریکن گائے خنزیر کے نطفہ سے پیدا ہوتی ہے، اور اگر بالفرض ایسا ہو تو جب تک اُس میں خنزیر سے صورۃً وسیرۃً مشابہت نہ پائی جائے، اُس کے استعمال کو ممنوع نہیں کہا جاسکتا۔

ولو نزا کلب علی شاۃٍ فولدت، قال عامۃ العلماء: لا یجوز، وقال الإمام الخیر: العبرۃ للمشابھۃ. (بزازیۃ علی ھامش الفتاویٰ الھندیۃ ۲۸۹/۶) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۱۱/۱۴۱۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جرسی گائے کے دودھ اور گوشت کا حکم؟

سوال (۳۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جرسی گائے کا گوشت کھانا جائز ہے یا نہیں؟ نیز اُس کے دودھ کے سلسلہ میں شرعاً کیا حکم ہے؟ بسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جرسی گائے؛ گائے کی نسلوں میں سے ایک نسل ہے، جس کی ہیئت وصورت اور غذا وغیرہ دیگر گایوں جیسی ہی ہوتی ہے؛ لہٰذا اُس کا گوشت کھانا اور دودھ پینا سب بلاشبہ حلال ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۲۹۷/۱۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۲/۱۴۱۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

حلال جانوروں کے حرام اَجزاء

حرام مغز جائز ہے یا ناجائز؟

سوال (۳۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حرام مغز کا کھانا جائز ہے یا ناجائز؟ جب کہ فتاویٰ محمودیہ کی تین الگ الگ جلد میں اِس کو ممنوعات میں شمار کیا ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۱/۳۴۱، ۱۴/۴۵۸ اور طحطاوی کا بھی حوالہ مذکور ہے۔

ويزيد نخاع الصلب الخ . (طحطاوي ٤/٣٦٠)

نیز ''فتاویٰ رشیدیہ ۵۵۲'' پر حرام مغز ممنوعات میں شمار کیا گیا ہے؛ البتہ کفایت المفتی میں اِس کے برعکس ہے، جس سے جواز معلوم ہوتا ہے براہِ کرم صحیح اور تحقیقی قول سے مطلع فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حرام مغز کی حرمت کے سلسلہ میں کوئی روایت نظر سے نہیں گزری؛ البتہ بعض فقہاء نے اُسے محرمات میں شامل کیا ہے، اِسی وجہ سے فتاویٰ میں اختلاف ہوگیا۔ تطبیق کی شکل یہ ہوسکتی ہے کہ حرام مغز میں طبعی کراہت مراد لی جائے نہ کہ شرعی کراہت، پھر کوئی تعارض نہ رہے گا۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۸/۲۸۷، فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۳۵۸، ۱۱/۳۴۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۶/۲/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جانور کے حرام اجزاء اور حرام مغز کی تفصیل؟

سوال (۴۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جواب نامہ ب ۱/۸۶۵ ملا، فتویٰ میں حرام مغز کو حرام نہیں بتایا گیا ہے، جب کہ فتاویٰ رشیدیہ

Marfat.com

میں ۴۵۴ پر حرام مغز کو ممنوع لکھا ہے، فتاویٰ رشیدیہ کے مسئلہ کا مطلب سمجھایا جائے، اور بہشتی زیور میں درمختار کے حوالہ سے حسبِ ذیل عبارت کا مطلب سمجھا دیا جائے:

وكره تحريمًا من الشاة سبع: الحياء، والخصية، والغدة، والمثانة، والمرارة، والدم المسفوح، والذكر. (تنوير الأبصار مع الدر المختار، كتاب الخنثى / مسائل شتى ٦/٧٤٩ كراچى)

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ہم نے جو فتویٰ لکھا تھا، وہ تمام کتبِ فقہ کی صراحتوں کے موافق ہے، آپ نے جو عبارت نقل کی ہے اُس میں بھی حرام مغز کا ذکر نہیں ہے، حضرت گنگوہیؒ نے حرام مغز کو جو ممنوع کہا ہے اُس کا ماٰخذ ہمیں معلوم نہیں ہوسکا۔ ۷/حرام چیزیں یہ ہیں: (۱) مادہ: جانور کی شرم گاہ (۲) غدود: جو خون جم کر گٹھلی بن جاتا ہے (۳) مثانہ (۴) پتہ (۵) بہنے والا خون (۶) نر جانور کا ذکر (۷) خصیہ۔ آپ کی نقل کردہ عبارت کا یہی ترجمہ ہے۔

وكره رسول الله صلى الله عليه وسلم من الشاة الذكر والأنثيين والقبل والغدة والمرارة والمثانة والدم. قال أبو حنيفة: الدم حرام وأكره الستة. (شامي ٤٧٧/١٠ زكريا، البحر الرائق ٤٨٥/٨، مجمع الأنهر ٤٨٩/٤ بيروت)

قال العلامة الحصكفي رحمه الله: كره تحريمًا، وقيل: تنزيهًا – والأول أوجه – من الشاة سبع: الحياء، والخصية، والغدة، والمثانة، والمرارة، والدم المسفوح، والذكر، للأثر الوارد في كراهة ذلك. وجمعها بعضهم في بيت واحد، فقال: فقل ذكر والأنثيان مثانة كذلك دم ثم المرارة والغدود.

وقال غيره:

إذا ما ذكيت شاةً فكلها ❖ سوى سبع ففيهن الوبال

فحاء ثم خاء ثم غين ❖ ودال ثم ميمان و ذال

(الدر المختار)

Marfat.com

قال الشامي رحمه اللّٰه تعالىٰ: قوله: كره تحريمًا، لما روى الأوزاعي عن واصل بن أبي جميلة عن مجاهد قال: كره رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم من الشاة الذكرَ والأنثيين، والقبل، والغدة، والمرارة، والمثانة، والدم. قال أبو حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ: الدم حرام وأكره الستة، وذلك لقوله عزوجل: ﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ﴾ فلما تناوله النص، قطع بتحريمه، وكره ما سواه؛ لأنه مما تستخبثه الأنفس وتكرهه. وهٰذا المعنىٰ سبب الكراهية، لقوله تعالىٰ: ﴿وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ﴾ زيلعي.

وقال في البدائع آخر كتاب الذبائح: وما روي عن مجاهد، فالمراد منه كراهة التحريم بدليل أنه جمع بين الستة وبين الدم في الكراهة، والدم المسفوح محرم. والمروي عن أبي حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ أنه قال: الدم حرام وأكره الستة. فأطلق الحرام على الدم، وسمى ما سواه مكروهًا؛ لأن الحرام المطلق ما ثبتت حرمته بدليل مقطوع به، وهو المفسر من الكتاب، قال اللّٰه تعالىٰ: ﴿اَوْ دَمًا مَسْفُوْحًا﴾ وانعقد الإجماع على حرمته. وأما حرمة ما سواه من الستة، فما ثبت بدليل مقطوع به؛ بل بالاجتهاد أو بظاهر الكتاب المحتمل للتأويل أو الحديث، فلذا فصل، فسمى الدم حرامًا وذا مكروهًا ..... الخ. (رد المحتار، كتاب الخنثىٰ / مسائل شتى ٦/٧٤٩ كراچى، وكذا في بدائع الصنائع، كتاب الذبائح / فصل فيما يحرم أكله من أجزاء الحيوان ٦/٢٧٢ دار الكتب العلمية بيروت، وكذا في الفتاوىٰ الهندية، كتاب الذبائح / الباب الثالث في المتفرقات ٥/٢٩٠ زكريا)

قوله: والدم المسفوح، وزيدَ نخاع الصلب. (حاشية الطحطاوي على الدر المختار، كتاب الخنثىٰ / مسائل شتى ٤/٣٦٠ دار المعرفة بيروت)

وكره من الشاة الحياء والخصية والغدة ..... ونخاع الصلب. (كنز الدقائق / مسائل شتى ٤٣٢) فقط واللّٰه تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۱۰/۱۴۱۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللّٰہ عنہ

Marfat.com

حلال جانور کے کون سے اَعضاء کھانا منع ہے؟

سوال (۴۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حلال جانور (بھینس وغیرہ) کے اندر کون کونسی چیزیں کھانا جائز ہے اور کونسی ناجائز؟ اور اوجھڑی کی بٹ وغیرہ کھانا مکروہ ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حلال جانوروں کی سات چیزیں کھانا منع ہے، جن میں سے چھ چیزیں مکروہ تحریمی ہیں اور ساتویں چیز قطعاً حرام ہے: (۱) نذکر کی شرم گاہ (۲) مؤنث کی شرم گاہ (۳) خصیتین (۴) غدود یعنی جسم کے اندر کی گانٹھی (۵) پتہ (۶) مثانہ، یعنی پیشاب کی تھیلی (۷) بہنے والا خون جو کہ قطعاً حرام ہے، اور اوجھڑی کی بٹ کھانا بلا کراہت جائز ہے، اِن مذکورہ سات چیزوں کے علاوہ سب چیزیں کھانا حلال اور جائز ہے۔ (احسن الفتاویٰ ۷/۴۰۶، فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۳۵۸)

وروى الأوزاعي عن واصل بن أبي جميل عن مجاهد قال: كان رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يكره من الشاة سبعًا: الدم، والمرارة، والذكر، والأنثيين، والحياء، والغدة، والمثانة. (السنن الكبرى للبيهقي ۱۰/۱۱ رقم: ۱۹۷۰۰-۱۹۷۰۱، كذا في كتاب الآثار / باب ما يكره من الشاة الدم وغيره ۱۷۹)

ويكره من الشاة الحيا، وهو الفرج، والخصية، والمثانة، والذكر، والمرارة، والغدة، والدم المسفوح. قال الإمام: الدم حرامٌ وأكره الستة. (مجمع الأنهر، كتاب الخنثیٰ / مسائل شتیٰ ۴/۴۸۹ دار الكتب العلمية بيروت)

وكره تحريمًا من الشاة سبع: الحياء، والخصية، والغدة، والمثانة، والمرارة، والدم المسفوح، والذكر. (تنوير الأبصار مع الدر المختار، كتاب الخنثى / مسائل شتیٰ ۶/۷۴۹ كراچی)

فالذي يحرم أكله منه سبعة: الدم المسفوح، والذكر، والأنثيان، والقبل،

Marfat.com

والغدة، والمثانة، والمرارة، لقوله تعالىٰ: ﴿وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَآئِثَ﴾ وهٰذه السبعة مما تستخبثه الطبائع السليمة، فكانت محرمةً. (بدائع الصنائع، كتاب الذبائح / فصل فيما يحرم أكله من أجزاء الحيوان ٢٧٢/٦ دار الكتب العلمية بيروت، ١٩٠/٤ زكريا، وكذا في إعلاء السنن، كتاب الذبائح / فصل فيما يحرم أكله من أجزاء الحيوان ١٣٠/١٧ إدارة القرآن كراچی، وكذا في تبيين الحقائق، كتاب الخنثىٰ / مسائل شتى ٤٦٣/٦ كراچی، ٤٦٣/٧ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۲/۶/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

حلال جانور کے کون کون سے اجزاء حرام ہیں؟

سوال (۴۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حلال جانور کی جو سات چیزیں کھانی مکروہِ تحریمی ہیں، اُس سلسلہ میں یہاں کچھ غلط فہمیاں پھیلی ہوئی ہیں، اُمید کہ اُنہیں دور فرما کر شکریہ کا موقع دیں گے، آپ کے مسائل اور ان کا حل ۲۵۵/۴ میں بحوالہ مصنف عبد الرزاق مراسیل ابی داؤد، اور سنن کبریٰ بیہقی حلال جانور کی سات چیزوں کو مکروہ تحریمی لکھا ہے: (۱) بہتا ہوا خون (۲) غدود (۳) مثانہ (۴) پتہ (۵) نر کی پیشاب گاہ (۶) مادہ کی پیشاب گاہ (۷) کپورے۔

اور تذکرۃ الرشید میں مذکور ہے کہ حلال جانور کی سات چیزیں کھانی منع ہیں: (۱) ذکر (۲) فرج مادہ (۳) مثانہ (۴) غدود (۵) حرام مغز (جو پشت کے مہرے میں ہوتا ہے) (۶) خصیہ (۷) پتہ۔

اور آگے تحریر ہے کہ خون سائل قطعی حرام ہے، بعض روایات میں گردہ کی بھی کراہت لکھتے ہیں، اور کراہتِ تنزیہی پر حمل کرتے ہیں، نیز فتاویٰ رحیمیہ ۲۳/۲ میں یوں ہے، سات چیزیں حلال جانور کی کھانی منع ہیں: (۱) ذکر (۲) فرج مادہ (۳) مثانہ (۴) غدود، یعنی حرام مغز جو پشت کے مہرے میں ہوتا ہے (۵) خصیہ (۶) پتہ مرارہ جو کلیجی میں تلخ پانی کا ظرف ہے، اور خون سائل قطعی حرام ہے، مگر بعض روایات میں کٹروے پتے کی کراہت لکھتے ہیں، اور کراہت تنزیہی پر حمل کرتے

Marfat.com

ہیں۔ کفایت المفتی ۶/ ۲۸۷، میں لکھا ہے کہ حرام مغز نہ حرام ہے نہ مکروہ، مذکورہ فتاویٰ کے پیشِ نظر چند باتیں قابلِ استفسار ہیں:

(۱) مغز حرام کا کیا حکم ہے؟ کفایت المفتی اور تذکرۃ الرشید کی عبارت میں ٹکراؤ معلوم ہو رہا ہے، نیز تطہیر مادۂ منویہ کے قائل حضرات کی اِس بارے میں کیا رائے ہے؟

(۲) غدود اور حرام مغز ایک ہی چیز ہے یا علیحدہ علیحدہ؛ کیوں کہ فتاویٰ رحیمیہ میں غدود پر نمبر (۴) کا عدد ڈال کر اور لکھ کر اُس کی گویا تشریح حرام مغز سے کی گئی ہے۔

(۳) آپ کے مسائل وغیرہ میں پتے کو مکروہ تحریمی لکھا ہے، اور فتاویٰ رحیمیہ میں بعض روایات کے حوالہ سے اِس کو کراہتِ تنزیہی پر محمول کیا ہے، اِس طرح مکروہِ تحریمی کی فہرست سے ایک چیز ہٹ کر چھ چیزیں باقی رہ جائیں گی۔

(۴) گردہ کھانے کے سلسلہ میں مفتی بہ قول کیا ہے؟

(۵) اُمید کہ لفظ غدود اور حرام مغز کی ذرا کھل کر تشریح فرماتے ہوئے حلال جانور کی سخت پیلی رگوں کا حکم بھی تحریر فرمائیں؟

(۶) بعض حضرات قوت مردانگی اور قوتِ باہ میں اِضافہ کرنے کے لئے کپورے ہوٹلوں میں اسپیشل پکا کر کھلایا کرتے ہیں، اِس کا کیا حکم ہے؟ کیا مسلم قصائی کپورے فروخت کر سکتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) حرام مغز کی کراہت کے بارے میں قرآن وحدیث سے کوئی صریح دلیل دستیاب نہیں ہو سکی، بعض فقہی کتابوں میں ''نخاع الصلب'' کی کراہت کا ذکر ہے، مگر اُس کی دلیل مذکور نہیں، اِسی وجہ سے کفایت المفتی میں یہ لکھا گیا ہے کہ ''حرام مغز نہ حرام ہے نہ مکروہ''، یہ دراصل حرام مغز کے بارے میں شرعی حکم کا اظہار ہے، اور تذکرۃ الرشید میں حرام مغز کو مکروہات میں شمار کیا ہے، غالباً اِس سے مراد طبعی کراہت ہے، اِس اعتبار سے دونوں کتابوں میں تطبیق دی جا سکتی ہے۔

لما روى الأوزاعي عن واصل بن جميلة عن مجاهد قال: كره رسول الله

Marfat.com

صلى الله عليه وسلم من الشاة: الذكر والأنثيين والقبل والغدة والمرارة والمثانة والدم. (شامي ۴۷۷/۱۰ زكريا)

الحديث نص في كراهة هٰذه الأشياء السبع، وهو مذهب الحنفية، فإن قلت لا يجوز أن تكون الكراهة طبعية لا شرعية، قلنا: لو كان كذلك لكانت الأمعاء أولى بالكراهة، فدل ذٰلك على أنها ليست بطبعية بل شرعية. (إعلاء السنن ۱۴۴/۱۷ بيروت، ۱۳۰/۱۷ إدارة القرآن كراچی)

اورحرام مغز کے بارے میں تطہیر مادہ منویہ کے قائل حضرات کی کیارائے ہے، ہمیں معلوم نہیں۔

(۲) غدود اور حرام مغز دونوں الگ الگ چیز ہیں، دونوں کو ایک قرار دینا بے دلیل ہے، تذکرۃ الرشید جس کا فتاویٰ رحیمیہ میں حوالہ دیا گیا ہے، اُس میں بھی دونوں کو الگ الگ ذکر کیا گیا ہے۔ (تذکرۃ الرشید ۱۷۴)

(۳) پتہ کھانا مکروہ تحریمی ہے، اور فتاویٰ رحیمیہ میں بعض حضرات کے حوالہ سے اُس کو جو مکروہ تنزیہی کہا گیا ہے، وہ مفتی بہ نہیں ہے۔

وقيل: إن الكراهة في الأجزاء الستة تنزيهًا، لكن الأوجه كما في الدر المختار: أنها تحريمية. (الموسوعة الفقهية ۱۵۳/۵؛ الدر المختار مع رد المحتار ۴۷۸/۱۰)

(۴) گردہ کھانا مطلقاً حلال ہے؛ اِس لئے کہ اس کو حدیث میں مکروہ اعضاء میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔

كره رسول الله صلى الله عليه وسلم من الشاة: الذكر والأنثيين والقبل والغدة والمرارة والمثانة والدم. (شامي ۴۷۷/۱۰ زكريا)

(۵) غدود غدہ کی جمع ہے، اِس کے معنی جمے ہوئے خون کی گٹھلی کے ہیں۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۲۹۷/۱۷ ڈابھیل)

اورحرام مغزاس گودے کو کہتے ہیں جو ریڑھ کی ہڈی میں ہوتا ہے۔ (فیروز اللغات ۵۶۵)

Marfat.com

اور حلال جانور کی پیلی رگیں جنہیں پٹھہ بھی کہا جاتا ہے، حرام یا مکروہ قرار نہیں دی جائیں گی؛ اِس لئے کہ وہ مستثنیات میں داخل نہیں ہیں۔

(٦) کپورے کھانا کسی حال میں جائز نہیں ہے، اور اس کی بیع بھی مکروہ ہے، اور اس کو کھانے پکانے والے اور اس کا کاروبار کرنے والے سب گنہگار ہوں گے۔

وأما بيع الخمر وشراء ها فحرام أيضًا عند الفقهاء بأسراهم. (تكملة فتح الملهم ١/٥٥٠)

إن الذي حرم شربها حرم بيعها. (مستفاد: تكملة فتح لملهم ١/٥٥٣) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۸/۱۱/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

حلال جانور کے مکروہ اَعضاء

سوال (۴۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حلال شدہ جانور کے کون کون سے اعضاء حلال ہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حلال جانوروں میں درج ذیل سات چیزیں حرام ہیں: (۱) بہتا ہوا خون (۲) نر جانور کا عضو مخصوص (۳) خصیتین (۴) مادہ جانور کی پیشاب گاہ (۵) غدود (٦) مثانہ (۷) پتہ، ان اشیاء کے علاوہ کوئی چیز حرام نہیں ہے۔ (مستفاد: احسن الفتاویٰ ۷/۴۰٦)

عن مجاهد قال: كره رسول الله صلى الله عليه وسلم من الشاة سبعًا: المرارة والمثانة والغدة والحياء والذكر والأنثيين والدم، وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يحب من الشاة مقدمها. أخرجه محمد في كتاب الآثار ص: ١١٦.

(إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب ما يكره من الحيوان المزكى ١٧/١٤٤ رقم: ٥٥٢٢ دار الكتب العلمية بيروت)

وأما بيان مايحرم أكله من أجزاء الحيوان سبعة: الدم المسفوح،

Marfat.com

والذكر، والانثيان، والقبل، والغدة، والمثانة، والمرارة، كذا في البدائع. (الفتاوىٰ الهندية ۵/۲۹۰) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۲/۳/۱۴۲۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بیل اور مرغ کی حرام اور مکروہ چیزیں کیا ہیں؟

سوال (۴۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بیل یا مرغ کے اندر کیا کیا چیزیں ناجائز ہیں، یا مکروہ ہیں، یا حرام ہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حلال جانوروں کی درج ذیل سات چیزیں کھانا حرام اور مکروہِ تحریمی ہے: (۱) بہتا ہوا خون (۲) ذکر (۳) خصیتین (۴) شرم گاہ (۵) غدود (۶) مثانہ (۷) پتہ۔

وأما بيان ما يحرم أكله من أجزاء الحيوان سبعة: الدم المسفوح والذكر والأنثيان والقبل والغدة والمثانة والمرارة. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الذبائح / الباب الثاني ۵/۲۹۰) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۰/۷/۱۴۱۴ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مرغی کے کون کون سے اَعضاء حرام ہیں؟

سوال (۴۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مرغی میں کن چیزوں کا کھانا حلال ہے اور کن چیزوں کا کھانا حرام؟ ایک عالم سے سنا ہے کہ اگر مرغی کو چھیلنے کے بعد بغیر کاٹے اور اُس کی مغلظات کو نکالنے سے پہلے آگ میں دھونی دی جائے، تو اُس مرغی کا کھانا حرام ہوجاتا ہے اور جس پلیٹ میں پکانے کے بعد رکھی جائے، وہ پلیٹ بھی نجس

Marfat.com

ہوجاتی ہے، کیا یہ صحیح ہے؟ اور اُنہوں نے صحیح طریقہ یہ بتلایا کہ چھیلنے کے بعد اُس کو کاٹ کر اُس کے مغلظات کو نکالا جائے اور پھر اُس کو دھونی دی جائے گی، تو گوشت کا مزہ بدل جائے گا، اور یہ شکل مشکل الحصول ہے۔ اور یہ بھی سنا ہے کہ اُس کے اندر ایک سفید گودا ہوتا ہے جس کو عام طور سے لوگ نکالتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ یہ حرام ہے اور مرغہ میں انڈا کی شکل میں کاٹتے وقت ایک انڈا نکلتا ہے، خون کی شکل میں اُس کا کھانا بھی جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اَعضاء مرغی میں سے سات چیزوں کا کھانا حرام ہے، بہتا خون، عضو تناسل، خصیتین، قبل، گُتی، متانہ اور پتہ اُس کے علاوہ چیزیں کھائی جاسکتی ہیں۔

ما يحرم أكله من أجزاء الحيوان سبعة: الدم المسفوح، والذكر، والأنثيين، والقبل، والغدة، والمثانة، والمرارة. (الفتاوىٰ الهندية ٥/ ٢٩٠)

اور عالم صاحب کی باتیں اُس وقت درست ہیں، جب کہ نہایت تیز گرم پانی میں دیر تک ڈال دیا جائے؛ البتہ صرف دھونی دینے سے مرغی حرام نہیں ہوتی؛ لیکن زائد دیر تک دھونی نہ دینی چاہئے۔ (فتاویٰ احیاء العلوم ۲۳۹)

وكل منهما غير متحقق في السميط حيث لا يصل إلى حد الغليان. (شامي ٦/ ٣٣٤ كراچی، ٥/ ٤٤١ زكريا)

سفید گودا سے مراد اگر حرام مغز ہے تو اُس گودے کا کھانا درست ہے، اور انڈے سے مراد خصیہ ہے تو اُس کا کھانا جائز نہیں۔ (کفایت المفتی ۲۶۲/۸) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴/۱۴/۱۲/۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

غیر ماکول اللحم جانور

زہر نکال کر سانپ کو کھانا؟

سوال (۴۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا مذہب اِسلام میں سانپ کا زہر نکال کر کھانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سانپ کسی حال میں کھانا جائز نہیں ہے؛ اِس لئے کہ وہ حشرات الارض میں سے ہے۔

و كذلك ما ليس له دم سائل مثل الحية. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الكراهية / الباب الثاني ٢٨٩/٥)

و كرهوا أيضًا جميع الهوام التي سكناها في الأرض نحو ..... والحيات.

(الفتاوىٰ التاتارخانية ٤٤٩/١٨ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۳/۱۰/۱۹ھ

لاعلمی میں خنزیر کا گوشت کھالیا؟

سوال (۴۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: چند مسلمان جو باجا بجانے کا کام کرتے ہیں، ایک بھنگی کی بارات میں باجا بجانے جارہے تھے، اتفاق سے راستہ میں اُنہیں رومال ملا جس میں کھانا بندھا ہوا تھا، اُن سب لوگوں نے اُس کھانے کو کھالیا، اَب اُس شخص کے یہاں جہاں اُن لوگوں کو جانا تھا یہ گئے، اور اُس نے رومال کو پہنچان لیا،

Marfat.com

اور اُن لوگوں سے دریافت کیا کہ یہ رومال تمہیں کہاں سے ملا؟ تو اُنہوں نے بتایا کہ راستہ میں پڑا ہوا ملا، اُس نے دریافت کیا کہ اِس میں کھانا بھی تھا، اُس کا کیا ہوا؟ تو اُنہوں نے بتایا کہ ہم نے کھالیا، تو اُس نے بتایا کہ اُس کھانے میں سور کا گوشت تھا۔

اَب سوال یہ ہے کہ اُن لوگوں کو کیا کرنا چاہئے؟ وہ حضرات بہت زیادہ پریشانی میں پڑے ہوئے ہیں، ازراہِ کرم اِس کا جواب رسالہ ندائے شاہی کی قریبی اشاعت میں شائع کردیں؛ تاکہ سب ہی لوگوں کو معلوم ہوجائے، عین کرم ہوگا۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: خنزیر سے کسی قسم کا بھی انتفاع مسلمان کے لئے قطعاً حرام ہے، صورتِ مسئولہ میں جن لوگوں نے لاعلمی میں خنزیر کا گوشت کھالیا ہے، اُنہیں اِس بارے میں احتیاط لازمی تھی، اَب اُنہیں چاہئے کہ انتہائی تضرع وزاری کے ساتھ بارگاہِ ایزدی میں اِس غلطی پر توبہ واستغفار کریں، اور آئندہ ہر قسم کے گناہ خاص کر باجے گانے سے بچنے کا پختہ عزم کریں، اُمید ہے کہ اللہ تعالیٰ اُن کے گناہ معاف فرمائے گا اور خیر کی توفیق سے نوازے گا۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَحِیْمٌ﴾ [المزمل، جزء آیت: ۲۰]

وقال تعالیٰ: ﴿اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلاً صَالِحًا فَاُولٰٓئِکَ یُبَدِّلُ اللّٰہُ سَیِّئٰتِہِمْ حَسَنٰتٍ، وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَحِیْمًا﴾ [الفرقان، جزء آیت: ۷۰] فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۱/۷/۷ھ

کچھوے کا حکم؟

سوال (۴۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کچھوا کھانا کیسا ہے، جائز ہے یا ناجائز؟ اگر ناجائز ہے تو کیوں؟ حرمت کی دلیل کیا ہے؟ ائمہ اَربعہ میں سے کس کے نزدیک جائز ہے؟

بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ امام شافعیؒ کے نزدیک طبعاً حلال ہے، اور جو مسلمان حلال سمجھ

Marfat.com

کرکھائے،تو ایسے مسلمان کو کسی مسجد کا متولی، سکریٹری، خازن یا ممبر بنانا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حنفیہ کے نزدیک کچھوا کھانا حلال نہیں ہے؛ اِس لئے کہ سمندری جانوروں میں مچھلی کے علاوہ کسی اور جاندار کی حلت ثابت نہیں ہے، دوسرے یہ کہ یہ جانور خبائث میں سے ہے خواہ بری ہو یا بحری۔

ويحرم أكل ..... والسلحفاة البرية والبحرية؛ لأنها من الخبائث. (مجمع الأنهر ۱۳/۲ ٥ دار إحياء التراث العربي، الفتاوىٰ التاتارخانية ۱۸/ ٤٥٠ زكريا)

قال في الدر: ولا يحل ..... والسلحفاة برية وبحرية .....، ثم قال: والخبيث ما تستخبثه الطباع السليمة. (الدر المختار / كتاب الذبائح ٦/ ٣٠٥ كراچی، ٩/ ٤٤٣ زكريا)

ولا ينعقد بيع الحية ..... والسلحفاة ..... ونحو ذلك؛ لأنها محرمة الانتفاع بها شرعًا؛ لكونها من الخبائث، فلم تكن أموالاً فلم يجز بيعُها. (بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع ٤/ ٣٣٥ دار الكتاب)

ويكره أكل الضبع والضب والسلحفاة والزنبور والحشرات كلها ..... والسلحفاة من خبائث الحشرات؛ ولهٰذا لا يجب على المحرم بقتله شيء.

(الهداية شرح بداية المبتدي ٤/ ٤٤١)

لأن الأكل: الأصل إنما أبيح للغذاء، أو للخبث طبعًا كالضفدع والسلحفاة فما يستخبثه الناس قبل ورود الشرع، وإليه أشير بقوله تعالىٰ: ﴿وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ﴾ [الأعراف: ۱۵۷] (تبيين الحقائق ۱/ ۳۲، العناية شرح الهداية ۹/ ٥٠٠)

لہٰذا جو حنفی شخص حلال جان کر کچھوا کھاتا ہو تو بوجہِ فسق اُس کو ہرایسے عہدہ پر فائز کرنا مذموم ہوگا جس سے اُس کی تعظیم مستفاد ہوتی ہو۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۶/۷/۱۴۱۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

کیکڑے کی خرید وفروخت کرنا؟

سوال (۴۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مغربی بنگال میں مچھلی کاروبار کے لئے دریا سے پانی لے کر زمین علاقہ کی کھود کر کے مچھلی پرورش کر کے فروخت کرتے ہیں؛ لیکن مچھلیوں کے ساتھ ساتھ کیکڑا اَپنے آپ آ کر بڑا ہو جاتا ہے، اِس کیکڑا کو کھانا، فروخت کرنا اور کاروبار کرنا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کیکڑا کی خرید وفروخت اور اس کا کھانا پینا سب ناجائز ہے۔

ولا يجوز بيع ما يكون في البحر كالضفدع ولا سرطان. (الفتاوىٰ الهندية ۱۱٤/۳، وهكذا في الشامي ٦٨/٥ كراچی)

ولا يؤكل ما في البحر سوىٰ السمک وطير الماء عندنا. (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الهندية ۳۵۷/۳، فتاوىٰ إحياء العلوم ۲۳٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۲/۱۱/۱۴۱۴ھ

دمِ مسفوح اور مردہ جانور کے گوشت سے غذا دی جانے والی گائے، مرغی کا حکم؟

سوال (۵۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں ملک ''ملاوی'' میں آخری تین سالوں سے یہ مذکورہ تنظیم گوشت اور مرغیوں کی نگرانی کا کام کر رہی ہے؛ تاکہ عوام کو حلال گوشت اور مرغیاں مہیا ہو سکیں، اِدھر چند سوالات اِسی سے متعلق درپیش ہیں، مہربانی فرما کر مفتیانِ کرام اِس سلسلہ میں ہماری رہنمائی فرمائیں، فجزاکم اللّٰہ خیرًا۔ فارم کی مرغیاں یا فارم کی وہ گائیں جو خاص طور سے گوشت کے لئے تیار کی جاتی ہیں،

Marfat.com

اگر اُس کی غذا دم مسفوح سے تیار کی گئی یا کسی مرے ہوئے گائے بکرے کے گوشت کا قیمہ اسی فارم کے جانوروں کے لئے بطور غذا کے استعمال کیا جائے، پھر انہیں حلال جانوروں کو کھانا شرعاً جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر اُن جانوروں کی صرف نجس غذا ہی سے پرورش کی جاتی ہے اور کوئی حلال چیز اُن کی غذا میں شامل نہیں ہوتی، تو یہ جانور "جلالہ" کے درجہ میں آجائیں گے، اُن کا کھانا مکروہِ تحریمی ہوگا، ہاں اگر چند روز اُنہیں صرف حلال غذا کھلا کر ذبح کیا جائے، تو کوئی کراہت نہ ہوگی، اور اگر اُن جانوروں کی غذا میں نجاست کے ساتھ کچھ حلال اشیاء بھی شامل ہیں، تو اُن کا کھانا مکروہ نہیں ہے، پھر بھی اولیٰ یہ ہے کہ اُنہیں کچھ دن حلال غذا پر رکھ کر ہی ذبح کریں۔ (بہشتی زیور ۹/۱۰۹)

عن عمرو بن شعيب رضي اللّٰه عنه قال: نهى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: عن لحوم الإبل الجلالة وألبانها، وكان يكره أن يحج عليها. (المصنف لعبد الرزاق ٤/٥٢١ رقم: ٨٧١٢)

عن مجاهد أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم نهى عن لحوم الجلالة وألبانها. (المصنف لعبد الرزاق ٤/٥٢١ رقم: ٨٧١٣، المصنف لابن أبي شيبة ٥/١٤٧ رقم: ٢٤٦٠٤)

عن ابن عمر أنه كان يحبس الدجاجة الجلالة ثلاثًا. (المصنف لابن أبي شيبة ٥/١٤٨ رقم: ٢٤٦٠٨، إعلاء السنن ١٧/١٩٥ كراچی)

الجدي إذا كان يربي بلبن الأتان والخنزير إن اعتلف أيامًا فلا بأس؛ لأنه بمنزلة الجلالة، والجلالة إذا حبست أيامًا فعلفت لا بأس بها فكذا، هٰذا كذا في الفتاوىٰ الكبرىٰ. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الكراهية / الباب الثاني ٥/٢٩٠)

لو أكلت النجاسة وغيرها بحيث لم ينتن لحمها حلت. (الدر المختار ٩/٤٩١، بدائع الصنائع ٤/١٥٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۷/۴/۱۴۲۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مغربی ممالک سے آنے والے جانوروں کی مخلوط غذا کا حکم؟

سوال (۵۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مغربی ممالک سے آنے والے فارم کے جانوروں کی تیار غذا کا کیا حکم ہے؟ مہربانی فرما کر مع اَدلۂ شرعیہ کے اُس کے حکم سے نوازیں؛ تا کہ خود بھی مطمئن ہوں اور دوسروں کو بھی قابل اطمینان جواب دے سکیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر مغربی ممالک سے آنے والی غذا میں حلال اَشیاء بھی شامل ہیں، تو اُس کی خرید وفروخت اور جانوروں کو کھلانا سب جائز ہے، اور اگر اِس بات کا یقینی علم ہو جائے کہ وہ غذا خالص حرام اَشیاء پر مشتمل ہے، تو اس کی خرید وفروخت تو درست نہ ہوگی؛ لیکن اگر وہ غذا جانور کو کھلا دی گئی تو اَثر ختم ہونے کے بعد اُس جانور کا کھانا بلا کراہت درست ہوگا۔

عن ابن عمر رضي اللّٰه عنهما أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم نهى عن الجلالة وألبانها وظهرها. (المعجم الكبير للطبراني ۲۳٤/۱۲ رقم: ۱۳۱۸۷)

والمعتبر في جواز أكل الجلالة زوال رائحة النجاسة بعد أن تُعلف بالشيء الطاهر على الصحيح، وجاء عن السلف فيه توقيت. فعند ابن أبي شيبة عن ابن عمر أنه كان يحبس الجلالة ثلاثًا ..... وأخرج البيهقي بسند فيه نظر عن عبد اللّٰه بن عمرو مرفوعًا أنها لا تؤكل حتى تعلف أربعين يومًا. (فتح الباري ٦٤٨/٩ دار الكتب العلمية بيروت)

وصح بيعها مخلوطة بتراب أو رماه غلب عليها، كما صح الانتفاع بمخلوطها. (شامي ۵۵۲/۹ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۷/۴/۱۴۲۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

جلالہ کسے کہتے ہیں اور اُس کا حکم کیا ہے؟

سوال (۵۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: نیز کتبِ فقہ میں ''جلالہ'' کا جو لفظ آتا ہے اُس کی تشریح فرمائیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جلالہ اُس جانور کو کہتے ہیں جس کی غذا صرف نجاست ہو؛ تا آں کہ اُس نجاست کا اثر اُس کے گوشت میں ظاہر ہو جائے، اُس کا حکم یہ ہے کہ مرغی میں ۳ ردن، بکری میں ۴ ردن، اور گائے میں ۱۰ ردن روک کر حلال غذا کھلا کر اسے استعمال کیا جائے۔

والجلالة ..... التي تأكل القذرة دائمًا، وأما التي تأكلها أحيانًا فليست بجلالة، ولا يحرم أكلها، وقال: وإن كان غالب علفها منها حتى ظهر ذلك على لحمها وبدنها، فقال الشافعي وأبوحنيفة وأحمد: لا يحل أكلها إلا أن يحبس أيامًا وتعلف منغيرها حتى يطيب لحمها. (شرح سنن ابن ماجة للسيوطي ۲۳۰/۱ الشاملة)

وفي الفتاوىٰ الكبير: كان يحبس الدجاجة المخلاة ثلاثة أيام، والجلالة عشرة أيام لا يحل أكلها. (مرقاة المفاتيح ۲۶۷۳/۷ تحت رقم: ٤١٢٦)

قال ابن رسلان في شرح السنن: ولنيس للحبس مدة مقدرة وعن بعضهم في الإبل والبقر أربعون يومًا، وفي الغنم سبعة أيام، وفي الدجاج ثلاثة، واختاره في المهذب والتحرير. (نيل الأوطار للشوكاني ۱٤۰/۸)

وإنما يشترط ذلك في الجلالة التي لا تأكل إلا الجيف، وفي الكتاب قال: تحبس أيامًا على علف طاهر، قيل: ثلاثة أيام، وقيل: عشرة أيام، والأصلح أنها تحبس إلى أن تزول الرائحة المنتنة عنها؛ لأن الحرمة لذلك، وهو شيء محسوس، ولا يتقدر بالزمان لاختلاف الحيوانات في ذلك، فيصار فيه إلى اعتبار زوال المضر، فإذا زال

Marfat.com

بالعلف الطاهر حل تناوله و العمل عليه بعد ذلك. (لمبسوط للسرخسي / كتاب الصيد ۲۵۶/۱۱)

وتحبس الجلالة حتى يذهب نتن لحمها، وقدر بثلاثة أيامٍ لدجاجةٍ، وأربعة لشاة، وعشرة لإبل وبقر على الأظهر. (الدر المختار / كتاب الحظر والإباحة ۴۹۱/۹ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۷/۴/۱۴۲۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

آزاد پھرنے والی مرغیوں کا حکم

سوال (۵۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: آزاد پھرنے والی مرغیوں کو کھانا مکروہ تحریمی ہے یا تنزیہی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: آزاد پھرنے والی مرغیوں کو ذبح کرنے سے پہلے کچھ وقت تک نجاست وغیرہ سے دور رکھ کر محبوس رکھنا اَفضل وبہتر ہے، اگر اِس کے خلاف کیا جائے تو کراہتِ تنزیہی کا ارتکاب ہوگا۔

عن ابن عمر رضي اللّٰه عنه أنه كان يحبس الدجاجة الجلالة ثلاثة أيام.

(رواه ابن أبي شيبة في المصنف كما في الفتح ۵۵۸/۹، إعلاء السنن ۱۹۵/۱۷ كراچی)

فليس فيه توقيت؛ بل اختار رضي اللّٰه عنه ثلاثة أيامٍ؛ لأنه علم بالتجربة أو الظن أن هذه المدة تزيل أثر الجلة عن الدجاج التي كانت في دياره ..... فإن أطعم الجلالة طعامًا طاهرًا وطاب لحمها لم يكره لما روي عن ابن عمر رضي اللّٰه عنهما قال: تعلف الجلالة علفًا طاهرًا ..... وإن كانت دجاجة، فثلاثة أيام .....

وقال الحافظ في الفتح: ورجح أكثرهم أنها كراهة تنزيه. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب ما جاء في الجلالة ۲۱۵/۱۷-۲۱۶ دار الكتب العلمية بيروت، ۱۹۶/۱۷ إدارة القرآن كراچی)

Marfat.com

ولا يكره أكل الدجاج المخلى، وإن كان يتناول النجاسة؛ لأنه لا يغلب عليه أكل النجاسة؛ بل يخلطها بغيرها وهو الحب فيأكل ذاوذا ..... والأفضل أن تحبس الدجاج حتى يذهب ما في بطنها من النجاسة. (بدائع الصنائع، كتاب الذبائح والصيود / فصل: وأما بيان ما يكره من الحيوانات ٤/١٥ زكريا)

ولا تكره الدجاجة المخلاة وإن أكلت النجاسة يعني إذا لم تنتن بها لما تقدم؛ لأنها تخلط ولا يتغير لحمها وحبسها أيامًا تنزيهية. (شامي / كتاب الذبائح ٩/٤٤٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۶/۵/۱۴۲۴ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

شراب، خنزیر، کتوں کے فضلات اور حرام غذاؤں سے پرورش کردہ مچھلیوں کا حکم؟

سوال (۵۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں آندھرا پردیش میں مچھلیوں کے کاروبار کی ایک نئی صورت چل پڑی ہے کہ مچھلیوں کو صرف حرام غذاؤں سے پالا جاتا ہے، اُس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ کنویں میں مچھلیوں کو ڈال دیا جاتا ہے، اُوپر سے جالی بچھادی جاتی ہے، جالی سے کنویں میں شراب ڈالی جاتی ہے، اِسی طرح جالی کے اُوپر خنزیر اور کتوں کو چھوڑ دیا جاتا ہے، اُن کے فضلات کنویں میں گرتے ہیں، مچھلیاں اُن کو کھاتی ہیں، اِس طرح کی حرام غذاؤں سے مچھلیاں جلدی پھلتی اور پھولتی ہیں۔ اَب دریافت طلب امر یہ ہے کہ مسلمانوں کو اِس طرح کا کاروبار کرنا یا اُن کو خرید کر کھانا جائز ہے یا نہیں؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: شراب خنزیر اور کتوں کے فضلات چوں کہ عین نجاست ہیں؛ لہٰذا ایسی حرام غذاؤں سے مچھلیوں کو پالنا، اُس کا کاروبار کرنا جائز نہیں ہے، مسلمانوں کو اِس

Marfat.com

طرح کے کاروبار سے احتراز کرنا چاہئے۔ رہی بات ایسی مچھلیوں کے کھانے کی تو اگر اُن مچھلیوں کے گوشت میں نجس غذا کی وجہ سے بدبو پیدا ہو جائے تو پھر اُن کا کھانا اور بیچنا بھی جائز نہیں؛ البتہ اگر اُنہیں کچھ دن حلال اور صاف غذا کھلائی جائے جس سے نجاست کی بدبو گوشت سے جاتی رہے، تو پھر اُن کا کھانا اور بیچنا جائز ہوگا۔ (عزیز الفتاویٰ ۷۶۰)

وفي المنتقىٰ: الجلالة المكروهة التى إذا قربت وجدت منها رائحة فلا تؤكل، ولا يشرب لبنها ولا يعمل عليها وتلك حالها ويكره بيعها وهبتها وتلك حالها. (رد المحتار على الدر المختار / كتاب الحظر والإباحة ۴۹۱/۹ زكريا)

وتحبس الجلالة حتى يذهب نتن لحمها ..... ولو أكلت النجاسة وغيرها بحيث لم ينتن لحمها حلت كما حل أكل جدى غذى بلبن خنزير. (الدر المختار على هامش رد المحتار ۴۹۱/۹ زكريا)

واللحم إذا أنتن يحرم أكله. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الكراهية / الباب الحادي عشر في الكراهية ۳۳۹/۵ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۲۲/۱۱/۲۸ھ

حرام اَجزاء سے تیار شدہ غذا کھانے والے چوزوں کا حکم؟

سوال (۵۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: چوزوں (مرغی کے بچوں) کے لئے میلوں میں جو مرغی دانہ تیار ہوتا ہے اُس کے اجزاء میں چاول پالش مچھلی کی آنت اوجھڑی اور خنزیر کی چربی وغیرہ شامل ہوتی ہے، یہ دانہ اگر چوزوں کو کھلایا جائے تو بہت تیز پرورش ہوتی ہے، اور بچہ چالیس دن میں ڈیڑھ کلو کا ہو جاتا ہے؛ لہٰذا معلوم یہ کرنا ہے کہ جو چوزے اس مرغی دانہ سے پرورش پاتے ہیں اُن کا کھانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اُن چوزوں کا جن کی پرورش مذکورہ دانہ سے ہوئی ہے،

Marfat.com

کھانا حلال ہے؛ البتہ ذبح سے پہلے چندروز حلال چارہ کھلایا جائے تو بہتر ہے۔(مستفاد: امدادالفتاویٰ ۱۰۵/۴، احسن الفتاویٰ ۱۲۶/۸-۴۰۸/۷)

أخرج الإمام أبوبكر بن أبي شيبة بسند صحيح عن ابن عمر رضي الله عنهما أنه كان يحبس الدجاجة الجلالة ثلاثة أيام. (إعلاء السنن ۲۱۵/۱۷ دار الكتب العلمية بيروت، ۱۹۵/۱۷ كراچی)

لو علفها علفاً حراماً لم يحرم لبنها ولحمها وإن كان الورع الترك. (الأشباه والنظائر ۱۵۷)

حل أكل جدي غذي بلبن خنزير؛ لأن لحمه لا يتغير، وما غذي به يصير مستهلكًا لا يبقى له أثر. (الدر المختار / كتاب الحظر والإباحة ۴۹۲/۹ زكريا)

والجدي إذا كان يربى بلبن الأتان والخنزير إن اعتلف أيامًا فلا بأس؛ لأنه بمنزلة الجلالة – والجلالة إذا حبست أيامًا فعلفت لا بأس بها. (الفتاوى الهندية، كتاب الذبائح / الباب الثاني ۲۹۰/۵)

ولو سقي ما يؤكل لحمه خمرًا فذبح من ساعته حل أكله ويكره. (تنوير الأبصار مع الدر المختار / كتاب الحظر والإباحة ۴۹۲/۹ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ
۱۴۲۱/۱۱/۵ھ

حرام اَجزاء سے تیار شدہ غذا کا چوزوں کو کھلانا؟

سوال (۵۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حرام اجزاء سے تیار شدہ دانہ کا چوزوں کو کھلانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: یہ دیکھا جائے کہ اُس دانہ میں حلال اَشیاء غالب ہیں یا حرام، اگر حلال غالب ہیں تو پھر یہ دانہ چوزوں کو کھلانا جائز ہے، اور اگر حرام غالب ہو تو پھر چوزوں

Marfat.com

کو یہ دانہ کھلانا جائز نہیں ہے۔ (عزیز الفتاویٰ ۱/۷۶۱)

قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ: ﴿إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ﴾ [البقرة، جزء آیت: ۱۷۳]

بخلاف الودک أي دهن الميتة؛ لأنه جزؤها فلا يكون مالاً، وكذا الانتفاع به. (شامي ٦٦/٧ زكريا)

وقول الفقهاء: ودک الميتة من ذلک، وحاصله أنه الدهن الخاص وهو دهن الشحم أو اللحم. (البحر الرائق ٣٥٠/٤)

بخلاف دهن الميتة؛ لأنه عين النجاسة، فلا بد من زوالها. (درر الحكام شرح غرر الأحكام ٤٤/١) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۸/۳/۱۴۲۲ھ

Marfat.com

موذی جانور مارنا

گرگٹ مارنا جائز ہے؟

سوال (۵۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: گرگٹ کا مارنا جائز ہے یا نہیں؟ مشہور ہے کہ اُسے مارنا چاہئے؛ اِس لئے کہ جس وقت نمرود نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا تھا تو گرگٹ اُس میں پھونک مار رہا تھا؛ تاکہ آگ بھڑکے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: گرگٹ مارنا نہ صرف جائز؛ بلکہ باعثِ اَجر ہے، حدیث میں آتا ہے کہ جو شخص ایک مرتبہ میں اُسے مار دے اُس کے نامہ اَعمال پر سو نیکیاں لکھی جاتی ہیں، اور جو دو مرتبہ میں مارے اُسے پہلی مرتبہ سے کم اور جو تیسری مرتبہ میں مارے اُسے دوسری مرتبہ سے کم نیکیاں ملتی ہیں۔ (مشکوٰۃ شریف ۲/۳۶۱)

نیز حدیث شریف میں یہ بھی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم گرگٹ مارنے کا حکم دیتے تھے؛ اِس لئے کہ اِس نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے جلائی جانے والی آگ میں پھونک مار کر اسے بھڑکانے کی کوشش کی تھی۔ (مشکوٰۃ شریف ۲/۳۶۱) یہ عمل اِس جانور کی طبعی خباثت کی دلیل ہے۔

عن أم شريك رضي اللّٰه عنها أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أمر بقتل الوَزَغ، وسماه فويسقًا، وقال: كان ينفخ على إبراهيم عليه السلام. (صحيح البخاري / كتاب أحاديث الأنبياء رقم: ۳۳۵۹ دار الفكر بيروت،)

عن عامر ابن سعد عن أبيه رضي اللّٰه عنه أن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم أمر بقتل الوزغ، وسماه فويسقًا. (صحيح مسلم، كتاب الحيوان / باب استحباب قتل الوزغ

Marfat.com

رقم: ۲۲۳۸ بيت الأفكار الدولية)

عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من قتل وزغًا في أول ضربة كتبت له مائة حسنة، وفي الثانية دون ذلك، وفي الثالثة دون ذلك. (مشكاة المصابيح / باب ما يحل أكله وما يحرم، الفصل الأول ٣٦١) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۶/۴/۱۴۱۷ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

نقصان پہنچانے والے کتوں کو مارنا؟

سوال (۵۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر کتے زیادہ پریشان کرنے لگیں تو اُنہیں ہلاک کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟ حدیث میں کتے مارے جانے کا ذکر ملتا ہے، شرعاً اَب کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر کتنے نقصان پہنچانے لگیں تو اُن کو ہلاک کرنے کی شرعاً اِجازت ہے، اگر آوارہ کتے ہوں تو کوئی بھی مار سکتا ہے، اور اگر پالتو کتے پریشان کریں تو اُن کے مالکین پر دباؤ ڈالا جائے کہ وہ خود اپنے کتوں کو مار ڈالیں۔ اور دورِ نبوت میں کتوں کے قتل عام کی علت یہ تھی کہ عرب میں کتوں کی محبت دلوں میں راسخ تھی، اُس محبت کو دل سے نکالنے کے لئے وہ اَحکام دئے گئے تھے، پھر جب کتوں کی برائی دل میں بیٹھ گئی تو خواہ مخواہ قتل سے منع کر دیا گیا۔

قرية فيها كلابٌ كثيرةٌ ولأهل القرية منها ضررٌ يؤمر أرباب الكلاب بأن يقتلوا كلابهم؛ لأن دفع الضرر واجب، وإن أبوا لزمهم القاضي. (تكملة: البحر الرائق ۲۰٤/۸)

وجاز قتل ما يضر منها ككلب عقورٍ وهرة تضر، ويذبحها: أي الهرة ذبحًا، ولا يضر بها؛ لأنه لا يفيد ولا يحرقها (الدر المختار) وقال الشامي تحت قوله: وهرة تضر: كما إذا كانت تأكل الحمام والدجاج. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الخنثىٰ / مسائل شتى ۷۵۲/٦ كراچى)

Marfat.com

وقال الحصكفي رحمه اللّٰه تعالىٰ: لا يحل قتل ما لا يؤذي، ولذا قالوا: لم يحل قتل الكلب الأهلي إذا لم يؤذ، والأمر بقتل الكلاب منسوخ، كما في الفتح: أي إذ لم تضر (الدر المختار) وقال العلامة الشامي رحمه اللّٰه تعالىٰ: قوله: أي إذا لم تضر، تقييد للنسخ، ذكره في النهر أخذًا مما في الملتقط: إذا كثرت الكلاب في قرية وأضرت بأهلها، أمر أربابها بقتلها، فإن أبوا، رفع الأمر إلى القاضي حتى يأمر بذلك. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الحج / باب الجنايات ۵۷۰/۲ كراچی، الفتاوىٰ الهندية / الباب الحادي والعشرون فيما يسع من جراحات بني آدم ۳۶۰/۵ زكريا، الفتاوىٰ البزازية على هامش الهندية، كتاب الكراهية / الثامن في القتل ۳۷۰/۶ زكريا، وكذا في البحر الرائق مع منحة الخالق على البحر، كتاب الحج / فصل: إن قتل محرم صيدًا ۶۰/۲ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۲۰/۱۱/۲۳ھ

موذی کتوں کو زہر دے کر مارنا؟

سوال (۵۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: روزانہ ہمارے کھیت میں چالیس پچاس کتے گوبھی کے پودے کافی تعداد میں توڑ دیتے ہیں، جس سے گوبھی کا کافی نقصان ہورہا ہے، کیا اُن کو زہریلی چیز سے مارا جاسکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: مسئولہ صورت میں اگر کتوں کے ضرر سے بچاؤ نہ ہوئی اور صورت نہ ہو تو اُنہیں جان سے مارنا درست ہے، اور اِس کے لئے دیگر ذرائع کے علاوہ زہر کا استعمال بھی کیا جاسکتا ہے؛ لیکن زہر ایسا ہونا چاہئے جو فوری اثر کرے اور جلد از جلد موجبِ ہلاکت بن جائے، ورنہ معمولی زہر الٹا لوگوں کے لئے مزید خطرہ کا باعث بن جائے۔

وجاز قتل ما يضر منها ككلب عقور وهرة تضر. (الدر المختار ۴۸۲/۱۰ زكريا)

وفي القنية: يجوز ذبح الهرة والكلب لنفع ما. (الدر المختار) أي ولو قليلاً،

Marfat.com

والهرة لو مؤذية لا تضرب ولا تفرک أذنها؛ بل تذبح. (الدر المختار مع الشامي ٦٤/١٠ زكريا، الفتاوىٰ الهندية، كتاب الكراهية / الباب الحادي والعشرون الخ ٣٦١/٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴/۱۱/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بلی اور مرغیاں پکڑنے والی بلی اور کتے کو مارنا؟

سوال (٦٠):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: چوہے کو اور ایسی بلیوں اور کتوں کو جو مرغیوں کو پکڑ کر مارنے کھانے کے عادی ہو گئے ہوں، کسی بھی طریقہ سے ہلاک کرنا جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جائز ہے، بہتر ہے کہ اُنہیں ایسے طریقہ سے مارا جائے کہ اُنہیں کم سے کم تکلیف ہو، مثلاً پکڑ کر تیز چھری سے ذبح کر دیں یا گولی سے مار دیں، ایسے موذی جانوروں کے بچوں کا بھی یہی حکم ہے۔

الهرة إذا كانت مؤذية لا تضرب ولا تحرک أذنها بل تذبح بسكين حاد. (بزازية مع الهندية، كتاب الكراهية / الباب الثامن في القتل ٣٧٠/٦، الفتاوىٰ الهندية / الباب الحادي والعشرون من الكراهية ٣٦١/٥ زكريا)

وكره كل تعذيب بلا فائدة، مثل قطع الرأس والسلخ قبل أن تبرد، أي تسكين عن الاضطراب وهو تفسير باللازم. (الدر المختار / كتاب الذبائح ٤٢٧/٩ زكريا، ٢٩٦/٦ دار الفكر بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴/۲/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بیڈمنٹن مشین سے چھروں کو مارنا؟

سوال (٦١):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: آج کل ایک قسم کے ہاتھ والی مشین (مثل بیڈمنٹن) نکلی ہے، جس کا استعمال مچھر کو مارنے کے لئے کیا جاتا ہے، اس میں کرنٹ کا تار ہوتا ہے مچھر اُس میں لگتے ہی جل کر مرجاتا ہے، تو کیا مچھر مارنے کے لئے ایسی مشین کا استعمال درست ہے؟ کیا یہ سراسر ظلم نہیں ہے؟ اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا تعذیب بالنار کے حکم میں نہیں آئے گا؟ جو بھی حکم شرعی ہو مدلل مرحمت فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کرنٹ والے بلے کو ہلا کر مچھروں کو مارنا مکروہ ہے؛ اِس لئے کہ اِس میں بلاضرورت جاندار کو آگ سے جلانا لازم آتا ہے، جس کی حدیث میں ممانعت ہے، اور مچھروں کو دفع کرنے کی اِس کے علاوہ اور بھی بہت سی تدبیریں موجود اور مؤثر ہیں، اُنہیں استعمال میں لانا چاہئے، مثلاً: مچھردانی، کچھوا چھاپ، یا اَلاوٹ وغیرہ؛ البتہ اگر کرنٹ والی مشین کسی جگہ رکھی ہے اور مچھر وہاں جاکر خود بخود مرتے رہیں تو اِس میں حرج معلوم نہیں ہوتا؛ کیوں کہ یہاں جلانا نہیں پایا جارہا ہے؛ بلکہ خود جلنا پایا جارہا ہے، یہ ایسے ہی ہے جیسے کہیں آگ جل رہی ہو اور اُس میں پروانے جاکر خود بخود جل جائیں۔

عن عبد اللّٰه ابن عباس رضي اللّٰه عنهما قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: إن النار لا يعذب بها إلا اللّٰه. (مشكاة المصابيح ۳۰۷)

عن عبد الرحمٰن بن عبد اللّٰه عن أبيه رضي اللّٰه عنه قال: كنا مع رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم في سفرٍ فانطلق لحاجة ..... ورأى قرية نمل قد حرقناها فقال: من حرق هٰذه؟ قلنا: نحن، قال: إنه لا ينبغي أن يعذب بالنار إلا رب النار. (سنن أبي داؤد ص: ۳۶۲-۳۶۳)

وإحراق القمل والعقرب بالنار مكروه. (الفتاوىٰ الهندية ۳۶۱/۵)

يكره إحراق جراد و قمل وعقرب، ولا بأس بإحراق حطب فيها نمل.

وفي الشامي: يكره أي تحريمًا ومثل القمل البرغوث ومثل العقرب الحية.

Marfat.com

(شامي ١٠/٤٨٢ زكريا، المسائل المهمة ٤/٢٥٠)

المختار أن النملة: إذا ابتدأت بالأذى لا بأس بقتلها وإلا يكره، وإلقاؤها في الماء يكره مطلقًا ..... الهرة إذا كانت مؤذيةً لا تضرب ولا تحرك أذنها؛ بل تذبح بسكين حاد. (الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الكراهية / الفصل الثامن في القتل ٦/٣٧٠ زكريا)

وقد أمرنا بضررهم قتل الزنبور والحشرات. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الكراهية / الباب الحادي والعشرون ٥/٣٦١ زكريا، وكذا في الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الخنثىٰ / مسائل شتى ٦/٧٥٢ كراچى) فقط والله تعالىٰ اعلم

املاه: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۸/۵/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

ذبح کے مسائل

قربانی کا جانور ذبح کرتے وقت کس طرح لٹایا جائے

سوال (۶۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے جانور کو ذبح کے وقت قبلہ رخ کر کے جنوبی جانب لٹایا جاتا ہے، کیا یہ طریقہ قرآن وحدیث سے ثابت ہے؟ جب کہ میت کو دفنانے کے وقت قبلہ رخ کر کے شمالی جانب لٹایا جاتا ہے؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ذبح کرتے وقت جانور کو بائیں پہلو پر لٹا کر اُس کے پیروں کا رخ قبلہ کی جانب کیا جاتا ہے، اِس طرح ذبح کیا جانا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے، اور اِس میں سہولت کا پہلو بھی پایا جاتا ہے، اور اِس کو انسانی میت پر قیاس نہیں کر سکتے؛ کیوں کہ وہاں کی سنت الگ ہے۔ (مستفاد: محمودیہ ۱۷/۲۴۴ ڈابھیل، کتاب المسائل ۲/۳۲۲)

في البذل في بيان أضحيته ﷺ وأخذ الكبش، فأضجعه على اليسار وهو الظاهر؛ لأنه أيسر؛ لأنه أسهل على الذابح في أخذ السكين باليمين وإمساك رأسها باليسار. (تكملة فتح الملهم ۳/۵۶۳ مكتبة دار العلوم كراچی، بذل المجهود / باب ما يستحب في الضحايا ۹/۵۳۸ مركز الشيخ أبي الحسن الندوي)

أدب الذبح سبعة أشياء: أحدها: إضجاع الشاة بالرفق على الأرض. والثاني: إضجاعها على اليسار. (التتف في الفتاوىٰ، كتاب الذبائح والصيد / أدب الذبح ۱۴۸ كراچی)

ويشدّ قوائمه وليُلقِه على شقه الأيسر وليوجه نحو القبلة. (بدائع الصنائع، كتاب الذبائح / فصل في شرط حل الأكل في الحيوان المأكول ۶/۲۷۰ دار الكتب العلمية بيروت)

Marfat.com

وأن يضجع بالرفق، وعلى اليسار، ويوجه إلى القبلة. (مجمع الأنهر / كتاب الذبائح ١٥٩/٤ المكتبة الغفارية) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۲/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ذبح کرنے کیلئے جانور کس رخ لٹائیں اور سر کس جانب ہو؟

سوال (۶۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی میں ذبح کیا جانے والا جانور قبلہ رخ تو ہونا ہی ہے؛ لیکن جانور کا سر اُتر جانب رہنا چاہئے یا دکھن کی جانب؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مستحب ہے کہ ذبح کے وقت جانور کو بائیں پہلو پر لٹایا جائے، اِس طرح ہندوستان جیسے علاقوں میں (جہاں قبلہ پچھّم کی جانب ہے) جانور کا سر دکھن کی طرف ہوگا اور پیر پچھّم کی جانب ہوں گے اور ذبح کرنے والا اپنا داہنا پیر جانور کے داہنے شانہ پر رکھ کر ذبح کرے گا۔

قال في حاشية أبي داؤد: واستحباب وضع الرجل على صفحة عنق الأضحية الأيمن واتفقوا على أن إضجاعها يكون على الجانب الأيسر فيضع رجله على الجانب الأيمن ليكون أسهل على الذابح في أخذ السكين باليمين وإمساك رأسها بيده اليسار. (سنن أبي داؤد، كتاب لضحايا / باب ما يستحب من لضحايا ٣٨٦/٢)

"وأخذ الكبش، فأضجعه على اليسار" وهو الظاهر؛ لأنه أيسر في الذبح.

(بذل المجهود، كتاب الضحايا / باب ما يستحب في الضحايا ٧٠/٥ المكتبة الإمدادية ملتان، ٥٣٨/٩ مركز الشيخ أبي الحسن علي الندوي أعظم جراه)

أدب الذبح سبعة أشياء: أحدها: إضجاع الشاة بالرفق على الأرض.

Marfat.com

والثاني: إضجاعها على اليسار. (التف في الفتاوىٰ، كتاب الذبائح والصيد / أدب الذبح ۱٤۸ كراچی، ۱۸۸/٤ زكريا)

ويشدّ قوائمه، وليُلقه على شقه الأيسر، وليوجهه نحو القبلة. (بدائع الصنائع، كتاب الذبائح / فصل في شرط حل الأكل في الحيوان المأكول ۲۷۰/٦ دار الكتب العلمية بيروت، ۱۸۸/٤ زكريا)

وأن يضجع بالرفق، وعلى اليسار، ويوجه إلى القبلة. (مجمع الأنهر / كتاب الذبائح ۱۵۹/٤ المكتبة الغفارية كوئٹه)

وعمل المسلمين على أن إضجاعها يكون على جانبها الأيسر؛ لأنه أسهل على الذابح في أخذ السكين باليمين وإمساك رأسها باليسار. (تكملة فتح الملهم، كتاب الأضاحي / باب استحباب الضحية وذبحها مباشرةً بلا توكيل والتسمية والتكبير ٥٦٣/٣ مكتبة دار العلوم كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳/۱۲/۱۴۱۵ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

الحمد للہ، سبحان اللہ پڑھ کر جانور ذبح کرنے کا حکم؟

سوال (٦۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ''الحمد للہ، سبحان اللہ'' کہہ کر کسی نے ذبح کیا، تو کیا اِس سے بھی ذبیحہ حلال ہوجائے گا یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ''الحمد للہ، سبحان اللہ'' پڑھ کر جانور کو ذبح کرنے سے بھی ذبیحہ حلال ہو جاتا ہے، بشرطیکہ اُس میں تسمیہ کی بھی نیت ہو۔

عن أنس رضي الله عنه قال: ضحى النبي صلى الله عليه وسلم بكبشين أملحين أقرنين، ذبحهما بيده، وسمى، وكبر، ووضع رجله على صفاحهما.

Marfat.com

(صحيح مسلم، كتاب الأضاحي / باب استحباب التضحية وذبحها مباشرة بلا توكيل ۲/ ۱۵۵ رقم: ۱۹۶۶ بيت الأفكار الدولية، صحيح البخاري، كتاب الأضاحي / باب التكبير عند الذبح ۲/ ۸۳۵ رقم: ۵۵۵۳ دار الفكر بيروت)

ولو سبح أو حمد الله أو كبّر يريد بالتسمية على الذبيحة تحل، وإن لا فلا؛ لأن هذه الألفاظ كناية من التسمية، والكناية إنما تقوم مقام الصريح بالنية.

(البحر الرائق ۹/ ۳۰۷ ديوبند)

ومنها: التسمية حالة الذكاة عندنا أي اسم كان، وسواء قرن بالإسم الصفة بأن قال: الله أكبر، الله أعظم، الله أجل، الله الرحمٰن، الله الرحيم ونحو ذلك، أو لم يقرن بأن قال: الله أو الرحمن أو الرحيم أو غير ذلك، وكذا التهليل والتحميد والتسبيح، وسواء كان لا يحسن العربية أو يحسنها، كذا روى بشر عن أبي يوسف رحمه الله تعالىٰ. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الذبائح / الباب الأول في ركنه وشرائطه وحكمه وأنواعه ۵/ ۲۸۰) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری ۱۵/۶/۱۴۳۵ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ٹیپ ریکارڈ سے دعا سن کر ذبح کرنا؟

سوال (٦٥):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر ذبیحہ کو نوک دار گولی سے اَدھ مرا کیا اور فوراً بجلی کی چھری سے ذبح کیا، حال یہ ہے کہ ٹیپ ریکارڈ سے دعاء ذبیحہ تلاوت ہوئی، تو کیا اُس کا کھانا حلال ہے یا حرام؟ جیسا کہ آج کل یورپ میں ہوتا ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: یہ ذبیحہ حلال نہیں؛ اس لئے کہ اِس میں ٹیپ ریکارڈ سے بسم اللہ پڑھی گئی، جس کا اعتبار نہیں ہے۔

Marfat.com

قال اللّٰه تبارک وتعالیٰ: ﴿كُلُوْا مِمَّا اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ﴾ [المائدة، جزء آیت: ٤]

وقال اللّٰه تعالیٰ: ﴿فَاذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَافَّ﴾ [الحج، جزء آیت: ٣٦]

وقال تعالیٰ: ﴿لَا تَأْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ﴾ [الأنعام، جزء آیت: ١٢١]

وقال اللّٰه تعالیٰ: ﴿لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا لِيَذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِنْ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ﴾ [الحج، جزء آیت: ٣٤]

عن رافع بن خديج رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: ..... ما أنهر الدمَ وذُكرَ اسمُ اللّٰه عليه، فكل ليس السن والظُفر الخ.

(صحيح البخاري، كتاب الذبائح والصيد والتسمية على الصيد / باب: التسمية على الذبيحة ومن ترك متعمدًا رقم: ٥٤٩٨ دار الفكر بيروت)

ومن شرائط التسمية أن تكون التسمية من الذابح حتى لو سمىٰ غيره والذابح ساكت، وهو ذاكر غير ناس لا يحل. (لفتاوىٰ لهندية، كتاب الذبائح / الباب الأول ٥/٢٨٦)

وما يكون من الدعاء ينبغي أن يكون قبل الذبح أو بعده، لما روي أن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم كان إذا أراد أن يذبح أضحيته، قال: اللّٰهم هٰذا منك ولك، إن صلاتي ونسكي ومحياي ومماتي للّٰه رب العالمين، لا شريك له، وبذٰلك أمرت، وأنا أول المسلمين باسم اللّٰه، واللّٰه أكبر. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الذبائح / الفصل الرابع فيما يتعلق بالتسمية على الذبح ١٧/٤٠٠ رقم: ٢٧٦٢٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

١٤١٣/١٠/١٩ھ

بسم اللہ پڑھ کر چھری چلائی اور نہ چلنے پر بغیر بسم اللہ کے دوسری چھری سے ذبح کر دیا؟

سوال (٦٦):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: ایک شخص نے عقیقہ کا بکرا ذبح کیا، اُس چھری پر ''بسم اللہ اللہ اکبر'' پڑھ کر ذبح کیا، چھری تیز نہ ہونے کی بناء پر کچھ بھی نہ کٹا، پھر دوبارہ چھری تیز کر کے اُسی چھری سے ذبح کیا اور دوبارہ ''بسم اللہ اللہ اکبر'' کہہ کر ذبح نہیں کیا، تو اَب اُس بکرے کا کھانا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کسی مسلمان نے اگر ذبح کرتے وقت بھول کر ''بسم اللہ اللہ اکبر'' چھوڑ دیا، تو بھی اُس کا ذبیحہ حلال ہے، اور عقیقہ بھی درست ہو گیا۔

فإن تركها ناسيًا حل قدمنا عن الحقائق و البزازية أن في معنى الناسي من تركها جهلاً بشرطيتها. (تنوير الأبصار مع الدر المختار / كتاب الذبائح ٤٣٤/٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۸/۱۲/۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بسم اللہ پڑھ کر تین رگیں کاٹ کر چھری قصاب کو دینا؟

سوال (٦٧): -کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر کسی شخص نے ''بسم اللہ اللہ اکبر'' کہہ کر بکرے کو ذبح کیا، اور اس نے تین رگیں کاٹ دیں تھیں، تین رگیں کاٹنے کے بعد اُس سے چھری قصاب نے لے لی یا اُس نے دے دی، پھر باقی رگ قصاب نے بغیر بسم اللہ پڑھے کاٹ دی، تو کیا اُس کا گوشت کھانا حلال ہو گیا یا حرام؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب ذابح نے بسم اللہ کہہ کر تین رگیں کاٹ دیں، تو اگر حلقوم اور مرئی دونوں کٹ گئیں اور بقیہ دونوں رگوں میں سے ایک رگ کا اکثر حصہ کٹ گیا ہو، تو جانور حلال ہوگا ورنہ نہیں۔

عن ابن عباس رضي اللّٰه عنهما قال: الذكاة في الحلق و اللبة. (المصنف لعبد الرزاق، كتاب المناسك / باب ما يقطع من الذبيحة ٤٩٥/٤ رقم: ٨٦١٥)

Marfat.com

أصح الأجوبة في الأكثر عنه إذا قطع الحلقوم والمرئي والأكثر من كل ودجين يؤكل ومالا فلا. (شامي ٤٢٦/٩ زكريا، ٣٥٦/٩ بيروت)

والعروق التي تقطع في الذكاة أربعة: الحلقوم: وهو مجرى النفس، والمرئي: وهو مجرى الطعام، والودجان: وهما عرقان في جانبي الرقبة يجري فيهما الدم، فإن قطع كل الأربعة حلت الذبيحة، وإن قطع أكثرها فكذلك عند أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ، وقالا: لا بد من قطع الحلقوم والمرئي وأحد الودجين، والصحيح أبي حنيفة لما أن للأكثر حكم الكل، كذا في المضمرات.

(الفتاوىٰ الهندية / أول كتاب الذبائح ٢٨٧/٥، البحر الرائق ٣١٠/٩ زكريا، الفتاوىٰ التاتارخانية ٣٩٣/١٧ زكريا، بدائع الصنائع ١٥٧/٤ المكتبة النعيمية ديوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری ۱۵/۶/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

دونس کٹنے کے بعد اگر جانور کھڑا ہو جائے تو کیا وہی شخص اُسے بغیر تسمیہ کے ذبح کر سکتا ہے؟

سوال (٦٨):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جانور کو ذبح کرتے وقت ابھی دو ہی نس کٹی تھی کہ جانور بے قابو ہو کر کھڑا ہو گیا اب وہی شخص کھڑے جانور کو دوبارہ ذبح کر رہا ہے تو کیا اس کو دوبارہ بسم اللہ پڑھنا ضروری ہے یا پہلا ہی تسمیہ کافی ہوگا؟ اور اگر کوئی دوسرا شخص ذبح کر رہا ہے تو اس کے لیے بسم اللہ پڑھنا ضروری ہے یا پہلے والے شخص کا بسم اللہ کافی ہوگا۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب و باللّٰہ التوفیق: جب جانور کو ذبح کرنا شروع کر دیا تھا، پھر وہ اُٹھ کر بھاگ گیا، اور پھر دوبارہ اُس کو پکڑ کر لٹا کر ذبح کیا جا رہا ہے، تو چاہے ذابح وہی شخص ہو یا کوئی دوسرا

Marfat.com

شخص ہو، اُس کو از سر نو بسم اللہ پڑھنا ضروری ہے، اور اگر ذبح شروع کرنے کے بعد جانور بھاگا نہیں؛ بلکہ صرف کھڑا ہوا تھا پھر وہی ذابح اُس کو ذبح کرے، تو اُس کے لئے از سر نو بسم اللہ پڑھنا ضروری نہیں؛ لیکن اگر کوئی دوسرا شخص ذبح کرے گا تو اُس کے لئے بسم اللہ پڑھنا ضروری ہوگا۔

ولو سمى ثم انفلتت الشاة وقامت من مضجعها ثم أعادها مضجعها، فقد انقطعت التسمية. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الذبائح / الباب الأول في ركنه وشرائطه وحكمه وأنواعه ۲۸۹/۵ زكريا، وكذا في الفتاوىٰ التاتارخانية ۲/۱۷ ٤٠ زكريا)

والمعتبر أن يذبح عقيب التسمية قبل أن يتبدل المجلس، حتى إذا سمى واشتغل بعمل آخر من كلام قليل أو شرب ماء أو أكل لقمة أو تحديد شفرةٍ، ثم ذبح تحل، وإن كان كثيرًا لا تحل، والعمل القليل لا يقطع المجلس، والكثير يقطع، وهي على الذبيحة. (تبيين الحقائق / كتاب الذبائح ٤٥٢/٦، الفتاوىٰ الهندية، كتاب الذبائح / الباب الأول في ركنه وشرائطه وحكمه وأنواعه ۲۸۸/۵ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۷/۲/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مجلسِ واحد میں متعدد بار چھری چلانے پر ایک بسم اللہ کافی ہے

سوال (۶۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک آدمی ایک ہی جانور پر کئی دفعہ چاقو چلاتا ہے، تو کیا ہر دفعہ چاقو کے ساتھ بسم اللہ پڑھنا ضروری ہے؟ یا ایک ہی دفعہ پڑھ لینا کافی ہوگا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ایک جانور پر ایک مجلس میں کئی دفعہ چاقو چلاتے وقت پہلی مرتبہ بسم اللہ پڑھنا کافی ہے، ہر مرتبہ بسم اللہ پڑھنے کی ضرورت نہیں۔

وإذا أضجع شاة ليذبحها وسمى عليها ثم كلم إنسانا، أو شرب ماء، أو

Marfat.com

حدّد سكينا، أو أكل لقمة، أو ما أشبه ذلك من عمل لم يكثر حلت بتلك التسمية وإن طال الحديث. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الأول من كتاب الذبائح ۲۸۸/۵، تبيين الحقائق / كتاب الذبائح ۴۵۲/۶، الفتاوىٰ التاتارخانية ۱۰۴/۱۷ رقم: ۲۷۶۳۳ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۳۴/۳/۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ایک مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر سو مرغ ذبح کرنا

سوال (۷۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص نے ایک مرتبہ ''بسم اللہ اللہ اکبر'' پڑھ کر سو مرغ یا اُس سے زیادہ ذبح کیے، تو کیا ذبح شدہ مرغ کھانا درست ہوئے یا نہیں؟ شادی اور عقیقہ کے موقعوں پر یہی ہو رہا ہے؛ کیوں کہ ذبح کرنے والا ایک منٹ میں دس مرغ ذبح کرتا ہے، اور پہلے ہی دعا کر لیتا ہے؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ہر ذبیحہ پر الگ سے بسم اللہ پڑھنا لازم ہے؛ لہٰذا مسئولہ صورت میں جن مرغوں پر ذبح کرتے وقت قصداً بسم اللہ پڑھنا چھوڑ دیا گیا ہے وہ شرعاً حلال نہ ہوں گے، اِس بارے میں احتیاط لازم ہے، اور ہر ذبیحہ پر خیال کر کے بسم اللہ پڑھنا ضروری ہے، ایک بسم اللہ کئی ذبیحوں کے لئے کافی نہ ہوگی۔

وإذا أراد أن يذبح عددًا من الذبائح لم تجزئه التسمية الأولىٰ عما بعدها.

(الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الذبائح / الفصل الرابع فيما يتعلق بالتسمية على الذبح ۴۰۱/۱۷ رقم: ۲۷۶۳۱ زكريا)

ومنها تعيين المحل بالتسمية في الذكاة الاختيارية، وعلى هٰذا يخرج ما إذا ذبح وسمى ثم ذبح أخرىٰ يظن أن التسمية الأولىٰ تجزئ عنهما لم تؤكل، فلا بد أن يجدد لكل ذبيحه تسمية على حدة. (الفتاوىٰ الهندية / أول كتاب الذبائح ۲۸۶/۵ زكريا)

Marfat.com

لو سمى وذبح بها واحدة ثم ذبح أخرىٰ، وظن أن الواحدة تكفي لها لا تحل. (شامي / كتاب الذبائح ٤٣٤/٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۱/۱۱/۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اُونٹ کے ذبح کا طریقہ

سوال (۷۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اُونٹ کے ذبح کرنے کا صحیح طریقہ کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اُونٹ کی سب رگیں اُس کے سینہ میں لٹکی رہتی ہیں؛ اِس لئے اُسے ذبح کرنے کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ اُونٹ کو کھڑا رکھا جائے اور ضرورت ہو تو پیروں میں رسی باندھ دی جائے اور کھڑے ہونے کی حالت میں اُن ہی رگوں پر چھری چلائی جائے؛ تاکہ جلد از جلد اُس کا دمِ مسفوح نکل جائے اور اُونٹ ٹھنڈا پڑ جائے، عرب میں آج بھی اِسی طریقہ پر اُونٹوں کو ذبح کرنے کا دستور ہے۔ اِس کے برخلاف معلوم ہوا کہ ہندوستان کے بعض علاقوں میں اُونٹ کو گرا کر گردن کو تین جگہ کاٹ کر ذبح کیا جاتا ہے، اِس میں جانور کو ضرورت سے زیادہ خواہ مخواہ تکلیف دینا لازم آتا ہے، جو شرعاً جائز نہیں۔

عن زياد بن جبير أن ابن عمر رضي اللّٰه عنهما أتى على رجل، وهو ينحر بدنته باركة، فقال: ابعثها قيامًا مقيدةً سنة نبيكم صلى اللّٰه عليه وسلم. (صحيح مسلم، كتاب الحج / باب استحباب نحر الإبل قيامًا معقولة ٤٢٤/١ رقم: ١٣٢٠، صحيح البخاري، كتاب المناسك / باب نحر الإبل المقيدة ٢٣١/١ رقم: ١٦٨٢ ف: ١٧١٣)

عن عبد الرحمن بن سابط أن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم وأصحابه كانوا ينحرون البدنة معقولة، اليد اليسرىٰ قائمة على ما بقي من قوائمها. (سنن أبي داؤد،

Marfat.com

كتاب المناسك / باب كيف تنحر البدن ۱۴۶/۲ رقم: ۱۷۶۷)

السنة في الجزور أن تنحر قائمًا، وفي الشاة والبقرة أن يذبح مضطجعة.

(الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الذبائح / الفصل الثاني في صفة الزكاة ۳۹۵/۱۷ رقم: ۲۷۶۱۶ زكريا)

والسنة نحر الإبل أي قطع عروقها الكائنة في أسفل عنقها عند صدورها؛ لأنه موضع النحر عنها لا لحم عليه ما سوى ذٰلك من الحلق عليه لحم غليظ، فالنحر أسهل من الذبح. (مجمع الأنهر ۵۱۰/۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۲/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جانور کو کھڑے ہونے کی حالت میں ذبح کرنے کا حکم

سوال (۷۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: گائے بھینس، بکرے وغیرہ کو کھڑے ہونے کی حالت میں ذبح کرنا کیسا ہے؟ کیا اونٹ کی طرح اِن جانوروں کو کھڑے ہونے کی حالت میں ذبح کر سکتے ہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: گائے بھینس بکرے وغیرہ کو لٹا کر ذبح کرنا سنت ہے، اور اُنہیں کھڑے ہونے کی حالت میں ذبح کرنا خلافِ سنت اور مکروہ ہے؛ تاہم اگر گلے کی چاروں نسیں (حلقوم مرئی ودجین) یا اِن میں سے اکثر کٹ جائیں اور ذبح شرعی متحقق ہو جائے تو جانور حلال ہو جائے گا، اُونٹ کو کھڑا کر کے ذبح کرنا اَولیٰ ہے؛ اِس لئے کہ اُونٹ کی سب رگیں سینہ سے ملے ہوئے گردن حصہ میں جمع ہوتی ہیں، اور کھڑے ہونے کی حالت میں انہیں کاٹنا آسان ہوتا ہے اور اس سے دم مسفوح نکلنے میں سہولت رہتی ہے اور اس طریقۂ ذبح کو نحر کہا جاتا ہے۔

عن ابن عمر رضي اللّٰه عنهما أتى على رجلٍ قد أناخ بدنتَه ينحرها، قال: ابعثها قيامًا مقيدةً سنةَ أبي القاسم صلى اللّٰه عليه وسلم. (صحيح البخاري، كتاب الحج /

Marfat.com

باب نحر الإبل مقيدةً رقم: ۱۷۱۳ دار الفكر بيروت، صحيح مسلم / باب نحر البدن قيامًا رقم: ۱۳۲۰)

وصرح صاحب الهداية من الحنفية: أن الأفضل أن ينحرها قيامًا لما ورد أنه صلى اللّٰه عليه وسلم نحر الهدايا قيامًا، وأصحابه رضي اللّٰه عنهم كانوا ينحرونها قيامًا معقولة اليد اليسرىٰ عملاً بظاهر قوله تعالىٰ: ﴿فَإِذَا وَجَبَتْ جُنُوبُهَا﴾ والوجوب السقوط، وتحققه في حال القيام أظهر. (إعلاء السنن ۱۷/ ۱۵۰ دار الكتب العلمية بيروت)

السنة في الجزور أن تنحر قائمًا، وفي الشاة والبقرة أن يذبح مضطجعة. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الذبائح / الفصل الثاني في صفة الزكاة ۱۷/ ۳۹۵ رقم: ۲۷۶۱۶ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۷/۲/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بے قابو جانور کو زنجیر سے باندھ کر ذبح کرنا؟

سوال (۷۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کوئی جانور بے قابو ہو تو اُس کے ایک پیر میں زنجیر وغیرہ لگا کر کسی چیز سے اُوپر اُٹھا کر ذبح کریں تو کیا اِس طرح کرنا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: بے قابو جانور کو زنجیر سے باندھ کر ذبح کرنا جائز ہے۔

عن رافع بن خديج رضي اللّٰه عنه قال: أصبنا نهب إبل وغنم، فند منها بعير فرماه رجل بسهم فحبسه، فقال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: إن لهٰذه الإبل أوابد كأوابد الوحش، فإذا غلبكم منها شيء فافعلوا به هٰكذا. (صحيح البخاري رقم: ۵۵۰۹، صحيح مسلم / كتاب الأضاحي ۲/ ۱۵۷ رقم: ۱۹۶۸ بيت الأفكار الدولية)

Marfat.com

قال ابن عباس رضي الله عنهما: ما أعجزك من البهائم مما في يديك فهو كالصيد. (صحيح البخاري، كتاب الصيد / باب ما ندّ من البهائم ۸۲۸/۲)

قال أبو بكر الجصاص الرازي: إن لهٰذه الإبل أوابد كأوابد الوحش، فإذا ندّ منها شيءٌ فاصنعوا به ذٰلك، وأيضًا قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: لو طعنت في فخذها لأجزاء منك. وهٰذا على الحال التي لا يقدر فيها على ذبحها إذ لا خلاف أن المقدور على ذبحه لا يكون ذٰلك ذكاته. (أحكام القرآن للجصاص، المائدة / باب في شرط الذكاة ۳۰۹/۲ دار الكتب العلمية بيروت)

لأنه قد تحقق العجز عن الذكاة الإختيارية فصار إلى البدل. (البحر لرائق ۱۷۱/۸)

ويشد قوائمها. (الفتاوىٰ التاتارخانية ۳۹۷/۱۷ رقم: ۲۷۶۲۱ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۶/۳/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بے قابو جانور کو کرنٹ لگا کر ذبح کرنا؟

سوال (۴۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جانور کو کرنٹ لگا کر ذبح کرنا کیسا ہے؟ اگر کوئی جانور قابو میں نہیں آرہا ہے تو اس کو کرنٹ لگا کر قابو میں لاسکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: عام حالات میں کرنٹ لگا کر جانوروں کو ذبح کرنا سخت مکروہ ہے؛ اس لئے کہ اِس سے ذبح سے قبل موت کا احتمال ہے؛ البتہ اُس کو قابو میں کرنے کے لئے ہلکا سا کرنٹ لگانے کی اِجازت ہوگی؛ لیکن یہ بہر حال لازم ہے کہ ذبح کے وقت وہ زندہ رہنا چاہئے، اور اُس سے دمِ مسفوح نکلنا چاہئے، اگر ذبح سے قبل جانور مرجائے گا تو قطعاً حلال نہ ہوگا۔

عن شداد بن أوس رضي الله عنه قال: ثنتان حفظتهما عن رسول الله

Marfat.com

صلى الله عليه وسلم قال: إن الله تعالىٰ كتب الإحسان على كل شيءٍ، فإذا قتلتم فأحسنوا القتلة، وإذا ذبحتم فأحسنوا الذبح، وليحد أحدكم شفرته فليرح ذبيحته. (صحيح مسلم ١٥٢/٢ رقم: ١٩٥٥)

لا بد من أحد شيئين: أما التحرك وأما خروج الدم، فإن لم يوجد لا يحل كأنه جعل وجدد أحدهما بعد الذبح علامة الحياة وقت الذبح. (بدائع الصنائع / كتاب الذبائح والصيود ١٧٥/٤)

فإذا لم يوجد لم تعلم حياته وقت الذبح فلا تحل. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الذبائح / الباب الأول ٢٨٥/٥ فقهى مقالات ٢٨٦/٤-٢٨٩) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۷/۲/۱۴۳۴ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کیا جانور کے کسی بھی عضو کو کاٹ کر خون بہایا جا سکتا ہے؟

سوال (۷۵):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جانور کے اندر اصل مقصود خون بہانا ہے، تو کیا گلا کاٹ کر خون بہانا ضروری ہے یا کسی بھی عضو کو کاٹ کر خون بہایا جا سکتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جو جانور اپنے قابو میں ہو اُس کو حلال کرنے کے لئے ذبح اختیار ضروری ہے، اور ذبح اختیاری کا مطلب یہ ہے کہ اُس کے گلے کی چار رگیں (حلقوم، مرئی، ودجین) یا اِن میں سے اکثر کٹ جائیں؛ تاکہ دمِ مسفوح بآسانی نکل جائے، اِس کے بغیر کسی دوسرے عضو کو کاٹ کر خون بہانے سے وہ جانور حلال نہ ہوگا۔

عن أبي واقد الليثي قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما قطع من البهيمة وهي حية فهو ميتة. (رواه أحمد وأبو داؤد والترمذي، كذا في التفسير لابن كثر ٨٩٩)

Marfat.com

الذكاة نوعان: إختياري حالة القدرة وذلك في اللبة وما فوق ذلك إلى اللحيين .....، ثم في حالة القدرة إذا قطع الحلقوم والمرئي والودجين فقد أتم الزكاة. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الذبائح / الفصل الثاني في صفة الذكاة ۳۹۲/۱۷ رقم: ۲۷۶۰۳-۲۷۶۰۷ زكريا)

أصح الأجوبة في الأكثر عنه إذا قطع الحلقوم والمرئي من كل ودجين يؤكل ومالا فلا. (شامي / كتاب الذبائح ۴۲۶/۹ زكريا، الفتاوىٰ الهندية / الباب الأول من كتاب الذبائح ۲۸۷/۵) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۷/۲/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ذبح کرنے کے بعد جلد ٹھنڈا کرنے کے لئے ریڑھ کی نس میں چاقو گھونپنا؟

سوال (۷۶): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جانور کو ذبح کرنے کے بعد فوراً ایک چھوٹی چاقو سے جانور کو جلد ٹھنڈا کرنے اور اُس کا تیزی سے خون بہانے کے لئے ایک چھوٹے چاقو کی نوک سے ریڑھ کی نس میں گھونپتے ہیں، اگر ایسا نہ کریں تو وقت زیادہ برباد ہوتا ہے اور مال کم کٹتا ہے، تو کیا اِس طرح کرنا صحیح ہے یا نہیں؟ جب کہ ڈاکٹر لوگ کہتے ہیں کہ اِس طرح کرنے سے جسم سے خون پوری طرح نہیں نکلتا، تو اِس بارے میں بتائیں کہ شرعی حکم کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: فقہاء نے لکھا ہے کہ ذبح کے بعد جانور کے ٹھنڈا ہونے سے پہلے، ریڑھ کی ہڈی کی سفید نس کا کاٹنا مکروہ ہے؛ کیوں کہ اِس میں جانور کو ضرورت سے زائد تکلیف دینا لازم آتا ہے۔ بریں بنا مسئولہ صورت میں ذبح کرتے ہی یہ عمل مکروہ ہوگا،

Marfat.com

اِس طرح ٹھنڈا ہونے سے پہلے جانور کی کھال اُتارنا بھی مکروہ ہے، اور آپ کو اگر وقت بچانا ہے تو اِس کی صورت یہ ہوسکتی ہے کہ جتنے جانور ذبح کرنے ہیں، اُن کو ایک ساتھ ذبح کر کے چھوڑ دیا جائے اور کچھ وقفہ کے بعد بالترتیب اُن کی کھال اُتار لی جائے اور گوشت بنالیا جائے۔

عن نافع قال: كان ابن عمر رضي الله عنهما لا يأكل الشاة إذا نخعت.

(المصنف لعبد الرزاق ٤٩٠/٤ رقم: ٨٥٨٩)

عن ابن عباس رضي الله عنهما نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الذبيحة أن تفرس قبل أن تموت. (السنن الكبرىٰ للبيهقي / باب كراهة النخع والفرس ٢١٠/١٤ رقم: ١٩٦٧٠)

عن عمر بن الخطاب رضي الله عنه قال: لا تجعلوا النفوس أن تزهق.

(رواه الثوري في جامعه، كذا في التفسير لابن كثير ٨٩٩ دار السلام رياض)

عن عمر أنه نهى عن الفرس في الذبيحة ثم حكى عن أبي عبيدة أن الفرس هو النخع يقال: فرست الشاة وونخعتها وذٰلک أن ينتهي بالذبح إلى النخاع وهو عظم في الرقبة. (إعلاء السنن ١٤٥/١٧ دار الكتب العلمية بيروت)

ويكره أن يضجعها ثم يحد الشفرة وأن يبلغ بالسكين النخع وهو عرق أبيض في عظم الرقبة، أما الكراهية فلما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم نهى أن ينخع الشاة إذا ذبحت. (الفتاوىٰ التاتارخانية ٣٩٦/١٧ رقم: ٢٧٦٢٠ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۷/۲/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ذبح کرتے ہی ٹھنڈا ہونے سے پہلے جانور کی کھال اُتارنا؟

سوال (۷۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بعض فیکٹریوں میں جانوروں کو اِس انداز پر ذبح کیا جاتا ہے کہ چھری پھیرتے ہی فوراً چین

Marfat.com

پرلٹکا دیا جاتا ہے، اور فوراً کھال اُتار دی جاتی ہے اِس لئے ایسا کرتے ہیں، اُن کے بدن سے پورا خون نہیں نکل پاتا، چوں کہ ہزاروں کی مقدار میں جانور ذبح ہوتے ہیں، اور اُن کا گوشت ایکسپورٹ کیا جاتا ہے۔

غور طلب امر یہ ہے کہ پورا خون باہر نہیں نکلا تو اُس ذبیحہ کا شرعاً کیا حکم ہے؟ اُس کا کھانا یا فروخت کرنا شرعاً کیسا ہے؟ نیز پورا خون نکلنے کے لئے ذبح کرنے اور کھال اُتارنے کے درمیان کتنا وقفہ ضروری ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر جانور کی شہ رگیں (حلقوم، مرئ، ودجان) کٹ چکی ہیں تو جانور تو حلال ہوگیا، اَب دمِ مسفوح (بہنے والا خون) جانور سے نکل جائے گا؛ لیکن مستحب یہ ہے کہ جب تک جانور پرسکون نہ ہو اُس کی کھال وغیرہ نہ اُتاری جائے، اگر اِس کے خلاف کیا جائے گا جیسا کہ سوال میں درج ہے، تو یہ عمل مکروہ اور خلافِ سنت ہوگا؛ لیکن جانور حلال کہلائے گا، اُس کے کھانے اور فروخت کرنے میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے۔

عن ابن عباس رضي اللّٰه عنهما قال: الذكاة في الحلق واللبة. (المصنف لعبد الرزاق، كتاب المناسك / باب ما يقطع من الذبيحة ٤/٤٩٥ رقم: ٨٦١٥)

ثم في حالة الضرورة إذا قطع الحلقوم والمرئي والودجين فقد أتم الذكاة. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الذبائح / الفصل الثاني في صفة الذكاة ١٧/٣٩٢ رقم: ٢٧٦٠٧ زكريا)

أصح الأجوبة في الأكثر عنه إذا قطع الحلقوم والمرئي، والأكثر من كل ودجين يؤكل، وما لا فلا. (شامي ٩/٤٢٦ زكريا)

وكره كل تعذيب بلا فائدة، مثل قطع الرأس والسلخ قبل أن تبرد، أي تسكن عن الاضطراب وهو تفسير باللازم. (الدر المختار / كتاب الذبائح ٩/٤٢٧ زكريا، ٦/٢٩٦ دار الفكر بيروت)

Marfat.com

مكروهات التذكية التعذيب أو زيادة الألم بلا فائدة. (الفقه الإسلامي وأدلته، المبحث الثاني: الذبح والتذكية / المطلب: الثامن مكروهات التذكية ٤/٢٧٧٤ زكريا)

والحاصل أن كل ما فيه زيادة ألم لا يحتاج إليه في الذكاة مكروهةٌ. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الذبائح / الباب الأول ٥/٢٨٨ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۳/۱/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ذبح کرنے کے بعد فوراً کھال اُتارنا مکروہ ہے

سوال (۷۸):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جانور کو ذبح کرنے کے بعد فوراً اُس کی کھال اُتارنا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ذبح کے فوراً بعد جانور کے ٹھنڈا ہونے سے پہلے اُس کی کھال اُتارنا مکروہ ہے۔

وكره كل تعذيب بلا فائدةٍ مثل قطع الرأس والسلخ قبل أن تبرد أي تسكن عن الإضطراب. (الدر المختار / كتاب الذبائح ٩/٤٢٧ زكريا)

ويكره سلخ الجلد بعد الذبح قبل أن تبرد. (الفتاوىٰ التاتارخانية ١٧/٣٩٧ رقم: ٢٧٦٢١ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۶/۳/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مرغ ذبح کرتے وقت گردن بالکل الگ کردینا؟

سوال (۷۹):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مرغ ذبح کرتے وقت اس کی گردن بالکل الگ ہوگئی، تو کیا اُس کے کھانے میں اور ذبیحہ

Marfat.com

میں گناہ تو لازم نہیں آیا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ذبح کرتے وقت جس مرغی کی گردن پوری کٹ جائے اُس کا کھانا حلال ہے؛ لیکن اس طرح بالقصد کاٹنا مکروہ ہے۔

عن ابن عباس رضي اللّٰه عنهما أن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم نهى عن الذبيحة أن تفرس. أخرجه الطبراني.

عن سعيد بن المسيب رضي اللّٰه عنه قال: نهى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أن تنخع الشاة إذا ذبحت.

عن عمر أنه نهى عن الفرس في الذبيحة.

عن عبد اللّٰه بن عمرو بن العاص رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: من قتل عصفورًا إلا بحقه سأله اللّٰه عنه يوم القيامة، قيل: يا رسول اللّٰه! وما حقه؟ قال: يذبحه ذبحًا ولا يأخذ بعنقه فيقطعه. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب كراهة النخع، وباب كراهة قطع العنق عند الذبح ۱۷/۱۴۵-۱۴۶ رقم: ۲۵۲۳-۲۵۲۴-۲۵۲۵-۲۵۲۶ دار الكتب العلمية بيروت، ۱۳۱-۱۳۲ كراچی)

ومن بلغ بالسكين النخاع أو قطع الرأس كره له ذلك، وتوكل ذبيحته.

(الهداية / كتاب الذبائح ۴/۴۳۸ ديوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۲/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اہلِ کتاب کا ذبیحہ؟

سوال (۸۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا اہلِ کتاب کے ہاتھ کا ذبح کیا ہوا ذبیحہ کھانا جائز ہے؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر اہلِ کتاب یہود ونصاری اللہ تعالیٰ کا نام لے کر جانور ذبح کریں تو وہ ذبیحہ حلال ہے، اور اگر اللہ کا نام لئے بغیر ذبح کریں یا غیر اللہ کے نام پر ذبح کریں، تو اُن کا: ۔یہ حلال نہیں۔ (مستفاد: معارف القرآن ۳/۵۴)

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ﴾ [المائدة، جزء آیت: ٥]

عن قيس بن سكن الأسدي قال: قال عبد اللّٰه: إنكم نزلتم بين فارس والنبط، فإذا اشتريتم لحمًا، فإن كان ذبيحة يهودي أو نصراني فكلوه، وإن ذبحه مجوسي فلا تأكلوه. (المصنف لابن أبي شيبة، كتاب السير / ما قالوا في طعام اليهودي والنصراني ١٧/ ٤٢٠ رقم: ٣٣٣٦٢) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۱/۸/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مقطوع اللحیہ، بدعتی اور بریلوی کا ذبیحہ

سوال (۸۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جس شخص کی داڑھی نہیں ہے تو اُس کا ذبیحہ کیسا ہے؟ نیز بدعتی، بریلویوں کا ذبیحہ کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو شخص مسلمان ہو اُس کا ذبیحہ حلال ہے، خواہ اُس کے داڑھی ہو یا نہ ہو، اِس طرح بدعتی مسلمان کا ذبیحہ بھی حلال ہے۔

قال تعالیٰ: ﴿وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ حِلٌّ لَّكُمْ﴾ [المائدة، جزء آیت: ٥]

وشرط كون الذابح مسلمًا. (الدر المختار ٩/ ٤٢٧ زكريا، الفتاوىٰ التاتارخانية ١٧/ ٣٨٩ رقم: ٢٧٥٩١ زكريا، فتاوىٰ دار العلوم ١٥/ ٤٢٢-٤٢٣)

شروط الذابح ..... وهي أن يكون مميزًا عاقلاً ..... ولو كان مكرها على

Marfat.com

الذبح ذكرًا أو أنثى طاهرًا ..... عدلاً أو فاسقًا لعموم الأدلة وعدم المخصص.

(الفقه الإسلامي وأدلته / الباب التاسع الذبائح والصيد ٢٧٦٣/٤ رشيدية، المبحث الأول ٦٤٩/٤ تهانوی دیوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۶/۳/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جس کو اَول کلمہ یاد نہ ہو اُس کا ذبیحہ

سوال (۸۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر کسی شخص کو اَول کلمہ بھی یاد نہیں ہے تو اُس کا ذبح کرنا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اِیمان کا تعلق دل کے عقیدہ سے ہے، پس جو شخص دل سے مؤمن ہو تو اُسے اگرچہ اول کلمہ یاد نہ ہو تو صرف "اللہ" کا نام لینے سے بھی ذبیحہ حلال ہو جائے گا۔

وشرط كون الذابح مسلمًا. (الدر المختار ٤٢٧/٩ زكريا، الفتاوىٰ التاتارخانية ٣٨٩/١٧ رقم: ٢٧٥٩١ زكريا)

أهل الذبح من له ملة التوحيد دعوى وإعتقادًا كالمسلم. (فتاوىٰ دار العلوم ٤٢٢/١٥)

فإن ذبح كل مسلم وكل كتابي حلال ..... برًا كان أو فاجرًا. (التتف في الفتاوىٰ / كتاب الذبائح ١٤٧، بحوالہ: تعليقات فتاوىٰ محموديه ٢٣١/١٧ ڈابھیل) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۶/۳/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

عورت کا ذبیحہ؟

سوال (۸۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا کوئی مسلمان عورت اپنے ہاتھ سے جانور ذبح کر سکتی ہے؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسلمان عورت اپنے ہاتھ سے جانور ذبح کرسکتی ہے، اور اُس کا ذبیحہ بلاشبہ حلال ہے۔

عن ابن لكعب بن مالك عن أبيه رضي اللّٰه عنه أن امرأة ذبحت شاة بحجر، فسئل النبي صلى اللّٰه عليه وسلم عن ذلك، فأمر بأكلها. (صحيح البخاري ۸۲۷/۲، سنن ابن ماجة ص: ۲۲۹)

عن إبراهيم النخعي أنه قال في ذبيحة المرأة والصبي: لا بأس إذا أطاق الذبح وحفظ التسمية. أخرجه سعيد بن منصور بسند صحيح وهو قول الجمهور. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب جواز ذبح المرأة والصبي ۱۰٤/۱۷ رقم: ٤٩٦٥ دار الكتب العلمية بيروت، ۹۳/۱۷ كراچی)

حل ذبيحة مسلم وكتابي وصبي وامرأة. (كنز الدقائق ٤١٦، ديهات وقصبات كے مسائل ۳٦۳، احسن الفتاوىٰ ٤٠٨/۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۵/۱۴۳۰ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مسلمان عورت کا ذبیحہ؟

سوال (۸۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کسی مسلمان عورت کے ہاتھوں ذبح کیا ہوا جانور کا گوشت حلال ہے یا حرام؟ مرد کی غیر موجودگی میں عورت کوئی جانور ذبح کرسکتی ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسلمان عورت کے ہاتھ کا ذبیحہ حلال ہے، مرد کی موجودگی میں بھی عورت ذبح کرسکتی ہے، شرعاً اِس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

Marfat.com

عن ابن كعب بن مالك عن أبيه رضي اللّٰه عنه أن المرأة ذبحت شاة بحجر، فسئل النبي صلى اللّٰه عليه وسلم عن ذٰلك فأمر بأكلها. (صحيح البخاري، كتاب الذبائح / باب ذبيحة الأمة والمرأة ۸۲۷/۲)

عن إبراهيم النخعي أنه قال في ذبيحة المرأة: لا بأس إذا أطاق الذبيحة وحفظ التسمية وهو قول الجمهور. (فتح الباري، كتاب الذبائح / باب ذبحة الأمة والمرأة ۶۳۲/۹ دار الفكر بيروت)

عن جابر رضي اللّٰه عنه أن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم رخص في ذبيحة المرأة. (السنن الكبرىٰ للبيهقي ۲۱۷/۱۴، ۵۲۶/۹ القاهرة، المصنف لعبد الرزاق ۴۸۲/۴ رقم: ۸۵۵۲)

ولو الذابح مجنونًا أو امرأة أو صبيًا يعقل التسمية والذبح ويقدر. (الدر المختار / كتاب الذبائح ۴۳۰/۹ زكريا، البحر الرائق / كتاب الذبائح ۳۰۵/۸ زكريا)

وتحل ذبيحة مسلم وكتابي ذميٍّ أو حربيٍّ ولو امرأة أو صبيًّا أو مجنونًا يعقلان. (مجمع الأنهر / كتاب الذبائح ۱۵۳/۴-۱۵۴، إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب جواز ذبح المرأة ۹۳/۱۷ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۶/۸/۱۴۳۳ھ
الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

عورت اور لڑکی کا ذبیحہ؟

سوال (۸۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: عورت یا لڑکی جانور پر چھری پھیر سکتی ہے یا نہیں؟ اگر پھیر دے اور اسے کچھ معلوم نہ ہو کہ میرا چھری پھیرنا صحیح ہے یا نہیں؟ تو کوئی کفارہ تو دینا نہیں پڑے گا؟ جواب سے نوازیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: عورت یا لڑکی کے لئے قربانی کا جانور ذبح کرنا شرعاً

Marfat.com

درست ہے، اُس کی وجہ سے کوئی کفارہ واجب نہیں ہوتا، بشرطیکہ وہ اچھی طرح ذبح کرنے پر قادر ہو۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۷/۲۲۸ ڈابھیل)

عن المسيب بن رافع أن أبا موسىٰ كان يأمر بناته أن يذبحن نسائك من بأيديهن. (إعلاء السنن ۱۷/۲۷۷) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۱۰/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

گونگے بچے کا ذبیحہ

سوال (۸۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک بچہ مکمل گونگا ہے، زبان سے کچھ بھی حروف اَدا نہیں ہوتے، اُس کے ذبیحہ کا کیا حکم ہے، نیز اگر کسی دوسرے کے ہوتے ہوئے جو تسمیہ پر قدرت رکھتا ہے، گونگا ہی ذبح کرے تو کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: گونگے شخص کا ذبیحہ شرعاً درست ہے، شریعت میں اُس کو ناسی کے درجہ میں رکھا گیا ہے، اُسے چاہئے کہ ذبح کرتے وقت آسمان کی طرف اِشارہ کرے، یہی اُس کے لئے اللہ تعالیٰ کا نام لینے کے قائم مقام ہوگا۔

عن جابر رضي اللّٰه عنه قال: سألت الشعبي عن ذبيحة الأخرس؟ فقال: يشير إلى السماء. (المصنف لعبد الرزاق، كتاب المناسك / باب ذبيحة الأقلف والأخرس ۴/۴۸۵ رقم: ۸۵۶۶)

وأخرس ..... يعني تحل ذبيحة هؤلاء ..... والأخرس عاجزٌ عن الذكر فيكون معذورًا وتقوم الملة مقامه كالناسي؛ بل أولىٰ لأنه ألزم. (البحر الرائق / كتاب الأضحية ۸/۱۶۸ كراچی، مجمع الأنهر / كتاب الذبائح ۲/۵۰۸ دار إحياء التراث العربي، ۴/۱۵۴ مكتبة فقيه الأمة ديوبند، شامي / كتاب الذبائح ۹/۴۳۱ زكريا، المبسوط للسرخسي ۱۲/۵)

Marfat.com

وذبيحة الأخرس حلال. (الفتاوىٰ التاتارخانية ۱۷/ ۳۹۰ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۶/۲/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کا جانور امام صاحب یا مولانا صاحب سے ذبح کرانے کو ضروری سمجھنا؟

سوال (۸۷):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے گاؤں میں یہ ماحول ہے کہ قربانی کے جانور کو خود اپنے ہاتھ سے ذبح نہیں کرتے، نمازی بھی حافظ بھی حاجی بھی، پڑھے لکھے بھی بغیر پڑھے بھی، ہر ایک یا تو امام صاحب یا مولانا صاحب ہی ذبح کریں گے، حالاں کہ خود بھی اپنی قربانی ذبح کر سکتے ہیں، یہاں تک جو لوگ جانوروں کے ٹکڑے اور بوٹیاں کرنا بھی جانتے ہیں، وہ بھی اپنی قربانی کا جانور دوسرے ہی سے ذبح کراتے ہیں، اِس سلسلہ میں شرعی حکم کیا ہے؟

کیا اپنی قربانی کا جانور اپنے ہی ہاتھ سے ذبح کرنا زیادہ ثواب ہے؟ اگر دوسرے سے کرایا تو کیا ثواب گھٹ جائے گا؟ اور ہمارے گاؤں کا یہ ماحول کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جو ذبح کرنا جانتا ہو اُس کے لئے مستحب یہی ہے کہ اپنا جانور خود ذبح کرے، اور اگر خود اچھی طرح ذبح نہ کر سکتا ہو یا کسی اور وجہ سے کسی دوسرے سے ذبح کرائے، تو اِس کی بھی گنجائش ہے؛ لیکن ذبح کرتے وقت خود سامنے رہنا بہتر ہے، اور دوسرے سے ذبح کرانے کو ضروری سمجھنا جیسا کہ سوال میں مذکور ہے، اِس کی شرعاً کوئی اصل نہیں ہے۔

وأن يذبح بيده إن علم ذلك، وإلا يعلمه شهدها بنفسه، ويأمر غيره بالذبح، كي لا يجعلها ميتة. (شامي ۹/ ۴۷۴ زكريا)

Marfat.com

الأفضل أن يضحي الرجل بيده إذا قدر عليه، وإن لم يقدر فوض إلى غيره، حكى أن أبا حنيفة فعل بنفسه، وفي الزاد: وإن كان لا يحسن الذبح يكره له، وفي الهداية: وإذا استعان بغيره يستحب أن يشهدها بنفسه. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الخامس في بيان ما يجوز من الضحايا وما لا يجوز ۱۷/۴۳۵ رقم: ۲۷۷۴۸ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۷/۱/۱۴۳۰ھ
الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کا خون دفن کرنا کیسا ہے؟

سوال (۸۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: حضرت مفتی صاحب قربانی کے خون کو دفن کرنے سے متعلق ایک سوال وجواب ارسالِ خدمت ہے، غور فرما کر جواب تحریر فرمائیں:

سوال:- قربانی کا خون زمین میں گڑھا کھود کر دفن کرنا کیسا ہے؟

جواب:- درست نہیں ہے؛ کیوں کہ قرآن وحدیث میں خون بہانے کا حکم دیا گیا ہے۔ اور دیہاتوں میں زمین کھود کر دفن کرنے کا عمل جو رائج ہے، وہ من گھڑت ہے۔

مذکورہ سوال وجواب کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ دلیل کے ساتھ تحریر فرمادیں؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: قربانی کا خون گڑھا کھود کر زمین میں دفن کرنا اگرچہ لازم نہیں؛ لیکن ناجائز بھی نہیں ہے؛ بلکہ مباح ہے، مجیب صاحب کا اُسے ناجائز کہنا بے دلیل ہے، اور عدمِ جواز کی جو دلیل اُنہوں نے پیش کی ہے، اُس کا تعلق زمین پر خون بہانے سے نہیں ہے؛ بلکہ جانور کا خون بہانے سے ہے، اِس بے جوڑ دلیل سے استدلال خود مجیب صاحب کی ناواقفیت کی دلیل ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۲۶/۳۹۶ میرٹھ)

قال اللہ تعالیٰ: ﴿قُلْ لَا اَجِدُ فِیْ مَا اُوْحِیَ اِلَیَّ مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَطْعَمُهٗ اِلَّا

Marfat.com

اَنْ يَكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَسْفُوْحًا اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾ [الأنعام: ١٤٥]

وقال اللّٰه تعالىٰ: ﴿اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾ [النحل: ١١٥]

ويدفن أربعة: الظفر والشعر وخرقة الحيض والدم. (شامي، كتاب الحظر والإباحة / فصل في البيع ٦/٥ ٤٠ دار الفكر بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۵/۵/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مہمان نوازی کے لئے بسم اللہ پڑھ کر ذبح کرنا؟

سوال (۸۹): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر کوئی مسلمان کسی جانور کو اللہ کا نام لے کر مہمان نوازی کے واسطے ذبح کرے، تو کیا اُس کے اندر شرک شامل ہوگا یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: مہمان کی ضیافت کے لئے اللہ کے نام پر جانور کو ذبح کرنے میں شرک کا کوئی شبہ نہیں پایا جاتا ہے؛ کیوں کہ مہمان کا اکرام بجائے خود سنت اور موجبِ تقرب ہے، اِس اعتبار سے مہمان کا اکرام اللہ کے اکرام کے مثل ہے۔

قال اللّٰه تعالىٰ: ﴿هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ. اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلَامًا، قَالَ سَلَامٌ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ. فَرَاغَ اِلٰى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ سَمِيْنٍ. فَقَرَّبَهٗ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا تَاْكُلُوْنَ﴾ [الذريٰت: ٢٤-٢٥-٢٦-٢٧]

ولو ذبح للضيف لا يحرم؛ لانه سنة الخليل، وإكرام الضيف إكرام اللّٰه تعالىٰ. (شامي / كتاب الذبائح ٩/٤٤٩ زكريا)

Marfat.com

رجل ذبح للضيف شاة فذكر اسم الله عليها، فقال: يحل أكله. (البحرالرائق / كتاب الذبائح ۱۶۸/۸ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۴/۱۴۳۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ہندوستان سے دوسرے ممالک جانے والے ذبیحہ گوشت کا حکم؟

سوال (۹۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہندوستان سے جو گوشت دوسرے ممالک میں جاتا ہے اس کے ساتھ کوئی مسلمان نہیں ہوتا، غیر مسلم ہی اُس کو لے جانے والے اور نگرانی کرنے والے ہوتے ہیں، ایسی صورت میں اُس گوشت کو استعمال کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ہندوستان سے جو ذبیحہ گوشت مسلم ممالک میں جاتا ہے اُن میں جانوروں کو ذبح کرنے والے مسلمان ہی ہوتے ہیں اور کسی مقامی مسلم تنظیم کے تصدیقی سرٹفکیٹ کے بعد ہی اُس کو ایکسپورٹ کیا جاتا ہے؛ اِس لئے درمیان میں لے جانے والے اگر چہ غیر مسلم ہوں، پھر بھی اُس گوشت کا استعمال شرعاً حلال ہوگا۔

ويقبل قول كافر ذُلو مجوسيًا، قال: اشتريت اللحم من كتابي فيحل. (الدر المختار / كتاب الأضحية ۴۱۹/۹ بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۱۰/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

غیر اللہ کی نسبت پر جانور ذبح کرنا

غیر اللہ کا تقرب حاصل کرنے کی نیت سے جانور ذبح کرنا؟

سوال (۹۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: غیر اللہ کے نام پر کوئی جانور تقرب حاصل کرنے کی نیت سے منسوب کرنا مگر عین ذبح کے وقت اُن بزرگ کے نام پر ذبح نہ کر کے اللہ کے نام پر ذبح کرنا اور ایصالِ ثواب اُن بزرگ (ولی اللہ) کے نام پر کرنا کیسا ہے؟

بعض لوگ ایسا کرنے کو منع کرتے ہیں، تو اُن کو دیوبندی اور وہابی کہا جاتا ہے، بتایا جائے کہ منع کرنے والے لوگ سیدھے راستہ پر ہیں یا یہ فعل کرنے والے حضرات؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: غیر کے تقرب کے لئے جانور کو ذبح کرنا حرام ہے، اگرچہ بوقتِ ذبح اُس پر اللہ تعالیٰ کا نام لیا گیا ہو، اور اِس طرح ذبح کردہ جانور مردار کے حکم میں ہے، کسی کے لئے اُس کا کھانا بھی درست نہیں ہے۔ (جواہر الفقہ ۶/۲۳۷ زکریا)

ذبح لقدوم الأمير ونحوه كواحد من العظماء يحرم؛ لأنه أهل به لغير اللّٰه، ولو ذكر اسم اللّٰه تعالىٰ. (الدر المختار / كتاب الذبائح ۹/۶ ۳۰ بيروت، ۴۴۹/۹ زكريا، البحر الرائق / كتاب الذبائح ۱۶۸/۸ كراچی، كذافي مجمع الأنهر ۱۵۵/۴ دار الكتب العلمية بيروت)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۱/۲/۱۲ھ

Marfat.com

صدقہ کے نام پر بکرا ذبح کر کے کھانا؟

سوال (۹۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید نے صدقہ کے نام سے اپنے گھر کے اندر ایک بکرا ذبح کیا، اور گوشت کو اپنے استعمال میں لایا، اور کچھ گوشت اپنے قریبی رشتہ داروں کے یہاں بھی پہنچا دیا، کیا اُس گوشت کو کھانا زید کے لئے درست ہے یا نہیں؟ اور یہ عمل زید کا اکثر رہا کرتا ہے، ایسے بکرے کے گوشت اور کھال کا کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر یہ بکرا بطور صدقہ نافلہ کے ذبح کیا گیا ہے، یعنی نذر یا منت کا نہیں ہے، تو اُس کا گوشت اور کھال ذاتی استعمال میں لانا اور رشتہ داروں کو دینا جائز اور درست ہے، مگر بکرا وغیرہ کے ذبح کا التزام اچھا نہیں، بہتر یہ ہے کہ روپے پیسے غرباء اور مساکین کو بطور صدقہ دے دئے جائیں۔ (مستفاد: امداد الفتاویٰ ۳۰۸/۵)

ثم كل دم يجوز أن يأكل منه لا يجب عليه أن يتصدق به بعد الذبح. (بدائع الصنائع ٢٢٤/٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۷/۲/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جان بخشی کے بدلہ میں ذبح کیا ہوا بکرا کھانا؟

سوال (۹۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ ہذا میں غریب نادار بیرونی طلبہ رہتے ہیں، جن کا تکفل من جانب مدرسہ ہے، بعض مرتبہ بچوں کے لئے صدقات کے بکرے آتے ہیں جس میں یہ شکل ہوتی ہے:

(۱) زید سخت بیمار ہے یا اچانک کسی حادثہ کا شکار ہوا یا اور کوئی ایسی اہم بات پیش آئی جس کی وجہ سے تابڑ توڑ (فوراً) صدقہ کے طور پر مدرسہ میں بکرا بھیج دیا۔

(۲) یا زید کی صحت یابی یا حادثہ کے ٹل جانے کے بعد بطور شکرانہ کے مدرسہ میں بکرا بھیج دیا۔

Marfat.com

(۳) یا منت نذر پوری ہونے کے بعد طلبہ کے لئے بکرا بھیج دیا، اس کا استعمال کیسا ہے، شرعی حیثیت کیا ہے؟

نیز مطبخ میں من جانب مدرسہ موجودہ مدرسین بھی کھانا کھاتے ہیں، اُس میں اُن کی شمولیت کیسی ہے؟ اگر طلبہ خود شریک کر لیتے ہوں چوں کہ شرعی حکم معلوم نہیں، مگر طبعی طور پر مدرسین کو انقباض ہوتا ہے، بعض بدرجہ مجبوری شریک ہوجاتے ہیں اور بعض احتراز کرتے ہیں، اِس کی مدلل وضاحت فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر بیماری کے وقت جان کا بدلہ جان سمجھ کر ذبح کر کے بکرا بھیجا گیا ہے، تو یہ بکرا کسی کے لئے حلال نہیں، مردار کے حکم میں ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاویٰ ۴/۷۰)

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهِ﴾ [المائدة، جزء آیت: ۳]

اور صدقہ اور منت کا بکرا صرف غرباء کے لئے حلال ہے، مال داروں کو اُس میں سے کھانا درست نہیں ہے، اگر مال دار اور صاحبِ استطاعت مدرسین اُس میں سے کھالیں گے تو اُن پر اُس کی قیمت ادا کرنی لازم ہوگی۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۲/۲۲۳)

وقيد بالزكاة؛ لأن النفل يجوز للغني كما للهاشمي، وأما بقية الصدقات المفروضة والواجبات كالعشر والكفارات والنذور وصدقة الفطر، فلا يجوز صرفها للغني، لعموم قوله عليه الصلوة والسلام: لا تحل صدقة لغني. خرج النفل منها؛ لأن الصدقة على الغني هبة. (البحر الرائق ۲/۲۴۵، ومثله في الدر المختار ۳/۳۰۰ زكريا)

البتہ جو بکرا خوشی کے موقع پر شکرانہ کے لئے بھیجا جائے اُس میں سب لوگ شریک ہو سکتے ہیں۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۵/۳۶۷)

أما صدقة التطوع فيجوز دفعها إلى هؤلاء (الوالدين وإن علوا

Marfat.com

والمولودين وإن سفلوا) والدفع إليهم أولى؛ لأن فيه أجرين: أجر الصدقة، وأجر الصلة، وكونه دفعًا إلى نفسه من وجه لايمنع صدقة التطوع، قال النبي صلى الله عليه وسلم: نفقة الرجل على نفسه صدقة، وعلى عياله صدقة الخ. (بدائع الصنائع ۱۶۲/۲ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۵/۵/۱۴۱۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

روح نکلنے میں آسانی ہونے کے عقیدہ سے بکرا ذبح کرنا؟

سوال (۹۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایسا آدمی کہ جس کی جان نکلنے میں بہت پریشانی ہورہی ہو، تو بکرا ذبح کرنے سے فوراً روح قبض ہوجاتی ہے، اِدھر چھری بکرے کی گردن پر چلائی، اُدھر فوراً روح قبض ہوگئی، ایسے بکرے کے بارے میں کیا خیال ہے؟ اِس بکرے کی کھال گوشت وغیرہ کے بارے میں تحریر فرمائیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: صورتِ مسئولہ میں بھی بکرا ذبح کرنا ناجائز اور حرام ہے؛ اِس لئے کہ اُس میں جانور کے ذبح کرنے کو ہی دفع مصیبت سمجھا جاتا ہے، جو ''ما اهل لغير اللّٰه'' کی ہی ایک صورت ہے، نیز اس ذبیحہ کی وجہ سے روح کے آسانی سے نکلنے کا عقیدہ غلط ہے۔ ایسے عقیدہ سے توبہ کرنا لازم ہے، یہ اتفاق کی بات ہے کہ بکرا ذبح کرتے کرتے روح نکل جائے، شریعت میں اِس قسم کے عقائد کا کوئی اعتبار نہیں ہے، اور اُس جانور کا گوشت حرام ہے، اور دباغت کے بعد اُس کی کھال کا استعمال اور فروختگی جائز ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاویٰ ۵۷۰/۳)

قال اللّٰه تعالىٰ: ﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ﴾ [المائدة، جزء آیت: ۳]

ذبح لقدوم الأمير ونحوه يحرم لأنه أهل به لغير اللّٰه. (الدر المختار مع الشامي

Marfat.com

/ کتاب الذبائح ۴۴۹/۹ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۲/۴/۱۴۲۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

نزع کی حالت میں موت کی سختی سے بچانے کیلئے بکرا ذبح کرنا؟

سوال (۹۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کبھی کبھی ایسا ہوتا ہے کہ نزع کی حالت میں مرنے والے کے نام سے صدقہ کیا جاتا ہے، وہ صدقہ رقم اور غلہ کی شکل میں بھی ہوتا ہے، اور کبھی حالتِ نزع والے شخص کے نام سے بکرا ذبح کر کے اُس کا گوشت مدارس وغیرہ میں بھیج دیا جاتا ہے، اور نیت بکرا ذبح کرنے سے یہ ہوتی ہے کہ موت کی وجہ سے جو سختی ہوتی ہے وہ ختم ہوجائے اور روح بآسانی نکل جائے۔ دریافت یہ کرنا ہے کہ ایسی حالت میں بکرا ذبح کرنا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: غلہ وغیرہ صدقہ کرنے میں تو کوئی حرج نہیں؛ لیکن اِس نیت سے جانور ذبح کرنا کہ ذبح کرنے سے میت کی روح آسانی سے نکلے گی، جائز نہیں ہے۔ اور اِس طرح ذبح شدہ بکرے کے گوشت کا استعمال بھی کسی کے لئے حلال نہیں ہے، اور یہ ﴿وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ﴾ میں داخل ہوکر حرام ومردار ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاویٰ ۵۷۰/۳)

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ﴾ [المائدة، جزء آیت: ۳]

ذبح لقدوم الأمير ونحوه يحرم لأنه أهل به لغير اللّٰه. (الدر المختار مع الشامي

/ کتاب الذبائح ۴۴۹/۹ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۲/۴/۱۴۲۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

کسی مہمان کی آمد پر جانور ذبح کرنا؟

سوال (۹۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ﴿وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ﴾ کی تفسیر کرتے ہوئے مفتی محمد شفیع صاحبؒ معارف القرآن میں شادی کا حوالہ دیتے ہوئے فرماتے ہیں کہ: ''ذبح لقدوم الأمير ونحوه كواحد من العلماء يحرم؛ لأنه أهل به لغير اللّٰه، ولو ذكر اسم اللّٰه وأقره الشامي'' ۔اِس کو لکھنے کے بعد اپنی رائے کا بھی اظہار فرمایا ہے کہ اِس ذبیحہ کا کھانا حرام ہے؛ لیکن ہم اپنے بڑے بڑے مہمانوں کے واسطے جو بکری یا مرغی ذبح کرتے ہیں، تو کیا اُس کا کھانا حرام ہوجائے گا، اِس کی صحیح تشریح مرحمت فرمائیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: کسی کی آمد پر جانور کے ذبح کرنے کی دو شکلیں بالکل الگ الگ ہوتی ہیں:

(۱) آنے والے کے پرتپاک استقبال اور اعزاز میں صرف جانور کا خون بہانا مقصود ہوتا ہے، گوشت نہ خود کھانا مقصد ہوتا ہے اور نہ آنے والے کو کھلانا مقصد ہوتا ہے؛ بلکہ صرف جانور ذبح کرکے آنے والے کا اعزاز اور عزت مقصود ہوتی ہے، تو ایسا جانور مردار اور میتہ کے حکم میں ہے، اور معارف القرآن اور شامی میں جس جانور کو مردار کے حکم میں بتایا گیا ہے اُس سے ایسا ہی جانور مراد ہے۔

(۲) آنے والے کی ضیافت کے لئے جانور ذبح کیا جاتا ہے؛ تاکہ اُس کو عمدہ ترین کھانا کھلا کر اعزاز کیا جائے، اور یہ مقصد جانور ذبح نہ کرکے بازار سے خرید کردہ گوشت سے بھی حاصل ہوجاتا ہے، اور میزبان بازار کے گوشت کھلانے میں ضیافت میں کوئی کمی نہیں سمجھتا، تو اِس طرح برائے ضیافت جو جانور ذبح کیا جاتا ہے وہ بلاتردد حلال اور پاک ہے، دونوں کے درمیان واضح فرق سامنے آگیا کہ پہلی شکل میں برائے عظمت ذبح کیا گیا ہے، اور دوسری شکل میں برائے

Marfat.com

ضیافت ذبح کیا گیا، اِس لئے پہلی شکل ﴿مَا أُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ﴾ میں شامل ہے اور دوسری شکل اس میں داخل نہیں ہے۔

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه خرج النبي صلى اللّٰه عليه وسلم في ساعة لا يخرج فيها ولا يلقاه فيها أحد، فأتاه أبوبكر، فقال: ما جاء بک يا أبا بكر؟ فقال: خرجت إلى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم، وأنظر في وجهه والتسليم عليه فلم يلبث أن جاء عمر، فقال: ما جاء بک يا عمر؟ قال: الجوع يا رسول اللّٰه، قال: وأنا قد وجدت بعض ذلک، فانطلقوا إلى أبي الهيثم بن النيهان الأنصاري، وكان رجل كثير النخل والشاءِ ..... فذبح لهم عناقًا أو جديًا، فأتاهم بها فأكلوا الخ. (سنن الترمذي، أبواب الزهد / باب ما جاء في معيشة أصحاب النبي صلى اللّٰه عليه وسلم ٦٢/٢)

ولو ذبح للضيف لا يحرم. (شامي ٤٤٩/٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۱۱/۴/۱۴۲۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

کتاب الاضحیۃ

Marfat.com

قربانی سے متعلق مسائل

عشرۂ ذی الحجہ کی فضیلت

سوال (۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ماہنامہ ''ندائے شاہی'' مارچ ۲۰۰۰ء کے شمارے میں ''عشق کے امتحان کا موسم'' کے عنوان کے تحت صفحہ ۹ ر پر عشرہ ذی الحجہ کی فضیلت بیان فرماتے ہوئے مولانا اختر صاحب نے بخاری شریف کی حدیث کا حوالہ تحریر فرمایا ہے کہ: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، اللہ تعالیٰ کو عبادت کے اعمال کسی دوسرے دن میں اتنے محبوب نہیں ہیں، جتنے اِن دس دنوں میں محبوب ہیں، خواہ وہ نفل نماز ہو یا ذکر وتسبیح یا صدقہ وخیرات''۔ (بخاری شریف ۹۶۹)

احقر کے پاس بخاری شریف کا نسخہ میں حدیث ۹۶۹ اِستفتاء سے متعلق ہے۔ میں نے کاتب کی غلطی سوچ کر کہ شاید باب کی جگہ حدیث لکھا گیا ہو، تو میں نے باب ۹۶۹ دیکھا تو وہ میقات اهل المدينة ولا يهلوا قبل ذي الحليفة ہے، پھر میں نے ایام تشریق کی فضیلت سے متعلق باب فضل العمل في أيام التشريق دیکھا، وہاں بھی نقل کی گئی مذکورہ حدیث مکمل نہ مل سکی۔ آپ سے گذارش ہے کہ تھوڑی سی زحمت فرما کر تحریر فرمائیں کہ مذکورہ حدیث مکمل طور پر بخاری شریف میں کس باب کے تحت ہے، انشاء اللہ آپ کو من جانب اللہ جزاء خیر سے نوازا جائے گا؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اِس مضمون کی روایت بخاری شریف باب فضل العمل فی ایام التشریق ۱/۱۳۲ میں ہے، اور آگے کا جملہ خواہ وہ نفل نماز ہو الخ، یہ حدیث کا ترجمہ نہیں؛ بلکہ تشریحی جملہ ہے؛ اِس لئے کہ بخاری شریف یا کسی اور کتاب میں اگلا جملہ موجود نہیں

Marfat.com

ہے، بات گو کہ اپنی جگہ صحیح ہے؛ لیکن اسے بین القوسین ہونا چاہئے تھا؛ تا کہ اِس کے حدیث ہونے کا اشتباہ نہ ہوتا۔

عن ابن عباس رضي الله عنهما عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: ما العمل في أيام أفضل منها في هٰذه، قالوا ولا الجهاد؟ قال: ولا الجهاد، إلا رجل خرج يخاطر بنفسه و ماله فلم يرجع بشيء. (صحيح البخاري، كتاب العيدين / باب فضل العمل في أيام التشريق ۱۳۲/۱ رقم: ۹۵۹ ف: ۹۶۹) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۲/۱۴۲۱ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کے لئے صاحبِ نصاب ہونا شرط ہے

سوال (۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: دو بھائی ہیں، دونوں کا زیور ماں کے قبضہ میں ہے، اَبا انتقال کر چکے ہیں؛ لہٰذا ایسی صورت میں قربانی سبھوں پر واجب ہوگی یا صرف ماں پر؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: سوال گنجلک ہے، اِس لئے ممکنہ دو شقوں کا جواب درج ذیل ہے، اگر زیور بھائیوں کی ملک ہے اور اُنہوں نے بطور اَمانت ماں کے پاس اُسے رکھوا رکھا ہے، اور زیور اتنا ہے کہ ہر ایک مستقل طور پر صاحبِ نصاب ہو جائے، تو اِس صورت میں بھائیوں پر قربانی واجب ہوگی۔ اور اگر یہ زیور صرف ماں کی ملک ہے وہی اُس کی مختار ہے، تو قربانی اُسی پر لازم ہوگی، بھائیوں پر اُس زیور کی بنا پر قربانی کا حکم نہ ہوگا۔

وإن شرط الوجوب منها وهو ما يتعلق به وجوب صدقة الفطر. (الفتاوىٰ الهندية ۲۹۲/۵)

قال العلامة الحصكفي رحمه الله تعالىٰ: فتجب التضحية على حر مسلم

Marfat.com

مقيم موسر. (الدر المختار / كتاب الأضحية ۳۱۲/٦-۳۱۵ كراچی)

وأما شرائط الوجوب: منها: اليسار، هو ما يتعلق به وجوب صدقة الفطر دون ما يتعلق به وجوب الزكاة ..... والموسر في ظاهر الرواية، مَن له مأتا درهم أو عشرون دينارًا، أو شيء يبلغ ذٰلک مسكنه ومتاع مسكنه ومركوبه وخادمه في حاجته التي لا يستغنى عنها. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الأول ۲۹۲/٥ زكريه، وكذا في البحر الرائق ۳۱۸/۹ زكريه) فقط والله تعالىٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۳/۱۱/۳ھ

قربانی گھر کے ہر صاحبِ نصاب پر الگ الگ واجب ہے

سوال (۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید کہتا ہے کہ قربانی ہر سال گھر کے مالک پر واجب ہے؛ لہٰذا اُس کو اپنی طرف سے قربانی کرنی چاہئے، جب کہ بکر کہتا ہے کہ نہیں قربانی گھر کے ہر فرد کی طرف سے ہونی چاہئے، تو شرعی حکم کیا ہے؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی صرف گھر کے مالک پر نہیں؛ بلکہ گھر میں رہنے والے ہر صاحبِ نصاب اور ذی استطاعت شخص پر الگ الگ قربانی لازم ہے۔

الأضحية واجبة على كل حرٍ مسلمٍ مقيمٍ موسرٍ في يوم الأضحى عن نفسه. (الهداية ٤٤٣/٤)

وفي أجناس الناطفي: قال أبو حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ: الموسر الذي له مائتا درهم أو عرض يساوي مائتي درهم سوى المسكن والخادم والثياب التي يلبس، ومتاع البيت الذي يحتاج إليه. (خلاصة الفتاوىٰ / الفصل الثاني نصاب الأضحية ۳۰۹/٤ امجد اكيڈمی لاهور)

Marfat.com

وأما شرائط الوجوب: منها: اليسار، هو ما يتعلق به وجوب صدقة الفطر دون ما يتعلق به وجوب الزكاة ..... والموسر في ظاهر الرواية، مَن له مأتا درهم أو عشرون دينارًا، أو شيء يبلغ ذلك مسكنه ومتاع مسكنه ومركوبه وخادمه في حاجته التي لا يستغنى عنها. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الأول ۲۹۲/۵ زكريه وكذا في البحر الرائق ۳۱۸/۹ زكريه) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبه: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرله ۱۴۱۹/۴/۱ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا الله عنه

"من وجد سعةً فلم يضح" میں "سعةً" سے کتنی حیثیت کا مالک مراد ہے؟

سوال (۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بعض لوگ کہتے ہیں کہ حدیث میں ہے کہ "من وجد سعةً فلم يضح" اِس حدیث کی وجہ سے کہتے ہیں کہ اگر کوئی آدمی صاحبِ نصاب نہ بھی ہو؛ لیکن اُس کے پاس قربانی کی وسعت ہو، یعنی چار پانچ ہزار روپے کا مالک ہو، تو بھی اُس کے اوپر قربانی واجب ہے، تو کیا اُن کا یہ کہنا صحیح ہے؟ جب کہ فقہ کی کتابوں میں ہے کہ اگر وہ صاحبِ نصاب ہے تب تو قربانی واجب ہے ورنہ نہیں؟
باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: شارحین حدیث اور فقہاء کرام نے "من وجد سعة فلم يضح" کی تشریح بقدر نصاب مالیت سے کی ہے، جو منشاء شریعت کے عین مطابق ہے؛ اِس لئے کہ شریعت میں غنا کا معیار بقدر نصاب مالیت کو بتلایا گیا ہے؛ لہٰذا جن لوگوں نے اس تشریح کے برخلاف محض قربانی کا جانور یا حصے کے بقدر مالیت مراد لی ہے اُن کی رائے درست نہیں ہے۔

قال الكاساني: ومنها الغني: لما روي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه قال: "من وجد سعةً فليضح" شرط عليه الصلاة والسلام السعة، وهي

Marfat.com

الغنى؛ ولأنا أوجبناها بمطلق المال.

ومن الجائز أن يستغرق الواجب جميع ماله فيؤدي إلى الحرج فلابد من اعتبار الغني، وهو أن يكون في ملكه مائتا درهمٍ أو عشرون دينارًا أو شيء تبلغ قيمته ذلك سوى مسكنه، وما يتأثث به وكسوته وخادمه وفرسه وسلاحه وما لا يستغنى عنه، وهو نصاب صدقة الفطر. (بدائع الصنائع / كتاب التضحية ۱۹۶/۴ زكريا)

وفي الهداية: واليسار لقوله عليه السلام : لا صدقة إلا عن ظهر غني وهو حجة على الشافعي في قوله: تجب على من يملك زيادة عن قوت يومه لنفسه وعياله، وقدر اليسار بالنصاب لتقدير الغني في الشرع فاضلاً عما ذكر من الأشياء؛ لأنها مستحقة بالحاجة الأصلية فيتعلق بهذا النصاب حرمان الصدقة ووجوب الأضحية والفطر. (نصب الراية مع الهداية ۴۲۹/۲ مكتبة دار الإيمان)

ويتعلق بهذا النصاب وجوب الأضحية ووجوب نفقة الأقارب. (الفتاوى الهندية ۱۹۱/۱ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۱/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

اگر کسی خاص قصبہ میں قربانی کی اِجازت نہ ملے تو کیا پورا ملک دارالحرب کہلائے گا؟

سوال (۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: لنڈھورہ قصبہ میں قربانی کی اِجازت نہیں ملی، تو ایسی صورت میں ہندوستان کو کیا دارالحرب کہا جائے گا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کسی خاص قصبہ میں قربانی کی اِجازت نہ ملنے کی وجہ

Marfat.com

سے پورے ملک کو دارالحرب نہیں کہا جاسکتا؛ اِس لئے کہ عموماً قربانی کی اِجازت نہ ملنے کی بنیاد مذہبی ممانعت نہیں ہوتی؛ بلکہ نقضِ اَمن کا خطرہ ہوتا ہے۔

أما أن يغلب أهل الحرب على دار من دورنا وارتد أهل مصر، وغلبوا وأجروا أحكام الكفر – إلى قوله – ففي كل من هٰذه الصور لا تصير دار حرب.

(الفتاوىٰ الهندية ۲/۲۳۲، كذافي الشامي ۱۷٤/٤ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۱/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

باپ بیٹوں کے مشترکہ کاروبار میں قربانی کا حکم

سوال (٦): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک باپ کے چار بیٹے ہیں، چاروں شرکت میں ہیں اور صاحبِ نصاب ہیں، اگر باپ سب کو الگ کرتا ہے تو سب کے پاس اتنا زر ہے کہ وہ صاحبِ نصاب کے دائرہ میں آتے ہیں، اَب باپ کی طرف سے ایک ہی قربانی کفایت کرے گی یا بصورتِ مذکورہ شرکت میں بھی چاروں کو علیحدہ علیحدہ کرنی ہوگی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: صورتِ مسئولہ میں اگر کاروبار کا اصل ذمہ دار باپ ہے اور لڑکے اُس کے معاون کے طور پر ہیں، اور لڑکوں کے پاس شرکت کے علاوہ بقدر نصاب مال بھی نہیں ہے، تو صرف باپ پر قربانی واجب ہوگی، لڑکوں پر نہیں۔

عن عائشة رضي اللّٰه عنها قالت: قال النبي صلى اللّٰه عليه وسلم: إن أطيب ما أكلتم أي أحله، وما من كسبِكم، وإن أولادكم من كسبكم. (رواه الترمذي والنسائي وابن ماجة) وفي رواية أبي داؤد والدرامي: إن أطيب ما أكل الرجل من كسبه وإن ولدَه من كسبه. (مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب البيوع /باب الكسب

Marfat.com

وطلب الحلال، الفصل الثاني ٦/٦ ١ رقم: ٢٧٧٠ دار الكتب لعلمية بيروت، ٤١/٦ المكتبة الأشرفية ديوبند)

أب وابن يكتسبان في صنعة واحلة ولم يكن لهما مالٌ، فالكسب كاه للأب إذا كان الابن في عيال الأب لكونه معيناً له. (الفتاوىٰ الهندية ٣٢٩/٢) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۳/۱۲/۲۸ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چار بھائیوں کے مشترکہ کاروبار میں قربانی کس پر واجب ہوگی؟

سوال (۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: چار بھائی شامل رہتے سہتے ہیں، اور کاروبار بھی ایک ساتھ کرتے ہیں، تو کیا چاروں بھائی پر قربانی واجب ہے یا صرف ایک پر؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر کاروبار کی مالیت چار حصوں پر تقسیم کرنے سے ہر حصہ دار مالکِ نصاب ہو جاتا ہے، تو ہر شریک بھائی پر قربانی واجب ہے، اور اگر شریک کا حصہ نصاب سے کم بیٹھتا ہے، تو کسی پر بھی قربانی واجب نہیں۔ (امداد الفتاویٰ ۵۲/۲)

والموسر في ظاهر الرواية من له مائتا درهم أو عشرون دينارًا أو شيء يبلغ ذلك. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الأول ٢٩٢/٥)

وشرط وجوبها اليسار عند أصحابنا رحمهم الله، والموسر في ظاهر الرواية من له مائتا درهم، أو عشرون دينارًا، أو شيء يبلغ ذلك سوى مسكنه، ومتاع مسكنه، ومركوبه، وخادمه في حاجته التي لا يستغني عنها. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الأول في بيان وجوب الأضحية ومن تجب عليه ومن لا تجب ٤٠٥/١٧ رقم: ٢٧٦٤٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۶/۳/۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

ایک دوکان میں چار بھائی شریک ہوں تو قربانی کس طرح واجب ہوگی؟

سوال (۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہر دو دوکان پر چار بھائی بیٹھتے ہیں، باپ حیات ہے کاروبار پورا ہم ہی سنبھالتے ہیں، اور گھر کی عورتوں کے پاس اُن کی رقمیں الگ ہیں، تو وضاحت فرمائیں کہ زکوٰۃ وقربانی ہم سبھی پر واجب ہوگی یا صرف باپ پر؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: زکوٰۃ وقربانی کے وجوب کا مدار نصاب کے مالک ہونے پر ہے؛ لہٰذا مسئولہ صورت میں اگر باپ اور کاروبار میں شریک ہر بھائی اِسی طرح گھر کی عورتوں کی ذاتی ملکیت میں بقدرِ نصاب (ساڑھے باون تولہ چاندی یا اُس کی قیمت) مال موجود ہے، تو اُن میں سے ہر ایک پر قربانی اور سال گذرنے پر زکوٰۃ واجب ہوگی، یہ اُس وقت ہے جب کہ دوکانوں پر مالکانہ حقوق بھائیوں کو حاصل ہوں۔ اِس کے برخلاف اگر پورا کاروبار باپ کی عملی نگرانی میں ہوتا ہے، اور حساب وکتاب اِسی کے ہاتھ میں ہے اور لڑکے کاروبار میں اُس کے معاون کی حیثیت رکھتے ہیں، تو ایسی صورت میں مجموعی کاروبار باپ کی ملک ہوگا، اور یہ دیکھا جائے گا کہ الگ الگ طور پر بیٹوں کی ملکیت بقدر نصاب ہے یا نہیں؟ اگر بقدر نصاب ہے تو ان پر قربانی وزکوٰۃ واجب ہوگی ورنہ نہیں۔

نصاب الذهب عشرون مثقالاً والفضة مائتا دراهم. (شامي، كتاب اللهاب / باب زكاة المال ۲/۲۹۵ كراچی، ۳/۲۲۴ زكريا)

وفي القنية: الأب وابنه يكتسبان في صنعة واحدة ولم يكن لهما شيء فالكسب كله للأب إن كان الابن في عياله لكونه معيناً له ألا ترى! لو غرس شجرة تكون للأب. (شامي، كتاب الشركة / مطلب: اجتمعها في دارٍ واحدةٍ واكتسبا الخ ۶/۵۰۲ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۳/۱/۱۴۲۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

مسافر پر وطنِ اِقامت میں قربانی کا حکم؟

سوال (۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ:(۱) زید بجنور کا رہنے والا ہے، صاحبِ نصاب ہے، بقرعید سے پندرہ دن پہلے ممبئی چلا گیا اور ممبئی میں صرف ۲۰ردن رہے گا، بقرعید کے بعد واپس آجائے گا۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ ممبئی جاکر زید پر قربانی کرنا واجب ہے، جب کہ پیسہ تو سب بجنور میں اُس کے گھر پر ہے، زید تو خالی ہاتھ ممبئی میں ہے؟

(۲) خالد بغرض ملازمت پونہ رہتا ہے، جب کہ پونہ میں زید کے پاس اتنے پیسے نہیں ہوتے کہ وہ صاحبِ نصاب ہوجائے، اور گھر پر چھوٹے بچے اور اہلیہ ہے۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا خالد پر پونہ رہتے ہوئے قربانی واجب ہے؟ یہ قربانی اُس کے پونہ میں رہنے کی ہے یا بجنور میں؟ چوں کہ اُس کا مال واسباب اور اہل وعیال وہاں ہیں؟

(۳) مسائلِ عیدین ۱۳۸ پر مولانا رفعت علی صاحب نے بحوالہ عالمگیری ۲۹۲/۵ لکھا ہے کہ مسافر پر قربانی واجب نہیں؛ لیکن اگر کہیں پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کرلی، تو اَب قربانی کرنا واجب ہوگئی۔

معلوم یہ کرنا ہے کہ جب مسافر کہیں پر پندرہ دن یا اس سے زائد ٹھہر گیا جب کہ اُس کے پاس وطنِ اِقامت میں پیسہ نہیں ہے، پیسہ تو وطنِ اصلی میں ہے، تو اُس پر کیسے قربانی واجب ہوگی؟ قربانی جہاں پر مال واسباب ہے وہاں واجب ہے؟ یا صاحبِ مال جہاں ہے وہاں واجب ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر کوئی صاحبِ نصاب شخص ایامِ قربانی میں اپنے وطن سے باہر کہیں جاکر مقیم ہو، وہاں اُس کے پاس قربانی کرنے کی وسعت بھی ہو، یعنی اتنی رقم موجود ہو کہ قربانی کرسکے، تو ایسے شخص پر قربانی کا وجوب یقیناً متحقق ہے؛ لیکن جو شخص مال دار ایامِ قربانی میں اپنے وطن سے دور مقیم ہو، اور وہاں اس کے پاس قربانی کرنے کے بقدر رقم دستیاب نہ ہو تو اُصولی اعتبار سے اُس پر قربانی واجب ہونی چاہئے؛ اس لئے کہ وہ صاحبِ نصاب بھی ہے، اور مسافر بھی

Marfat.com

نہیں ہے؛ بلکہ مقیم ہے، چناں چہ درج ذیل جزئیات سے یہی حکم مستفاد ہوتا ہے۔

تجب الأضحية على حر مسلمٍ مقيمٍ بمصر، أو قرية أو بادية، فلا تجب على حاج مسافر موسر عن نفسه. (الدر المختار / كتاب الأضحية ٥٧/٩ ٤ زكريا)

تاہم بعض جزئیات ایسے بھی ملتے ہیں جن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر کوئی مال دار شخص ایامِ قربانی میں اپنے مال سے دور ہو کر وہ اُس میں وقت کے اندر تصرف نہ کرسکتا ہو، تو ایسے شخص پر قربانی واجب نہیں ہے، وہ جزئیات درج ذیل ہیں:

وكذا لو كان له مال غائب لايصل إليه في أيام النحر؛ لأنه فقير وقت غيبة المال حتى تحل له الصدقة. (بدائع الصنائع ١٩٦/٤ زكريا)

ومن كان غائبًا عن ماله في أيام الأضحية فهو فقير. (البحر لرائق ١٧٥/٨ كراچی)

مذکورہ بالا دونوں طرح کی عبارات کو سامنے رکھ کر مسئولہ صورت کا حکم بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اگر زید ٹیلی فون وغیرہ سے اطلاع کرا کر نیابۃً قربانی کرا سکتا ہے، تو اُس پر قربانی واجب ہے، اور اگر ایسی جگہ ہو کہ گھر والوں سے رابطہ ممکن نہ ہو اور خود اُس کے پاس اپنا مال موجود بھی نہ ہو، تو ایسے شخص پر قربانی واجب نہ ہوگی۔

اِس تفصیل کی روشنی میں آپ کے تینوں سوالات حل کیے جاسکتے ہیں، باقی مزید اطمینان کے لئے دیگر مفتیانِ کرام سے بھی رابطہ کرلیں تو بہتر ہوگا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۱۱/۱۴۲۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کا جانور گم ہوگیا؟

سوال (۱۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: عبداللہ ایک مسکین شخص ہے، جس نے قربانی کے لئے ایک بکرا رکھا تھا، قربانی کا مصمم اِرادہ تھا، اتفاق سے قربانی کے کچھ دن پہلے وہ بکرا گم ہوگیا، تو ایسی صورت میں عبداللہ کو دوسرا بکرا لے کر قربانی

Marfat.com

کرنا ضروری ہوگیا ہے یا نہیں؟ نیز محض اِرادہ سے عبداللہ کو بغیر قربانی کئے اَجر ملے گا یا نہیں؟ اور اگر عبداللہ کی جگہ کوئی صاحبِ نصاب ہو تو کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عبداللہ فقیر پر دوسرا جانور خرید کر قربانی کرنا واجب نہیں ہے؛ البتہ اللہ تعالیٰ سے اجر کی امید رکھنی چاہئے، اور اگر کوئی مستطیع ہو تو گم ہوجانے پر اُس کے لئے دوسرا جانور خرید کر قربانی کرنا ضروری ہوگا۔

وكذا لو ماتت فعلى الغني غيرها لا الفقير. (الدر المختار / كتاب الأضحية ٣٢٥/٦ كراچی، ٤٧١/٩ زكريا، كذا في تبيين الحقائق / كتاب الأضحية ٤٨٢/٦ دار لكتب العلمية بيروت)

إذا ماتت المشتراة للتضحية على موسر، تجب مكانها أخرىٰ، ولا شيء على الفقير. (مجمع الأنهر ٥٢٠/٢ دار إحياء التراث العربي بيروت، وكذا في تبيين الحقائق / كتاب الأضحية ٤٨٢/٦ دار الكتب العلمية بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۳/۱۱/۵ھ

ایامِ قربانی گزر جانے کے بعد قربانی کے جانور کا کیا کریں؟

سوال (۱۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک بڑے جانور میں سات لوگ بنیت اُضحیہ شریک ہوئے، اُن میں چھ صاحبِ نصاب غنی تھے اور ایک فقیر تھا، اتفاق سے ایامِ اُضحیہ گزر گئے اور قربانی نہ ہوسکی اور جانور موجود ہے، تو اَب فقیر کیلئے اپنے حصہ نذر سے عہدہ برآ ہونے کی کیا صورت ہوگی؟ کتاب کا حوالہ مزید تسکین کا باعث ہوگا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں ایام قربانی گزرنے کے بعد اگر پورا جانور صدقہ کردیا جائے تو سبھی شرکاء غنی ہوں یا فقیر، سب کی طرف سے ذمہ ساقط ہوجائے گا، اور

Marfat.com

اگر بعینہٖ جانور صدقہ نہ کیا گیا، تو ہر ایک پر بکری کی قیمت کا صدقہ کرنا ضروری ہوگا، اگر فقیر شخص بھی اپنے متعینہ حصے کے بدلے میں ایک بکری کی قیمت کا صدقہ کردے گا، تو اُس کے حصۂ نذر کی طرف سے بھی ادائیگی ہوجائے گی۔

ولو تركت التضحية ومضت أيامها تصدق بها حية ناذر وفقير وبقيمتها غني شراها لها. (تنوير الأبصار مع الدر المختار / كتاب الأضحية ٦/ ٣٢٠ دار الفكر بيروت، ٤٦٣/٩ زكريا)

ولو لم يضح حتى مضت أيام النحر وكان غنيًا، وجب عليه أن يتصدق بالقيمة، سواءٌ كان اشترى أولم يشتر؛ لأنها واجبةٌ في ذمته فلا يخرج عن العهدة إلا بالأداء ..... وإن كان فقيرًا فإن كان اشترى الأضحية أو أوجب على نفسه بالنذر وجب عليه أن يتصدق بذلك الذي أوجبه أو اشتراه؛ لأنها تعينت بالشراء بنية الأضحية أو بالنذر، فلا يجزئه غيرها إلا إذا كان قدر قيمتها ..... بخلاف الغني. (تبيين الحقائق / كتاب الأضحية ٤٧٨/٦ زكريا)

وفي الأضاحي للزعفراني اشترى أضحية فأوجبها ثم باعها ولم يضح ببدلها حتى مضى أيام النحر تصدق بقيمة التي باع؛ فإن لم يبعها حتى مضت أيام النحر تصدق بها حية الخ. (المحيط البرهاني ٤٦٤/٨ رقم: ١٠٨١٢) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۲/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کا جانور گم ہوگیا تو مال دار اور غریب کا کیا حکم ہے؟

سوال (۱۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جیسا کہ جنوری ۲۰۰۶ء ندائے شاہی کے شمارہ میں اَحکامِ عید الاضحیٰ کے سلسلہ میں لکھا ہے کہ ایک شخص نے قربانی واجب نہ ہونے کے باوجود قربانی کا جانور خریدا، اور وہ گم ہوگیا یا چوری ہوگیا یا مر

Marfat.com

گیا،تو اُس پر اَب دوسری قربانی واجب نہیں ایسا کیوں؟ جب کہ جس پر واجب تھی تو وہ دوسری قربانی کرے؛ لیکن بہشتی زیور حصہ سوم صفحہ: ۱۶۴ مسئلہ ۱۶ پر کچھ اِس طرح ہے غور فرمائیں: اگر قربانی کا جانور گم ہوگیا اِس لئے دوسرا خرید اپھر وہ پہلا بھی مل گیا، اگر امیر آدمی کو ایسا اتفاق ہوتو ایک ہی جانور کی قربانی اُس پر واجب ہے، جو کہ آپ کے شمارے کے مسئلہ سے میل کھاتا ہے، اور اگر غریب آدمی کو ایسا اتفاق ہوتو اس پر دوسرے جانور کی قربانی واجب ہوگی، اور اگر پہلا بھی مل گیا تو دونوں کی قربانی واجب ہوگی، جیسا کہ ہم کو بھی اَب تک یہی معلوم تھا، آپ کا شمارہ پڑھ کر دل میں خیال آیا کہ آپ سے اِس کی کچھ معلومات کی جائے، مثلاً غریب آدمی جو صاحبِ استطاعت نہیں تھا، اُس نے ایک بچھڑایا بکرا پالا، اور وہ قربانی کی نیت سے پالتا رہا، مگر اُس پر قربانی واجب نہ تھی اور نہ ہے، اور وہ بکرا قربانی سے پہلے گم ہوگیا یا چوری ہوگیا یا مرگیا، مگر نیت کر چکا ہے قربانی کرنے کی، اَب وہ اتنی جلدی اُس واجب کے ادا کرنے کا انتظام نہیں کرسکتا، تو کیا اُس کو قربانی کرنا واجب ہے، جیسا کہ بہشتی زیور کی مسئلہ سے معلوم ہوتا ہے وہ کیا کرے؟ آپ سے مخلصانہ درخواست ہے کہ وضاحت کے ساتھ تحریر فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر کسی غریب شخص نے قربانی کی نیت سے جانور خریدا اور وہ قربانی سے پہلے گم ہوگیا، تو اس پر کچھ واجب نہیں رہا؛ اِس لئے کہ اُس کا وجوب خاص جانور کے ساتھ تھا، اور جب جانور ہی نہیں رہا تو وجوب کہاں رہا؟ لیکن پھر مسئلہ یہ ہے کہ اگر وہ پہلا جانور گم ہونے کے بعد نیا جانور خرید لے تو نئے جانور کی قربانی بھی اُس پر واجب ہوجائے گی، اَب اتفاق سے پہلا جانور بھی مل گیا تو چوں کہ وجوب اُس جانور کے ساتھ متصل ہوگیا تھا، اِس لئے اُس غریب شخص پر دونوں جانوروں کی قربانی ضروری ہے، یہی بات بہشتی زیور میں لکھی ہے۔ اور ندائے شاہی کے شائع شدہ مسئلہ میں اِس سے کوئی تعارض نہیں، آپ دوبارہ بغور دونوں عبارتیں پڑھ لیں، اِس کے برخلاف امیر اور صاحبِ نصاب شخص پر قربانی کا وجوب وسعت مالی کی بنیاد پر ہوتا ہے نہ

Marfat.com

کہ کسی جانور کی خریداری پر، اِس لئے بہر حال اس پر ایک حصہ کی قربانی واجب رہتی ہے، خواہ جانور گم ہوجائے یا گم ہوکر دوبارہ مل جائے، عبارات درج ذیل ہیں:

اشترى الفقير لها ثم سرقت، واشترى أخرىٰ لها فوجد الأولىٰ ضحى بهما، ولو غنيًا بالواحدة؛ لأنها على الغني بإيجاب الشرع وهو واحد لا غير، وعلى الفقير بالشراء وهو متعدد. (بزازية على الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الرابع فيما يجوز من الأضحية ٢٩٢/٦)

وإذا اشترى الغني أضحية فضلت فاشترى أخرىٰ ثم وجد الأولى في أيام النحر كان له أن يضحي بأيتهما شاء، ولو كان معسرًا فاشترى شاة وأوجبها، ثم وجد الأولى، قالوا: عليه أن يضحي بهما، كذا في فتاوى قاضي خان. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الثاني في وجوب الأضحية بالنذر الخ ٢٩٤/٥)

ولو اشترىٰ الموسر شاةً للأضحية فضلت فاشترى شاة أخرى ليضحي بها، ثم وجد الأولى في الوقت، فالأفضل أن يضحي بهما؛ فإن ضحى بالأولى أجزأه ولا تلزمه التضحية بالأخرىٰ، ولاشيء عليه غير ذلك، سواء كان قيمة الأولى أكثر من الثانية أو أقل ..... لأن التضحية بها لم تجب بالشراء؛ بل كانت الأضحية واجبة في ذمته بمطلق الشاة، فإذا ضحىٰ بالثانية فقد أدى الواجب بها بخلاف المتنفل بالأضحية إذا ضحى بالثانية أنه يلزمه التضحية بالأولى أيضًا؛ لأنه لما اشتراها للأضحية فقد وجب عليه التضحية بالأولى أيضًا بعينها فلا يسقط بالثانية. (بدائع الصنائع، كتاب الأضحية / فصل في كيفية الوجوب ١٩٩/٤-٢٠٠ زكريا)

ولو اشترى المؤسر شاةً للأضحية فضاعت حتى انتقص نصابه وصار فقيرًا فجاء ت أيام النحر، فليس عليه أن يشتري شاة أخرىٰ. (بدائع الصنائع، كتاب الأضحية / شرائط الوجوب ٩٦/٤ ! زكريا)

Marfat.com

وظاهر هٰذا يقتضي بأن الفقير لو سرق مشتراه ليس عليه أخرى؛ لأنها عليه صار بالشراء، والوجوب المتعلق بالعين يسقط بهلاكه، أما على الغني بالشرع فلم يسبق تعيين الفعل. (بزازية على الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الرابع فيما يجوز من الأضحية ٦/٢٩٢)

وفي فتاوىٰ أهل سمرقند: الفقير إذا اشترى شاة للأضحية فسرقت فاشترى مكانها ثم وجد الأولىٰ فعليه أن يضحي بهما، ولو ضلت فليس عليه أن يشتري أخرىٰ مكانها، وإن كان غنيًا فعليه أن يشتري أخرىٰ مكانها. (البحر الرائق / كتاب الأضحية ٨/١٧٥ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۷/۱/۱۴۲۷ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کیا فقیر پر محض قربانی کی نیت سے جانور خریدتے ہی قربانی واجب ہو جائے گی؟

سوال (۱۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر کوئی فقیر جس پر شرعاً قربانی واجب نہ ہو، اُس نے بنیت اُضحیہ جانور خرید لیا، تو آیا خریدنے کی وجہ سے اُس پر قربانی واجب ہو جائے گی یا اُس جانور کا فروخت کرنا جائز ہے؟

مذکورہ مسئلہ میں دو امر خصوصاً قابل دریافت ہیں: (۱) محض شراء سے وجوب ہو جائے گا یا زبان سے تلفظ ضروری ہے یا شراء قبل ایام النحر اور شراء فی ایام النحر کے حکم میں فرق ہے؟ استثناء کی وجہ یہ ہے کہ اِن دونوں مذکورہ اُمور میں کتبِ فتاویٰ کے اندر دونوں قسم کی روایات ہیں، البحر الرائق، عالمگیری، فتاویٰ قاضی خاں، عنایہ شرح ہدایہ، بزازیہ اور شامی وغیرہ میں دونوں قسم کی روایات ہیں، نیز البحر الرائق میں مشائخ سے علی الاختلاف دونوں روایت پر ظاہر الروایۃ ہونے کا حکم لگایا، جب کہ علامہ اکمل الدین بابرتی نے عنایہ میں زعفران کی روایت کو نوادر کی روایت قرار دیا ہے، اور امر

Marfat.com

ثانی کے سلسلہ میں بدائع الصنائع، البحر الرائق، عالمگیری، فتاویٰ قاضی خاں اور بزازیہ وغیرہ تمام کتب میں شراء قبل ایام النحر اور شراء فی ایام النحر کی کوئی قید نہیں ہے؛ بلکہ مطلق شراء فقیر کو سبب وجوب بتلایا ہے؛ لیکن علامہ شامیؒ نے فتاویٰ تاتارخانیہ کی عبارت نقل کر کے فرمایا:

وظاهره أنه لو شراها لها قبلها لا تجب ولم أره صريحًا فليراجع. (شامي / كتاب الأضحية ٦/١ ٣٢ دار الفكر بيروت، ٩/٥ ٤٦ زكريا)

نیز ہمارے اکابرین کے اُردو فتاویٰ بھی مختلف ہیں، مفتی محمود صاحبؒ نے اپنے فتاویٰ میں شراء قبل ایام النحر اور فیہا کے حکم میں فرق لکھا ہے، جب کہ مفتی رشید احمد صاحب نے احسن الفتاویٰ میں شامی کی عبارت کی تردید کی، اور تاتارخانیہ کی عبارت کو قبل مضیٰ ایام النحر پر محمول کیا، اور شراء فیہا وقبلہا کا ایک حکم لکھا۔

بہر حال کتبِ فقہ کی عبارات مختلف ہونے کی وجہ سے آنجناب سے کافی وشافی تشفی بخش تشریح مقصود ہے، جس سے تمام عبارات حل ہو جائیں اور مفتی بہ قول معلوم ہو جائے، کیا شامی کی عبارت مذکورہ پر فتویٰ دیا جائے، جب کہ وہ بالجزم نہیں ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اِس مسئلہ میں اگرچہ عبارات مختلف ہیں؛ لیکن اَحوط یہی معلوم ہوتا ہے کہ فقیر کے لئے محض اُضحیہ کی نیت سے خریداری کو وجوب کے لئے کافی قرار دیا جائے۔ بدائع کی درج ذیل عبارات اِس بارے میں زیادہ واضح ہے۔

أن الشراء للأضحية ممن لا أضحية عليه يجري مجرى الإيجاب، وهو النذر بالتضحية عرفًا؛ لأنه إذا اشترىٰ للأضحية مع فقره، فالظاهر أنه يضحي فيصير كأنه قال جعلت هٰذه الشاة أضحية. (بدائع الصنائع / أول كتاب التضحية ٤/١٩٢ دیوبند)

احسن الفتاویٰ میں بھی اسی قول کو احوط کہا ہے، اور علامہ رافعی نے خزانۃ الاکمل کے حوالہ سے اِسی کو مختار کہا ہے۔

Marfat.com

وفي خزانة الأكمل أنه المختار. (تعليقات الرافعي مع الشامي ٣٠٤/٩ زكريا)

(۲) جب شراء کو نذر کے درجہ میں مان لیا گیا تو اس سے خود بخود یہ لازم آیا کہ اس حکم میں ایام النحر، یا قبل ایام النحر میں کوئی فرق نہ ہونا چاہئے، دونوں صورتوں میں اضحیہ کی تعیین ہوجائے گی۔ درمختار کی مطلق عبارات ذیل میں درج ہے۔

فقير شراء ها لها لوجوبها عليه بذلك حتى يمتنع عليه بيعها. (الدر المختار مع الشامي / كتاب الأضحية ٤٦٥/٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۵/۱۱/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

غریب شخص کا قربانی کا جانور دو دن پہلے گم ہوگیا؟

سوال (۱۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک غریب آدمی نے قربانی کے لئے جانور خریدا، پھر وہ قربانی سے ایک دو دن قبل گم ہوگیا، تو کیا اِس صورت میں وہ آدمی قرض لے کر دوسرے جانور کی قربانی کرسکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: غریب آدمی نے جب ایک مرتبہ قربانی کا جانور خریدا اور وہ گم ہوگیا، تو اس پر دوسرا جانور اُس کی جگہ پر خریدنا ضروری نہیں؛ لہٰذا قرض لے کر قربانی کی ضرورت نہیں ہے۔

عن ابن عمر رضي الله عنهما يقول: أيما رجل أهدىٰ هديةً فضلت، فإن كانت نذرًا أبدلها، وإن كانت تطوّعًا، فإن شاء أبدلها وإن شاء تركها. (السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب لضحايا / باب الرجل يشتري أضحية فتموت أو تسرق أو تضل ٢٣١/١٤ رقم: ١٩٧٣٤)

وكذا لو ماتت فعلى الغني غيرها لا الفقير. (الدر المختار / كتاب الأضحية ٣٢٥/٦ كراچی، ٤٧١/٩ زكريا، كذا في تبيين الحقائق / كتاب الأضحية ٤٨٢/٦ دار الكتب العلمية بيروت)

Marfat.com

إذا ماتت المشتراة للتضحية على الموسر، تجب مكانها أخرىٰ، ولا شيء على الفقير. (مجمع الأنهر ٥٢٠/٢ دار إحياء التراث العربي بيروت، وكذا في تبيين الحقائق / كتاب الأضحية ٤٨٢/٦ دار الكتب العلمية بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۷/۱۴۱۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

تنگ دست کا جانور قربانی کے ایام سے پہلے غائب ہو گیا؟

سوال (۱۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید پر قربانی واجب نہیں تھی؛ لیکن اُس نے کچھ جوڑ توڑ کرنے کے بعد قربانی کے لئے ایک جانور خرید لیا؛ لیکن قربانی کے ایام سے پہلے ہی اُس کا جانور غائب ہو گیا، تو کیا زید پر دوسرا جانور لے کر قربانی کرنا ضروری ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں زید پر دوسرا جانور خریدنا ضروری نہیں ہے۔

وإن كان معسرًا فاشترىٰ شاةً للأضحية فهلكت في أيام النحر أو ضاعت سقطت عنه ليس عليه شيء آخر. (بدائع الصنائع ٦٦/٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۶/۱۴۱۴ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مال دار شخص کا قربانی کا جانور عین وقت پر گم ہو گیا

سوال (۱۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص مال دار ہے اُس نے قربانی کے لئے جانور خریدا، پھر وہ عین وقت پر گم ہو گیا، تو کیا اُس کے لئے قربانی فی الفور واجب ہے یا بعد میں؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مال دار آدمی کا قربانی کا جانور اگر خریدنے کے بعد گم ہوگیا تو اُس پر دوسرے جانور کی قربانی کرنا واجب ہے۔ (احسن الفتاویٰ ۵۰۴/۷، امداد الفتاویٰ ۵۶۶/۳)

عن عائشة رضي اللّٰه عنها أنها ساقت بدنتين فضلتا فأرسل إليها ابن الزبير بدنتين مكانهما فنحرتهما، ثم وجدت الأولتين فنحرتهما أيضًا، ثم قالت: هٰكذا السنة في البدن. (السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب الضحايا / باب الرجل يشتري أضحية فتموت أو تسرق أو تضل ٢٣١/١٤ رقم: ١٩٧٣٦)

وإن سرقت أو ضلت، فشرى أخرىٰ ثم وجدها في أيام النحر، ذبح إحداهما لو غنيًا. وكلاهما لو فقيرًا، إلا إذا نواها عن الأولىٰ، لعدم تعدد الالتزام بالشراء حينئذٍ. (الدر المنتقى على هامش مجمع الأنهر / كتاب الأضحية ٥٢٠/٢ دار إحياء التراث العربي بيروت، ١٧٢/٤ مكتبة فقيه الأمة ديوبند)

الفقير إذا اشترىٰ للأضحية فسرقت فاشترىٰ مكانها ثم وجد الأولىٰ فعليه أن يضحي بها، ولو ضلت فليس عليه أن يشتري أخرى مكانها، وإن كان غنيًا فعليه أن يشتري أخرىٰ مكانها. (البحر الرائق ١٧٥/٨ كراچی)

رجل اشترىٰ أضحية وأوجبها للأضحية فضلت عنه، ثم اشترىٰ مثلها، وأوجبها أضحية أخرىٰ، ثم وجد الأولىٰ، قال: إن كان أوجب الأخرىٰ إيجابًا مستانفًا فعليه أن يضحي بهما، وإن كان أوجبها بدلاً عن الأولىٰ فله أن يذبح أيهما شاء، ولم يفصل بين الغني والفقير. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الثاني في وجوب الأضحية بالنذر وما هو في معناه ٤١٣/١٧ رقم: ٢٧٦٧٢ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۷/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

۸/ذی الحجہ کو قربانی کا جانور مرجانے کی وجہ سے وکیل نے دوسرا جانور خرید کر قربانی کردی؟

سوال (۱۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص نے زید کے پاس قربانی کے لئے رقم پہنچائی، اور زید نے قربانی کا جانور خرید لیا، اتفاق سے ۸/ذی الحجہ کو وہ جانور مرگیا، زید نے دوسرا جانور خرید کر اپنے مؤکل کی طرف سے قربانی کردی، آیا مرنے والے جانور کی قیمت بھی مؤکل پر واجب ہوگی یا نہیں؟ اور وکیل کا یہ فعل درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عالمگیری کے ایک جزئیہ سے یہ حکم مستفاد ہوتا ہے کہ صورتِ مسئولہ میں دوسرے جانور کی قیمت بھی مؤکل پر ہی واجب ہوگی اور مجبوری کی وجہ سے وکیل کا یہ فعل بھی درست قرار دیا جائے گا۔

دفع إلى رجل ألف درهم وأمره أن يشتري له به عبدًا فوضع الوكيل الدراهم في منزله، وخرج إلى السوق واشترىٰ له عبدًا بألف درهم وجاء بالعبد إلىٰ منزله، وأراد أن يأخذ الدراهم ليدفعها إلى البائع، فإذا الدراهم قد سرقت وهلك العبد في منزله، فجاء البائع وطلب منه الثمن، وجاء المؤكل يطلب منه العبد، قالوا يأخذ الوكيل من المؤكل ألف درهم ويدفعه إلى البائع، والعبد والدراهم هلكا في يده على الأمانة. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوكالة / الباب الثاني في التوكيل بالشراء ۳/۵۸۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۲/۲/۲ھ

Marfat.com

قربانی کا وکیل قربانی سے بچے ہوئے پیسوں کا کیا کرے؟

سوال (۱۸):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید نے قربانی کا ایک حصہ لینے کے لئے چار سو روپئے ایک صاحب کے سپرد کئے، ایک حصہ قربانی پر ۲۰۳/روپئے خرچ ہوئے اور ۱۹۷/روپئے بچ گئے، کیا زید باقی ماندہ رقم کو اپنے استعمال میں لاسکتا ہے؟ یا اس کا خیرات کرنا ضروری ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مابقیہ رقم زید اپنے استعمال میں لاسکتا ہے، اُس کا صدقہ کرنا ضروری نہیں ہے؛ کیوں کہ زید کی جانب سے حصۂ قربانی مذکورہ رقم سے ادا ہو چکا ہے، اور قربانی میں خرچ کے بعد مابقیہ رقم زید کی ملکیت سے خارج نہیں ہوئی ہے۔ (مستفاد: امداد الفتاویٰ/کتاب الوکالت ۳/۳۶۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۲/۱/۱ھ

قربانی نہ کر کے قربانی کا پیسہ غریب کو دینا؟

سوال (۱۹):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر وجوبِ قربانی کے بعد قربانی نہ کی جائے اور کسی غریب کو پیسہ دے دیا جائے، تو کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اَیامِ قربانی ۱۰/۱۱/۱۲/ ذی الحجہ میں قربانی کا جانور یا اُس کی قیمت صدقہ کرنے سے قربانی ادا نہ ہوگی، اور اگر کسی شخص پر قربانی واجب تھی؛ لیکن اُس نے نہ تو وقت پر قربانی کی اور نہ جانور خریدا تو اَیامِ قربانی گذرنے کے بعد اُس پر قربانی کے جانور کی قیمت صدقہ کرنی واجب ہوگی، اور اگر اُس نے جانور خرید لیا تھا اِسی طرح کسی فقیر شخص نے قربانی کی نیت سے کوئی جانور خرید لیا تھا؛ لیکن اُس کی قربانی نہ کی، تو اُس جانور ہی کو صدقہ کرنا واجب ہے؛

Marfat.com

تاہم اِن صورتوں میں تاخیر واجب کا گناہ ضرور ہوگا۔

ومنها أنه لايقوم غيرها مقامها في الوقت حتى لو تصدق بعين الشاة أو قيمتها في الوقت لا يجزئه عن الأضحية، وفيه: ومنها أنها تقضي إذا فاتت عن وقتها ثم قضائها قد يكون بالتصدق بعين الشاة حية، وقد يكون بالتصدق بقيمة الشاة؛ فإن كان قد أوجب التضحية علىٰ نفسه بشاة بعينها فلم يضحها حتى مضت أيام النحر فيتصدق بعينها حيةً، سواء كان معسرًا أو مؤسرًا. (الفتاوىٰ الهندية / كتاب الأضحية ٥/٢٩٣-٢٩٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۴۱/۵/۹ھ

مدرسہ والوں کو قربانی کے پیسے دینا؟

سوال (۲۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: آج کل لوگ اپنی آسانی کے لئے مدرسہ کو پیسہ دے دیتے ہیں، مدرسہ والے قربانی کر دیتے ہیں، کیا اِس طریقے سے قربانی ہوجائے گی یا نہیں؟ تفصیل بخش جواب سے نوازیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مدرسہ والے قربانی کرانے والوں کی طرف سے وکیل ہوتے ہیں؛ لہٰذا وکالۃً اُن کے ذریعہ قربانی کرانا درست ہے، شرعاً اِس میں کوئی حرج نہیں ہے، اور مدرسہ والوں کو یہ ذمہ داری پوری دیانت سے ادا کرنی چاہئے۔

أن كل ما جاز للإنسان أن يتصرف بنفسه في شيء جاز له أن يؤكل فيه غيره. (الفقه علي المذاهب الأربعة ٣/١٨٠) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۱۰/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

حجاجِ کرام کا بینک کے ذریعہ حج کی قربانی کرانا؟

سوال (۲۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بینک کے توسط سے قربانی کے متعلق مفتی شبیر احمد صاحب فرماتے ہیں کہ بینک کے توسط سے جو قربانی ہوتی ہے، اُس میں لاکھوں حجاج کی قربانی بروقت بہت مشکل ہے، یہ بات بالکل صحیح ہے؛ لیکن بندۂ ناچیز کو وثوق کے ساتھ علم ہے کہ بہت ہی قابلِ اعتماد وسیلہ اختیار کرنے پر ایک معقول تعداد میں حجاجِ کرام کا قیمتی وقت بھی ضائع ہوا، پریشانی بہت زیادہ ہوئی، اور رقم بھی خرد برد ہوئی؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: پوری کوشش کرنی چاہئے کہ بینک کے توسط سے قربانی نہ کرائی جائے؛ تاکہ ترتیب کا وجوب باقی رہے؛ لہٰذا یا تو خود قربانی کریں یا معتبر ذریعہ سے قربانی کرائیں؛ لیکن اگر کوئی شخص ایسا مجبور ہوجائے کہ اُس کے لئے بینک کا کوپن خریدے بغیر کوئی چارۂ کار نہ رہے، مثلاً وہ خود قربان گاہ نہ جاسکتا ہو اور نہ اُس کا کوئی ایسا با اعتماد ساتھی ہو جو اُس کی طرف سے قربانی کرسکے، تو ایسے شخص کے لئے صاحبین کے قول پر عمل کرتے ہوئے ترتیب کے واجب نہ ہونے کا قول کیا جائے گا اور بینک کی قربانی اُس کے لئے کافی ہوجائے گی۔ (مستفاد: کتاب المسائل ۳۳۲/۳، انوار مناسک ۵۰۸)

وعندهما لا يلزمه شيء بتقديم نسك على نسك للحديث السابق إلا أنه مسيءٌ. (البحر الرائق ۲٤/۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۷/۶/۱۴۳۳ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

نماز چھوڑنے والے کی قربانی؟

سوال (۲۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص نماز نہیں پڑھتا ہے، صرف جمعہ کی پڑھتا ہے؛ لیکن جب عید الاضحیٰ آتی ہے تو بہت زور

Marfat.com

وشور سے قربانی کرتا ہے، اِس میں شریعت کا کیا حکم ہے؟ اِس طرح قربانی کرنا درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایسے شخص کی قربانی درست ہے، نماز چھوڑنے کا گناہ الگ ہے۔

عن أنس بن مالک رضي اللّٰہ عنه قال: قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیه وسلم: من ترک الصلاة متعمداً فقد کفر جهاراً. (المعجم الأوسط ۲۹۹/۲ رقم: ۳۳٤۸ مکتبة دار الفکر عمان، أردن)

وأما شرائط الوجوب منها الیسار. (الفتاویٰ الهندیة / أول کتاب الأضحیة ۲۹۲/۵)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۳/۱۴۱۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

نفلی قربانی

اپنی واجبی قربانی کرنے کے بعد دوسروں کی طرف سے تطوعاً قربانی کرنا؟

سوال (۲۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی سب سے پہلے کس کے نام سے کرنی چاہئے؟ کچھ لوگ اپنے والدین کے لئے قربانی کرتے ہیں، تو انتقال کے بعد اُن کے نام سے قربانی کرنا کیسا ہے؟ اور اگر گھر میں سب کے نام سے قربانی ہوگئی ہے تو اَب کیا کریں؟ کس کے نام سے قربانی کریں؟ گھر کا جو مالک ہے وہ اپنی بالغ اور نابالغ اولاد کے نام سے قربانی کرسکتا ہے یا نہیں؟ یا کسی ولی و بزرگ جو دنیا سے رخصت ہوگئے ہیں، کیا اُن کے نام سے بھی قربانی ہوسکتی ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: پہلے اپنی واجب قربانی کرے، اُس کے بعد دوسرے لوگوں کی طرف سے قربانی کی جائے، اگر دل چاہے تو نابالغ اولاد کی طرف سے بھی قربانی کرسکتا ہے، اور بالغ اولاد کی اِجازت سے اُن کی طرف سے قربانی درست ہے، گزرے ہوئے لوگوں کی طرف سے بھی قربانی کی جاسکتی ہے۔

عن علي رضي اللّٰه عنه قال: أمرني رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أن أضحي عنه، فأنا أضحي عنه أبدًا. (المسند للإمام أحمد ۱۰۷/۱ دار الفكر، إعلاء السنن / باب التضحية ۲۹٦/۱۷ رقم: ٥٦٠٢ دار الكتب العلمية بيروت، ۲۷۲/۱۷ إدارة القرآن كراچی)

عن ابن عمر رضي اللّٰه عنهما أنه كان لا يضحي عن حبل، ولكن كان يضحي عن ولده الصغار والكبار، ويعقّ عن ولده كلهم. (المصنف لعبد الرزاق، كتاب

Marfat.com

المناسك / باب الضحايا ٣٨٠/٤-٣٨١ رقم: ٨١٣٦)

وإن كان أولاده صغارًا، جاز عنه وعنهم جميعًا في قول أبي جنيفة وأبي يوسف رحمهما الله تعالىٰ. وإن كانوا كبارًا، إن فعل بأمرهم، جاز عن الكل في قول أبي حنيفة وأبي يوسف رحمهما الله تعالىٰ، وإن فعل بغير أمرهم أو بغير أمر بعضهم، لا يجوز لا عنه ولا عنهم في قولهم جميعًا. (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / فصل فيما يجوز من الضحايا وما لا يجوز ٣٥٠/٣ زكريا)

من صام أو صلى أو تصدق وجعل ثوابه لغيره من الأموات والأحياء جاز.

(شامي / باب صلاة الجنائز، مطلب في القراءة للميت وإهداء ثوابها له ٢٤٣/٢ كراچى)

وتجب عن نفسه؛ لأنه أصل في الوجوب عليه على ما بيناه، وعن ولده الصغير؛ لأنه في معنى نفسه، فيلحق به كما في صدقة الفطر. وهٰذه رواية الحسن عن أبي حنيفة رحمهما الله تعالىٰ، وروي عنه أنه لا يجب عن ولده، وهو ظاهر الرواية. (الهداية / كتاب الأضحية ٤٤٢/٤ إدارة المعارف ديوبند)

وقوله: عن نفسه؛ لأنه أصل في الوجوب. وقوله: لا عن طفله، يعني لا يجب عليه عن أولاده الصغار؛ لأنها عبادة محضة. (البحر الرائق / كتاب الأضحية ٣١٩/٨ زكريا، ١٧٤/٨ كوئٹه)

وليس على الرجل أن يضحي عن أولاده الكبار وامرأته إلا بإذنهم، وعن أبي يوسف أنه يجوز بغير أمرهم استحسانًا. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الأول في بيان وجوب الأضحية ومن تجب عليه ومن لا تجب ٤٠٥/١٧ رقم: ٢٧٦٤٨ زكريا)

وليس على الرجل أن يضحى عن أولاده الكبار وامراته إلا بإذنه، وفي الولد الصغير عن أبي حنيفةؒ روايتان في ظاهر الرواية تستحب ولا تجب. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الأول ٢٩٣/٥ زكريا)

Marfat.com

من ضحى عن الميت يصنع كما يصنع في أضحية نفسه من التصدق والأكل والأجر للميت، والملك للذابح. (شامي، كتاب الأضحية / ٣٢٦/٦ كراچی، ٤٧٢/٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۳/۱۱/۴ھ

کیا میت کی طرف سے نفل قربانی کرنے سے واجب قربانی ساقط ہو جاتی ہے؟

سوال (۲۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا صاحبِ نصاب کے اُوپر سے قربانی کا وجوب میت کے لئے قربانی کرنے سے ساقط ہو جائے گا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس شخص پر اپنی قربانی واجب ہو وہ اگر میت کی طرف سے نفلی قربانی کرے، تو اُس سے بھی اُس کی ذاتی قربانی ذمہ سے ساقط ہو جائے گی، فقہ کی جزئیات سے یہی معلوم ہوتا ہے۔ (کفایت المفتی ۲۲۳/۸)

وإن تبرع بها عنه له الأكل؛ لأنه يقع على ملك الذابح والثواب للميت؛ ولهذا لو كان على الذابح واحدة سقطت عنه أضحيته كما في الأجناس. (شامي / كتاب الأضحية ٤٨٤/٩ زكريا)

سئل عمن يضحي عن الميت، قال: يصنع به كما يصنع بأضحيته يريد به أنه يتناول من لحمه كما يتناول من لحم أضحيته، فقيل له أتصير عن الميت؟ قال: الأجر للميت، والملك للمضحي، وبه قال سلمة وابن مقاتل وأبو مطيع، وقال عصام: يتصدق بالكل، وفي الكبرىٰ: المختار أنه لا يلزمه. (الفتاوىٰ

Marfat.com

التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل السابع في التضحية عن الغير وفي التضحية بشاة الغير عن نفسه ١٧/٤٤٤ رقم: ٢٧٧٧١ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۲/۳/۱۴۲۴ھ

اپنی قربانی کے بجائے مرحومین کی طرف سے قربانی کرنا؟

سوال (۲۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کتاب ''دینی مسائل اور اُن کا حل'' کے ص: ۴۱۳ پر اپنی قربانی کے بجائے مرحومین کی طرف سے قربانی کے عنوان کے تحت ذکر کردہ سوال کے جواب کا اصل حصہ محل نظر ہے اور حوالہ بھی بالکل بے ربط ہے۔ مجیب عالی مقام کے جواب سے بھی حوالے کو کوئی مس نہیں، غالباً ناقل عبارت سے ایسی بھول ہوئی ہے، جواب کا اصل حصہ یہ ہے: ''مرحومین کی طرف سے قربانی کرنے سے اُس کی اپنی واجب قربانی ادا نہیں ہوگی''۔ ناچیز کے خیال میں یہ جواب فقہاء کرام کی عبارتوں سے متصادم ہے۔ علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں:

قوله: (وعن ميت) أي لو ضحى عن ميت وارثه بأمره ألزمه بالتصديق بها وعدم الأكل منها، وإن تبرع بها عنه له الأكل؛ لأنه يقع على ملك الذابح والثواب للميت؛ ولهذا لو كان على الذابح واحدة سقطت عنه أضحيته كما في الأجناس. قال الشرنبلالي: لكن في سقوط الأضحية عنه تأمل. أقول: صرح في فتح القدير في الحج عن الغير بلا أمر أنه يقع عن الفاعل فيسقط به الفرض عنه وللآخر الثواب فراجعه. (شامي ٩/٤٨٤ زكريا)

فتاوی قاضی خان میں ہے:

ولو ضحى عن ميت من مال نفسه بغير أمر الميت جاز، وله أن يتناول منه ولا يلزمه أن يتصدق به؛ لأنها لم تصر ملكًا للميت؛ بل الذبح حصل على ملكه،

Marfat.com

ولهٰذا لو كان على الذابح أضحية سقطت عنه. (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ الهندية ٣٥٢/٣ زكريا)

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: کتاب ''دینی مسائل اور اُن کا حل''ص:۴۱۳ میں مرحومین کی طرف سے تبرعاً قربانی والے مسئلہ میں احقر سے واقعتاً تسامح ہوا ہے، اور آپ کی ذکر کردہ فقہی عبارت سے یہی واضح ہوتا ہے کہ تبرعاً میت کی طرف سے قربانی کی شکل میں اصل قربانی ذابح کی طرف سے ہوگی اور میت کو صرف ثواب پہنچے گا، اور جب اصل قربانی ذابح کی طرف سے درست مانی جائے، تو اُس کے ذمہ سے اپنا وجوب بھی ساقط ہوجائے گا، آنجناب کے توجہ دلانے پر احقر بصمیم قلب مشکور ہے۔ آئندہ اشاعت میں انشاء اللہ اِس کی تصحیح کردی جائے گی۔ اِس بارے میں مزید عبارات بھی پیش ہیں۔

وأجاز نحير بن يحيى ومحمد بن سلمي و محمد بن مقاتل فيمن يضحي عن الميت أنه يصنع به مثل ما يصنع بأضحية نفسه من التصدق والأكل والأجر للميت والملك للذابح. (بزازية على هامش الهندية ٢٩٥/٦، الفتاوىٰ التاتارخانية ٤٤٤/١٧ زكريا)

تبرع بالأضحية عن ميت، جاز له الأكل منها والهدية والصدقة؛ لأن الأجر للميت والملك للمضحي، وهو المختار، بخلاف ما لو كان بأمر الميت، حيث لا يأكل في المختار. (فتح المعين / كتاب الأضحية ٣٨٢/٣ كراچی، فتاوىٰ قاضي خان على الهندية / فصل فيما يجوز من الضحايا وما لا يجوز ٣٥٢/٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری ۲۵/۲/۱۴۳۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کیا پہلے والدین کی طرف سے قربانی کرانا ضروری ہے؟

سوال (۲۶): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: (۱) زید شادی شدہ ہے اور والدین سے علیحدہ ہے، زید نے گذشتہ سال قربانی کے لئے بکرا لیا، زید کو کسی نے بتایا کہ پہلے قربانی والد صاحب اور والدہ صاحبہ کے نام سے کرانے کے بعد وہ اپنے نام سے قربانی کرسکتا ہے؛ لہٰذا زید نے گذشتہ سال جو قربانی کی وہ والد صاحب کی جانب سے کی، اِس سال زید پھر بکرا لایا ہے۔ اَب سوال یہ ہے کہ زید کو قربانی کے بارے میں جو کچھ بتایا گیا کیا وہ صحیح ہے؟

(۲) کیا زید والد صاحب کے نام سے قربانی کرکے اپنے فرض کی ادائیگی سے سبک دوش ہوگیا؟ یا پھر اپنے نام سے دوسری قربانی کرنی چاہئے تھی؟

(۳) کیا اِس طرح والد صاحب نے قربانی کا فرض ادا کردیا، جب کہ والد صاحب کی معاشی حالت قربانی کے لائق نہیں ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) قربانی اُسی پر واجب ہوتی ہے، جو مالکِ نصاب ہو، اگر لڑکا نصاب والا ہے اور باپ صاحبِ نصاب نہیں ہے، تو قربانی صرف لڑکا اپنی جانب سے کرے گا، والد کی قربانی کسی بھی حال میں اُس کے ذمہ لازم نہیں ہے؛ لہٰذا صورتِ مسئولہ میں زید کو جو بتایا گیا وہ صحیح نہیں ہے۔

فتجب الأضحية على حرّ مسلم مقيم مؤسر عن نفسه. (الدر المختار / كتاب الأضحية ٣١٥/٦ دار الفكر بيروت، ٤٥٤/٩ زكريا، مجمع الأنهر / كتاب الأضحية ١٦٦/٤ دار الكتب العلمية بيروت، البحر الرائق / كتاب الأضحية ١٧٣/٨ كراچی)

أما شرائط الوجوب، منها: اليسار؛ وهو ما يتعلق به وجوب صدقة الفطر. (الفتاوىٰ الهندية ٢٩٢/٥)

(۲) زید نے والد صاحب کی طرف سے جو قربانی کی، وہ خود اُسی کی طرف سے سمجھی جائے گی، والد صاحب کی طرف سے نہیں؛ لہٰذا اُس پر دوسری قربانی واجب نہیں۔

ذكر في فتاوىٰ أبي الليث رحمه الله: إذا ضحىٰ بشاة نفسه عن غيره بأمر

Marfat.com

ذلك الغير أو بغير أمره. لا تجوز؛ لأنه لا يمكن تجويز التضحية عن الغير إلا بإثبات الملك لذلك الغير في الشاة، ولن يثبت الملك له في الشاة إلا بالقبض، ولم يوجد قبض الآمر ههنا لا بنفسه ولا بنائبه، كذا في الذخيرة.

(الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب السابع في التضحية عن الغير وفي التضحية بشاة الغير عن نفسه ٣٠٢/٥ دار إحياء التراث العربي بيروت، كذا في الخانية / فصل فيما يجوز في الضحايا وما لا يجوز ٣٥٢/٣ زكريا، المحيط البرهاني / الفصل السابع في التضحية ٤٧٣/٨-٤٧٤ إدارة القرآن كراچی)

(۳) والد صاحب پر جب قربانی واجب ہی نہیں اور نہ اُنہوں نے اپنے مال سے قربانی کی ہے، تو وہ قربانی اُن کی طرف سے نہ ہوئی۔

فتجب الأضحية على حرّ مسلم مقيم مؤسر عن نفسه. (الدر المختار / كتاب الأضحية ٣١٥/٦ دار الفكر بيروت، ٤٥٤/٩ زكريا، مجمع الأنهر / كتاب الأضحية ١٦٦/٤ دار الكتب العلمية بيروت، البحر الرائق / كتاب الأضحية ١٧٣/٨ كراچی)

أما شرائط الوجوب، منها: اليسار؛ وهو ما يتعلق به وجوب صدقة الفطر. (الفتاوىٰ الهندية ٢٩٢/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۳/۱۱/۲۹ھ

اَولاد کی قربانی والدین پر موقوف نہیں

سوال (۲۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا شریعت کا ایسا کوئی حکم ہے کہ جب تک والدین کے نام سے قربانی نہ کرے، کوئی فرد اپنے نام سے قربانی نہیں کرسکتا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: شریعت میں ایسا کوئی حکم نہیں ہے، قربانی صرف

Marfat.com

صاحبِ نصاب پر واجب ہوتی ہے، خواہ وہ کوئی بھی ہو اور ایک کے واجب کی ادائیگی دوسرے پر موقوف نہیں ہوتی۔

فتجب الأضحية على حرّ مسلم مقيم مؤسر عن نفسه. (الدر المختار / كتاب الأضحية ٣١٥/٦ دار الفكر بيروت، ٤٥٤/٩ زكريا، مجمع الأنهر / كتاب الأضحية ١٦٦/٤ دار الكتب العلمية بيروت، البحر الرائق / كتاب الأضحية ١٧٣/٨ كراچی)

أما شرائط الوجوب، منها: اليسار؛ وهو ما يتعلق به وجوب صدقة الفطر. (الفتاوىٰ الهندية ٢٩٢/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۳/۱۱/۲۹ھ

باپ کا بیٹے کی جانب سے قربانی کرنا؟

سوال (۲۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہم اپنے باپ کے نام سے پوری ایک راس کی قربانی کر چکے ہیں، اب بیٹا چاہتا ہے کہ میں اپنے نام سے قربانی کروں، تو کیا باپ کی موجودگی میں میری قربانی ہوسکتی ہے یا نہیں؟ مجھ کو قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب سے نوازئے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں اگر باپ اور لڑکوں کا کاروبار مشترکہ ہے اور باپ ہی ساری آمدنی کا مالک ہے، اُس نے ہر ہر بیٹے کو الگ الگ حصہ نہیں دیا ہے اور نہ کوئی لڑکا صاحبِ نصاب ہے، تو پھر صرف باپ پر قربانی واجب ہے جب کہ وہ مالکِ نصاب ہو، اس پر یہ لازم نہیں کہ وہ اپنی بالغ اولاد کی جانب سے بھی قربانی کرے؛ البتہ اگر کسی بیٹے کے پاس باپ کے مال کے علاوہ اتنا مال ہو، جو نصاب تک پہنچ سکے تو اس پر اپنی قربانی کرنا الگ سے واجب ہوگا۔ (کتاب المسائل ۲/۷، ۳، مسائل قربانی وعقیقہ ۳۷)

عن ابن عمر رضي الله عنهما أنه كان لا يضحي عن حبل، ولكن كان

Marfat.com

يضحي عن ولده الصغار والكبار ويعقّ عن ولده كلهم. (المصنف لعبد الرزاق، كتاب المناسك / باب الضحايا ٤/ ٣٨٠ رقم: ٨١٣٦)

وليس على الرجل أن يضحي عن أولاده الكبار إلا وامرأته بإذنه. (الفتاوىٰ الهندية ٥/ ٢٩٣، شامي ٩/ ٤٥٧ زكريا، ٦/ ٣١٥ كراچی، الفتاوىٰ التاتارخانية ١٧/ ٤٤٤ زكريا، المحيط البرهاني ٨/ ٤٧٣، بزازية ٦/ ٢٩٥، البحر الرائق ٩/ ٣٢٦ زكريا)

تاہم اگر باپ اپنے بیٹوں کی جانب سے یا بیٹے خود باپ کی اجازت سے اس کے مال سے قربانی کریں تو ان کی طرف سے مستحب قربانی درست ہو جائے گی۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

٦/١٢/١٤١٠ھ

اپنی واجب قربانی اور والدین کی طرف سے نفل قربانی ۱۰/ ذی الحجہ کو مکہ میں کرانا؟

سوال (٢٩):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید کے کچھ عزیز مکہ مکرمہ میں رہتے ہیں، زید اپنے عزیز کے ذریعہ اپنی واجب قربانی اور والدین کی طرف سے نفلی قربانی بھیج کر مکہ ہی میں ۱۰/ ذی الحجہ کو کرادی۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا زید کی طرف سے یہ واجب اور نفلی قربانیاں درست ہوگئی ہیں؟ جب کہ ہمارے یہاں اس دن ذی الحجہ کی ۹/ تاریخ تھی، ابھی قربانی کے دن بھی شروع نہیں ہوئے تھے، اور مکہ میں اس دن ذی الحجہ تھی، وہاں ایام نحر شروع ہو گئے، ہمارے علاقہ کے لوگ اکثر ایسا کرتے ہیں، دار الافتاء سے اس سلسلہ میں وضاحت مطلوب ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: واجب قربانی کی ادائیگی کے لئے مالک کے جائے مقام پر سببِ وجوب یعنی ایام قربانی کا شروع ہونا شرط ہے، اور مسئولہ صورت میں چوں کہ مالک کے ملک میں ایام قربانی شروع نہیں ہوئے تھے؛ اِس لئے اِس دن اُس کی طرف سے سعودی عرب

Marfat.com

میں کی گئی قربانی سے اُس کا واجب ذمہ سے ساقط نہ ہوگا؛ البتہ نفلی قربانی درست ہوسکتی ہے؛ اِس لئے کہ اِس کا سببِ وجوب سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

وسببها: الوقت وهو أيام النحر. (الدر المختار مع الشامي ٤٥٣/٩ زكريا)

وسببها طلوع فجر يوم النحر. (البحر الرائق ١٧٤/٨)

وأما وقت الوجوب فأيام النحر فلا تجب قبل دخول الوقت (بدائع الصنائع ١٩٨/٤ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۸/۱/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کا جانور دوسرے کے نام سے ذبح کرنا؟

سوال (۳۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: راشد صاحبِ نصاب ہے، ہر سال اپنے نام سے قربانی کرتا ہے اور گھر کا مالک بھی ہے، وہ چاہتا ہے کہ میں ہر سال اپنے نام سے قربانی دیتا آیا ہوں، اَب اپنے گھر والوں کے نام بیوی، بچوں کے نام سے قربانی دوں، اور قربانی کا جانور ایک ہی ہے، تو کیا بکر کا یہ عمل درست ہے، اور مالک ہونے کی حیثیت سے واجب کی ادائیگی ہوجائے گی، یا مالک کے نام قربانی ہونا ضروری ہے، تبھی واجب ذمہ سے ساقط ہوگا؟ اور بکر اتنا مال دار ہے کہ اپنے اہل وعیال میں دس آدمی الگ الگ مالک ہوجائیں تو سب صاحبِ نصاب ہوجائیں گے، تو کیا اُن کے ذمہ ایک ہی قربانی واجب ہوگی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بکر کی قربانی اُسی وقت ادا ہوگی جب کہ قربانی میں اُس کا نام لیا جائے، دوسروں کا نام لینے سے اس کا وجوب ساقط نہ ہوگا، اور جب تک بکر اپنا مال اور کاروبار اہل وعیال پر تقسیم نہ کرے اُس وقت تک صرف وہی مالک ہے، اور صرف اُسی پر قربانی واجب ہے، ہاں اگر بچے یا دیگر رشتہ داروں کے پاس نصاب کے بقدر مال ہو، تو اُن پر الگ سے

Marfat.com

قربانی کا وجوب ہوگا۔

فتجب التضحية على حرٍ مسلمٍ مقيمٍ موسرٍ عن نفسهٖ لا عن طفله. (تنوير الأبصار على الدر المختار ٣١٣/٦-٣١٥ كراچی، ٤٥٧/٩ زكريا)

ذكر في فتاوىٰ أبي الليث رحمه اللّٰه: إذا ضحىٰ بشاة نفسه عن غيره بأمر ذٰلك الغير أو بغير أمره لا تجوز؛ لأنه لا يمكن تجويز التضحية عن الغير إلا بإثبات الملك لذٰلك الغير في الشاة، ولن يثبت الملك له في الشاة إلا بالقبض، ولم يوجد قبض الآمر هٰهنا لا بنفسه ولا بنائبه، كذا في الذخيرة. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب السابع في التضحية عن الغير وفي التضحية بشاة الغير عن نفسه ٣٠٢/٥ دار إحياء لتراث العربي بيروت، كذا في الخانية / فصل فيما يجوز في الضحايا وما لا يجوز ٣٥٢/٣ زكريا، المحيط البرهاني / الفصل السابع في التضحية ٤٧٣/٨-٤٧٤ إدارة القرآن كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۷/۲/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جو شخص قربانی کی گنجائش نہ رکھے اُس کا بال منڈوانا؟

سوال (۳۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مشکوٰۃ شریف، باب السیرہ میں روایت ہے کہ جو قربانی کی گنجائش نہ رکھتا ہو تو وہ بال منڈوالے، اِس کی اصل کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: محولہ بالا روایت کا مفہوم یہ ہے کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے ارشاد فرمایا کہ مجھے اِس بات کا حکم ہوا ہے کہ میں اِس بات کا اعلان کردوں کہ قربانی کا دن اللہ تعالیٰ نے اِس اُمت کے لئے عید کا دن بنایا ہے، یہ سن کر ایک صحابی نے عرض کیا کہ اگر میرے پاس عاریت پر لی ہوئی اونٹنی یا بکری ہو، تو کیا میں اُس کی

Marfat.com

قربانی کروں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کی قربانی سے منع فرمایا، اور یہ ارشاد فرمایا کہ اِس کے بجائے اگر تم اپنے غیر ضروری بال، ناخن، مونچھ اور موئے زیر ناف کاٹ لو تو اِس کی وجہ سے بھی تمہیں قربانی کا ثواب مل جائے گا۔

اِس روایت سے دو باتیں معلوم ہوئیں: پہلی بات یہ کہ جو شخص استطاعت نہ رکھتا ہو اُس پر قربانی واجب نہیں۔ دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ جس طرح قربانی کرنے والے حضرات کے لئے عشرۂ ذی الحجہ میں قربانی سے پہلے بال وغیرہ نہ کاٹنے کا حکم ہے، اِسی طرح اگر کوئی غیر مستطیع شخص اُن کی مشابہت اختیار کرتے ہوئے قربانی کے وقت سے پہلے پہلے تک اپنے بال وغیرہ نہ کاٹے اور قربانی کے دن اِن کاموں کو انجام دے، جیسا کہ مستطیع قربانی کرنے والے عمل کرتے ہیں، تو اُن کی مشابہت کی وجہ سے اسے بھی حدیث بالا کی رو سے ثواب ملے گا، بعض شراح حدیث کی عبارات سے یہی مستفاد ہوتا ہے۔

قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: أمرت بيوم الأضحى عيدًا جعله اللّٰه عزوجل لهذه الأمة، قال الرجل: يا رسول اللّٰه! أرأيت إن لم أجد إلا منيحة انثي أفأضحي بها؟ قال: لا، ولكن تأخذ من شعرك وأظفارك، وتقص شاربك، وتحلق عانتك، فتلك تمام أضحيتك عند اللّٰه عزوجل. (سنن أبي داؤد ۲/۳۸۵ رقم: ۲۷۸۹، سنن النسائي ۲/۱۷۹، مشكاة المصابيح ۱۲۹)

قال الشارح السندهي في شرحه: أرشده إلى أن يشارك المسلمين في العيد والسرور وإزالة الوسخ – إلى قوله – هو ما يتم به أضحتيك بمعنى أنه يكتب لك به أضحيةً تامةً. (حاشية السندهي على سنن النسائي ۲/۱۷۹) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۸/۱۱/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

غیر حاجیوں کا قربانی کے بعد حلق یا قصر کرانا اور ناخن کاٹنا؟

سوال (۳۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: ذی الحجہ کو چاند دیکھنے کے بعد سے قربانی کرنے والوں کے لئے اپنے جسم کے بال نہ کاٹنا مستحب ہے۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا قربانی کرنے کے اُسی وقت یا اُسی دن اپنے سر کے بال یا جسم کے بال کاٹنا بھی مستحب ہے، یا صرف عشرۂ ذی الحجہ میں بالوں کے کاٹنے سے رکنا مستحب ہے؟ ہمارے یہاں قربانی کرکے سب اپنے سر کو منڈاتے ہیں یا قصر کراتے ہیں، کیا یہ مستحب ہے؟ اِس سلسلہ میں وضاحت مطلوب ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حاجیوں کے لئے قربانی کے بعد احرام کھولنے کے لئے حلق کرنا واجب ہے؛ لیکن غیر حاجیوں کو قربانی کے بعد بال وغیرہ کٹانے کو ضروری سمجھنا کسی دلیل سے ثابت نہیں ہے؛ اِس لئے غیر حاجیوں کو قربانی کے بعد سر کے حلق وقصر کا اہتمام لازم نہیں ہے؛ البتہ اگر کسی کو واقعی ضرورت ہو تو وہ بلا کسی اہتمام کے غیر ضروری بال اور ناخن وغیرہ کاٹ سکتا ہے؛ کیوں کہ قربانی کے بعد بال وغیرہ بنانے کی ممانعت مرتفع ہو چکی ہے۔

عن أم سلمة رضي اللّٰہ عنها ترفعه قال النبي صلى اللّٰہ عليه وسلم: إذا دخل العشرُ وعنده أضحية يريد أن يضحي فلا يأخذنَّ شعرًا ولا يقلمن ظُفرًا.

وعنها أيضًا أن النبي صلى اللّٰہ عليه وسلم قال: إذا رأيتم هلال ذي الحجة وأراد أحدكم أن يضحي فليُمسك عن شعره وأظفاره. (صحيح مسلم، كتاب الأضاحي / باب نهي من دخل عليه عشرُ ذي الحجة وهو مريد التضحية أن يأخذ من شعره أو أظفاره شيئًا رقم: ۱۹۷۷ بيت الأفكار الدولية) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۸/۱/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قربانی کے حصے

ہر حصہ دار کو مکمل قربانی کا ثواب؟

سوال (۳۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے ایک جانور میں سات حصے ہوتے ہیں، تو ہر حصہ دار کو ایک قربانی کا ثواب ملے گا، یا سات سال تک حصہ ڈال کر ایک قربانی کا ثواب حاصل کیا جائے گا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ہر حصہ دار کو ایک مکمل قربانی کا ثواب ملے گا، سات سال تک حصہ لینے کی بات محض جہالت ہے۔

عن ابن عباس رضي اللّٰه عنهما قال: كنا مع النبي صلى اللّٰه عليه وسلم في سفر، فحضر الأضحىٰ فاشتركنا في البقرة سبعةً، وفي الجزور عشرةً. (نصب الراية في تخريج أحاديث الهداية، كتاب الأضحية / الحديث الثالث ٤/ ٥٠٠ المكتبة الحقانية پشاور)

وصح اشتراك ستة في بدنة شريت لأضحية. (الدر المختار مع الشامي ٦/ ٣١٧ كراچی، ٩/ ٤٥٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۰/۱۲/۶ھ

جانور میں حضور ﷺ کے نام پر لئے گئے حصہ کا مصرف کیا ہے؟

سوال (۳۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: چھ افراد نے مل کر ایک گائے خریدی اور سبھی برابر کے شریک رہے، پانچ فریق نے اپنا اپنا

Marfat.com

حصہ لیا، چھٹے فریق نے اپنا حصہ لے کر ساتویں حصہ کا بھی خرچ دیا، اور بنام حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قربانی کی، ایسی شکل میں کیا کیا جائے؟ کیا ساتواں حصہ چھٹے حصہ دار لیں گے یا برابر تقسیم کر دیا جائے؟ اور اگر نہیں تو اُس گوشت کا کیا کیا جائے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس فریق نے ساتویں حصہ کا خرچہ دیا ہے، اُسی کو اس حصہ کے خرچ کرنے کا اختیار ہوگا، چاہے تو خود رکھے یا صدقہ کر دے یا دیگر شرکاء میں تقسیم کر دے۔

كذا تستفاد من العبارة الآتية: وإن نوى بعض الشركاء التطوع، وبعضهم يريد الأضحية .....، جاز الكل وتكون عن الواجب عمن نوى الواجب عن عام ذلك، وتكون تطوعاً عمن نوى القضاء عن العام الماضي. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الثامن ۵/۳۰۰) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۴/۱۴۱۳ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

۶/آدمیوں کا بڑے جانور میں اپنے اپنے حصہ کے بعد ساتواں حصہ حضور ﷺ کی طرف سے کرنا؟

سوال (۳۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: (۱) ۶/افراد مل کر ایک بڑا جانور خریدتے ہیں، ایک ایک حصہ اپنے لئے اور ایک حصہ میں سب شریک ہو کر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام قربانی کرتے ہیں۔

(۲) چھ بھائی ایک بڑا جانور خرید کر ایک ایک حصہ اپنے لئے اور ایک اپنی والدہ (خواہ مرحومہ ہو یا زندہ) قربانی کرتے ہیں، نیز اُس ساتویں حصہ کی قیمت سب مل کر ادا کرتے ہیں، کیا ایسی قربانی جائز ہے؟ اگر جائز ہے تو کیوں اگر نہیں تو کیوں؟

نیز بدائع الصنائع کی عبارت: بعد أن لا ينقص عن السبع. (بدائع الصنائع ۴/۲۰۷)

Marfat.com

اورعلامہ شامیؒ کی عبارت: أو سبع بدنة .....، ولو لأحدهم أقل من سبع لم يجز عن أحد، وتجزئ عما دون سبعة ..... لكن بعد أن لا ينقص عن السبع، ولو اشترک سبعة في خمس بقرات، أو أكثر صح .....، لأن كل بقرةٍ على ثمانية أسهم، فلكل منهم أقل من السبع. (شامي ٤٥٧/٩ زكريا) کا کیا مطلب ہے؟ یعنی ساتویں حصے کی شرط ''نظراً الی الملک'' ہے کہ صرف سات آدمی ایک بڑے جانور میں شریک ہوں دراں حالیکہ کسی کا حصہ ساتویں حصے سے کم نہ ہو، یا جس کی جانب سے قربانی کی جارہی ہے اُس کا اعتبار ہوگا کہ ایک بڑے جانور کی قربانی صرف سات آدمیوں کی طرف ہوسکتی ہے، مالک خواہ سات سے زائد ہی ہوں، اگر ''نظراً الی الملک'' ملحوظ ہے، تو چھ آدمیوں کا ایک حصہ میں شریک ہوکر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے قربانی کرنا۔ (فتاوی محمودیہ ۳۱۰/۲۶ میرٹھ) پر درست لکھا ہے، جب کہ ایک فرد نہیں چھ افراد مل کر ساتویں حصہ کے مالک بن رہے ہیں، اگر دوسری شق ملحوظ ہے، تو پھر آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بکری پوری امت کی جانب سے ذبح فرمائی ہے، آنجناب واضح فرمائیں کہ واجب ونفل میں کوئی فرق ہے کہ وجوب کی صورت میں صرف سات آدمی کی طرف سے ہوگی، اور ہر نفر کم از کم ساتویں حصے کا مالک بنے اور نفل میں کچھ گنجائش ہے؟ یا فرق نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) مسئولہ صورت میں قیاس کا تقاضا تو یہی ہے کہ ایک بڑے جانور میں سات سے زیادہ حصہ دار شریک ہو جائیں، تو کسی کی بھی قربانی درست نہ ہو؛ لیکن استحساناً نفلی قربانی میں ایک حصہ سبع کے اندر متعدد افراد کی شرکت جائز قرار دی گئی ہے، اور اُس کی وجہ یہ ہے کہ اِس صورت میں کسی کا مجموعی حصہ ساتویں حصہ سے کم نہیں رہتا، جو فساد کی بنیاد ہے؛ بلکہ سب شرکاء بنیتِ ثواب ایک فرد کے لئے قربانی کرتے ہیں، گویا کہ یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ چند افراد مل کر کسی شخص کو ایک حصہ کے بقدر پیسے ہبہ کردیں اور وہ شخص اُن پیسوں سے اپنے لئے قربانی کا حصہ خرید لے، تو اَنجام کے اعتبار سے مسئولہ صورت بھی اِسی طرح کی ہے۔

Marfat.com

وإن مات أحد السبعة المشتركين في البدنة، وقال الورثة: إذبحوا عنه وعنكم صح عن الكل استحسانًا لقصد القربة من الكل، ولو ذبحوها بلا إذن الورثة لم يجزهم؛ لأن بعضها لم يقع قربة. (الدر المختار مع الشامي ٤٧١/٩ زكريا)

(۲) اورآپ نے بدائع اور شامی کی جو عبارت لکھی ہیں، وہ اس کے معارض نہیں ہیں، وہ اُن صورتوں سے متعلق ہیں جب کہ شرکاء کے مجموعی حصے زائد اشتراک کی وجہ سے سبع سے کم رہ جائیں، مثلاً ایک بڑے جانور میں آٹھ آدمی برابر کے شریک ہو جائیں وغیرہ۔

ولا يجوز بعير واحد، ولا بقرة واحدة عن أكثر من سبعة. (بدائع الصنائع ٢٠٦/٤)

(۳) اور رہ گئی یہ بات کہ پیغمبر علیہ السلام نے ایک بکری میں پوری اُمت کے لئے ثواب کی نیت کی، تو اِس میں شرعاً کوئی اشکال نہیں؛ اِس لئے کہ نفلی قربانی دراصل ذابح ہی کی طرف سے ہوتی ہے، اور اِس کا ثواب وہ جن لوگوں کو چاہے پہنچا سکتا ہے۔

فإن قيل: أليس أنه روى أن رسول الله صلى الله عليه وسلم ضحى بكبشين أملحين أحدهما عن نفسه والآخر عمن لايذبح من أمته، فكيف ضحى بشاة واحدة عن أمته عليه الصلاة والسلام، فالجواب أن عليه الصلاة والسلام إنما فعل ذلك لأجل الثواب وهو أنه جعل ثواب تضحيته بشاة واحدة لأمته لا للأجزاء، وسقوط التعبد عنهم. (بدائع الصنائع ٢٠٦/٤ زكريا)

(۴) اور واجب اور نفل میں استحساناً فرق ہے، واجب کی ادائیگی جب بھی ہوگی ایک ہی شخص کی طرف سے ہوگی، جب کہ نفل کا ثواب متعدد کو بھی پہنچایا جاسکتا ہے۔

وقيل: لا يجوز في الفرائض. (شامي ١٥٢/٣ زكريا)

وإن مات أحد السبعة المشتركين في البدنة، وقال الورثة: إذبحوا عنه وعنكم صح عن الكل استحسانًا لقصد القربة من الكل، ولو ذبحوها بلا إذن الورثة لم يجزهم؛ لأن بعضها لم يقع قربة. (الدر المختار مع الشامي ٤٧١/٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۲/۱۴۲۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قربانی میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر لیا ہوا حصہ کس کی طرف سے شمار ہوگا؟

سوال (۳۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے جانور میں جو حصہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے کیا جاتا ہے وہ قربانی میں شریک تمام حضرات کی طرف سے ہوسکتا ہے یا نہیں؟ یا وہ حصہ صرف ایک ہی آدمی لے سکتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: یہ حصہ سب کی طرف سے بھی صحیح ہے؛ کیوں کہ سب مل کر جس ذات کی طرف سے قربانی کررہے ہیں، وہ ذاتِ واحد ہے اور اُس کا حصہ ساتویں سے کم نہیں ہے۔ (منتخبات نظام الفتاویٰ ۱/۳۴۳)

وإن مات أحد السبعة الذين شاركوا في البدنة، وقال ورثته وهم كبار: اذبحوها: أي البدنة عنكم وعنه: أي عن الميت، صح. (مجمع الأنهر / كتاب الأضحية ۱۷۳/٤ المكتبة الغفارية كوئٹه)

وإن مات أحد السبعة .....، وقال الورثة: اذبحوها عنه وعنكم، صح عن الكل استحسانًا (الدر المختار) وقال ابن عابدين رحمه الله: قوله: وقال الورثة: أي الكبار منهم. (الدر المختار مع الشامي ۳۲٦/٦ كراچی، وكذا في تبيين الحقائق / كتاب الأضحية ٤٨٤/٦ دار الكتب العلمية بيروت، وكذا في البحر الرائق / كتاب الأضحية ۳۲٥/۸ زكريا)

وذكر في الأصل إذا اشترك سبعة في بدنة، فمات أحدهم قبل الذبح فرضي ورثته أن يذبح عن الميت جاز استحسانًا. (بدائع الصنائع ۲۰۹/٤ زكريا، كذا في الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الثامن ٤٥٣/۱۷ رقم: ۲۷۸۰۷ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۹/۱۱/۲۴ھ

Marfat.com

قربانی کے جانور میں ساتواں حصہ والد مرحوم کی طرف سے کرنا؟

سوال (۳۷):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص کا انتقال ہوگیا اور اُس کے چار لڑکے ہیں، اُن لڑکوں نے اپنا حصہ الگ الگ لیا ہے اور اُس جانور میں دو اور آدمیوں نے بھی حصہ لیا ہے۔

معلوم یہ کرنا ہے کہ باقی جو ایک حصہ بچ گیا ہے، کیا اُس میں چاروں لڑکے شریک ہوکر والد مرحوم کی طرف سے قربانی کر سکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کر سکتے ہیں۔

عن علي رضي اللّٰه عنه قال: أمرني رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أن أضحي عنه، فأنا أضحي عنه أبدًا. (المسند للإمام أحمد ۱۰۷/۱، إعلاء السنن / باب التضحية عن الميت ۲۹۶/۱۷ رقم: ۵۶۰۲ دار الكتب العلمية بيروت، ۲۷۲/۱۷ كراچی)

وإذا اشترى سبع بقرةً ليضحوا بها فمات أحد السبعة، وقالت الورثة: وهم كبار إذبحوها عنه وعنكم جاز استحسانًا. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الثامن ۳۰۵/۵) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۱/۱۴۱۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

سات شرکاء میں سے کسی ایک کا اپنے حصہ کے نصف میں آٹھویں کو شریک کرنا؟

سوال (۳۸):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: سات آدمیوں نے شرکت میں ایک گائے قربانی کے لئے خریدی؛ لیکن ساتویں شریک نے

Marfat.com

اپنے ساتویں حصہ میں اپنے بھائی کو آدھے کا شریک کرلیا، قیمت بھی دونوں بھائیوں نے نصفا نصف ادا کی، تو کیا حصہ کٹ جانے کی وجہ سے اُن کی قربانی درست ہوجائے گی؟ دوسرے شرکاء کو اس کا کوئی علم نہیں تھا، قربانی کے اَیام گذر جانے کے بعد علم ہوا، اِس صورت میں کس کی قربانی درست ہے اور کس کی نہیں؟ اگر کسی کی بھی قربانی درست نہیں تو اَب اُن کو کیا کرنا پڑے گا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں کسی کی بھی قربانی درست نہیں ہوئی۔

عن جابر رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: البقرة عن سبعة، والجزور عن سبعة. (مشكاة المصابيح / باب الأضحية، الفصل الأول ۱۲۷/۱)

ولو لأحدهم أقل من سبع لم يجز عن أحد. (الدر المختار / كتاب الأضحية ٤٥٧/٩ زكريا)

وإذا كان الشركاء في البدنة أو البقرة ثمانية لا يجزئهم؛ لأن نصيب أحدهم أقل من السبع. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الثامن فيما يتعلق بالشركة في الضحايا ٤٥٣/١٧ رقم: ٢٧٨٠٤ زكريا)

الشاة لا تجزئ إلا عن واحد، وإن كانت عظيمة، والبقر والبعير كل واحد منهما يجزئ عن سبعة، إذا كانوا يريدون بها وجه الله اتفقت جهات القربة أو اختلفت، وقال زفر: إذا اختلفت جهات القرب لا يجوز. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الثامن فيما يتعلق بالشركة في لضحايا ٤٥٠/١٧ رقم: ٢٧٧٩٢ زكريا)

ولا يجوز بعير واحد ولا بقرة واحدة عن أكثر من سبعة، ويجوز ذٰلك عن سبعة أو أقل من ذٰلك، وهٰذا قول عامة العلماء ..... والصحيح قول العامة لما روي عن رسول الله صلى الله عليه وسلم: البدنة تجزئ عن سبعة والبقرة تجزئ عن سبعة ..... ولأن القياس يأبى جوازها عن أكثر من واحد لما ذكرنا أن القربة في الذبح، وأنه فعل واحد لا يتجزأ، لكنا تركنا القياس بالخبر المقتضي

Marfat.com

للجواز عن سبعة مطلقًا، فيعمل بالقياس فيما وراءه؛ لأن البقرة بمنزلة سبع شياه. (بدائع الصنائع، كتاب الأضحية / محل إقامة الواجب ٤/٢٠٦-٢٠٧ زكريا)

اور ہر شریک پر واجب قربانی کی ادائیگی کے لئے ایک ایک بکری کی قیمت کا صدقہ کرنا لازم ہے۔

وتصدق بقيمتها غني شراها أو لا. (الدر المختار / كتاب الأضحية ٩/٤٥٦ زكريا)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۲/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کے جانور میں ایک حصہ میں دو کا شریک ہونا؟

سوال (۳۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: دو ایسے آدمیوں نے جن پر قربانی واجب نہیں ہے، آپس میں طے کر کے برابر روپے ملا کر بڑے جانور میں ایک حصہ خرید کر کے قربانی کی، قربانی ایک ہی کے نام سے کی گئی، اور قربانی کا گوشت برابر تقسیم کر کے ہر ایک نے لے لیا، تو کیا اُن کی یہ قربانی صحیح ہوئی یا نہیں؟ اور جن کے ساتھ مل کر قربانی دی ہے اُن کی قربانی صحیح ہوئی یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب دونوں ایک حصہ میں شریک رہے تو اُن کی قربانی جائز نہیں ہوئی؛ کیوں کہ ہر ایک کا حصہ ساتویں حصہ سے کم رہ گیا اور ساتھ میں دیگر شرکاء کی بھی قربانی درست نہیں ہوئی؛ اِس لئے کہ شرکاء سات سے بڑھ کر آٹھ ہو گئے۔

عن جابر رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: البقرة عن سبعة، والجزور عن سبعة. (مشكاة المصابيح / باب الأضحية، الفصل الأول ١/١٢٧)

ولو لأحدهم أقل من سبع لم يجز عن أحد. (الدر المختار / كتاب الأضحية ٩/٤٥٧ زكريا)

Marfat.com

وإذا كان الشركاء في البدنة أو البقرة ثمانية لا يجزئهم؛ لأن نصيب أحدهم أقل من السبع. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الثامن فيما يتعلق بالشركة في الضحايا ١٧/٤٥٣ رقم: ٢٧٨٠٤ زكريا)

الشاة لا تجزئ إلا عن واحد، وإن كانت عظيمة، والبقر والبعير كل واحد منهما يجزئ عن سبعة، إذا كانوا يريدون بها وجه اللّٰه اتفقت جهات القربة أو اختلفت، وقال زفر: إذا اختلفت جهات القرب لا يجوز. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الثامن فيما يتعلق بالشركة في لضحايا ١٧/٤٥٠ رقم: ٢٧٧٩٢ زكريا)

ولا يجوز بعير واحد ولا بقرة واحدة عن أكثر من سبعة، ويجوز ذٰلك عن سبعة أو أقل من ذٰلك، وهٰذا قول عامة العلماء ..... والصحيح قول العامة لما روي عن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: البدنة تجزئ عن سبعة والبقرة تجزئ عن سبعة ..... ولأن القياس يأبى جوازها عن أكثر من واحد لما ذكرنا أن القربة في الذبح، وأنه فعل واحد لا يتجزأ، لكنا تركنا القياس بالخبر المقتضي للجواز عن سبعة مطلقًا، فيعمل بالقياس فيما وراء ه؛ لأن البقرة بمنزلة سبع شياه. (بدائع الصنائع، كتاب الأضحية / محل إقامة الواجب ٤/٢٠٦-٢٠٧ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۵/۲/۱۴۲۰ھ
الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کا جانور ذبح کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ آٹھ حصہ دار تھے؟

سوال (۴۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کا جانور جس میں سات حصے ہوتے ہیں، ذبح کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ آٹھ حصے ہیں، یہ قربانی درست ہوئی یا نہیں؟ اگر نہیں ہوئی تو اَب کیا کیا جائے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں کسی حصہ دار کی قربانی درست نہیں

Marfat.com

ہوئی، اِس لئے کہ ہر ایک کا حصہ ساتویں حصہ سے کم رہ گیا، اَب تلافی کی صورت یہ ہے کہ ہر ایک حصہ دار اَوسط درجہ کی بکری کی قیمت صدقہ کرے۔

عن جابر رضي الله عنه قال: نحرنا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بالحديبية البدنة عن سبعة، والبقرة عن سبعة. (سنن الترمذي / باب ما جاء في الاشتراك في الأضحية ١/٢٧٦، صحيح البخاري / باب الأضحية للمسافر والنساء ٢/٨٣٢، وكذا في إعلاء السنن، كتاب الأضاحي / بابٌ: أن البدنة عن سبعة ١٧/٢٠٦ إدارة القرآن كراچی)

ونقل ابن جزم عن الشعبي قال: أدركت أصحاب محمد صلى الله عليه وسلم وهم متوافرون، كانوا يذبحون البقرة، والبعير عن سبعة. (المحلي / كتاب الأضاحي ٦/٤٧ تحت رقم: ٩٨٤)

إذا كان الشركاء في البدنة أو البقرة ثمانية لا يجزئهم؛ لأن نصيب أحدهم أقل من السبع. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل السابع فيما يتعلق بالشركة في الضحايا ١٧/٤٥٣ رقم: ٢٧٨٠٤ زكريا)

والتقدير بالسبع يمنع الزيادة ولا يمنع النقصان، ..... ولا تكون عن قضائه؛ بل يتصدق بقيمة شاة وسط لما مضى. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الثامن فيما يتعلق بالشركة في الضحايا ٥/٣٠٤-٣٠٥، كذا في الفتاوىٰ التاتارخانية ١٧/٤٥٠ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۳/۱۲/۲۸ھ

گائے فروخت کرکے خریداروں کے ساتھ قربانی کے حصہ میں شریک ہونا؟

سوال (۴۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بکر نے ایک گائے سات سو روپے میں خریدی تھی، اور قربانی کے موقع پر تین سو روپے فائدہ

Marfat.com

کے ساتھ قربانی کرنے والوں کے ہاتھ فروخت کردیا، جس میں چھ آدمی تھے، اور ساتواں شریک گائے میں خود بکر ہوگیا، اُس نے ایک حصہ خود لے لیا، تو کیا بکر کی قربانی ان چھ شریکوں کے ساتھ درست ہوگی یا نہیں؟ چوں کہ بکر نے اپنی اس گائے کو تین سو روپئے فائدہ کے ساتھ اُن چھ شریکوں کے ہاتھ فروخت کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یہاں دو معاملے الگ الگ ہیں: اول یہ کہ بکر نے سات سو روپئے میں گائے خریدی اور تین سو روپئے نفع کے ساتھ ایک ہزار روپئے میں بیچ دی، یہ ایک معاملہ مکمل ہوگیا۔ اور دوسرا معاملہ یہ ہے کہ بکر خریدنے والوں کے ساتھ قربانی کے ساتویں حصہ میں شریک ہوگیا، تو گویا کہ اُس نے اُن خریدنے والوں سے ساتواں حصہ اپنے لئے خرید لیا اِس میں بھی شرعاً کوئی رکاوٹ نہیں ہے؛ لہٰذا یہ دونوں معاملے اپنی اپنی جگہ درست ہیں۔ (مستفاد: فتاویٰ رحیمیہ ۹/۳۳۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۴/۱۴۲۷ھ
الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کا جانور خرید کر بعد میں دوسرے لوگوں کو اُس میں شریک کرنا؟

سوال (۴۲): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: تین آدمی نے مل کر قربانی کے واسطے ایک گائے خریدی، اُن میں سے دو آدمی مال دار ہیں اور ایک آدمی غریب، بعد میں چوتھا آدمی اُس میں شریک ہونا چاہتا ہے، تو کیا قربانی کے مذکورہ جانور میں چوتھے آدمی کو شریک کرلینا درست ہوگا، نیز یہ بھی بتائیں پہلے سے شریک تین آدمیوں میں سے اگر دو آدمی غریب ہوں اور ایک آدمی مال دار ہوں، تو کیا اُس کا بھی وہی حکم ہے جو پہلی صورت کا ہے، ساتھ ساتھ یہ بھی واضح فرمائیں کہ مذکورہ دونوں صورتوں میں بعد میں شریک ہونے والے کا غریب یا مال دار ہونے سے مسئلہ کے حکم میں فرق ہوگا یا نہیں؟ عربی کتابوں کے

Marfat.com

حوالہ سے جواب مرحمت فرمائیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بہتر تو یہی ہے کہ جانور کی خریداری سے پہلے ہی حصہ داروں کو شریک کرلیا جائے؛ لیکن اگر بعد میں بھی شریک کرلیا تو کراہت کے ساتھ یہ عمل درست ہوجائے گا، اور سب حصہ داروں کا قربت کی نیت کرنا ضروری ہے، مال دار یا غریب ہونے سے مسئلہ پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۳۰۱/۴)

ولو اشترى بقرة يريد أن يضحي بها، ثم اشترك فيها ستة يكره، ويجزيهم؛ لأنه بمنزلة سبع شياه حكمًا .....، وإن فعل ذلك قبل أن يشتريها كان أحسن. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الثاني فيما يتعلق بالشركة في الضحايا ٣٠٤/٥)

ولو شرى بدنة للأضحية، ثم أشرك فيها ستة جاز استحسانًا، والاشتراك قبل الشراء أحب. (مجمع الأنهر ١٦٩/٤ مكتبة فقيه الأمة ديوبند)

ولو أرادوا القربة الأضحية أو غيرها من القرب أجزأهم، سواء كانت القربة واجبة أو تطوعًا، أو وجب على البعض دون البعض. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الثاني من الأضحية ٣٠٤/٥)

وإذا اشترى الرجل بقرة، أو بعيرًا يريد أن يضحي بها عن نفسه، ثم اشترك فيها ستة بعد ذلك، القياس أن لا يجزيهم، ويصير الكل لحمًا، وفي الاستحسان: يجزيهم؛ لأن البقرة قائمة مقام سبع شياه، وكذلك البدنة فصار شرائها بنية الأضحية كشراء سبع شياه. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الثامن فيما يتعلق بالشركة في الضحايا ٤٥١/١٧ رقم: ٢٧٧٩٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۲/۷/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

حصہ دار اور جانوروں کی تعیین کے بغیر غیر ملکی باشندوں کی طرف سے اہلِ مدارس کا قربانی کرنا؟

سوال (۴۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: صوبہ ایم پی سے جانب شمال تقریباً دوسو کلومیٹر دور ضلع اندور مقام چوپائی مہو میں آج سے پندرہ سال قبل ایک مکتب کی بنیاد رکھی گئی ہے، جو بحمداللہ اَب ایک بڑے ادارہ کی شکل میں ہے، اور کم وبیش پانچ سوطلبہ کو اپنے احاطہ میں لئے ہوئے ہے، اِس مدرسہ میں ہر سال عیدالاضحیٰ کے موقع پر ایک بڑی تعداد میں بڑے جانوروں کی قربانی کا نظم کیا جاتا ہے، جس کے اندر قربانی کے ہزاروں حصے آتے ہیں، بالخصوص زیادہ تر حصے بیرونِ ہند کے ہوتے ہیں، قربانی کے لئے جو رقمیں بیرونِ ہند سے آتی ہے وہ کسی کی معرفت سے ہی آتی ہے، صرف حصوں کی تعداد کی فہرست اور اُس کی رقمیں مدرسہ میں آجاتی ہیں، فہرست میں صرف تعداد لکھی ہوتی ہے، حصہ داروں کے نام نہیں ہوتے ہیں، اِن رقموں سے اہلِ مدرسہ جانوروں کی خریداری کر لیتے ہیں، اور وقتِ مقررہ پر اُن جانوروں کو مذبح پہنچا دیا جاتا ہے، اَب چوں کہ حصہ داروں کے نام نہیں ہوتے؛ اِس لئے اہلِ مدرسہ اُس شخص کے نام یا معرفت سے قربانی کر دیتے ہیں، جس کے توسط سے رقمیں موصول ہوتی ہیں۔

اَب یہاں غور طلب امر یہ ہے کہ بایں صورت جب کہ قربانی کے جانور غیر متعین ہوں اور حصہ داروں کے نام بھی مجہول ہوں، تو اِس طرح قربانی درست ہے یا نہیں؟ نیز بسا اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ نیت پہنچانے والا کوئی نہیں ہوتا، صرف قصاب جانوروں کو بسم اللہ پڑھ کر ذبح کر دیتا ہے، جانوروں کے غیر متعین ہونے کی صورت میں قربانی کی یہ شکل سمجھ میں نہیں آتی، اِن مذکورہ بالا جملہ شقوں میں قربانی کے جواز کی کیا صورت ہوگی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: قربانی صحیح ہونے کے لئے دو باتوں میں سے ایک کا

Marfat.com

ہونا لازم ہے، اول متعین ہو جائے کہ یہ کس کی طرف سے ہے؟ اور دوسرے یہ کہ قربانی کرتے وقت آمر کی طرف سے نیت کی جائے، اور آپ نے سوال میں جو تفصیل لکھی ہے اُس کے مطابق نہ تو جانور متعین ہیں اور نہ قربانی کے وقت معین افراد کی طرف سے قربانی کی گئی ہے؛ لہٰذا اِس طرح کسی کی قربانی ادا نہیں ہوگی؛ اِس لئے جو صاحب باہر سے رقم بھیجتے ہیں، اُن پر لازم ہے کہ رقم بھیجنے کے ساتھ وہ حصہ داروں کے نام یا کم از کم حصہ نمبر لکھ کر ضرور بھیجیں؛ تاکہ خریداری کے وقت یا قربانی کرتے وقت اُن کی طرف سے نیت کرنا درست ہو سکے۔

إذا وكّل رجلاً بأن يضحي عنه ولم يسم شيئًا ولا ثمنًا فإنه لا يجوز.

(الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الرابع فيما يتعلق بالمكان والزمان ٢٩٧/٥)

إذا ذبح أضحية الغير ناويًا مالكها بغير أمره جاز و لا ضمان عليه وهٰذا استحسان لوجود الإذن دلالةً. (شامي / كتاب الأضحية ٣٢٠/٦ كراچی، ٤٧٨/٩ زكريا)

ولو ذبح أضحية غيره عن المالك بغير أمره صريحًا، يقع عن المالك، ولا ضمان على الذابح استحسانًا ..... رجل ذبح أضحية غيره عن نفسه بغير أمره، فإن ضمنه المالك قيمتها، يجوز عن الذابح دون المالك؛ لأنه ظهر أن الإراقة حصلت على ملكه، وإن أخذها مذبوحةً تجزئ عن المالك؛ لأنه قد نواها، فليس يضره ذبح غيره لها. كذا في محيط السرخسي. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب السابع في التضحية عن الغير ٣٠٢/٥ زكريا، وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / فصل فيما يجوز في الضحايا وما لا يجوز ٣٥٣/٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۱۱/۱۴۲۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کے جانور میں دعوتِ ختنہ کا حصہ لینا؟

سوال (۴۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: قربانی کے بڑے جانور میں جس طرح ولیمہ عقیقہ کی نیت کرنا اور اُس میں حصہ رکھنا درست ہے، کیا دعوتِ ختنہ کے لئے بھی قربانی کے جانور میں حصہ لیا جاسکتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ختنہ کی دعوت قربتِ منصوصہ نہیں ہے؛ لہٰذا قربانی کے حصوں میں اُس کی شرکت پوری قربانی کے لئے مفسد ہوگی۔

روي أن عثمان بن أبي العاص دعي إلى ختانٍ فأبىٰ أن يُجيب، فقيل له: فقال: إنا كنا لا نأتي الختان على عهد رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم ولا نُدعىٰ إليه. (رواه الإمام أحمد بإسناده) ولأن التزويج يستحب إعلانه وكثرة الجمع فيه بخلاف غيره. (أوجز المسالك / باب ما جاء في الوليمة ٤٠٦/٤ يحيوي سهارنفور)

قد علم أن الشرط قصد القربة من الكل. (شامي ٣٢٦/٦ كراچی، ٤٧٢/٩ زكريا)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۵/۲/۲۲ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کے جانور میں ایک شریک کا حرام مال سے شرکت کرنا؟

سوال (۴۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر قربانی کے بڑے جانور میں کوئی ایک شریک مال حرام کے ساتھ شرکت کرتا ہے، تو کیا سب کی قربانی نہیں ہوگی؟ ایک مولوی صاحب احسن الفتاویٰ کے حوالہ سے ایسا ہی مسئلہ بتاتے ہیں، شرعاً کیا حل ہے، دلیل بھی لکھ دیں تو اچھا ہو؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر صریح مال حرام ہے، تو اُس میں مالک کی ملکیت نہیں ہوتی، جیسے: سود قمار وغیرہ، تو ایسے متعین پیسے سے قربانی میں شرکت کرنے سے کسی کی بھی

Marfat.com

قربانی درست نہ ہوگی، احسن الفتاویٰ کے مسئلہ کا محمل یہی صورت ہے؛ لیکن اگر قطعی حرام پیسے نہیں ہیں؛ بلکہ مکروہ ہیں جس میں مالک کی ملکیت شرعی طور پر پائی جاتی ہے، تو ایسی صورت میں قربانی درست ہوجائے گی۔ (مستفاد: احسن الفتاویٰ ۷/۵۰۳)

وإن مات أحد السبعة المشتركين في البدنة، وقال الورثة إذبحوا عنه وعنكم صح عن الكل استحسانًا لقصد القربة من الكل، ولو ذبحوها بلا إذن الورثة لم يجزهم؛ لأن بعضها لم يقع قربة، وإن كان شريك الستة نصرانيًا، أو مريد اللحم لم يجز عن واحد منهم؛ لأن الإراقة لا تتجزى. (الدر المختار ٩/٤٧١-٤٧٢ زكريا)

وإن كان شريك الستة نصرانيًا أو مريد اللحم لم يجز عن واحد منهم.

(البحر الرائق / كتاب الأضحية ٨/١٧٧ كوئته، مجمع الأنهر / كتاب الأضحية ٢/٥٢١ دار إحياء التراث العربي بيروت، ٤/١٧٣ مكتبة فقيه الأمة ديوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۱/۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کے وقت نام کی تعیین نہیں کی؟

سوال (۴۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مدرسہ میں کچھ حضرات قربانی کے لئے رقم بھیجتے ہیں، اِمسال بھی ایسا ہی ہوا کہ جانور خریدے گئے؛ لیکن بارش اور سردی کی وجہ سے اُن جانوروں میں سے دو جانور گر گئے اور مدرسہ میں نہ آسکے، جن صاحب کے یہاں وہ جانور تھے، اُنہوں نے مدرسہ والوں کو اطلاع کی اور مدرسہ سے کہہ دیا گیا کہ اُن کی قربانی کردیں؛ لہٰذا اُن صاحب نے بغیر ناموں کی تعیین کے اُن جانوروں کی قربانی کردی۔ دریافت طلب امر یہ ہے کہ رقم بھیجنے والوں کی قربانی ہوئی یا نہیں؟ اگر نہیں ہوئی تو اَب کیا شکل اختیار کرنی چاہیے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جانور خریدتے وقت یا اُس کی قربانی کا حکم دیتے وقت

Marfat.com

اہل مدرسہ نے اگر رقم دینے والوں کی نیت کرلی تھی تو یہ قربانیاں سب درست ہوگئیں؛ تاہم اِس کا لحاظ رکھنا ہوگا کہ گرنے کی وجہ سے وہ جانور ایسے معذور تو نہیں ہوگئے تھے کہ اُن کی قربانی ہی درست نہ ہو، اگر وہ عیب دار ہوگئے ہوں تو قربانی معتبر نہ ہوگی۔

لو ذبح المشترا ة لها بلا نية الأضحية جازت اكتفاء بالنية عند الشراء الخ. (شامي / كتاب الأضحية ٤٥٢/٩)

لا بالعمياء ..... والعرجاء التي لا تمشي إلى المنسك (الدر المختار) أي التي لا يمكنها المشي برجلها العرجاء، إنما تمشي بثلاث قوائم، حتى لو كانت تضع الرابعة على الأرض وتستعين بها جاز. (الدر المختار مع الشامي / كتاب الأضحية ٤٦٨/٩ زكريا)

العرجاء التي تمشي بثلاثة قوائم وتُجافي الرابع عن الأرض لا تجوز الأضحية بها. وإن كانت تضع الرابع على الأرض وتستعين به إلا أنها تتمايل مع ذلك وتضعه وضعًا خفيفًا يجوز. وإن كانت ترفعه رفقًا أو تحمل المنكسر لا تجوز. (البحر الرائق / كتاب الأضحية ٣٢٣/٨ زكريا، وكذا في خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الأضحية / الباب الخامس في المعيوب ٣٢١/٤ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۱/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کئی لوگوں کا مل کر پیغمبر علیہ السلام کی طرف سے قربانی کرنا؟

سوال (۴۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے موقع پر کچھ لوگ مل کر ایک خصی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام قربانی کرتے ہیں، کسی ایک کو مالک نہیں بناتے، تو ایسی قربانی کا شرعی حکم کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: یہ نفلی قربانی کی صورت ہے، اِس عمل کا ثواب پیغمبر علیہ

Marfat.com

الصلوٰۃ والسلام کو پہنچایا جا سکتا ہے۔ اور بہتر یہ ہے کہ اِس کو فقراء پر صرف کیا جائے؛ تا کہ صدقہ کا مصرف تام ہو جائے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۳۳۶، فتاویٰ رحیمیہ ۲/۹۰)

من ضحى عن الميت، يصنع كما يصنع في أضحية نفسه من التصدق والأكل، والأجر للميت، والملك للذابح. قال الصدر: والمختار أنه إن بأمر الميت لا يأكل منها، وإلا يأكل، بزازية. (شلمي / كتاب الأضحية ٦/٣٢٦ كراچی)

وقال الصدر: المختار أنه إن ضحى بأمر الميت، لا يأكل منها، وإن بغيرها يأكل. (الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / السابع في التضحية عن الغير ٦/٢٩٥ زكريا)

قلت: وقول علمائنا: له أن يجعل ثواب عمله لغيره، يدخل فيه النبي صلى الله عليه وسلم؛ فإنه أحق بذلك حيث أنقذنا من الضلالة، ففي ذلك نوع شكر وإسداء جميل له. (شلمي، كتاب الصلاة / باب صلاة الجنازة، مطلب: في إهداء ثواب القراءة للنبي صلى الله عليه وسلم ٢/٢٤٤ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۶/۱/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قربانی کا وقت

عیدالاضحیٰ کی نماز سے پہلے قربانی کرنا؟

سوال (۴۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: عیدالاضحیٰ کی نماز ادا کرنے سے پہلے قربانی کرسکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عیدالاضحیٰ کی نماز سے پہلے دیہات (جہاں کے لوگوں پر جمعہ وعیدین وجب نہیں) میں قربانی کرسکتے ہیں؛ البتہ ایسے گاؤں جہاں کے لوگوں پر جمعہ وعیدین واجب ہے وہاں نماز سے قبل قربانی نہیں کرسکتے، اور یہی حکم قصبات اور شہروں کا ہے۔

عن أنس بن مالک رضي اللّٰہ عنہ قال: قال النبي صلی اللّٰہ علیہ وسلم: من ذبح قبل الصلاۃ؛ فإنما یذبح لنفسہ، ومن ذبح بعد الصلاۃ فقد تم نسکہ، وأصاب سنۃ المسلمین. (صحیح البخاري، کتاب الأضاحي / باب سنۃ الأضحیۃ رقم: ٥٥٤٦ دار الفکر بیروت، ۸۳۲/۲ رقم: ۵۳۳۱ نسخۃ ہندیہ)

وأول وقتہا بعد الصلاۃ إن ذبع في مصر (الدر المختار) وفي الشامي: فأما أہل السواد والقریٰ والرباطات عندنا یجوز لہم التضحیۃ بعد طلوع الفجر. (الدر المختار مع الشامي ۳۱۸/٦ کراچی، ٤٦١/٩-٤٦٢ زکریا)

وذبح غیرہ: أي غیر أہل المصر یجوز لہم ذبحہا بعد طلوع الفجر قبل أن یصلي الإمام صلاۃ العید. (تبیین الحقائق / کتاب الأضحیۃ ٤٧٧/٦ زکریا)

ویجوز لأہل القریٰ والبادیۃ أن یذبحوا بعد صلاۃ الفجر قبل أن یصلي

Marfat.com

الإمام صلاة العيد. (البحر الرائق / كتاب الأضحية ۳۲۱/۸ زكريا، وكذا في رد المحتار / كتاب الأضحية ۳۱۸/٦ كراچی، وكذا في الفتاوىٰ السراجية / كتاب الأضحية ۸۹ كراچی)

ويذبح غير المصري كأهل القرىٰ قبل الصلاة. (مجمع الأنهر ۱٦۹/٤ المكتبة الغفارية كوئٹه) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۵/۱۱/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

شہر والوں کا نماز عید سے قبل قربانی کرنا؟

سوال (۴۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر شہر والے نماز عید سے قبل قربانی کردیں تو کیا نماز عید کے بعد دوبارہ قربانی کرنی ہوگی یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اہلِ شہر کے لئے نماز عید سے قبل قربانی درست نہیں ہے، اگر کرلی اور کرنے والا صاحبِ نصاب ہے تو دوبارہ کرنی ہوگی۔

ولو ذبح والإمام في خلال الصلاة لا يجوز. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الثالث في وقت الأضحية ۲۹۵/۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۲۳/۱۲/۱۴۱۲ھ

گاؤں والوں کا شہر میں جاکر نماز سے پہلے قربانی کرنا؟

سوال (۵۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک گاؤں جمال پور ہے، یہاں شرعی اعتبار سے جمعہ ہوتا ہے؛ البتہ عیدگاہ دوسرے گاؤں میں ہے، وہیں پر نماز عید پڑھتے ہیں؛ لیکن قربانی جمال پور ہی میں بعد نماز عید ہوتی ہے، اور قریبی

Marfat.com

دیہات کے لوگ آتے ہیں، اور نماز عید سے پہلے ہی قربانی کر لیتے ہیں، تو کیا اُن کی قربانی درست ہے؟ مثلاً فتح پور بڑی بستی ہے؛ لیکن گورنمنٹ کی طرف سے وہاں پر قربانی کی اِجازت نہیں ہے، یہ لوگ جمال پور جا کر نماز عید سے پہلے قربانی کر لیتے ہیں، تو کیا یہ درست ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حسبِ تحریر سوال جب کہ جمال پور میں شرعی طور پر اِقامتِ جمعہ وعیدین کی شرائط پائی جاتی ہیں، تو وہاں مقامی لوگوں یا آس پاس کے دیہات سے آنے والوں کے لئے عید کی نماز سے قبل قربانی کرنا درست نہیں ہے؛ بلکہ لازم ہے کہ عید کی نماز کے بعد ہی وہاں قربانی کی جائے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۲۶/۳۴۲ میرٹھ)

عن البراء رضي اللّٰه عنه قال: خطبنا رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يوم النحر بعد الصلاة، فقال: من صلى صلاتنا ونسك نسكنا فقد أصاب النسك، ومن نسك قبل الصلاة فتلك شاة لحم. (سنن أبي داؤد / باب ما يجوز من السن في الضحايا ۳۸۷/۲ رقم: ۲۸۰۰ دار الفكر بيروت، صحيح البخاري رقم: ۹۸۳ دار الفكر بيروت، صحيح مسلم رقم: ۱۹۶۱ بيت الأفكار الدولية، سنن الترمذي رقم: ۱۵۰۸)

فلو كانت في السواد والمضحي في المصر، جازت قبل الصلاة، وفي العكس لم تجز. (شامي / كتاب الأضحية ۳۱۸/۶ كراچی)

والمعتبر في ذلك مكان الأضحية، حتى لو كانت في السواد والمضحي في المصر، يجوز كما انشق الفجر، في العكس لا يجوز، إلا بعد الصلاة. (البحر الرائق / كتاب الأضحية ۳۲۱/۸ زكريا، وكذا في تبيين الحقائق / كتاب الأضحية ۴۷۷/۶ دار الكتب العلمية بيروت، وكذا في مجمع الأنهر / كتاب الأضحية ۱۷۰/۴ مكتبة فقيه الأمة ديوبند، وكذا في بدائع الصنائع، كتاب الأضحية / فصل في شروط جواز إقامة الواجب ۳۰۵/۵ دار الكتب العلمية بيروت، ۲۱۳/۴ زكريا)

Marfat.com

ولو كان الرجل بالسواد وأهله بالمصر لم تجز التضحية عنه إلا بعد صلاة الإمام. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الرابع ٢٩٦، ومثله في الشامي / كتاب الأضحية ٣١٨/٦ كراچی، البحر الرائق / كتاب الأضحية ٣٢١/٨ زكريا، وكذا في الفتاوىٰ التاتارخانية ٤٢٢/١٧ رقم: ٢٧٧٠٣ زكريا)

فأول وقتها في حق المصري والقروي طلوع الفجر، إلا أنه شرط للمصري تقديم الصلاة عليها، فعدم الجواز لفقد الشرط لا لعدم الوقت. (شامي ٣١٨/٦ كراچی، ٤٦٠/٩ زكريا)

قال أبوعيسىٰ: وقد رخّص قوم من أهل العلم لأهل القرىٰ في الذبح، إذا طلع الفجر وهو قول ابن المبارك. (سنن الترمذي / باب في الذبح بعد الصلاة ٢٧٧/١ رقم: ١٥٤٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۳/۱۱/۳ھ

دیہات میں صبح صادق کے بعد قربانی کا ثبوت؟

سوال (۵۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: فقہ حنفی کا مسئلہ ہے کہ اگر دیہات میں قربانی صبح صادق کے بعد کر لی جائے تو قربانی درست ہوجاتی ہے، کیا حدیث شریف سے اِس کا ثبوت ہے؟ نیز کیا عہدِ رسالت میں ایسا واقعہ پیش آیا ہے؟ اگر جواب اثبات میں ہے تو اِس کو بھی بحوالۂ کتب تحریر فرمائیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اَحادیثِ شریفہ میں عیدالاضحیٰ کے دن اَفعال کی یہ ترتیب بیان فرمائی گئی ہے کہ اَولاً نماز پھر قربانی؛ لہٰذا اِس سے یہ معلوم ہوا کہ جہاں عید کی نماز ہی نہیں ہوتی، وہاں یہ ترتیب بھی ملحوظ نہ ہوگی اور شرعی دن کی ابتداء یعنی صبح صادق کے بعد ہی سے

Marfat.com

وہاں قربانی جائز ہو جائے گی۔

والصحيح قولنا لحديث من ذبح قبل الصلاة فليعد أضحيته، وقال: أول نسكنا في يومنا هٰذا الصلاة ثم الذبح، وليس لأهل القرىٰ صلاة العيد فلا يثبت الترتيب في صحتهم. (بذل المجهود ۲۴/۱۳ مصر)

چوں کہ یہ حکم خود اَلفاظِ حدیث سے مستفاد ہو رہا ہے، اِس لئے عہدِ رسالت میں کسی صریح واقعہ کا ثبوت ضروری نہیں ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۱/۱۴۱۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بڑی بستی والوں کا چھوٹی بستی میں اپنا جانور لے جاکر نماز عید سے پہلے ذبح کرنا؟

سوال (۵۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارا گاؤں سیڈھا بڑی بستی ہے، جمعہ وعیدین بھی ہوتے ہیں، قربانی کے موقع پر ہماری بستی والے اپنے اپنے جانور صبح سویرے فجر کے بعد عید کی نماز سے پہلے ہی قریب کی ایک چھوٹی سے بستی دوگھری میں جہاں جمعہ وغیرہ نہیں ہوتا ہے، وہاں جاکر قربانی کر لیتے ہیں اور جو بکروں کی قربانی کرتے ہیں وہ عید کی نماز کے بعد گاؤں سیڈھا ہی میں اپنے اپنے گھر کر لیتے ہیں۔

معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا یہ بکروں کی قربانی کرنے والے بھی اگر اس چھوٹی بستی دوگھری میں جاکر نماز عید سے پہلے فجر کے بعد ہی قربانی کر لیں، تو کیا یہ بھی درست ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں گاؤں سیڈھا والوں کا قریب کی چھوٹی بستی دوگھری میں جاکر بقرعید کے دن صبح صادق کے بعد قربانی کرنا شرعاً درست ہے، اُس

Marfat.com

میں بڑے اور چھوٹے جانور کے حکم میں کوئی فرق نہیں ہے؛ البتہ بڑی آبادی میں جہاں عید کی نماز ہوتی ہو، عید کی نماز سے قبل قربانی درست نہیں ہے۔

وحيلة المصري إذا أراد التعجيل أن يخرج بها إلى خارج المصر، فيضحي بها، كما طلع الفجر، اعتبارًا بالزكاة، بخلاف صدقة الفطر. (مجمع الأنهر ٥١٨/٢، شامي ٤٦١/٩ زكريا)

ثم المعتبر في ذلك مكان الأضحية حتى لو كانت في السواد والمضحي في المصر يجوز كما انشق الفجر، ولو كان على العكس لا يجوز إلا بعد الصلاة. وحيلة المصري إذا أراد التعجيل أن يبعث بها إلى خارج المصر فيضحي بها كما طلع الفجر، هذا لأنها تشبه الزكاة، من حيث أنها تسقط بهلاك المال قبل مضي أيام النحر، كالزكاة بهلاك النصاب، فيعتبر في الصرف مكان المحل لا مكان الفاعل اعتبارًا بها، بخلاف صدقة الفطر؛ لأنها لا تسقط بهلاك المال بعد ما طلع الفجر من يوم الفطر. (الهداية / كتاب الأضحية ٤٣٠/٤)

فأما أهل السواد والقرى والرباطات عندنا يجوز لهم التضحية بعد طلوع الفجر، والمعتبر مكان الأضحية، فلو كانت في السواد والمضحى في المصر جازت قبل الصلاة، وفي العكس لم تجز. (شامي ٤٦١/٩ زكريا، البحر الرائق ١٧٥/٨)

ولو أخرج الأضحية من المصر فذبح قبل صلاة العيد، قالوا: إن خرج من المصر مقدار ما يباح للمسافر قصر الصلاة في ذلك المكان جاز الذبح قبل صلاة العيد وإلا فلا، كذا في خزانة المفتيين. (الفتاوى الهندية، كتاب الأضحية / الباب الرابع فيما يتعلق بالمكان والزمان ٢٩٦/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۳۰/۱/۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

عیدگاہ سے پہلے مسجد میں نماز عیدالاضحیٰ پڑھ کر قربانی کرنا؟

سوال (۵۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر عید کی نماز سے پہلے مسجد میں نماز عید ادا کر لی، کیا مسجد کی ادا کی گئی عید کی نماز کے بعد قربانی کی جاسکتی ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر عیدگاہ سے پہلے کسی مسجد میں عیدالاضحیٰ کی نماز پڑھ لی جائے، تو اُس نماز کے بعد قربانی کرنا بلاشبہ جائز ہے۔ (کتاب المسائل ۲/۲۱۶، فتاویٰ رحیمیہ ۱۰/۳۹ زکریا)

إن كان يصلي في المصر في موضعين إذا صلى أهل أحد المسجدين أيهما كان جاز ذبح الأضاحي. (بدائع الصنائع ٤/٢١١ زكريا)

وأول وقتها بعد الصلاة إن ذبح في مصر أي بعد لم أسبق صلاة عيد (الدر المختار) وفي الشامية: ولو ضحى بعد ما صلى أهل المسجد ولم يصل أهل الجبانة أجزأه استحساناً. (الدر المختار مع الشامي ٩/٤٦٠ زكريا)

ولو ضحى بعد ما صلى أهل المسجد ولم يصل أهل الجبانة أجزأه استحساناً والمعتبر هي الصلاة. (الفتاوىٰ الهندية ٥/٢٩٠) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۷/۱/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

۱۰ ذی الحجہ کی رات میں قربانی کرنا؟

سوال (۵۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کچھ مسلمان گوجر ضلع نینی تال کے جنگلوں میں عام آبادیوں سے دور رہتے ہیں، اور اپنی بھینس وغیرہ پال کر اپنی زندگی بسر کرتے ہیں، موضع نظام گڑھ سے تقریباً ۵ رکلومیٹر کی دوری پر بھوانی پور جنگل میں بھی کچھ لوگ آباد ہیں، اُن میں کے بعض لوگ کبھی دوسرے جنگلوں میں چلے

Marfat.com

جاتے ہیں اور کبھی یہاں آجاتے ہیں، اُس علاقہ میں گورنمنٹ کی طرف سے صرف موضع نظام گڑھ میں قربان گاہ ہے، اُن لوگوں نے پریشانی سے بچنے کے لئے وہیں قربانی کی اور گورنمنٹ کی پکڑ سے بچنے کے لئے رات میں قربانی کی، ایک جانور کی ۹ رذی الحجہ کا دن گزار کر جو رات آئی یعنی نویں ودسویں ذی الحجہ کی رات میں تقریباً ڈھائی بجے اور دوسرے جانور کی دوسری رات میں قربانی کی، اِس صورت میں وہ قربانیاں درست ہوئیں یا نہیں؟ اگر صحیح نہ ہوئی ہوں تو اَب کیا کریں؟ کچھ لوگ اِس بات پر اصرار کرتے ہیں کہ ہماری قربانی صحیح ہوئی ہے، تو کیا اُن کا یہ کہنا درست ہے؟ اور ہندوستان کے موجودہ حالات کے تحت اُن کا یہ فعل درست ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عیدالاضحیٰ کے دن یعنی دسویں ذی الحجہ کی صبح صادق سے پہلے قربانی کسی کے لئے جائز نہیں ہے، جو قربانیاں رات میں کی گئی ہیں وہ شرعاً درست نہیں ہوئیں؛ البتہ دوسری رات میں جو قربانیاں کی گئیں وہ درست ہوگئیں، اگرچہ رات میں قربانی کرنا مکروہ تھا۔

عن الحسن قال: نهى عن جداد الليل، وحصاد الليل، والأضحى بالليل؛ وإنما كان ذٰلك من شدة حال الناس كان الرجل يفعله ليلاً فنهي عنه، ثم رخص في ذٰلك. (السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب لضحايا / باب لتضحية في لليل من أيام منى ١٤/٢٣٢ رقم: ١٩٧٤٠)

عن ابن عباس رضي اللّٰه عنهما أن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم نهى أن يضحى ليلاً. (المعجم الكبير للطبراني ١١/١٥٢ رقم: ١١٤٥٨)

وكره تنزيهًا الذبح ليلاً لاحتمال الغلط. (لدر لمختار / كتاب الأضحية ٦/٣٢٠ كراچی)

ويجوز في نهارها وليلها بعد طلوع الفجر من يوم النحر إلى غروب الشمس من اليوم الثاني عشر، إلا أنه يكره الذبح في الليل. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الثالث في وقت الأضحية ٥/٢٩٥ زكريا)

Marfat.com

ويكره التضحية والذبح في الليالي. (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / فصل في صفة الأضحية ووقت وجوبها ومن تجب عليه ٣/٣٤٥ زكريا، وكذا في إعلاء السنن، كتاب الأضاحي / باب أضحية مباشرة التضحية بنفسه وجواز الاستنابة والاستعانة، فوائد شتى ١٧/٢٧٩ إدارة القرآن كراچى، وكذا في تبيين الحقائق / كتاب الأضحية ٦/٤٧٨ دار الكتب العلمية بيروت)

ووقت الأضحية يدخل بطلوع الفجر من يوم النحر إلا أنه لا يجوز لأهل الأمصار الذبح حتى يصلي الإمام العيد، فأما أهل السواد فيذبحون بعد الفجر، ويجوز الذبح في لياليها إلا أنه يكره. (الهداية ٤/٤٤٥ الأمين كتابستان ديوبند)

ولا يجوز التضحية في الليلة الأولى من أيام النحر، ويجوز في الليلة الثانية والثالثة، فلم يجعل الليلة الأولىٰ هنا تبعًا للنهار، إنما جعلها تبعًا لنهار ماضٍ، وفي سائر الأوقات جعل الليل تبعًا للنهار الآتي من أيام النحر؛ إنما جعل ذلك رفقًا بالناس حتى لا يفوتهم الحج لو وقفوا في الليلة الأولىٰ من يوم النحر. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الثالث في وقت الأضحية ١٧/٤١٩ رقم: ٢٧٦٩٨ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

١٤١٣/١٢/٢٥ھ

سعودی عرب میں رہنے والے کا ١٣ ذی الحجہ کو مراد آباد فون کرکے قربانی کرانا

سوال (٥٥):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید سعودی عرب میں رہتا ہے وہاں کی تاریخ کے اعتبار سے ١٣ ذی الحجہ ہو چکی ہے، اور اُس نے ابھی تک قربانی نہیں کی ہے، مراد آباد کے اعتبار سے ابھی قربانی کے ایام باقی ہیں، تو کیا ایسا شخص فون کرکے مراد آباد میں اپنی قربانی کرا سکتا ہے؟ جب کہ سعودی عرب جہاں وہ رہتا ہے قربانی کا وقت ہو چکا ہے؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سعودیہ میں رہنے والا شخص سعودی عرب میں رہتے ہوئے وہاں کی ۱۳؍ذی الحجہ کو ہندوستان میں وکالۃً اپنی قربانی کرا سکتا ہے، جب کہ یہاں پر ذی الحجہ کی ۱۲ تاریخ ہے، تو اُس کی قربانی بلا تردد درست ہو جائے گی، اس لیے کہ:

الف:- سببِ وجوب بعض ایام نحر میں مستطیع ہونا اُس کے حق میں پہلے ہی پایا جا چکا ہے، اور جس جگہ قربانی کا جانور موجود ہے وہاں شرطِ ادا (قربانی کا وقت) متحقق ہے؛ لہٰذا قربانی کی صحت میں کوئی چیز مانع نہیں ہے۔ (فتاویٰ دار العلوم دیوبند ۵۱۲/۱۵)

ب:- فقہاء نے لکھا ہے کہ قربانی کے معاملے میں اختلافِ مطالع بہر حال معتبر ہوگا، عبارت ملاحظہ ہو:

وهذا بخلاف الأضحية، فالظاهر أنها كأوقات الصلاة يلزم كل قوم العمل بما عندهم، فتجزئ الأضحية في اليوم الثالث عشر، و إن كان على رؤيا غيرهم هو الرابع عشر (شامي) وفي حاشية من ولده: قوله: الثاني عشر، وقوله: هو الرابع عشر صوابه، الثالث عشر: لأنه اليوم الثالث عشر من ذي الحجة هو اليوم الرابع من عيد الأضحى، والأضحية في ذلك اليوم لا تصح عندنا، ولعل جناب سيدي الوالد المؤلف أراد أن يكتب في اليوم الثالث فسها قلمه، فكتب الثالث عشر. (شامي، كتاب الصوم / مطلب في اختلاف المطالع ۳۶٤/۳ زكريا)

اس کی حکم کی تائید اس سے بھی ہوتی ہے کہ آج کے دور میں اگر سعودیہ کا رہنے والا شخص وہاں کی ۱۳؍ذی الحجہ کو بذریعہ ہوائی جہاز روانہ ہو کر ہندوستان کی ۱۲؍ذی الحجہ کے غروب سے قبل ہندوستان پہنچ جائے تو اس کے لیے بذات خود اپنی قربانی کرنے کا امکان موجود ہے، پس جس عمل کو وہ خود انجام دے سکتا ہے اس میں دوسرے کو وکیل بنانے میں بھی تردد ہونا چاہیے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۹/۱۱/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

۱۳ر ذی الحجہ کو سعودی سے فون کر کے ہندوستان میں قربانی کرانا؟

سوال (۵۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ردالمحتار ج:۹ میں لکھا ہے:

والمعتبر مكان الأضحية لا مكان من عليه، فحيلة مصري أراد التعجيل أن يخرجها لخارج المصر فيضحي بها إذا طلع الفجر. (الدر المختار ٤٦١/٩ زكريا)

تو کیا اگر کوئی آدمی ۱۳ر ذی الحجہ کو سعودی سے ہندوستان فون کرے، دراں حالیکہ یہاں ۱۲ر ذی الحجہ رہے، تو کیا واجب قربانی جو وہ وقت ختم ہونے کی وجہ سے نہ کر سکا، یہاں ہندوستان میں وقت باقی ہے، اُس کے حکم سے قربانی کرنے سے قربانی ہو جائے گی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: سعودی عرب میں رہنے والے شخص پر چوں کہ قربانی کا سبب وجوب یعنی صاحبِ نصاب ہونا اور وجوبِ ادا یعنی وقت قربانی میں باحیات رہنا ثابت ہو چکا ہے؛ اِس لئے اَب وہ جو قربانی کرے گا اُس میں قربانی کا جانور جہاں موجود ہے، وہاں کے وقت کا اعتبار کیا جائے گا، اور ۱۳ر تاریخ کو اُس کا اپنی مالی قربانی ہندوستان میں کرانا جب کہ یہاں ۱۲ر ذی الحجہ ہوگی، شرعاً درست ہوگا۔

ولو كان هو في مصر وقت الأضحية، وأهله في مصر آخر، فكتب إلى الأهل وأمرهم بالتضحية، في ظاهر الرواية يعتبر مكان الأضحية. (العناية على هامش الفتاوى الهندية ٣٤٥/٣، المكتبة الماجدية پاكستان) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۲۶/۱۱/۲۱ھ

اَیامِ اُضحیہ کے بعد قربانی کا خط ملا تو کیا کیا جائے؟

سوال (۵۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: سائل کی لڑکی اور داماد جدہ رہتے ہیں، ہر سال بقرعید کے موقع پر سائل کو بذریعہ خط مطلع کردیا کرتے ہیں کہ اِمسال ہماری جانب سے اتنے حصوں کی قربانی کردی جائے، سائل قربانی کردیتا تھا؛ لیکن اِس سال بقرعید کے موقع پر کوئی خط موصول نہیں ہوا، اِس لئے سائل نے اُن کی جانب سے قربانی نہیں کی۔

اَب ماہِ رواں محرم الحرام میں ایک حاجی صاحب کے ذریعہ خط ملا، جس میں لکھا ہے کہ: ''امید ہے کہ ہماری جانب سے دوحصہ قربانی کردی ہوگی'' خط پڑھ کر معلوم ہوا کہ ہر سال کی طرح اُنہوں نے خط ضرور روانہ کیا ہوگا، مگر ڈاک کی خرابی کی وجہ سے سائل کو نہیں مل سکا؛ لہٰذا سوال ذیل کا جواب عنایت فرمائیں کہ اگر دوحصہ قربانی کی رقم صدقہ کردی جائے تو کیا واجب ادا ہوجائے گا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں دو قربانی کے جانوروں کی قیمت صدقہ کرنی واجب ہوگی۔

ومنها أنها تقضي إذا فاتت عن وقتها ثم قضاء ها قد يكون بالتصدق بعين الشاة حية، وقد يكون بالتصدق بقيمة الشاة. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الأول ٥/٢٩٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۱/۱۴۱۳ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

الرعذر کی وجہ سے نماز عیدالاضحیٰ مؤخر ہوجائے تو قربانی کا کیا حکم ہے؟

سوال (۵۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: دینی تعلیم کا رسالہ ۱۰/۱۸۶ سطر ۵ میں لکھا ہے کہ اگر کسی مجبوری سے بقرعید کی نماز ۱۰-۱۱ کو نہ پڑھی جاسکے، تو بارہ کو پڑھی جاسکتی ہے بعد میں نہیں، تو قربانی کی کیا صورت ہوگی؟ آیا ۱۲/۱۳/۱۴ کو کریں گے یا صرف ۱۲ رہی کو؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر کسی عذر کی وجہ سے دسویں تاریخ کو نماز عیدالاضحیٰ نہ پڑھی جاسکے، تو قربانی مؤخر نہیں ہوتی ہے؛ بلکہ دسویں تاریخ کو زوال کے بعد سے قربانی کرنا درست ہے، اور یہ اِجازت بارہویں تاریخ کے غروب تک باقی رہے گی، اُس کے بعد قربانی کا وقت ختم ہو جائے گا۔ (احسن الفتاویٰ ۷/۴۸۴)

وبعد مضي وقتها لو لم يصلوا بعذر، يجوز في الغد وبعده، قبل الصلاة؛ لأن الصلاة في الغد تقع قضاءً لا أداءً، وفي الشامي: لأنه بالزوال فات وقت الصلاة. (شامي / كتاب الأضحية ٩/٤٦١ زكريا)

إذا أخر الإمام يوم العيد الصلاة، فينبغي للناس أن يؤخروا التضحية إلى وقت الزوال، فإن فاتت الصلاة إما سهوًا أو عمدًا، جاز لهم التضحية في هٰذا اليوم، فإن خرج الإمام إلى الصلاة من الغد أو من بعد الغد، فضحى الناس قبل أن يصلي الإمام، أو بعد ما صلى جاز. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الثالث في وقت الأضحية ١٧/٤١٨ رقم: ٢٧٦٩٠ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۵/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

UK کا رہنے والا آدمی اگر ہندوستان میں قربانی کرائے تو کس دن کا اعتبار ہوگا؟

سوال (۵۹): کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے بیرون ملک والے حضرات اپنی قربانیاں یہاں ہندوستان میں اپنے اپنے رشتہ داروں کو وکیل بنا کر کرواتے ہیں، تو قربانی کرنے کے لئے کون سے دن کا اعتبار ہوگا، جانور جس جگہ ہے وہاں کا یا مؤکل جہاں ہے؟ کیوں کہ ہمیشہ UK وغیرہ اور ہندوستان میں ایک دو دن کا فرق رہتا

Marfat.com

ہے، وہاں پہلے ہوتی ہے اور ہمارے یہاں بعد میں ہوتی ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب تک ہندوستان میں قربانی کے اَیام شروع نہ ہوں یہاں دوسرے ملک والوں کی طرف سے قربانی کرنے سے قربانی ادا نہ ہوگی، اور قربانی میں مالک اور جانور دونوں کا فی الجملہ اعتبار ہے، یعنی مؤکل پر نفسِ وجوب ہو چکا ہو اور جانور ایسی جگہ ہو، جہاں قربانی کے ایام آ چکے ہوں؛ لہٰذا مسئولہ صورت میں UK کے رہنے والے مؤکل کی قربانی ہندوستان میں ایک دن پہلے نہیں ہوسکتی؛ بلکہ دس تاریخ کے بعد ہی ہوسکتی ہے۔ (انوار رحمت ۳۸۷-۳۹۴)

ويقوم البلد الذي المال فيه الخ، وفي الشامية: فلو بعث عبدًا للتجارة في بلدٍ آخر يقوم في البلد الذي فيه العبد بحر. (الدر المختار مع الشامي ۲۱۱/۳ زكريا)

وأما الذي يرجع إلى وقت التضحية فهو إنها لا تجوز قبل دخول الوقت؛ لأن الوقت كما هو شرط الوجوب فهو شرط جواز إقامة الواجب كوقت الصلاة فلا يجوز لأحدٍ أن يضحي قبل طلوع الفجر الثاني من اليوم الأول من أيام النحر، ويجوز بعد طلوعه، سواء كان من أهل المصر أو من أهل القرىٰ غير أن للجواز في حق أهل المصر شرطًا زائدًا، وهو أن يكون بعد صلاة العيد لا يجوز تقديمها عندنا. (بدائع الصنائع ۲۱۱/٤ زكريا)

أما وقت الوجوب فأيام النحر فلا تجب قبل دخول الوقت؛ لأن الواجبات المؤقتة لا تجب قبل أوقاتها كالصلاة والصوم ونحوهما وأيام النحر ثلاثة يوم الأضحىٰ، وهو اليوم العاشر من ذي الحجة والحادي عشر والثاني عشر .....، وذلك بعد طلوع الفجر من اليوم الأول إلى غروب الشمس من الثاني عشر، قوله: فإذا طلع الفجر من اليوم الأول فقد دخل وقت الوجوب، فتجب عند استجماع شرائط الوجوب، ثم لجواز الأداء بعد ذلك شرائط آخر

Marfat.com

نذكرها في مواضع إن شاء اللّٰه. (بدائع الصنائع ١٩٨/٤ زكريا)

وسببها: الوقت، وهو أيام النحر. (مجمع الأنهر ٥١٦/٢)

إن سبب وجوب الأضحية الوقت وهو أيام النحر. (فتح القدير ٥٠٩/٩)

ويعتبر مكان المذبوح لإمكان المالك، ولو كان هو في مصر وقت الأضحية وأهله في مصر آخر فكتب إلى الأهل وأمرهم بالتضحية في ظاهر الرواية يعتبر مكان الأضحية. (خانية على الفتاوىٰ الهندية ٣٤٥/٣) فقط واللّٰه تعالىٰ اعلم

كتبه: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرله ٢١/١٠/١٤٢٨ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللّٰه عنه

Marfat.com

قربانی کے اَیام

قربانی کے کتنے دن ہیں؟

سوال (۶۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اَیامِ قربانی کتنے ہیں اور کون کون سے دن ہیں؟ ہمارے غیر مقلدین بھائیوں کا کہنا ہے کہ ایامِ قربانی چار ہیں، حوالے کے طور پر تین کتابوں کو پیش کرتے ہیں: (۱) تفسیر ابن کثیر میں قرآنِ کریم کی آیت: ﴿اَیَّامًا مَّعْدُوْدَاتٍ﴾ کی تفسیر کو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا گیا ہے۔ (۲) فقہ حنفی کی مشہور کتاب ہدایہ (۳) شیخ عبدالقادر جیلانی کی کتاب ''غنیۃ الطالبین'' کو پیش کرتے ہیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حضرت امام ابوحنیفہ، امام مالک اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ کے نزدیک قربانی کے ایام ۳ رہیں، یعنی ذی الحجہ کی ۱۰/۱۱/۱۲ رتاریخیں، اور امام شافعیؒ کے نزدیک ایام قربانی چار ہیں، اِسی کو غیر مقلدین نے اختیار کرلیا ہے۔ حضراتِ حنفیہؒ وغیرہم کے پاس ایامِ قربانی کی تعیین کے متعلق صریح اَحادیث وآثار موجود ہیں، جن سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ قربانی کے اَیام صرف ۳ رہیں، نمونہ کے طور پر چند دلائل پیش ہیں:

الف:- مسلم شریف میں روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابتداء میں قربانی کا گوشت ۳ ردن سے زیادہ جمع کرکے رکھنے سے منع فرمایا تھا۔

عن ابن عمر رضي اللّٰہ عنہ أن رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم نھی أن

Marfat.com

تؤكل لحوم الأضاحي بعد ثلاث. (صحيح مسلم، كتاب الأضاحي / باب بيان ما كان من النهي عن أكل لحوم الأضاحي بعد ثلاثٍ ١٥٨/٢ رقم: ١٩٧٠ بيت الأفكار الدولية)

اور اِن تین دنوں کی ابتداء ذی الحجہ کی دسویں تاریخ سے ہوگی، جیسا کہ امام نوویؒ نے قاضی عیاضؒ سے نقل فرمایا ہے۔

ويحتمل من يوم النحر وإن تأخر ذبحها إلى أيام التشريق قال وهٰذا أظهر. (نووي على شرح مسلم ١٥٨/٢)

اَب اگرچہ تین دن سے زیادہ تک گوشت جمع کرنے کی ممانعت ختم ہوچکی ہے؛ لیکن حدیث میں ۳؍دن کی صراحت کرنا خود اِس بات کی دلیل ہے کہ قربانی کے اَیام یہی تین دن ہیں، ورنہ اِس سے زیادہ دنوں کا ذکر کیا جاتا۔

ب:- علاوہ ازیں سیدنا حضرت عمر، حضرت عبد اللہ ابن عمر، حضرت انس، حضرت علی، حضرت ابن عباس اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم سے صراحۃً مروی ہے کہ قربانی کے ایام ۳؍ہیں، ان اقوال میں ۳؍کا عدد صاف موجود ہے، اور ان تین دنوں کی تعیین بھی کی گئی ہے یعنی ذی الحجہ کی دسویں تاریخ اور اس کے بعد دو دن، جس میں دوسرے کسی احتمال کی گنجائش ہی نہیں ہے۔

عن عمر رضي الله عنه: إنما النحر في هٰذه الأيام الثلاثة. (إعلاء لسنن ٢٣٥/١٧)

عن عبد الله ابن عمر رضي الله عنهما: الأضحى يومان بعد يوم الأضحى. (الموطا للإمام مالك ١٨٨، إعلاء السنن ٢٣٣/١٧)

عن أنس رضي الله عنه: الأضحى يوم النحر ويومان بعده. (إعلاء لسنن ٢٣٦/١٧)

عن أبي هريرة رضي الله عنه: الأضحى ثلاثة أيام. (إعلاء السنن ٢٣٦/١٧)

ج:- بہت سے اکابر تابعین سے بھی ۳؍دن ایام قربانی ہونے کا قول مروی ہے۔

وروى النحر ثلاثة أيام عن عمر وأنس بن مالك وسعيد ابن المسيب وسعيد بن جبير وعن الحسن وإبراهيم النخعي. (عيني شرح الهداية ١٤٤/٤)

Marfat.com

۵:- اورایک عقلی دلیل یہ ہے کہ ابتدائی تین دن پرتو بالاتفاق قربانی کے ایام ہونے پر اجماع ہے، اختلاف چوتھے دن کے بارے میں ہے؛ لہٰذا احتیاط پر عمل کا تقاضا یہی ہے کہ چوتھے دن سے پہلے پہلے ہی قربانی کردیں؛ تاکہ وقت قضا نہ ہو۔

اِس کے برخلاف شافعیہ اور غیر مقلدین اُن اَحادیث وآثار سے استدلال کرتے ہیں جن میں تمام ایامِ تشریق کو ''ایامِ ذبح'' قرار دیا گیا ہے۔

أيام التشريق كلها أيام ذبح. (نصب الراية ٤/٤٧٠ مكتبة دار الإيمان سهارنپور)

نیز اَیامِ معدودات کی تفسیر میں بھی بعض حضرات نے ایام تشریق کا ذکر فرمایا ہے، سائل کے بقول یہی دلائل تفسیر ابن کثیر، ہدایہ، اور غنیۃ الطالبین میں امام شافعیؒ کی طرف سے نقل کئے گئے ہیں، مگر ان کو ترجیح نہیں دی گئی ہے؛ کیوں کہ ایامِ معدودات کا تعلق ذبح سے نہیں ہے؛ بلکہ ذکر خداوندی سے ہے، اور وہ بقول ابن عباس تشریق کے ۳ردن ہیں، جن میں زیادہ سے زیادہ ذکر خداوندی کی تلقین کی گئی ہے، ہدایہ میں ایام ذبح اور ایام تشریق کی تفصیل اس طرح بیان کی گئی ہے:

وأيام النحر ثلاثة: وأيام التشريق ثلاثة: والكل يمضي بأربعة أولها نحر لا غير، وآخرها تشريق لا غير، والمتوسطان نحر وتشريق. (الهداية ٤/٤٤٦ الأمين كتابستان ديوبند)

اِس عبارت سے صاف معلوم ہوا کہ تمام ایامِ تشریق ذبح کے لئے نہیں ہیں؛ بلکہ ایام تشریق کے تین دنوں میں سے ابتدائی دو دن نحر کے ہیں، اور تشریق کا تیسرا دن نحر میں شامل نہیں ہے۔ اور غنیۃ الطالبین میں شیخ المشائخ حضرت عبدالقادر جیلانیؒ نے صاف لکھا ہے کہ جمہور فقہاء کے نزدیک قربانی کے ایام صرف ۳ردن ہیں، ان کی عبارت ملاحظہ ہو:

وأيام النحر ثلاثة يوم العيد بعد الصلاة أو قدرها ويومان بعده هو مذهب أكثر الفقهاء، وقال الشافعي: يوم العيد وأيام التشريق الثلاثة والذين ذكرنا من أنه ثلاثة أيام منقول عن عمر وعلي وابن عباس وأبي هريرة رضوان الله عليهم

Marfat.com

أجمعين. (غنية الطالبين ٥٦٨) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۶/۸/۱۴۲۱ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کے اَیام تین دن ہیں یا چار دن؟

سوال (٦١):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے اَیام تین دن ہیں یا چار؟ غیر مقلدین قربانی چار دن کی بتلاتے ہیں، یعنی ۱۳/ذی الحجہ کو بھی شامل کرتے ہیں، آپ حدیث شریف کی روشنی میں تحریر فرمائیں کہ ۱۳/ذی الحجہ کو قربانی ہوسکتی ہے یا نہیں؟ عہدِ رسالت میں چار دن قربانی ہوئی ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اَیامِ قربانی صرف ۳/دن ہیں، ۴/دن کا ذکر معتبر اور صحیح اَحادیث میں نہیں ہے؛ لہٰذا ۱۳/ذی الحجہ کو قربانی کی اِجازت نہیں ہے، نیز عہدِ رسالت میں بھی چوتھے دن قربانی کی کوئی معتبر صراحت ہماری نظر سے نہیں گذری۔

عن عبد اللّٰه بن عمر رضي اللّٰه عنهما قال: الأضحى يومان بعد يوم الأضحى. (المؤطا للإمام مالك ١٨٨، إعلاء السنن ١٧/٢٣٣)

یہ روایت اصح الاسانید سے مروی ہے، اور اِس کی تائید حضرت انس اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما کی روایات سے بھی ہوتی ہے۔ (اعلاء السنن ۱۷/۲۳۳)

اور اِس کے مقابلہ میں ۴/دن والی روایات جو حضرت جبیر ابن مطعم اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما وغیرہ سے منقول ہیں، اُن کی اَسانید میں محدثین نے انقطاع اور ضعف ثابت کیا ہے۔ (عمدۃ القاری ۱۱/۱۴۸)

وقيل: أيام الذبح يوم النحر وثلاثة أيام بعده، ورجحه الشوكاني، واحتج بما روي عن جبير بن مطعم وأبي هريرة وأبي سعيد رضي اللّٰه عنهم، أن أيام

Marfat.com

التشريق كلها ذبح.

والجواب عنه أن ما روي عن أبي هريرة وأبي سعيد ففي سنده معاوية بن يحيىٰ الصدفي، وهو واهٍ، ومع ذٰلک فقد اضطرب في الإسناد فقال تارة: عن الزهري عن سعيد بن المسيب عن أبي هريرة. وأخرىٰ عن الزهري عن سعيد عن أبي سعيد. ورواه ابن أبي حاتم في العلل من طريق معاوية عن الزهري عن سعيد عن أبي سعيد، وحكى عن أبيه أنه قال: هو موضوع. .....وقال ابن القيم في الهدي: إن حديث جبير بن مطعم منقطع لا يثبت أصله. (إعلاء السنن، كتاب الأضاحي / باب أن الأضحية يومان بعد يوم الأضحىٰ ١٧/ ٢٥٤-٢٥٥ دار الكتب العلمية بيروت) فقط والله تعالىٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۱/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اَیامِ قربانی تین دن کیوں ہیں؟

سوال (٦٢):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے صرف ذی الحجہ کی دسویں تاریخ کو قربانی کی تھی، یہ اُمت ۳/روز تک کیوں کرتی ہے؟ اَیامِ اُضحیہ ۳/روز ہی ہیں، اس کی وجہ کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی اگرچہ اِس معنی کر حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے کہ اُن کے ذریعہ اِس عملِ خیر کی ابتداء ہوئی؛ لیکن اِس عبادت کی شرائط وتفصیلات کے بارے میں ہم سنتِ ابراہیمی کے نہیں؛ بلکہ سنتِ محمدی کے پابند ہیں، اور چوں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تین دن قربانی کا ثبوت ہے؛ اِس لئے ہم بلا چوں وچرا اِن تین دنوں میں قربانی کرنے کو درست سمجھتے ہیں۔

Marfat.com

ما روي عن عمر وعلي وابن عباس رضي الله عنهم، قالوا: أيام النحر ثلاثة: أفضلها أولها، وقد قالوه سماعًا؛ لأن الرأي لا يهتدي إلى المقادير. (الهداية /الأضحية ٤/٤٣٠ إدارة المعارف ديوبند، ٤/٤٤٦ الأمين كتابستان) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

١٩/١١/١٤٢٦ھ

اَیامِ اُضحیہ سے متعلق مسائل پر ایک غیر مقلد کا اشتہار

سوال (٦٣):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے شہر قنوج میں غیر مقلدین ہر سال کچھ نہ کچھ اشتہار شائع کرتے ہیں، اِس سال بھی اُنہوں نے ایک اشتہار شائع کیا جو بعینہٖ ہم آپ کی خدمت میں بھیج رہے ہیں، جس میں بعض مسائل عوام کے لئے بالکل نئے ہوتے ہیں، جس کی وجہ سے وہ تشویش میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔ حضرت والا سے درخواست ہے کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب تحریر فرمائیں کہ اُن میں سے کون سا جواب درست ہے اور کون سا غلط؟ تاکہ عام مسلمانوں کو گمراہی وضلالت سے بچایا جاسکے۔

(۱) عید قربان کا چاند نظر آنے کے بعد کون سا عمل محبوب ہے؟

جواب:- "اللّٰہ أکبر اللّٰہ أکبر، لا إلٰہ إلا اللّٰہ واللّٰہ أکبر اللّٰہ أکبر وللّٰہ الحمد" کا پڑھنا اور بال اور ناخن نہ ترشوانا محبوب ہے۔ (مسلم، ابوداؤد، نسائی)

(۲) کیا قربانی کے جانور کو کسی دوسرے سے ذبح کرواسکتے ہیں؟

جواب:- بحالتِ مجبوری قربانی کے جانور کو کسی دوسرے سے ذبح کرواسکتے ہیں بشرطیکہ قربانی کرنے والا وہاں موجود رہے، مگر خود ذبح کرنا افضل ہے۔

(۳) میت کی طرف سے قربانی کرنا کیسا ہے؟

جواب:- میت کی طرف سے قربانی کسی حدیث مرفوع سے ثابت نہیں ہے، اِس کے لئے اَحوط یہ ہے کہ اِس سے اجتناب کیا جائے؛ تاکہ "إذا مات الإنسان انقطع عنه عمله

Marfat.com

إلا من ثلاث'' پر عمل ہوسکے۔

(۴) کیا حاملہ جانور کی قربانی جائز ہے؟

جواب:- حاملہ جانور کی قربانی جائز ہے، اور اِس میں کوئی مضائقہ نہیں، جنین اگر زندہ نکلے تو ایسی صورت میں اُسے ذبح کیا جائے، بصورت دیگر اُسے ماں کے ساتھ مذبوح مانا جائے گا۔ (ابوداؤد و ترمذی)

تو آپ درج بالا سوالات و جوابات کے بارے میں قرآن وسنت کی روشنی میں اپنی رائے ظاہر کریں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱) عیدالاضحیٰ کا چاند نظر آنے کے بعد پہلے عشرہ میں صرف تکبیرِ تشریق ہی پڑھنا افضل نہیں؛ بلکہ ہر نیک عمل اَفضل ہے، خواہ وہ تلاوت ہو، نماز ہو، روزہ ہو؛ البتہ نو ذی الحجہ سے لے کر ۱۳/ ذی الحجہ تک ہر نماز کے بعد تکبیرِ تشریق پڑھنا الگ خصوصیت رکھتا ہے۔ دوسری قابلِ لحاظ بات یہ ہے کہ عشرۂ ذی الحجہ میں بال وغیرہ نہ کتروانے کا حکم عام نہیں ہے؛ بلکہ یہ صرف اُس شخص کے لئے ہے جو قربانی کا اِرادہ کرے اور جو اپنی غربت یا سفر وغیرہ کی وجہ سے قربانی کا اِرادہ نہ رکھتا ہو، اُس کے لئے اِن ایام میں بال منڈانا یا کتروانا منع نہیں۔

عن ابن عباس رضي اللّٰه عنهما قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: ما من أيام أعظم عند اللّٰه ولا أحب إلى اللّٰه العمل فيهن من أيام العشر، فأكثروا فيهن من التسبيح والتهليل والتحميد والتكبير. (المعجم الكبير للطبراني) ورجاله رجال الصحيح. (مجمع الزوائد ٤/١٦-١٧)

عن أم سلمة رضي اللّٰه عنها أن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: إذا رأيتم هلال ذي الحجة وأراد أحدكم أن يضحي، فليُمسِك عن شعره وأظفاره. (صحيح مسلم، كتاب الأضاحي / باب نهي من دخل عليه عشرُ ذي الحجة لخ ٢/١٦٠ رقم: ١٩٧٧ بيت الأفكار الدولية)

Marfat.com

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه عن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: ما من أيام أحب إلى اللّٰه أن يُتعَبد له فيها من عشر ذي الحجة، يعدل صيام كل يوم منها صيام سنة، وقيام كل ليلة منها بقيام ليلة القدر . (سنن الترمذي، أبواب الصيام / باب ما جاء في العمل في أيام العشر ١/ ١٥٨)

(۲) اگر آدمی خود اچھی طرح ذبح کرسکتا ہے تو اُس کو اپنی قربانی خود ذبح کرنا مطلقاً افضل ہے، اور اگر خود اچھی طرح ذبح نہ کرسکتا ہو تو دوسرے تجربہ کار شخص سے قربانی کرانا اَفضل ہے، اور اگر خود ذبح کرسکتا ہے؛ لیکن پھر بھی اپنے بجائے دوسرے سے قربانی کراتا ہے تو یہ مطلقاً جائز ہے، خواہ کوئی مجبوری ہو یا نہ ہو، ہر حال میں یہ عمل درست ہے۔ سوالِ مذکور کے جواب میں مجیب نے اِس رخصت کو مجبوری اور خود سامنے رہنے کی شرط کے ساتھ مشروط کیا ہے وہ بلا دلیل ہے؛ بلکہ اِس کے خلاف دلائل اَحادیثِ شریفہ میں موجود ہیں۔

والأفضل أن يذبح أضحيته بيده إن كان يحسن الذبح، وإن كان لا يحسنه فالأفضل أن يستعين بغيره، وإن استعان بغيره ينبغي أن يشهدها بنفسه، لقوله عليه السلام لفاطمة: قومي فاشهدي أضحيتك، فإنه يغفر لك بأول قطرة من دمها كل ذنب. (الهداية / كتاب الأضحية ٤/ ٤٣٤ إدارة المعارف ديوبند، ٤/ ٤٥٠ الأمين كتابستان ديوبند)

أن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم ذبحها بيده، الحديث. قال الملا علي القاري: وهو المستحب لمن يعرف آداب الذبح ويقدر عليه وإلا فليحضر عند الذبح للخبر الحسن بل صححه الحاكم. (مرقاة المفاتيح ٢/ ٢٦٠)

عن أنس رضي اللّٰه عنه أن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم كان يضحي بكبشين أملحين أقرنين، ويضع رجله على صفحتهما، يذبحهما بيده. (صحيح البخاري، كتاب الأضاحي / باب وضع القدم على صفحة الذبيحة رقم: ٥٥٦٤ دار الفكر بيروت)

عن عمران بن حصين رضي اللّٰه عنهأن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال:

Marfat.com

يـا فـاطـمة! قـومـي إلى أضحيتك فاشهديها؛ فإنه يغفر لك عند أول قطرة تقطر من دمها، كل ذنب عملته قولي إن صلاتي ونسكي ومحياي ومماتي لله رب العالمين، لا شـريـك لـه، وبـذلك أمـرتُ وأنا من المسلمين. قال عمران: قلت: يا رسول الله! هـذا لك، ولأهـل بيتك خـاصة فـأهـل ذلك أنتـم أم لـلـمسلمين عامة؟ قال: بل لـلمسلمين عامة. (الـمستـدرك لـلـحـاكم / كتاب الأضاحي ٢٦٨٤/٧ رقم: ٧٥٢٤، المعجم الأوسط للطبراني ٦٠/٢ رقم: ٢٥٠٩، السنن الكبرىٰ للبيهقي / كتاب الضحايا ٢١٨/١٤ رقم: ١٩٦٩٦-١٩٦٩٧)

الأفـضل أن يضحي الرجل بيده إذا قدر عليه، وإن لم يقدر فوض إلى غيره، حـكى أن أبا حنيفة فعل بنفسه، وفي الزاد: وإن كان لا يحسن الذبح يكره له، وفي الهـداية: وإذا استـعـان بـغيره يستحب أن يشهدها بنفسه. (الـفتـاوىٰ التـاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الخامس في بيان ما يجوز من الضحايا وما لا يجوز ٤٣٥/١٧ رقم: ٢٧٧٤٨ زكريا)

(۳) میت کی طرف سے قربانی کرنا شرعاً ثابت ہے، خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پوری اُمت (جس میں مردہ وزندہ سب شامل ہیں) کی طرف سے اپنی حیاتِ طیبہ میں ایک مینڈھے کی قربانی فرمائی، نیز آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو اپنی وفات کے بعد بھی آپ کی طرف سے قربانی کرنے کا حکم دیا تھا، چناں چہ حضرت علی رضی اللہ عنہ بعد میں برابر اِس حکم کی تعمیل فرماتے رہے۔ یہ روایت مستدرک حاکم نے نقل کی ہے، اور اِس کو صحیح الاسناد کہا ہے؛ لہٰذا مجیب صاحب کا میت کی طرف سے قربانی کو غیر ثابت کہنا صحیح نہیں ہے، اور غیر کی طرف سے قربانی کا صحیح ہونا حدیث: ''إذا مات الإنسان الخ'' کے معارض بھی نہیں ہے؛ کیوں کہ اِس حدیث کا تعلق اپنے ذاتی عمل سے ہے، جب کہ قربانی وغیرہ اَعمال دوسرے شخص کی طرف سے کیے جاتے ہیں، اور اس کا نفع غیر کو پہنچایا جاتا ہے جو شرعاً ثابت ہے۔

حـدثـنـا شريـك عن أبي الحسناء عن الحكم عن حنش قال: ضحى علي رضـي الله عنه بكبشين: كبش عن النبي صلى الله عليه وسلم، وكبش من نفسه،

Marfat.com

وقال: أمرني رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أن أضحي عنه، فأنا أضحي أبدًا.
هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه. (المستدرك للحاكم ٤/٢٥٥)

عن أبي رافع مولى رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم كان إذا ضحى اشترى كبشين سمينين أقرنين أملحين، فإذا صلى وخطب الناس أتى باحدهما، وهو قائم في مصلاه فذبحه بنفسه بالمدية، ثم يقول: اللّٰهم إن هٰذا عن أمتي جميعًا ممن شهد لک بالتوحيد، وشهد لي بالبلاغ، ثم يؤتى بالآخر فيذبحه بنفسه، ويقول: هٰذا عن محمد وآل محمد فيطعمهما جميعًا المساكين، ويأكل هو وأهله منهما، فمكثنا سنين ليس رجل من بني هاشم يضحي قد كفاه اللّٰه المؤنة برسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم والغرم. (المسند للإمام أحمد بن حنبل ٦/٣٩١ رقم: ٢٧٧٣٢)

قال في غنية الألمعي قول بعض أهل العلم الذي رخص في الأضحية عن الأموات مطابق للأدلة، وقول من منعها ليس فيه حجة فلا يقبل كلامه إلا بدليل أقوى، وشهد له بالبلاغ، وعن نفسه، وأهل بيته، ولا يخفى أن أمته صلى اللّٰه عليه وسلم، فمن شهد له بالتوحيد وشهد له بالبلاغ كان كثير منهم موجودًا زمن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم، وكثير منهم توفوا في عهده صلى اللّٰه عليه وسلم، فالأموات والأحياء كلهم من أمته صلى اللّٰه عليه وسلم دخلوا في أضحيته بلا تفرقة. (عون المعبود شرح سنن أبي داؤد ٣/٥٠)

(۴) اِس جواب میں دو باتیں محل نظر ہیں: (۱) یہ کہنا کہ ''حاملہ جانور کی قربانی میں کوئی حرج نہیں ہے''؛ صحیح نہیں ہے؛ اِس لئے کہ علماء کے نزدیک حاملہ جانور کی قربانی مکروہ ہے؛ کیوں کہ اُس میں بچہ کا خواہ مخواہ ضیاع لازم آتا ہے، اِس لئے حتی الامکان حاملہ کی قربانی سے احتراز ہی اولیٰ ہے، گو کہ قربانی اُس کی بھی ہوجاتی ہے۔

Marfat.com

(۲) اور ماں کے پیٹ سے نکلنے والا جنین اگر مردہ ہوتو اُس کی حلت کے بارے میں جو مسئلہ مطلق بیان کیا گیا ہے وہ صحیح نہیں ہے؛ کیوں کہ اِس بارے میں علماء کا سخت اختلاف ہے، بعض علماء نے (جن میں حضراتِ شوافع اور صاحبین بھی شامل ہیں) مردہ جنین کی حلت کا قول کیا ہے، اور حدیث: "ذكاة الجنين ذكاة أمه" کو مستدل بنایا ہے، جس سے بظاہر یہ سمجھ میں آتا ہے کہ ماں کا ذبح کرنا جنین کے ذبح کے لئے کافی ہے؛ لیکن علماء محققین (جن میں امام ابوحنیفہؒ سرفہرست ہیں) کی محتاط رائے یہ ہے کہ مردہ جنین کو کھانا جائز نہیں؛ اِس لئے کہ یہ منخنقہ (دم گھٹتے ہوئے) کے حکم میں ہے، اور منخنقہ کی حرمت قرآن سے ثابت ہے، جسے خبر واحد سے رد نہیں کیا جاسکتا۔

اور حدیث "ذكاة الجنين ذكاة أمه" اولاً تو راوی: مجالد بن سعید کے ضعف کی وجہ سے ضعیف اور نا قابلِ حجت ہے، اور اگر اسے ثابت بھی مان لیا جائے تو اس کا ایسا مطلب بیان کرنا ضروری ہے جو قرآن کے خلاف نہ ہو اور وہ مطلب یہ ہے کہ جنین کا ذبح بھی اُسی طرح ضروری ہے جیسے ماں کا ذبح کرنا، یہ مطلب "ک" مشبہ کو محذوف ماننے کی شکل میں ظاہر ہوگا، اور حدیث کی عبارت یوں ہوگی "ذكاة الجنين كذكاة أمه"۔ اِس تفصیل سے معلوم ہوگیا کہ مذکورہ مسئلہ میں مجیب کا جواب تحقیق اور احتیاط کے خلاف ہے۔

شاة أو بقرة أشرفت على الولادة، قالوا: يكره ذبحها؛ لأن فيه تضييع الولد، وهٰذا قول أبي حنيفة؛ لأن عنده الجنين لا يتذكى بذكاة الأم، كذا في فتاوىٰ قاضي خان. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الذبائح / الباب الأول ۲۸۷/۵)

إن تقاربت الولادة يكره ذبحها. (شامي / كتاب الذبائح ۳۰۰ ٤/٦ كراچی)

رجل له شاة حامل أراد ذبحها، إن تقاربت الولادة يكره الذبح. (خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الذبائح / الفصل الأول ۳۰۰ ٤/٤ لاهور، وكذا في فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الصيد والذبائح / باب في الذكاة ۳٦۷/۵ زكريا، وكذا في الفتاوىٰ السراجية / باب المتفرقات ۹۰ كراچی)

ولدت الأضحية ولدًا قبل الذبح، يذبح الولد معها. (الدر المختار / كتاب الأضحية ۳۲۲/٦ كراچی)

Marfat.com

فإن ولدت ولدًا ذبحها وولدها معها. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب السادس ٣٠١/٥ زكريا، فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / فصل في الانتفاع بالأضحية ٣٥٤/٣ زكريا، وكذا في الفتاوىٰ البزازية، كتاب الأضحية / السادس في الانتفاع ٢٩٤/٦ زكريا)

والمراد بالحديث التنبيه لا النيابة أي ذكاة الجنين كذكاة أمه ألا ترى! أنه ذكر الجنين أولاً، ولو كان المراد النيابة لذكر النائب أولاً دون المنوب عنه، كما قيل في الألفاظ التي استشهد بها ومثل هٰذا يذكر للتشبيه، يقال: فلان شبه أبيه، وخط فلان خط أبيه. (المبسوط للسرخسي ٧/١٢ دار الكتب العلمية بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۵/۵/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کتابچہ ''قربانی کا مسئلہ'' اور چار دن قربانی کا فتویٰ؟

سوال (٦٤):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مسئلہ قربانی عید الاضحیٰ کے بارے میں کہ چند اوراق پر مشتمل کتاب جوادارہ دعوت القرآن والحدیث سے ''قربانی کا مسئلہ'' کے نام سے شائع کی گئی ہے، ہم اہل محلّہ اِس کتاب کو اِس تحریر کے ساتھ چسپاں کررہے ہیں، اِس پوری کتاب کا مطالعہ کرکے قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب تحریر کریں۔

محترم! واقعہ اِس طرح ہے کہ محلّہ اسلام نگر ملک مسجد گلی نمبر ۱۰ کرولہ مرادآباد میں ایک چھوٹا سا مدرسہ جو ''اشاعت القرآن'' کے نام سے قاری ممشاد نام کے ایک شخص چلا رہے ہیں، اس مدرسہ کے ناظم ومنتظم بھی خود ممشاد صاحب ہی ہیں، کچھ عرصہ سے ممشاد صاحب نے شافعی مسلک اختیار کرلیا ہے، وہ اِس طرح کی کتابیں ودیگر باتیں جیسے مرغے کی قربانی بھی ہوسکتی ہے، اور پندرہویں شعبان کے روزے کی کوئی اہمیت نہیں، اور دیگر باتیں محلّہ کے نوجوانوں اور کچھ بزرگ حضرات کو بلا بلا کر سمجھا رہے ہیں، جس کی وجہ سے لوگ چار دن کی قربانی کے مسئلہ کو لے کر کافی الجھن کا شکار ہیں۔ اِس کتاب کا مطالعہ کرکے برائے کرم صحیح جواب تحریر فرمادیں، عین نوازش ہوگی۔

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جوشخص کسی امام کا مقلد ہو، اُس کے لئے لازم ہے کہ وہ اپنے امام کے مذہب کی پیروی کرے، خواہ اُسے مذہب کی دلیلیں معلوم ہوں یا نہ ہوں؛ کیوں کہ دلائل کا جاننا مجتہد کا کام ہے، مقلد کا کام نہیں ہے، اِس لئے عوام کو دلائل کی بحث میں نہیں پڑنا چاہے؛ بلکہ اپنے امام کے مذہب پر پورے شرحِ صدر کے ساتھ عمل کرنا چاہئے، اور سمجھنا چاہئے کہ امام نے جو مذہب اور قول اختیار کیا ہے وہ قرآن وسنت اور دلائلِ شرعیہ سے ہی ماخوذ ہے۔ سوال میں جس مسئلہ کا ذکر کیا گیا ہے، اُس میں حضرت امام ابوحنیفہؒ کی حتمی رائے یہ ہے کہ قربانی کے ایام صرف تین دن ہیں، یعنی ذی الحجہ کی دسویں، گیارہویں اور بارہویں تاریخیں، قربانی کا وقت دسویں تاریخ کی صبح سے شروع ہوکر بارہویں تاریخ کے سورج غروب ہونے پر ختم ہوجاتا ہے، اِس لئے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے مقلدین پر لازم ہے کہ وہ دوسرے مذاہب کی طرف نظر کئے بغیر اِسی رائے پر عمل کریں، اور دلائل کی بحثوں میں پڑکر شکوک وشبہات میں مبتلا نہ ہوں؛ لیکن چوں کہ سائل نے استفتاء کے ساتھ ایک رسالہ بھی ہم رشتہ ارسال کیا ہے، اور یہ بھی تحریر کیا ہے کہ بعض شرپسندلوگ اِس مسئلہ میں گمراہ کرنے کی کوشش کررہے ہیں، اِس لئے ضرورت محسوس ہوئی کہ مسئلہ کی تفصیلی نوعیت اور موافق ومخالف دلائل واضح طور پر پیش کردیئے جائیں؛ تاکہ حق وباطل میں امتیاز ہو، اور عوام وخواص کو صحیح روشنی مل سکے، ملاحظہ فرمائیں:

راجح مسلک:

قربانی کرنا صرف تین ہی دن یعنی دسویں، گیارہویں اور بارہویں ذی الحجہ تک ہی جائز ہے، اگر بارہویں ذی الحجہ کے غروب شمس کے بعد قربانی کی جائے تو جائز نہیں ہوگی، یہی بات قوی ترین دلائل سے ثابت ہے، اور یہی مسلک حضرات ائمہ ثلاثہ حضرت امام ابوحنیفہؒ امام مالکؒ اور حضرت امام احمد بن حنبلؒ کا ہے، اور بہت سے اکابر صحابہؓ کی صحیح اور مرفوع روایات سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ قربانی صرف تین دن ہی تک جائز ہے اُس کے بعد جائز نہیں، مزید تسلی کے لئے اَب ہم

Marfat.com

پہلے قرآنِ کریم کی آیت کی تفسیر حضرات مفسرین کے حوالہ سے، پھر صحیح اور مرفوع روایات اور اکابر فقہاء کرام کی آراء ذکر کرکے فریق مخالف کی طرف سے کتابچہ ''قربانی کا مسئلہ'' (شائع شدہ: ادارہ دعوت القرآن والحدیث محلّہ ساہو سبزی منڈی چوک مرادآباد) میں پیش کئے گئے تمام دلائل اور اقوال کے جوابات معتبر کتابوں کے حوالہ سے پیش کررہے ہیں، اور ساتھ ہی حضرات ائمہ ثلاثہ کے مسلک کی وجوہ ترجیح بھی سپردِ قلم کررہے ہیں؛ تاکہ پڑھنے والے ہر منصف اور ذی شعور کو اطمینان ہوجائے۔

آیتِ قرآنیہ سے استدلال:

وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمَاتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ، فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ. (الحج، جزء آیت: ۲۸)

اور پڑھیں اللہ کا نام کئی دن جو معلوم ہیں، ذبح پر چوپایوں اور مواشی کے جو اللہ نے اُن کو دئے ہیں، سو کھاؤ اُن میں سے اور کھلاؤ بے حال محتاجوں کو۔

آیتِ مبارکہ کی تفسیر:

مفسرین کی ایک بڑی جماعت نے اِس آیتِ مبارکہ کی تفسیر میں ''ایامِ معلومات'' سے مراد قربانی کے صرف تین دن ہی لئے ہیں، بطور نمونہ چند حضرات مفسرین کے نام اور اُن کی تفسیریں یہ ہیں:

علامہ سید آلوسیؒ صاحبِ تفسیر روح المعانی:

ويذكروا اسم الله عند النحر في أيام معلومات أي مخصوصات وهي أيام النحر كما ذهب إليه جماعة منهم أبو يوسف و محمد عليهما الرحمة، وعدتها ثلاثة أيام، يوم العيد ويومان بعده

اللہ کا نام لو قربانی کے وقت ایام معلومات یعنی مخصوص دنوں میں، اور وہ قربانی کے دن ہیں جس کی مدت تین دن ہیں، عید کا دن اور دو دن اس کے بعد جیسا کہ یہ علماء کی ایک جماعت کا مسلک ہے، جیسے امام ابو یوسف، امام محمد، امام ثوری، حضرت سعید بن جبیر اور حضرت سعید بن مسیّب

Marfat.com

عندنا، وعند الثوري وسعيد بن جبير وسعيد بن المسيب لما روي عن عمر وعلي وابن عمر وابن عباس وأنس وأبي هريرة إنهم قالوا: أيام النحر ثلاثة: أفضلها أولها. (روح المعاني ١٠/٢١٥ زكريا)

کا، اور یہی روایت ہے حضرت عمر، حضرت علی، حضرت ابن عمر حضرت ابن عباس حضرت انس اور حضرت ابو ہریرہ سے، انہوں نے کہا کہ قربانی کے تین دن ہیں، اور افضل پہلا دن ہے۔

اِمام ابوبکر جصاص رازیؒ صاحبِ اَحکام القرآن:

قال اللّٰه عز وجل: ﴿وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْ اَيَّامٍ مَعْلُوْمَاتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِنْ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ﴾ فروي عن علي وابن عمر أن المعلومات يوم النحر ويومان بعده. (أحكام القرآن للجصاص ٣/٢٣٣ پاكستان)

اللہ عزوجل کا فرمان ہے ﴿وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْ اَيَّامٍ مَعْلُوْمَاتٍ عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِنْ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ﴾ چناں چہ روایت ہے حضرت علی اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے کہ معلومات یوم نحر (دسویں ذی الحجہ) اور دو دن اُس کے بعد ہیں۔

صاحبِ تفسیر قرطبیؒ:

ودليلنا قوله تعالىٰ: ﴿فِيْ اَيَّامٍ مَعْلُوْمَاتٍ﴾ وهٰذا جمع قلة؛ لكن المتيقن منه الثلاثة وما بعد الثلاثة غير متيقن فلايعمل به. (تفسير القرطبي ٦/٤١ دار الفكر بيروت)

اور ہماری دلیل اللہ تعالیٰ کا قول: ﴿فِيْ اَيَّامٍ مَعْلُوْمَاتٍ﴾ میں ایام جمع قلت ہے اور متیقن اس میں تین دن ہیں، اور جو تین دن سے زائد ہے وہ غیر متیقن ہے؛ لہٰذا اُس پر عمل نہیں کیا جائے گا۔

صاحبِ تفسیر ابن کثیرؒ:

أن ابن عمر كان يقول: "الأيام

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے کہ

Marfat.com

المعلومات والمعدودات هن جميعهن أربعة أيام، فالأيام المعلومات يوم النحر ويومان بعده – هٰذا إسناد صحيح إليه.

ایامِ معلومات اور معدودات یہ کل ملاکر چار دن ہیں، جن میں ایامِ معلومات یوم نحر اور دو دن اس کے بعد کے ہیں- اور ابن عمرؓ کی طرف یہ اسناد صحیح ہے۔

(تفسیر ابن کثیر مکمل ٨٩٦ ریاض)

صاحبِ تفسیرِ مدارک:

في أيام معلوماتٍ هيَ عشر ذي الحجة عند أبي حنيفة وآخرها يوم النحر، وهو قول ابن عباس وأكثر المفسرين، وعند صاحبيه أيام النحر وهو قول ابن عمر. (تفسير مدارك)

ایامِ معلومات یہ ذی الحجہ کے دس دن ہیں، حضرت امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک جس کا آخری دن یوم نحر ہے، اور یہ قول حضرات ابن عباس رضی اللہ عنہما ہ ہے اور اکثر مفسرین کا بھی، اور حضراتِ صاحبین کے نزدیک ایام نحر مراد ہے، اور یہی قول حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا ہے۔

اَحادیثِ مرفوعہ اور اَقوال وآثار صحابہ سے استدلال:

حضراتِ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی ایک جماعت کا مسلک اِس سلسلہ میں یہی منقول ہے کہ قربانی صرف تین دن یعنی ١٠/١١/اور ١٢/تاریخ تک ہی جائز ہے، اور یہی مسلک صحیح روایات مرفوعہ اور اقوال وآثار صحابہ سے ثابت ہے، اور یہ بات متفق علیہ ہے کہ حضرات اصحابؓ اگر ایسی بات کہیں جس کا تعلق قیاس سے نہ ہو؛ بلکہ سماع سے ہو تو وہ حکماً مرفوع ہوتا ہے، اور یہ سمجھا جاتا ہے کہ اُنہوں نے یہ بات حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سن کر ہی کہی ہوگی، اِس لئے اَب ہم وہ روایات پیش کرتے ہیں:

پہلی روایت:

عن جابر بن عبد الله الأنصاري

حضرت جابر بن عبداللہ نے حضرت کعب بن عاصم

Marfat.com

عن كعب بن عاصم الأشعري أن رسول الله ﷺ خطب بمنىٰ أوسط أيام الأضحى يعني الغد من يوم النحر. (سنن الدارقطني ۲/۲۱۵ رقم: ۲۵۱۵ مكتبة دار الإيمان سهارنفور)

اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ نبی کریم علیہ السلام نے قربانی کے درمیانی دن یعنی دسویں ذی الحجہ کے بعد والے دن منی میں خطبہ دیا، یہ روایت دار قطنی میں ہے۔

ظاہر ہے کہ اَوسط اَیام کا تحقق اُسی وقت ہوگا جب کہ قربانی کے تین دن مانیں، جیسا کہ یہی صراحت روایت میں بھی موجود ہے کہ درمیانی دن یعنی دسویں ذی الحجہ جو قربانی کا دن ہے، اُس کے بعد والے دن میں آپ نے خطبہ دیا۔

دوسری روایت:

حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شروع میں قربانی کا گوشت تین دن سے زائد رکھنے سے منع فرمایا تھا، جیسا کہ یہ روایت بخاری، مسلم اور اِس کے علاوہ دیگر کتبِ اَحادیث میں بھی موجود ہے:

إن رسول الله صلى الله عليه وسلم نهاكم أن تأكلوا لحوم نسككم فوق ثلاث. (صحيح البخاري ۲/۸۳۵)

نبی کریم علیہ السلام نے تم کو منع کیا ہے کہ تم اپنی قربانی کا گوشت تین دن سے زائد کھاؤ۔

علامہ حافظ ابن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے اِس روایت کی تشریح میں لکھا ہے کہ "وأولها يوم النحر" یعنی آپ علیہ السلام نے جو تین دن سے زائد کھانے سے منع فرمایا ہے، اُس کا پہلا دن یوم نحر یعنی دسویں ذی الحجہ ہے۔ (فتح الباری ۱۳/۳۴)

اِس روایت سے معلوم ہوا کہ قربانی کرنا تو تین دن بہر حال جائز ہے، اَب اگر چوتھے دن بھی جائز قرار دیں گے، تو اِس روایت کا کوئی معنی نہیں رہے گا؛ اِس لئے کہ اس سے تو منع کرنا ایسے وقت میں لازم آرہا ہے کہ جب جمع کر کے رکھنا اور کھانا دونوں ممنوع ہے، اور یہ مہمل بات ہے،

Marfat.com

یہاں اگر کوئی یہ کہے کہ قربانی کے گوشت کو تو رکھنے کی اجازت بعد میں دے دی گئی ہے، لہٰذا قربانی کی بھی اجازت ہوگی تو اس کا جواب یہ ہے کہ قربانی کا گوشت تو سالوں سال رکھنے کی اجازت ہے، تو کیا قربانی کی اجازت بھی پورے سال ہوگی؟ حالاں کہ اس کا کوئی بھی قائل نہیں؛ لہٰذا یہ اعتراض قابل التفات نہیں، الحاصل یہ کہ تین دن سے زائد جمع نہ کرنے کی روایت سے دو باتیں ثابت ہوئیں:

(۱) قربانی تین دن تک شروع ہے۔

(۲) تین دن سے زائد قربانی کا گوشت جمع کر کے رکھنا منع ہے؛ لیکن بعد میں آپ نے قربانی کے گوشت کو جمع کر کے رکھنے کی اجازت مرحمت فرمادی، اِس لئے پہلے ثابت شدہ دونوں باتوں میں سے دوسری بات ختم ہوگئی، مگر پہلی بات تو اب بھی اپنی جگہ ثابت ہے کہ قربانی تین دن تک مشروع ہے۔ (مستفاد از: اعلاء السنن ۱۷/۲۳۸ مطبوعہ پاکستان)

تیسری روایت:

عن نافع أن عبد الله ابن عمر قال: الأضحى يومان بعد يوم الأضحى. (الموطا للإمام مالك، كتاب الضحاية / الضحية عما في بطن المرأة ۱۸۸ المكتبة الأشرفية ديوبند)

حضرت عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قربانی عید کے بعد مزید دو دن تک مشروع ہے۔

واضح رہے کہ جس سند سے یہ روایت بیان ہورہی ہے یہ علماء اُصولِ حدیث کے نزدیک اصح الاسانید میں شمار ہوتی ہے؛ لہٰذا اِس روایت سے صحیح ہونے میں کسی کو بھی ادنی تأمل نہیں۔

چوتھی روایت:

قال وحدثنا مالك أنه بلغه أن علی ابن أبي طالب كان يقول: الأضحى يومان بعد يوم الأضحىٰ.

حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھ تک یہ بات پہنچی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ یہ فرمایا کرتے تھے کہ قربانی عید کے بعد دو دن تک

Marfat.com

(السنن الكبرى / باب من قال الأضحى يوم النحر ويومين بعده ٩/٢٥٥ رقم: ١٩٢٥٤ دار الحديث القاهرة)

مشروع ہے۔

پانچویں روایت:

عن قتادة عن أنس قال: الذبح بعد النحر يومان. (السنن الكبرىٰ / باب من قل الأضحى يوم لنحر ويومين بعده ٩/٥٥٣ رقم ١٩٢٥٥ دار لحديث القاهرة)

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ قربانی عید کے بعد دو دن تک مشروع ہے۔

چھٹی روایت:

وقد ذكر الطحاوي في أحكام القرآن بسند جيد عن ابن عباس قال: الأضحى يومان بعد يوم النحر. (إعلاء السنن ١٧/٢٣٨)

حضرت امام طحاوی رحمہ اللہ نے اچھی اور عمدہ سند سے احکام القرآن میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ قول نقل کیا ہے کہ قربانی یوم نحر کے بعد دو دن ہے۔

ساتویں روایت:

من طريق ابن أبي شيبة قال: حدثنا زيد بن حباب عن معاوية بن صالح حدثني أبو مريم سمعت أبا هريرة يقول: الأضحى ثلاثة أيام. (إعلاء السنن ١٧/٢٣٦)

ابن ابی شیبہ نے زید بن حباب عن معاویہ بن صالح عن ابی مریم عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ یہ روایت نقل کی ہے کہ یہ فرماتے تھے کہ قربانی تین دن تک مشروع ہے۔

اِس روایت کی بھی سند صحیح ہے؛ اِس لئے کہ معاویہ بن صالح یہ رجال مسلم میں سے ہیں، اور بقیہ چاروں بھی صدوق ہیں، اور ابو مریم کے بارے میں حافظ ابن حجر نے یہ لکھا ہے کہ یہ ثقہ ہیں،

Marfat.com

مزید تفصیل کے لئے دیکھئے اعلاء السنن ۱۷/۲۳۶۔

آٹھویں روایت:

من طريق ابن أبي شيبة نا جرير عن منصور عن مجاهد عن ماعز بن مالك بن ماعز الثقفي أن أباه سمع عمر بن الخطاب يقول: إنما النحر في هٰذه الأيام الثلاثة. (إعلاء السنن ۱۷/۲۳۵)

ابن ابی شبیہ نے بطریق جریر عن منصور عن مجاہد عن ماعز بن مالک بن ماعز الثقفی عن ابیہ یہ روایت بیان کی ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ قربانی اُن ہی تین دنوں یعنی ۱۰/۱۱/اور ۱۲/ذی الحجہ میں مشروع ہے۔

حضرت مجاہد رحمہ اللہ کے مراسیل باتفاق علماء مقبول ہوتے ہیں؛ اِس لئے کہ وہ صرف ثقہ راوی ہی سے نقل کرتے ہیں؛ لہٰذا اِس روایت کے حجت ہونے میں بھی کوئی تأمل نہیں۔

نویں روایت:

وذكره ابن وهب عن ابن مسعود رضي الله تعالىٰ عنه (عمدة القاري شرح بخاري ۲۱/۱٤۷)

اور یہی مسلک ابن وہب نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا نقل کیا ہے کہ قربانی کے تین ہی دن ہیں۔

دسویں روایت:

عن عليؓ كان يقول: أيام النحر ثلاثة أيام أولهن أفضلهن. (عمدة القاري ۲۱/۱٤۸)

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ قربانی کے تین دن ہیں پہلا دن افضل دن ہے۔

گیارہویں روایت:

عن ابن عباس وابن عمر مثله

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن عمر

Marfat.com

قالا: النحر ثلاثة أيام، أولها أفضلها. (عمدة القاري ۱٤۸/۲۱)

رضی اللہ سے مروی ہے کہ قربانی کے تین دن ہیں، پہلا دن افضل ہے۔

حضرات تابعین رحمہم اللہ کا مسلک:

حضرات اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم کا جیسا کہ اوپر یہی مسلک نقل کیا گیا یہی مسلک حضرات اجلۂ تابعین رحمہم اللہ کا بھی ہے مثلاً حضرت سفیان ثوریؒ، حضرت سعید بن جبیرؒ اور حضرت سعید بن مسیّبؒ یہ حضرات بھی یہی فرماتے ہیں کہ قربانی صرف تین ہی دن تک مشروع ہے، علامہ سید آلوسی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

وعدتها ثلاثة أيام يوم العيد ويومان بعده عندنا، وعند الثوري وسعيد بن جبير وسعيد بن المسيب. (روح المعاني ۱۰/۱۰ ۲۱ ديوبند)

قربانی کی مدت تین دن ہے، عید کا دن اور دو دن اس کے بعد ہمارے نزدیک، اور حضرت سفیان ثوری، حضرت سعید بن جبیر اور حضرت سعید بن مسیّبؒ کے نزدیک۔

حضرت فقہاء کرام کا مسلک:

حضرات فقہاء کرام میں سے اکثر فقہاء کرام کا بھی مسلک یہی ہے کہ قربانی تین ہی دن تک مشروع ہے۔

امام اعظم امام ابوحنیفہؒ کا مسلک:

أبو حنيفة عن حماد عن إبراهيم قال: الأضحية ثلاثة أيام يوم النحر ويومان بعده. (مسانيد إمام أعظم ۲٤٦/۲ حيدر آباد)

حضرت امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ سے مروی ہے کہ قربانی کے تین ہی دن ہیں، عید کا دن اور دو دن اس کے بعد ہیں۔

حضراتِ احناف کے اِس مسلک کی مزید تفصیل کے لئے دیکھئے شامی ۴۶۱/۹ مطبوعہ زکریا

Marfat.com

بک ڈپو دیوبند، بدائع الصنائع ۱۹۸/۴ مطبوعہ زکریا، فتح القدیر ۵۱۳/۹، البحر الرائق ۱۷۶/۸، مطبوعہ کراچی۔

اکثر فقہاء کرام کا اِجماع تین دن پر:

الحاصل یہ ہے کہ اِس بارے میں اجلِ فقہاء کرامؒ کا تقریباً اِجماع ہے کہ قربانی صرف تین دن ہی تک مشروع ہے، چوتھے دن جائز نہیں، یہی مسلک حضرت امام مالکؒ کا بھی ہے۔

مالک عن نافع أن عبد الله ابن عمر قال: الأضحى يومان بعد يوم الأضحى. (المؤطا، كتاب الضحاية / الضحية عما في بطن المرأة ۳۱ رقم: ۱۲)

حضرت بواسطہ مالک عن عبداللہ ابن عمر یہ فرماتے ہیں کہ قربانی صرف تین ہی دن مشروع ہے۔

حضرت امام ابوحنیفہؒ اور امام مالک ہی کی طرح یہی مسلک حضرت امام احمد بن حنبلؒ کا بھی ہے اور یہ مسلک انہوں نے متعدد صحابہ کرامؓ سے نقل کیا ہے وہ کہتے ہیں:

حضرت امام احمد بن حنبلؒ کا مسلک:

قال أحمد: أيام النحر ثلاثة عن غير واحد من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم. (إعلاء السنن ۲۳۸/۱۷)

حضرت امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ نے متعدد صحابہ کرامؓ سے نقل کرتے ہوئے یہ کہا ہے کہ قربانی کے تین ہی دن ہیں۔

صاحبِ نوادر الفقہاء ابن بنت نعیم حضرات فقہاء کرام کا اجماع نقل کرتے ہوئے رقم طراز ہیں:

أجمع الفقهاء على أن التضحية في اليوم الثالث عشر غير جائزة، إلا الشافعي فإنه أجازها فيه. (نوادر الفقهاء بحواله إعلاء السنن ۲۳۶/۱۷)

فقہاء کرام کا اس بات پر اجماع ہے کہ قربانی ۱۳/ ویں ذی الحجہ کو جائز نہیں، مگر حضرت امام شافعی رحمہ اللہ اس کو جائز قرار دیتے ہیں ۱۳/ ویں ذی الحجہ میں بھی۔

Marfat.com

یہ وہ مختصر دلائل تھے حضرات ائمہ ثلاثہ حضرت امام ابوحنیفہؒ حضرت امام مالکؒ، اور حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے مسلک پر کہ قربانی صرف تین ہی دن جائز ہے، اس لئے حضرات ائمہ ثلاثہ کے متبعین کے لئے اس قول سے خروج اور عدول جائز نہیں، اس لئے اگر ان کے متبوعین میں سے کوئی چوتھے دن قربانی کرے گا تو اس کی قربانی بالکل درست نہیں ہوگی، اب اس کے بعد ہم استفتاء کے ساتھ بھیجے گئے کتابچہ میں مذکور دلائل واقوال کے جوابات پیش کرتے ہیں:

پہلی آیت کریمہ کا جواب:

پہلی آیتِ کریمہ: ﴿وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْ اَيَّامٍ مَعْلُوْمَاتٍ﴾ سے کیا مراد ہے؟ وہ ہم نے شروع میں ذکر کر دیا کہ اس سے مراد قربانی کے تین ہی دن ہیں، جیسا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ، حضرت علیؓ، حضرت ابن عمرؓ، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ، حضرت انسؓ، حضرت ابوہریرہؓ، حضرت عمرؓ اور حضرت جابر بن عبد اللہؓ جیسے کبار صحابہ کا یہی مسلک ہے، اس لئے چند حضرات مفسرین کے اقوال کا سہارا لے کر مذکورہ آیت سے قربانی کے ۴ دن جائز ہونے پر استدلال درست نہیں۔

دوسری آیتِ کریمہ کا جواب:

رہی بات دوسری آیتِ کریمہ: ﴿وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فِيْ اَيَّامٍ مَعْلُوْمَاتٍ﴾ کا تو اس میں دور دور تک کہیں بھی قربانی کے تین یا چار دن کے جواز اور عدم جواز کی کوئی دلیل نہیں، اور نہ ہی اس آیت مبارکہ کا تعلق قربانی سے ہے، یہ تو کتابچہ کے مؤلف موصوف کی چابکدستی اور عوام الناس کی آنکھوں میں خواہ مخواہ آیت کا اضافہ کر کے دھول جھونکنے کی مذموم کوشش معلوم ہو رہی ہے، اس آیت کا تعلق ''رمی جمار'' یعنی حج میں کنکری مارنے سے ہے، ''وَاذْكُرُوا اللّٰهَ'' سے مراد تکبیراتِ تشریق ہے، جو اِن دنوں میں پڑھنا واجب ہے، اور ﴿فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ﴾ کا تعلق رمی جمار سے ہے، زمانۂ جاہلیت میں اِس سلسلہ میں اختلاف تھا کہ تین دنوں تک کنکری مارنا ضروری ہے یا دو دن میں بھی کنکری مار کر واپس آسکتے ہیں، اِس لئے اِن دونوں فریقوں میں

Marfat.com

بطور فیصلہ یہ کیا گیا کہ تین دن تو بہتر ہیں، مگر کوئی دو ہی دن میں کنکری مار کر واپس آنا چاہے تو بھی کوئی حرج نہیں۔ اِس کی تفصیل کے لئے دیکھئے: علامہ شوکانی کی تفسیر (فتح القدیر ۱/۲۰۵ مطبوعہ مکہ المکرّمہ اور معارف القرآن ۱/۴۳۷)

یہی بات امام ابوبکر جصاص رازی لکھتے ہیں: ﴿فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلاَ اِثْمَ عَلَيْهِ وَمَنْ تَأَخَّرَ فَلاَ اِثْمَ عَلَيْهِ﴾ واتفق أهل العلم على أن قوله بيان لمراد الآية في قوله أيام معدودات (احكام القرآن) يعنى فمن تعجل الخ ايام معدودات کی مراد (یعنی کنکری مارنا) کا بیان ہے، اور اِسی بات پر اہل علم حضرات کا اتفاق ہے، اسی آیت کی تفسیر کرتے ہوئے آگے رقم طراز ہیں کہ:

فمن تعجل في يومين فلا إثم عليه، وذلك لا يتعلق بالنحر، وإنما يتعلق برمي الجمار المفعول في أيام التشريق. (أيضاً)

فمن تعجل في يومين الخ اِس آیت کا تعلق قربانی سے ہے ہی نہیں؛ بلکہ اس کا تعلق رمی جمار سے ہے، جو ایامِ تشریق میں کیا جاتا ہے۔

لہٰذا اِس آیت سے استدلال درست نہیں:

نقل کی گئی احادیث کے جوابات

اَب ہم کتابچہ میں مذکورا حادیثِ مبارکہ کے جوابات پیش کرتے ہیں۔

پہلی روایت کا جواب:

پہلی روایت جو کتابچہ میں پیش کی گئی ہے "كل أيام التشريق ذبح" یہ روایت سلیمان بن موسیٰ عن جبیر بن مطعم کے واسطے سے مروی ہے، اور اِس بات پر تمام ہی اصحابِ جرح وتعدیل کا اتفاق ہے کہ سلیمان بن موسیٰ کی ملاقات حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے نہیں ہوئی ہے؛ لہٰذا درمیان سے کوئی نہ کوئی روای کم از کم ایک ہی سہی ضرور حذف ہوئے ہیں، اس لئے یہ روایت منقطع ہوئی، جیسا کہ خود امام ابن قیم جوزی لکھتے ہیں: لكن الحديث منقطع

Marfat.com

لایثبت وصله. (زادالمعاد ۳۱۸/۲ بیروت) یعنی یہ حدیث منقطع ہے، اوراس کا موصول ہونا ثابت نہیں، اوراسی روایت کی دوسری سند جو من حدیث سلیمان بن موسی عن عمر بن دینار آئی ہے، یہ گوکہ منقطع نہیں ہے، متصل ہے، مگراس سند میں بھی ایک راوی ''ابوسعید'' ہیں جو قابل اطمینان نہیں تھے، دارقطنی میں اس کے بارے لکھا ہے: ''وأبو معيد بمثناة فيه لين''. (سنن الدار قطني ۲۸٤/٤) یعنی ابومعید ''یا'' کے ساتھ ہے، اوراس میں خفت تھی یعنی یہ راوی ٹھیک ٹھاک نہیں تھے، اس کے علاوہ حضرت جبیر بن مطعمؓ کی روایت میں سنداً اضطراب بھی ہے۔ خلاصۂ کلام یہ کہ یہ روایت منقطع بھی ہے، اور مضطرب بھی اور دونوں ہی قسمیں ضعیف ہیں اس لئے کہ روایت سے بھی استدلال درست نہیں ہے۔

دوسری روایت کا جواب:

دوسری حدیث کے عنوان کے تحت جو حدیث پاک ذکر کی گئی ہے، وہ بلاشبہ سنداً صحیح ہے مگر اس کا تعلق قربانی سے دور کا بھی نہیں، اس میں تو یہ چیز صراحت کے ساتھ بیان کی گئی ہے کہ کن کن ایام میں روزہ رکھنا منع ہے، اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ پانچ دنوں میں روزہ رکھنا منع ہے، تو اس سے یہ کہاں ثابت ہوتا ہے کہ قربانی کے ۴ ردن ہیں؟ اس لئے حدیث کا ترجمہ کرتے ہوئے یہ لکھنا کہ قربانی کے چار دن ہیں جہالت کے سوا کچھ نہیں۔

تیسری روایت کا جواب:

تیسری روایت ''فجاج منی منحر'' اِس کا جواب یہ ہے کہ یہ روایت بھی منقطع ہے، اس لئے کہ مسند احمد اور ابن حبان میں یہ روایت بسند ''عبدالرحمٰن بن حسین عن جبیر بن مطعم'' مروی ہے، اور یہی روایت دارقطنی اور مسند احمد میں بھی بسند سلیمان بن موسی عن جبیر بن مطعم مروی ہے، مگر دونوں سندوں میں انقطاع ہے، اس لئے جس طرح سلیمان بن موسی کی ملاقات حضرت جبیر بن معطمؓ سے ثابت نہیں اسی طرح عبدالرحمٰن بن حسین کی ملاقات بھی حضرت جبیرؓ سے ثابت نہیں، اس لئے یہ بھی ضعیف روایت ہے، اور اس سے استدلال درست نہیں۔ (عمدۃ القاری ۱۴۸/۲۱)

Marfat.com

چوتھی روایت کا جواب:

چوتھی روایت: "التشریق کلها ذبح" یہ روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بطریق "معاوية بن يحيى الصدفي" مروی ہے، اور معاویہ بن یحییٰ الصدفی باتفاق محدثین ضعیف ہیں، صاحبِ زادالمعاد ابن قیم اُن کے بارے میں لکھتے ہیں: "وفيه معاوية بن يحيى الصدفي وهو ضعيف" کہ اس سند میں معاویہ بن یحییٰ صدفی ضعیف ہیں۔ (زادالمعاد ۲/۳۱۸)

ان کے بارے میں علامہ عینی رحمۃ اللہ علیہ شارح بخاری لکھتے ہیں:

معاوية بن يحيى ضعفه النسائي وابن معين، وعلي ابن المديني، وقال ابن أبي حاتم في كتاب العلل: قال أبي هذا حديث موضوع بهذا الإسناد. (عمدة القاري ٢١/١٤٨)

معاویہ بن یحییٰ کو امام نسائی، ابن معین اور علی ابن المدینی نے ضعیف قرار دیا ہے، اور ابن ابی حاتم نے اپنے والد کے حوالہ سے کتاب العلل میں یہ لکھا ہے کہ یہ حدیث اس سند کے ساتھ موضوع ہے۔

اور اِس روایت کی سند میں شدید اضطراب بھی ہے، اس لئے یہ روایت بھی مضطرب اور ضعیف ہے، جس سے استدلال درست نہیں۔

پانچویں روایت کا جواب:

پانچویں روایت: "أيام التشريق كلها أيام ذبح" یہ روایت بھی بطریق معاویہ بن یحییٰ عن ابی سعید الخدری" مروی ہے اور معاویہ بن یحییٰ ضعیف ہیں، جیسا کہ ابھی اوپر چوتھی روایت کے جواب میں گذرا، دیکھئے زادالمعاد ۲/۳۱۸، عمدۃ القاری ۲۱/۱۴۸، اور اعلاء السنن ۱۷/۲۳۴؛ لہٰذا اِس سے استدلال درست نہیں؛ اس لئے کہ یہ روایت ضعیف ہے، اور ضعیف روایت سے استدلال درست نہیں ہوتا ہے۔

Marfat.com

چھٹی روایت کا جواب:

یہ روایت: ''أیام التشریق کلها أیام ذبح'' بھی ضعیف ہے؛ اِس لئے کہ یہ بھی بطریق ''معاویہ بن یحییٰ'' مروی ہے، لہٰذا اس سے بھی استدلال درست نہیں، دیکھئے زاد المعاد ۳۱۸/۲، عمدۃ القاری ۱۴۸/۲۱۔

ساتویں روایت کا جواب:

ساتویں روایت ''أیام منی کلها منحر'' یہ روایت بھی منقطع ہے، دیکھئے علامہ عینی اس کے بارے میں لکھتے ہیں کہ:

قلت: هٰذا رواه أحمد وابن حبان من حديث عبد الرحمن بن أبي حسين عن جبير بن مطعم ..... فيكون منقطعًا.

(عمدة القاري ۱۴۸/۲۱)

یہ روایت مسند احمد اور ابن حبان میں بسند عبدالرحمٰن بن حسین عن جبیر بن مطعم مروی ہے، لہٰذا منقطع ہے اس لئے کہ عبدالرحمٰن کی ملاقات حضرت جبیرؓ سے ہوئی نہیں تھی، لہٰذا اس سے بھی استدلال درست نہیں ہے۔

آٹھویں روایت کا جواب:

آٹھویں روایت: ''أیام التشریق کلها ذبح'' یہ روایت بھی ضعیف ہے؛ اِس لئے کہ اس کی سند میں ''معاویہ بن یحییٰ'' راوی ہیں جو باتفاق علماء ضعیف ہیں، جیسا کہ چوتھی روایت کے جواب میں لکھا گیا ہے، دیکھئے زاد المعاد ۳۱۸/۲، عمدۃ القاری ۱۴۸/۲۱؛ لہٰذا اِس سے بھی استدلال درست نہیں ہے۔

نویں روایت کا جواب:

نویں روایت: ''أیام التشریق کلها ذبح'' یہ روایت بھی ضعیف ہے؛ اِس لئے کہ یہ روایت بھی بطریق ''معاویہ بن یحییٰ عن ابی ہریرۃ'' مروی ہے، اور معاویہ بن یحییٰ ضعیف ہیں،

Marfat.com

دیکھئے زاد المعاد ۲/۳۱۸، عمدۃ القاری ۲۱/۱۴۸، اور اعلاء السنن ۱۷/۲۳۴۔ الحاصل یہ کہ یہ کل کی کل نو روایتیں یا تو ضعیف یا پھر منقطع اور مضطرب ہیں، اِس لئے کسی سے بھی استدلال درست نہیں؛ کیوں کہ جمہور علماء کا مسلک یہ ہے کہ حلال وحرام کے باب میں ضعیف روایتیں معمول بہا نہیں ہوتی ہیں۔

اَقوالِ صحابہؓ کے جوابات:

ابن کثیر کے حوالہ سے حضرت ابن عمرؓ کا جو قول نقل کیا گیا ہے وہ مسلم نہیں، اس سے زیادہ صحیح اور قوی سند سے حضرت ابن عمرؓ کا جو قول نقل کیا گیا ہے وہ یہ ہے کہ قربانی کے تین دن ہیں، دیکھئے مؤطا مالک، احکام القرآن، تفسیر مدارک، تفسیر روح المعانی اور زاد المعاد، اور یہی بات بعینہٖ حضرت ابن عباس اور حضرت علیؓ کے بارے میں ہے کہ ان سے صحیح سندوں کے ساتھ یہی مروی ہے کہ قربانی تین ہی دن تک مشروع ہے۔ دیکھئے: السنن الکبری ۹/۲۹۷، روح المعانی ۱۰/۲۱۵، اور زاد المعاد ۲/۲۱۹۔

اَب صرف اقوالِ صحابہ میں سے حضرت جابر بن عبداللہ کی بات رہ گئی کہ ”قربان گاہ منی کی تمام جگہ ہے“ تو اس کے بارے ہم پہلے ہی لکھ چکے ہیں، جن سندوں کے ساتھ یہ روایت مروی ہے وہ منقطع ہے، لہٰذا اس سے استدلال درست نہیں۔ دیکھئے: عمدۃ القاری شرح بخاری ۲۱/۱۴۸ وغیرہ۔

اَب جہاں تک بات رہی صاحبِ تفسیر معالم التنزیل، جامع البیان، مدارک، تفسیر فتح القدیر، خازن، جلالین، ابن کثیر، امام شافعی، امام ابن قیم، حضرت حسن بصری، امام عطاء، امام اوزاعی، امام شوکانی اور امام نووی کی تفسیروں اور شہادتوں کا، تو اس کا جواب یہ ہے کہ ان تمام لوگوں کی تفسیروں اور شہادتوں کا مدار سورۂ حج کی آیت اور نقل شدہ روایات پر تھا، جن کا جواب دیا جا چکا، تو اَب اُن کا جواب بھی نکل آیا کہ جب اصل ہی ثابت نہیں تو پھر فرع کہاں سے ثابت ہوگا، ایسے ہی حضرت شاہ عبدالقادر کی نقل شدہ شہادت کا جواب یہ ہے کہ اس کا مدار حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی تفسیر پر ہے، اور اس کا جواب دیا جا چکا۔

Marfat.com

کتابچہ میں مذکور کچھ غلط باتوں کی نشان دہی:

(۱) کتابچہ میں ص:۱۰ پر تفسیر مدارک کے حوالہ سے حضرات صاحبینؒ کا یہ مسلک نقل کرنا سوء فہمی ہے کہ قربانی کے چار دن ہیں، صاحب تفسیر مدارک نے جو نقل کیا ہے وہ آپ بھی پڑھئے:

في أيام معلومات – عند صاحبيه أيام النحر وهو قول ابن عمر. (تفسیر مدارك)

ایام معلومات سے مراد حضرات صاحبین کے نزدیک ایام نحر ہیں، اور یہی قول حضرت ابن عمرؓ کا ہے۔

اور ہم پہلے معتبر کتابوں کے حوالہ سے یہ نقل کر چکے ہیں کہ حضرت ابن عمرؓ ایام نحر سے کتنے دن مراد لیتے ہیں، جیسا کہ مؤطا امام مالک میں ہے کہ حضرت ابن عمر کا مسلک یہ ہے کہ قربانی کے ۳/دن ہیں، اور یہی مراد حضرات صاحبینؒ کی بھی ہے۔ دیکھئے: شامی ۹/۴۶۱، ہدایہ ۴/۴۴۶ اور مؤطا امام مالک ۳۱۷ رقم ۱۲، کتاب الضحایا وغیرہ۔

(۲) کتابچہ کے صفحہ ۱۳/ پر صاحبِ ہدایہ کے قول کہ ''ایام تشریق ۴/دن ہیں'' سے یہ کہنا کہاں لازم آرہا ہے کہ قربانی بھی چار دن تک جائز ہے، صاحبِ ہدایہؒ کا مسلک تو یہ ہے کہ: ''وهي جائزة في ثلاثة أيام يوم النحر ويومان بعده. (الهداية ٤/٤٣٠) یعنی قربانی تین ہی دن تک جائز ہے اس لئے اس سے قربانی کے چار دن ثابت کرنا جہالت کے سوا کچھ نہیں۔

(۳) اِسی طرح کتابچہ کے صفحہ ۱۶ پر حافظ ابن حجرؒ کی طرف اس قول کی نسبت درست نہیں کہ اُنہوں نے کہا کہ ایامِ معلومات سے مراد عید کا دن اور تین دن اس کے بعد ہیں، بلکہ حافظ ابن حجرؒ کو تو اِس بارے میں تردد ہے کہ اس سے مراد تین دن ہیں یا چار دن ہیں؟ وہ لکھتے ہیں: ويحتمل أن يكون أراد أن أيام النحر الأربعة أو الثلاثة. (فتح الباري ۹/۱۳ بيروت) احتمال ہے کہ اِس سے مراد ۳/دن ہوں یا چار دن۔

وجوہِ ترجیح دلائل حضرات ائمہ ثلاثہؒ:

الغرض ماقبل کی اس قدر گفتگو سے یہ بات ثابت ہو چکی کہ ان حضرات کے نزدیک جو

Marfat.com

۴ردن تک جواز قربانی کے قائل ہیں، کوئی قوی دلیل موجود نہیں، اِس کے برخلاف حضراتِ احناف اور حضرت امام مالکؒ اور حضرت امام احمد بن حنبلؒ کے مسلک کہ قربانی صرف تین ہی دن تک جائز ہے، پر الحمدللہ صحیح روایات وآثار موجود ہیں، جو شروع میں پیش کئے جا چکے۔ اَب ہم مختصراً حضرات ائمہ ثلاثہ کے مسلک کے دلائل کی وجوہات ترجیح بیان کرتے ہیں:

(۱) حضرات ائمہ ثلاثہ کے دلائل میں روایات مرفوع اور قوی الاسناد ہیں، جب کہ دیگر حضرات کی مستدل روایات ضعیف، منقطع اور مضطرب ہیں، جیسا کہ پہلے ثابت کیا جا چکا۔

(۲) ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کی مستدل روایات سنداً عالی ہیں، اور دیگر حضرات کی روایات سنداً نازل ہیں۔

(۳) حضرات ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کی مستدل روایات محرم ہیں، اور دیگر حضرات کی روایات مبیح ہیں۔

(۴) حضرات ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کی روایات منفی ہیں، اور دیگر حضرات کی روایات "مثبت" ہیں۔

(۵) حضرات ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کی روایات "احوط" ہیں، جب کہ دیگر حضرات کی روایات "غیر احوط"۔

اور یہ بات مسلم ہے کہ قوی الاسناد کو ضعیف الاسناد پر، مرفوع کو منقطع پر، سند عالی کو سند نازل پر، محرم کو مبیح پر، منفی کو مثبت پر، اور احوط کو غیر احوط پر ترجیح ہوتی ہے؛ لہٰذا اِن پانچ وجہوں سے حضراتِ ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ کی مستدل روایات کہ قربانی صرف تین ہی دن تک جائز ہے، اِن روایات پر راجح اور مقدم ہوگی جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قربانی ۴ردن جائز ہے، اِس لئے مطمئن ہوکر بہر حال تین ہی دن کے اندر قربانی کرنی ضروری ہے، اِس کے بعد اجازت نہیں۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۱/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

تکبیرِ تشریق

تکبیرِ تشریق کا پس منظر کیا ہے؟

سوال (٦٥):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: تکبیرِ تشریق کا پس منظر کیا ہے، مستند جواب کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: تکبیرِ تشریق کے پسِ منظر کے بارے میں محدثین کے نزدیک تو کوئی صراحت نہیں ملتی؛ البتہ فقہاء اِس کا پس منظر یہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام جب حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بدلہ میں جانور لے کر پہنچے، اور اُنہوں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اِس حال میں دیکھا کہ وہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبح کرنے کی تیاری کررہے ہیں، تو اُن کو یہ خوف ہوا کہ اگر مجھ کو پہنچنے میں دیر ہوگئی، تو ہوسکتا ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام حضرت اسماعیل کو ذبح کرڈالیں؛ لہٰذا اُنہوں نے ابراہیم کو متنبہ کرنے کے لئے دور سے یہ الفاظ کہے: اللّٰہ أکبر اللّٰہ أکبر ،جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ان کو دیکھا تو آپ نے کہا: لا إلٰہ إلا اللّٰہ واللّٰہ أکبر اور جب حضرت اسماعیل کو اِس کا علم ہوا کہ میرے بدلہ میں ذبح ہونے کے لئے اللہ تعالیٰ نے جانور بھیج دیا ہے، اور اَب مجھ کو نہیں ذبح ہونا ہے، تو اُنہوں نے کہا: اللّٰہ أکبر وللّٰہ الحمد.

وقد ذکر الفقهاء: أنه ماثورٌ عن الخلیل علیه السلام، وأصله أن جبرئیل علیه السلام لما جاء بالفداء خاف العجلة علی إبراهیم، فقال: اللّٰہ أکبر اللّٰہ أکبر، فلما راٰه ابراهیم علیه السلام قال: لا إلٰه إلا اللّٰہ واللّٰہ أکبر، فلما علم

Marfat.com

إسماعيل الفداء، قال إسماعيل: الله أكبر ولله الحمد، كذا في غاية البيان وكثير من الكتب ولم يثبت عند المحدثين كذا في الفتح القدير. (البحر الرائق، كتاب الصلاة / باب العيدين ۱۶۵/۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲/۲/۱۴۲۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

تکبیرِ تشریق کی واجبی مقدار، اور عورتوں پر تکبیرِ تشریق کا حکم؟

سوال (۶۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ماہنامہ ندائے شاہی اکتوبر 2013 ص ۳۱ میں تحریر کیا گیا ہے کہ ”تکبیرِ تشریق تین مرتبہ پڑھنا افضل ہے“۔ حالاں کہ تحفۂ رمضان ۱۶۷ اور احسن الفتاویٰ ۱۵۶/۴ پر تین مرتبہ پڑھنا خلافِ سنت ہے، اور اِسی طرح مذکورہ رسالہ میں یہ بھی ہے کہ عورتوں پر واجب نہیں ہے، جب کہ تحفۂ رمضان ۱۶۷ اور خطباتِ حج وقربانی ۶۷، جواہر الفقہ ۴۴، مقالاتِ حبیب ۳۰۶/۱ اور اہم مسائل ۱۷۶ میں اس کے برعکس ہے؛ لہٰذا آپ سے عرض ہے کہ دونوں اقوال میں راجح اور مفتی بہ قول کیا ہے؟ مجمع عام میں کیا بیان کریں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مفتی بہ قول کے مطابق تکبیرِ تشریق ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ کہنا مرد وعورت امام ومنفرد اور مقتدی سب پر واجب ہے، اور واجب سمجھ کر تین مرتبہ کہنا خلافِ سنت ہے؛ لیکن اگر واجب نہ سمجھیں؛ بلکہ ذکر مستحب کے طور پر تکبیرِ تشریق کئی مرتبہ دہرالیں تو اِس میں کوئی حرج نہیں ہے؛ بلکہ اِس میں اضافی ثواب الگ سے ملے گا، اور ندائے شاہی کے محولہ مضمون میں جو تکبیرِ تشریق تین مرتبہ پڑھنا افضل کہا گیا ہے، اُس کا مطلب وہی ہے جو اوپر مذکور ہوا۔ اِس تفصیل کے اعتبار سے دیگر کتابوں سے کوئی تعارض لازم نہیں آتا؛ البتہ اِس مضمون میں جو یہ لکھا گیا ہے کہ تکبیرِ تشریق عورتوں پر واجب نہیں ہے یہ قول مرجوح ہے، راجح یہی

Marfat.com

ہے کہ عورتوں پر بھی تکبیرِ تشریق واجب ہے۔ (مستفاد: جواہر الفقہ ۴۴۶/۱، فتاویٰ حقانیہ ۳۹۳/۳، ایضاح المسائل ۳۷، کتاب المسائل ۳۳۴/۲)

عن جابر بن عبد الله رضي الله عنه قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يكبر في صلاة الفجر يوم عرفة إلى صلاة العصر من آخر أيام التشريق، حين يسلم من المكتوبات. (سنن الدار قطني / باب العيدين ۳۷/۲ رقم: ۱۷۱۹)

عن الأسود قال: كان عبد الله يكبر من صلاة الفجر يوم عرفة إلى صلاة العصر من يوم النحر، يقول: "الله أكبر الله أكبر الله أكبر، لا إله إلا الله والله أكبر الله أكبر ولله الحمد". (المصنف لابن أبي شيبة، كتاب الصلاة / التكبير من أي يوم هو؟ ۱۹۵/٤ رقم: ٥٦٧٩)

عن همام قال: رأيت قتادة صلى وحده أيام التشريق، فكبر. (المصنف لابن أبي شيبة، كتاب الصلاة / في الرجل يصلي وحده يكبر أم لا؟ ۲٤١/٤ رقم: ٨٥٨٢)

عن إبراهيم قال: كان يحب للنساء أن يكبرن دبر الصلاة أيام التشريق. (المصنف لابن أبي شيبة، كتاب الصلاة / في النساء عليهن تكبير أيام التشريق ۲٥١/٤ رقم: ٥٩١٤)

وقال البيهقي: وروينا عن النبي صلى الله عليه وسلم أنه قال: أيام التشريق أيام أكل وشرب وذكر الله، وأنه صلى الله عليه وسلم كبّر على الصفا وكان مسافرًا.

وروينا عن ابن عمر وأنس بن مالك رضي الله عنهما في تكبيرهم يوم عرفة عند الغد ومن منى إلى عرفة، وكانوا مسافرين.

وعن أم عطية في الحيّض: يخرجن يوم العيد فيكن خلف الناس يكبرن مع الناس.

وكانت ميمونة رضي الله عنها تكبّر يوم النحر.

وكان النساء يكبرن خلف أبان بن عثمان وعمر بن عبد العزيز ليالي التشريق مع الرجال في المسجد.

Marfat.com

وكان الشعبي وإبراهيم النخعي يقولان هٰذا القول. (السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب صلاة العيدين / باب سنة التكبير للرجال والنساء والمقيمين والمسافرين ١٠٦/٥، بحواله: الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الصلاة / كيف تكبير التشريق ٦٣٩/٢-٦٤٠ تحت رقم: ٣٤٧٧ زكريا)

ويجب تكبير التشريق في الأصح للأمر به مرةً، وإن زاد عليها يكون فضلاً (الدر المختار) قوله: وإن زاد: أفاد أن قوله "مرةً" بيان للواجب. (الدر المختار مع الشامي / باب العيدين، مطلب: يطلق اسم السنة على الواجب ٦٢/٣ زكريا)

ويأتي به مرةً وما زاد فهو مستحب. قاله بدر العيني في شرح التحفة: وأقره في الدر. وفي الجموي عن القراحصاري: الإتيان به مرتين خلاف السنة. وفي مجمع الأنهر: إن زاد فقد خالف السنة. ولعلّ محله ما إذا أتى به على أنه سنة، وأما إذا أتى به على أنه ذكر مطلق فلا. (حاشية الطحطاوي / أحكام العيدين ٢٩٤ كراچی)

وصفته أن يقول مرة واحدةً، وإن زاد عليها يكون فضلا الخ. (سكب الأنهر على مجمع الأنهر ٢٦٠/١ دار إحياء التراث العربي بيروت)

وأما عدده وهيئته فهي أن يقول مرةً واحدةً: اللّٰه أكبر اللّٰه أكبر الخ. (تبيين الحقائق ٥٤٥/١ زكريا)

وعندهما كل من صلى المكتوبة في هٰذه الأيام فعليه التكبير مقيمًا كان أو مسافرًا رجلاً كان أو امرأةً في المصر أو في غير المصر في الجماعات أو وحده الخ. (خلاصة الفتاوىٰ ٢١٦/١ كراچی والمكتبة الأشرفية ديوبند)

ويجب تكبير التشريق - إلى قوله - على إمام مقيم بمصرَ وعلى مقتدٍ أو مسافرٍ أو قروي أو امرأة، وقالا: بوجوبه فور كل فرض مطلقًا، ولو منفردًا أو مسافرًا أو امرأة؛ لأنه تبع للمكتوبة. (الدر المختار) فيجب على كل من تجب عليه الصلاة المكتوبة. قوله: وعليه الاعتماد: هٰذا بناء على أنه إذا اختلف الإمام

Marfat.com

وصاحباه فالعبرة لقوة الدليل وهو الأصح. (الدر المختار مع الشامي / باب العيدين، مطلب: المختار أن الذبيح إسماعيل ٦٣/٣-٦٤ زكريا)

وقالا هو على كل من يصلي المكتوبة؛ لأنه تبع للمكتوبة. (تبيين الحقائق ٥٤٥/١ زكريا)

يجب على الرجال والنساء تكبير التشريق في الأصح مرةً. (الفقه الإسلامي وأدلته ٣٤١/٢) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۲/۱۴۳۵ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اَیامِ تشریق کی تکبیر کتنی مرتبہ پڑھنی چاہئے؟

سوال (٦٧):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اَیامِ تشریق کی تکبیر کتنی مرتبہ پڑھنی چاہئے؟
باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: تکبیرِ تشریق ایک مرتبہ کہنا واجب ہے۔ (فتاویٰ رحیمیہ ۷۹/۳، ایضاح المسائل ۳۷)

عن جابر بن عبد الله رضي الله عنه قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا صلى الصبح من غداة عرفة يقبل على أصحابه، فيقول: على مكانكم، ويقول: "الله أكبر الله أكبر، لا إله إلا الله، والله أكبر الله أكبر ولله الحمد" فيكبر من غداة عرفة إلى صلاة العصر من آخر أيام التشريق. (سنن الدارقطني / باب العيدين ٣٨/٢ رقم: ١٧٢١)

عن أبي الأحوص عن عبد الله أنه كان يكبر أيام التشريق: "الله أكبر الله أكبر الله أكبر، لا إله إلا الله، والله أكبر ولله الحمد".

Marfat.com

عن شريک قال: قلت لأبي إسحٰق: كيفل كان تكبير علي وعبد اللّٰه؟ فقال: كانا يقولان: "اللّٰه أكبر اللّٰه أكبر، لا إلٰه إلا اللّٰه، واللّٰه أكبر اللّٰه أكبر وللّٰه الحمد".

(المصنف لابن أبي شيبة، كتاب الصلاة / كيف يكبر يوم عرفة ۱۹۹/٤-۲۰۰ رقم: ۵۶۹۷-۵۶۹۹)

عن ابن عباس رضي اللّٰه عنهما أنه كان يقول: اللّٰه أكبر كبيرًا، اللّٰه أكبر كبيرًا، اللّٰه أكبر وأجل، اللّٰه أكبر وللّٰه الحمد. (المصنف لابن أبي شيبة، كتاب الصلاة / كيف يكبر يوم عرفة؟ ۲۰۰/٤ رقم: ۵۷۰۱)

أما صفته فإنه واجب وأما عدده وماهيته فهو أن يقول مرة واحدة: "اللّٰه أكبر اللّٰه أكبر، لا إلٰه إلا اللّٰه واللّٰه أكبر اللّٰه أكبر وللّٰه الحمد". (الفتاوىٰ الهندية ۱۵۲/۱)

والتكبير أن يقول مرة واحدة: اللّٰه أكبر اللّٰه أكبر ..... وهو عقيب الصلاة المفروضات على المقيمين في الأمصار في الجماعات المستحبة عند أبي حنيفة. (الهداية ۱۷۵/۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۸/۴/۱۴۲۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ایک سے زائد مرتبہ تکبیرِ تشریق کہنا؟

سوال (۶۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: تشریق ایک سے زائد مرتبہ کہنے میں جواز، استحباب اور کراہیۃ مختلف اقوال ہیں، مفتی بہ قول کیا ہے؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: والتكبير أن يقول: مرةً واحدةً، وهو قول عمر بن الخطاب وابن مسعود، وقولنا: هو مذهب عمر بن الخطاب وعبد اللّٰه بن مسعود. (عيني شرح الهداية ۱۰۳۰/۱)

ويأتي به مرةً وما زاد فهو مستحب، قاله العيني في شرح التحفة، وأقره في

Marfat.com

الدر. وفي الحموي عن القرا حصارى: الإتيان به مرتين خلاف السنة. (طحطاوي ٢٩٤)

ويجب تكبير التشريق في الأصح للأمر به مرةً وإن زاد عليها يكون فضلاً قاله العيني؛ لكن ذكر أبو السعود أن الحموي نقل عن القرا حصارى أن الإتيان به مرتين خلاف السنة، قلت في الأحكام عن البرجندي. ثم المشهور من قول علمائنا أنه يكبر مرة، وقيل: ثلاث مرّات. (شامي ٦١/٣-٦٢ زكريا)

اِن عبارات فقہیہ اوراَکابر کے فتاویٰ سے معلوم ہوا کہ راجح قول یہ ہے کہ ایک مرتبہ تکبیرِ تشریق کہی جائے اور ایک سے زائد کہنے میں کوئی حرج نہیں ہے، اور ایک سے زائد تکبیر کو سنت سمجھ کر پڑھنا مکروہ ہے، محض ذکر سمجھ کر پڑھنا مکروہ نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ دار العلوم ٢٠٤/٥، امداد الفتاویٰ ١/٧١١، احسن الفتاویٰ ١٥٢/٤)

وفي مجمع الأنهر: إن زاد فقد خالف السنة ولعل محله إذا أتى به على أنه سنة، وأما إذا أتى به على أنه ذكر مطلق فلا. (طحطاوي ٢٩٤) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٢/٤/١٤١٩ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

یومِ عرفہ کی فجر سے تکبیرِ تشریق کیوں پڑھی جاتی ہے؟

سوال (٦٩):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: تکبیرِ تشریق کی ابتداء یوم النحر میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حضرت اسماعیل علیہ السلام کو ذبح کرنے کے وقت سے ہوئی ہے، پھر یوم العرفہ کی فجر سے تکبیرِ تشریق کیوں پڑھی جاتی ہے؟ مع حوالہ کتب تحریر فرمائیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: تکبیرِ تشریق کی مشروعیت کا سبب وقت کی تعظیم بھی ہے، یعنی جن اَیام میں مناسک حج ادا کئے جاتے ہیں، جن کی ابتداء عرفہ کے دن سے انتہاء تیرہویں

Marfat.com

تاریخ کو ہوتی ہے، اُن کی تعظیم مقصود ہے، اِس لئے اشکال کی کوئی وجہ نہیں۔

لأن التكبير لتعظيم الوقت الذي شرع فيه المناسك، وأوله يوم عرفة، إذ فيه يقام معظم أركان الحج وهو الوقوف. (بدائع الصنائع ٤٥٩/١ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۹/۱۱/۱۴۲۶ھ

نماز عیدالاضحیٰ کے بعد تکبیرِ تشریق زور سے پڑھنا؟

سوال (۷۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: عیدالاضحیٰ کی نماز کے بعد بالجہر تکبیرِ تشریق پڑھنی واجب ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عیدالاضحیٰ کی نماز کے بعد بالجہر تکبیر تشریق پڑھنا بالاتفاق ثابت اور جائز ہے؛ البتہ وجوب واستحباب میں اختلاف ہے؛ لیکن قول وجوب راجح ہے۔

(مستفاد: احسن الفتاویٰ ۱۳۵/۴)

كذا في الدر المختار: ولا بأس به عقب العيد؛ لأن المسلمين توارثوه فوجب اتباعهم وعليه البلخيون، قال الشامي: قوله: فوجب الظاهر أن المراد بالوجوب الثبوت لا الوجوب المصطلح عليه، وفي البحر عن المجتبى: والبلخيون يكبرون عقب صلاة العيد؛ لأنها تؤدى بجماعة فأشبهت الجمعة. وهو يفيد الوجوب المصطلح عليه. (الدر المختار مع الشامي، باب العيدين / مطلب كلمة لا بأس قد تستعمل في المندوب، كذا في البحر الرائق ١٦٥/٢)

وفي الحجة: سئل الفقيه أبو الليث عن التكبير بالجهر بعد صلاة العيد يوم النحر؟ قال: على قول أصحابنا غير مسنون، ولكن الناس اعتادوا التكبير بعد صلاة العيد فلا بأس بذلك، والفتوىٰ على أنهم يمنعون. ويجهر بالتكبير

Marfat.com

في طريق المصلى، روى المعلى عن أبي يوسف عن أبي حنيفة أنه لا يجهر، وروى الطحاوي عن أستاذه عن أبي عمر عن أبي حنيفة أنه يجهر، وهو قول أبي يوسف ومحمد. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الصلاة / الفصل السابع والعشرون في تكبيرات أيام التشريق ٦٤٣/٢ رقم: ٣٤٨٧ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲/۲/۱۴۲۰ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جمعہ کی نماز کے بعد تکبیر تشریق پڑھنا؟

سوال (۷۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اَیامِ تشریق کے دوران اگر جمعہ آجائے تو بعد نماز جمعہ تکبیراتِ تشریق بلند آواز سے پڑھنا واجب ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اَیامِ تشریق میں جمعہ کی نماز کے بعد بھی آواز بلند تکبیر تشریق پڑھی جائے گی۔

عقب كل فرض عيني. (الدر المختار) شمل الجمعة۔ (الدر المختار مع الشامي / باب العيدين ٦٣/٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۳/۱۱/۱۴۲۰ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کیا مسبوق پر جہراً تکبیرِ تشریق پڑھنا واجب ہے؟

سوال (۷۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مسبوق کے ذمہ تکبیرِ تشریق جہراً پڑھنا ضروری ہے یا نہیں؟ اگر ضروری ہے تو جہراً پڑھنے سے متعلق صریح جزئیہ درکار ہے۔

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حضرت اِمام اَبوحنیفہؒ کے نزدیک مسبوق کے لئے تکبیرِ تشریق جہراً پڑھنا ضروری نہیں ہے، اور آہستہ پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔

عن محمد بن فضيل قال: رأيت ابن شبرمة غير مرةٍ إذا فاته شيء من الصلاة أيام التشريق قام فقضى ثم كبر.

عن الحسن وابن سيرين في الرجل تفوته الركعة أيام التشريق، قال ابن سيرين: يقضي، ثم يكبر، وقال الحسن: يكبر ثم يقضي. (المصنف لابن أبي شيبة، كتاب الصلاة / باب في الرجل تفوته الركعة أيام التشريق كيف يصنع؟ ٢٣٩/٤ رقم: ٥٨٧٣-٥٨٧٥)

المسبوق هل يأتي تكبيرات التشريق إذا فرغ من صلاته؟ لا شك أن على قول أبي يوسف ومحمد يأتي به، أما على قول أبي حنيفة إن قيل يأتي به، فله وجه؛ لأنه منفرد من وجه متابع الإمام من وجهٍ، فمن حيث أنه منفرد يسقط، ومن حيث أنه متابع لا يسقط، والتكبيرات وجبت عليه بالشروع مع الإمام، فلا تسقط بالشك، وإن قيل لا يأتي به فله وجه؛ لأن الجهر بالتكبير بدعة في الأصل، وإنما عرفنا جوازه بالشروع بشرط الأداء بالجماعة، فإذا كان منفردًا من وجه متابعًا من وجه وقع الشك في شرعية الجهر في حقه، فلا تثبت الشرعية في حقه بالشك. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الصلاة / الفصل السابع والعشرون في تكبيرات أيام التشريق ٦٤٢/٢ رقم: ٣٤٨٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۷/۴/۱۴۳۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

اگر دعا مانگتے وقت تکبیرِ تشریق یاد آئے تو کیا کریں؟

سوال (۷۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: کیا فرض نماز کا سلام پھیر کر فوراً تکبیرِ تشریق کا پڑھنا واجب ہے؟ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ سلام پھیر کر دعا مانگتے وقت تکبیرِ تشریق یاد آتی ہے، کیا اُس وقت پڑھ لینے سے وجوب ادا ہو جائے گا؟ یا اگر دعا مانگنا شروع کر دی تو تکبیرِ تشریق کا وقت ختم ہو گیا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نماز فرض کے بعد فوراً تکبیرِ تشریق کہہ لینی چاہئے، اگر زیادہ وقفہ ہو جائے گا تو اُس کا وقت نکل جائے گا، اور اگر دعا مانگتے وقت یاد آ جائے تو اُس وقت بھی پڑھ لینے سے واجب ادا جائے گا۔

وينبغي أن يكبر متصلا بالسلام حتى لو تكلم، أو أحدث متعمدًا سقط، كذا في التهذيب. (الفتاوىٰ الهندية / باب العيدين ۱۵۲/۱ زكريا)

ويجب تكبير التشريق مرةً عقب كل فرضٍ عيني بلا فصلٍ، فلو خرج من المسجد أو تكلم عامدًا أو ساهيًا أو أحدث عامدًا سقط عنه التكبير. (الدر المختار مع الشامي ۶۱/۳-۶۳ زكريا)

أن التكبير من خصائص الصلاة حيث لا يؤتى به إلا عقب الصلاة الخ.

(البحر الرائق ۱۶۵/۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۸/۱/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

چرمِ قربانی اور اُسکی قیمت کے مصارف

قربانی کی کھال کا مصرف؟

سوال (۷۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کی کھال اپنے کام میں لاسکتے ہیں یا نہیں؟ کسی دوسرے کو دینا کیسا ہے؟ امیر وغریب امام اور مؤذن کو دینے میں کوئی حرج تو نہیں؟ نیز بیچنے اور تبادلہ کا کیا حکم ہے؟ دونوں مسئلوں کو مفصل اور مدلل تحریر فرمائیں، عین کرم ہوگا۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی کی کھال سے متعلق تفصیل تین باتوں میں بیان کی جارہی ہے: (۱) کھال کا خود استعمال کرنا (۲) دوسرے کسی شخص کو دینا (۳) بیچنا یا کسی سے تبادلہ کرنا، اِن تینوں کو وضاحت کے ساتھ ترتیب وار بیان کیا جاتا ہے:

(۱) کھال کا خود استعمال کرنا:- قربانی کے چمڑے کا ڈول، جوتا، خفین، مصلی، مشکیزہ، دسترخوان وغیرہ تیار کروا کر اپنے استعمال میں لانا، اور دوسروں کو دینا جائز اور درست ہے۔ (کفایت المفتی ۳۲۵/۸ جواب: ۲۹۵)

وله أن ينتفع بجلد أضحيته في بيته بأن يجعله سقاء، أو فروًا أو غير ذلك لما روي عن سيّدتنا عائشة رضي اللّٰه عنها أنها اتخذت من جلد أضحيتها سقاءً. (بدائع الصنائع ۲۲۵/٤ زكريا)

أو يعمل منه نحو غربال وجراب وقربة وسفرة ودلو. (الدر المختار مع الشامي ٤٧٥/٩ زكريا)

Marfat.com

جائز است کہ تصدق کند پوست قربانی را یا جراب وغربال ومشک وغیرہ چیزے کہ بکار خانہ داری درآید طیار سازد۔ (مالا بدمنہ ۱۶۸)

(۲) قربانی کی کھال دوسرے کو دینا:- قربانی کی کھال فقیر اور اَمیر، مسلم اور غیر مسلم سب کو دینا جائز ہے؛ لیکن کسی چیز کی اُجرت میں دینا جائز نہیں؛ لہٰذا اِمامِ مؤذن اور مدارس کے مدرسین وملازمین تنخواہوں میں دینا جائز نہیں؛ لیکن اگر کوئی بطور ہبہ دیدے، تو اُن کی کھالوں کو لینا اور فروخت کرکے اپنے استعمال میں لانا جائز اور درست ہے۔ (امداد الفتاویٰ ۳/۵۵۲، کفایت المفتی ۸/۲۹۴)

لیکن مدارسِ اسلامیہ کے غریب ونادار طلبہ ان کھالوں کا بہترین مصرف ہیں، اُن کو دینے میں دوہرے اَجر کا مستحق ہوگا، ایک صدقہ کرنے کا دوسرے علم دین کے حاصل کرنے والوں کی اِعانت کا۔ (جواہر الفقہ ۶/۲۷۲)

(۳) بیچنا یا کسی چیز سے تبادلہ کرنا:- قربانی کی کھال فروخت کرکے اپنے کام میں لانا اور مسجد کے امام، مؤذن، مدرسین اور ملازمین کی تنخواہوں میں صرف کرنا جائز نہیں، اُس کی قیمت غریبوں پر صدقہ کرنا لازم اور ضروری ہے، جن چیزوں کو باقی رکھ کر نفع اُٹھانا ناممکن ہو، کھال کا اُن سے تبادلہ جائز نہیں، اگر تبادلہ کرلیا تو اُن کا صدقہ کرنا لازم ہے، جیسے: تیل، گھی، مصالح، آٹا وغیرہ اور جن چیزوں سے باقی رکھ کر نفع حاصل کرنا ممکن ہو، اُن سے تبادلہ جائز ہے، جیسے جانماز، کپڑا وغیرہ۔ (امداد الفتاویٰ ۳/۵۶۴)

ذبح کرنے اور کھال اُتارنے کی اُجرت میں کھال متعین کرنا جائز نہیں، الگ سے اُجرت متعین کرنی چاہئے، اگر کسی نے اُجرت میں دے دیا تو قیمت کا صدقہ کرنا لازم ہے۔

ولا بأس بأن يشتري به ما ينتفع بعينه في البيت مع بقائه استحبابًا. (فتح القدير ٤٣٦/٨ كوئٹه)

جائز نیست کہ چیزے از اضحیہ بہ اُجرت قصاب دادہ شود، چنانچہ در عوام رواج است کہ پوست قربانی را بقصاب عوض اُجرت او می دہند۔ (مالا بدمنہ ۱۶۹)

Marfat.com

ولا أن يعطي أجر الجزار والذابح منها. (بدائع الصنائع ۲۲۵/٤ زكريا) فقط والله تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۱۰/۱۴۲۸ھ

الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کی کھال کی قیمت کے مصارف؟

سوال (۷۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کی کھال کی رقم کہاں کہاں خرچ کر سکتے ہیں؟ یا کہاں کہاں لگا سکتے ہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: چرمِ قربانی کی رقم اپنے ذاتی استعمال میں نہیں لائی جاسکتی ہے، اُس کو بھی زکوٰۃ کے مصارف میں صرف کرنا لازم ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِيْنَ﴾ [التوبة، جزء آیت: ٦٠]

ولو باعها بالدراهم ليتصدق بها جاز؛ لأنه قربة كالتصدق. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب السادس ۳۰۱/۵)

ولا يدفع إلىٰ أصله وإن علا، وفروعه وإن سفل. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الزكاة / الباب السابع في المصارف ۱۸۸/۱ زكريا)

ولا يدفع إلى أصله وإن علا، أو فروعه وإن سفل. (ملتقى الأبحر مع مجمع الأنهر، كتاب الزكاة / باب في بيان أحكام مصرف ۳۳۱/۱ المكتبة الغفارية كوئٹه)

ولا يصح دفعها لكافرٍ وغني يملك نصابًا ..... وأصل المكي وفروعه. (مراقي الفلاح) قوله: وأصل المكي وفروعه: لأن الواجب عليه الإخراج عن ملكه رقبة ومنفعة، ولم يوجد في الأصول والفروع، والإخراج عن ملكه منفعه وإن وجد رقبة، وهذا الحكم لا يخص الزكاة؛ بل كل صدقة واجبة كالكفارات،

Marfat.com

وصدقة الفطر والنذور لا يجوز دفعها إليهم. (حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح شرح نور الإيضاح، كتاب الزكاة / باب المصرف ٧٢١)

فإن بيع اللحم أو الجلد به: أي بمستهلک أو بدراهم تصدق بثمنه (الدر المختار) قال العلامة ابن عابدين رحمه الله تعالىٰ: أي وبالدراهم فيما لو أبدله بها. (الدر المختار مع الشامي / كتاب الأضحية ٣٢٨/٦ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۲/۸/۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کی کھال اور اُس کی قیمت کے مصارف؟

سوال (۷۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: یہاں پر ایک پرچہ تقسیم ہوا، کچھ سمجھ میں نہیں آرہا ہے، سہل الفاظ میں سمجھائیں کہ قربانی کی کھال یا اُس کی قیمت کہاں کہاں خرچ کی جاسکتی ہے، اور یہ پرچہ چند رضا خانیوں کی جانب سے تقسیم ہوا، جن میں مطلقاً جواز کی بات کہی گئی ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: یہ بات طے ہے کہ قربانی کے مالک کے لئے قربانی کا چمڑا اپنے استعمال میں لانا یا اُس چمڑے کو اپنے کسی عزیز قریب کو ہدیہ میں دینا اور اُس کے بدلہ میں کوئی باقی رہنے والا سامان خرید کر اُس سے انتفاع اٹھانا سب جائز ہے، اِس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ دوسری طرف یہ بھی متفق علیہ ہے کہ اگر قربانی کرنے والا شخص قربانی کے چمڑے یا دیگر اجزاء کو بیچ دے تو اُس سے حاصل شدہ رقم کا صدقہ کرنا واجب ہے، اور اُس صدقہ واجبہ کے مصارف وہی ہیں جو زکوٰۃ کے مصارف ہیں؛ لہٰذا اُس رقم کو مسجد یا مدرسہ کی تعمیر میں لگانا درست نہیں ہے۔

اَب مسئلہ یہ ہے کہ یہ کھال مسجد کو دے دی جائے یا مسجد کے متولی کو دے کر اُس کی رقم مسجد میں لگانے کا ارادہ کیا جائے، تو یہ رقم مسجد میں لگانی جائز ہے یا نہیں، یہ بات قابل غور ہے۔ ہمرشتہ

Marfat.com

فتویٰ میں اُس کی جن بنیادوں پر اجازت دی گئی ہے وہ صحیح نہیں ہے، اور عباراتِ فقہیہ کے صحیح محمل سے ناواقفیت پر مبنی ہے؛ کیوں کہ جو شخص بھی مسجد کے متولی یا امام کو مسجد کے لئے قربانی کا چمڑا دیتا ہے تو اُس کا منشاء یہ ہرگز نہیں ہوتا کہ متولی یا امام اُسے بیچ کر ذاتی استعمال میں لے آئے؛ بلکہ وہ صرف اُن لوگوں کو چمڑا بیچنے کا وکیل بناتا ہے؛ لہٰذا جب بھی یہ لوگ بیچیں گے تو اُن کا بیچنا اصل مالک کا بیچنا سمجھا جائے گا؛ اِس لئے کہ وکیل کا فعل مؤکل کی طرف منسوب ہوتا ہے، اور جو حکم مؤکل کے بیچنے کی صورت میں ہے وہی حکم یہاں بھی لاگو ہوگا، یعنی جس طرح مؤکل اسے بیچ کر اُس کی رقم مسجد میں لگانے کا مجاز نہیں ہے، تو اِسی طرح اُس کا وکیل بھی اُس کو بیچ کر مسجد میں نہیں لگا سکتا، سبھی فقہی عبارتیں ہمارے اِس موقف کی تائید کرتی ہیں اور یہی صحیح ہے۔ (امداد الفتاویٰ ۳/۵۶۱، عزیز الفتاویٰ ۷۱۲)

أخرج أحمد في مسنده حديثًا طويلاً طرفه هٰذا: ولا تبيعوا لحوم الهدي والأضاحي، فكلوا وتصدقوا واستمتعوا بجلودها، ولا تبيعوها، وإن أطعمتم من لحمها فكلوا إن شئتم. (المسند للإمام أحمد بن حنبل ٤/١٥ رقم: ١٦٣١٢)

ونقل ابن حزم عن أبي ظبيان فقلت لابن عباس: كيف نصنع بإهاب البدن؟ قال: يتصدق به وينتفع به، وعن عائشة رضي الله عنها أم المؤمنين أن يجعل من جلد الأضحية سقاء ينبذ فيه، وعن مسروق أنه كان يجعل من جلد أضحية مصلى يصلي فيه، وصح عن الحسن البصري: انتفعوا بمسوك الأضاحي ولا تبيعوها. (المحلي لابن حزم / كتاب الأضاحي ٦/٥٢ تحت رقم المسئلة ٩٨٦)

ويتصدق بجلدها أو يعمل منه نحو غربال وجراب وقربة وسفرة ودلوٍ أو يبدله بما ينتفع به باقيًا كما مر، لا بمستهلك كخل ولحم ونحو، وكدراهم؛ فإن بيع اللحم أو الجلد به أي بمستهلك أو بدراهم تصدق بثمنه أي وبالدراهم فيما لو أبدله بها، ولا يعطي أجر الجزار منها؛ لأنه كبيع؛ لأن كلا منهما معاوضة؛ لأنه إنما يعطي الجزار بمقابلة جزره والبيع مكروه، فكذا ما في معناه كفاية الخ. (شامي،

Marfat.com

كتاب الأضحية / ويتصدق بجلدها واللحم بمنزلة الجلد في الصحيح ولا أن يعطي أجر الجزار والذابح منها ٣٢٨/٦ كراچی، الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب السادس ٣٠١/٥ كوئٹه، البحر الرائق / كتاب الأضحية ١٧٨/٨ كوئٹه، تبيين الحقائق / كتاب الأضحية ٤٨٦/٦ المكتبة الإمدادية ملتان)

وإنما حل بيعه بما يمكن الانتفاع به مع بقاء عينه؛ لأنه يقوم مقام المبدل فكأنه باق وهو شبيه بما لو صنع من الجلد شيء ينتفع به كالقربة والدلو. (الموسوعة الفقهية ١٠٤/٥، الدر المختار مع الشامي ٤٧٤/٩ زكريا)

بيع شيء من لحمها أو شحمها أو صوفها أو شعرها أو وبرها أو غير ذلك، إذا كان البيع بدراهم أو دنانير أو ماكولات أو نحو ذلك مما لا ينتفع به إلا باستهلاك عينه، فهٰذا البيع لا يحل وهو مكروه تحريمًا ،فإن باع نفذ البيع عند أبي حنيفة ومحمد، ووجب عليه التصدق بثمنه؛ لأن القربة ذهبت عنه ببيعه ولا ينفذ البيع عند أبي يوسف، فعليه أن يسترده من المشتري؛ فإن لم يستطع وجب التصدق بثمنه. (الموسوعة الفقهية ١٠٤/٥)

فإذا تمولته بالبيع وجب التصدق؛ لأن هٰذا الثمن حصل بفعل مكروه فيكون خبثًا فيجب التصدق. (عيني شرح الهداية ١٩٠/٤، شامي ٤٧٥/٩ زكريا)

ويشترط أن يكون الصرف تمليكًا لا إباحةً كما مر لا يصرف إلى بناء نحو مسجد، وفي الشامية: كبناء القناطر والسقايات وإصلاح الطرقات وكرى الأنهار وكل ما لا تمليك له. (شامي، كتاب الزكاة / باب المصرف ٢٩١/٣ زكريا)

ومن شرط الوكالة أن يكون المؤكل ممن يملك التصرف ويلزمه الأحكام؛ لأن الوكيل يملك التصرف من جهة المؤكل، فلا بد أن يكون المؤكل مالكًا ليملكه من غيره. (الهداية / كتاب الوكالة ١٧٩/٣) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۲/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قربانی کے پیسوں کا مصرف؟

سوال (۷۷):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے پیسے کہاں لگ سکتے ہیں، اور کہاں نہیں لگ سکتے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی کے پیسے اُنہیں جگہوں پر صرف کئے جاسکتے ہیں جہاں زکوٰۃ کی رقم صرف کی جاسکتی ہے، جیسے غرباء اور مساکین اور مدارس کے طلبہ۔ اور جہاں زکوٰۃ صرف نہیں ہوسکتی، جیسے کہ مساجد اور تعمیرات وغیرہ، تو اُن میں قربانی کی کھالوں کی رقومات لگانا بھی جائز نہیں۔

ويشترط أن يكون الصرف تمليكًا لا إباحةً كما مر لا يصرف إلى بناء نحو مسجد، وفي الشامية: كبناء القناطر والسقايات وإصلاح الطرقات وكرى الأنهار وكل ما لا تمليك له. (شامي، كتاب الزكاة / باب المصرف ۲۹۱/۳ زكريا)

ولا ينبغي له أن يصرف ذلك العشر إلى عمارة الرباط، وإنما يصرف إلى الفقراء لا غير، ولو صرف إلى المحتاجين، ثم إنهم انفقوا على عمارة الرباط جاز، وكذلك من عليه الزكاة لو أراد صرفها إلى بناء المسجد أو القنطرة لا يجوز، فإن أراد الحيلة فالحيلة أن يتصدق به المتولي على الفقراء، ثم الفقراء يدفعونه إلى المتولي، ثم المتولي يصرف إلى ذلك. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / الباب الثاني عشر في الرباط والمقابر ۴۷۳/۲ كوئٹه، خانية على الهندية، كتاب الوقف / فصل المقابر ۳۱۵/۳) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۱/۲/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کی کھالوں کی رقم مستحقین پر خرچ کرنا؟

سوال (۷۸):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: جماعت کی ویلفیئر کمیٹی کے ذریعہ جماعت کے لوگوں کی جانب سے قربانی کی کھالیں جمع کی جاتی ہیں اور اُن کھالوں کو بیچ کر اُس رقم سے قوم کے غریب اور ضرورت مند لوگوں کی دوا اسپتال میں علاج کے اخراجات تحقیق کے بعد اٹھائے جاتے ہیں، اِس طرح کی خدمت کا سلسلہ شروع کئے ہوئے تین سال ہو چکے ہیں، گذشتہ دو سال میں اگلے سال کی بچی ہوئی رقم کو آئندہ سال کی رقم میں جوڑ دیا جاتا ہے، اس طرح سے ہم سالانہ تقریبا پونے دو لاکھ روپئے کی رقم کا کام کرتے ہیں، تو سوال یہ ہے کہ یہ اسکیم صحیح ہے؟ اِس معاملہ میں آپ شرعی روشنی میں رہنمائی فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر قربانی کی کھالوں کی قیمتیں واقعی غریبوں اور مستحق زکوٰۃ ضرورت مندوں کے علاج پر خرچ کی جائیں تو اِس کی گنجائش ہے؛ لیکن عموماً علاج ومعالجہ میں اِس کا امتیاز دشوار ہوتا ہے کہ کون مستحق ہے اور کون مستحق نہیں ہے؛ اِس لئے اِس میں پوری احتیاط اور چھان بین ضروری ہے، جو شخص بھی مالکِ نصاب ہو اُس پر صرف کرنی جائز نہیں ہے۔

ويشترط أن يكون الصرف تمليكًا لا إباحةً. (شامي، كتاب الزكاة / باب المصرف ٢٩١/٣ زكريا)

والأظهر أن يقول: من لا يملك نصابًا ناميًا ليدخل ما ذكره الشارح. (شامي ٢٨٣/٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۱/۱۴۲۵ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چرمِ قربانی کے مصارف اور اہلِ مدرسہ کا چرمِ قربانی کی وصولی کا طریقہ؟

سوال (۷۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: چرمِ قربانی کے مصارف کیا ہیں؟ نیز وہ مدارسِ عربیہ اسلامیہ جہاں غریب ونادار اور ہر قسم کے بچے پڑھتے ہیں، اور خود یہ مدارس اُن بچوں کی مکمل کفالت کرتے ہیں، ایسے مدارس میں چرمِ قربانی

Marfat.com

دینا کیسا ہے؟ ہمارے اِس علاقہ (گیا) میں اکثر حضرات مدارس میں اپنا چرم قربانی دیتے ہیں، اور بعض لوگ تو خود مدرسہ میں پہنچا دیتے ہیں؛ لیکن اکثر لوگوں کے گھروں میں جاکر چرمِ قربانی وصول کرنا پڑتا ہے۔

چرمِ قربانی وصول کرنے کی کیفیت یہ ہوتی ہے کہ قربانی کے دن سے آٹھ دس روز پہلے شہر کے اَطراف اور محلوں میں جاکر طلبۂ کرام اشتہار چسپاں کرتے ہیں، جس کے ذریعہ مدرسہ کی معاونت کی اپیل کی جاتی ہے، اور لوگوں کے گھروں میں جاکر پمفلٹ تقسیم کیا جاتا ہے، اس پمفلٹ میں مسائل قربانی وکیفیت قربانی لکھا ہوا رہتا ہے، نیز اِس پمفلٹ کے ذریعہ سے مدرسہ کے امداد کی درخواست کی جاتی ہے، نیز لوگوں سے ملاقاتیں کی جاتی ہیں، اور اُن سے کہا جاتا ہے کہ آپ اپنا چرمِ قربانی ہمارے مدرسہ میں دیں، اِس علاقہ کے اکثر اہلِ مدارس کا طرزِ عمل یہی ہے۔

سوال کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اِس طرح سے اشتہارات چسپاں کرنا اور پمفلٹ تقسیم کرنا شرعاً کیسا ہے؟ جب کہ اِس میں مدرسہ کا کافی خرچ بھی ہوتا ہے، نیز قربانی سے پہلے چرمِ قربانی کی تشکیل کرنا کیسا ہے؟ بعض مدارس والے تشکیل کی حدود کو پار کرکے قربانی سے پہلے چرمِ قربانی کو اپنے مدرسہ کے لئے متعین کرنے کے لئے یہ تدبیر اختیار کرتے ہیں کہ ایامِ قربانی سے پہلے جبراً رسید کاٹ دیتے ہیں، تو اہلِ مدارس کا جبراً رسید کاٹنے کا عمل یا اُن سے وعدہ لینے کا عمل کیسا ہے؟ خاص کر چرمِ قربانی کی ایڈوانس رسید کاٹنا کیسا ہے؟ نیز کمیشن پر چرمِ قربانی وصول کرنا جائز ہے یا نہیں؟

چرمِ قربانی وصول کرنے کے لئے بہت سی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اِس میں سب سے زیادہ پریشانی طلبہ اور اساتذہ کو ہوتی ہے، قربانی کا مبارک دن جو کہ اللہ کی طرف سے ضیافت کا دن ہے، اور ہر مسلمان کے لئے خوشی کا دن ہے، اِن مبارک ایام کے لئے اہلِ مدارس طلبہ واَساتذہ کو جبراً روکتے ہیں، طلبہ اور اساتذہ بدرجہ مجبوری اپنی تمام تر خوشیوں کو زیرِقدم کردیتے ہیں، پھر شہر اور دیہات میں جاکر اس طرح کام کرتے ہیں جیسا کہ نقشہ مندرجہ ذیل ہے:

اہلِ مدارس قربانی کے دن اساتذہ وطلبہ کو فجر کی نماز کے بعد ناشتہ سے فارغ کردیتے ہیں،

Marfat.com

ناشتہ سے فراغت کے بعد بعض مقامات پر نمازِ عیدالاضحیٰ سے پہلے بھیج دیتے ہیں اور وہیں پر عیدالاضحیٰ کی نماز ادا کرتے ہیں، اور بعض مقامات پر عیدالاضحیٰ کی نماز پڑھ کر بچے اور اساتذہ کو بھیجتے ہیں، بہرصورت نماز سے فارغ ہونے کے بعد طلبہ اپنے ہاتھوں میں بوریاں لے کر چرمِ قربانی وصول کرنے کے لئے اپنے متعینہ محلوں اور علاقوں میں چلے جاتے ہیں اور جن لوگوں سے پہلے ملاقات کی ہوتی ہے، اُن کے دروازہ پر جا کر چرمِ قربانی کے لئے کھڑے ہوجاتے ہیں، اتنے میں دوسرے مدرسہ والے اُسی صاحبِ خانہ کے دروازہ پر آ کر اپنے مدرسہ کے لئے چرمِ قربانی کا مطالبہ کرتے ہیں، اِس موقع پر بعض مرتبہ صاحبِ خانہ یہ کہہ کر دامن جھاڑ لیتے ہیں کہ آپ دونوں فیصلہ کرلیں، صاحبِ خانہ کے اس جملہ کہنے پر بعض مرتبہ دونوں مدرسہ والوں کے درمیان نازیبا الفاظ بھی استعمال ہوجاتے ہیں اور کبھی اُلجھاؤ بھی پیدا ہوجاتا ہے، مدرسہ والوں کے اِس عمل کو دیکھ کر دوسرے لوگ برا اَثر لیتے ہیں، جس سے طلبہ واساتذہ کا وقار مجروح ہوجاتا ہے، بعض لوگ لعن طعن اور فقرہ بازی کرتے ہیں، جس سے طلبہ واساتذہ کو دلی تکلیف بھی ہوتی ہے، خلاصہ یہ کہ یوم العید طلبہ واساتذہ کے حق میں ''یوم الخبیث'' بن کر رہ جاتا ہے۔

تو کیا اہلِ مدارس کا طلبہ واساتذہ کے ساتھ اِس مبارک دن میں اُن کی تمام تر خوشیوں پر پانی پھیرتے ہوئے اِس طرح استعمال کرنا شرعاً کیا حکم رکھتا ہے؟

سوال کے تمام جزئیات پر نظر رکھتے ہوئے مدلل طور پر تسلی بخش جواب تحریر کریں، اللہ تعالیٰ آپ سب کو اس کا بہترین بدلہ عطا فرمائیں، آمین۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: چرمِ قربانی بعینہٖ اپنے یا غیر کے استعمال میں لائی جاسکتی ہے، اور صدقہ بھی کی جاسکتی ہے؛ لیکن جب اُسے فروخت کردیا جائے تو اُس کی قیمت کا صدقہ کرنا لازم ہے، اور مدارس کے نادار بچے بہرصورت اِس صدقہ کا بہترین مصرف ہیں؛ تاہم اِس کی وصول یابی کے لئے ایسا طریقہ اختیار کرنا جس سے اہلِ مدارس کی حیثیت عرفی مجروح ہو یا

Marfat.com

آپس میں رسہ کشی کی صورت ہو، جیسا کہ سوال میں لکھا گیا ہے، تو ایسی باتوں سے احتراز لازم ہے، اور مقامی مدارس کے ذمہ داران کو مل جل کر ایسی بات طے کر لینی چاہئے کہ جس سے وصول یابی کے موقع پر آپسی تنازع کی صورت پیش نہ آئے، خصوصاً پیشگی جبریہ رسید کاٹ دینا اور کمیشن پر وصول یابی کرانا شرعاً درست نہیں ہے، اس سے احتراز لازم ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۷/۴۶۲-۴۷۵ ڈابھیل، جواہر الفقہ ۶/۲۷)

عن أبي حرة الرقاشي عن عمه رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ألا لا تظلموا! ألا لا يحل مال امرء إلا بطيب نفس منه. (مشكاة المصابيح / باب الغصب والعارية، الفصل الثاني ۲۵۵، مرقاة المفاتيح / باب الغصب والعارية، الفصل الثاني ۶/۱۱۸ المكتبة الأشرفية ديوبند، المسند للإمام أحمد بن حنبل ۵/۷۲، شعب الإيمان للبيهقي ۴/۳۸۷ رقم: ۵۴۹۲ دار الكتب العلمية بيروت)

الوعد هو الإخبار عن فعل المرء امرًا في المستقبل يتعلق بالغير، سواءٌ أكان خيرًا أو شرًا. (معجم المصطلحات والألفاظ الفقهية ۳/۴۸۸)

في القنية: اشترى بلحمها مأكولاً فأكله لم يجب عليه التصدق بقيمته استحسانًا، وإذا دفع اللحم إلى فقير بنية الزكاة لا يحسب عنها في ظاهر الرواية؛ لكن إذا دفع لغني ثم دفع إليه بنيتها يحسب. (شامي ۹/۴۷۵ زكريا)

ويأكل من لحم الأضحية ويؤكل غنيًا ويدخر، ولأنه لما جاز له أن يأكل منه وهو غنيٌ، فأولىٰ أن يجوز له إطعام غيره وإن كان غنيًا. (تبيين الحقائق ۶/۴۸۵ زكريا)

ويتصدق بجلدها ..... فإن بيع اللحم أو الجلد به أي بمستهلك أو بدراهم تصدق بثمنه. (تنوير الأبصار مع الدر المختار ۹/۴۷۵ زكريا)

لا بأس بأن ينتفع بإهاب الأضحية ..... وإن باعه بدراهم أو فلوس يتصدق بثمنه. (فتاوىٰ قاضي خان ۳/۳۵۴)

وشرطها كون الأجرة والمنفعة معلومتين؛ لأن جهالتهما تفضي إلى

Marfat.com

المنازعة. (الدر المختار ٧/٩ زكريا)

ولو دفع غزلاً لآخر لينسجه له بنصفه أي بنصف الغزل أو استأجر بغلاً ليحمل طعامه ببعضه أو ثورًا ليطحن برّه ببعض دقيقه، فسدت في الكل؛ لأنه استأجره بجزء من عمله. (الدر المختار ٧٩/٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۸/۱۱/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

قربانی کی کھال فروخت کر کے بغیر تملیک خرچ کرنا؟

سوال (۸۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے چمڑے کے سلسلہ میں یہاں علماء اور مفتیان کے مابین اختلاف پایا جاتا ہے، بعض حضرات اِس کو عیدگاہ اور مسجد ومدرسہ کی زمین کی خریداری، اُس کی تعمیر ومرمت اور وہ مکاتب جہاں صرف مقامی بچے قرآن اور درجہ پرائمری پنجم تک پڑھتے ہیں اُس مکتب کی تعمیر ومرمت، زمین کی خریداری اور مدرسین کی تنخواہ وغیرہ میں دینے کو ناجائز کہتے ہیں، اور دلیل پیش کرتے ہیں کہ قربانی کے جانور کی کھال جب بیچ دی جائے تو اُس کی قیمت واجب التصدق ہے، مساکین وغرباء ہی کو وہ رقم مالک بنا کر دے دینا چاہئے، مکتب یا مسجد کی تعمیر میں وہ رقم استعمال نہیں کر سکتے۔ ہدایہ آخرین میں ہے:

ولو باع الجلد أو اللحم بالدراهم أو بما لا ينتفع به إلا بعد استهلاكه تصدق بثمنه؛ لأن التقربة انتقلت إلى بدله. (الهداية ٤/٤٣٤ إدارة المعارف ديوبند)

فإن بيع اللحم أو الجلد به، أي بمستهلك أو بدراهم تصدق بثمنه، ومفاده صحة البيع مع الكراهة، وعن الثاني باطل؛ لأنه كالوقف مجتبى الخ. (الدر المختار مع الشامي ٤٧٥/٩ زكريا)

فتاویٰ دارالعلوم میں ہے چرمِ قربانی کا صدقہ فقراء ومساکین پر واجب ہے، مسجد کی مرمت وغیرہ میں اُس کا صرف کرنا درست نہیں۔

Marfat.com

مفتی عزیز الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ایک قابلِ استفادہ فتویٰ منقول ہے: قربانی کی کھالوں کی قیمت اُن کے فروخت کرنے کے بعد از روئے شریعت صدقۂ واجبہ میں داخل ہے، قربانی کی کھالیں فروخت کرنے کے بعد مثل زکوٰۃ وغیرہ کے اُن کی قیمت کا صدقہ کردینا واجب ہے؛ لہٰذا اُن کے مصارف بھی مصارفِ زکوٰۃ ہیں، اور چوں کہ زکوٰۃ ودیگر صدقات میں تملیک شرط ہے؛ اِس لئے اُن کو تعمیر مسجد وغیرہ میں صرف کرنا ہرگز جائز نہیں ہے؛ کیوں کہ تعمیر مسجد میں تملیک نہیں پائی جاتی، حکیم الامت حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں کہ جب کھال فروخت کردی تو اُس کی قیمت کا تصدق واجب ہے اور تصدق کی ماہیت تملیک سے ماخوذ ہے؛ کیوں کہ یہ صدقۂ واجبہ ہے، اِسی لئے اُس کے مصارف مثل زکوٰۃ کے ہیں۔

اگر کھالیں مسجد کے متولیان یا پیش اِماموں کو مسجدیں بنانے کے لئے دے دی جائیں کہ یہ لوگ اُس کی قیمت کو تعمیر مساجد میں صرف کریں تو بھی جائز نہ ہوگا؛ کیوں کہ یہاں بھی شرط تملیک جو رکن ہے پائی نہیں جاتی؛ کیوں کہ تملیک کے معنی ہی یہ ہیں کہ کسی شخص کو مالک بنادینا؛ تاکہ وہ مالک ہوجانے کے بعد جو چاہے کرے، اور بصورتِ مذکورہ اِس قسم کا مالک بنایا نہیں جاتا؛ بلکہ دینے والے اس لئے دیتے ہیں کہ یہ رقم تعمیر مساجد میں صرف کی جائے اور یہ تملیک نہیں؛ بلکہ سراسر توکیل ہے، قربانی کرنے والے کو ایسا مجاز نہیں کہ کھال کی قیمت تعمیر مساجد میں صرف کرے، ویسا ہی اُن کو یہ بھی مجاز نہیں کہ کسی دوسرے کو مساجد وغیرہ کی تعمیر میں اُسے صرف کرنے کو وکیل بنادے؛ کیوں کہ جس تصرف کے لئے خود موکل کو مجاز نہیں ہے، اُس کے واسطے دوسرے کو وکیل بنانا جائز نہیں۔ چناں چہ "ہدایہ" کی "کتاب الوکالۃ" میں ہے:

من شرط الوكالة أن يكون الموكل ممن يملك التصرف ويلزمه الاحكام؛ لأن الوكيل يملك التصرف من جهة الموكل، فلابد أن يكون الموكل مالكا ليملّكه من غيره. (الهداية ١٧٩/٣ إدارة المعارف ديوبند)

خلاصہ یہ کہ جب قربانی کی کھال فروخت کردی گئی، پھر اُس کی قیمت مساجد وغیرہ میں

Marfat.com

صرف کرنا شرعاً ممنوع ہے، اور نہ اُسے دوسرے کو اس لئے دینا جائز ہے کہ بعد فروختگی اُس کی قیمت تعمیر مساجد میں صرف کریں۔ (فتاویٰ رحیمیہ ۴۲/۹)

جولوگ جواز کے قائل ہیں وہ دلیل پکڑتے ہیں ''کفایت المفتی'' سے، جس مین حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ تحریر فرماتے ہیں کہ قربانی کی کھال سے خود فائدہ اٹھانا یا کسی کو کھال دے دینا، خواہ وہ غنی ہو، یا فقیر، ہاشمی ہو یا اور کوئی، اپنے اُصول وفروع ہوں یا اجنبی، یہ سب جائز ہے اور اِس میں تملیک بھی لازم نہیں؛ کیوں کہ خود اپنے لئے اُس کا مصلی ڈول وغیرہ بنالینا اور کام میں لانا جائز ہے جس میں تملیک متصور نہیں۔ (کفایت المفتی ۲۲۶/۸)

دوسری جگہ مفتی صاحب لکھتے ہیں کہ قربانی کی کھال اگر قربانی کرنے والا کسی کو دیدے اور وہ شخص جس کو کھال دی ہے، اُسے فروخت کرکے کسی معلم کو تنخواہ دے یا مسجد کی تعمیر میں خرچ کردے تو جائز ہے۔ (کفایت المفتی ۲۲۸/۸)

مَو میں کئی انجمنیں قائم ہیں، جسے ''انجمن اسلامیہ انصاری ٹرسٹ'' وغیرہ جو چمڑے وصولتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم اسے فلاحی اور رفاہی کاموں میں خرچ کرتے ہیں، مثلاً: لاوارث لاش کی تجہیز وتکفین وتدفین، مریضوں کا علاج، غریبوں کے مکان کی تعمیر، اصلاحی جلسے اور اس میں علماء کرام کے آمد ورفت کے کرائے اور مشاعرہ وغیرہ، جب کہ آپ کے مسائل اور ان کا حل ۲۱۳/۴ پر حضرت مفتی صاحب تحریر فرماتے ہیں کہ قربانی کی کھالیں فروخت کرنے کے بعد اُن کا حکم زکوٰۃ کی رقم کا ہے، جس کی تملیک ضروری ہے اور بغیر تملیک کے رفاہی کاموں میں اُس کا خرچ کرنا درست نہیں، قربانی کی کھالیں ایسے ادارے اور جماعت کو دی جائیں جو شرعی اُصولوں کے مطابق اُن کو صحیح جگہ خرچ کرسکیں۔

مذکورہ بالا مسئلہ کی ایسی وضاحت کی جائے کہ تضاد ختم ہو اور سبھی لوگوں کو مسئلہ سمجھنے میں سہولت ہو۔ اور حیلہ شرعی کیا ہے اِس کی بھی وضاحت کریں؟ آج ہر کس وناکس حیلہ کرکے زکوٰۃ، کھال اور اُس کے مثل رقموں کو اپنے من مانی خرچ میں لارہا ہے، مثلاً اسکول، اسپتال، سرائے، مکاتبِ دینیہ،

Marfat.com

مساجد، عیدگاہ وغیرہ، پہلے حیلہ علماء اور صلحاء کرتے تھے، اب اوباش شر پسند، مغربی تہذیب وتمدن کے حامل لوگ کرتے ہیں، قرآن واَحادیث کی روشنی میں مدلل ومفصل تحریر فرمائیں، نوازش ہوگی۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی کی کھالوں کو بیچ کر بلا تملیک متفرق مصارف میں صرف کرنے کے لئے سوال میں جو حیلہ لکھا گیا ہے وہ شرعاً درست نہیں ہے؛ اِس لئے کہ مدرسہ کے مہتمم یا کسی تنظیم کے ذمہ دار کو قربانی کی کھال جو دی جاتی ہے وہ تملیکاً نہیں ہوتی؛ بلکہ توکیلاً ہوتی ہے، یعنی اُس ذمہ دار کو یہ حق نہیں ہوتا ہے کہ وہ اُسے اپنے ذاتی مصرف میں کسی طرح بھی استعمال کرے؛ بلکہ وہ محض دینے والے کا وکیل ہوتا ہے، اَب اگر وہ اُس کھال کو بیچ دے تو جس طرح مؤکل کے بذات خود بیچنے کی صورت میں بالاتفاق کھال کی قیمت واجب التصدق ہوتی ہے، اِسی طرح وکیل کے بیچنے کی شکل میں بھی کھال کی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہوگا، اور مصارفِ صدقہ کے علاوہ اُس کی رقم خرچ کرنے کی شرعاً اجازت نہ ہوگی۔ یہی بات فتاویٰ رحیمیہ میں حضرت مولانا مفتی سید عبدالرحیم صاحب لاجپوری رحمہ اللہ نے لکھی ہے جو آپ کے سوال میں نقل شدہ ہے۔ اور کفایت المفتی کے فتاویٰ کا محمل وہ صورت ہے جب کہ کسی شخص کو کھال کا بالکلیہ حقیقۃً مالک بنادیا جائے، تو اسے اختیار ہوتا ہے کہ وہ خواہ چمڑے سے فائدہ اٹھائے یا اُس کی قیمت سے۔

خلاصہ یہ ہے کہ آج کل ہر چھوٹے بڑے اِدارے اور تنظیموں کی طرف سے قربانی کی کھالوں کو جمع کر کے اُن کی قیمت کیف ما اتفق خرچ کرنے کا جو رواج پڑ گیا ہے یہ قطعاً صحیح نہیں ہے، اِس پر نکیر کرنا اور اِس طریقہ کو چھوڑنا لازم ہے، اور جو لوگ اِس میں بے احتیاطی کرتے ہیں وہ عنداللہ مؤاخذہ سے بچ نہیں پائیں گے۔ (امداد الفتاویٰ ۳/۶۱ ۔ عزیز الفتاویٰ ۷۱۲)

وإنما حل بيعه بما يمكن الانتفاع به مع بقاء عينه؛ لأنه يقوم مقام المبدل، فكأنه باقٍ وهو شبيه بما لو صنع من الجلد شيء ينتفع به كالقربة والدلو.

(الموسوعة الفقهية ٥/١٠٤ كويت، الدر المختار مع الشامي ٩/٤٧٥ زكريا)

Marfat.com

بيع شيء من لحمها أو شحمها أو صوفها أو شعرها أو وبرها أو لبنها الذي حلب منها بعد ذبحها، أو غير ذلك إذا كان البيع بدراهم أو دنانير أو ماكولات أو نحو ذلك مما لاينتفع به إلا باستهلاك عينه، فهذا البيع لا يحل وهو مكروه تحريمًا، فإن باع نفذ البيع عند أبي حنيفة ومحمد، ووجب عليه التصدق بثمنه؛ لأن القربة ذهبت عنه ببيعه، ولا ينفذ البيع عند أبي يوسف، فعليه أن يسترده من المشتري، فإن لم يستطع وجب التصدق بثمنه. (الموسوعة الفقهية ٥/١٠٤)

فإذا تمولته بالبيع وجب التصدق؛ لأن هذا الثمن حصل بفعل مكروه، فيكون خبيثًا فيجب التصدق. (البناية والنهاية شرح الهداية / كتاب الأضحية ١٢/٥٥، الفتاوىٰ الهندية ٥/١٠٣، شامي ٩/٤٧٥ زكريا)

ويشترط أن يكون الصرف تمليكًا لا إباحةً كما مر لا يصرف إلى بناء نحو مسجد، وفي الشامية: كبناء القناطر والسقايات وإصلاح الطرقات وكرى الأنهاز وكل ما لا تمليك له. (شامي، كتاب الزكاة / باب المصرف ٣/٢٩١ زكريا)

ومن شرط الوكالة أن يكون المُؤكل ممن يملك التصرف ويلزمه الأحكام؛ لأن الوكيل يملك التصرف من جهة المؤكل، فلا بد من أن يكون المؤكل مالكًا ليملّكه من غيره. (الهداية / كتاب الوكالة ٣/١٦٣ إدارة المعارف ديوبند، ٣/١٧٩ الأمين كتابستان ديوبند) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۵/۵/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چھوٹے مکتب میں چرمِ قربانی کی کھال دینا؟

سوال (۸۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے شہر میں چرمِ قربانی کی کھال مسجد کے جو چھوٹے مکتب دیتے ہیں، اُن میں باہر کا کوئی

Marfat.com

بچہ بھی نہیں پڑھتا، تو کیا ہم اُن مکاتب میں دے سکتے ہیں؟ اور مسجد کے امام صاحب جو کہ مولانا حضرات ہوا کرتے ہیں وہ خود لے جاتے ہیں، تو کیا اُن مکاتب میں چرمِ قربانی کی کھال لگ سکتی ہے؟ اگر لگ سکتی ہے تو کون سے حیلہ سے لگ سکتی ہے؟ مفصل جواب دیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: قربانی کی کھال اگر فروخت کی جائے تو اُس کے پیسے کا مصرف وہی ہے جو زکوٰۃ کے پیسہ کا مصرف ہے؛ لہٰذا ایسے چھوٹے مکاتب جن میں زکوٰۃ کا مصرف نہیں پایا جاتا، وہاں برائے فروختگی چرمِ قربانی دینا جائز نہیں، ایسے ہی مسجد کے امام صاحب اگر خود صاحبِ نصاب ہو تو اُن کے لئے قربانی کی کھال لے کر اُسے فروخت کر کے اُس کے پیسے کو اپنے استعمال میں لانا جائز نہیں ہے؛ البتہ اگر وہ قربانی کی کھال کو بعینہٖ استعمال کریں، مثلاً اُس کو دباغت دے کر جائے نماز بنالیں یا کسی اور استعمال میں لائیں تو اِس کی اجازت ہے۔ اور آپ نے مکاتب میں کھالوں کی رقم استعمال کرنے کے لئے حیلہ پوچھا ہے، تو یاد رکھنا چاہئے کہ ایسا حیلہ جس سے مقصدِ شریعت پر حرف آئے وہ دیانۃً مؤاخذہ سے بچنے کا سبب نہیں بن سکتا؛ اِس لئے ذمہ دارانِ مکاتب کو فکرِ آخرت لازم ہے۔ (مستفاد: فتاوی محمودیہ ۱۷/۴۶۲ ڈابھیل)

مصرف الزكاة وهو مصرف أيضًا لصدقة الفطر والكفارة والنذر وغير ذلك من الصدقات الواجبة. (رد المحتار على الدر المختار ۲/۳۳۹ كراچی، ۳/۲۸۳ زكريا)

وقيد بالزكاة؛ لأن النفل يجوز للغني كما للهاشمي، وأما بقية الصدقات المفروضة والواجبة كالعشر والكفارات والنذور وصدقة الفطر فلا يجوز صرفها للغني لعموم قوله عليه السلام: لا تحل صدقة لغني. (البحر الرائق ۲/۲۴۵ كوئٹه)

ويتصدق بجلدها أو يعمل منه نحو غربال أو جراب. (البحر الرائق ۸/۳۲۷ زكريا)

وقال محمد: يكره لما فيه من القصد إلى إبطال حق الفقراء بعد وجود سببه. (عمدة القاري ۱۴/۱۱۱ بيروت)

Marfat.com

فإن بدل اللحم والجلد يتصدق به أي بالبدل؛ لأن القرابة انتقلت إلى بدله، فيجبر على التصدق به. (الدر المنتقى على هامش مجمع الأنهر ٤/١٧٤ كوئٹه) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۱/۱۴۳۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

مکتب کی تعمیر میں چرم قربانی لگانا؟

سوال (۸۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: (۱) بندہ کے گاؤں میں ایک مکتب ہے، جس میں تقریباً آٹھ مدرسین وملازمین خدمت کرتے ہیں، اگر بچوں پر فیس وغیرہ متعین کریں، تو اُن کے والدین معذوری کا اظہار کرتے ہیں، تو ایسے مکاتب میں چرمِ قربانی کی رقم خواہ مدرسین کی تنخواہ کی شکل میں یا مکتب کی تعمیر کی شکل میں لگانا از روئے شرع کیسا ہے؟

(۲) حیلۂ تملیک کی کوئی ایسی شکل ہے جس کی بنیاد پر مذکورہ مصارف میں خرچ کی گنجائش نکل سکے؟

(۳) نیز اگر چرمِ قربانی کی رقم بچوں کے قرآن شریف، کاپی، ٹپائی اور دیگر ایسی ہی ضرورتوں میں صرف کریں، تو کیسا ہے؟ جب کہ اُن کے بچے خود بھی مکتب میں پڑھ رہے ہوں، اور اگر چرمِ قربانی دینے والے حضرات کے بچے نہ ہوں، تو پھر مذکورہ مصارف میں خرچ کرنا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: (۱) تعمیرات میں براہِ راست چرمِ قربانی کی رقم لگانا جائز نہیں۔ (فتاویٰ دارالعلوم دیوبند ۶/۲۹۴)

ويشترط أن يكون الصرف تمليكًا لا إباحةً كما مر لا يصرف إلى بناء نحو مسجد، وفي الشامية: كبناء القناطر والسقايات وإصلاح الطرقات وكرى الأنهار وكل ما لا تمليك له. (شامي، كتاب الزكاة / باب المصرف ۳/۲۹۱ زكريا)

Marfat.com

ولا يعطى أجر الجزار منها؛ لأن كلا منهما معاوضة؛ لأنه إنما يعطى الجزار بمقابلة جزره والبيع مكروه، فكذا ما في معناه. (شامي ٤٧٥/٩ زكريا، البحر الرائق ١٧٨/٨)

(۲) حیلۂ تملیک ایسے اِدارہ کے لئے جائز ہوتا ہے جہاں مصارفِ زکوٰۃ پہلے سے موجود ہوں، اور جس مکتب میں صرف مقامی بچے پڑھتے ہوں وہاں عموماً مصرفِ زکوٰۃ نہیں پایا جاتا، اِس لئے ایسے مکتب میں حیلۂ تملیک کی اِجازت نہیں ہوگی۔

إن الحيلة أن يتصدق على الفقير ثم يأمره بفعل هٰذه الأشياء. (الدر المختار) وفي التعبير بثم إشارة إلى أنه لو أمره أولاً لا يجزي؛ لأنه يكون وكيلاً عنه في ذٰلك. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الزكاة / باب المصرف ٢٩٣/٣ زكريا، الفتاوىٰ الهندية، كتاب الزكاة / باب المنصرف ٤٧٣/٢)

(۳) غریب خاندان کے بچوں کو چرمِ قربانی کی رقم سے قرآنِ پاک، کاپی وغیرہ خرید کر دی جاسکتی ہے؛ لیکن اپنی اولاد کو یہ رقم دینا درست نہیں ہوگا۔ (فتاویٰ دار العلوم دیوبند ٢٣٧/٦)

ولا يصرف إلى من بينهما ولاد (الدر المختار) أي بينه وبين المدفوع إليه؛ لأن منافع الأملاك بينهم متصلة، فلا يتحقق التمليك على الكمال ..... أي أصله، وإن علا كأبويه وأجداده وجداته من قبلهما وفرعه وإن سفل كأولاد الأولاد. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الزكاة / باب المصرف ٢٩٣/٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ١٢/٢/١٤٢٧ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جس مدرسہ میں بیرونی طلبہ کا قیام وطعام نہ ہو اُس میں چرمِ قربانی دینا؟

سوال (۸۳):- کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرعِ متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: چرمِ قربانی کی رقم ایسے مدرسہ میں صرف کرنا کیسا ہے، جہاں بیرونی طلبہ کے قیام وطعام کا انتظام نہیں ہے، نہ باہر کے طلبہ پڑھتے ہیں؟ تو اس مدرسہ میں وہ رقم خرچ کرنا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی کی کھال بیچ دینے کے بعد اس کی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہے، جس کے مستحق غرباء ومساکین ہیں، اور مسئولہ مدرسہ میں چوں کہ مستحق طلبہ نہیں رہتے ہیں؛ اِس لئے اُس مدرسہ میں چرمِ قربانی کی رقم کا صرف کرنا جائز نہیں ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ رحیمیہ ۹/۳۱۵، عزیز الفتاویٰ ۱/۷۱۱)

ومصرف الزكاة، وفي الشامية: والكفارة النذر وغير ذلك من الصدقات الواجبة وهو فقير. (شامي ۲۸۳/۳ زكريا)

ولو باع الجلد أو اللحم بالدراهم أو بما لا ينتفع به إلا بعد استهلاكه تصدق بثمنه. (الهداية / كتاب الأضحية ٤٣٤/٤ إدارة المعارف ديوبند، ٤٥٠/٤ الأمين كتابستان)

فإن بدل اللحم أو الجلد يتصدق به أي بالبدل؛ لأن القربة انتقلت إلى بلده فيجر على التصدق به. (سكب الأنهر / كتاب الأضحية ١٧٥/٤ دار الكتب العلمية بيروت، البحر الرائق / كتاب الأضحية ١٧٨/٨ كوئٹه)

فإن بيع اللحم أو الجلد به أي بمستهلك أو بدراهم تصدق بثمنه. (الدر المختار / كتاب الأضحية ٣٢٨/٦ دار الفكر بيروت)

ويتصدق بجلدها أو يعمله آلة كجراب أو خف أو فرد أو يشتري به ما ينتفع به مع بقائه كغربال، فإن بدل اللحم أو الجلد به أي بما ينتفع بالاستهلاك جاز ويتصدق به. (مجمع الأنهر / كتاب الأضحية ١٧٤/٤ دار الكتب العلمية بيروت)

وقيد بالزكاة؛ لأن النفل يجوز للغني كما للهاشمي، وأما بقية الصدقات المفروضة والواجبة كالعشر والكفارات والنذر وصدقة الفطر فلا يجوز صرفها

Marfat.com

للغني الخ. (البحر الرائق، كتاب الزكاة / باب المصرف ٢/٢٤٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۲/۲/۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چرم قربانی یا فطرہ کے پیسوں کو مسجد میں لگانا

سوال (۸۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی یا فطرہ کے پیسوں کو مسجد کے کسی کام میں لگا سکتے ہیں یا نہیں؟ مثلاً غسل خانہ یا لیٹرین وغیرہ میں اگر کسی کام میں استعمال کرنے کی گنجائش ہو تو ضرور بالتفصیل تحریر کریں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: چرم قربانی اور صدقہ فطر کے پیسے مسجد کے کسی کام میں بھی خرچ کرنا جائز نہیں؛ بلکہ یہ فقراء ومساکین کا حق ہے، اور اُن تک پہنچانا لازم ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسَاكِيْنَ﴾ [التوبة، جزء آیت: ٦٠]

لا يصرف إلى بناء نحو مسجد. (شامي ٣/٢٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۲۲/۵/۴ھ

قربانی کی کھال کا پیسہ مسجد میں لگانا؟

سوال (۸۵):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کی کھالوں کا پیسہ کیا مسجد میں لگا سکتے ہیں یا نہیں؟ جیسا کہ ان پیسوں سے مصلّٰی وغیرہ خریدنا یا مسجد کے دوسرے کاموں میں صرف کرنا جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو قربانی کی کھالیں مسجد کے لئے اِس غرض کے لئے جمع کی جائیں کہ اُن کو فروخت کر کے اُن کی رقم مسجد میں لگائی جائے گی، تو اُس رقم کا مسجد میں لگانا جائز

Marfat.com

نہیں؛ کیوں کہ قربانی کی کھالوں کی رقم کا مصرف صرف فقراء اور مساکین ہیں، مسجد اُس کے مصرف میں شامل نہیں ہے۔ (امداد الفتاویٰ ۳/۴، احسن الفتاویٰ ۷/۴۹۵، فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۳۳۳)

فإن بيع اللحم أو الجلد به أي بمستهلک أو بدراهم تصدق بثمنه. (الدر المختار / كتاب الأضحية ٦/٣٢٨ دار الفكر بيروت)

ومصرف الزكاة، وفي الشامية: والكفارة النذر وغير ذلك من الصدقات الواجبة وهو فقير. (شامي ٣/٢٨٣ زكريا)

ولو باع الجلد أو اللحم بالدراهم أو بما لا ينتفع به إلا بعد استهلاكه تصدق بثمنه. (الهداية / كتاب الأضحية ٤/٤٣٤ إدارة المعارف ديوبند، ٤/٤٥٠ الأمين كتابستان)

فإن بدل اللحم أو الجلد يتصدق به أي بالبدل؛ لأن القربة انتقلت إلى بدله فيجر على التصدق به. (سكب الأنهر / كتاب الأضحية ٤/١٧٥ دار الكتب العلمية بيروت، البحر الرائق / كتاب الأضحية ٨/١٧٨ كوئٹه)

ويتصدق بجلدها أو يعمله آلة كجراب أو خف أو فرد أو يشتري به ما ينتفع به مع بقائه كغربال، فإن بدل اللحم أو الجلد به أي بما ينتفع بالاستهلاک جاز ويتصدق به. (مجمع الأنهر / كتاب الأضحية ٤/١٧٤ دار الكتب العلمية بيروت)

وقيد بالزكاة؛ لأن النفل يجوز للغني كما للهاشمي، وأما بقية الصدقات المفروضة والواجبة كالعشر والكفارات والنذر وصدقة الفطر فلا يجوز صرفها للغني الخ. (البحر الرائق، كتاب الزكاة / باب المصرف ٢/٢٤٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۱/۲/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چرمِ قربانی کو مساجد اور رفاہی کاموں میں لگانا؟

سوال (۸۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: چرمِ قربانی کے مستحق کون لوگ ہیں، چرمِ قربانی کو مسجد یا اِسی طرح رفاہِ عام کے لئے اسپتال وغیرہ بنوانا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: چرمِ قربانی کی قیمت غرباء کا حق ہے، اِس رقم کو مساجد اور دیگر رفاہی کاموں میں صرف کرنا درست نہیں ہے۔

ولو باع الجلد أو اللحم بالدراهم أو بما لا ينتفع به إلا بعد استهلاكه تصدق بثمنه. (الهداية / كتاب الأضحية ٤٣٤/٤ إدارة المعارف ديوبند، ٤٥٠/٤ الأمين كتابستان)

فإن بدل اللحم أو الجلد يتصدق به أي بالبدل؛ لأن القربة انتقلت إلى بدله فيجر على التصدق به. (سكب الأنهر / كتاب الأضحية ١٧٥/٤ دار الكتب العلمية بيروت، البحر الرائق / كتاب الأضحية ١٧٨/٨ كوئٹه)

فإن بيع اللحم أو الجلد به أي بمستهلك أو بدراهم تصدق بثمنه. (الدر المختار / كتاب الأضحية ٣٢٨/٦ دار الفكر بيروت)

ويتصدق بجلدها أو يعمله آلة كجراب أو خف أو فرد أو يشتري به ما ينتفع به مع بقائه كغربال، فإن بدل اللحم أو الجلد به أي بما ينتفع بالاستهلاك جاز ويتصدق به. (مجمع الأنهر / كتاب الأضحية ١٧٤/٤ دار الكتب العلمية بيروت)

وقيد بالزكاة؛ لأن النفل يجوز للغني كما للهاشمي، وأما بقية الصدقات المفروضة والواجبة كالعشر والكفارات والنذر وصدقة الفطر فلا يجوز صرفها للغني الخ. (البحر الرائق، كتاب الزكاة / باب المصرف ٢٤٥/٢) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۶/۸/۱۴۲۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چرمِ قربانی کی رقم سے مکتب کی تپائیاں وغیرہ بنانا؟

سوال (۸۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: مسجد میں چلنے والے مکتب میں اُس کے اخراجات مثلاً ٹپائیاں، بوری، دری، مدرس کی تنخواہ کے واسطے کیا چرمِ قربانی کی رقم استعمال کی جاسکتی ہے، مکتب بھی جزوقتی ایک ہی وقت کا ہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: چرمِ قربانی کی رقم مکتب کے اخراجات مثلاً: بوری، دری وغیرہ اور مدرس کی تنخواہ میں صرف کرنا درست نہیں ہے؛ بلکہ اس کا فقراء ومساکین پر صدقہ کرنا لازم ہے۔ (کفایت المفتی ۲۴۷/۸، فتاویٰ محمودیہ ۳۳۹/۱۱، جواہر الفقہ ۴۵۳/۲)

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِيْنَ﴾ [التوبة، جزء آیت: ٦٠]

وإن باعه بدراهم أو فلوس يتصدق بثمنه. (فاوىٰ قاضي خان على هامش الهندية ٣٥٤/٣)

مصرف الزكاة وهو مصرف أيضًا لصدقة الفطر والكفارة والنذر وغير ذلك من الصدقات الواجبة. (رد المحتار على الدر المختار ٣٣٩/٢ كراچی، ٢٨٣/٣ زكريا)

وقيد بالزكاة؛ لأن النفل يجوز للغني كما للهاشمي، وأما بقية الصدقات المفروضة والواجبة كالعشر والكفارات والنذور وصدقة الفطر فلا يجوز صرفها للغني لعموم قوله عليه السلام: لا تحل صدقة لغني. (البحر الرائق ٢٤٥/٢ كوئٹه) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۹/۱/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کی کھال دوست کو ہدیہ دینا؟

سوال (۸۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید اور بکر دونوں دوست ہیں اور زید قربانی کی کھال ہدیہ میں اپنے دوست بکر کو دینا چاہتا ہے، تو اپنے دوست کو قربانی کی کھال بطور ہدیہ دینا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی کی کھال اپنے دوست کو ہدیہ میں دینا درست ہے، خواہ وہ غنی ہو یا فقیر؛ البتہ کھال بیچ کر اُس کی قیمت غنی کو دینا درست نہیں۔

Marfat.com

أخرج أحمد في مسنده حديثًا طويلاً طرفه هٰذا: ولا تبيعوا لحوم الهدي والأضاحي، فكلوا وتصدقوا واستمتعوا بجلودها، وإن أطعمتم من لحومها شيئًا فكلوه إن شئتم. (المسند للإمام أحمد بن حنبل ٤/ ١٥ رقم: ١٦٣١٢)

ونقل ابن حزم عن أبي ظبيان فقلت لابن عباس: كيف نصنع بإهاب البدن؟ قال: يتصدق به وينتفع به، وعن عائشة رضي الله عنها أم المؤمنين أن يجعل من جلد الأضحية سقاء ينبذ فيه، وعن مسروق أنه كان يجعل من جلد أضحية مصلى يصلي فيه، وصح عن الحسن البصري: انتفعوا بمسوك الأضاحي ولا تبيعوها. (المحلي لابن حزم / كتاب الأضاحي ٦/ ٥٢ تحت رقم المسئلة ٩٨٦)

عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من باع جلد أضحيته فلا أضحية له. (المستدرك للحاكم / كتاب التفسير ٤/ ٣٠١٣ رقم: ٣٤٦٨)

ويهب منها ما شاء للغني والفقير.....، ولو باعها بالدراهم ليتصدّق بها جاز. (الفتاوىٰ الهندية ٥/ ٣٠٠-٣٠١) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

١١/١١/١٤١٠ھ

چرمِ قربانی کی رقم سے کرایہ پر اُٹھانے کا سامان خریدنا؟

سوال (٨٩): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: چرمِ قربانی کی قیمت کے روپئے مکتب یا ایسے مدرسہ میں جس میں غریب بچے باہر کے مقیم نہ ہوں، لگانا کیسا ہے؟ یا اُن روپیوں سے پلیٹیں خرید کر کرایہ پر دینا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: چرمِ قربانی کی رقم صرف فقراء پر خرچ کی جاسکتی ہے، مذکورہ مدرسہ میں یا کرایہ پر اُٹھانے کے لئے سامان کی خریداری میں یہ رقم لگانا ناجائز ہے۔

Marfat.com

ولو باع الجلد أو اللحم بالدراهم تصدق بثمنه. (الهداية ٤/٤٣٤)

ويتصدق بجدلها، أو يعمل منه نحو غربال وجراب ..... فإن بيع اللحم أو الجلد به: أي بمستهلک أو بدراهم تصدق بثمنه. (تنوير الأبصار مع الدر المختار / كتاب الأضحية ٦/٣٢٨ كراچی، وكذا في البحر الرائق / كتاب الأضحية ٨/٣٢٧ زكريه، وكذا في الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب السادس في بيان ما يستحب في الأضحية ٥/٣٠١ زكريه)

وإنما يصرف إلى الفقراء لا غير، ولو صرف إلى المحتاجين، ثم إنهم أنفقوا في عمارة الرباط جاز، ويكون ذٰلک حسنًا. (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / في المقابر والرباطات ٣/٣١٥ زكريا، وكذا في الفتاوىٰ الهندية / كتاب الوقف ٢/٤٧٢ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۴/۱۲/۲۳ھ

چرمِ قربانی کا روپیہ قبرستان کی چہار دیواری میں لگانا؟

سوال (۹۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: محلّہ اَصالت پورہ مسجد ہری چگوں والی کے قبرستان پر کچھ لوگوں نے غاصبانہ قبضہ کر کے دوکانیں وپرانے لوہے کے گودام اور گائے بھینسوں کی پرورش گاہیں بنا کر مالی منفعت حاصل کررہے ہیں، اور گوبر کے ڈھیر لگا کر قبرستان کا تقدس پامال کررہے ہیں، اہل محلّہ اِس سلسلہ میں سعی کررہے ہیں کہ حکومت کے ذریعہ غاصبوں کا قبضہ ہٹا کر اُس کا تقدس بحال کیا جائے، اور قبرستان کی چہار دیواری تعمیر کر کے محفوظ کردیا جائے۔ ضروری امر یہ ہے کہ کیا چرمِ قربانی کا روپیہ قبرستان کی چہار دیواری کی تعمیر میں لگایا جاسکتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: چرم قربانی کا روپیہ قبرستان کی چہار دیواری کی تعمیر میں

Marfat.com

لگانے کی اِجازت نہیں ہے، اِس کام کیلئے اگر ضرورت ہوتو دوسری مد سے چندہ حاصل کرلیا جائے۔

لا يصرف إلى بناء نحو مسجد. (الدر المختار مع الشامي ۲/ ٤٤ ۳ کراچی)

ويتصدق بجلدها، أو يعمل منه نحو غربال وجراب ..... فإن بيع اللحم أو الجلد به: أي بمستهلک أو بدراهم تصدق بثمنه. (تنوير الأبصار مع الدر المختار / كتاب الأضحية ۳۲۸/٦ كراچی، وكذا في البحر الرائق / كتاب الأضحية ۳۲۷/۸ زكريا، وكذا في الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب السادس في بيان ما يستحب في الأضحية ۳۰۱/٥ زكريا)

مصرف الزكاة والعشر ..... وهو مصرف أيضًا لصدقة الفطر والكفارة والنذر وغير ذلک من الصدقات الواجبة. (شامي، كتاب الزكة / باب المصرف ۳۳۹/۲ دار الفكر بيروت)

وإنما يصرف إلى الفقراء لا غير، ولو صرف إلى المحتاجين، ثم إنهم أنفقوا في عمارة الرباط جاز، ويكون ذلک حسنًا. (فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوقف / في المقابر والرباطات ۳۱٥/۳ زكريا، وكذا في الفتاوىٰ الهندية / كتاب الوقف ٤۷۲/۲ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳۰/۱۱/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کی کھال کی قیمت سے قبرستان کے لئے زمین خریدنا؟

سوال (۹۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر کسی گاؤں کے تمام افراد مل کر اپنی قربانی کی کھال کی قیمت سے اجتماعی طور پر ایک قبرستان کی زمین خریدنا چاہیں، تو کیا اُس قیمت سے خریدنا جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: قربانی کی کھال کی قیمت سے قبرستان کی خریداری جائز نہیں ہے، اُس قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہے۔

Marfat.com

فإن بيع اللحم أو الجلد به أي بمستهلک أو بدراهم تصدق بثمنه. (الدر المختار ٤٧٥/٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۲۴/۱۱/۲۲ھ

قربانی کی کھالیں چوری ہوگئیں تو ضمان کس پر؟

سوال (۹۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قصبہ کھیڑا ٹانڈہ، ڈونک پوری ٹانڈہ دونوں بستیوں کے مدارس کے لئے ایک جگہ چرمِ قربانی بقرعید کے موقع پر جمع کی جاتی ہیں، ذمہ دارانِ مدرسہ نگرانی کا بھی معاوضہ لیتے رہے ہیں، گذشتہ سال دس یا بارہ چمڑے جو کہ بڑے بڑے تھے، جن کو دن میں الگ الگ چٹ لگائی گئی تھی، درمیانی اس سے زائد تھے اور چھوٹے اس سے زائد تھے، صرف بڑے بڑے چمڑے چوری ہوئے باقی نہیں، یہ لگ بھگ گاؤں سے ستر آدمیوں کی قربانی ہوئی، ہم لوگوں کو مسئلہ یہی معلوم ہے کہ یا تو قربانی کرنے والا اُس کو اپنی ضروریات میں صرف کرے یا پھر مستحق زکوٰۃ کو دے، یہ صرف کرنا واجب ہے، ورنہ واجب ترک ہوا۔ ظاہر ہے کہ یہ نامعلوم چور مسلمان ہے اور موقع واردات کے قریب کا ہے؛ کیوں کہ ایسی چیز دور نہیں جاسکتی اور یہ چوری نکل سکتی تھی؛ کیوں کہ یہ کاروبار مخصوص لوگوں کا ہے، ہر ایک اس کا بیوپار نہیں کرتا، بہر کیف اِس معاملہ کو دبایا گیا، یہ پراسرار بات ہے۔

اَب سوال یہ ہے کہ فقیر مستحق کی ملکیت میں یہ چرمِ قربانی نہیں گئی تو ادائیگی قربانی کرنے والے کی طرف سے ثابت نہیں ہوئی، سفیر رقوم زکوٰۃ کا وکیل ہوتا ہے یہ بھی وکیل ہوئے، سفیر سے اگر رقم گم ہوجائے یا چوری ہوجائے تو ضمان آتا ہے، وصول کرنے کے بعد فقیر کو دیا جاتا ہے تب ہی معطی کی زکوٰۃ ادا ہوتی ہے، ورنہ معلق رہتی ہے، کیا اس کا بھی یہی مسئلہ ہے؟

ہمارا جی یہ چاہتا ہے کہ ہم خود چرمِ قربانی کو فروخت کرکے مستحقین کو روپیہ دیں، تو کیا یہ شکل درست اور مناسب ہے یا نہیں؟ ستر آدمیوں کی چرمِ قربانی جو کہ اَمین سے ضائع ہوئی اُس کا

Marfat.com

شرعی فیصلہ کیا ہے؟ آج تک مولوی نیچر سے اتنے نہیں گرے تھے، جیسا کہ اَب حال ہوا ہے، ہم عوام کیا کریں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: سوال میں ذکر کردہ تفصیل اگر درست ہے تو اُس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ قربانی کے چمڑوں کی چوری میں نگرانی کرنے والوں کی کوتاہی کا دخل ہے؛ اس لئے کہ چمڑا ایسی چھوٹی چیز نہیں ہے کہ اُسے آسانی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جائے اور کسی کو پتہ نہ چلے؛ لہٰذا مسئولہ صورت میں جتنے چمڑوں کی چوری کا دعویٰ کیا گیا ہے، اُن کی قیمت چمڑوں کی نگرانی کرنے والوں سے وصول کی جائے گی اور پھر اُس قیمت کو فقراء اور مستحقین پر تقسیم کیا جائے گا، اور جن حضرات نے قربانی کی ہے اُن کی قربانی بہرحال درست ہوچکی ہے، وہ شرعاً کسی قسم کے مؤاخذہ دار نہیں ہیں۔

المودع إذا ربط السلسلة على باب خزانته في خان بحبل ولم يقفله فخرج فسرقت الوديعة، قالوا: إن عد هٰذا إغفالاً وإهمالاً كان ضامنًا وإلا فلا. (خانية على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الوديعة / قبيل فصل في هلاك الوديعة بعد الطلب من صاحبها ۳/۳۷۹)

ويتصدق بجلدها أو يعمل منه – إلى قوله – فإن بيع اللحم أو الجلد به أو بدراهم تصدق بثمنه. (در المختار ۹/۴۷۵ زكريا، الهداية ۴/۴۳۴ إدارة المعارف ديوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳/۱/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کی کھالوں کے لئے پیشگی رسید کاٹنا؟

سوال (۹۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے علاقہ میں مختلف اِدارے اور تنظیمیں قربانی کی کھالیں اکٹھا کرتی ہیں، اِس کے لئے عید الاضحیٰ سے چند روز قبل ہی کھال کی رسیدیں جبراً کاٹ کر لوگوں کے گھروں میں ڈال دیتے ہیں، اور

Marfat.com

اُسی ثبوت کی بناء پر قربانی کے دن کھال اُٹھا کر لے جاتے ہیں، کیا ہمارا اِس طرح کا عمل از روئے شرع درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: کھالیں وصول کرنے میں جبر جائز نہیں، جو خوشی سے دینا چاہے رسید اُسی کی کاٹی جائے۔ (کفایت المفتی ۸/۲۴۷)

لا يجوز التصرف في مال غيره بلا إذنه ولا ولايته. (الدر المختار مع الشامي، كتاب الغصب / مطلب فيما يجوز من التصرف بمال الغير ۹/۲۹۱ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۵/۲/۲۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چرمِ قربانی وصول کرنے سے پہلے نیلام کرنا؟

سوال (۹۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: (۱) عید کے دن قربانی کے موقع پر اہل مدارس چرم کی وصولی کرتے ہیں، اور تینوں دن کے چرم کی نیلامی پہلے دن ہی کردیتے ہیں، جب کہ دوسرے اور تیسرے دن کے چرم پر قبضہ نہیں ہوا ہوتا، کیا از روئے شرع قبضہ سے پہلے نیلامی کرنا درست ہے؟

(۲) اگر پہلے دن کے چرم کو نمونہ بنا کر آئندہ دو دن ملنے والے چرم کا بھاؤ پہلے ہی طے کر کے اُسی بھاؤ سے آئندہ دو دن والے چرم کو بھی بیچ دیں، تو کیا جائز ہے؟

(۳) چرم یا اُس کی قیمت کا مصرف کون لوگ ہیں؟ کیا ایسے مدارس یا مکاتب جہاں طلبہ کے قیام وطعام کا نظم نہ ہو، وہاں چرم دیا جاسکتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: (۱-۲) جو چیز بائع کے قبضہ میں نہیں ہے، اُس کو پیشگی بیچنا جائز نہیں ہے؛ البتہ اول آمدہ چرم کو نمونہ بنا کر اگر بھاؤ طے کرلیا جائے، اور مشتری سے کہہ دیا

Marfat.com

جائے کہ آئندہ دودنوں میں چرم اِس بھاؤ سے بیچی جائے گی، تو شرعاً اس میں کوئی حرج نہیں؛ اِس لئے کہ بیع حقیقۃً اُس وقت متحقق ہوگی جب کہ مشتری کھال پر قبضہ کرلے اور اِس سے پہلے جو بات طے ہوئی ہے، وہ وعدے کے درجہ میں ہوگی۔

فإن كان لا تتفاوت آحادها كالمكيل والموزون، وعلامته أن يعرض من بالنموذج يكتفي بروية واحد منها إلا إذا كان الباقي أرادأ مما رأى، فحينئذ يكون له الخيار، وإن كانت تتفاوت آحادها كالثياب والدواب لا بد من رؤية كل واحد منها (الهداية) أعني روية ما هو المقصود من كل واحد. (فتح القدير، كتاب البيوع / باب خيار الرؤية ۶/۵ ۳۱ بيروت، الهداية ۳/ ۲۰)

(۳) اگر کھال چندے میں دی جائے یا مالک خود اُسے بیچ دے، تو اُس کی قیمت مصارفِ زکوٰۃ میں خرچ کرنا ضروری ہے؛ لہٰذا جن مکاتب میں مصرف زکوٰۃ نہیں پایا جاتا اُس کے لئے چرمِ قربانی سے حاصل شدہ رقم تعمیرات اور تنخواہوں میں لگانا جائز نہ ہوگا۔

ولو باعها بالدراهم ليتصدق بها جاز؛ لأنه قربة. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الأول ۵/ ۳۰۱)

ويشترط أن يكون الصرف تمليكًا لا إباحةً كما مر لا يصرف إلى بناء نحو مسجد، وفي الشامية: كبناء القناطر والسقايات وإصلاح الطرقات وكرى الأنهار ..... وكل ما لا تمليك فيه. (شامي، كتاب الزكاة / باب المصرف ۳/ ۲۹۱ زكريا)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۶/۱/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قربانی کے گوشت کے مصارف

حضور کے نام پر کی گئی قربانی کے گوشت کا حکم؟

سوال (۹۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بقرعید کے موقع پر چھ افراد نے ایک گائے خریدی، سبھی برابر کے شریک ہیں، اور ساتویں حصہ کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے قربانی کی۔

دریافت طلب امر ایں کہ ساتویں حصہ کا گوشت کیا کیا جائے؟ کیا چھ حصہ داروں میں برابر تقسیم کردیا جائے؟ کیا ایسا کرنا درست ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو حصہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پر قربانی کیا گیا ہے، اُسے دیگر شرکاء برابر برابر لے سکتے ہیں؛ لیکن افضل یہ ہے کہ اُس حصہ کا کم از کم تہائی حصہ صدقہ کردیں؛ کیوں کہ قربانی میں یہی مستحب ہے۔

ویستحب أن یأکل من أضحیته ویطعم منها غیره، والأفضل أن یتصدق بالثلث. (الفتاویٰ الهندیة، کتاب الأضحیة / الباب الخامس ۵/ ۳۰۰) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۱۹/۴/۱۴۱۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

نذر کی قربانی، میت کی طرف سے کی گئی قربانی اور بقرعید کی قربانی کے گوشت کے مصارف؟

سوال (۹۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: نذر کی قربانی کا گوشت اور میت کی طرف کی گئی قربانی اور بقرعید کی قربانی کے گوشت کا استعمال کرنا کیسا ہے؟ نیز دوسرے کو دینے یا بیچنے اور کسی چیز سے تبادلہ کرنا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی کے دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندوں کی مہمانی ہوتی ہے، اور مہمان کو کھانے پینے کی پوری اِجازت ہوتی ہے؛ لیکن کسی چیز کے بیچنے اور فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہوتی، اِس لئے بندہ قربانی کے گوشت کو کھانے اور کھال کو جوتے وغیرہ کے کام میں پورے طور پر استعمال کرسکتا ہے، اور دوسرے کسی شخص کو بلا کسی معاوضہ کے دے سکتا ہے؛ لیکن کسی چیز کی اُجرت میں دینا جائز نہیں ہے۔

لأنها من ضيافة اللّٰه عز شانه التي أضاف بها عباده، وليس للضيف أن يبيع من طعام الضيافة شيئًا. (بدائع الصنائع ٢٢٥/٤ زكريا)

قربانی کے گوشت کے متعلق جو احکامِ شرعی معلوم کئے گئے ہیں، اُن کو تین الگ الگ سرخیوں میں واضح کیا جائے گا: (۱) گوشت کو اپنے استعمال میں لانا (۲) کسی دوسرے کو دینا (۳) بیچنا یا کسی چیز سے تبادلہ کرنا۔ ذیل میں ترتیب وار ہر ایک کو واضح کیا جاتا ہے۔

(۱) گوشت کو اپنے استعمال میں لانا:- اگر نذر اور منت کی قربانی ہے تو اُس کا سارا گوشت غریبوں پر خرچ خیرات کرنا ضروری ہے، خود استعمال نہیں کرسکتا، اگر استعمال کرلیا تو اُس کے برابر قیمت کا صدقہ کرنا لازم ہے۔ (بہشتی زیور مکمل مدلل ۱۳۹/۳)

اگر میت نے قربانی کی وصیت کی تھی، تو میت کی طرف سے وصیت کردہ قربانی کا گوشت نہیں کھا سکتا، اُس کا صدقہ کرنا لازم اور ضروری ہے، اور اگر میت کی طرف سے بطور تبرع قربانی کیا ہے، تو اُس کا گوشت کھانے اور دوسرے کو دینے کا پورا اختیار حاصل ہے۔ (احسن الفتاویٰ ۴۹۶/۷، امداد الفتاویٰ ۵۳۳/۳)

اور اگر قربانی کا گوشت ہے تو اپنے استعمال میں لاسکتا ہے، اور دوسرے کو بلا معاضہ دے

Marfat.com

سکتا ہے۔ (مالا بدمنہ ۱۶۸)

لیکن قربانی کے گوشت میں اَفضل اور بہتر طریقہ یہ ہے کہ کل گوشت کے تین حصے کئے جائیں، ایک حصہ غریب اور مسکین پر صدقہ کردیا جائے، اور ایک حصہ اعزہ واَقارب کی مہمان نوازی کے لئے اپنے پاس روک لے، اور ایک حصہ اپنے اہل وعیال کے لئے رکھے؛ لیکن اگر کوئی ایک تہائی سے کم غریبوں کے لئے خیرات کرے، یا کچھ بھی خیرات نہ کرے تو اُس پر کوئی گناہ نہیں۔ (بہشتی زیور ۳/۱۶۵)

اور اگر کوئی زیادہ اَولاد والا ہے اور خوش حال نہیں ہے، ایسے شخص کے لئے گوشت کا تہائی حصہ صدقہ کرنا مستحب ہے، اور اگر گوشت کو سکھا کر یا فریج میں رکھ کر کئی دنوں تک استعمال کرنے میں شرعاً کوئی قباحت نہیں۔ (فتاویٰ محمودیہ ۴/۲۱۵)

ولا يأكل الناذر منها، فإن أكل تصدق بقيمة ما أكل. (الدر المختار مع الشامي ٤٦٤/٩ زكريا)

والمختار أنه إن بأمر الميت لايأكل منها وإلا يأكل. (شامي ٤٧٢/٩ زكريا)

وإن تبرع بها عنه له الأكل؛ لأنه يقع على ملك الذابح والثواب للميت. (شامي ٤٨٤/٩ زكريا)

ويسحب أن يأكل من أضحيته ويطعم منها غيره. (الفتاوى الهندية ٣٠٠/٥)

والأفضل أن يتصدق بالثلث ويتخذ الثلث ضيافة لأقربائه وأصدقائه، ويدخر الثلث، ويستحب أن يأكل منها، ولو حبس الكل لنفسه جاز؛ لأن القربة في الإراقة والتصدق باللحم تطوع. (شامي ٤٧٤/٩ زكريا، بدائع الصنائع ٢٢٤/٤ زكريا)

وندب تركه لذي عيال غير موسع الحال. (شامي ٤٧٤/٩ زكريا)

(۲) **قربانی کا گوشت کسی دوسرے کو دینا:** - قربانی کا گوشت مسلم، غیر مسلم مال دار اور فقیر سب کو دیا جاسکتا ہے، بشرطیکہ کسی معاوضہ میں نہ دیا جائے۔ (احسن الفتاویٰ ۷/۴۹۵، فتاویٰ رحیمیہ ۶/۱۶۵)

Marfat.com

خوش حال لوگوں کے لئے یہ مستحب ہے کہ گوشت میں سے تہائی حصہ فقیروں پر صدقہ کردے، اور کسی دوسرے کی قربانی کا دیا ہوا گوشت کھانا یا کسی کو دینا یا فروخت کر کے اُس کی قیمت استعمال کرنا جائز اور درست ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۲۵۰)

يهب منها ما شاء للغني والفقير والمسلم والذمي، كذا في الغياثية.

(الفتاوىٰ الهندية ۵/۳۰۰ زكريا)

وندب أن لاينقص الصدقة من الثلث. (البحر الرائق ۸/۳۲۶ زكريا)

أن إطعامها والتصدق أفضل إلا أن يكون الرجل ذا عيال وغير موسع الحال الخ. (بدائع الصنائع ٤/٢٢٥ زكريا)

(۳) **بیچنا یا کسی چیز سے تبادلہ کرنا:-** قربانی کے گوشت کو روپے پیسوں اور ایسی چیز کے عوض فروخت کرنا جائز نہیں، جس کے باقی رہتے ہوئے نفع اٹھانا ممکن نہیں، مثلاً کھانا، تیل، گوشت، اَناج، سرکہ، مصالح وغیرہ اور جن چیزوں کے باقی رہتے ہوئے نفع حاصل کرنا ممکن ہو، اُن سے تبادلہ درست ہے، جیسے مصلی کپڑے وغیرہ، پس اگر کسی نے روپے کے عوض یا ایسی چیز کے عوض بیچا جس کے باقی رہتے ہوئے نفع حاصل کرنا ممکن نہیں، تو اُس کی قیمت اور تبادلہ میں حاصل شدہ چیز کا صدقہ کرنا لازم اور ضروری ہے، ذبح کرنے والے کو ذبح کی اُجرت میں اور کام کرنے والے مزدور کے کھانے میں قربانی کا گوشت دینا جائز نہیں، اگر کسی نے دے دیا، تو اُس کے برابر قیمت کا صدقہ کرنا ضروری ہے۔ (احسن الفتاویٰ ۷/۴۹۴)

فإن بيع اللحم أو الجلد به أي بمستهلك أو بدراهم تصدق بثمنه.

(الدر المختار) أي وبالدراهم فيما لو أبدله به. (الدر المختار مع الشامي ٩/٤٧٥ زكريا)

ولا يعطى أجر الجزار منها؛ لأنه كبيع. (الدر المختار مع الشامي ٩/٤٧٥ زكريا)

اگر بفروشد کسے گوشت اضحیہ را بدراہم یا تبدیل کند از سرکہ وغیرہ پس واجب است کہ تصدق کند قیمت آں را۔ (مالابد منہ ۱۶۹)

Marfat.com

ولـو باعه نفذ سواء كان من النوع الأول أو الثاني فعليه أن يتصدق بثمنه.

(بدائع الصنائع ٢٢٤/٤ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۱۰/۱۴۲۸ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کے گوشت میں سے فقراء کا حصہ نکالنا؟

سوال (۹۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بقرعید کے موقع پر سبھی لوگ غرباء ومساکین کے حصوں کو یکجا جمع کردیتے ہیں اور پھر غرباء کے درمیان تقسیم کرتے ہیں، اور غرباء کے متعینہ حصہ میں بطور تبرک خود بھی لیتے ہیں؛ لہٰذا یہ گوشت اُن لوگوں کے لئے کھانا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی میں فقراء کا حصہ نکالنا واجب یا فرض نہیں؛ بلکہ مستحب اور مسنون ہے؛ لہٰذا اگر قربانی کرانے والے حضرات فقراء کے قبضہ میں دینے سے قبل فقراء کے لئے الگ کئے گئے حصہ میں سے اپنے لئے کچھ لے لیں، تو اِس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

كما تستفاد من العبارة الآتية: ولو حبس الكل لنفسه جاز؛ لأن القربة في الإراقة والتصدق باللحم تطوع. (شامي ٣٢٨/٦ كراچی)

ويستحب أن يأكل من أضحيته ويُطعم منها غيره ..... ولو تصدق بالكل جاز، ولو حبس الكل لنفسه جاز. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الخامس ٣٠٠/٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۳/۶/۱۴۱۱ھ

قربانی کا گوشت فرمائش پر دینا؟

سوال (۹۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: قربانی کے لئے جو بڑا جانور یا چھوٹا جانور ذبح کرتے ہیں، تو پڑوسی یا تعلق دار اُس جانور کے پائے یا پنجہ یا اور کسی جگہ کے گوشت کے حصہ کو مانگتے ہیں، تو اِس طرح سے قربانی کے جانور کا گوشت فرمائش پر دینا درست ہے یا نہیں؟ کیوں کہ تقسیم کرنے والا تو اپنی مرضی سے تقسیم کرتا ہے، صحیح طریقہ کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی کرنے والا شخص اپنی مرضی سے پڑوسیوں کی فرمائش کے مطابق اُنہیں گوشت دے سکتا ہے، قربانی کا گوشت خود اپنے استعمال میں لانا اور غریب فقراء، دوست واحباب کو دینا مستحب ہے۔

ويستحب أن يأكل من أضحيته ويطعم منها غيره، والأفضل أن يتصدق بالثلث، ويتخذ الثلث ضيافة لأقاربه وأصدقائه، ويدخر الثلث ويطعم الغني والفقير جميعًا. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب الخ ۳۰۰/۵، كذافي رد المحتار / كتاب الأضحية ۳۲۸/۶ دار الفكر بيروت، تبيين الحقائق / كتاب الأضحية ۸/۶ المكتبة الإمدادية ملتان) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۳/۲/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کیا غریب آدمی اپنی قربانی کے جانور کا گوشت کھا سکتا ہے؟

سوال (۹۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: غریب آدمی اگر جانور خرید کر قربانی کرے تو وہ اُس قربانی کا گوشت کھا سکتا ہے؟ اِس بارے میں دونوں طرح کے قول ہیں، ایک قول کے مطابق کھا سکتا ہے، جب کہ دوسرے قول سے معلوم ہوتا ہے کہ غریب آدمی کا قربانی کے واسطے جانور خریدنا نذر کے حکم میں ہونے کی وجہ سے اُس کے لئے اِس قربانی کا گوشت کھانا جائز نہیں ہے؛ بلکہ نذر کے جانور کا جو حکم ہے اُس جانور کا بھی وہی حکم

Marfat.com

ہے، اِس لئے حضور والا سے مؤدبانہ درخواست ہے کہ مفتی بہ قول کی نشان دہی فرمائیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگرچہ اِس بارے میں فقہ میں دونوں طرح قول ملتے ہیں؛ لیکن علامہ شامیؒ کی بحث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ فقیر کی قربانی اگرچہ نذر کے درجہ میں ہے؛ لیکن اُس کے لئے اُس میں سے کھانا منع نہیں ہے؛ کیوں کہ کھانے کی ممانعت اِس صورت کے ساتھ خاص ہے، جب کہ ابتداءً بالقصد نذر مانی گئی ہو، اور یہاں نذر کا حکم ابتداءً نہیں ہے؛ بلکہ ضمناً ہے۔

ثم ظاهر كلامه أن الواجبة على الفقير بالشراء له الأكل منها. (شامي / كتاب الأضحية ٤٧٣/٩ زكريا)

والحاصل أن التي لايؤكل منها هي المنذورة ابتداءً. (شامي / كتاب الأضحية ٤٧٤/٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۷/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کا گوشت غیر مسلم کو دینا؟

سوال (۱۰۰): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کا گوشت غیر مسلموں کو دے سکتے ہیں یا نہیں؟ بالتفصیل جواب سے مطلع فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دے سکتے ہیں۔

وللمضحي أن يهب كل ذلك أو يتصدق بع أو يهديه لغني أو فقير مسلم أو كافر. (إعلاء السنن / باب بيع جلد الأضحية ٢٦٢/١٧ إدارة القرآن كراچی)

ويهب منها ما شاء للغني والفقير والمسلم والذمي. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب ٣٠٠/٥ زكريا)

Marfat.com

ويطعم الغني والفقير ويهب منها ما شاء لغني ولفقير ولمسلم وذمي. ولو تصدق بالكل جاز. ولو حبس الكل لنفسه جاز. (حاشية الطحطاوي على الدر المختار / كتاب الأضحية ۱۶۶/۴ كراچی) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۰/۱۱/۳۰ھ

غیر مسلم دوست کو قربانی کا گوشت دینا؟

سوال (۱۰۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کسی غیر مسلم کو جو مسلمانوں سے مانوس ہو اور مسلمانوں کے ساتھ رہتا سہتا ہو، ایسے غیر مسلم دوست کو بقرعید کے موقع پر قربانی کا گوشت کھلا سکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی کا گوشت غیر مسلم کو کھلانا جائز ہے۔

يجوز أن يطعم من الأضحية كافرًا. (إعلاء السنن ۲۸۸/۷ كراچی)

وللمضحي أن يهب كل ذلك أو يتصدق به أو يهديه لغني أو فقير مسلم أو كافر. (إعلاء السنن / باب بيع جلد الأضحية ۲۶۲/۱۷ إدارة القرآن كراچی)

ويطعم الغني والفقير، ويهب منها ما شاء لغني ولفقير ولمسلم وذمي، ولو تصدق بالكل جاز. ولو حبس الكل لنفسه جاز. (حاشية الطحطاوي على الدر المختار / كتاب الأضحية ۱۶۶/۴ كراچی)

ويهب منها ما شاء للغني والفقير والمسلم والذمي. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب ۳۰۰/۵ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۶/۱۱/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قصاب کی اُجرت قربانی کے گوشت سے ادا کرنا؟

سوال (۱۰۲):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک آدمی قربانی میں قصاب کی اُجرت الگ سے ہی ادا کرنا چاہتا تھا مگر ایسا نہ کیا؛ بلکہ گوشت کو اُجرت میں دے دیا، تو وجوب ساقط ہو گیا یا ساقط نہیں ہوا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قصاب کی اُجرت میں قربانی کا گوشت دینا جائز نہیں تھا، اَب تلافی کی صورت یہ ہے کہ جتنی قیمت کا گوشت قصاب کو دیا ہے، اُتنی رقم غریبوں پر صدقہ کردے؛ البتہ اُس کی قربانی بہرحال درست ہوگئی ہے۔

عن علي رضي اللّٰه عنه قال: أمرني رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أن أقوم على بدنه، وأن أتصدق بلحمها وجلودها وأجلّتها، وأن لا أعطي الجزار منها، وقال: نحن نعطيه من عندنا. (صحيح مسلم، كتاب الحج / باب الصدقة بلحوم الهدايا وجلودها وجلالها ٤٢٣/١ رقم: ١٣١٧)

ولا يعطى أجر الجزار منها؛ لأنه كبيع. (الدر المختار) فإذا أعطى أجر الجزار منها يصير بائع اللحم والجلد بالدراهم، وقد ثبت المنع عنه. (عناية) لأن كلا منهما معاوضة؛ لأنه إنما يطعى الجزار بمقابلة جزر، والبيع مكروه، فكذا ما في معناه. (الدر المختار مع الشامي / كتاب الأضحية ٤٧٥/٩ زكريا)

ولو أراد أن يعطي الجزار أو الذابح أجرته من لحمها لا يجوز، وفي الظهيرية: ولا يعطى جلد الأضحية ولا لحمها أجرة الذباح والسلاخ. (الفتاوى التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل السادس في الانتفاع بالأضحية ٤٤٢/١٧ رقم: ٢٧٧٦٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۳/۱/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

سات حصہ داروں میں سے کسی ایک کا بوٹی بنانے کی اُجرت لینا؟

سوال (۱۰۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے موقع پر ہمارے یہاں ایسا کرتے ہیں کہ ایک جانور میں چند حصہ دار ہوتے ہیں، اور جانور کی بوٹیاں بنوانے کے لئے قصائی یا کسی بھی آدمی سے اُجرت دے کر بوٹیاں بنوالیتے ہیں، کبھی حصہ داروں میں ہی بوٹیاں بنانے والے ہوتے ہیں، تو ایک یا اور حصہ داروں کو بھی پیسے دے کر بوٹیاں بنوالیتے ہیں۔ معلوم یہ کرنا ہے کہ کیا اس جانور کا حصہ دار بھی مزدوری لے کر بوٹیاں بناسکتا ہے، اسی جانور کی جس میں اُس کا حصہ ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: گوشت کی باقاعدہ حصہ داروں میں تقسیم سے قبل کسی ایک حصہ دار کا بوٹیاں بنانے کی اُجرت لینا درست نہیں ہے، ورنہ خود اپنے حصہ کی بوٹی بنانے پر اجرت لینا لازم آئے گا جو ممنوع ہے؛ البتہ تقسیم کا عمل مکمل ہونے کے بعد ایک حصہ دار دوسرے کے حصہ کو بنانے کی اس سے اُجرت لے تو مضائقہ نہیں۔

عن أبي سعيد الخدري رضي اللّٰه عنه أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم نهى عن استيجار الأجير يعني حتى يبين له أجره. (السنن الكبرىٰ للبيهقي، كتاب الإجارة / باب لا تجوز الإجارة حتى تكون معلومة ٢٢٢/٦ رقم: ١١٦٥٢ دار الكتب العلمية بيروت)

وتفسد (أي الإجارة) بجهالة المسمى كله، أو بعضه. (الدر المختار / كتاب الإجارة ٦٦/٩ زكريا)

وإذا دفع الرجل إلى حائك غزلاً لينسجه بالنصف أو ما أشبه ذٰلك، فالإجارة فاسدة عند علمائنا، وفي السراجية: وبه أفتى الشيخ الإمام السرخسي. (الفتاوىٰ التاتارخانية ١١٥/١٥ رقم: ٢٢٣٧٢ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۳/۱۱/۱۴۲۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

لڑکی کی شادی میں قربانی کا گوشت کھلانا؟

سوال (۱۰۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بہت سے لوگ ذی الحجہ کی بارہویں تاریخ کو لڑکی شادی کرتے ہیں، اور قربانی کا گوشت کھلا کر نیوتہ وصول کرتے ہیں، نیوتہ تو بہر حال ناجائز ہے؛ لیکن کیا عقیقہ کرنا بھی ناجائز ہے؟ اور قربانی درست ہوتی ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: لڑکی کی شادی میں قربانی کا گوشت کھلانا بھی درست ہے، اِس سے قربانی پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

ویأكل من لحم الأضحية ويطعم الأغنياء والفقراء ويدخر لقوله عليه السلام: كنت نهيتكم عن أكل لحوم الأضاحي، فكلوا منها وادخروا. (الفتاوىٰ الهندية ٤/٤٤٩) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۸/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قربانی کے جانور

قربانی کے جانوروں میں سے کونسا جانور اَفضل ہے؟

سوال (۱۰۵):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے جانورون میں کونسا جانور زیادہ افضل ہے؟ دنبہ، اُونٹ یا گائے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: فقہاء نے اِس سلسلہ میں کثرتِ قیمت کا اعتبار کیا ہے، یعنی اگر گائے وغیرہ کے ساتویں حصہ سے دنبہ یا بکری کی قیمت زیادہ ہے تو دنبہ ہی زیادہ اَفضل ہے، اور اگر قیمت برابر ہو تو عمدہ اور زیادہ گوشت والے جانور کو ترجیح ہوگی، اِسی سے یہ بھی مفہوم ہوا کہ اگر کوئی اکیلا شخص بڑا جانور صرف اپنی طرف سے بلاشرکتِ غیرے قربانی کرنا چاہے اور اُس کی قیمت بکری سے زیادہ ہو تو قیمت اور گوشت کے زیادہ ہونے کی وجہ سے وہی بڑا جانور قربان کرنا اُس کے لئے افضل ہوگا۔

عن أبي الأسود السلمي عن أبيه عن جده قال: كنت سابع سبعة مع رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم في سفر، فأدركنا الأضحى فأمرنا رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم فجمع كل رجل منا درهمًا، فاشترينا أضحية بسبعة دراهم، وقلنا: يا رسول اللّٰه! لقد غلينا بها، فقال: إن أفضل الضحايا أغلاها وأسمنها، قال: ثم أمرنا رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم فأخذ رجل برجل، ورجل برجل، ورجل بيد، ورجل بيد، ورجل بقرن، ورجل بقرن، وذبح السابع، وكبروا عليها جميعًا. (المستدرك للحاكم / كتاب الأضاحي ٤/٢٥٧ رقم: ٧٥٦١ بيروت)

Marfat.com

اختلف المشايخ أن البدنة أفضل أم الشاة الواحدة؟ قال بعضهم: إن كانت قيمة الشاة أكثر من قيمة البدنة فالشاة أفضل؛ لأن الشاة كلها فرض، والبدنة سبعها فرض، والباقي يكون فضلاً. قال الشيخ الإمام أبوبكر محمد بن الفضل: البدنة أفضل؛ لأنها أكثر لحمًا من الشاة. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب ٢٩٩/٥ زكريا)

وفي العتابية: وكان الأستاذ يقول: بأن الشاة السمينة العظيمة التي تساوي البقرة قيمة وكمًّا أفضل من البقر؛ لأن جميع الشاة يقع فرضًا بلا خلاف، واختلفوا في البقرة، قال بعض العلماء: يقع سبعها فرضًا، والباقي تطوع.

(الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الخامس في بيان ما يجوز من الضحايا وما لا يجوز ٤٣٣/١٧ رقم: ٢٧٧٤٠ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١٤١٩/١٠/١٦ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد قاسمی عفا اللہ عنہ

بھینس کی قربانی؟

سوال (١٠٦):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا بھینس کی قربانی جائز ہے؟ جواب کسی نص حدیث سے بھینس کی قربانی ثابت نہیں ہے؛ لہٰذا مناسب یہ ہے کہ اِس سے اجتناب کیا جائے۔ (مراعاۃ المفاتیح)

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بھینس چوں کہ گائے کی جنس سے ہے، اور گائے کی قربانی کا جواز بنص حدیث ثابت ہے؛ لہٰذا دلالت النص کے طور پر بھینس کی بھی قربانی بلا کراہت جائز ہے، اِس لئے بھینس یا کٹرے کی قربانی سے اجتناب کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے، شامی میں ہے:

عن الحسن أنه كان يقول: الجواميس بمنزلة البقر. (المصنف لابن أبي شيبة،

Marfat.com

كتاب الزكاة / في الجواميس تعد في الصلقة ٦٥/٧ رقم: ١٠٨٤٨)

وصح الثني هو ابن خمس من الإبل، وحولين من البقر والجاموس، قال الشافعي: والجاموس نوع من البقر. (الدر المختار مع الشامي ٤٦٦/٩ زكريا)

البقر جنس من فصيلة البقرات يشمل الثور والجاموس ويطلق على الذكر والأنثى. (المعجم الوسيط ٦٥، المنجد عربي ١٠٧)

ويجزئ الجاموس في الأضحية عن سبعة، وفي الحاوي: قال الفقيه: وبه نأخذ، وعن أبي القاسم أنه لا يجوز. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الخامس في بيان ما يجوز من الضحايا وما لا يجوز وفي بيان المستحب والأفضل منها ٤٣٤/١٧ رقم: ٢٧٧٤٢ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۵/۵/۱۴۲۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کیا بھینس کی قربانی کرنا جائز ہے؟

سوال (۱۰۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کن کن جانوروں کی ہے؟ بعض لوگ بھینس کی قربانی کے عدمِ جواز کے قائل ہیں، چوں کہ بھینس کی قربانی کا ذکر حدیث شریف میں نہیں ہے، کیا یہ صحیح ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بھینس گائے ہی کی ایک جنس ہے، اور یہ بھی گائے کی طرح ایک پالتو جانور ہے۔

ويدخل في البقر الجاموس؛ لأنه من جنسه. (فتح القدير ١٧/٩ ٥، الفتاوىٰ الهندية ٢٩٧/٥، شامي ٤٦٦/٩ زكريا، بدائع الصنائع ٦٨/٥)

اِسی بناء پر فقہاء کرام نے گائے اور بھینس کی قربانی کو بلاشبہ درست قرار دیا ہے۔

Marfat.com

وكذلك في البقر مع الجواميس. (المبسوط للسرخسي ١٨٣/٣)

فإذا اتفق في المال جواميس وصنف آخر من البقر كمل نصاب أحدهما بالأخر، وأخذ الفرض من أحدهما على قدر المالين. (المغني ٢٤٠/٢ رقم: ١٧١١ دار الفكر بيروت) فقط والله تعالىٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۱/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بھینس اور گائے کتنی عمر کے ہونے چاہئیں؟

سوال (۱۰۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر بڑے جانور جیسے بھینس بھینسہ کی قربانی کی جائے تو کیا عمر ہونی چاہئے؟ پہلے ۳/سال عمر بتائی جاتی تھی اور لکھا بھی دیکھا ہے؛ لیکن اَب پڑھنے میں کم از کم ۲/سال عمر آیا ہے، کیا یہ درست ہے؟ باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بھینس گائے وغیرہ کی قربانی کے لئے کم از کم دو سال کی عمر ہونی چاہئے، اِس سے کم نہ ہو، زیادہ میں حرج نہیں ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ﴾ [الأنعام، جزء آیت: ١٤٤]

عن جابر رضي الله عنه قال: قال رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم: لا تذبحوا إلا مسنة إلا أن يعسر عليكم فتذبحوا جذعة من الضأن. (صحيح مسلم، كتاب الأضاحي / باب سن الأضحية ص: ١٢٤٨ رقم: ١٩٦٣ بيت الأفكار الدولية، سنن أبي داؤد، كتاب الضحايا / باب ما يجوز من السن في الضحايا ص: ٥٢٩ رقم: ٢٧٩٧ دار الفكر بيروت)

عن عاصم بن كليب عن أبيه رضي اللّٰہ عنه قال: كنا مع رجل من أصحاب النبي صلى اللّٰہ عليه وسلم يقال له مجاشع من بني سليم فعزّت الغنم فأمر مناديًا، فنادىٰ أن رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم كان يقول: إن الجذع يوفى مما يوفى من الثني. (سنن أبي داؤد، كتاب لضحايا / باب ما يجوز من السن في الضحايا ص: ٥٢٩ رقم: ٢٧٩٩ بيروت)

Marfat.com

والثني منه ابن سنتين وتقدير هٰذه الأسنان بما قلنا يمنع النقصان ولا يمنع الزيادة. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الخامس ۲۹۷/۵) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۵/۱۲/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جانور کی عمر کے بارے میں غیر مسلم کے قول کا اعتبار؟

سوال (۱۰۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے جانور کی عمر کوئی غیر مذہب والا شخص بتلائے، تو اس کے بتلانے کا اعتبار کیا جائے یا نہیں؟ بایں طور کہ عمر صحیح تسلیم کرلی جائے اور قربانی کردی جائے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر ظنِ غالب اُس کے قول کی صحت کا ہو، مثلاً وہ علامتیں پائی جائیں جن سے عمر کا اندازہ لگایا جاتا ہے، یا کوئی اور قرینہ ہو، تو جانور کی عمر کے بارے میں غیر مسلم کے قول کا اعتبار کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

يقبل قول الواحد في المعاملات عدلاً كان أو فاسقًا حرًا كان أو عبدًا، ذكرًا كان أو انثىٰ، مسلمًا كان أو كافرًا، دفعًا للحرج والضرورة. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الكراهية / الفصل الثاني في العمل بخبر الواحد في المعاملات ۳۱۰/۵) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۱/۱۴۱۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

جس گائے بھینس کے دو سال میں بھی دانت نہ نکلے ہوں اُس کی قربانی کرنا؟

سوال (۱۱۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: گائے بھینس جس کی عمر پورے دو سال ہے؛ لیکن ابھی اُس کے دانت نہیں اکھڑے ہیں، یعنی

Marfat.com

ابھی دونتی نہیں ہے، تو کیا اُس کی قربانی کی جاسکتی ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: دانت نکلنا ضروری نہیں، اگر دو سال واقعی مکمل ہوگئے ہیں، تو اُس کی قربانی درست ہو جائے گی۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَمِنَ الْإِبِلِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَيْنِ﴾ [الأنعام، جزء آیت: ١٤٤]

عن جابر رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: لا تذبحوا إلا مسنة إلا أن يعسر عليكم فتذبحوا جذعة من الضأن. (صحيح مسلم، كتاب الأضاحي / باب سن الأضحية ص: ١٢٤٨ رقم: ١٩٦٣ بيت الأفكار الدولية، سنن أبي داؤد، كتاب الضحايا / باب ما يجوز من السن في الضحايا ص: ٥٢٩ رقم: ٢٧٩٧ دار الفكر بيروت)

وصح الثني هو ابن خمس من الإبل وحولين من البقر والجاموس. (شامي ٤٦٦/٩ زكريا)

ويجزئ في الأضحية الثني فصاعدًا من كل شيءٍ، ولا يجوز ما دون ذلك من كل شيءٍ، إلا الجذع من الضمان إذا كان عظيمًا، ومعناه أنه إذا اختلط مع الثنيان يظن الناظر إليه أنه ثنيٌّ. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الخامس في بيان ما يجوز من الضحايا وما لا يجوز ٤٢٥/١٧ رقم: ٢٧٧١٣ زكريا)

والثني من الغنم الذي تم له سنة وطعن في الثانية، ومن البقر الذي تم له سنتان وطعن في الثالثة، ومن الإبل الذي تم له خمس سنين، وطعن في السادسة هٰذا كله قول أهل الفقه. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الخامس في بيان ما يجوز من الضحايا وما لا يجوز ٤٢٥/١٧ رقم: ٢٧٧١٤ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۹/۱۱/۲۴ھ

Marfat.com

پوشیدہ طریقے سے اُونٹ گائے کی قربانی کرنا؟

سوال (۱۱۱) :- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے دنوں میں ہمارے یہاں سرکاری طور سے بھینس اور بھینسا کے لئے آرڈر ہے جو کھلم کھلا ہوتی ہے، اِس میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے، اَب اِس درمیان کوئی شخص پوشیدہ طریقے پر دوسرے جانوروں مثلاً اُونٹ اور گائے کی قربانی کردے تو قربانی درست ہوئی یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بھینس وغیرہ کے علاوہ اُونٹ اور گائے کی بھی قربانی درست ہوتی ہے، اِس لئے اگر کوئی شخص اِن جانوروں کی قربانی کرے تو اُس کی قربانی صحیح ہوجائے گی؛ تاہم اپنی عزتِ نفس کو بچانا بھی ضروری ہے؛ لہٰذا قانون کی خلاف ورزی میں جب کہ نقصان کا اندیشہ ہے تو ایسا کام نہیں کرنا چاہئے۔ (مستفاد: فتاویٰ احیاء العلوم ۱/۲۵۰)

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَاِذْ قَالَ مُوْسیٰ لِقَوْمِہٖ اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَۃً﴾

[البقرۃ، جزء آیت: ٦٧]

وقال تعالیٰ: ﴿وَمِنَ الْاِبِلِ اثْنَیْنِ وَمِنَ الْبَقَرِ اثْنَیْنِ﴾ [الأنعام، جزء آیت: ١٤٤]

عن ابن عباس رضي اللّٰہ عنهما قال: كنا مع رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم في سفر، فحضر الأضحىٰ، فاشتركنا في البقرة سبعةً، وفي البعير عشرةً.

وعن جابر رضي اللّٰہ عنه قال: نحرنا مع رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه وسلم بالحديبية البدنة عن سبعة والبقرة عن سبعةٍ.

عن علي رضي اللّٰہ عنه قال: البقرة عن سبعة ..... الخ. (سنن الترمذي / باب ما جاء في الاشتراك في الأضحية ١/٢٧٦؛ صحيح البخاري / باب الأضحية للمسافر والنساء ٢/٨٣٢، وكذا في إعلاء السنن، كتاب الأضاحي / بابٌ: أن البدنة عن سبعة ١٧/٢٠٥ إدارة القرآن كراچی)

عن جابر بن عبد اللّٰہ رضي اللّٰہ عنه يقول: نحر رسول اللّٰہ صلى اللّٰہ عليه

Marfat.com

وسلم عن نسائه. (صحيح مسلم، كتاب الحج / باب الاشتراك في الهدي وإجزاء البقرة والبدنة كل منهما عن سبعةٍ ص: ٨٢٤ رقم: ١٣١٩ بيت الأفكار الدولية)

في رواية: نحر عائشة رضي الله عنها بقرةً يوم النحر. (جمع الفوائد، كتاب الحج / باب الهدي ٤٩٨/٢ رقم: ٣٥٤٥ إدارة القرآن كراچی)

ويجوز بالجاموس؛ لأنه نوع من البقر بخلاف بقر الوحش حيث لا يجوز التضحية به؛ لأن جوازها عرف بالشرع في البقر الأهلي دون الوحشي والقياس ممتنع. (تبيين الحقائق / كتاب التضحية ٤٨٣/٦ كراچی، وكذا في الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الخامس ٢٩٧/٥ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۳/۱/۱۲ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ہرن یا نیل گائے کی قربانی کرنا؟

سوال (۱۱۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: نیل گائے اور ہرن کی قربانی جائز ہے؟ جب کہ نیل گائے یا ہرن شکار کر کے نہیں لایا گیا ہے؛ بلکہ کسی سے خرید کر لیا ہے، یا شکار کر کے لایا گیا؛ لیکن اُسے بہت دنوں تک اپنے یہاں پالا ہے اور وہ جانور بہت مانوس ہو گیا ہے، بہر دو صورت قربانی جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: ہرن یا نیل گائے یا کسی بھی جنگلی جانور کی قربانی کسی صورت میں جائز نہیں ہے؛ کیوں کہ وہ جنگلی جانور ہیں، اور قربانی صرف پالتو جانوروں کی ہوتی ہے۔

وإن ضحى بظبية وحشية ألفت أو ببقرة وحشية ألفت لم يجز. (بدائع الصنائع ٥٩/٥، خانية ٣٤٨/٣، الفتاوىٰ الهندية ٢٩٧/٥، الجوهرة النيرة ٢٨٥/٢) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۲/۱۱/۱۹ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قانوناً ممنوع ہونے کے باوجود گائے کی قربانی کرنا؟

سوال (۱۱۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایسی جگہ جہاں حکومت کی طرف سے گائے ذبح کرنے پر پابندی عائد ہے، وہاں گائے کی قربانی جائز ہوگی یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: قربانی تو ہوجائے گی؛ لیکن اپنی عزت نفس کی حفاظت بھی ضروری ہے، ایسی جگہ عواقب کو سامنے رکھ کر عمل کیا جائے۔ (امداد المفتیین ۷۹۹ کراچی، فتاویٰ محمودیہ ۲۶۰/۲۶ میرٹھ) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۱۱/۱۴۱۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

پولیس سے مل کر چوری سے گائے کی قربانی کرنا؟

سوال (۱۱۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جہاں بالکل کسی بڑے جانور کا لائسنس نہیں ہے وہاں گائے کا گوشت پولیس سے مل کر کرتے ہیں اور قربانی بھی کرتے ہیں، کیا ایسی جگہ پر قربانی جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: گائے شرعاً حلال جانور ہے، اُس کی قربانی ہر جگہ درست ہے، حکومت کے قانون کی وجہ سے کوئی حلال چیز حرام نہیں ہوسکتی؛ البتہ حکومت کی بندشوں سے بچنے کا پیشگی نظم کرنا چاہئے۔ (مستفاد: کفایت المفتی ۲۰۰/۸) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۷/۱۱/۱۴۲۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

سرکار اور غیر مسلموں سے چھپ کر گائے کی قربانی کرنا؟

سوال (۱۱۵):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے یہاں بلکہ علاقہ میں قربانی کے موقع پر مسلمان سرکار سے اور غیر مسلم سے گائے اور بیل چھپا کر قربانی کرتے ہیں؛ کیوں کہ سرکاری لائسنس نہیں ہے، اِس کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: پابندی کی جگہ پر گائے یا بیل کی قربانی سے واجب ادا ہوجائے گا؛ لیکن اپنی جان ومال کے تحفظ کے لئے غیر قانونی عمل سے احتراز بہتر ہے۔ (فتاویٰ محمودیہ ۳۴۵/۱۴ ڈابھیل) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۲/۱۱/۱۹ھ

گائے بیل کے ذبح کرنے پر غیر مسلموں کا پابندی لگانا؟

سوال (۱۱۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہم قربانی یا عام دنوں میں گائے، بیل کاٹتے ہیں تو ہمارے غیر مسلموں کو تکلیف ہوتی ہے، تو اُس وقت ہمارا اِسلام کیا کہتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: گائے بیل کا ٹنا اِسلام میں مباح ہے لازم نہیں ہے، اِس لئے اگر کوئی مصلحت کی وجہ سے اُسے نہ کاٹے، تو کوئی حرج نہیں؛ لیکن گائے بیل کو ہمیشہ حلال ہی سمجھنا چاہئے اُسے ناجائز نہ سمجھا جائے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۳۴۵/۱۴، کفایت المفتی ۲۰۲/۸) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۹/۸/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ایک سال سے کم کا بکرا جو دیکھنے میں ایک سال کا معلوم ہو؟

سوال (۱۱۷):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: کیا ایسا بکرا جو فربہ ہو، اور ایسا موٹا تازہ اگر اُس کو ایک سال کے بکرے میں کھڑا کر دیا جائے تو فرق معلوم نہ ہو، مگر سال مکمل ہونے میں دو مہینے یا ایک مہینہ یا پندرہ یا دس یا ایک یوم بھی کم ہے، تو کیا اُس کی قربانی کرنا جائز ہے؟ بھیڑ اور دنبہ کی طرح موٹا تازہ کی شرط کے ساتھ بکرے میں بھی تخفیف وقت کی رخصت حاصل ہے؟ بحوالہ جواب سے آگاہ فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بکرے کی قربانی اُس وقت درست ہوسکتی ہے، جب کہ اُس کی عمر مکمل ایک سال ہو، اگر ایک سال سے ایک دن بھی کم ہوگا تو اُس سے واجب قربانی ادا نہ ہوگی، موٹے تازے بھیڑ اور دنبے میں سال سے کم ہونے کی رخصت حدیث سے ثابت ہے، اِس پر بکرے کو قیاس نہیں کیا جائے گا؛ کیوں کہ رخصت کا مدار نقل پر ہے؛ لہٰذا عقلی دلیل سے اُس رخصت کو متعدی نہیں کیا جاسکتا۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۷/۳۶۳ ڈابھیل، جواہر الفقہ ۱/۴۴۹)

وأما سنه فلا يجوز شيء مما ذكرنا من الإبل والبقر والغنم من الأضحية إلا الثني من كل جنس إلا الجذع من الضأن خاصة إذا كان عظيمًا، لما روى عن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أنه قال: ضحوا بالثنايا إلا أن يعز على أحدكم فيذبح الجذع في الضأن. (بدائع الصنائع ٤/٢٠٥ زكريا)

فلا يجوز شيء مما ذكرنا من الإبل والبقر والغنم عن الأضحية إلا الثني من كل جنس، وإلا الجذع من الضأن خاصةً إذا كان عظيمًا ..... حتى لو ضحىٰ بأقل من ذلك شيئًا لا يجوز. (الفتاوىٰ الهندية ٥/٢٩٧)

وصح الثني فصاعدًا من الثلاثة، والثني هو ابن خمس من الإبل وحولين من البقر والجاموس، وحول من الشاة. (شامي / كتاب الأضحية ٩/٤٦٦ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳/۱/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

ایک سال کا بکرا جس کے دانت نہ نکلے ہوں؟

سوال ۱۱۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بکرے کی عمر ایک سال ہے، مگر دانت ایک بھی نہیں نکلے، تو ایسے جانور کی قربانی جائز ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جو جانور قربانی کی عمر کو پہنچ گیا ہو، مگر اُس کے دانت نہ نکلے ہوں، تو اگر وہ گھاس وچارہ کھا سکتا ہے تو اُس کی قربانی درست ہے، اور اگر نہیں کھا سکتا تو درست نہیں۔

كذا في البدائع، وأما الهتماء: وهي التي لا أسنان لها، فإن كانت ترعي وتعتلف جازت وإلا فلا. (بدائع الصنائع ٤/٥ ٢١ زكريا، الهداية ٤٤٨/٤ مكتبه بلال ديوبند)

وأما الهتماء: وهي التي لا أسنان لها، فقد روي عن هشام عن أبي يوسف أنه لا يجوز، سواء كانت تعتلف أو لا تعتلف، فإن بقي بعض أسنانها إن كانت تعتلف بما بقي من الأسنان جاز وما لا فلا. وفي جامع الجوامع عن أبي حنيفة: التي لا سن لها، ولا تعتلف جاز وإلا فلا. وفي اليتيمة: كتبت إلى أبي الحسن علي المرغينان، إن كانت تعتلف. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الخامس في بيان ما يجوز من الضحايا وما لا يجوز ٤٢٨/١٧ رقم: ٢٧٧٢٢ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲/۲/۱۴۲۰ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بکرے کی قربانی میں صرف ایک سال کا ہونا ضروری ہے یا دانت نکلنا بھی ضروری ہے؟

سوال (۱۱۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: بکرے کی قربانی کے سلسلہ میں صرف سال بھر کا ہوجانا جانی ہے، یا دانت کا نکل آنا اور دانت والا ہوجانا ضروری ہے؟ ہمارے علاقہ میں غیر مقلدین عوام کو بھڑکاتے رہتے ہیں کہ دانت کا ہوجانا ضروری ہے، صرف سال بھر کا ہونا کافی نہیں ہے، قربانی نہیں ہوگی؟ حدیث میں دانت والا ہونا بیان کیا گیا ہے؟ اور علماء احناف کہتے ہیں کہ سال بھر کا ہونا کافی ہے، اِس سلسلہ میں حدیث صریح کیا ہے اور کونسی حدیث ہے جس کو پیش کیا جاسکے کہ جس سے معلوم ہو کہ سال بھر کا ہوجانا کافی ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: حدیث شریف میں مسنہ کی قربانی کا حکم ہے، اور مسنہ کی تشریح ایک سالہ بکری سے کی گئی ہے، اُس میں دانت نکلنا شرط نہیں؛ بلکہ ایک سال کی عمر ہونا ضروری ہے؛ لہٰذا دو نتے کی شرط لگانا خلافِ مدلول ہے۔

عن جابر رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: لا تذبحوا إلا مسنة الخ. (مشكاة المصابيح عن صحيح مسلم ۱۲۷/۱)

ويجوز من جميع هٰذه الأقسام الثني وهو المراد من المسنة، وهو من الإبل ماستكمل خمس سنين، ومن الغنم الخ ما استكمل سنة. (حاشية: مشكاة المصابيح ۱۲۷/۱) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۰/۱۰/۱۴۲۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ایک سال سے کم کا بکرا اگر ایک سال جیسا معلوم ہو؟

سوال (۱۲۰): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: میرے پاس ایک بکرا ہے جو تقریباً ایک سال پورا ہونے میں ایک مہینہ کم ہے؛ لیکن دیکھنے میں ایک سال کا لگتا ہے، کافی تندرست ہے، اسی طرح ایک دوسرا بکرا صرف آٹھ دن چھوٹا ہے، تو اُس کی قربانی ہوسکتی ہے یا نہیں؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بوقتِ قربانی جو بکرا ایک سال سے ایک دن بھی کم کا ہو تو اُس کی قربانی درست نہ ہوگی، بھلے ہی وہ بڑی عمر کا معلوم ہو۔ (امداد الفتاویٰ ۵۶۸/۳)

عن نافع أن عبد اللّٰه بن عمر رضي اللّٰه عنهما كان يقول: في الضحايا والبدن الثني فما فوقه. (الموطا للإمام مالك، كتاب الحج / باب العمل في الهدي حين يساق ۱٤۸ المكتبة الأشرفية ديوبند)

وصح الثني ..... وحول من الشاة والمعز. (شامي / كتاب الأضحية ٤٦٦/٩ زكريا)

والثني من الغنم الذي تم له سنة وطعن في الثانية. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الخامس في بيان ما يجوز من الضحايا وما لا يجوز وفي بيان المستحب والأفضل منها ٤٢٥/١٧ تحت رقم: ٢٧٧١٤ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳۰/۱۱/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

خصی بکرے کی قربانی کرنا؟

سوال (۱۲۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جب کسی جسمانی نقص والا بکرا لائق قربانی نہیں تو خصی بکرا جس کا ایک عضو خورد نکال کر اورنس بندی کرکے افزائش نسل سے محروم کردیا جاتا ہے، تو کس طرح لائق قربانی ہوسکتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جانوروں میں خصی ہونا عیب نہیں؛ بلکہ گوشت کے لئے پسندیدہ ہے، اِسی بناپر خصی بکرے کی قیمت غیر خصی سے زیادہ ہوتی ہے؛ لہٰذا اُس کی قربانی بلا شک وشبہ درست ہی نہیں؛ بلکہ مستحسن ہے، خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خصی بکروں کی قربانی فرمائی ہے۔

عن جابر بن عبد اللّٰه رضي اللّٰه عنه قال: ذبح النبي صلى اللّٰه عليه وسلم

Marfat.com

يوم الذبح كبشين أقرنين أملحين مُوجَئَيْن. (سنن أبي داؤد، كتاب الضحايا / باب ما يستحب من الضحايا ص: ٢٨٥ رقم: ٢٧٩٥ دار الفكر بيروت، سنن الترمذي رقم: ١٥٢١)

ويضحي بالجماء والخصي والثولاء. (الدر المختار / كتاب الأضحية ٣٢٣/٦ كراچی)

والخصي أفضل من الفحل؛ لأنه أطيب لحمًا، كذا في المحيط. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب ٢٩٩/٥ زكريا)

والذكر منه أفضل إذا كان خصيًا. (الفتاوىٰ البزازية على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الفصل الرابع فيما يجوز من الأضحية ٢٨٩/٦ زكريا)

ويجوز أن يضحيّ بالجماء ..... والخصي؛ لأن لحمها أطيب، وقد صح أن النبي صلى الله عليه وسلم ضحى بكبشين أملحين موجؤين. (فتح القدير ٥١٥/٩)

وعن الإمام أن الخصي أولىٰ؛ لأن لحمه ألذّ وأطيبُ. (مجمع الأنهر شرح ملتقى الأبحر / كتاب الأضحية ١٧١/٤ المكتبة الغفارية كوئٹه) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

١٤١٣/١١/١٨ھ

خصی بکرے کی قربانی؟

سوال (۱۲۲): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بکرا کو خصی کرنا حکم خداوندی ہے یا حکم نبوی؟ یا طریقہ قدیمہ ہے؟ جب کہ قربانی کا جانور ہر عیب سے پاک ہوتا ہے؛ لیکن بکرا کا خصی کر دینا معیوب ہے، اِن تینوں سوالوں کا جواب ندائے شاہی میں شائع فرمادیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بکرے کے لئے خصی ہونا عیب کی بات نہیں؛ بلکہ یہ اُس کے گوشت کے لئے خوبی کی بات ہوتی ہے، اِسی بناپر خصی کی قیمت غیر خصی کے مقابلہ میں زیادہ

Marfat.com

ہوتی ہے۔ دوسرے یہ کہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خصی بکروں کی قربانی فرمائی ہے، اِس لئے خصی جانور کی قربانی میں کوئی حرج نہیں ہے۔

عن أبي رافع رضي الله عنه قال: ضحى رسول الله صلى الله عليه وسلم بكبشين أملحين موجوئين خصيين. (المسند للإمام أحمد ١٦/ ٧٠ رقم: ٢١٦١١، ١٧/ ١٥١ رقم: ٢٣٧٥٠، نصب الراية ٤/ ٥٠٩ مكتبة دار الايمان سهارنفور)

وعن الإمام: أن الخصي أولى؛ لأن لحمه ألذُّ وأطيبُ. (مجمع الأنهر / كتاب الأضحية ٤/ ١٧١ كوئٹه)

وجاز خصاء البهائم وقيدوه بالمنفعة وهي إرادة سمنها أو منعها عن العض. (شامي، كتاب الحظر والإباحة / فصل في البيع ٩/ ٥٥٧ زكريا، تبيين الحقائق، كتاب الكراهية / فصل في البيع ٦/ ٣١ ملتان، ٧/ ٦٨ زكريا، البحر الرائق، كتاب الكراهية / فصل في البيع ٨/ ٢٠٤ كراچی، الهداية ٤/ ٤٣٢) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۳/ ۱۱/ ۱۴۱۶ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

خصی ہونا جانور میں عیب نہیں

سوال (۱۲۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے جانور میں اگر کوئی کمی ہو، یا چوٹ لگی ہو تو اُس جانور کی قربانی منع ہے، پھر خصی بکرے کی قربانی کیوں کی جاتی ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جانور کا خصی ہونا گوشت اور چربی کے اعتبار سے پسندیدہ ہے، یہ اُس کے لئے عیب نہیں؛ بلکہ اُس کی قیمت میں اضافہ کا ذریعہ ہے، اِس لئے خصی جانور کی قربانی میں شرعاً کوئی مضائقہ نہیں ہے، خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی دو خصی مینڈھوں

Marfat.com

کی قربانی فرمائی ہے۔

عن جابر بن عبد اللّٰه رضي اللّٰه عنه قال: ذبح النبي صلى اللّٰه عليه وسلم يوم الذبح كبشين أقرنين أملحين مُوجئين الخ. (سنن ابي داؤد، كتاب الضحايا / باب ما يستحب من الضحايا رقم: ۲۷۹۵ دار الفكر بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۲۶/۱۱/۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کے بکروں کو اَولاد کی طرح پالنا؟

سوال (۱۲۴): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: میں ہر سال قربانی کی غرض سے بکرے پالتا ہوں، بکروں کی پرورش بالکل اِس طرح کرتا ہوں کہ جس طرح اِنسان اَولاد کو پالتا ہے، جب عیدالاضحیٰ میں قربانی کرتے وقت جانور ذبح کیا جاتا ہے تو گھر کے بچے روتے ہیں، کیا یہ ٹھیک و درست ہے؟ یا اِس میں کوئی کمی یا گناہ ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰه التوفيق: یہ طریقہ نہ صرف جائز؛ بلکہ مستحسن اور ثواب کی زیادتی کا باعث ہے۔

والمستحب أن تكون الأضحية أسمنها وأحسنها وأعظمها. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / قبيل الباب السادس ۵/ ۳۰۰) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۴/۱۲/۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کتیا کا دودھ پینے والی بکری کا حکم

سوال (۱۲۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک بکری کے بچے نے ایک کتیا کا دودھ پی لیا، جس سے اُس کا نشو ونما ہوا، کیا ایسے بکرے

Marfat.com

کی قربانی وعقیقہ وغیرہ کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: درمختار میں لکھا ہے کہ بکری کا بچہ اگر خنزیر کا دودھ پی کر غذا حاصل کرے تو "بعد استہلاک لبن" اُس کا کھانا حلال ہے۔

الجدي إذا غذى بلبن الخنزير فقد عللوا حل أكله بصيرورته مستهلكا لا يبقى له أثر. (الدر المختار مع الشامي ٦/٧٣١ كراچی)

اِس سے معلوم ہوا کہ صورتِ مسئولہ میں کتیا کا دودھ پینے والی بکری کی قربانی اور عقیقہ درست ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۷/۲/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

دس ذی الحجہ کو پیدا ہونے والے بکرے کی قربانی آئندہ دس گیارہ ذی الحجہ کو کرنا؟

سوال (۱۲۶): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بکرا کی پیدائش گیارہویں ذی الحجہ کو ہوئی، تو دوسرے سال قربانی کے اَیام دسویں یا گیارہویں یا بارہویں تاریخ میں اِس بکرے کی قربانی ہوسکتی ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مذکورہ بکرے کی قربانی بارہویں ذی الحجہ کو کی جاسکتی ہے؛ لیکن دسویں اور گیارہویں کو کرنا درست نہیں ہے؛ کیوں کہ دسویں کو تو سال ہی مکمل نہیں ہوا، اور گیارہویں کو سال تو مکمل ہوگیا؛ لیکن دوسرے سال میں شروع نہیں ہوا، جب کہ فقہاء نے لکھا ہے کہ سال مکمل ہونے کے بعد دوسرے سال میں لگ جائے؛ اِس لئے اِن دونوں تاریخوں میں اس بکرے کی قربانی درست نہیں۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۳۲۳، فتاویٰ رحیمیہ ۱۰/۱۵۱ دار الاشاعت دیوبند)

Marfat.com

وصح حول من الشاة (الدر المختار) وفي الشامي: فلو ضحى بسن أقل لا يجوز. (الدر المختار مع الشامي / كتاب الأضحية ٤٦٦/٩ زكريا)

وتقدير هذه الأسنان بما قلنا يمنع النقصان ولا يمنع الزيادة حتى لو ضحى بأقل من ذلك شيئًا لا يجوز، ولو ضحى بأكثر من ذلك شيئًا يجوز ويكون أفضل. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الخامس ٢٩٧/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۲۷/۱۱/۱۴۲۱ھ

مرغی، چڑیا اور بطخ کی قربانی کا حکم؟

سوال (۱۲۷): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: مرغی، چڑیا، بطخ یا اُس کے مانند جانوروں کی قربانی جائز کیوں نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: مرغی وغیرہ کی قربانی درست نہیں، حکم شرع اِسی طرح وارد ہے، اس کی عقلی وجہ معلوم ہونا ضروری نہیں ہے، اور کتبِ فقہ میں لکھا ہے کہ اگر کوئی غریب شخص قربانی کرنے والوں کی مشابہت اختیار کرتے ہوئے مرغ کی قربانی کرے تو یہ مکروہ ہے؛ کیوں کہ یہ مجوسیوں کا طریقہ ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۳۵۸/۱۷ ڈابھیل)

والتضحية بالديك والدجاجة في أيام الأضحية ممن لا أضحية عليه لإعساره تشبيهاً بالمضحين مكروه؛ لأنه من رسوم المجوس. كذا في الخلاصة. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الخامس فيكره ذبح دجاجة وديك؛ لأنه تشبه بالمجوس ٣٠٠/٥، الدر المختار / كتاب الأضحية ٣١٣/٦ دار الفكر بيروت، الفتاوىٰ البزازية / كتاب الأضحية ٢٩٠/٦ زكريا، البحر الرائق ١٦٤/٢) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۲۳/۱۲/۱۴۱۲ھ

Marfat.com

اَدھیا سے حاصل شدہ بکری کی قربانی

سوال (۱۲۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بکر نے خالد کو ایک بکری دی پالنے کے لئے اور کہا گیا کہ جو بچہ اِس میں ہوگا دونوں کا آدھا آدھا ہوگا، اِس کے بعد بکری نے دو بچہ دئے، دونوں نے ایک ایک حصہ کرلیا۔

مسئلہ دریافت یہ کرنا ہے کہ جو خالد کو حصہ ملا ہے، کیا اُس میں جانور کو قربانی کرسکتا ہے یانہیں؟ اور اِس طرح معاملہ کرنا آپس میں کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: یہ معاملہ شرعاً فاسد ہے اور بکری کے دونوں بچوں کا مالک بکر ہے۔ اور اِس مدت میں خالد نے جو بکری کی خدمت کی ہے اُس کی اُجرت اور جو چارہ وغیرہ کھلایا اُس کی قیمت بکر پر واجب ہے، اور بکر بکری کی قربانی بھی کرسکتا ہے؛ البتہ خالد کے لئے اُس کی قربانی جائز نہیں؛ کیوں کہ وہ اُس کا مالک نہیں؛ لیکن اگر بکر اُجرت کے بدلہ میں خالد کو اس بچہ کا مالک بنادے تو خالد کے لئے اُس کی قربانی درست ہوسکتی ہے۔

دفع بقرة إلى رجلٍ على أن يعلفها وما يكون من اللبن والسمن بينهما أنصافًا فالإجارة فاسدة، وعلى صاحب البقرة للرجل أجر قيامه وقيمة علفه.

(الفتاوىٰ الهندية، كتاب الإجارة / الباب الخامس من الفصل الثالث الخ ٤/٤٤٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۶/۳/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

تجارت کے جانور میں منافع لے کر قربانی کرنا؟

سوال (۱۲۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک شخص نے ۳۳/سو روپئے میں ایک جانور خریدا، اور ساڑھے چھ سو کا حصہ لگایا، ایک حصہ دار خود رہ گیا، یعنی اپنی طرف سے کوئی پیسہ نہیں لگایا، تو کیا اُس کی قربانی درست ہوگی؟ کچھ لوگ کہتے

Marfat.com

ہیں کہ چوں کہ وہ نفع میں قربانی کرارہا ہے، اِس لئے درست نہ ہوگی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں اِس طرح نفع اُٹھانا پھر اُس نفع ہی کی قربانی کرنا درست ہے، جب کہ تجارت ہی کی نیت سے خریدا ہو۔ (مستفاد: فتاویٰ رحیمیہ ۱۰/۳۷ دار الاشاعت دیوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۲/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کی نیت سے پالے ہوئے جانور کو فروخت کرکے دوسرا جانور خریدنا؟

سوال (۱۳۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید نے ایک بکرا بچپن سے قربانی کے لئے پالا کہ اُس کی قربانی کروں گا، اَب زید کی نیت یہ ہوگئی کہ اُس کے بدلہ میں اِس بکرے کو بیچ کر بڑا جانور خرید لوں، جس میں سات حصہ سب گھر والوں کے نام سے ہوجائیں، کیا اِس صورت میں بڑے جانور کی قربانی جائز ہے، یا جس بکرے کو قربانی کی نیت سے پالا تھا، اُسی کی قربانی کرنی پڑے گی؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: مسئولہ صورت میں اگر زید نے مذکورہ بکرے کو پال کر اُس کو بذریعہ نذر اپنے اوپر واجب اور لازم نہیں کیا ہے، تو قربانی کی نیت سے پالنے کی بناء پر اُس کی قربانی متعین طور پر کرنا واجب اور ضروری نہیں ہے، زید اُس کا مالک ہے، اُس کو اِس بات کا اختیار ہے کہ مذکورہ بکرا فروخت کرکے بڑا جانور خرید لے، جس میں گھر کے سات آدمی شریک ہوسکیں۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۴/۳۴۲)

إن كان غنيًا لم تتعين وله أن يقيم غيرها مقامها كما في البدائع من

Marfat.com

الأضحية. (الأشباه والنظائر ٤٠)

ولو ملك إنسانٌ شاة فنوىٰ أن يضحي بها أو اشترىٰ شاة ولم ينو الأضحية وقت الشراء، ثم نوى بعد ذلك أن يضحي بها لا تجب عليه، سواء كان غنيًّا أو فقيرًا، وأما الذي يجب على الغني دون الفقير فما يجب من غير نذرٍ ولا شراء للأضحية؛ بل شكرًا لنعمة الحياة وإحياء لميراث الخليل حين أمره الله بذبح الكبش في هذه الأيام كذا في البدائع. (الفتاوىٰ الهندية / أول كتاب الأضحية ٥/١ ٢٩-٢٩٢) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

٢٤/١١/١٤٢١ھ

Marfat.com

قربانی کے جانوروں کے عیوب

لنگڑے جانور کی قربانی؟

سوال (۱۳۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے بکرے کی ایک ٹانگ ٹوٹ گئی ہے، جو علاج کے ذریعہ جڑوائی گئی مگر وہ ٹھیک نہیں جڑسکی، جس کی وجہ سے چلنے میں لنگڑاپن محسوس ہوتا ہے، جب کہ خریداری کے وقت ٹانگ ٹوٹی ہوئی نہیں تھی، تو کیا ایسی حالت میں اُس کی قربانی ہوسکتی ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایسے بکرے کی قربانی کرنے سے واجب ادا ہوجائے گا، ایسا معمولی لنگڑاپن قربانی میں مانع نہیں ہے۔

قوله: والعرجاء التي لا يمكنها المشي برجلها العرجاء إنما تمشي بثلاث قوائم، حتى لو كانت تضع الرابعة على الأرض وتستعين بها جاز. (شامي ٣٢٣/٦ كراچی، ٤٦٨/٩ زكريا، البحر الرائق ١٧٦/٨ كراچی، الفتاوىٰ التاتارخانية ٤٢٦/١٧ زكريا، الفتاوىٰ الهندية ٢٩٧/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۰/۱۲/۴ھ

لنگڑے بکرے کی قربانی؟

سوال (۱۳۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارا بکرا جس کی عمر ایک سال سے زائد ہے، گھر کا پلا ہوا بکرا ہے، اَب سے ۵/ ماہ قبل کسی

Marfat.com

شخص نے اُس کی ٹانگ توڑ دی تھی، اوراس پر پلاسٹر چڑھوادیا گیا تھا، ٹانگ ٹھیک ہوگئی؛ لیکن ٹانگ میں لنگڑاپن ہوگیا، قربانی ہوسکتی ہے یانہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگرلنگڑاپن اتنا کم ہے کہ وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ خود چل کر جاسکتا ہے تو اُس کی قربانی درست ہے، ہاں اگر اتنا زیادہ لنگ ہو کہ وہ چل ہی نہ سکے تو اُس کی قربانی جائز نہ ہوگی۔

عن البراء بن عازب رضي اللّٰه عنه قال: سمعت رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم وأشار بأصابعه، وأصابعي أقصر من أصابع رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم يشير بإصبعه، يقول: لا يجوز من الضحايا العوراء البيّن عورها، والعرجاء البيّن عرجها، والمريضة البين مرضها، والعجفاء التي لا تنقي. (سنن النسائي، كتاب الضحايا / باب العجفاء ١٧٩/٢ رقم: ٤٣٧٨ دار الفكر بيروت)

لا بالعمياء ..... والعجفاء، والعرجاء التي لا تمشي إلى المنسك (الدر المختار) أي التي لا يمكنها المشي برجلها العرجاء، إنما تمشي بثلاث قوائم، حتى لو كانت تضع الرابعة على الأرض وتستعين بها جاز. (الدر المختار مع الشامي / كتاب الأضحية ٣٢٣/٦ كراچی)

العرجاء التي تمشي بثلاثة قوائم وتُجافي الرابع عن الأرض، لا تجوز الأضحية. وإن كانت تضع الرابع على الأرض وتستعين به إلا أنها تتمايل مع ذلك وتضعه وضعًا خفيفًا يجوز. وإن كانت ترفعه رفعًا أو تحمل المنكسر لا تجوز. (البحر الرائق / كتاب الأضحية ٣٢٣/٩ زكريا، ١٧٦/٨ كراچی، وكذا في خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الأضحية / الباب الخامس في العيوب ٣٢١/٤ زكريا)

العرجاء البين عرجها وهي التي لا تقدر أن تمش برجلها إلى المنسك.

(الفتاوىٰ الهندية ٢٩٧/٥)

Marfat.com

قال مشائخنا: إذا كانت تمشي بثلاث قوائم، وتجافى الرابع عن الأرض لا يجوز، وإذا كانت تضع الرابع على الأرض تستعين بها، إلا أنه تتمايل مع ذلك وتضعه وضعًا خفيفًا يجوز؛ وأما إذا كانت ترفع، أو تحمل المنكسر لا يجوز. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل الخامس في بيان ما يجوز من الضحايا ٤٢٦/١٧ رقم: ٢٧٧١٧ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۴/۱۲/۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

کھر بڑھے ہوئے بکرے کی قربانی؟

سوال (۱۳۳): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ایک بکرا قربانی کے لئے رکھا گیا تھا، اَب اُس کے کھر بہت بڑے بڑے ہو گئے ہیں، جب چلتا ہے تو ٹھہر ٹھہر کر چلتا ہے، تو کیا کھر بڑے ہو جانے کی وجہ سے قربانی نہیں ہو سکتی؟ شرعاً اِس بکرے کے بارے میں کیا حکم ہے، قربانی ہو سکتی ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: محض کھر کا بڑا ہو جانا اور اُس کی وجہ سے ٹھہر ٹھہر کر چلنا قربانی کی صحت کے لئے مانع نہیں ہے، ہاں اگر اتنا معذور ہو جائے کہ چل ہی نہ سکے تو پھر لنگڑے جانور کے حکم میں ہو کر اُس کی قربانی درست نہ ہوگی۔

كل عيب يزيل المنفعة على الكمال أو الجمال على الكمال يمنع الأضحية. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الخامس ٢٩٩/٥)

ولا يجوز العرجاء التي لا تقدر على القيام والمشي إلى المذبح وإن قدرت جاز. (الفتاوىٰ الخانية / فصل في العيوب ما يمنع الأضحية وما لا يمنع ٣٥٣/٣) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۱۲/۶/۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

جس جانور کا تھن سوکھ جائے اُس کی قربانی؟

سوال (۱۳۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے دودھ والا جانور کے ایک تھن سے پورا دودھ نہیں آتا، یا بالکل نہیں دیتا، تو اُس کی قربانی کا کیا حکم ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: اگر دودھیا جانور (بکری ایک تھن سے اور دیگر بڑے جانور دو تھن سے) دودھ دینا بند کردے یا تھن سوکھ جائیں تو یہ عیب ہے، اُس کی وجہ سے قربانی صحیح نہ ہوگی، تھوڑا بہت دودھ اگر آتا ہو تو اُس کی قربانی درست ہے، محض دودھ کی کمی نقص نہیں ہے۔

والشطور لا تجزئ وهي من الشاة ما انقطع اللبن عن إحدى ضرعيها، ومن الإبل والبقر ما انقطع اللبن من ضرعيها. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الخامس من كتاب الأضحية ٢٩٩/٥، شامي ٣٢٥/٦ كراچی، ٤٧٠/٩ زكريا)

والتي لا ينزلها لبن غير علة، والتي لها ولد، يجوز ..... وفي الشاة والمعز إذا لم يكن لهما أحد حلمتيها خلقةً، أو ذهبت بافة وبقيت واحدة لم يجز. وفي الإبل والبقر إن ذهبت واحدة يجوز، وإن ذهبت اثنان لا يجوز. (خلاصة الفتاوىٰ، كتاب الأضحية / الفصل الخامس في العيوب ٣٢١/٤ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۵/۱۱/۱۴۱۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بے سینگ جانور کی قربانی کرنا؟

سوال (۱۳۵):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر کسی جانور کے پیدا ہونے کے بعد اُس کے سینگ کے نشانات کو داغ دیا جائے جس سے اُس کے سینگ نہ اُگ سکیں، تو کیا ایسے جانور کی قربانی درست ہے؟ جب کہ داغنے والوں کا کہنا ہے

Marfat.com

کہ اِس طرح کرنے سے جانور میں خوب صورتی پیدا ہوجاتی ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: جس جانور کے سینگ نہ اُگے ہوں اُس کی قربانی مطلقاً درست ہے، خواہ اُس کے نہ اگنے کی وجہ کچھ بھی ہو۔ (فتاویٰ محمودیہ ۱۷/۲۶۱ ڈابھیل، احسن الفتاویٰ ۷/۵۰۱)

ويضحى بالجماء هي التي لا قرن لها خلقة، وكذا العظماء التي ذهب بعض قرنها بالكسراء وغيره. (شامي ٤٦٧/٩ زكريا)

ويضحي بالجماء التي لا قرن لها خلقةً؛ لأن القرن لا يتعلق به مقصود، وكذا مكسورة القرن بل أولىٰ. (البحر الرائق / كتاب الأضحية ٣٢٣/٨ زكريا)

وتجوز الجماء بتشديد الميم، وهي التي لا قرن لها بالخلقة؛ إذ لا يتعلق به المقصود، وكذا مكسورة القرن. (مجمع الأنهر / كتاب الأضحية ٤٧٩/٦ دار الكتب العلمية بيروت، وكذا في الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الخامس في بيان محل إقامة الواجب ٢٩٧/٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۲۵/۱۱/۲۹ھ

آنکھوں میں گول سفیدی والے جانور کی قربانی؟

سوال (۱۳۶):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہمارے پاس ایک کٹرا ہے جس کی آنکھوں میں گول گول سفیدی ہے، ہمارے یہاں اس جانور کو کنجی والا جانور کہتے ہیں، اُس کو دیکھنے میں بھی کوئی دشواری نہیں ہوتی ہے، صرف اُس کی آنکھ کے دیدہ کے کنارے سفید ہیں، اور اس طرح کے جانور عیب دار بھی نہیں مانے جاتے، یا اُن کی قیمت میں بھی کوئی فرق نہیں ہوتا، تو کیا اُس جانور کی قربانی ہوسکتی ہے؟ شرعی حکم تحریر فرمادیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: سوال میں مذکورہ صفت کے جانور کی قربانی بلاشبہ

Marfat.com

درست ہے۔

قال في الشامي: وتجوز الحولاء ما في عينها حول. (شامي / كتاب الأضحية ٤٧٠/٩ زكريا، كذا في الفتاوى التاتارخانية ٤٢٧/١٧ رقم: ٢٧٧٢٠ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۶/۱۱/۱۴۲۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

چرخ والے جانور کی قربانی کا حکم؟

سوال (۱۳۷):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: چرخ والے جانور کی قربانی درست ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر چرخ کا اثر گوشت تک پہنچ گیا ہے، تو اُس کی قربانی مکروہ ہے، ورنہ درست ہے۔

ويضحي بالجماء والجرباء السمينة فلو مهزولة لم يجز؛ لأن الجرب في اللحم نقص. (شامي / كتاب الأضحية ٤٢٣/٦ كراچی، ٤٦٧/٩ زكريا، كذا في البحر الرائق / كتاب الأضحية ١٧٦/٨ كراچی، ٤٧٩/٦ زكريا، تبيين الحقائق / كتاب الأضحية ٥/٦ المكتبة الإمدادية ملتان، مجمع الأنهر / كتاب الأضحية ١٧١/٤ كوئٹه، بدائع الصنائع / فصل في شروط جواز إقامة الواجب ٣١٦/٦ دار الكتب العلمية بيروت، ٢١٦/٤ زكريا، الفتاوى الهندية / الباب الخامس من كتاب الأضحية ٢٩٧/٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۴/۲/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

قربانی کے جانور میں نذر ونیاز کا حکم

قربانی کے جانور میں نذر کا حصہ کرنا؟

سوال (۱۳۸): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: قربانی کے جانور میں نذر کا حصہ داخل کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی کے جانور میں نذر کا حصہ بھی شامل کیا جاسکتا ہے، مگر اُس حصہ کا گوشت اپنے استعمال میں نہ لائے؛ بلکہ فقراء کو دے دے۔

عن ابن عمر رضي اللّٰه عنهما لا يؤكل من جزاء الصيد والنذر، ويؤكل مما سوى ذٰلك. (صحيح البخاري، كتاب المناسك / باب وإذ بوّأنا لابراهيم مكان البيت ۲۳۲/۱ تحت رقم الباب: ۱۲۳)

عن عطاء: لا يؤكل من جزاء الصيد، ولا مما يجعل للمساكين من النذر وغير ذٰلك، ولا من الفدية، ويؤكل مما سوى ذٰلك. (إعلاء السنن، كتاب الحج / باب يستحب الأكل من لحوم الهدايا الخ ۱۷/۱۰ ٥ رقم: ۳۰۲۳)

ولو أرادوا القربة الأضحية أو غيرها من القرب أجزأهم، سواء كانت القربة واجبة أو تطوعًا. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الثامن فيما يتعلق بالشركة في لضحايا ۳۰٤/٥)

ولو نوى بعض الشركاء الأضحية، وبعضهم هدى المتعة، وبعضهم هدى القرآن، وبعضهم جزاء الصيد، وبعضهم دم العقيقة جاز عن الكل في ظاهر الرواية، عن محمد في النوادر كذٰلك، وعن أبي يوسف رحمه اللّٰه في الأمالي:

Marfat.com

أنه قال: الأفضل أن يكون الكل من جنس واحد، وإن كان مختلفًا، وكل واحد متقرب إلى الله [جاز] وعن أبي حنيفة رحمه الله أنه قال: أكره ذلك فإن فعلوا جاز. (الفتاوىٰ التاتارخانية، كتاب الأضحية / الفصل السابع فيما يتعلق بالشركة في الضحايا ١٧/٤٥٢ رقم: ٢٧٨٠٣ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۳/۱۲/۲۳ھ

نذر کے جانور کی قربانی میں کسی دوسرے کو شریک کرنا

سوال (۱۳۹): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید کا ایک بڑا جانور (مثلاً گائے بھینس وغیرہ) بیمار تھا، زید نے نذر مانی کہ اگر میرا جانور اچھا ہوگیا تو اُس کی قربانی کروں گا، بفضلہٖ تعالیٰ جانور صحت مند ہوگیا، اَب زید پر اس جانور کی قربانی واجب ہوگئی؛ لہٰذا کچھ دیگر لوگ بھی اِس میں شریک ہونا چاہتے ہیں، تو کیا بہیتِ قربانی یہ دیگر حضرات شریک ہوسکتے ہیں یا پورا جانور اپنی طرف سے ذبح کیا جائے؟ شرعاً جو حکم ہو مطلع فرمائیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں زید پر پورے جانور کی قربانی کرنا واجب ہے، اُس میں کسی دوسرے کے شریک ہونے کی گنجائش نہیں ہے۔

قال اللّٰہ تعالیٰ: ﴿وَلْيُوفُوا نُذُورَهُمْ﴾ [الحج، جزء آیت: ٢٩]

عن ابن عباس رضي اللّٰه عنهما أن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال: ..... من نذر نذرًا أطاقه فليفِ به. (سنن أبي داؤد، كتاب الأيمان والنذور / باب من نذر نذرًا لا يطيقه ص: ٦٣٢ رقم: ٣٣٢٢ دار الفكر بيروت، سنن ابن ماجة، كتاب الكفارات / باب من نذر نذرًا ولم يسمّه ص: ٤٩٤ رقم: ٢١٢٨ دار الفكر بيروت)

Marfat.com

لحديث من نذر وسمى فعليه الوفاء بما سمى كصوم. (الدر المختار، كتاب الأيمان والنذور / مطلب في أحكام النذر ۷۳۵/۳ دار الفكر بيروت، ٤١٢/٥ دار إحياء التراث العربي بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۲/۱۱/۱۳ھ

نیاز کے بکرے کی قیمت سے قربانی کرنا؟

سوال (۱۴۰): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: میں نے ایک بکرا گھر کی بکری کا پالا تھا، اور میری نیت یہ تھی کہ اِس بکرے کو بیچ کر اللہ تعالیٰ کے نام کی نیاز کریں گے، اور اُس کا پیسہ اُسی میں لگا دیں گے، بکرا تین ہزار روپئے کا فروخت کر دیا ہے، اِس پیسہ کی قربانی کر کے اِس پیسہ میں سے پکانے کا خرچ کر کے ایسا کر سکتے ہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: صورتِ مسئولہ میں بکرے کی قیمت قربانی اور اُس کے گوشت کے پکانے میں لگا سکتے ہیں، یہ خرچ بھی اللہ کی راہ میں ہوگا۔

وأما الذي يجب على الغني دون الفقير فما يجب من غير نذر ولا شراء للأضحية؛ بل شكرًا لنعمة الحياة، وإحياء الميراث الخليل. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الأول ۲۹۲/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ

۱۴۱۳/۱۲/۷ھ

Marfat.com

عقیقہ کے مسائل

بچہ کے کان میں اَذان واِقامت کی شرعی حیثیت

سوال (۱۴۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بچہ کے کان میں اَذان واِقامت کی شرعی دلیل کیا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: نومولود بچہ کے کان میں اَذان واِقامت کہنا سنت ہے اور حدیث سے ثابت ہے، حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی ولادت کے موقع پر خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے کان میں اذان دی تھی۔

عن أبي رافع رضي اللّٰه عنه قال: رأيت رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أذن في أذن الحسن بن علي حين ولدته فاطمة بالصلاة. (سنن الترمذي ۲۷۸/۱)

قال الملا علي القاري: هٰذا يدل على سنية الأذان في أذن المولود. (مرقاة المفاتيح ۸۱/۸ تحت رقم: ٤١٥٧ دار الكتب العلمية بيروت)

عن الحسين رضي اللّٰه عنه مرفوعًا: من ولد له ولد فأذن في أذنه اليمنى وأقام في أذن اليسرىٰ لم تضره أم الصبيان. (كنز العمال ۱۹۰/۱٦، كذا في المرقاة المفاتيح، كتاب الصيد والذبائح / باب العقيقة ۸۱/۸ تحت رقم: ٤١٥٧ دار الكتب العلمية بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۱/۸/۱۴۳۱ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

نومولود بچے کے کانوں میں اَذان وتکبیر کا ثبوت؟

سوال (۱۴۲):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جب بچہ کی ولادت ہوتی ہے تو بچہ کے ایک کان میں اَذان اور دوسرے کان میں اِقامت کہی جاتی ہے، یہ صحیح ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدنا حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی پیدائش کے بعد آپ کے کان میں اذان دینے کی صراحت ابوداؤد اور ترمذی شریف کی صحیح احادیث میں ہے۔

أذن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم في أذن الحسن بن علي حين ولدته فاطمة رضي اللّٰه عنها بالصلاة. (مشكاة المصابيح ٣٦٣/٢)

اور حضرت حسین رضی اللہ عنہ کی ایک مرفوع روایت اور حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے قول سے بھی دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اِقامت کا ثبوت ہوتا ہے۔

وفي شرح السنة: روي أن عمر بن عبد العزيز رضي اللّٰه عنه كان يؤذن في اليمنىٰ ويقيم في اليسرىٰ إذا ولد الصبي. (مرقاة المفاتيح، كتاب الصيد والذبائح / باب العقيقة ٨١/٨ تحت رقم: ٤١٥٧ دار الكتب العلمية بيروت، حاشية مشكاة المصابيح ٣٦٣/٢) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴/۵/۱۴۱۹ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

نومولود کے کان میں کئی مرتبہ اَذان کہنا؟

سوال (۱۴۳):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا نومولود بچے کے کان میں کئی مرتبہ اَذان کہی جاسکتی ہے یا نہیں؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ایک مرتبہ نومولود بچہ کے دائیں کان میں اَذان اور بائیں کان میں تکبیر کہنا سنت ہے؛ لہٰذا ایک سے زائد اذان کو سنت یا مستحب نہ کہا جائے۔

فمنها عند ولادة المولود فإنهم صرحوا بسنية الأذان في أذن الولد اليمنى والإقامة في اليسرىٰ. (أوجز المسالك ١٨٣/١، الدر المختار مع الشامي ٥٣/٢ زكريا، مجمع الأنهر ١١٦/١ مكتبة فقيه الأمة ديوبند) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲/۷/۱۴۲۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

ختنہ اور عقیقہ کرنا کیسا ہے؟

سوال (۱۴۴):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ختنہ اور عقیقہ کرنا کیسا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: ختنہ اور عقیقہ کرنا سنت ہے۔

عن أسامة رضي اللّٰه عنه أن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: الختان سنة للرجال مكرمة للنساء. (المسند للإمام أحمد بن حنبل ٧٥/٥، المعجم الكبير ١٨٦/١١ رقم: ١١٥٩٠)

عن أبي هريرة رضي اللّٰه عنه قال: سمعت النبي صلى اللّٰه عليه وسلم يقول: الفطرة خمس: الختان، والاستحداد، وقص الشارب، وتقليم الأظفار ونتف الإبط. (صحيح البخاري ٨٧٥/٢ رقم: ٥٦٦٢، سنن الترمذي ١٠٤/٢)

عن سباع بن ثابت أن محمد بن ثابت بن سباع أخبره أن أم كرز أخبرته أنها سألت رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم عن العقيقة، فقال: عن الغلام شاتان، وعن الجارية واحدة. (سنن الترمذي ٢٧٨/١)

Marfat.com

الختان سنة للرجال من جملة الفطرة لا يمكن تركها وهي مكرمة في حق النساء أيضًا كما في الكفاية. (شامي ۹/۵۳۳ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۹/۴/۱۴۲۳ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

عقیقہ کو ضروری سمجھنا اور بے جا خوشی منانا؟

سوال (۱۴۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: عقیقہ کر کے اُس میں خوشی منا کر ضروری سمجھ کر لوگوں کو بلا کر بھوج کھلانا کیسا ہے، اور رات کو عقیقہ کرنا کیسا ہے، مکروہ یا مستحب اور جائز ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عقیقہ کر کے لوگوں کو دعوت کھلانا یا گوشت وغیرہ تقسیم کرنا جائز ہے؛ البتہ اِس کو ضروری سمجھنا درست نہیں؛ کیوں کہ عقیقہ صرف مباح کے درجہ میں ہے۔

وهي ذبح شاة في سابع الولادة وضيافة الناس مباحةً لا سنةً ولا واجب، وذكر محمد في العقيقة فمن شاء فعل ومن شاء لم يفعل، وهٰذا يشير إلى الإباحة فيمنع كونها سنة. (الفتاوىٰ الهندية ۵/۳۶۲، وهكذا في الشامي ۶/۳۳۶ كراچی، ۹/۴۸۵ زكريا)

وإنما أخذ أصحابنا الحنفية في ذٰلك بقول الجمهور، وقالوا باستحباب العقيقة. (إعلاء السنن ۱۷/۱۱۳، حاشية سنن الترمذي ۱/۲۷۷).

نیز عقیقہ رات میں کرنے سے بھی ادا ہو جائے گا اور یہ فعل بھی جائز ہے۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۳/۱۱/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

عقیقہ کس دن کرنا چاہئے؟

سوال (۱۴۶): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بچی کا عقیقہ ہونا ہے یعنی بکرا کٹوانا ہے، کیا تاریخ پیدائش سے اُس کا کوئی تعلق ہے یا کبھی بھی

Marfat.com

بکرا کٹوایا جاسکتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بہتر ہے کہ پیدائش کے ساتویں دن عقیقہ کرایا جائے؛ لیکن اگر اِس کے علاوہ کردیں تو بھی جائز ہے۔

عن سمرة بن جندب رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: الغلام مرتهن بعقيقته، يذبح عنه يوم السابع، ويسمي، ويحلق رأسه. (سنن النسائي، كتاب العقيقة / باب متى يعقّ ١٨٨/١)

عن بريدة رضي اللّٰه عنه أن النبي صلى اللّٰه عليه وسلم قال: العقيقة لسبع، أو أربع عشرة، أو إحدى وعشرين. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ١١٨/١٧ إدارة القرآن كراچی)

المذكور أيضًا أنها إن لم تذبح في السابع ذبحت في الرابع عشر، وإلا ففي الحادي والعشرين، ثم هكذا في الأسابيع. وفيه وجه للشافعية أنه إذا تكررت السبعة ثلاث مراتٍ، فات وقت الاختيار. قال الرافعي: فإن أخّر حتى بلغ سقط حكمها في حق غير المولود. وهو مخير في العقيقة عن نفسه. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ١١٧/١٧ إدارة القرآن كراچی)

يستحب لمن وُلد له ولد أن يسميه يوم أسبوعه ويحلق رأسه ..... ثم يعق عند الحلق إباحةً على ما في الجامع المحبوبي، أو تطوعًا على ما في شرح الطحاوي. (شامي / كتاب الذبائح ٣٣٦/٦ كراچی، ٤٨٥/٩ زكريا)

العقيقة عن الغلام وعن الجارية وهي ذبح شاة في سابع الولادة. (الفتاوىٰ الهندية ٣٦٤/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۷/۲/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

بچہ کا عقیقہ کس دن کرنا چاہئے؟

سوال (۱۴۷):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جب کسی کے یہاں کسی بچے کی پیدائش ہوتی ہے تو عقیقہ کس دن اور کس طرح کرنا چاہئے؟ اگر کسی کے پاس عقیقہ کرنے کی استطاعت نہیں ہے تو وہ کیا کرے، جس سے بچہ تمام آفات وبلاؤں سے محفوظ رہے۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بشرطِ استطاعت عقیقہ کا طریقہ یہ ہے کہ لڑکے کے پیدائش کے ساتویں دن عقیقے کی نیت سے دو بکرے یا دو بکریاں ذبح کی جائیں، اور لڑکی ہونے کی صورت میں ایک بکرا یا بکری ذبح کی جائے، اور بچے یا بچی کا سر منڈا کر اُن کے بالوں کے وزن کے بقدر سونا یا چاندی صدقہ کردی جائے، اور اُسی دن اُن کا کوئی اچھا سا نام تجویز کردیا جائے، اور اگر کسی شخص کے پاس عقیقہ کرنے کی استطاعت نہ ہو تو مؤخر کردے، اور بچے کی بلاؤں سے حفاظت کے لئے دعا کا اہتمام کرے، انشاء اللہ اُمید ہے کہ بچہ برحمتِ خداوندی آفات وبلیات سے محفوظ رہے گا۔

عن سباع بن ثابت أن محمد بن ثابت بن سباع أخبره أن أم كرز أخبرته أنها سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم عن العقيقة، فقال: عن الغلام شاتان، وعن الجارية واحدة. (سنن الترمذي ۱/۲۷۸)

عن سمرة بن جندب رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الغلام مرتهن بعقيقته تذبح عنه يوم السابع ويسمى ويحلق رأسه. (رواه الترمذي)

وقال أبوعيسىٰ: والعمل على هذه عند أهل العلم يستحبون أن يذبح عن الغلام العقيقة يوم السابع؛ فإن لم يتهيأ يوم السابع فيوم الرابع عشر، فإن لم يتهيأ عق عنه يوم إحدىٰ وعشرين. (سنن الترمذي، أبواب الأضاحي / باب ما جاء في العقيقة ۱/۲۷۸، إعلاء السنن / باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ۱۷/۱۱۵ إدارة القرآن كراچی، مشكاة المصابيح ص: ۳۶۲)

Marfat.com

يستحب لمن وُلد له ولد أن يسميه يوم أسبوعه ويحلق رأسه ..... ثم يعق عند الحلق عقيقة إباحةً على ما في الجامع المحبوبي، أو تطوعًا على ما في شرح الطحاوي. (شامي / كتاب الذبائح ٣٣٦/٦ كراچی، ٤٨٥/٩ زكريا)

قال الإمام الأكبر شاه ولي الله المحدث الدهلوي: وأما تخصيص اليوم السابع فلأنه لا بد من فصل بين الولادة والعقيقة، فإن أهله مشغولون بإصلاح الوالدة. (حجة الله البالغة / باب العقيقة ٣٧٤/٢ مكتبة حجاز ديوبند)

العقيقة عن الغلام وعن الجارية: وهي ذبح شاة في سابع الولادة وضيافة الناس وحلق شعره مباحة. (الفتاوىٰ لهندية، كتاب الكراهية / الباب الثاني والعشرون ٣٦٢/٥ زكريا)

العقيقة عن الغلام وعن الجارية، وهي ذبح شاة في سابع الولادة وضيافة الناس وحلق شعره مباحة لا سنة ولا واجبة، كذا في وجيز الكردري. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الثاني والعشرون في تسمية الأولاد ٣٦٢/٥ كوئٹه، حجة الله البالغة / باب العقيقة ٣٧٣/٢ مكتبة حجاز ديوبند، شامي / قبيل كتاب الحظر والإباحة ٣٣٦/٦)

يستحب لمن ولد له ولد أن يسميه يوم أسبوعه ويحلق رأسه، ويتصدق عند الأئمة الثلاثة بزنة شعره فضة أو ذهبًا، ثم يعق عند الحلق عقيقة إباحة على ما في الجامع المحبوبي، أو تطوعًا على ما في شرح الطحاوي. (شامي ٤٨٥/٩ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۴۳۲/۲/۸ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

پیدائش کے ایک سال بعد عقیقہ کرنا؟

سوال (۱۴۸):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بچہ خواہ لڑکا ہو یا لڑکی، اُس کی عمر ایک سال سے زائد ہو چکی ہے، اَب اُس کے والدین یا اور کوئی رشتہ دار اُس کا عقیقہ کرنا چاہتے ہیں، تو کیا وہ قربانی کے جانور میں عقیقہ کے لئے شریک ہو سکتے ہیں؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: بچہ کی عمر ایک سال سے زائد ہوجائے تب بھی عقیقہ کرسکتے ہیں۔ (بہشتی زیور ۳/۴۲-۴۳)

نیز قربانی کے جانور میں عقیقہ کا حصہ رکھنا جائز ہے۔ (احسن الفتاویٰ ۷/۵۳۵، فتاویٰ محمودیہ ۱۷/۵۲۰ ڈابھیل)

عن الحسن البصري: إذا لم يُعقّ عنك، فعقّ عن نفسك وإن كنت رجلاً. (إعلاء لسنن، كتاب الذبائح / باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ۱۷/۱۲۱ إدارة القرآن كراچی)

فنقل الرافعي أنه يدخل وقتها بالولادة ..... ثم قال: والاختيار أن لا تؤخر عن البلوغ، فإن أخرت عن البلوغ سقطت عمن كان يريد أن يعق عنه، لكن إن أراد أن يعق عن نفسه فعل. (فتح الباري، كتاب العقيقة / باب إماتة الأذى عن الصبي في العقيقة ۹/۵۹۴-۵۹۵ دار المعرفة بيروت)

إن الترمذي أجاز بها إلى يوم إحدى وعشرين، قلت: بل يجوز إلى أن يموت. (فيض الباري / كتاب العقيقة ۴/۳۳۷)

قال: أخبرني عبد الملك في موضع آخر: أنه قال لأبي عبد اللّٰه: فيعق عنه كبيرًا، قال: لم أسمع في الكبير شيئًا. قلت: أبوه معسر، ثم فأراد أن لا يدع ابنه حتى يعق عنه. قال: لا أدري، ولم أسمع في الكبير شيئًا، ثم قال لي: ومن فعله فحسن. (تحفة المودود بأحكام المولود ۶۹ بيروت)

وكذا لو أراد بعضهم العقيقة عن ولدٍ قد وُلد له من قبل؛ لأن ذلك جهة التقرب بالشكر على نعمة الولد، ذكره محمد رحمه اللّٰه تعالىٰ. ولم يذكر الوليمة ..... وقد ذكر في "غرر الأفكار" أن العقيقة مباحة على ما في جامع المحبوبي، أو تطوع على ما في شرح الطحطاوي الخ. (شامي / كتاب الأضحية ۶/۳۲۶ كراچی)

ولو نوى بعض الشركاء الأضحية، وبعضهم هدى المتعة ..... وبعضهم

Marfat.com

دم العقيقة لولاد ة ولـدٍ وُلـد لـه في عامه ذلك، جاز عن الكل في ظاهر الرواية.

(فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / فصل فيما يجوز في الضحايا وما لا يجوز ٣/٣٥٠ زكريا، وكذافي بدائع الصنائع كتاب التضحية / فصل في شروط جواز إقامة الواجب ٦/٣٠٦ دار الكتب العلمية بيروت، ٤/٢٠٩ زكريا)

ووقتها بعد تمام الولادة إلى البلوغ ..... ويسن أن يعق عن نفسه من بلغ ولم يعق عنه. (تنقيح الفتاوىٰ الحامدية / كتاب الذبائح ٢/٢٣٣ المكتبة الميمنية مصر، الفتاوىٰ الهندية ٥/٣٠٤ بيروت) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ ۲۶/۵/۱۴۲۰ھ
الجواب صحیح: بشیر احمد عفا اللہ عنہ

سال دوسال بعد بچہ کا عقیقہ کرنا اور بچہ کے بال منڈانا؟

سوال (۱۴۹):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: جس بچہ کا عقیقہ ساتویں دن کسی مجبوری کی وجہ سے نہ ہوسکے تو چھ مہینہ بعد یا سال بھر بعد یا دوسال بعد ہوتا ہے، تو ایسے لڑکے یا لڑکی کا سر کے بال جڑ سے کٹا سکتا ہے یا نہیں؟ اور اگر سر سے بال کٹادے گا تو پیٹ والا بال تو عقیقہ ہونے تک کسی کپڑے میں لپیٹ کر رکھنا پڑے گا اور جس دن عقیقہ ہوگا اُس دن اُس بال کو ترازو پر تول کر اُس کے برابر چاندی فقیر کو دینا پڑے گی، یا اُس وقت جو نیا بال سر پر ہوگا اُس بال کو کاٹ کر کے اُس کی مقدار چاندی خیرات کرنی پڑے گی؟ عقیقہ کرنے کے لئے ماں کے پیٹ کا بال سر میں رکھنا ضروری ہے، چاہے کتنے سال کے بعد عقیقہ ہو یا عقیقہ کے وقت جو بال ہو اُس بال کو کاٹ لینے سے عقیقہ ہوجائے گا؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: پیدائش کے بعد جلد سے جلد عقیقہ کردینا چاہئے، اگر کسی وجہ سے جلدی عقیقہ نہ ہوسکے تو بال کٹانے میں عقیقہ کا انتظار نہ کریں؛ بلکہ پہلے ہی کٹا کر اُس

Marfat.com

کے بقدر چاندی صدقہ کردیں، عقیقہ تک بال کو محفوظ رکھنے کی بالکل ضرورت نہیں ہے، اور اگر بڑی عمر میں عقیقہ کیا جارہا ہے، تو اُس وقت لڑکی کے بال نہ منڈائیں، لڑکے کے بال منڈا سکتے ہیں۔

(مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۷/۵۱۶-۵۱۷ ڈابھیل)

عن علي بن أبي طالب رضي الله عنه قال: عق رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الحسن بشاة، وقال: يا فاطمة! أحلقي رأسه وتصدقي بزنة شعره فضةً، فوزناه فكان وزنه درهمًا أو بعض درهم. (مشكاة المصابيح / باب العقيقة ۲/۳۶۲، سنن الترمذي / باب ما جاء في العقيقة ۱/۲۷۸)

العقيقة عن الغلام وعن الجارية، وهي ذبح شاة في سابع الولادة وضيافة الناس وحلق شعره مباحة لا سنة ولا واجبة، كذا في وجيز الكردري. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الثاني والعشرون في تسمية الأولاد ۵/۳۶۲ كوئٹه، حجة الله البالغة / باب العقيقة ۲/۳۷۳ مكتبة حجاز ديوبند، شامي / قبيل كتاب الحظر والإباحة ۶/۳۳۶) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۹/۲/۱۴۲۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

بڑے جانور میں عقیقہ کا حصہ لینا؟

سوال (۱۵۰): - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ عقیقہ میں کٹرے کے سات حصوں میں ہم اپنے بچوں کا عقیقہ کرنا چاہیں، تو اُس کے لئے کیا مسئلہ ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: اگر آپ کے ساتھ دیگر شرکاء کی نیت بھی عقیقہ یا صدقہ کی ہے، تو ایک یا دو حصے کا عقیقہ درست ہوگا، اور اگر آپ نے کسی دوکاندار سے معاملہ کرلیا کہ ۶/حصے وہ فروخت کرے اور ایک حصہ کا آپ عقیقہ کریں، تو یہ طریقہ صحیح نہ ہوگا۔

لايشارك المضحي فيما يحتمل الشركة من لا يريد القربة رأسًا؛ فإن

Marfat.com

شارک لم یجز عن الأضحیة، وکذا هٰذا في سائر القرب إذا شارک المتقرب من لا یرید القربة لم تجز عن القربة. (الفتاویٰ الهندیة / الباب الثامن فیما یتعلق بالشرکة في الضحایا ٥/٣٠٤)

وکذا لو أراد بعضهم العقیقة عن ولدٍ قد وُلد له من قبل؛ لأن ذلک جهة التقرب بالشکر علی نعمة الولد، ذکره محمد رحمه الله تعالیٰ. ولم یذکر الولیمة ..... وقد ذکر في "غرر الأفکار" أن العقیقة مباحة علی ما في جامع المحبوبي، أو تطوع علی ما في شرح الطحطاوي الخ. (شامي / کتاب الأضحیة ٦/٣٢٦ کراچی)

ولو نوی بعض الشرکاء الأضحیة، وبعضهم هدی المتعة ..... وبعضهم دم العقیقة لولادة ولدٍ وُلد له في عامه ذٰلک، جاز عن الکل في ظاهر الروایة.

(فتاویٰ قاضي خان علی هامش الفتاویٰ الهندیة، کتاب الأضحیة / فصل فیما یجوز في الضحایا وما لا یجوز ٣/٣٥٠ زکریا، وکذا في بدائع الصنائع، کتاب التضحیة / فصل في شروط جواز إقامة الواجب ٦/٣٠٦ دار الکتب العلمیة بیروت، ٤/٢٠٩ زکریا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

٣/١١/١٤١٣ھ

ایسے جانور میں عقیقہ کا حصہ لینا جس میں تمام شرکاء کی نیت قربت کی ہو؟

سوال (١٥١):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ہم دو بھائی ہیں، ایک کے دو لڑکے ہیں اور دوسرے بھائی کے دو لڑکی اور ایک لڑکا ہے، اور ایک بھینس ہے، ہم دونوں بھائی شرکت میں بچوں کا عقیقہ کرنا چاہتے ہیں؛ لہٰذا شرعی حکم کیا ہے؟ عقیقہ میں سات حصے ہوتے ہیں یا نہیں؟ اگر ہوتا ہے تو لڑکے کے لئے نر اور لڑکی کے لئے مادہ کا ہونا ضروری ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: بڑے جانور کے ساتویں حصہ سے بھی عقیقہ ہوسکتا ہے،

Marfat.com

اِس میں نر یا مادہ کی لڑکے یا لڑکی کے لئے کوئی قید نہیں ہے، بس یہ ہے کہ سارے حصوں والوں کی نیت قربت ہی کی ہونی چاہئے، محض گوشت کا حصول مقصود نہ ہو۔

تنبيه: قد علم أن الشرط قصد القربة من الكل. (شامي ٣٢٦/٦ كراچی، ٤٧٢/٩ زكريا)

لا يشارك المضحي فيما يحتمل الشركة من لا يريد القربة رأسًا؛ فإن شارك لم يجز عن الأضحية، وكذا هذا في سائر القرب إذا شارك المتقرب من لا يريد القربة لم تجز عن القربة. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الثامن فيما يتعلق بالشركة في الضحايا ٣٠٤/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۳/۱۱/۴ھ

قربانی کے علاوہ بڑے جانور میں عقیقہ کے سات حصے کرنا؟

سوال (۱۵۲): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: عقیقہ کے واسطے دو بکرے لڑکے کے لئے اور ایک بکری لڑکی کے لئے ہے، اور قربانی کے جانور میں بھی عقیقہ کا حصہ لیا جاسکتا ہے۔ تو دریافت یہ کرنا ہے کہ کیا بڑے جانور میں بغیر قربانی کے سات حصے عقیقہ کے ہوسکتے ہیں یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عقیقہ بجائے خود قربانی کی ہی ایک شکل ہے، اُس کے لئے ایامِ اضحیہ کی کوئی قید نہیں ہے۔ بریں بنا اگر بڑے جانور کے سبھی شرکاء کی نیت عقیقہ ہی کی ہے، تو اُس جانور میں عقیقہ کے سات حصے درست ہو جائیں گے، بہتر ہے کہ لڑکے کی طرف سے ۲/ حصے اور لڑکی کی طرف سے ایک حصہ لیا جائے۔ (مستفاد: الفتاوىٰ الهندية / الباب الثامن فيما يتعلق بالشركة في الضحايا ٣٠٤/٥)

Marfat.com

عن قتادة أن أنس بن مالك رضي الله عنه كان يعق عن بنيه بالجزور.

(تحفة المودود في أحكام المولود ٦٥، إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ١١٦/١٧ إدارة القرآن كراچی، تعليقات فتاوىٰ محموديه ٥٢٣/١٧ ڈابھيل)

ولو ذبح بدنةً أو بقرةً من سبعة أولادٍ، أو اشترك فيها جماعة جاز، سواء أرادوا كلهم العقيقة أو أراد بعضهم العقيقة وبعضهم اللحم. قلت: مذهبنا في الأضحية بطلانها بإرادة بعضهم اللحم، فليكن كذلك في العقيقة. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ١١٩/١٧ إدارة القرآن كراچی)

وكذا لو أراد بعضهم العقيقة عن ولدٍ قد وُلد له من قبل؛ لأن ذلك جهة التقرب بالشكر على نعمة الولد، ذكره محمد رحمه الله تعالىٰ. ولم يذكر الوليمة ..... وقد ذكر في "غرر الأفكار" أن العقيقة مباحة على ما في جامع المحبوبي، أو تطوع على ما في شرح الطحطاوي الخ. (شامي / كتاب الأضحية ٣٢٦/٦ كراچی)

ولو نوى بعض الشركاء الأضحية، وبعضهم هدى المتعة ..... وبعضهم دم العقيقة لولادة ولدٍ وُلد له في عامه ذلك، جاز عن الكل في ظاهر الرواية.

(فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / فصل فيما يجوز في الضحايا وما لا يجوز ٣٥٠/٣ زكريا، وكذا في بدائع الصنائع، كتاب التضحية / فصل في شروط جواز إقامة الواجب ٣٠٦/٦ دار الكتب العلمية بيروت، ٢٠٩/٤ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۱/۲/۱۴۱۴ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

عقیقہ کے لئے بڑے جانور میں حصے لینا؟

سوال (۱۵۳):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: میں اپنے ساتوں بچوں کا ایک ساتھ عقیقہ کرنا چاہتا ہوں جب کہ میری پانچ لڑکیاں اور دو

Marfat.com

لڑکے ہیں، تو اگر میں دو بکرے اور ایک بھینس عقیقہ میں ذبح کروں تو کیا ہر نفر کی جانب سے عقیقہ درست ہو جائے گا یا نہیں؟ میرے پڑوسی ایک مولانا صاحب ہیں، اُنہوں نے مجھ سے بتلایا ہے کہ قربانی کے جانور میں تو یہ صحیح ہے؛ لیکن اگر قربانی کے علاوہ عقیقہ کیا جائے گا، تو ہر نفر کی جانب سے علاحدہ علیحدہ جانور ذبح کرنا ہوگا، یعنی ایک گائے ایک ہی نفر کی طرف سے ہو سکتی ہے، اُس کے اندر سات حصے نہیں ہو سکتے، جواب باوضاحت تحریر فرما کر عنداللہ وعندالناس ماجور ہوں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس طرح بڑے جانور میں قربانی کے سات حصے ہوتے ہیں، اِسی طرح عقیقہ میں بھی سات حصے ہوں گے، ہر نفر کی جانب سے علاحدہ علاحدہ جانور ذبح کرنا ضروری نہیں؛ لہٰذا صورتِ مسئولہ میں دو بکرے دو لڑکیوں کی جانب سے، اور ایک بھینس کے تین حصے لڑکیوں کی طرف سے اور بقیہ چار حصے دو لڑکوں کی طرف سے عقیقہ میں ذبح کرنا شرعاً درست ہے۔ (کفایت المفتی ۲۴۰/۸ کراچی، فتاویٰ محمودیہ ۵۲۲/۱۷ ڈابھیل، فتاویٰ رحیمیہ ۶۳/۱۰ دار الاشاعت کراچی، امداد الفتاویٰ ۶۲۰/۱۳)

عن قتادة أن أنس بن مالك رضي الله عنه كان يعق عن بنيه بالجزور.

(تحفة المودود في أحكام المولود ٦٥، إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ١١٦/١٧ إدارة القرآن كراچی، تعليقات فتاوىٰ محمودية ٥٢٣/١٧ ڈابھيل)

ولو ذبح بدنةً أو بقرةً من سبعة أولادٍ، أو اشترك فيها جماعة جاز، سواء أرادوا كلهم العقيقة أو أراد بعضهم العقيقة وبعضهم اللحم. قلت: مذهبنا في الأضحية بطلانها بإرادة بعضهم اللحم، فليكن كذلك في العقيقة. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ١١٩/١٧ إدارة القرآن كراچی)

والجمهور على إجزاء الإبل والبقر أيضًا، وفيه حديث عند الطبراني وأبي الشيخ عن أنس رضي اللّٰه عنه رفعه: يعق عنه من الإبل والبقر والغنم، ونص

Marfat.com

أحمد على اشتراط كاملة، وذكر الرافعي بحثًا أنها تتأدى بالسبع كما في الأضحية. (فتح الباري ٩/٥٩٣ رياض)

تنبيه:- قد علم أن الشرط قصد القربة من الكل ..... وكذا لو أراد بعضهم العقيقة عن ولد قد ولد له من قبل؛ لأن ذلك جهة التقرب بالشكر على نعمة الولد. (شامي ٩/٤٧٢ زكريا) فقط والله تعالىٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱/۷/۱۴۲۵ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

گوشت بیچنے کیلئے ذبح کئے ہوئے جانور میں عقیقہ کا حصہ لینا؟

سوال (۱۵۴):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید اپنے لڑکے کا عقیقہ کرنا چاہتا ہے، لڑکے کے عقیقہ میں دو بکرے یا دو حصے بڑے جانور میں لے لئے، تو کیا عقیقہ ہو جائے گا؟ اگر قصائی جس جانور کو بیچنے کے لئے ذبح کر رہا ہے اُس کے سات حصوں میں سے دو حصے لے لئے جائیں، تو عقیقہ ادا ہوگا یا نہیں؟ فقہ اِسلامی کی روشنی میں مسئلہ کا جواب مرحمت فرمائیں، کرم ہوگا۔ فقط والسلام بینوا توجروا

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی کے علاوہ دنوں میں بڑے جانوروں میں عقیقہ کے صحیح ہونے کے لئے شرط یہ ہے کہ پورے جانور کا عقیقہ کیا جائے، خواہ ایک لڑکے کے طرف سے ہو یا دو اور تین کی طرف سے، اور اُن میں سے ایک حصہ بھی فروخت نہ کیا جائے؛ لہٰذا قصائی جس جانور کو بیچنے کے لئے ذبح کر رہا ہے اُس میں دو حصے کا شریک ہو جانے سے عقیقہ صحیح نہیں ہوگا۔ دو بکرے یا بڑے کا انتظام نہ ہو تو لڑکے کے عقیقہ میں بھی ایک بکرا کافی ہے۔ (امداد المفتیین ۸۰۲ زکریا، فتاویٰ رحیمیہ ۲/۹۴، ایضاح المسائل ۱۳۵، کفایت المفتی ۸/۲۴۲)

ولو ذبح بدنةً أو بقرةً من سبعة أولادٍ، أو اشترک فيها جماعة جاز، سواء

Marfat.com

أرادوا كلهم العقيقة أو أراد بعضهم العقيقة وبعضهم اللحم. قلت: مذهبنا في الأضحية بطلانها بإرادة بعضهم اللحم، فليكن كذلك في العقيقة. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ١١٩/١٧ إدارة القرآن كراچی)

لو أرادوا القربة الأضحية أو غيرها من القرب أجزأهم، سواء كانت القربة واجبةً أو تطوعًا - إلىٰ قوله - وكذلك إن أراد بعضهم العقيقة من ولد ولد له من قبل، كذا ذكره محمد رحمه الله تعالىٰ في نوادر الضحايا. (الفتاوىٰ الهندية ٣٠٤/٥ زكريا)

وإن كانت شريك الستة نصرانيًا أو مريد اللحم لم يجز عن واحد. (الدر المختار مع الشامي ٤٧٢/٩ زكريا)

عن علي بن أبي طالب رضي الله عنه قال: عق رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الحسن بشاة الخ. (مشكاة المصابيح ٣٦٢، سنن الترمذي ١٨٣/١)

واز ين حديث معلوم شد كه عقيقه بيك گوسفند هم مى باشد - الىٰ قوله - وصاحب سفر السعادة گفته است كه حديث شاة واحده صحيح است - (اشعة اللمعات ٤٨٣/٢ مطبع لكهنؤ) فقط والله تعالىٰ اعلم

كتبه: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرله ٢١/١٠/١٤٢٨ھ

الجواب صحيح: شبير احمد عفا الله عنه

کیا شخص واحد گائے میں قربانی اور عقیقہ دونوں کا حصہ لے سکتا ہے؟

سوال (١٥٥): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: شخص واحد کی طرف سے ایک گائے میں قربانی اور عقیقہ کا حصہ رکھا جاسکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: قربانی اور عقیقہ دونوں میں قربت اور عبادت کی جہت پائی جاتی ہے؛ لہٰذا کسی بڑے جانور میں ایک ہی شخص کی طرف قربانی اور عقیقہ دونوں کا حصہ لینا درست ہے۔

Marfat.com

لـو أرادوا الـقـربة الأضـحية أو غيـرهـا مـن القرب أجزأهم، سواء كانت القربة واجبة، أو تطوعًا أو وجب على البعض، دون البعض وسواء اتفقت جهات الـقـربة، أو اختـلـفـت بأن أراد بعضهم الأضحية .....، وكذلك إن أراد بعضهم الـعـقيقة عن وَلد وُلد لَه من قبل. (الـفتاوىٰ الهـنـدية ٥/٣٠٤، بـدائع الصنائع ٤/٢٠٩، شامي ٩/٤٧٢ زكريا، ٦/٣٢٦ كراچی، طحطاوی علی الدر ٤/١٦٦) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ١/١٢/١٤٣٣ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

عقیقہ میں کتنے بکرے بکری ذبح کرنے چاہئیں؟

سوال (١٥٦):-کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: میری بیٹی کے ایک بچہ ہے، شادی کو نو سال ہو چکے ہیں، جس میں اُس نے منت مانی تھی کہ میرے یہاں کوئی بچہ ہوگا تو میں عقیقہ کروں گی، اَب آپ مجھے یہ بتایئے کہ عقیقہ میں کتنے بکرے یا بکری سے عقیقہ کروں؟ یا گنجائش کے بقدر؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: عقیقہ میں اگر لڑکا ہو تو دو بکرے یا بکری، اور اگر لڑکی ہو تو ایک بکرا یا بکری ذبح کرنا چاہئے۔

عن عائشة رضي اللّٰه عنها قالت: إن رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أمرهم عن الغلام شاتان مكافئتان، وعن الجارية شاة. (سنن الترمذي ١/٢٧٨)

عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده رضي اللّٰه عنه قال: سُئل رسولُ اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم عن العقيقة. فقال: لا يُحبُّ اللّٰهُ العُقوقَ، كأنه كره الاسمَ. وقال: من ولد له ولدٌ فأحبَّ أن ينسُك عنه فلينسُك عن الغلام شاتين، وعن الجارية شاةٍ. رواه أبو داؤد والنسائي. (مرقاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح، كتاب

Marfat.com

الصید والذبائح./ باب العقیقة ٨/ ٨٠-٨١ دار الکتب العلمیة بیروت، ٨/ ١٥٩ المکتبة الأشرفیة دیوبند)

شاتان عن الغلام وشاة عن الجارية. (شامي / آخر کتاب الأضحية ٩/ ٤٨٥ زکریا)

فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ٢/ ٨/ ١٤٣٢ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

عقیقہ کے لئے بکرا ہونا ضروری نہیں؟

سوال (١٥٧): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر کسی بچہ کا عقیقہ کیا جائے تو اُس میں بکرا ہونا ضروری ہے یا بھینس اور کٹرہ کے ذریعہ بھی ہوسکتا ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عقیقہ کے لئے بکرا ہی ہونا ضروری نہیں ہے؛ بلکہ بڑے جانور میں بھی اُس کے نام کا حصہ لیا جاسکتا ہے۔ (ایضاح المسائل ١٣٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ٣/ ١٢/ ١٤١٥ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

قربانی کی طرح عقیقہ کے گوشت میں بھی تین حصے کرنا؟

سوال (١٥٨): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: کیا قربانی کی طرح عقیقہ کے گوشت میں بھی تین حصہ لگایا جاتا ہے؟ عقیقہ کے گوشت کا اصل مستحق کون ہے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جس شخص پر عید الاضحیٰ کی قربانی واجب ہو، وہ اپنے حصہ قربانی میں عقیقہ کی نیت نہیں کرسکتا؛ البتہ یہ ممکن ہے کہ بڑے جانور میں قربانی کے ساتھ عقیقہ کا

Marfat.com

حصہ بھی الگ سے شامل کرلے تو اِس میں کوئی حرج نہیں۔ اور اَفضل یہی ہے کہ عقیقہ کے گوشت کو تین حصوں میں بانٹا جائے، ایک حصہ غرباء میں تقسیم کرے، ایک حصہ رشتہ داروں کو دے، اور ایک حصہ گھر والے استعمال کریں۔

وندب أن لا ينقص التصدق عن الثلث (الدر المختار) ضيافة لأقربائه وأصدقائه ويدخر الثلث، ويستحب أن يأكل منها. (الدر المختار مع الشامي / كتاب الأضحية ٤٧٤/٩ زكريا)

وكذا لو أراد بعضهم العقيقة عن ولدٍ قد وُلد له من قبل؛ لأن ذلك جهة التقرب، بالشكر على نعمة الولد، ذكره محمد رحمه الله تعالىٰ، ولم يذكر الوليمة ..... وقد ذكر في "غرر الأفكار" أن العقيقة مباحة على ما في جامع المحبوبي، أو تطوع على ما في شرح الطحاوي الخ. (رد المحتار / كتاب الأضحية ٣٢٦/٦ كراچی)

ولو نوى بعض الشركاء الأضحية، وبعضهم هدى المتعة ..... وبعضهم دم العقيقة لولادة ولدٍ وُلد له في عامه ذلك، جاز عن الكل في ظاهر الرواية.

(فتاوىٰ قاضي خان على هامش الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / فصل فيما يجوز في الضحايا وما لا يجوز ٣٥٠/٣ زكريا، وكذا في بدائع الصنائع، كتاب التضحية / فصل في شروط جواز إقامة الواجب ٣٠٦/٦ دار الكتب العلمية بيروت، ٢٠٩/٤ زكريا)

وكذلك إن أراد بعضهم العقيقة عن ولد ولد له من قبل. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / الباب الثامن فيما يتعلق بالشركة في الضحايا ٣٠٤/٥ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۸/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

شادی کی دعوت میں عقیقہ کرنا؟

سوال (۱۵۹) - کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے

Marfat.com

میں کہ: ہمارے یہاں کچھ لوگ لڑکی کی شادی میں عقیقہ کرتے ہیں، پھر وہ گوشت باراتیوں اور دیگر مہمانوں کو کھلاتے ہیں، اور نیوتہ وصول کرتے ہیں۔

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عقیقہ کا اصل وقت بچپن میں ہے؛ تاہم اگر کوئی شخص شادی کی دعوت میں عقیقہ کی نیت کرلے تو یہ بھی جائز ہے، اور عقیقہ کا گوشت امیر غریب سب کھا سکتے ہیں۔

قال العلامة أنور شاه الكشميري رئيس هيئة التدريس بدار العلوم ديوبند سابقًا وشيخ الحديث فيها: إن الترمذي أجاز بها إلى يوم إحدىٰ وعشرين، قلت: بل يجوز إلى أن يموت. (فيض الباري شرح صحيح البخاري / كتاب العقيقة ٣٣٧/٤ ريان بك ڈپو دلهي)

ويستحب لمن له ولد أن يسميه يوم أسبوعه ويحلق رأسه ويتصدق عند الحلق فضة. (شامي ٤٨٥/٩ زكريا)

فنقل الرافعي أنه يدخل وقتها بالولادة ..... ثم قال: والاختيار أن لا تؤخر عن البلوغ، فإن أخرت عن البلوغ سقطت عمن كان يريد أن يعق عنه، لكن إن أراد أن يعق عن نفسه فعل. (فتح الباري، كتاب العقيقة / باب إماتة الأذى عن الصبي في العقيقة ٥٩٤/٩-٥٩٥ دار المعرفة بيروت)

قال: أخبرني عبد الملك في موضع آخر: أنه قال لأبي عبد اللّٰه: فيعق عنه كبيرًا، قال: لم أسمع في الكبير شيئًا. قلت: أبوه معسر، ثم فأراد أن لا يدع ابنه حتى يعق عنه. قال: لا أدري، ولم أسمع في الكبير شيئًا، ثم قال لي: ومن فعله فحسن. (تحفة المودود بأحكام المولود ص: ٦٩ بيروت)

ووقتها بعد تمام الولادة إلى البلوغ ..... ويسن أن يعق عن نفسه من بلغ ولم يعق عنه. (تنقيح الفتاوىٰ الحامدية / كتاب الذبائح ٢٣٣/٢ المكتبة الميمنية مصر، بحواله:

Marfat.com

تعلیقاتِ فتاویٰ محمودیہ ۱۷/ ۵۱۰ ڈابھیل) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

املاہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۴/۸/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

عقیقہ کے وقت بال کٹانا مستحب ہے

سوال (۱۶۰):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: بعض لوگ اپنی اولاد کا عقیقہ ساتویں دن نہیں کراتے، چاہے لڑکا ہو یا لڑکی، اور سال بھر یا چھ مہینہ یا ایک مہینہ، تو ایسا شخص جو عقیقہ کرنے کا اِرادہ رکھتا ہو اور بال نہ کٹاتا ہو تو بال نہ کٹانے کی وجہ سے گنہگار ہوگا یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عقیقہ کے وقت بال کٹانا کوئی لازم نہیں، صرف مستحب ہے؛ لہٰذا اگر ابھی عقیقہ نہ کرنا ہو تو پہلے بھی بال کٹانے میں کوئی حرج نہیں ہے، اور مسئولہ صورت میں بال نہ کٹانے والے پر کوئی گناہ نہیں ہے۔

ويستحب حلق رأس المولود يوم سابعه. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ۱۷/ ۱۱۹)

يستحب لمن ولد له ولد أن يسميه يوم أسبوعه ويحلق رأسه ..... ثم يعق عند الحلق عقيقة إباحة على ما في الجامع المحبوبي أو تطوعًا على ما في شرح الطحاوي. (رد المحتار / كتاب الأضحية ۶/ ۳۳۶ دار الفكر بيروت)

حلق شعره مباحة لا سنة ولا واجبة. (الفتاوىٰ الهندية ۵/ ۳۶۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۸/ ۱۰/ ۱۴۲۱ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

عقیقہ میں بچی کا سر منڈانا؟

سوال (۱۶۱):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں

Marfat.com

کہ: عقیقہ میں چھوٹی لڑکیوں کے بال منڈانا یا کتروانا درست ہے یا نہیں؟ نیز منڈانے یا کتروانے کے لئے کتنی عمر ہونی چاہئے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عقیقہ میں سر منڈانے کے حکم سے بچیوں کے لئے سر منڈوانے کی حلت معلوم ہوتی ہے؛ لیکن جب وہ ۸-۹ رسال کی ہوجائے تو بلا عذر ایسا نہ کیا جائے۔

(فتاویٰ محمودیہ ۷/۵۱۱ ڈابھیل)

عن سمرة بن جندب رضي اللّٰه عنه قال: قال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: كل غلام رهينٌ بعقيقته، يذبح عنه يوم سابعه، وتحلق رأسه يسمى، ويحلق رأسه. (سنن النسائي، كتاب العقيقة / باب متى يعقّ ۱۶۷/۲)

ويستحب حلق رأس المولود يوم سابعه. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح / باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ۱۱۹/۱۷ إدارة القرآن كراچی)

العقيقة عن الغلام وعن الجارية، وهي ذبح شاة في سابع الولادة وضيافة الناس وحلق شعره مباحة لا سنة ولا واجبة، كذا في وجيز الكردري. (الفتاوىٰ الهندية / الباب الثاني والعشرون في تسمية الأولاد ۳۶۲/۵ كوئٹه، حجة اللّٰه البالغة / باب العقيقة ۳۷۳/۲ مكتبة حجاز ديوبند، شامي / قبيل كتاب الحظر والإباحة ۳۳۶/۶) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۳/۱۱/۱۴۱۳ھ

دادا کے عقیقہ کرنے کے بعد باپ کا دوبارہ عقیقہ کرنا

سوال (۱۶۲):- کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: دادا نے باپ سے پوچھے بغیر پوتے کا عقیقہ کردیا، اَب باپ بھی عقیقہ کرنا چاہتا ہے، تو کیا اُس بچہ کا دوبارہ عقیقہ ہوسکتا ہے؟ اگر باپ دوبارہ عقیقہ کردے تو صحیح کونسا ہوگا؟

Marfat.com

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: باپ کی موجودگی میں بچہ کے عقیقہ کا حق باپ کو ہے دادا کو نہیں؛ لہٰذا اگر باپ دوبارہ عقیقہ کرنا چاہے تو کرسکتا ہے، اور یہی صحیح ہوگا۔

من أحب أن ينسك عن ولده فليفعل. (إعلاء السنن ۱۱٤/۱۷: بهشتی زیور ٤۲/۳)

يستحب لمن ولد له ولد أن يسميه يوم أسبوعه، ويحلق رأسه ويتصدق عند الأئمة الثلاثة بزنة شعره فضة أو ذهبًا. (شامي ٤٨٥/٩ زكريا) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۱۲/۴/۱۴۲۷ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

نانا کا نواسی کا عقیقہ کرنا؟

سوال (۱۶۳): -کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: زید نے ازراہِ شفقت ومحبت اپنی نواسی کے عقیقہ کی نیت سے ایک بکری خریدی، بچی کے بال اتروادئے اور ساتھ ہی بکری ذبح کرکے گوشت تقسیم کردیا۔ عمر کا کہنا ہے کہ یہ عقیقہ درست نہیں ہوا؛ کیوں کہ بکری کی قیمت زید نے اپنی جیب سے ادا کی تھی، اگر عمر کا قول درست ہے تو تحریر فرمائیں، اَب دوبارہ عقیقہ کی کیا شکل اختیار کی جائے؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: جب کہ نانا نے اپنی خوشی سے نواسی کا عقیقہ کیا اور نواسی کے باپ کو کوئی اعتراض بھی نہیں ہوا ہے، تو یہ عقیقہ بہرحال درست ہوگیا، باپ کی جیب سے پیسہ خرچ ہونا ضروری نہیں ہے۔

ومنها أنه تجري فيها النيابة فيجوز للإنسان أن يضحي بنفسه أو بغيره بإذنه؛ لأنها قربة تتعلق بالمال فتجري فيه النيابة. (الفتاوىٰ الهندية، كتاب الأضحية / قبيل الباب الثاني ۲۹٤/٥) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۲۸/۴/۱۴۱۶ھ

الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

ممبئی میں پیدا ہونے والے بچے کا مرادآباد میں عقیقہ کرنا؟

سوال (۱۶۴):-کیا فرماتے ہیں علماءِ دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: اگر بچہ کی پیدائش ممبئی میں ہو اور ابھی اُس کی ماں ہسپتال میں ہو، تو کیا ساتویں دن اُس کا عقیقہ مرادآباد میں کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللہ التوفیق: افضل تو یہ ہے کہ جہاں بچہ پیدا ہو وہیں عقیقہ کیا جائے؛ تاکہ عقیقہ اور بال اُتارنا یکجا ہو جائے، تاہم دوسرے شہر میں بھی عقیقہ کرسکتا ہے۔ (مستفاد: فتاویٰ محمودیہ ۱۱/۳۴۷، آپ کے مسائل اور اُن کا حل ۴/۲۳۶)

عن سمرة بن جندب رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: كل غلام رهينة بعقيقته، تذبح عنه يوم سابعه ويحلق ويسمى. وقال أبو داؤد: "يسمّي" أصح. (سنن أبي داؤد، كتاب الضحايا / باب العقيقة ۲۸۳۸)

عن سمرة بن جندب رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الغلام مرتهن بعقيقته يذبح عند يوم السابع ويسمى ويحلق رأسه. (رواه الترمذي ۱/۲۷۸)

وقال أبوعيسىٰ: والعمل على هذا عند أهل العلم يستحبون أن يذبح عن الغلام العقيقة يوم السابع؛ فإن لم يتهيَّأ يوم السابع فيوم الرابع عشر، فإن لم يتهيَّأ عق عنه يوم إحدىٰ وعشرين. (سنن الترمذي، أبواب الأضاحي / باب ما جاء في العقيقة ۱/۲۷۸، إعلاء السنن / باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة ۱۷/۱۱۵ إدارة القرآن كراچی، مشكاة المصابيح ص: ۳۶۲) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصور پوری غفرلہ ۹/۷/۱۴۲۱ھ
الجواب صحیح: شبیر احمد عفا اللہ عنہ

Marfat.com

عقیقہ کے لئے قرض لینا؟

سوال (۱۶۵): -کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیانِ شرع متین مسئلہ ذیل کے بارے میں کہ: ظفر کھاتا پیتا اَوسط درجہ کا ایک انسان ہے، وہ اپنے بچوں کا عقیقہ کرانا چاہتا ہے، جانور خریدنے میں کچھ روپئے کی کمی پڑ رہی ہے؛ لہٰذا اُس کمی کو اُدھار لے کر پورا کیا جاسکتا ہے یا نہیں؟

باسمہٖ سبحانہ تعالیٰ

الجواب وباللّٰہ التوفیق: عقیقہ کے لئے اُدھار لینا ممنوع نہیں ہے۔

عن عائشة رضي اللّٰه عنها قالت: قلت يا رسول اللّٰه! استدين وأضحي، قال نعم! فإنه دين مقضى. (سنن الدارقطني، كتاب الأشربة / باب الصيد والذبائح والأطعمة ١٨٨/٤ رقم: ٤٧١٠) فقط واللہ تعالیٰ اعلم

کتبہ: احقر محمد سلمان منصورپوری غفرلہ

۱۴۱۳/۱۱/۵ھ

Marfat.com